PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

DEBATES

From 1st December to 9th December, 1965.

Vol. II

OFFICIAL REPORT

Provincial Assembly of West Pakistan
28-11-66
LIBRARY

Lahore
Printed by the Superintendent, Government Printing, West Pakistan
1966

PRINCIPAL OFFICERS OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY

of

WEST PAKISTAN

SPEAKER

Ch. Muhammad Anwar, B.A., L.L.B. .. (Gujranwala I).

DEPUTY SPEAKERS

Mr. Umar Jan Khan, B.A., L L.B. .. (Bannu I).

Mr. Ahmed Mian Soomro, B.A., L.L.B. .. (Jacobabad II).

SECRETARY

Chaudhri Muhammad Iqbal, B.A. (Alig). .. (Ex-Pakistan

Mr. Bashir Ahmad Mirza P.C.S. .. (Deputy Secretary, Law) (Acting)

DEPUTY SECRETARY

Syed Amir Ali Shah, B.A. .. (On leave).

Mr. Wali Muhammad Baloch, LL.B. .. (Officiating).

ASSISTANT SECRETARIES

Syed Muhammad Athar, B..A, L.L.B. .. (Parliamentary).

Sheikh Muhammad Masud, B.A. .. (Proceedings).

MINISTERS

Khan Habib Ullah Khan .. (Revenue, Land Utilization, Colonies, Land Reforms, and Rehabilitation).

Sheikh Masood Sadiq .. (Finance, Excise and Taxation).

Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon, B.A., LL.B. (Law, Parliamentary Affairs and Information).

Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo, B.A., L.L.B. (Basic Democracies, Local Government and Social Welfare).

Mr. Muhammad Khan Junejo .. (Communications and Works).

Alhaj Jam Mir Ghulam Qadir Khan .. (Auqaf and Jails).

Malik Muhammad Hayat Khan Tuman .. (Railways).

Mr. Muhammad Ali Khan	..	(Health).
Mr. Mahmood A. Haroon	..	(Labour and Co-operation).
Malik Khuda Bakhsh	..	(Irrigation, Power and Education).
Makhdum Hamid-ud-Din	..	(Food and Agriculture).

ADVOCATE-GENERAL

Syed Nasir-ud-Din, M.A., LL.B.	..	

PARLIAMENTARY SECRETARIES

Mian Miraj Din	..	(Services and General Administration and Home) Lahore I.
Chaudhri Imtiaz Ahmad Gill	..	(Irrigation and Power) Lyallpur II.
Sardar Muhammad Ashraf Khan	..	(Health) Jhelum II.
Mian Ghulam Muhammad Ahmed Khan Maneka.		(Food and Agriculture) Montgomery V.
Khan Mukarram Khan	..	(Industries, Commerce and Mineral Resources and Planning and Development) Peshawar III.
Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon	..	(Communications and Works) Hazara II.
Haji Gul Hassan Mangi	..	(Revenue, Land Utilization, Colonies, Land Reforms) Sukkur III.
Mr. Abdul Qayyum	..	(Co-operation and Social Welfare) Karachi II.
Malik Muhammad Muzaffar Khan	..	(Labour) Campbellpur II.

MEMBERS OF THE ASSEMBLY

Abdul Aziz, Mian	..	(Jhelum I).
Abdul Ghaffar Khan Pasha, Mr.	..	(Karachi V).
Abdul Ghani, Chaudhri	..	(Bhawalnagar III).
Abdul Khaliq Allahwala, Mr.	..	(Karachi VI).
Abdul Khaliq, Syed	..	(Peshawar Agency IV).

Abdul Qayum Qureshi, Mr.	...	(Bahawalpur III).
Abdul Rehman Qureshi, Mr.	..	(Karachi IX).
Abdul Sattar Khan Mohmand, Khan	..	(Mardan II).
Abdul Subhan Khan, S. Pk., Khan	..	(Peshawar Agency VII).
Abdur Rehman, Mr.	..	(Hazara VI).
Ahmed Sultan Khan, Sardar	..	(Larkana I).
Ajoon Khan Jadoon, Khan	..	(Mardan III).
Akhtar Ali Shah Qureshi, Makhdum	..	(Jhang II).
Akhtar Ayub Khan,, Captain	..	(Hazara III).
Allahyar Khan Langarial, Malik	..	(Multan V).
Amanullah Khan Shahani, Mr.	..	(Mianwali II).
Anwar Aziz, M.A., LL.B. (Punjab), LL.M. (Michigan, U.S.A.), Chaudhri.		(Sialkot IV).
Arif Hussain, Mr.	..	(Lyallpur V).
Asghar Ali Randhawa, Chaudhri	..	(Lyallpur IV).
Asghar Ali, Nawabzada Chaudhri	..	(Gujrat I).
Ashraf Abbasi, Dr. Mrs.	..	(P.W. 152—Zone II).
Atta Muhammad Lund, Sardar Haji	..	(Khairpur II).
Atta Muhammad Khan Mari Baloch, Rais	..	(Sanghar II).
Badshah Khan Mahsood, Major Mir	..	(D. I. Khan Agency II).
Bashir Ahmed Shah, Mr.	..	(Thatta I).
Chander Singh, Rana	..	(Tharparkar II).
Darya Khan Jalbani, Rais Haji	..	(Nawabshah I).
Fateh Khan, Brigadier, Chaudhri	..	(Rawalpindi III).
Fateh Muhammad Khan, Mr.	..	(Peshawar Agency VIII).
Fateh Sher Langarial, Malik	..	(Montgomery I).
Fazal Hussain, Sheikh	..	(Muzaffargarh I).
Fida Hussain Hakro, Mr.	..	(Larkana III).

Ghulab Khan Shinwari, Haji .. (Peshawar Agency II).

Ghulam Abbas Bokhari, Diwan Syed .. (Multan VII).

Ghulam Akbar Khan Khakwani, Haji .. (Multan VI).

Ghulam Ali, Malik .. (Sheikhupura I).

Ghulam Qasim Khan Khakwani, Nawabzada (Multan I).

Ghulam Shabbir, Mr. .. (Jhang III).

Gul Hameed Khan, B.A., LL.B., Khan .. (Mianwali I).

Gul Zaman Khan, Sardar .. (Hazara I).

Hamza, Mr. .. (Lyallpur VI).

Hazar Khan, Malik Mir .. (Karachi III).

Idd Muhammad, Chaudhri .. (Lahore III).

Imam Ali Unar, Haji .. (Nawabshah III).

Inayat Ali Shah, Syed .. (Peshawar IV).

Jafar Ali Shah, Ataliq .. (Peshawar Agency VI).

Jafar Hussain Jafri, Mr. .. (Khairpur I).

Jalal-ud-Din Khan, Mr. .. (Peshawar II).

Jamal Muhmmad Koraija, Khawaja .. (Rahimyar Khan I).

Jamshed Khan Mohmand, Khan .. (Peshawar Agency III).

Karam Elahi Khan, Sardar .. (Dera Ghazi Khan II).

Khan Afzal Khan, Mir .. (Mardan I).

Khan Muhammad Kalyar, Mian, .. (Sargodha I).

Khan Muhammad Khan Nizamani, Rais .. (Hyderabad VI).

Khan Muhammad Khan, Sardar .. (Sukkur IV).

Khuda Bux, Mir .. (Tharparkar III).

Kibat Khan Masozai, Malik .. (Peshawar Agency I).

Mahmood Azam Farooqi, B.A., Mr. .. (Karachi VIII).

Mahmooda Begum, Sahibzadi ... (PW-153—Zone III).

MEMBERS—CONTD.

Manak Khan Bosal, Chaudhri	..	(Gujrat II).
Mansab Ali Khan Kharal, Rai	..	(Sheikhupura III).
Manzoor Ahmed Khan Qaisrani, Sardar	..	(Dera Ghazi Khan I).
Manzoor Hussain, Chaudhri	..	(Sheikhupura II).
Mazhar Hussain, Mr.	..	(Dadu I).
Miraj Khalid, Malik	..	(Lahore V).
Mir Muhammad Khan Talpur, Mir	..	(Tharparkar I).
Muhammad Abdullah Khan, Raja	..	(Gujranwala III).
Muhammad Afreen Khan, Khan	..	(Peshawar Agency X).
Muhammad Afzal Khan, Rao	..	(Montgomery IV).
Muhammad Ahmed Khan, Sardar	..	(Lahore VI).
Muhammad Akbar Khan Kanju, Mr.	..	(Rahimyar Khan IV).
Muhammad Akbar Khan, Khan	..	(Dera Ismail Khan I).
Muhammad Akhtar, Malik	..	(Lahore II).
Muhammad Akhtar, Mian	..	(Karachi VII).
Muhammad Ali, Major Malik	..	(Sargodha III).
Muhammad Anwar Ali Khan Baloch, Khan	..	(Lyallpur I).
Muhammad Aslam Jan, Bar-at-Law, Major	..	(Rawalpindi I).
Muhammad Aslam Khan, Khattak, S. Pk., M.A. (Oxon), Bar-at-Law, Mr.		(Kohat II).
Muhammad Aslam Khan, Malik	..	(Campbellpur I).
Muhammad Aurangzeb Khan Awan, B.A., LL.B., Mr.		(Hazara IV).
Muhammad Ayub Khan, Sardar	..	(Bahawalpur I).
Muhammad Azam, B.A., L.L.B., Qazi	..	(Hyderabad II).
Muhammad Bakhsh Khan Narejo, Mr.	..	(Sanghar I).
Muhammad Hashim Lassi, Mr.	..	(Lasbela-*cum*-Kalat).
Muhammad Hassan Shah, Syed	..	(Hyderabad IV).

Muhammad Hayat Kalyar, Mian	..	(Sargodha IV).
Muhammad Idress, Chaudhri	..	(Jhang I).
Muhammad Iqbal, Chaudhri	..	(Gujrat III).
Muhammad Iqbal Khan Hiraj Sial, Mr.	..	(Multan III).
Muhammad Ishaq Khan, Sardar	..	(Quetta-*cum*-Chagai).
Muhammad Islam, Mian	..	(Rahimyar Khan II).
Muhammad Khan Jogezai Tumandar Sardar Bahadur, Nawab.		(Quetta-*cm*-Zhob-*cum*-Sibi-*cu*-Loralai).
Muhammad Murad Shah, Haji Syed	..	(Hyderabad III).
Muhammad Musa Khan Bughio, Mr.	..	(Larkana II).
Muhammad Nawaz, Chaudhri	..	(Montgomery II).
Muhammad Qasim Mela, Chaudhri	..	(Sargodha II).
Muhammad Rafique, Babu	..	(Loralai-*cum*-Sibi).
Muhammad Rehmat Hussain Gilani, Makhdumzada Syed.		(Multan II).
Muhammad Safdar, Khawaja.	..	(Sialkot I).
Muhammad Shah Nasir Khan, Nawabzada		(Peshawar Agency V).
Muhammad Umar Qureshi, Mr.	..	(Hyderabad I).
Muhammad Sarwar Khan, Chaudhri	..	(Sialkot III).
Muhammad Shams-ud-Din Gilani, Makhdum		(Bahawalpur II).
Muhammad Shafi, Mian	..	(Lahore IV).
Muhammad Yusuf, B.A., LL.B., Khan	..	(Rawalpindi II).
Muhammad Zaman Chishti, Mr.	..	Bahawalnagar II).
Mumtaz Jamal, Begum	..	(PW-154—Zone IV).
Mumtaz Safdar, Begum	.	(PW-155—Zone V).
Nasir-ud-Din Shah, Makhdum Syed	..	(Lyallpur VII).
Nazar Muhmmad Kaluka, Mian	..	(Bahawalnagar I).
Nazeer Ahmed, Mr.	..	(Montgomery III).
Nisar Muhammad Khan, Mr.	..	(Peshawar V).

Phool Muhammad Khan, Rana		(Lahore VII).
Qadir Bakhsh, Malik	..	(Muzaffargarh II).
Qurban Ali, Pir	..	(Nawabshah II).
Rahim Bakhsh, Mr.	..	(Sukkur II).
Rahim Dil Khan, Nawabzada	..	(Bannu II).
Rahim Shah, Syed	..	(Peshawar Agency IX).
Saadullah Khan Daur Darga Khel, Haji	..	(Dera Ismail Khan Agency I).
Sadiq Hussain Qureshi, Nawabzada	..	(Multan IV).
Sadar-ud-Din Khan Durrani, Agha	..	(Sukkur I)
Saifoor Khan, Khan	..	(Mardan IV)
Saifullah Khan, B.Sc. (Engg). (Calif, U.S.A.) Mian.	..	(Karachi IV).
Saifullah Khan Tarar, Chaudhri	..	(Gujranwala II).
Sarmast Khan Afridi, Malik	..	(Kohat III).
Shabbir Ahmed, Rais	..	(Rahimyar Khan V).
Sheikh Umar, T.Q.A. Nawabzada	..	(Kalat-cum-Mekran-cum-Kharan).
Sher Ali Shah, B. A. (Bom.), Syed	..	(Thatta II)
Sikandar Khan, Malik	..	(Dadu II).
Sultan Ahmed Cheema, Z.O.M.S. (vienna) W.P.H.S. (Retd). Dr.	..	(Sialkot II)
Sunder Khan, Mir	..	(Jacobabad I)
Taj Muhammad Khan Bangash, Khanzada	..	(Kohat I).
Wahidullah Khan, Mr.	..	(Lyallpur III)
Wali Muhammad Khan Talpur, B.A. Mir	..	(Hyderabad V).
Yusuf Ali Khan Magi, Mir	..	(Kalat I).
Yusaf Ali Shah, Syed	..	(Peshawar I).
Zahida Khaliquz-Zaman, Begum	..	(PW-151—Zone I).
Zain Noorani, Mr.	..	(Karachi I).

TABLE OF CONTENTS

SECOND SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN.

VOL. II-No. 1

Wednesday, the 1st December, 1965

	Page
Recitation from the Holy Qur'an	1
Reference to late Pir Ghulam Ali Chishti, M. P. A.	2
Tributes to the Armed Forces of Pakistan and homage to the memory of Shaheeds	4
Suspension of the Question Hour	37
Reference to late Malik Muhammad Anwar	38
Suspension of the Question Hour (*contd.*)	
Announcements re :—	
Hours of sittings of the Assembly	41
Panel of Chairmen for the Winter Session ..	41
Adjournment Motions	41
Point of Order—	
re-amendment in the Assembly Rules of Procedure by the Governor	
Report of the Standing Committee on the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill, 1965 (*Presented*)	42
Report of the Standing Committee on the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1965 (*Presented*)	42
Ordinances (laid on the Table)—	
(1) *The West Pakistan Animals Slaughter Control (Amendment) Ordinance*, 1965	
(2) *The Karachi Development Authority (Abatement of Arbitration Proceedings) Ordinance*, 1965	42
(3) *The Town Improvement (West Pakistan Amendment) Ordinance*, 1965	42
(4) *The West Pakistan Land Utilization (Repeal) Ordinance*, 1965	42

(5) *The West Pakistan Quami Razakars Ordinance*, 1965 .. 43

(6) *The Provincial Industrial Development Corporation (West Pakistan) (Amendment) Ordinance*, 1965 43

(7) *The West Pakistan Small Industries Corporation Ordinance*, 1965 43

(8) *The Succession (West Pakistan Amendment) Ordinance*, 1965.. 43

(9) *The West Pakistan Statutory Bodies (Appointment and Removal of Legal Advisers) Ordinance*, 1965 .. 43

(10) *The West Pakistan Weights and Measures Ordinance*, 1965 .. 43

(11) *The West Pakistan Laws (Amendment) Ordinance*, 1965 .. 43

(12) *The West Pakistan Tobacco Vend Act (Amendment) Ordinance* 1965 43

(13) *The West Pakistan Universities and Boards of Education (Amendment) Ordinance*, 1965 43

(14) *The West Pakistan Autonomous Bodies Immovable Property (Ejectment of Unauthorized Occupants) Ordinance*, 1965 .. 43

(15) *The West Pakistan Agricultural Development Corporation (Amendment) Ordinance*, 1965 43

(16) *The West Pakistan Motor Vehicles (Amendment) Ordinance*, 1965 43

The West Pakistan Animal, Slaughter Control (Amendment) Ordinance, 1965 43

Point of Order—

re-amendment in the Assembly Rules of Procedure by the Governor (contd.)

Ordinances (contd).

The West Pakistan Animals Slaughter Control (Amendment) Ordinance, 1965 (contd.) 48

The Karachi Development Authority (Abatement of Arbitration Proceedings) Ordinance, 1965 57

The Town Improvement (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965 62

The West Pakistan Land Utilization (Repeal) Ordinance, 1965 .. 66

VOL. II—NO. 2

Thursday, the 2nd December, 1965

	Page
Recitation from the Holy Qur'an	69
Starred Questions and Answers	70
Answers to Starred Questions laid on the Table	116
Ordinances—	
The West Pakistan Land Utilization (Repeal) Ordinance, 1965 (resumption of discussion)	122
The West Pakistan Qaumi Razakars Ordinance, 1965	133
The Provincial Industrial Development Corporation (West Pakistan) (Amendment) Ordinance, 1965	138
The West Pakistan Small Industries Corporation Ordinance, 1965..	144
The Succession (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965 ..	157
The West Pakistan Statutory Bodies (Appointment and Removal of Legal Advisers) Ordinance, 1965	159
The West Pakistan Weights and Measures Ordinance, 1965 ..	168
The West Pakistan Laws (Amendment) Ordinance, 1965 ..	178
The West Pakistan Tobacco Vend Act (Amendment) Ordinance, 1965	182
The West Pakistan Universities and Boards of Education (Amendment) Ordinance, 1965	182

VOL. II—NO. 3

Friday, the 3rd December, 1965

Recitation from the Holy Qur'an	195
Starred Questions and Answers	196
Answers to Starred Questions laid on the Table	233
Leave of Absence of M. P. As	244
Report of the Standing Committee on the West Pakistan National Language Bill, 1965 (Presented)	250
Ordinances—	
The West Pakistan Autonomous Bodies Immovable Property (Ejectment of Unauthorised Occupants) Ordinance, 1965 ..	252

Page

The West Pakistan Universities and Boards of Education (Amendment) Ordinance, 1965 (*resumption of discussion*) .. 259

The West Pakistan Agricultural Depelopment Corporation (Amendment) Ordinance, 1965 267

The West Pakistan Motor Vehicles (Amendment) Ordinance, 1965 267

VOL. II—No. 4

Saturday, the 4th December, 1965

Recitation from the Holy Qur'an 277

Starred Questions and Answers 278

Answers to Starred Questions laid on the Table 328

Supplementary Budget Statement 1965-66 (Presentation) .. 336

VOL. II—No. 5

Monday, the 6th December, 1965

Recitation from the Holy Qur'an 365

Starred Questions and Answers 366

Answers to Starred Questions laid on the Table 434

Adjournment Motion—

Illegal and unwarranted refusal of the Deputy Commissioner, Karachi, to issue permit to Mir Abdul Baqi Baluch for going to Kuwait 479

Extension of time for Presenting Reports of Standing Committees 482

Bills (*Introduction*):—

The West Pakistan Alienation of Land and Rural Credit Bill, 1965 483

The West Pakistan Land Revenue Bill, 1965 484

Suspension of Rules 58 and 59— 484

Bill (*Reference to Select Committee*)

The West Pakistan Land Revenue Bill, 1965 485

Bill (*consideration and Passage*)—

The West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill, 1965 .. 493

Page

VOL. II—No. 6

Tuesday, the 7th December, 1965

Recitation from the Holy Qur'an 719

Oath of Allegiance of M. P. As. 720

Starred Questions and Answers 720

Supplementary Budget Statement, 1965-66 (*General Discussion*).. 751

EVENING SITTING

Supplementary Budget Statement, 1965-66 (*General Discussion*).. 834

VOL. II—No. 7

Wednesday, the 8th December, 1965

Recitation from the Holy Qur'an 937

Starred Questions and Answers 938

Answers to Starred Questions laid on the Table 999

Announcements re:

Election of Dr. Sultan Ahmad Cheema, M. P. A. to the Standing Committee on Education and Health 1019

Election of Mr. Muhammad Umar Qureshi, M. P. A. to the Standing Committee on Industries and Commerce .. 1019

Election of Mir Sunder Khan, M. P. A. to the Standing Committee on Planning and Development 1020

Supplementary Budget Statement 1965-66—

Voting on Demands for Grants in respect of New Expenditure 1021

VOL. II—No. 8

Thursday, the 9th December, 1965

Recitation from the Holy Qur'an 1109

Starred Questions and Answers 1110

Answers to Starred Questions laid on the Table 1155

Leave of Absence of M. P. As. 1182

Extension in time for the presentation of Standing Committee Report on the W. P. Alienation of Land & Rural Credit Bill, 1965 1195

Page

Schedule of Authorised Expenditure authenticated by the Governor for 1965-66 (laid on the table) 1195

Private Member's Business—

BILLS—

The Punjab Pre-emption (West Pakistan Amendment) Bill, 1965 1196

The West Pakistan Dowery (Restriction) Bill, 1965 .. 1214

The West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1965 .. 1225

The West Pakistan Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1965 1241

The Colonization of Government Lands (Punjab) (West Pakistan Amendment) Bill, 1965 1252

Prorogation of the Assembly 1269

76 PLA—M—535—21-10-66—SGP, WP, Lahore.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN
DEBATES

1st December, 1965

Vol. II—No. 1

OFFICIAL REPORT

Provincial Assembly of West Pakistan
X-5-66
LIBRARY

CONTENTS

Wednesday, the 1st December, 1965

	Page
Recitation from the Holy Qur'an	1
Reference to late Pir Ghulam Ali Chishti, M. P. A.	2
Tributes to the Armed Forces of Pakistan and homage to the memory of Shaheeds	4
Suspension of the Question Hour	37
Reference to late Malik Muhammad Anwar	38
Suspension of the Question Hour (*contd.*)	38
Announcements re:—	
Hours of sittings of the Assembly	41
Panel of Chairmen for the Winter Session	41
Adjournment Motions	41
Point of Order—	
re-amendment in the Assembly Rules of Procedure by the Governor	41
Report of the Standing Committee on the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill, 1965 (*Presented*)	42

Page

Report of the Standing Committee on the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1965 (*Presented*). 42

Ordinances (laid on the Table)—

(1) *The West Pakistan Animals Slaughter Control (Amendment) Ordinance, 1965* .. 42

(2) *The Karachi Development Authority (Abatement of Arbitration Proceedings) Ordinance, 1965* .. 42

(3) *The Town Improvement (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965* .. 42

(4) *The West Pakistan Land Utilization (Repeal) Ordinance, 1965* .. 42

(5) *The West Pakistan Qaumi Razakars Ordinance, 1965* .. 43

(6) *The Provincial Industrial Development Corporation (West Pakistan) (Amendment) Ordinance, 1965* .. 43

(7) *The West Pakistan Small Industries Promotion Ordinance, 1965* .. 43

(8) *The Succession (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965* .. 43

(9) *The West Pakistan Statutory Bodies (Appointment and Removal of Legal Advisers) Ordinance, 1965* .. 43

(10) *The West Pakistan Weights and Measures Ordinance, 1965* .. 43

(11) *The West Pakistan Lines (Amendment) Ordinance, 1965* .. 43

(12) *The West Pakistan Tobacco Vend Act (Amendment) Ordinance, 1965* .. 43

(13) *The West Pakistan Universities and Boards of Education (Amendment) Ordinance, 1965* .. 43

(14) *The West Pakistan Autonomous Bodies Immovable Property (Ejectment of Unauthorized Occupants) Ordinance, 1965* .. 43

(15) *The West Pakistan Agricultural Development Corporation (Amendment) Ordinance, 1965* .. 43

(16) *The West Pakistan Motor Vehicles (Amendment) Ordinance, 1965* .. 43

The West Pakistan Animal Slaughter Control (Amendment) Ordinance, 1965 .. 43

Point of Order—

re-amendment in the Assembly Rules of Procedure by the Governor (contd.) .. 43

Ordinances (contd.)—

The West Pakistan Animals Slaughter Control (Amendment) Ordinance, 1965 (contd). .. 48

The Karachi Development Authority (Abatement of Arbitration Proceedings) Ordinance, 1965. .. 57

The Town Improvement (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965. .. 62

The West Pakistan Land Utilization (Repeal) Ordinance, 1965 .. 66

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

SECOND SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Wednesday, the 1st December, 1965.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ۝ فَرِحِيْنَ
بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ
عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ
الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۭ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا
مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ الَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ
فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝

(پ ۴ - س ۳ - رکوع ۸ و ۹ - آیات ۱۶۹ تا ۱۷۳)

جو لوگ اللہ کے راستے میں شہید ہو گئے اُن کو مُردہ نہ سمجھو بلکہ وہ اللہ کے نزدیک زندہ ہیں اور اُن کو رزق مل رہا ہے۔ اور جو کچھ اُن کو اللہ نے اپنے فضل سے دیا ہے وہ اس پر بیحد خوش ہیں اور جو اُن کے پیچھے رہ گئے اور (شہید ہو کر) اُن میں شامل نہ ہو سکے اُن کی نسبت بھی خوشیاں منا رہے ہیں۔ کہ اُن کو بھی نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہونگے۔ اور اللہ کے انعامات و فضل سے وہ خوش ہو رہے ہیں اور اس بات سے بھی کہ اللہ مسلمانوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔ جنہوں نے باوجود زخم کھانے کے اللہ اور رسول کو مانا۔ جو لوگ نیکوکار اور پرہیزگار ہیں اُن کے لئے اجر عظیم ہے۔

جب لوگوں نے اُن سے آکر بیان کیا کہ کافروں نے تمہارے مقابلے کے لئے (لشکر کثیر) جمع کیا ہے تو ان سے ڈرو تو اُس پر اُن کا ایمان اور زیادہ ہو گیا اور وہ پکار اُٹھے کہ ہم کو اللہ کافی ہے اور وہ بہت اچھا حامی و کارساز ہے۔

1.12.65 وما علینا الا البلاغ

REFERENCE TO LATE PIR GHULAM ALI CHISHTI, M.P.A.

مسٹر سپیکر - پیشتر اس کے کہ ایوان کی کارروائی شروع ہو - میں معزز اراکین اسمبلی کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ آج آپ یہاں پیر غلام علی چشتی کے بغیر اکٹھے ہوئے ہیں جو کہ Pipals Club میں تھوڑے عرصہ ہوا حرکت قلب بند ہو جانے کے باعث وفات پا چکے ہیں - میں ان کی تعزیت کا ایک ریزولیوشن پیش کرتا ہوں جو کہ حسب ذیل ہے ۔

صوبائی اسمبلی مغربی پاکستان کا اجلاس پیر غلام علی چشتی مرحوم ممبر صوبائی اسمبلی کی اچانک وفات پر گہرے رنج و الم کا اظہار کرتا ہے مرحوم ایک تجربہ کار اور با ذوق رکن اسمبلی تھے - ان کی وفات سے نہ صرف ان کا حلقہ نیابت منٹگمری ۶ ہی انکی قیادت سے محروم ہوا ہے بلکہ یہ اسمبلی بھی ایک خوش طبع با مذاق اور معاملہ فہم رکن سے محروم ہو گئی ہے - ان کی طبع باغ و بہار اور محفل آرائی ممبران اسمبلی ہمیشہ یاد رکھیں گے - اپنے حلقہ' نیابت اور اس اسمبلی کے رکن کی حیثیت سے انہوں نے گرانقدر، خدمات سر انجام دیں - صوبائی اسمبلی کا یہ اجلاس دست بدعا ہے - کہ اللہ تعالے مرحوم کو غریق رحمت فرمائیں - اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں -

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) - جناب سپیکر - اس موقع پر میرے پاس کوئی موزوں الفاظ نہیں جن کے ذریعے میں اپنے اور اراکین ایوان کے جذبات کا اظہار کر سکوں - جو صدمہ اور رنج والم اس معزز ایوان کے ہر ایک رکن کو چشتی صاحب مرحوم کی وفات سے ہوا ہے - وہ بہت عرصہ تک رہیگا -

جناب محترم - چشتی صاحب اس ایوان کے نہ صرف ایک اہم زندہ دل - خوش مزاج اور خوش مذاق ممبر تھے - بلکہ وہ ایک معاملہ فہم شخصیت بھی تھے - مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ جب کبھی اس معزز ایوان کا بحث مباحثہ کسی وجہ سے dull پڑ جاتا تو اکثر اراکین ایوان سے باہر گیلریوں میں چلے جاتے تھے - لیکن اس دوران اگر چشتی صاحب مرحوم تقریر کرنے کیلئے کھڑے ہو جاتے تو ہم نے دیکھا ہے کہ ارکان اسمبلی ہر طرف سے جوق در جوق ایوان میں جمع ہونا شروع ہو جاتے تاکہ ان کی تقریر اور ان کے خیالات

ن سکیں - ہم نے دیکھا کہ خواہ کسی قسم کا مضمون ہی کیوں ہو - وہ ایسے خوش نما رنگ اور ایسے سلجھے ہوئے انداز میں پیش کرتے کہ اس کا سب پر اثر ہوتا - وہ بڑے صاف دل اور صاف گو رکن تھے - ہمیں ان کی جدائی سے سخت رنج اور صدمہ ہوا ہے - میں خداوند کریم سے دست بدعا ہوں کہ وہ انہیں اپنے جوار رحمت میں جگہ دے - اور ان کے پسماندگان اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے -

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۱) — جناب والا - میں اس تحریک میں کلی طور پر آپکی ہمنوائی کرتا ہوں -

در اصل ایک عرصہ ہوا جب پیر غلام علی چشتی مرحوم و مغفور سے میری پہلی بار ملاقات ہوئی - اس وقت سے ہمارے باہمی تعلقات میں اضافہ ہوتا رہا - وہ نہایت ہی ملنسار اور خلیق انسان تھے اور میرے ساتھ ہمیشہ بڑی مہربانی سے پیش آیا کرتے تھے - ان کی وفات سے نہ صرف اس معزز ایوان کو ایک نہایت ہی معاملہ فہم اور پرانے رکن سے ہاتھ دھونا پڑے ہیں - بلکہ مجھے اپنے ایک ذاتی دوست کی مفارقت کا بھی رنج ہے - وہ ایک باغ و بہار شخصیت ، لطیفہ گو اور بذلہ سنج انسان تھے - وہ جو بات بھی کرتے اس میں معنی ہوتے - اگرچہ اکثر اوقات لوگوں کو یہ خیال ہوتا کہ وہ ہنسانے کے لئے مذاق میں بات کر رہے ہیں - لیکن ہر بات میں معنی ہوتے - اور وہ ہمیشہ پتے کی بات کرتے - یونہی لوگوں کو ہنسانے کیلئے بات نہ کرتے تھے - اس ایوان میں بھی جب کبھی وہ تقریر کرنے کیلئے اٹھتے تو یہ ایوان زعفران زار بن جاتا - مجھے ان کی وفات پر انتہائی رنج ہے - میں اللہ تعالے سے دعا کرتا ہوں کہ وہ انہیں غریق رحمت فرمائے - اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے -

(قرار داد اتفاق رائے سے منظور کر لی گئی)

مسٹر سپیکر - اب ہم چشتی صاحب مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کرینگے -

(اس مرحلے پر دعائے مغفرت پڑھی گئی-)

Mr. Speaker : The House is adjourned for ten minutes in memory of Pir Ghulam Ali Chishti.

(The Assembly then adjourned for ten minutes).

The Assembly met again at 9-25 a. m. Mr. Speaker in the chair.

TRIBUTES TO THE ARMED FORCES OF PAKISTAN AND HOMAGE TO THE MEMORY OF SHAHEEDS.

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) - جناب سپیکر - میں مفصلہ ذیل قرارداد پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں -

کہ مغربی پاکستان کی اسمبلی کا یہ اجلاس پاکستان کی بری، بحری، اور فضائی افواج کو ان کے بے مثال کارہائے نمایاں پر دلی خراج تحسین ادا کرتا ہے - اور ہم ارکان اسمبلی اپنے بہادر - جری - جانباز پاسبانوں کو ان کی شجاعت - سر فروشی، قربانی و ایثار پر ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں اور انہیں یقین دلاتے ہیں کہ پاکستانی عوام کے دلوں میں انکی انتہائی قدر و منزلت اور محبت ہے اور ان کی کامیابی و کامرانی کے لئے خدا سے ہر وقت دست بدعا ہیں -

نیز یہ اجلاس ان تمام شہیدوں کو سلام عقیدت پیش کرتا ہے - جنہوں نے راہ خدا میں وطن عزیز کی حفاظت کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا یا دشمن کے حملہ سے شہید ہوئے - ان شہیدوں نے پاکستان کی سالمیت اور بقا کے لئے جو قربانیاں دی ہیں وہ تاریخ اسلام میں ایک سنہری باب کا اضافہ کرتی ہیں - ہم اراکین اسمبلی ان کو بصد احترام خراج عقیدت پیش کرتے ہیں -

مسٹر سپیکر- قرار داد پیش کی گئی ہے—

کہ مغربی پاکستان کی اسمبلی کا یہ اجلاس پاکستان کی بری، بحری اور فضائی افواج کو ان کے بے مثال کار ہائے نمایاں پر دلی خراج تحسین ادا کرتا ہے - اور ہم ارکان اسمبلی اپنے بہادر، جری، جانباز پاسبانوں کو انکی شجاعت - سر فروشی - قربانی و ایثار پر ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں اور انہیں یقین دلاتے ہیں کہ پاکستانی عوام کے دلوں میں ان کی انتہائی قدر و منزلت اور محبت ہے اور ان کی کامیابی و کامرانی کے لئے خدا سے ہر وقت دست بدعا ہیں -

نیز یہ اجلاس ان تمام شہیدوں کو سلام عقیدت پیش کرتا ہے جنہوں نے راہ خدا میں وطن عزیز کی حفاظت کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا یا دشمنوں کے حملے سے شہید ہوئے -

ان شہیدوں نے پاکستان کی سالمیت اور بقا کیلئے جو قربانیاں دی ہیں وہ تاریخ اسلام میں ایک سنہری باب کا اضافہ کرتی ہیں - ہم اراکین اسمبلی ان کو بصد احترام خراج عقیدت پیش کرتے ہیں -

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) — صاحب صدر—بھارت کی افواج نے جس مکر و فریب اور عیارانہ طریقے سے پاکستان پر حملہ کیا وہ سب پر عیاں ہے - جھگڑا دراصل تھا کشمیر کا اور یہ جھگڑا آج کا نہیں ہے جیسا کہ جناب کو معلوم ہے - ۲۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو جبکہ بھارتی افواج نے زبردستی کشمیر اور جموں پر قبضہ کیا تو وہاں کے کشمیریوں نے ان کے برخلاف بغاوت کا جھنڈا بلند کیا اور انہوں نے اسی دن سے لڑائی شروع کی جو آج تک جاری ہے - لڑائی کی نوعیت بدلتی رہی لیکن لڑائی کبھی ختم نہیں ہوئی - کشمیری بھارتی افواج کے برخلاف ۲۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء سے لے کر ۶ اگست ۱۹۴۸ء تک لڑتے رہے اور جب یہ معاملہ یونائیٹڈ نیشنز آرگنائزیشن یا سلامتی کونسل میں گیا اور ہندوستان لے گیا تو وہاں پر یہ فیصلہ ہوا اور یہ فیصلہ متفقہ طور پر ہوا تھا اور ہندوستان پاکستان اور سلامتی کونسل کا متفقہ فیصلہ ہوا تھا کہ کشمیر کا فیصلہ کشمیری خود کریں گے - یہ متنازعہ علاقہ ہے اور کشمیریوں کا یہ حق تسلیم کیا گیا کہ کشمیری جو فیصلہ کریں گے اسے دونوں فریق تسلیم کریں گے - ان کی مرضی ہوگی تو وہ ہندوستان کے ساتھ الحاق کریں گے اور اگر وہ چاہیں تو پاکستان کے ساتھ مل جائیں - باوجود اس اقرار کے - باوجود اس عہد کے - باوجود سلامتی کونسل کی قراردادوں کے بھارت اپنے فیصلہ سے ہٹ گیا - اور بھارت اپنے فیصلے سے منحرف ہوگیا اور یہی نہیں بلکہ انہوں نے صاف صاف کہ دیا کہ کشمیر بھارت کا ایک حصہ ہے - اور ہم کشمیر کی بابت کوئی گفتگو کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں - موتا کیا نہ کرتا ''تنگ آمد بجنگ آمد'' - کشمیری کیا کرتے وہ کشمیر کو دو ٹکڑوں میں تقسیم نہیں کر سکتے تھے یہ غلط ہے کہ وہ ایک آزاد کشمیر ہے اور دوسرا جموں اور کشمیر کا وہ حصہ ہے جو ہندوستان کے قبضہ میں ہے - کشمیری ایک قوم ہیں اور زندہ قوم ہیں - اور کسی سے کم نہیں ہیں - کشمیری ایک بہادر قوم ہے اور وہ دلیر قوم ہے جو ہندوستان سے ۱۸ سال سے جھگڑتی رہی ہے - ان کو کسی ملک نے اسلحہ نہیں

دیا مگر وہ لڑتے رہے اور وہ صرف اپنے بل بوتے پر لڑتے رہے - ہماری دعائیں ان کے ساتھ ہیں - یہ کشمیری بھارت کے برخلاف خود وہاں گئے اور ان سے پھر لڑائی شروع کی اور اس مرتبہ انہوں نے سخت لڑائی شروع کی - سلامتی کونسل کو چاہئے تو یہ تھا کہ جب یہ لڑائی دوبارہ شروع ہوئی تو سلامتی کونسل درمیان میں آ کر فیصلہ کر دیتی کہ ہم نے یہ solemn pledge دیا ہے اور بھارت اس عہد کا پابند ہے اور اس اقرار کا پابند ہے کہ کشمیریوں کو حق رائے شماری دے اور حق خود ارادی دے - اور وہ خود فیصلہ کریں گے - لیکن باوجود اس کے بھارت نے ان پر وہ مظالم ڈھائے - ان کو وہ تکلیفیں دیں جو بیان کرنے کے قابل نہیں ہیں - - اور آپ سب کو معلوم ہیں - پہلے پہل جب لڑائی شروع ہوئی تو بھارت کی افواج نے ہمارے اعوان شریف پر گولہ باری کی - اعوان شریف پاکستان کا حصہ ہے کشمیر کا نہیں ہے ہمیں یہ خیال نہیں تھا کہ بھارت پاکستان پر حملہ کریگا - ''کجا می نماید کجا می زند'' لڑائی کیسے ہوئی ——— رات کے اندھیرے میں اور بغیر نوٹس دئے ہوئے اور اس اسلحہ سے جو کہ ہمارے مہربانوں نے ان کو دئے تھے - بھارت نے یہ اسلحہ چلا چلا کر لیا تھا کہ چین ہم پر حملہ کرے گا - اور اگرچہ یہ کہہ کر آپ ایک بچہ کو بھی بیوقوف نہیں بنا سکتے لیکن بھارت نے تمام دنیا کو بیوقوف بنایا - انگریزی کی ایک مثل ہے - You can befool the whole world for some time, you can befool some people for some time but can not befool the whole World for all the time بھارت ۱۹۶۲ء سے لے کر آج تک تمام دنیا کو بیوقوف بناتا رہا اور اسے جب بھی اسلحہ کی ضرورت ہوئی اس نے کہا کہ چین ہم پر حملہ کر رہا ہے - کبھی کہا کہ چین نے لداخ پر حملہ کر دیا کبھی کہا کہ شمال میں حملہ کرے گا کبھی جنوب میں حملہ کرے گا اس طرح وہ دنیا سے اسلحہ لیتا رہا اور وہ دنیا والے اسلحہ دیتے رہے - مجھے معلوم نہیں کہ وہ لوگ سب کچھ جانتے ہوئے بھارت کے دھوکے میں آتے رہے یا اپنے آپ کو دھوکا دیتے رہے - جو اسلحہ بھارت کو ملتا رہا ہمارے اسلحہ سے چار پانچ چھ گنا زیادہ تھا ٹینک ان کے پاس توپیں ان کے پاس ہوائی جہاز ان کے پاس بندوقیں ان کے پاس - ان کی افواج ہم سے چار گنا زیادہ ہیں ہم ۱۰—کروڑ ہیں اور وہ ۴۷ یا ۴۸ کروڑ ہیں - بھارت نے حملہ کا مقام بھی خود پسند کیا اور حملہ کا وقت بھی خود پسند کیا جو

ہمارے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ بھارت والے دھوکے سے ایسا کریں گے ۔ جب دو قومیں لڑتی ہیں تو وہ جانتی ہیں کہ لڑنے کے بھی کچھ Rules ہوتے ہیں ۔ There are rules of the game فٹ بال کے بھی Rules ہوتے ہیں ہاکی کے بھی Rules ہوتے ہیں ٹینس کے بھی Rules ہوتے ہیں اور اسی طرح لڑائی کے بھی Rules ہوتے ہیں Nobody hits below the belt انہوں نے دھوکا دیا اور بغیر declaration of war اور بغیر نوٹس دئے ہوئے ہم پر حملہ کر دیا اور اس وقت حملہ کیا اور ایسے مقام پر حملہ کیا کہ کسی کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا لیکن آفرین ہے اور صد آفرین ہے ہمارے دلیر شجاع اور جانباز فوجیوں پر جنہوں نے اس کا جواب دیا اور نہ صرف انہوں نے ان کو روکا بلکہ پیچھے ہٹا دیا اور ان کو وہ منہ توڑ ۔ سر توڑ اور کمر توڑ جواب دیا کہ وہ جب تک زندہ رہیں گے یاد رکھیں گے ۔ یہ چیز اخباروں میں آ چکی ہے ریڈیو پر بھی آ چکی ہے سب اراکین نے سنا ہوگا کہ جنرل چودھری نے جو بھارت کے کمانڈر انچیف ہیں انہوں نے پردھان منتری لال بہادر شاستری صاحب سے اور جو ان کے کرتا دھرتا تھے ان سے کہہ دیا تھا کہ آئندہ ۲۴ گھنٹے میں آپ بڑی بڑی خوشخبریاں سنیں گے ۔ اور سپاہیوں کے کان میں کہہ دیا تھا کہ کل دن کا کھانا آپ لاہور میں کھائیں گے اور شام کو آپ کو Peg پلائیں گے ۔ اور ان سے کہا گیا تھا کہ وہ تیار رہیں کہ ان کو جیم خانہ کلب میں پارٹی دی جائے گی ۔ لیکن ان کو جیم خانہ کلب میں پارٹی ملنے کی بجائے وہ مار پڑی کہ ان کو ہمیشہ یاد رہے گی ۔ ہمارے پاس اتنے سپاہی بھی نہیں تھے اتنا اسلحہ بھی نہیں تھا ہتھیار بھی نہیں تھے بہت کم تعداد تھی لیکن جو ان کا مقابلہ کیا ہے اس کے لئے تمام دنیا ہماری افواج کو آفرین کہتی ہے ۔ کیا پاکستانی ۔ کیا چین والے اور کیا انڈونیشیا والے بلکہ دنیا کے سب لوگ جنہوں نے ہماری افواج کے کارناموں کو سنا ہے وہ آفرین کہتے ہیں تو ہم ایسی افواج پر فخر کیوں نہ کریں ۔ ہمارے ہر شہید نے اپنی جان نثار کر دی اور خدا ہر ایک کو یہ جام شہادت دے جو ان کو نصیب ہوا ہے ۔ ہماری فوجوں نے وہ شجاعت دکھائی ہے جس کا ذکر میں نے اس ریزولیوشن میں کیا ہے ۔ اختصار کی وجہ سے اس کے پھر بیان کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ آپ نے History پڑھی ہو گی ۔ ہندوستان میں کیا کیا نہیں ہوا ۔ ہمارے خالد بن ولید ۔ صلاح الدین ایوبی ۔ نورالدین زنگی اور طارق جیسے

نامور جرنیل گزرے ہیں ۔ ان کی یاد انہوں نے تازہ کر دی ہے ۔ آج انہی کی برکت ہے اور ہماری افواج کی وجہ ہے کہ ہم یہاں بیٹھے ہیں اور اپنا کام کر رہے ہیں ۔ ان دنوں بھی کو دیکھئیے کہ جب گولہ باری ہو رہی تھی ۔ بھارت سے جنگ ہو رہی تھی نوجوان شہید ہو رہے تھے اور یہاں لاہور اور سیالکوٹ پر ہوائی جہاز چکر لگا رہے تھے اور سیالکوٹ لاہور اور سرگودھا کی فضا میں ہوائی جہازوں کی لڑائی ہو رہی تھی لیکن ہمارے لوگوں کو یقین تھا انہیں اپنی افواج پر بھروسہ تھا ۔ ان کو یہ یقین تھا کہ ہمارے فوجی ایماندار ہیں ۔ دلیر ہیں ۔ ان میں اتنی شجاعت ہے کہ وہ ہماری حفاظت میں ہمارے دفاع کے لئے اپنے سر کی بازی لگا کر لڑیں گے ۔ اور وہ لڑے ۔ تو میں صاحب صدر ۔ آپ کی اجازت سے اپنی تقریر کو مختصر کرتے ہوئے آخر میں یہ عرض کئے دیتا ہوں کہ ہماری افواج نے جو بہادری دکھائی ہم ان کی دل سے قدر کرتے ہیں ۔ ہم ان کے ممنون احسان ہیں انہوں نے ہمیں محفوظ کیا اور تمام پاکستان کا دفاع کیا اور جو لوگ بھی شہید ہوئے ہیں ۔ چاہے وہ شہری ہیں چاہے وہ فوجی ہیں ۔ بحری ۔ بری اور فضائی فوج کے جو جوان شہید ہوئے یا جو civilians چاہے وہ پرانے پنجاب کے رہنے والے تھے ۔ چاہے وہ سندھ کے حر تھے ۔ چاہے وہ فرنٹیئر کے تھے چاہے وہ قبائلی تھے چاہے کوئی اور تمام شہدا فوجی اور غیر فوجی ۔ تمام کے حق میں ہم نذرانہ عقیدت پیش کرتے ہیں اور ہم ان کے بڑے ممنون ہیں ۔ بڑے مشکور ہیں اور خدا سے دست بدعا ہیں اور رات دن یہ دعا کرتے ہیں کہ یااللہ ہماری فوجوں کو توفیق دے کہ وہ اسی طرح اسلام ۔ قوم اور ملک کا دفاع اور اس کی حفاظت کریں اور ہم ان کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم ان کے اس احسان کو کبھی فراموش نہیں کریں گے اور ہم دل و جان سے ان کے ساتھ ہیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی قرارداد پیش کرتا ہوں ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱) — جناب صدر ۔ میرے لئے یہ انتہائی فخر کا موجب ہے کہ میں اپنے ٹوٹے پھوٹے الفاظ میں عساکر پاکستان کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے اس ایوان میں کھڑا ہوا ہوں ۔ جناب صدر ۔ حقیقت یہ ہے کہ عساکر پاکستان نے جس جوانمردی ۔ پامردی اور آہنی استقلال اور جس جذبے اور جرأت اور جان سپاری اور بہادری سے سترہ روزہ جنگ لڑی ہے میرے پاس ان کو

خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے موزوں الفاظ نہیں ہیں ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس سترہ روزہ جنگ میں ہماری افواج قاہرہ نے بدر ۔ حنین خندق اور تبوک کی روایات کو زندہ کر دیا ہے اور ہماری زندہ جاوید تاریخ کے سنہری باب میں اضافہ کیا ہے ۔ جناب والا— اس مختصر سے وقت میں میں اپنی فضائی افواج کے شاہینوں اور بری فوج کے شیر دل نوجوانوں کا کس طرح ذکر کروں ۔ یہ ایک طویل کہانی ہوگی ۔ اس کے لئے کئی جلدیں درکار ہوں گی کہ جن میں ان کے کارہائے نمایاں کو منضبط اور مرتب کیا جائے ۔ اس مختصر سی صحبت میں ان واقعات کا ذکر کیسے کیا جائے میں ان افسانہ نما واقعات کا کیونکر ذکر کروں جو میجر عزیز بھٹی مرحوم کی زندگی سے وابستہ ہیں کہ انہوں نے کس طرح ایک کمپنی فوج کے ساتھ دشمن کی بریگیڈ سے زیادہ فوج کو کئی گھنٹوں تک نہ صرف روکے رکھا بلکہ ان کو انتہائی نقصان پہنچایا اور وطن عزیز کی حفاظت کرتے ہوئے آخر یہ نوجوان قربان ہوگیا ۔ جناب والا ۔ میں سکاڈرن لیڈر ایم ایم عالم — اس ہلکے پھلکے نوجوان کے نمایاں کارناموں کو اس مختصر سے وقت میں کیسے بیان کروں جو موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بھارتی ہوائی جہازوں پر عقاب کی طرح جھپٹتا تھا اور آن کی آن میں فضائے آسمانی سے ہندوستانی ہوائی جہازوں کو زمین پر پٹخ دیتا تھا ۔ جناب والا ۔ سیالکوٹ کے محاذ پر ان نوجوان افسران کے متعلق میں کیسے ذکر کروں جو اپنے کمانڈنگ افسر کو یہ کہہ کر کہ ہم duck-shooting کے لئے جا رہے ہیں ایک جیپ میں anti-tank gun نصب کرتے تھے اور دشمن کے ٹینکوں کے درمیان جنگل میں گھس جاتے تھے اور ان ہاتھیوں کو مار کر خود جام شہادت پی لیتے تھے ۔ بہت کم نوجوان واپس لوٹ کر آتے تھے ۔ جناب والا ۔ میں سیالکوٹ کے محاذ اور چونڈہ کے hero بریگیڈیر علی کے واقعات کا کیسے ذکر کروں کہ انہوں نے کیسے ایک پلٹن فوج کے ساتھ بھارت کی تین ڈویژن فوجوں کا حملہ پسپا کیا ۔ جناب والا ۔ میں آج ان واقعات کا کیسے ذکر کروں ۔ میں چونڈہ کے محاذ کے دوسرے ہیرو بریگیڈیر نیازی کا اس مختصر سے وقت میں کیسے ذکر کروں ۔ آج ہمارے بریگیڈیر علی اور نیازی دونوں کو ہلال جرأت ملے ہیں ۔ میں ان واقعات کا کیسے ذکر کروں کہ جب ہماری فوجوں کو ہندوستان کی چار ڈویژن فوج گھیرے ہوئے تھی تو بریگیڈیر نیازی نے اپنی فوج کو حکم دیا کہ آخری گولی اور آخری آدمی تک لڑائی

لڑی جائے گی ۔ ہم ان روایات کو کس طرح سمجھیں ۔ ہم تو وہاں قریب تھے ۔ ہم جانتے ہیں کہ کسر نفسی کے باعث ہمارے نوجوان اور ہمارے افسر بیان نہیں کر سکتے ۔ مورخ ان واقعات کو جب قلمبند کرے گا تو یقیناً ہماری تاریخ کا اس سے بہتر باب اور کوئی نہیں ہوگا۔جناب والا ۔ اس موقع پر جن شہیدوں کے لئے میرے محترم بزرگ جناب قائد ایوان نے اس ایوان کی جانب سے نذرانہ عقیدت پیش کیا ہے۔ یہ ایوان تو کیا پانچ کروڑ افراد جو اس صوبہ میں بستے ہیں وہی نہیں بلکہ مشرق اور مغرب میں بسنے والے ۱۰ کروڑ انسان ان شہیدوں کو سلام کہتے ہیں ۔ ان کے خون نے ہمیں دنیا کی قوموں میں سر اٹھا کر چلنے کی قوت بخشی ۔ ان کے خون نے پاکستان کی بنیادوں کو مضبوط کیا ۔ ان کے خون نے ہماری روایات کو ان روایات کو جو کہ قرون اولیٰ کی روایات تھیں ان کو زندہ کیا ۔ ان کے خون نے سیالکوٹ اور پاکستان کے گرد فصیل قائم کر دی جس سے دشمن ٹکرا کر پاش پاش ہوگیا ان شہیدوں کے نام ۱۰ کروڑ انسان سلام کہتے ہیں ۔ یہی دس کروڑ انسان نہیں بلکہ دنیا کے تمام لوگ جو حق و انصاف کی خاطر جنگ لڑنے کے لئے تیار ہیں اور اپنا تن دھن سب کچھ بازی پر لگا دینے کے لئے تیار ہیں وہ ان کو سلام کہتے ہیں ۔ جناب والا۔ان کا نام ہمارے لوک گیتوں میں زندہ رہے گا ۔ ان کا نام ہماری بہنیں اپنے بچوں کو بتایا کریں گی کہ ان لوگوں کی وجہ سے پاکستان بچ گیا اور پاکستان کے سر سے خطرہ ٹل گیا ۔ ان لوگوں نے پاکستان کی حفاظت کی اور پاکستان پر اپنی جانیں نچھاور کر دیں ۔ جناب والا۔یہ واقعات اس قسم کے ہیں کہ ان سے طبیعت میں کچھ ایسی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے کہ جو انسان کی برداشت سے باہر ہو جاتی ہے ۔ صبح ہمارے قاری صاحب نے تلاوت قرآن مجید کرتے ہوئے کیا با موقع اور بر محل آیات قرآنی تلاوت فرمائیں ۔ کہ یہ شہید زندہ ہیں ۔ اور زندہ رہیں گے ۔ یہ اللہ تعالے کا وعدہ ہے ۔

جناب والا۔میں اپنے فرض میں کوتاہی کروں گا اگر میں اپنے ان بھائیوں کا ذکر اس موقع پر نہ کروں ۔ جنہوں نے فوج میں لڑ کر تو اپنی جانیں نہ دیں مگر دشمن نے ان پر راتوں رات حملہ کیا جبکہ وہ اپنے گھروں میں بے خبر سوئے پڑے تھے ۔ وہ شہید ہوئے ۔ ان کے گھر بار لٹے ۔ انہیں بے پناہ نقصان پہنچا ۔ میں ان کا ذکر بھی اس موقع پر ضروری سمجھتا ہوں ۔ جناب والا ۔ سیالکوٹ اور لاہور کے محاذوں پر دشمن کے

حملے سے ہمارے جن بھائیوں کو جانی نقصان اٹھانا پڑا ہے - ہم انہیں عقیدت پیش کرتے ہیں -

جناب والا - یہ کہانی کا آخری باب نہیں - یہ قصہ ابھی شروع ہے - فائر بندی تو ضرور ہے - لیکن میرے محترم دوست جو میرے سامنے تشریف فرما ہیں - وہ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ جنگ بند نہیں ہوئی - جنگ جاری ہے - اور اس جنگ کو جاری رکھنے کی ذمہ داری میں سمجھتا ہوں ان پر ہی نہیں بلکہ ہم پر بھی ہے (تالیاں) - اور پچھلے چندہ ماہ میں ہم سے جو ناچیز خدمات اپنی قوم کے دفاع کے لئے اور اس خطۂ پاک کی حفاظت کے لئے ہو سکتی تھیں وہ ہم نے پیش کیں - ہم یقین دلاتے ہیں کہ آئندہ بھی اس جلیل القدر مقصد کے لئے ہماری جانیں بھی حاضر ہونگی - (تالیاں) - جناب والا - اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم نے اس جنگ میں بہت کچھ کھویا ہے - ہمارے نوجوان شہید ہوئے ہیں - ہماری املاک برباد ہوئی ہیں - ہمارے کروڑوں روپے صرف ہوئے ہیں - لیکن اس جنگ میں ہم نے بہت کچھ پایا بھی ہے - اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں جناب والا - کہ ہمیں یہ سودا مہنگا نہیں پڑا - یہ سودا ہمیں سستا پڑا ہے (تالیاں) - اس طرح ~~جناب والا یہ جذبۂ اتحاد و یگانگت یہ نکھرتی یہ ذوق شہادت~~ یہ شوق جہاد یہ برسوں میں بلکہ صدیوں میں کروڑوں نہیں اربوں روپے صرف کر کے اس قوم میں پیدا نہیں ہو سکتا تھا - جو ان سترہ دنوں میں پیدا ہوا (تالیاں) نہ صرف اس قوم کے ان بہادر سپوتوں میں جو کہ عساکر پاکستان میں شامل ہیں یہ ذوق پیدا ہوا اور یہ شوق بڑھا - بلکہ ایک ایک شخص کے دل میں خواہ وہ لاہور یا کراچی ~~چاٹگام~~ ~~یا پشاور~~ میں تھا ذوق شہادت ~~اس وقت جاگا~~ کوٹ کوٹ کر بھر گیا - یہ محض اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور اس کا فضل و کرم ہے اور ہم جتنا بھی اس کا شکریہ ادا کریں کم ہے - انہوں نے ہمیں یہ جذبہ جہاد دیا - یہ ذوق شہادت دیا کہ ہم اپنے ~~وطن کی~~ عزیز وطن کی حفاظت کے لئے ہر چیز قربان کرنے کے لئے تیار ہوئے - لیکن جناب والا - جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے - یہ جنگ جاری ہے - اس لئے ضروری ہے کہ اس جذبہ کو جاری رکھا جائے - قوم کے اندر یہ ولولہ یہ شوق اور یہ ذوق پائیدار رکھا جائے - اسے کسی طور پر ٹھنڈا نہ ہونے دیا جائے - یہ ان کا یعنی حکومت کا فرض ہے - اور اگرچہ یہ فرض ان کا ہے لیکن ہم ان کی ہر قسم کی امداد کے لئے تیار ہیں - جو ہم سے بن

پڑے گا ہم کریں گے - لیکن یہ فرض میرے محترم بھائیوں کا ہے کہ یہ قوم کو بیدار رکھیں - ہمیں معلوم ہے کہ پاکستان ایک چھوٹا ملک ہے اور ہندوستان بہت بڑا ملک ہے - اس کے وسائل زیادہ ہیں ہمارے وسائل کم ہیں اس میں کوئی شک نہیں - لیکن اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ اکثر وہ قلت کو کثرت پر غلبہ دیتے ہیں اور وہ وعدہ ہماری آنکھوں کے سامنے سچا ہوا ہے - کون انکار کر سکتا ہے کہ ہماری فوجوں اور ہندوستان کی فوجوں کا مقابلہ کئی ایک محاذ پر ایک اور دس کا مقابلہ تھا - اور ان کا اسلحہ ہمارے اسلحہ سے بہت زیادہ تھا - اس کے باوجود ہماری فوجوں سے جب بھارتی فوجوں نے ٹکر لی - انہیں منہ کی کھانی پڑی - انہیں پیچھے ہٹنا پڑا - اس لئے فوج کی تعداد یا اسلحہ کی تعداد پر فتح کا انحصار نہیں - اگر ہم مسلمان ہیں اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہماری جنگ حق و صداقت پر مبنی ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ ہم اس بات پر اصرار کریں کہ اتنی فوج ہمارے پاس ضرور ہو - اتنا گولہ بارود ہمارے پاس ضرور ہو - اتنے ٹینک ہمارے پاس ضرور ہوں - اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ہمیں اس بات پر شک ہے کہ ہم حق و صداقت کی جنگ لڑ رہے ہیں یا یہ کہ شاید ہمیں دوسری قوموں کی طرح زمین کی بھوک ہے - اور ہم کسی کا علاقہ فتح کرنا چاہتے ہیں - جہاں تک میں سمجھتا ہوں - ہماری جنگ حق و صداقت کی بنا پر ہے - ہم کشمیریوں کو ان کا حق دلانا چاہتے ہیں - وہ حق جو ہر انسان کو پیدائش کے وقت سے حاصل ہوتا ہے - ہم ان سے کئے گئے ان وعدوں کو اقوام عالم ہی سے نہیں بلکہ ہندوستان سے پورا کرانا چاہتے ہیں - جو گذشتہ اٹھارہ سال سے ان سے کئے جا رہے ہیں - ہم ہندوستان کو فتح نہیں کرنا چاہتے - ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ کشمیریوں کو اپنی قسمت کا فیصلہ کرنے کا حق ہے - اگر اس ملک کے دس کروڑ باشندوں میں سے ہمارے کسی ایک بھائی کو بھی اپنے اس مقدس فرض کے متعلق شک و شبہ ہے تو یقیناً اس کی جنگ حق و صداقت پر مبنی نہیں ہو گی - مجھے یقین ہے کہ اس ملک کے طول و عرض میں - مشرق و مغرب میں - کسی فرد واحد کو بھی اس امر میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ ہم کیوں اور کس وجہ سے کسی انتظار میں ہیں - کیا محض اس لئے کہ ہم تعداد میں تھوڑے ہیں ؟ یا یہ کہ ہندوستانی تعداد میں زیادہ ہیں ؟ مگر یہ تو کوئی بات نہیں - تاریخ اسلام کے اوراق پلٹ کر دیکھئے - آپ نے قرون اولیٰ میں جتنی بھی لڑائیاں لڑیں

ان میں اور اس کے بعد بھی مسلمانوں کے خلاف ہمیشہ ہی جو بھی قوت صف آرا ہوئی ۔ اس کا اسلحہ مسلمانوں سے کہیں زیادہ اور اس کی تعداد مسلمانوں سے کئی گنا تھی ۔ لیکن ہمیشہ ہی مسلمانوں کو فتح حاصل ہوئی ۔ مجھے اس وقت صرف ایک واقعہ یاد ہے کہ جب مسلمانوں کو اپنی قوت اور تعداد پر ناز ہوا تو اسی روز مسلمانوں کو فتح کی بجائے شکست کا منہ دیکھنا پڑا ۔ تو جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے اپنے ان بھائیوں سے جن کے ہاتھ میں اس وقت اس ملک کی باگ ڈور ہے ۔ نہایت ادب کے ساتھ یہ درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس اتحاد و یک جہتی اور اس قومی ولولے اور جوش کو اور اس جذبۂ شہادت اور جذبۂ جہاد کو قائم رکھنے کی سعی کریں ۔ کیونکہ قوم ان چیزوں کا مطالبہ کرتی ہے کہ ارباب بست و کشاد انہیں یہ چیزیں دیں ۔ قوم کا مطالبہ ہے کہ تمام قوم کو سپاہی بنا دیا جائے اور یہاں کے ہر فرد بشر کو سپاہی بنایا جائے ۔ یہ نہایت ہی جائز مطالبہ ہے ۔ میں بھی ان سے درخواست کرونگا کہ وہ اس جانب توجہ فرمائیں ۔ خدانخواستہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم بے خبر پڑے رہیں ۔ اور دشمن دوبارہ ہم پر چڑھ آئے ۔ اللہ تعالیٰ ہمارے گناہوں کو معاف فرمائے ۔ بار بار مشیت ایزدی جوش میں نہیں آتی ۔ ہمیں خود سوچنا اور سنبھلنا ہو گا ۔

جناب والا ۔ آخر میں میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ اور ساتھ ہی جناب قائد ایوان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ کہ انہوں نے اس ایوان میں یہ تحریک پیش کر کے ہمیں یہ موقع بخشا ہے کہ ہم عساکر پاکستان کی خدمت میں اپنے ناچیز خیالات و جذبات پیش کر سکیں ۔ اور ان بھائیوں کی خدمت میں جنہوں نے اپنی متاع عزیز یعنی جان عزیز اپنے جان آفریں کے سپرد کی ۔ ہدیہ تشکر پیش کر سکیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو) : جناب والا ۔ ہماری قوم کے جانبازوں نے تاریخ کو نیا موضوع اور نیا مضمون دیا ہے ۔ اور نئے مضمون کو نیا عنوان بخشا ہے ۔ اور نئے عنوان کو نئی سرخی دی ہے ۔ اور نئی سرخیوں کو نئے معنی دئے ہیں ۔ اور جیسا کہ میرے محترم دوست خواجہ محمد صفدر صاحب نے یہاں ابھی ابھی ارشاد فرمایا ہے انکے کارنامے وہ ہیں کہ

جنہیں الفاظ کی حدود میں لا کر محدود کرنا ہمارے بس کی بات نہیں ہے - جسقدر جوش ، ولولے اور خلوص کے ساتھ انہوں نے قربانیاں دی ہیں - مورخ انکا بھرپور جائزہ لینے کی کوشش کرتے رہیں گے - لیکن پھر بھی انہیں ہمیشہ ہی نئی چیزیں ملتی رہینگی -

جناب والا - ہم نے یہ جنگ حق و صداقت کی بناء پر لڑی ہے - ہم نے یہ جنگ کشمیریوں کے حق کے لئے لڑی ہے - ہم نے یہ جنگ پاکستان کی آزادی اور سالمیت کو برقرار رکھنے کی غرض سے لڑی ہے - اور دنیا میں ایسی ساری طاقتوں کے لئے لڑی ہے جو کہ حق اور سچائی کے حصول کے لئے کوشاں ہیں - ہم نے یہ جنگ بھارت کے ان تمام چھوٹے پڑوسیوں کی آزادی کے لئے لڑی ہے جو چاروں اطراف سے بھارت کی بربریت کا شکار ہیں - اور جن پر اسکے سامراج کی ناپاک نگاہیں اٹھی ہیں ؛

جناب والا - اگر ہم تاریخ کے اوراق کا جائزہ لیں - اور آج کے برھمن - بنیا سامراج کی ذھنیت کا جائزہ لیں تو یہ بات یقینی معلوم ہوتی ہے کہ آج احساس کمتری کے شکار ایک ملک نے چند طاقتور ممالک کی امداد سے ان خطوط پر سوچنا شروع کر دیا ہے کہ تاریخ کے سارے انتقام حق و صداقت کے پرستاروں سے لئے جائیں

جناب والا - حیدر آباد کا حملہ ، جونا گڑھ کا حملہ ، گوا کا حملہ ، یہ سب حملے اس بات کی دلیل ہیں - کہ ہندوستان کے ارادے اپنے پڑوسیوں کی آزادی اور سر بلندی کے لئے اور چھوٹی طاقتوں کے لئے ناپاک ہیں - اور لنکا ، نیپال ، بھوٹان ، سکم ، چین ، پاکستان ، انڈونیشیا یعنی خواہ اسکا کوئی بھی پڑوسی ہو - اسکے متعلق ہندوستان اس بات کی قسم کھا چکا ہے کہ ان پڑوسی ممالک کے بارے میں وہ کبھی سچائی کی بات نہیں کریگا - انکے بارے میں کبھی حق کی بات نہیں کرنی ہے - اور چاہے کوئی بھی غلط بات ہو یا غلط چیز ہو - اسکے لئے اور دوسروں کے حقوق کو غصب کرنے کے لئے طاقت استعمال کرنی ہے -

جناب والا - اس لحاظ سے ہم نے یہ جنگ حق و صداقت کی جنگ لڑی ہے - پاکستان کی آزادی اور اسکی بقاء کی جنگ لڑی ہے - اور کشمیر کی آزادی کی جنگ لڑی ہے - اور اس کے ساتھ ہی ہم نے

بھارت کے تمام چھوٹے پڑوسی ممالک کی آزادی کی جنگ لڑی ہے ۔

جناب والا ۔ ہمارے غازیوں اور شہیدوں نے دنیا پر یہ امر ثابت کر دیا ہے کہ باوجودیکہ مادی ایجادات بے پناہ طاقت حاصل کر چکی ہیں ۔ قوت انسانی میں بھی وہ قوت ہے ۔ کہ وہ حق و صداقت کی خاطر جوش جذبے اور حق کی بناء پر ان مادی طاقتوں کا منہ موڑ دیتی ہے ۔ ہمارے غازیوں کے قدموں کے نشان اور ہمارے شہیدوں کے خون کی سرخیاں ہر ہر قدم پر زبان حال سے پکار پکار کر کہتی ہیں ۔ کہ

جو رکے تو کوہ گراں تھے ہم ۔ جو چلے تو سیل رواں تھے ہم ۔

ہمارے غازیوں اور مجاہدوں نے جو کچھ کیا ہے ۔ وہ دنیا کے لئے ہمیشہ مثال رہیگی ۔

جناب والا ۔ ماؤں نے اپنے بیٹے شہید کروائے ۔ ملک پر قربان کروائے تاکہ وہ قوم کے سارے بیٹوں کی حفاظت کریں ۔ بہنوں نے اپنے بھائیوں کو شہید کروایا کہ قوم کے دیگر بھائی امن اور چین سے رہ سکیں ۔ بیٹوں کے باپ اس لئے شہید ہوئے کہ ساری قوم کی بیٹیوں کی عصمتیں اور عظمتیں محفوظ ہو سکیں ۔ اور یہ بہت بڑی قربانیاں ہیں۔

جناب والا ۔ جیسا کہ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے (میں یقیناً انکی اس بات سے اتفاق کرتا ہوں) کہ ہم نے اس جنگ میں بہت کچھ کھویا ہے ۔ لیکن بہت کچھ پایا بھی ہے ۔ جو بات ہم نے پائی ہے وہ یہ ہے کہ پاکستان کی آزادی ہر فرد و بشر کے لئے عظیم ہے ۔ اور یہ قوم بڑی عظیم ہے ۔ اور پاکستان کی خاطر دی گئی قربانیاں اس سے بھی عظیم تر ہیں ۔ اور ابھی جنگ ختم نہیں ہوئی ۔

جناب والا ۔ میں اس سلسلے میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ ہم نے اپنی کوششوں کو اس وقت تک جاری رکھنا ہے ۔ اور میں خواجہ صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ ہماری قیادت ہر وقت اس امر کے لئے کوشاں ہے ۔ کہ پاکستان کی بقاء اور سالمیت کے لئے کسی بھی قربانی اور کوشش کو زیادہ نہ سمجھا جائے اور صدر ایوب نے اس معاملہ میں ہمیشہ ہر لحاظ سے ہر میدان میں اور ہر مقام پر یہ کوشش جاری رکھی ہے کہ ہمیشہ پاکستان کا سر بلند رہے جب تک ہم کشمیریوں کو ان

کا بنیادی حق لیکر دینے میں کامیاب نہیں ہو جاتے اس وقت تک ہم اپنے کشمیری بھائیوں کی جنگ آزادی لڑتے رہیں گے ۔

جناب والا ۔ میں عرض کروں گا کہ ہمیں بہت سے امتحانوں کا مقابلہ کرنا ہے باطل میں بہت سی کمزوریاں ہیں لیکن وہ اس وقت تک نہیں مٹتا جب تک قربانیاں اس حد تک نہ دی جائیں اور حق کی خاطر بہایا گیا خون اس تیزی سے نہ بڑھے کہ وہ باطل کی ڈالی ہوئی زنجیریں اپنی تیزی سے کاٹ دے ۔ اس وقت تک باطل دینے کا نام نہیں لیتا ۔ لیکن ہماری تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ آج سے کچھ سال پہلے کچھ لوگوں نے الجزائر کو بھی فرانس کا اٹوٹ حصہ قرار دیا تھا۔ مگر عوام اس وقت تک قربانیاں دیتے رہے جب تک ملک کی حکومت نے تسلیم نہ کر لیا۔ کہ الجزائر کے عوام کو آزادی کا وہ حق حاصل ہے جس حق کے لئے وہ لڑ رہے ہیں ۔ اور آخر کار جب صدر ڈیگال بر سر اقتدار آئے تو انہوں نے ساری مخالفتوں کے باوجود اس حق کو تسلیم کر لیا ۔ اب ہندوستان کے ناخداؤں کو بھی آخر کار یہ بات تسلیم کرنی ہے ۔ اور ان کو تسلیم کرنی پڑے گی اور ہم بھی اس وقت تک پورے طور پر کوشاں رہیں گے اور ہم کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے ۔

جناب والا ۔ ہمیں اپنے شہیدوں کے خون کی سرخیوں سے پاکستان کی تاریخ کے لئے ابھی نئے موضوع چننے ہیں بلکہ ہم نے اس چیز کا عہد کرنا ہے کہ ہم ان کے پاکیزہ خون کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیں گے ۔ اور ہمیں اعتماد کامل ہے کہ انشاءاللہ ہمیں آخرکار ہر میدان میں کامیابی ہو گی ۔

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲) — جناب والا ۔ ۵—۶ ستمبر کی درمیانی شب کو پاکستان کی تاریخ نے ایک سنہرے باب کا عنوان لکھا ہے ۔ وہ قوم جو ۵ ستمبر کی شام کو سوئی اور ۶ ستمبر کی صبح کو اٹھی وہ یکسر بدل چکی تھی ۔ اس قوم میں خیبر سے لیکر چٹاگانگ تک یک جہتی پیدا ہو چکی تھی ۔ اس قوم کے گناہگار تائب ہو چکے تھے ۔ وہ قوم نیکوں کی بن چکی تھی ۔ وہ ارض پاک کے نیک بسنے والے بن چکے تھے ۔ اور وہ قوم جس کا اتحاد پارہ پارہ تھا اب وہ قوم ایک ہو چکی تھی ۔ اس قوم کا خدا ایک تھا ۔ اس کا رسول ایک تھا ۔ اور وہ ہر طرح سے ایک بن چکی تھی ۔ اس صبح کو جب یہ

خبر پہنچی کہ بھارتی سینا نے لٹیروں کی طرح منہ اندھیرے اس پاک سر زمین پر ناپاک قدم رکھ دیا ہے تو وہ ساری زمین تلملا اٹھی۔ وطن کے پاسبان ۔ وطن کے جانباز لبیک لبیک کہتے ہوئے ۱۰ کروڑ انسانوں کی بقاء کیلئے موت کے منہ میں آنکھیں ڈالے اس بھارتی سینا سے ٹکرا گئے اور آگ اور خون کے دریا میں کود گئے ۔ توپوں کا دھواں اور توپوں کی آگ ان پر گلزار بن گئی ۔ اور انہوں نے وہ معرکۃالارا بہادری کے جوہر دکھائے کہ جن کے گیت گائے جائیں گے ۔ جن کے ریکارڈ آئندہ تاریخ میں محفوظ رہیں گے ۔ اور وہ تاریخ جو شہیدوں کے خون سے لکھی گئی تھی وہ تاریخ سنہری الفاظ میں جب تک یہ دنیا قائم ہے باقی رہے گی ۔ ہمارے بہادروں نے اپنی جرات شجاعت اور طاقت سے دشمن کی کمر توڑ دی ۔ دشمن نے لاہور واہگہ، قصور اور بیدیاں سیکٹر سے شکست کھانے کے بعد چونڈہ (سیالکوٹ) کو منتخب کیا ۔ اور دشمن کے چھ سو ٹینک وہاں پر پڑھے ۔ ہمارے جانبازوں نے جس بہادری کا مظاہرہ کیا اس کے متعلق میں وہ الفاظ جو انگریزی میں ہیں استعمال نہیں کرنا چاہتا لیکن ان کے استعمال کرنے سے شائد دنیا پر حقیقت واضح ہو جائے suicide squads بنائے گئے ۔ وہ گرینیڈ لے کر ٹینکوں کے سامنے جیپوں میں چلے گئے اور انہوں نے جا کر کیا جیسے ہاتھیوں کے سامنے جا کر اپنا سر ٹکرا دیا ہو ۔ وہ شہید ہوئے ۔ ان کی یادیں نشان حیدر عزیز بھٹی ۔ بریگیڈیر شامی اور کرنل رحمان اور دیگر شہیدوں کے تذکروں میں باقی ہیں ۔ انہوں نے ثابت کیا کہ قیادت اس کو ملتی ہے جسے ذوق شہادت ہو ۔ انہوں نے جانیں قربان کیں کیونکہ وہ قائد اعظم کی فوج کے سپاہی تھے ۔ ان کی امداد کیلئے رسول پاک صلی‌اللہ علیہ و سلم تشریف فرما تھے ان کی کامیابیوں کیلئے دنیا کے ہاتھ اٹھے ہوئے تھے ۔ ان کیلئے مکہ معظمہ میں ہر روز دعائیں مانگی جا رہی تھیں ۔ لوگوں کو بشارتیں ہوئیں ۔ حضرت محمد علی ایک بزرگ تھے ان کو بشارت حضرت ابراہیم علیہ‌السلام کی ہوئی اور انہوں نے فرمایا کہ وہ آگ جو پاکستان کیلئے جلائی گئی تھی وہ گلزار بن گئی ہے ۔ حضرت عباسی صاحب کو حضرت علی کرم‌اللہ‌وجہہ کی بشارت ہوئی کہ پاکستان میں جہاد ہو رہا ہے ۔ ہم شرکت کریں گے ۔ ایک بزرگ کو رسول کریم صلی‌اللہ علیہ و سلم کی بشارت ہوئی ۔ انہوں نے پوچھا یا رسول‌اللہ آپ اتنی تیزی میں کہاں جا رہے ہیں ۔ حضور اکرم صلی‌اللہ علیہ و سلم نے

فرمایا کہ پاکستان پر مصیبت کا وقت ہے ہم وہاں جہاد کیلئے جا رہے ہیں ۔ بیان کیا گیا ہے کہ رسول پاک ایک نہایت خوبصورت گھوڑے پر سوار تھے ۔ آپ کے پیچھے مواجہ شریف سے ایک قافلہ جہاد کے لئے آیا ۔ اور ان کی برکت سے وہ روایات جو جنگ احد اور جنگ بدر میں قائم کی گئی تھیں ۔ چودہ سو سال بعد تاریخ ان روایات کو دہرانے میں کامیاب ہوئی ۔

جناب سپیکر ۔ دراصل جیسا کہ قائد ایوان نے ابھی فرمایا ہے ۔ بھارت گزشتہ ۱۸ سال سے ذہنی طور پر نہ صرف کشمیر کے مسئلہ کو معرض التوا میں رکھ رہا ہے بلکہ وہ International obligations سے غداری کرتے ہوئے کشمیر میں رائے شماری کرانے کے وعدے سے بھی منحرف ہوا ہے ۔ یہی نہیں بلکہ وہ پاکستان کے وجود کو بھی تسلیم کرنے کو تیار نہیں۔ ۱۹۴۷ء میں تقسیم ملک کے وقت ہمارا اثاثہ ۱۷ فیصد تھا لیکن انگریز کی عیاری کیوجہ سے چالیس آرڈیننس فیکٹریوں میں سے ایک آرڈیننس فیکٹری بھی ہمیں نہ مل سکی۔

جناب والا ۔ بھارت نے ۱۹۶۲ میں اپنی شکست کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اور چین کا ہوا کھڑا کرتے ہوئے امریکہ سے ۳۶ کروڑ ڈالر کی فوجی امداد حاصل کی اور روس سے ۳۰ کروڑ ڈالر کی فوجی امداد حاصل کی ۔ اور ۱۰۰ کروڑ ڈالر کی اقتصادی امداد حاصل کی ۔ جو فوجی امداد ہندوستان کو ملی اس کے متعلق اس نے کہا کہ وہ ہمارے خلاف استعمال نہیں کی جائے گی ۔ حالانکہ یہ غلط تھا اور غلط ہے . . . .

Mr. Speaker : The Member may please try to conclude his speech.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I will try to conclude it.

جناب والا ۔ آپ کے حکم کے تحت مختصراً کرتے ہوئے کشمیر کا ذکر کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ کشمیر آج چیخوں اور نالہ و شیون کا شہر ہے ۔ وہاں مقبوضہ کشمیر میں کوئی بھی ایسا شخص نہیں جس کے خاندان کا کوئی نہ کوئی فرد بھارتی استبداد کے ہاتھوں شہید نہ ہوا ہو ۔ یا کوئی ایسا خاندان نہیں جس کی کوئی نہ کوئی عزیزہ ان بھارتی بھیانک انسانوں کی ہوس کا شکار نہ ہوئی ہو ۔

جناب والا ۔ مجھے ایک نہایت ہی اہم بات عرض کرنی ہے اور وہ یہ ہے کہ جیسا کہ مسٹر ذوالفقار علی بھٹو وزیر خارجہ نے سلامتی کونسل میں کہا ہے ہمارے لئے نہ ۲۰ ستمبر کی قرارداد تسلی بخش تھی اور

نہ ۵ اکتوبر کی قرارداد جو دھرائی گئی ہے ہمارے لئے تسلی بخش ہے ہم نے یہ قراردادیں صرف اس لئے قبول کی ہیں کہ ہم اقوام عالم کو موقع دینا چاہتے ہیں کہ وہ پرامن ذرائع سے کشمیر کا فیصلہ کرائیں ۔ ہمارے وزیر خارجہ اور صدر مملکت کی جو خارجہ پالیسی ہے وہ تمام پاکستان کی آئینہ دار ہے آج ہم مکمل طور پر ان کی خارجہ پالیسی پر اعتماد کرتے ہیں ۔ اور اگر امریکہ یا دوسری قوتیں ہمیں اپنے ہمسایہ ملک چین سے دوستی رکھنے کے عوض کوئی سزا دینا چاہتی ہیں تو ہم اس کے لئے بھی تیار ہیں۔ لیکن ہماری خارجہ پالیسی خود دار اور آزاد ہی رہے گی۔

آخر میں میں سمجھتا ہوں کہ جن اصحاب نے گراں قدر فوجی خدمات سرانجام دی ہیں وہ اور ہمارے تینوں کمانڈر فضائی ۔ بری اور بحری اور ہمارے سپریم کمانڈر صدر ایوب یہ سب کے سب مبارکباد کے مستحق ہیں ۔ بلکہ میں تمام نظم و نسق کے چلانے والوں اور تمام سول ایڈمنسٹریشن کو مبارکباد کا مستحق سمجھتا ہوں کیونکہ انہوں نے ۱۷ دن کی جنگ میں شب و روز کوشش کر کے گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں ۔ اور ہمارے گورنر مغربی پاکستان جو دوران جنگ میں لاہور ہی میں رہے اور اپنے مقام پر مقیم رہے اور جنہوں نے شب و روز تمام نظم و نسق کو بغور دیکھا وہ بھی قابل مبارکباد ہیں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہر اس شخص کو (اس سے خواہ ہمارا اختلاف ہی کیوں نہ ہو) جس نے کچھ نہ کچھ قوم کے لئے کیا اس کو پورا cred.t ملنا چاہئے ۔ اور آخر میں میں اس معزز ایوان سے اور حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتا ہوں کہ اگر کشمیر کا مسئلہ سلامتی کونسل پرامن طریقے سے حل نہ کرائے تو اس کو بنوک شمشیر حل کیا جائے ۔

خان عبدالستار خان (مردان ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ میں اس ریزولیوشن کی حرف بہ حرف تائید کرتا ہوں پاکستان کی شیر دل اور بہادر فوجوں نے ۱۷ روزہ جنگ میں اپنے جوہر مردانگی دکھا کر دنیا کو دنگ کر دیا ہے ۔ اور پاکستانی عوام نے درہ خیبر سے لیکر چاٹگام تک فرد واحد کی طرح متحد ہوکر اپنی افواج کا ساتھ دیا ۔ نیز عوام نے اپنے لیڈر صدر پاکستان فیلڈ مارشل محمد ایوب خان پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ اس بے مثال اتحاد، تنظیم اور ایمان کے ساتھ ساتھ تائید غیبی بھی ہمارے شامل حال رہی ہے ۔ اور خداوند تعالی نے اپنے نام لیواؤں کی لاج رکھنے کے لئے انہیں غیبی نصرت و تائید عطا فرمائی اور ہماری بحری بری اور فضائی افواج کو جرأت اور شجاعت کے ساتھ

دشمن کا مقابلہ کرنے کی توفیق عطا فرمائی اور جو فوج دین اسلام اور مسلمانوں کو مرعوب کرنے آئی تھی - خود مغلوب ہو کر پسپا ہوئی - اس موقع پر ہم اس ہستی کو بھی خراج تحسین پیش کریں گے جس نے ان افواج کو ایسی اعلیٰ اور کامل ٹریننگ دی یعنی فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کو جنہوں نے شبانہ روز محنت و لیاقت سے پاکستانی افواج کو خوب تربیت دی اور ان کی ٹریننگ واقعی قابل صد ستائش تھی - اور پھر انہوں نے داخلی وسائل کو اس عمدگی اور سلیقے سے استعمال کیا کہ ہماری افواج نے دشمن کے چھکے چھڑا دئے - اور میدان جنگ میں دشمن نے منہ کی کھائی -

اس کے علاوہ مجھے ایک میٹنگ کا حوالہ دینا ہے - جو کہ جہاد کے سلسلے میں ہمارے ضلع میں ہوئی - اس میں کئی عمر رسیدہ بوڑھے اور ضعیف بھی شامل تھے - جن میں ایک صاحب کوئی ۷۰ سال کے ایسے تھے کہ نہ منہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت - ہم نے کہا بابا جی آپ جہاد کی میٹنگ میں کیوں آئے ہیں - ہمیں تو نوجوانوں کی ضرورت ہے - تو اس بڈھے نے کہا کہ ہماری پیٹھوں پر بم باندھیے یا گرنیڈ باندھیے ہم اپنی جان کی بازی لگا کر ان بموں سے دشمن کا کچومر نکال دیں گے - اس سے ثابت ہوتا ہے کہ تمام قوم سر پر کفن باندھ کر جہاد میں شامل ہونے کے لئے بے تاب ہے - اور با عزت موت کو بے کار زندگی پر ترجیح دیتی ہے - مقام مسرت ہے - کہ ہماری آپوزیشن بھی گورنمنٹ کے ملکی دفاع میں برابر کی شریک ہے - اور پورے اتحاد و اتفاق سے کام کر رہی ہے - یہ واقعی ایک نیک فال ہے - اس سے امید ہے کہ انشاء اللہ ہم کو خداوند تعالیٰ فتح کامل عطا فرمائے گا اور ہم کشمیر کو آزاد کرالیں گے -

Captain Akhtar Ayub Khan (Hazara-III) : Mr. Speaker, Sir, the Indian unprovoked attack without any declaration of war on Pakistan was not only to stop us from giving whole-hearted support to the cause of the oppressed and the suppressed people of Kashmir but was to humiliate Pakistan so that once for all this country lives under the shadow of Indian imperialism. The Kashmiri people for the last 18 years have been struggling under the yoke of Indian oppression and from time to time they have been coming out openly against India for that right which India had always supported and had penned down even before the United Nations and before the public opinion that they would get their right to decide whether they would join Pakistan or Join India. It was this right that Indians have always tried to oppress and have always tried to suppress. The Kashmiri people have continued their struggle to achieve this right. We being Pakistanis, we being their brethren, we having the same culture and we having the same traditions have got every right and have got every privilege and have got every duty to stand by them in their right and just cause. Kashmir is not only a dispute of this part of the world but Kashmir amounts equally a lot to us. The rivers of Kashmir flow through West Pakistan. They give fertility to the ground, they give fertility to your soil,

they give fertility to West Pakistan. The fruit of West Pakistan which you eat really is the off-spring of the rivers and soil of Kashmir. Your bodies belong to Kashmir, your flesh belongs to Kashmir, your bones belong to Kashmir, and every sacrifice for the cause of Kashmir is your own sacrifice as all belongs to Kashmir.

(*Hear, hear.*)

As far as the Indians go they thought that they would ultimately win. They chose their direction, they chose their methods, they chose their ways and they attacked Pakistan. We told our 'beloved' friends that we were with them in CENTO, we were with them in SEATO but they said that there is no Communist attack on Pakistan. The Communists have never attacked us. It was the Indians who attacked us. We, therefore, did not depend on CENTO, we did not depend on SEATO, we depended on the will of our people and that will of the people fought Indian Imperialism and pushed the Indians back. This was a blessing in disguise—a great blessing as some people thought and even the people of the world thought that we would not be able to stand on our own legs. Now, once for all that myth has been shattered and broken. The Indians are bigger in strength than us, they are bigger in power, they have better resources than us and then our friends have armed India to fight a country like China—the great Power of Asia. The Indians who were prepared to attack a country like China had invaded us. Let me assure you, Mr. Speaker, it is the greatest humiliation for Indian imperialism that when they were at the height of power their aims, wishes and dreams were shattered by a small country, by a small force of people and by a much smaller army. It is a great credit to your country and it will go down in military history that a power six or seven times stronger than you was stopped and pushed back. This was the greatest humiliation for the Indian army and for all those who had given weapons to Indians. Now, they may be thinking that what for we have given all these things if they have not been able to take a country like Pakistan. How could they make their dreams true and what role the Indians could now play in this part of the world.

Mr. Speaker ; Sir, this war has not only given you a new life, unity, cohesion and nationalism but it has once for all shattered the dreams of Indian imperialism in this part of the world. These dreams had first been shattered by Mahmud Ghaznavi, for the second time by Ahmad Shah Abdali and for the third time by Pakistan. India has failed to achieve its objective. By striking and pushing back the Indians you have shattered that objective.

Mr. Speaker : Sir, the greatest lesson you have learnt by this war is that you are in future to stand on your own legs with the support of your own people and with your own unity you have got to fight your own wars and develop your own country. In the foreign field you know who are your friends because when the hour is struck those who have stood with you do really matter. I don't mean fair-weather friends who have stood with you in times of peace but not when there was real danger. Thank God, this lesson has come out. Sir, the greatest support that you got from the great Chinese people is the support which they gave you in the time of need. The Chinese people have supported you in your just cause, they have supported you in your right cause. They have supported you and thus upheld the great principles which their revolution has brought about the principles of support to and standing by all the oppressed and suppressed people struggling under the heels of imperialism. A friend in need is a friend in deed. It is very true in the case of China. The same can be said about some countries of Europe and the Islamic world. All the freedom loving people and people with a conscience

have supported you. This war has brought about a lot. This has brought about a lesson for you. We were a new nation, we were a new country and we were a new people. The hour had been struck for us. We did not know who were our friends and who would come to our support in the time of crisis. We have learnt all that. By the grace of God we have now unity and cohesion. We must keep the cohesion and unity and channelise it towards the defence of this country so that if, once more, the Indian imperialists attack us, we can beat them off, not only beat them off but give them a striking blow so that they may be set right and put back to their senses.

Sir, the most important thing is this that this cohesion and unity should be channelised for the development of the national spirit, progress and prosperity of our people and our nation.

Thank you.

Mr. Ahmed Mian Soomro (Jacobabad-II) : Mr. Speaker, the views already endorsed by the Leader of the House and the Leader of the Opposition and my other colleagues in this House are, no doubt, fully supported by each and every Pakistani from Khyber to Chittagong without a single exception. This war, in spite of the losses, is no doubt of great benefit to us—benefit, because it has shown to the world that this nation, at a second's notice, can face the enemy, a treacherous enemy—who against all principles of the Geneva Convention which requires a minimum notice of 48 hours before the war breaks out—can violate all those principles and attack in the late hours of the night. This war has shown that this nation without exception, whether it be Members on the Government Benches or Opposition Benches, whether it be the persons fighting on the front or women at home, can at a moment's notice fight the enemy as one single person.

Sir, this war of seventeen days has strengthened the faith of Muslims. Besides creating international amity between all Muslim nations of the world it has shown that what the Almighty Allah has promised—his help to the righteous—has been fulfilled. Pakistanis who were outnumbered by the Indians by about one to ten in army, armoured divisions, weapons, etc., have with the help of the Almighty Allah once again revived the battle of Badr. Sir, it is proved how God helps the righteous.

Sir, to our Armed Forces-whether it be the Army, Navy or the Air Force—no amount of praise that could be given, would be sufficient. No amount of praise could be given, would be sufficient. No amount of praises sung for the people in the Azad Kashmir sector, Sialkot sector, Lahore sector and in the Fazilka sector would be enough. We have instances in this war of how in Rajesthan sector even the civilian Sindhis turned back the Indians and captured sixteen hundered square miles from the mighty Indian Army. Sir, this instance only shows the faith which the Muslims have in the Almighty that even the backward civilian population of this country would not lag behind in the hour of need. People fought on the front, some gave physical sacrifices, others gave monetary sacrifices but no one to whatever caste or creed he belonged, hesitated to make some sacrifice, big or small, which he could within his limited means. Coupled with that each and every Government Department worked day and night. Every Officer felt as if it was a question of life and death for him personally. Sir, each Department did well but the Railway did miracles. During the course of night and day we found that without disturbing a single civilian train without the civilians feeling any difficulty, armoured divisions and arms and ammunition was moved from one place to another. These trains moved without the least possible inconvenience to the public and without the public even knowing about them.

Last but not the least, even the anti-social elements—thieves and dacoits—did not lag behind others. No amount of laws could suppress them. No amount of punishment could improve them, but Sir, the record will show that during these 17 days this cause of the Nation kept even these anti-social elements away from robberies and dacoities so that they may not disturb the Nation and divert its attention but to go for fighting the enemy.

Sir we know that those who fought and died for us or even those Ghazis, who are alive, their names would live in our memories for ever. We know that even the Officers did not allow their men to feel that they were fighting alone and they were themselves fighting like soldiers.

Sir, I will not take any more time as much has already been said here. The more we say, the less it is Sir.

Mr. Speaker : Mr. Sadiq Hussain Qureshi.

Nawabzada Sadiq Hussain Qureshi (Multan-IV): Mr. Speaker, Sir, I rise to congratulate the armed forces for their heroic fight for the homeland. This war, which India declared on Pakistan on the 6th of September, would have taken place under any circumstances. It may have been in 1965, five, ten or 15 years later. The day Pakistan came into existence on the 14th of August, 1947, India felt that this was a neighbour, which would outwit them in every way. This country developed within these 18 years to its maximum, and all of our neighbours realized that in Pakistan they had an ally, which was friendly and forceful. Our armed forces fought for a period of 17 days, and never before in the history of the world have forces fought so gallantly, as our armed forces did. Besides this, the civilians of East Pakistan and West Pakistan on all borders shed their blood, and they showed to the entire world that this was a Nation which could not be defeated irrespective of whether the armed forces strength of India was five or fifty times greater. It is this morale, spirit and discipline of our forces and our people, which made us unite and fight India and the basis of our unity was our religion, Islam. We realized that if this country was to exist, it must be united and we have shown this to the rest of the world, alongwith our morale and the spirit of our forces. It is hard to believe when you pay a visit to the front and see what your forces have done. I was in Lahore on the day when the dog-fight took place, and it was surprising to see so many civilians out in the open not worrying about their lives in order to see their gallant Air Force in action.

Sir, Pakistan is a peace-loving country. We don't want war. But if it comes and India tries to attack Pakistan again as she has attacked other small countries in the past, it would be very difficult to imagine the destruction which it will bring upon itself. We Pakistanis are pround of our country, of our deeds, of our countrymen. Every person, whether it be a child or an old man or woman, has done his or her job very well. I would like to congratulate the armed forces once again.

Sir, the war is not yet over, and our people should be ready at all times and we will Insha Allah, (by the grace of God) when the time comes, fight in a way, which would be a lesson for India.

مسٹر سپیکر—مسٹر حمزہ -

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦)—جناب سپیکر - مبارک ہیں وہ لوگ اور قابل تقلید ہیں وہ انسان وہ عظیم انسان جنہوں

نے ملک کی حفاظت کی ۔ اپنی جانیں قربان کی ہیں اور شہادت کا مقام حاصل کیا ہے اور قابل صد ستائش ہیں وہ فوجی جنہوں نے ملک کی حفاظت کے لئے انتہائی جذبہ و ایثار اور انتہائی جانبازی کے ساتھ جنگ میں حصہ لیا ۔ ساری قوم ان کی ممنون احسان ہے ۔ یہ وہ انسان ہیں جنہوں نے پاکستان کو تمام دنیا میں ایک بہادر قوم کی حیثیت سے روشناس کرایا ہے ۔ اور کشمیریوں پر ہندوستان کے ۱۸ سال کے متشددانہ مظالم کے ہندوستانی نقاب کو چاک کیا ۔

جناب سپیکر—ان کے یہ کارہائے نمایاں اور ان کی یہ عظیم قربانیاں قابل ستائش ہیں کیونکہ ہندوستانی افواج عددی لحاظ سے اور کثرت اسلحہ کے لحاظ سے پاکستان کے مقابلہ میں بہت ہی زیادہ طاقت ور تھیں کے دانت کھٹے کر دیئے ۔ اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ ہندوستان کا حملہ بالکل غیر متوقع تھا ۔ جناب قائد ایوان نے فرمایا ہے کہ انہوں نے ہمیں دھوکا دیا اور جنگ کا اعلان کئے بغیر حملہ کر دیا مگر پاکستان کی بہادر فوجوں نے انتہائی جوانمردی سے ان کا مقابلہ کیا وہ قابل قدر ہے ۔ اس کے ساتھ ساتھ مجھے یہ ڈر ہے کہ ہم ان کی قربانیاں آئندہ سالوں میں بھول نہ جائیں ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ پاکستان جب معرض وجود میں آیا اس وقت لاکھوں انسان ہندوستان کی درندگی کا شکار ہوئے ۔ لیکن پاکستان بننے کے بعد ۱۸ سال کے دوران میں جب ہندوستان نے جو پہلے ہی طاقت ور تھا اپنے وسائل کو پوری طرح استعمال کر کے فوجی طاقت کو بڑھایا ۔ ہماری قوم عیش و عشرت کا شکار رہی ۔ جناب سپیکر ۔ جب ہمارے ملک میں ہزار ہا بلند و بالا عمارتیں تعمیر کی جا سکتی ہیں تو کیا وجہ ہے کہ ملک کو پورے طور پر ہندوستان کے حملہ کا مقابلہ کرنے کے لئے بلکہ حق و صداقت کی جنگ کے لئے تیار نہیں کیا گیا ؟ جناب سپیکر ۔ میرے نزدیک ان شہیدوں کا خون پکار پکار کر یہ کہتا ہے کہ ہمیں غیروں کا سہارا لینے کی عادت کو چھوڑ دینی چاہئے ۔ اور کسی غیر ملک کا سہارا نہیں ڈھونڈنا چاہئے کیونکہ ہم نے دیکھا ہے کہ جن دوستوں

نے ہم سے دوستی کا عہد کیا تھا وہ حقیقتاً ہمارے دشمن ثابت ہوئے ۔ ان شہیدوں کا لہو یہ پکارتا ہے کہ جس طرح دھوکا دینا برا ہے اسی طرح دھوکا کھانا بھی بے حد برا ہے اور ہندوستان کے بارے میں کل تک جو کسی قسم کی خوش فہمی تھی وہ ختم ہو جانی چاہئے ۔ ہم نے اگر دنیا میں جینا ہے اور پاکستان کو ایک خود دار ملک کی حیثیت سے قائم رہنا ہے ۔ ہمیں اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا چاہئے اس جنگ نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ اگر ہم کبھی بھی کسی دوسرے ملک کا سہارا لینگے ہمیں نقصان اٹھانا پڑے گا ۔

جناب سپیکر—جناب خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ حق و صداقت کی جنگ ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ تمام ملک کی آبادی نے اس میں حصہ لیا لیکن ابھی ہم نے اپنا مقصد حاصل نہیں کیا ۔ ہمیں چاہئے کہ ہم مظلوم کشمیری بھائیوں کی مدد کے لئے اور ان کو ہندوستان کے ظلم و ستم سے نجات دلانے کے لئے نکلیں ۔ اور اس نقطہ نظر کو بالکل چھوڑ دیں کہ ہم کشمیریوں کو ان کا حق مذاکرات سے دلا سکیں گے ۔ بلکہ یہ حق ہم ان کو طاقت کے ذریعہ سے دلا سکینگے ۔ اس لئے ضروری ہے کہ ہم سب سے پہلے اپنے ملک کو پورے طور پر متحد کریں اور اس کے ساتھ ساتھ اپنے وسائل کو پوری طرح استعمال کریں اور پھر دشمن ملک اگر ہمارے کشمیری بھائیوں کو ان کا حق دینے کو تیار نہ ہو تو ہم اسے صفحہ ہستی سے مٹا دیں ۔ (نعرہ ہائے تحسین) ہم انہیں دوسرے لوگوں کا غلام بنانا نہیں چاہتے لیکن ہم یہ برداشت نہیں کر سکتے کہ ہمارے بھائی ظلم و ستم کا تختہ مشق بنے رہیں ۔

جناب سپیکر ۔ قائد ایوان نے یہ فرمایا کہ جذبہ اور قوت ایمانی سے ہم غیروں کا مقابلہ کر سکتے اور ہندوستان کو شکست فاش دے سکتے ہیں لیکن اسکے ساتھ ہی ساتھ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ مسلح ہونیکے لئے

تمام وسائل کو بروئے کار لانا بھی اتنا ہی ضروری ہے - ہمیں چاہئے کہ اس جنگ کے دوران جو سبق ہم نے سیکھے ہیں ان کو ہر وقت پیش نظر رکھیں - میں سمجھتا ہوں کہ ہندوستان نے پاکستان پر حملہ کر کے ہم پر ایک احسان عظیم کیا ہے اور ہمیں اپنی کمزوریوں کا احساس دلایا ہے اور ہمیں یہ بتایا ہے کہ ہم کس طریقہ سے دشمن کا مقابلہ کر سکتے ہیں ہمیں ان سبقوں سے پورا پورا فائدہ اٹھانا چاہئے - اور آئندہ عیش و عشرت کی زندگی چھوڑ کر اور محلات تعمیر کرنے کی بجائے ہمیں اسلحہ ساز فیکٹریاں تعمیر کرنی چاہئیں اور ہمیں ان تمام ملکوں کا شکریہ ادا کرنا چاہئے اور ان سے تعاون کرنا چاہئے جنہوں نے جنگ کے ایام میں ہماری پوری مدد کی اور جب میں مسلح افواج کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں ان تمام بیرونی ممالک کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے کہ اس جنگ کے دوران پاکستان کی حمایت کی - ان ملکوں میں سر فہرست چین آتا ہے ، انڈونیشیا اور دیگر اسلامی ممالک خاص طور پر قابل ذکر ہیں -

میں اپنی اس تقریر کو نامکمل سمجھوں گا اگر ان حر بہادروں کا ذکر نہ کروں جنہوں نے راجستھان سیکٹر میں بغیر کسی فوجی مدد کے صرف اپنی طاقت کے بل بوتے پر اپنی قوت ایمانی کے زور سے ہندوستانی افواج کو پے بہ پے شکستیں دیں - افواج کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے مجھے لاہور اور سیالکوٹ سیکٹر کے جنگی بے گھر لوگ یاد آتے ہیں جن پر ہندوستان نے راتوں رات حملہ کر کے ان کو جانی اور مالی نقصان پہونچایا اور آج کئی ماہ گذر چکے ہیں کہ وہ تکالیف کا شکار ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ وہ ہمارے بھائی ہیں ہماری حکومت ان کی حتی الامکان مدد کرے لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ میں یہ بھی عرض کروں گا کہ وہ جس جوانمردی کے ساتھ ان تمام مشکلات کا مقابلہ کر رہے ہیں وہ قابل تحسین ہے -

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

Mr. Speaker : Yes, Sheikh Masud Sadiq and this would be the last speech.

Mr. Muhammad Yusaf Khan: My respectful submission is that majority of the members of this House want that time should be extended.

Minister of Finance (Sheikh Masud Sadiq) : Sir, there is going to be discussion on the Supplementary Budget for two days and the Members will have the opportunity of speaking for two days on this subject also.

Mr. Speaker : I must clarify the position. The actual position is that there was an agreement between the Leader of the House and the Leader of the Opposition that 1½ hours would be devoted for this resolution. We started at 9.30 a.m, and the time is going to be up at 11.00 a.m. Therefore, this would be the last speech. If there are some members who want to participate in this debate they can, as suggested by Sheikh Masud Sadiq, take part in it on the 7th or 8th.

Minister of Revenue (Khan Habibullah Khan) : There is another suggestion also. If some of the members are keen to participate in this debate, which is of course very important and many of them would like to speak on the resolution, I would agree to the suggestion made by Mr. Muhammad Yusuf Khan provided we suspend the Question Hour. These questions can be taken on some other date. Sir, this is not a new thing. There are precedents when Question Hours were suspended with a view to giving an opportunity to the members to participate in some very important debate like the present one. There is no harm if the Question Hour is suspended because these Questions can be taken up on some other date.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) جناب والا - آپ کو معلوم ہے کہ یہ سیشن زیادہ عرصہ تک جاری نہیں رہیگا - جو سوالات اس ایوان میں پوچھے جانیوالے ہیں اگر انہیں suspend کر دیا جائیگا تو شاید ان کی باری نہیں آئیگی - اس لئے میں قائد ایوان کے اس suggestion سے متفق نہیں ہوں - میں درخواست کرتا ہوں کہ آپ آدھ گھنٹہ وقت بڑھا دیں مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے - میرا تو یہ اصرار تھا کہ وقت اس بحث کیلئے زیادہ دیا جائے لیکن قائد ایوان کا اصرار یہ تھا کہ ڈیڑھ گھنٹہ سے زیادہ وقت نہ ہو اور صرف دو تقریریں ہوں یہ صرف ان کی ذمہ داری ہے میں اسمیں شامل نہیں ہوں لیکن اگر آپ آدھ گھنٹہ وقت بڑھا سکتے ہوں تو بڑھا دیں -

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)- کنونشن یہ ہے کہ اگر لیڈر آف دی ہاؤس اور لیڈر آف اپوزیشن سپیکر کے سامنے یا اس کے چیمبر میں کچھ باہمی صلاح و مشورہ کی باتیں کریں تو وہ باتیں ایوان میں نہیں کہی جاتیں - انہوں نے سپیکر کے چیمبر میں کچھ ایسی باتیں کہی ہیں جو میں یہاں

نہیں کہہ سکتا لیکن اگر میں کہہ دوں تو ان کے پاس کوئی جواب نہیں نکلے گا - اگر آپ کی اجازت ہو تو میں ان باتوں کو کہہ دوں اور یقیناً ان کے پاس ان کا کوئی جواب نہیں ہوگا لیکن بہتر یہی ہے کہ میں ان کی کرتوت پر پردہ رکھوں اور ان کا اظہار نہ کروں مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ میں نے ۹۰ منٹ کا کوئی وعدہ نہیں کیا تھا -

خواجہ محمد صفدر—آپ اس کے لئے سارا دن وقت کر دیں مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے -

وزیر مال—آپ کے questions سے یہ قرار داد زیادہ اہم ہے -

مسٹر سپیکر—خان صاحب ان کی تجویز کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے کہ اس قرار داد کے لئے آدھ گھنٹہ وقت اور بڑھا دیا جائے - اس میں کیا حرج ہے -

وزیر مال—جناب سپیکر - آپ ایوان کا suggestion لے لیں - ہاؤس سے پوچھ لیں کہ آیا آدھ گھنٹہ وقت بڑھا دیا جائے یا Question Hour کو suspend کر دیا جائے -

خواجہ محمد صفدر—میں سوالات کا وقت شامل نہیں کر رہا ہوں - میرا مطلب یہ ہے کہ اس کو گیارہ بجے کی بجائے ساڑھے گیارہ بجے تک کر دیا جائے - اور پھر ہم ایک بجے کی بجائے ڈیڑھ بجے ایوان کی کارروائی ختم کر دیں گے -

Mr. Speaker : The speeches on this resolution will continue up to 11-30 a.m. شیخ صاحب کیا آپ اس وقت بولنا پسند کریں گے ؟

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) — جناب میں ۱۰ منٹ بول لیتا ہوں - جناب والا ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان اللہ تعالی کی برکت سے قائداعظم کی معرفت معرض وجود میں آیا - یہ قائداعظم کی دور اندیشی اور فہم و فراست تھی کہ انھوں نے ہمیں ایک motto دیا ''اتحاد، ایمان اور یقین محکم'' جس پر ہم نے عمل کیا اور یہ معجزہ ہمارے سامنے پایہ تکمیل تک پہنچ گیا - میں یہ ضرور کہوں گا

کہ اس میں غائبانہ مسٹر گاندھی اور مسٹر نہرو کی منفی امداد تھی ۔ کہ انہوں نے ناعاقبت اندیشی اور اپنی ہٹ دھرمی کا ثبوت دے کر ہمارے معمولی سے معمولی مطالبات کو ٹھکرا دیا ۔ اٹھارہ برس ہمارے پاکستان کو بنے ہوئے ہو گئے لیکن بھارتی بنیوں نے ذہنی طور پر کبھی پاکستان کو قبول نہیں کیا ۔ وہ سترہ برس سے جنگی تیاروں میں لگے ہوئے تھے ۔ آپ ان کا میزانیہ جو انہوں نے ڈیفنس کے لئے پچھلے سال رکھا تھا پڑھا ہوگا ۔ وہ گیارہ سو کروڑ تھا اور اس کے علاوہ مغربی ممالک اور کمیونسٹ بلاک نے لا انتہا اسلحہ ، ٹینک ، ہوائی جہاز اور کیا کیا کچھ ان کو نہیں دیا لیکن ان کی سترہ برس کی تیاری ہماری پاکستانی افواج نے سترہ دن میں ختم کر دی ۔ (خوب خوب) وہ کیوں ؟ وہ ٹینک ہوائی جہاز اور اسلحہ تو درآمد کر سکتے تھے لیکن وہ جرات ، شجاعت اور ایمان کہاں سے درآمد کرتے اور ان میں ان تین چیزوں کی کمی بھی تھی اور ہم میں کافی افراط تھی ۔ یہی وجہ تھی کہ ہم نے ان کی سترہ برس کی تیاری کو سترہ دن میں ختم کر دیا لیکن بھارتیوں نے چوروں والا ، مکارانہ اور فریبانہ حملہ رات کو کیا ۔ نازی بھی جب حملہ کیا کرتے تھے تو الٹی میٹم دیا کرتے تھے ، لیکن ان سورماؤں نے کوئی الٹیمیٹم دینا مناسب نہ سمجھا ۔ دنیا میں کسی نے انٹرنیشنل باؤنڈری کو بغیر الٹیمیٹم کے عبور نہیں کیا لیکن بھارت کے سورماؤں نے کیا لیکن ہماری فوج نے جو دندان شکن جواب دیا اس کی مثال اسلام کی تاریخ میں تو ملتی ہے لیکن باقی دنیا کی تاریخ میں نہیں ملتی ۔ میں یہ کہوں گا کہ ہماری قوم شکر گزار ہے شاستری کی کہ اگرچہ گاندھی اور نہرو نے indirectly ہمیں ۱۵ اگست ۱۹۴۷ کو ملک دیا تھا لیکن شاستری نے ۶ ستمبر ۱۹۶۵ کو ہمیں قوم دی جو ملک سے بہت بڑی ہے ۔

میں اپنی فوجوں کے متعلق کیا کہوں میں تقریباً ”تمام محاذوں پر گیا ہوں ۔ جیسا کہ میرے دوستوں نے ابھی ابھی فرمایا ہے ہماری بری فوج کی تعداد بھارتی بری فوج کے مقابلہ میں پانچواں حصہ تھی لیکن ہمارے پاکستانیوں

نے ان کے سات گنا نقصانات کئے جس سے یہ ثابت ہو گیا کہ ہمارا ایک پاکستانی جوان پنتیس بھارتیوں کے برابر ہے (خوب - خوب) ہم سنا کرتے تھے کہ جاپان میں لوگ ہارا کیری کرتے تھے لیکن ہم نے یہاں تو یہ دیکھا کہ انسانی بم اور انسانی بارود کے گولے بن بن کر ہماری فوجوں نے ان کے ٹینکوں کو تباہ کر دیا - اس کی مثال دنیا بھر میں نہیں ملتی - فضائی فوج کے متعلق دنیا کو علم ہے کہ ہندوستانیوں کی تعداد ہم سے سات گنا تھی - ان کے ہوائی جہاز ہمارے ہوائی جہازوں سے زیادہ تھے - ان کے نیٹ اور ہنٹروں کی رفتار ہمارے سیبروں سے زیادہ تھی - ان کے جہازوں کی manoeve-rability ہمارے جہازوں سے زیادہ تھی لیکن باوجود اس کے ہم نے ان کا ۱۰ گنا نقصان کیا اور یہ ثابت کر دیا کہ ہمارا ایک پائلٹ ہندوستان کے ۱۰ پائیلٹوں کے برابر ہے - آپ نے دیکھا ہوگا کہ ہمارے مشرقی پاکستان کے سکاڈرن لیڈر ایم ایم عالم نے ایک ہی لڑائی میں پانچ جہازوں کو گرایا اور اس طرح ساری دنیا کا ریکارڈ قائم کر دیا - جب ہماری بحری فوج نے دیکھا کہ بھارت کی بری اور فضائی فوج نے نقصان پہنچانے کی کوشش کی ہے تو ہمارا ننھا منھا بحری بیڑہ بھی اللہ کا نام لے کر میدان میں نکل آیا اور اس نے دوارکا پر حملہ کیا جس کا پہلا نام سومنات تھا جہاں محمود غزنوی نے سومنات کے بت کو توڑا تھا - اب ایک ہزار برس کے بعد بڑی دھوم دھام سے نہرو نے وہاں ایک اور مندر کی بنیاد رکھی تھی - ہمارے بحری بیڑے نے اس بت کو بھی توڑ دیا اور وہاں کے راڈر سٹیشن کو تباہ کر دیا اور جب ہوائی جہازوں کا حملہ ہوا تو تین ہوائی جہازوں کو گرا دیا - ہمارے sub-marine نے ان کے ایک سمندری جہاز (frigate) کو بھی غرق کر دیا - یہ کیوں ؟ یہ اس لئے کہ ہمارے پاس ایک ہتھیار تھا جو بھارتیوں کے پاس نہیں تھا وہ خفیہ ہتھیار تھا نعرہ تکبیر اور نعرہ حیدری - عام طور پر آپ نے دیکھا ہوگا کہ انسان انسانوں کا تعاقب کرتے ہیں لیکن ہماری فوج نے موت کا تعاقب کیا

اور شہید ہو گئے - شہید مرتا نہیں وہ زندہ رہتا ہے - تا ابد زندہ رہتا ہے - ہمارے شہید فوت نہیں ہوئے - ہمارے شہید زندہ ہیں اور وہ زندہ رہیں گے - میں سچ کہتا ہوں کہ میں پاکستانی ہوں - مجھ کو فخر ہے - میں کہوں گا کہ غیر متوقع طور پر ہماری فوجوں نے بہادری کا ثبوت دیا ہے - وقت تنگ ہے - میں صرف ایک دو مثالیں پیش کروں گا -

جب میں پشاور پہنچا اور وہاں میں فاتحہ خوانی کے لئے گیا تو ایک نوجوان کو دیکھا جو پٹیوں میں تھا - پتہ چلا کہ اس کے دو گھر بالکل ختم ہو گئے ہیں اور سات عزیز شہید ہو گئے ہیں - میں نے اس سے افسوس کیا تو اس نے کہا مجھے کوئی افسوس نہیں - مجھے راحت اور خوشی ہے - میں فخر سمجھتا ہوں کہ یہ بم جو ہندوستان نے ہماری ائر پورٹ پر پھینکا تھا وہ میرے مکان پر گرا - یہ میرا ذاتی نقصان ہوا دوسری صورت میں قوم کا نقصان ہوتا - شکر ہے کہ میری قوم بچ گئی (تالیاں) اسی طرح جب میں سرگودھا میں گیا تو وہاں ستر پچھتر برس کے ایک بوڑھے سے ملا جس کے گیارہ عزیز شہادت کا جام پی چکے تھے میں نے اس سے افسوس کیا تو اس نے کہا میں تو بوڑھا ہوں یہ میرے پوتے ہیں - انہیں فوج میں بھرتی کرا دیں ہم نے ایک شیڈول بنایا ہوا ہے نقصانات کا معاوضہ دینے کا - اس کے مطابق میں نے ڈی سی سے کہا کہ اس بوڑھے کو چھ - سات ہزار کی رقم دے دی جائے مگر اس بوڑھے نے لینے سے انکار کر دیا اور کہا کہ میں شہدا کا خون بیچنے کے لئے تیار نہیں - (تالیاں) جب میں نے میجر عزیز بھٹی کے والدین سے افسوس کیا تو انہوں نے کہا ہمیں کوئی افسوس نہیں - ہمارا بیٹا تو ایک بیوہ چھوڑ گیا ہے لیکن اس نے دس ہزار عورتوں کو بیوہ ہونے سے بچا لیا ہے - یہ ہیں ہمارے عوام - کشمیر تو صرف ایک بہانہ ہے جناب والا - اصل مقصد تو ان کا پاکستان کو فتح کر کے اور ہمیں نیست و نابود کر کے یہاں رام راج قائم کرنا ہے - ہماری قوم اس وقت بڑی چوکس ہے - یہ بھارتی سورما صرف ایک زبان کو سمجھتے ہیں اور وہ زبان طاقت کی ہے - یہی مسٹر شاستری ہیں جب ان سے کہا گیا کہ تم فیلڈ مارشل محمد ایوب خان سے کشمیر کے بارے میں بات چیت کرنے کو تیار ہو تو انہوں نے مسٹر جانسن اور مسٹر کوسیجن کو نہ کر دی - مگر اب جب ہمارے محترم صدر پاکستان نے یہ اعلان کیا کہ ہم اپنے عوام کو فوجی تربیت دینگے اور انہوں نے

پارلیمنٹ میں میزانیہ برائے دفاع پیش کر دیا تو پھر مسٹر شاستری واشنگٹن اور تاشقند میں بات چیت کرنے کے لئے تیار ہو گئے اور سچ مانئے شاید لاہور میں بھی بات کرنے پر تیار ہو جاتے - بھارتی ہمیشہ کمزور ملک پر حملہ کرتے ہیں طاقت ور پر کبھی حملہ نہیں کرتے - آپ دیکھیں کہ وہ مناوادر - گوا - پانڈی چری - سکم - بھوٹان اور حیدرآباد کو کیسے ہڑپ کر گئے -

Mr. Speaker : The Minister may please cut short his speech.

وزیر خزانہ - میں تو جناب پہلے ہی شارٹ ہینڈ میں بات کر رہا ہوں - اب آپکی حکومت نے تہیہ کر لیا ہے کہ جہاں تک ڈیفنس کا تعلق ہے - ہم اسے Priority No. one سمجھتے ہیں (ثانیاں) اور اقتصادی ترقی کو Priority No. two - ہم اپنے دفاع کو مضبوط کرینگے لیکن ساتھ ساتھ اپنی اقتصادی ترقی کو بھی جاری رکھیں گے - جناب باتیں تو بہت تھیں لیکن میں آپکے ارشاد کے مطابق ختم کرتا ہوں - I thank you Sir

صاحبزادی محمودہ بیگم (پی-ڈبلیو-۳۰۱-زون سوم)- صدر محترم - میں پاکستان کی خواتین طرف سے افواج پاکستان کو-پاکستان کے غازیوں اور شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہوں - صدر محترم - بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہ جنگ اچانک ہوئی لیکن میرے خیال میں یہ اچانک نہیں تھی بلکہ اٹھارہ سال کی اس cold war کا نتیجہ تھی جو بھارتی ہم سے برابر لڑتے رہے تھے - اس جنگ نے ہماری قوم کو نئی زندگی عطا کی ہے اور میں پاکستانی قوم کو خاص طور پر خراج عقیدت پیش کرتی ہوں - اس لئے کہ عوام طاقت کا سر چشمہ ہیں اور یہ جنگ صرف پاکستانی افواج نے نہیں لڑی بلکہ پاکستانی عوام نے بھی لڑی ہے - پاکستانی عوام نے اس موقع پر جس اتحاد کا ثبوت دیا ہے اس کے سامنے ہم سب کے سر جھک گئے ہیں - مخالف جماعتیں جن کے ساتھ ہمارے اہم سیاسی اختلافات رہے ہیں - اس زمانہ جنگ میں انہوں نے جو رویہ رکھا ہے میں سمجھتی ہوں کہ وہ اس درجہ قابل قدر اور قابل فخر ہے - کہ ہمیں ان کو خراج عقیدت پیش کرنا چاہئیے - اب یہ پاکستانی لیڈروں کا (خواہ وہ حزب اقتدار سے ہوں یا حزب اختلاف سے) فرض ہے کہ وہ قوم کے اس جذبہ کو جس سے وہ اس وقت سرشار ہے بیدار رکھیں یہ جذبہ جو بھارت کی جارحیت کی وجہ سے قوم میں پیدا ہوا ہے - ہمارے لیڈروں کا فرض ہے کہ وہ اسے ایسی شکل دے دیں کہ وہ ہمیشہ کے لئے باقی رہے اس وقت حالت یہ ہے کہ ہماری مخالف

سیاسی جماعتیں اور ہم ایک جگہ اکھٹے ہو گئے ہیں - ہمارے مسائل ایک ہیں - ہماری مشکلات ایک ہیں - پھر کوئی وجہ نہیں ہے کہ ہم اپنی قوم کو صحیح راہنمائی نہ دے سکیں - صدر مملکت جن کے اوپر ساری قوم کو فخر ہے انہوں نے ایک بات اپنی کسی تقریر میں کہی تھی مجھے ان کی وہ بات ہمیشہ یاد رہے گی - انہوں نے فرمایا تھا کہ ہماری منزل بہت قریب ہے - لیکن اتنی قریب بھی کبھی نہ تھی جتنی اس وقت ہے اور پوری قوم نے اس بات کو لبیک کہا تھا - اب حکومت کا (جو ہماری اپنی حکومت ہے) فرض ہے - کہ وہ قوم کو آئیندہ ہونے والی جنگ کے لئے پوری طرح تیار کرے - قوم کے ہر جوان کو فوجی ٹریننگ دے یہ ٹریننگ دس پندرہ دن کی نہ ہو بلکہ سال ڈیڑھ سال کی ہو - لڑائی ہو یا نہ ہو لیکن زندہ قومیں ایسی لڑائی کے لئے ہر وقت تیار رہتی ہیں (تالیاں)

صدر محترم - گزشتہ اٹھارہ سال کے عرصہ میں ہم نے بہت کچھ کیا - بڑی اقتصادی ترقی کی - یہ بالکل درست ہے - لیکن اس کے باوجود میں یہ سمجھتی ہوں کہ ہم میں جو خامیاں رہ گئی تھیں بھارت نے یہ حملہ کرکے وہ ہمیں یاد دلا دی ہیں - اس لئے اب یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم اس قوم کو پوری طرح منظم کریں اور اسے ایک زندہ اور صحیح مسلمان قوم بنائیں - یہ جذبہ جو اس وقت پیدا ہو گیا ہے اس سے ہمارے لیڈروں اور ہمارے عوام کو فائدہ اٹھانا چاہیے - اس سے حکومت کو فائدہ اٹھانا چاہیے - اور حزب اقتدار اور حزب اختلاف اس وقت اس درجہ متحد ہیں کہ میں سمجھتی ہوں کہ کوئی وجہ نہیں ہے - کہ ہم میں جو خامیاں ہیں ہم ان کو دور نہ کر سکیں - اور کوئی وجہ نہیں ہے - کہ ہم سر جوڑ کر نہ بیٹھیں - اور اپنی قوم کو ایک زندہ جاوید قوم نہ بنا سکیں - تاکہ وہ ایک مثالی قوم ہو - پانچ لاکھ کے قریب افراد اس وقت بے خانماں ہو چکے ہیں - اور حکومت انکی آباد کاری کے لئے پوری جدوجہد اور مساعی کر رہی ہے - لیکن یہ قوم کے نمائندگان کا فرض ہے کہ وہ اس وقت ان لوگوں کو بسانے کیلئے حکومت کی مساعی کے علاوہ بھی پوری جدوجہد کریں یہ معزز ایوان پورے مغربی پاکستان کی نمائندگی کرتا ہے - اور میں سمجھتی ہوں کہ ان بے خانماں لوگوں کی آباد کاری کے لئے ہم لوگ دیگر سب کام چھوڑ کر پوری طرح سے متفقہ طور پر کوئی فیصلہ کریں اور ایک سکیم بنا کر انکو آباد کریں - گزشتہ اٹھارہ برس میں وہ لوگ جو پاکستان کے قیام

کے وقت بے گھر ہوئے تھے - پورے طور پر آباد نہیں ہو سکے - لہذا ہمیں چاہئیے کہ ہم یہ کوشش کریں - کہ تاریخ اپنے آپ کو نہ دہرائے - اور اس لئے ہمارا یہ فرض ہے - کہ ہم انکی آباد کاری کو اپنا فرض اولین سمجھیں - ان الفاظ کے ساتھ مجھے وقت دینے کے لئے میں آپکا شکریہ ادا کرتی ہوں -

سردار محمد اسحاق خان (کوئٹہ - چاغی)۔جناب والا۔جناب قائد ایوان نے جو ریزولیوشن پیش کیا ہے - میں اس کی مکمل تائید کرتا ہوں - اور اس سلسلے میں میں یہ عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ جب چھ ستمبر کو بھارتی بزدلوں نے بغیر کسی الٹی میٹم دیئے اور دنیا کے ہر قانون کو بالائے طاق رکھتے ہوئے لاہور پر تین اطراف سے حملہ کیا تو اس وقت ان کی طاقت تین ڈویژنوں پر مشتمل تھی - جن میں ایک Armed Division بھی شامل تھا - ان تینوں ڈویژنوں کی تعداد ساٹھ ہزار افراد پر مشتمل تھی - اور انکے مقابلے میں ہمارے بہادر فوجیوں کی تعداد دو یا تین بٹالین سے زیادہ نہ تھی - لیکن اس عددی کمی کے باوجود بھی وہ اس بہادری اور جانفشانی کے ساتھ دشمن سے لڑے - اور انہیں اس طریقے سے شکست دی کہ دنیا حیران ہے - حقیقت یہ ہے کہ تمام دنیا حیران ہے - کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ساٹھ ہزار کے مقابلے میں صرف دو یا تین بٹالین کہ جنکی تعداد صرف سولہ سو افراد ہوتی ہے - نہ صرف ڈٹے رہیں - بلکہ ان کو شکست دے دیں - لیکن یہ سب خداوند کریم کی مہربانی تھی اور اسکا کرشمہ تھا کہ وہ جس مقصد کے لئے پاکستان کو معرض وجود میں لایا تھا اس نے اس مقصد کی اور پاکستان کی حفاظت کی - اس جنگ میں ہمارے سب ہی جانبازوں نے دادشجاعت دی ہے ان میں عزیز بھٹی جیسے شہید کا نام روشن رہیگا - میں برکی سیکٹر گیا تھا - وہاں انکے ایک نائب نے مجھے بتایا کہ وہ کس طرح دشمن کے بالکل سامنے نہر کے کنارے اوپر کھڑے تھے - اور اپنی کمپنی کو guide کر رہے تھے کہ وہ کہاں کہاں فائرنگ کریں - اور باوجودیکہ انہیں کئی بار نہر کے کنارے سے نیچے آنے کے لئے کہا بھی گیا لیکن وہ اپنی جگہ چھوڑنے پر راضی نہ ہوئے - میں شفقت بلوچ سے بھی ملا تھا اور ان سے مجھے معلوم ہوا کہ انہوں نے کس طرح صرف تین سو آدمیوں کی مدد سے ہندوستان کے پورے بریگیڈ کا کہ جو چار ہزار افراد پر مشتمل ہوتی ہے مقابلہ کیا - میں کھیم کرن بھی گیا ہوں - میں نے وہاں کے کمانڈر کو غازی کہہ کر پکارا - تو اس نے جواب دیا - کہ

ابھی ہم غازی نہیں ہیں - ہم غازی اس وقت ہونگے جس وقت ہم دشمن کے پنجہ بربریت سے اپنے کشمیری بھائیوں کو آزاد کروائیں گے اس وقت ہم غازی کہلانے کے مستحق ہونگے -

جناب والا - ہماری افواج نے جس بہادری اور جس ایثار اور جذبے کا ثبوت دیا ہے - اور جس پامردی اور سر فروشی سے وہ دشمن کے خلاف لڑے ہیں - جس طرح وہ اپنے ملک کی حفاظت کرتے ہوئے شہید ہوئے ہیں - اور جس طرح سے قرون اولیٰ کی تاریخ انہوں نے دھرائی ہے اس سے سن ٦١ ہجری میں واقع ہونے والے واقعئہ کربلا کی یاد تازہ ہوتی ہے - کہ جب صرف بہتر افراد دشمن کے ہزارہا افراد کا مقابلہ کر رہے تھے - اور انہوں نے راہ خدا میں جام شہادت نوش فرمایا تھا - ہمارے ان شہیدوں نے بھی جام شہادت نوش کرکے پاکستان کو زندہٗ جاوید بنا دیا ہے - یہ غازی اور شہداء قابل صد مبارک باد ہیں ہم صمیم قلب سے انہیں ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں - اور مبارک باد پیش کرتے ہیں - اسکے علاوہ ہمارے شاہین صفت فضائیہ کے نوجوان یونس حسن کا ذکر کرونگا جو کہ bail out تو کر سکتے تھے لیکن وہ bail out کرنے کی بجائے دشمن کے نو MIG جہازوں کو کھڑا دیکھ کر اپنی جان پر کھیل گئے اور اپنے زخمی جہاز کو ان نو جہازوں کے درمیان گرا کر انہیں بھی تباہ کیا - اور خود بھی جام شہادت نوش کر گئے - میں اس موقع پر اپنی بحری افواج کا بھی ذکر کروں گا جنہوں نے دوارکا پر حملہ کر کے دشمن سے اپنا لوہا منوا لیا ہے - ان سترہ دن کی جنگ میں ہماری بہادر فوجوں نے وہ کارہائے نمایاں سر انجام دئیے ہیں - کہ ان کا ذکر کرنے کے لئے کتابیں لکھنے کی ضرورت ہے - میں اس موقع پر سیالکوٹ اور لاہور کے عوام کو سلام عقیدت پیش کرتا ہوں - ہماری فوجیں میدان جنگ میں داد شجاعت دے رہی تھیں اور سیالکوٹ اور لاہور کے عوام میدان جنگ سے باہر اپنی ثابت قدمی سے ہماری بہادر فوجوں کے حوصلے بڑھا رہے تھے - اور انکی ہر طرح سے خاطر و مدارت کرتے تھے - ایک لانس نائک جب کوئٹہ چھٹی پر گیا تو اس نے بتایا - کہ تین دن تک اسے مورچے سے باہر نکلنے کی فرصت نہیں ملی - لیکن مورچے میں بہترین قسم کے کھانے ملتے رہے - اور وہ حیران تھا کہ یہ کھانے کہاں سے آ رہے ہیں جب وہ ایک ضرورت کے تحت مورچے کے باہر آیا تو اس نے دیکھا - کہ ٹرک ، لاریاں

موٹریں، گاڑیاں اور گلے بھر بھر کر عوام انہیں کھانا پہنچا رہے ہیں ۔ اور وہ اپنے ساتھیوں سمیت دس منٹ تک کھڑے عوام کا یہ جذبہ دیکھ دیکھ کر خوشی کے آنسو بہاتے رہے ۔

جناب والا ۔میں مسٹر شاستری اور اسکی فوج کا اس وجہ سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس نے اپنی مرضی سے جو محاذ جنگ چنا ۔ اس محاذ پر اس جنگ سے عوام میں قومی یگانگت اور جذبۂ اتحاد پیدا ہو گیا ہے ۔ میں آخر میں دوبارہ جناب قائد ایوان کی تحریک کی تائید کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : Khan Muhammad Aslam Khan Khattak.

Khan Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat-II) : Mr. Speaker, Sir, enough tributes cannot be paid to our armed forces for the great deeds that they have done. The Leader of the House forgot his poetry, so I shall say this much for our armed forces—

بنا کردند خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن
خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را ۔

Sir, I will not go on discussing what we have achieved. There are lots of questions that arise for which we would like an answer. There is a lot which we would criticise, there is a lot for which we would like an explanation, but the time for all that has gone because there is a lot for which we are grateful, and most grateful, to God and the Government.

Sir our armed forces have proved that by the grace of God, Pakistan is eternal, and I think the dream of Hindu imperialism that they would wipe us out, stands frustrated. But at this time, at this hour, let us not be complacent, Sir. Let us realize Sir that there are national policies of the countries, policies that do not change with the change of Governments. The policy of the German Government for unification Germany will never change, and the policies of certain other Governments whose names I don't want to mention, will never change. And there is one thing that will never change, and that is the Indian policy to safeguard its flanks, and to safeguard its flanks means that either we become satellites of India and live under their shadows or we become strong enough to meet their challenge. The struggle is not over, it is a mere postponement. So let us not rejoice in the glorious deeds of yesterday. Let us think of the future ; let us think of our national policy. There are certain historical facts which cannot be ignored. We are a smaller country, therefore, we cannot out-number them, but certainly Sir, instances are not lacking where smallar countries have out-generalled the bigger countries, have out-manoeuvred the bigger countries. Are we taking steps towards that end ?

Today, the nation is solidly united behind the Government and under its great leader, Field Marshal Muhammad Ayub Khan, great achievements has been done and enough tribute has been paid to his able lieutenants on the civil side—Governor of this Province and the Governor of East Pakistan. I think, we must pay tribute to the great soldiers who trained this great army, namely, General Muhammad Musa, Air Marshal Asghar Khan, Air Marshal Noor Khan and Admiral A. R. Khan and others because it was they who trained these men. I feel, Sir, there are lot of other things that have to be done and those things, the Government should take note of and that is to

keep the unity of the nation together. As was said by the Leader of the House, if we are all united, then what is this term "Government Benches" and "Opposition Benches"? Why don't they adopt a united forum and make one party and one Government so that the entire nation is behind the Government.? These few people will do them no harm. Why not take them into confidence? Why not unite? Let us sit together and tell the nation wherever they may be and the people wherever they may be that we Pakistanis are today united as one nation and we will remain united whatever may be our political differences till such time as we out of the wood, our future is secured and we have got the right of self-determination for the people of Kashmir. With these words I thank you for giving me time.

مسٹر سپیکر —سوال یہ ہے

کہ مغربی پاکستان کی اسمبلی کا یہ اجلاس پاکستان کی بری بحری اور فضائی افواج کو ان کے بے مثال کارہائے نمایاں پر دلی خراج تحسین ادا کرتا ہے اور ہم ارکان اسمبلی اپنے بہادر جری جانباز پاسبانوں کو ان کی شجاعت سر فروشی قربانی و ایثار پر ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں اور انہیں یقین دلاتے ہیں کہ پاکستانی عوام کے دلوں میں ان کی انتہائی قدر و منزلت اور محبت ہے اور ان کی کامیابی و کامرانی کے لئے خدا سے ہر وقت دست بدعا ہیں۔

نیز یہ اجلاس ان تمام شہیدوں کو سلام عقیدت پیش کرتا ہے جنہوں نے راہ خدا میں وطن عزیز کی حفاظت کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا یا دشمنوں کے حملے سے شہید ہوئے ان شہیدوں نے پاکستان کی سالمیت اور بقا کے لئے جو قربانیاں دی ہیں وہ تاریخ اسلام میں ایک سنہری باب کا اضافہ کرتی ہیں۔ ہم اراکین اسمبلی ان کو بصد احترام خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

(قرار داد اتفاق رائے سے منظور کر لی گئی)

Minister of Revenue (Khan Habibullah Khan) : Sir, with your permission, I request that in order to show respect to the memory of the martyrs who laid down their lives in defence of the country, the House may be adjourned for ten minutes.

Mr. Speaker : The House is adjourned for ten minutes in memory of the martyrs.

(The Assembly then adjourned for ten minutes).

The Assembly met again at 11·45 *a.m. Mr. Speaker in the chair.*

SUSPENSION OF THE QUESTION HOUR

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi M. Varyal Memon) : Sir, I am very respectfully proposing the suspension of the Question Hour. The time is

very short. Nearly 35 minutes more have been taken. The original decision was that this debate would last upt'l 11·O'clock. But we have taken nearly 35 minutes more.

Mr. Hamza : Sir, I oppose this.

Mr. Mohammad Bakhsh Khan Narejo : Sir, I may be permitted to move my r solution.

Mr. Speaker : Yes. We will take up the question raised by the Law Minister af.erwards.

REFERENCE TO LATE MALIK MUHAMMAD ANWAR.

Mr. Mohammad Bakhsh Khan Narejo : Sir, I beg to move—

That this Assembly places on record its appreciation of the good services rendered by the late Malik Muhammad Anwar in the cause of Pakistan and the Muslim League. The nation needed his services at this time of national emergency.

Malik Muhammad AnWar was a great patriot, a noble gentleman and a politician who had earned the respect of all, irrespective of their political affiliations. In him the nation has lost a sincere leader who was always willing to help others. May his soul rest in eternal peace.

This House expresses its heartfelt condolences and sympathies to Begum Malik Mohammad AnWar and the members of his family.

صاحبزادی محمودہ بیگم — جناب والا - میں اس قرارداد کی تائید کرتی ہوں اور تجویز کرتی ہوں کہ مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی جائے -

Mr. Speaker : The question is :

That this Assembly places on record its appreciation of the good services rendered by the late Malik Mohammad AnWar in the cause of Pakistan and the Muslim League. The nation needed his services at this time of national emergency.

Malik Muhammad AnWar was a great patriot, a noble gentleman and a politician who had earned the respect of all, irrespective of their political affiliations. In him the nation has lost a sincere leader who was always willing to help others. May his soul rest in eternal peace.

This House expresses its heartfelt condolences and sympathies to Begum Malik AnWar and the members of his family.

(The resolution was carried unanimously)

Mr. Speaker : Let us now offer *fateha.*

(At this stage fateha was offered)

SUSPENSION OF THE QUESTION HOUR (*contd.*)

Mr. Speaker : Mr. Memon, your suggestion is opposed by Mr. Hamza and the House is not unanimous.

Minister of Law : Sir, I respectfully submit that I am glad to see that there is an Opposition, but I see that this tiny Opposition is coming in the way of our ordinary business. Let us put it to the House and decide. I move :

That the Question Hour be suspended.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) — جناب صدر - وزیر قانون صاحب نے فرمایا ہے کہ اس معزز ایوان میں آپوزیشن کی موجودگی کا مطلب یہ نہیں کہ وہ ہاؤس کی کارروائی میں بیجا طور مداخلت کرے - اور ہاؤس کی کارروائی میں

رکاوٹ پیدا کرے ۔ میں سمجھتا ہوں سوالات کے گھنٹے کو منسوخ یا ملتوی کرکے وزیر قانون صاحب خود ہی ہاؤس کی کارروائی میں مداخلت کر رہے ہیں ۔ کیونکہ یہ سوالات کا گھنٹہ ہاؤس کی کارروائی میں اب بھی شامل ہے ۔ اس لئے میرے نزدیک کوئی وجہ نہیں کہ اگر ہم نے ایک نہایت ہی اہم موضوع پر بحث کے لئے زیادہ وقت لے لیا ہے ۔ تو یہ دوسرا اہم کام جو اس ایوان کے کام کا ایک اہم جزو ہے ملتوی کیا جائے ۔ چونکہ اسمبلی کا یہ اجلاس صرف دو ہفتے قائم رہنے والا ہے ۔ اس لئے اس امر کا قوی امکان ہے کہ اگر یہ سوالات آج ملتوی ہو جائیں ۔ تو پھر دوبارہ یہ ایوان کے سامنے نہ آ سکیں گے ۔ لہذا میں آپ سے درخواست کرونگا کہ آپ سوالات کے گھنٹے کی اجازت دیں اور اسے منسوخ نہ فرمائیں ۔

مسٹر سپیکر—خان صاحب ۔ اسکے متعلق آپ کا خواجہ صاحب سے کوئی agreement تو نہیں ہوا کہ Question Hour کو suspend کیا جائے یا نہ کیا جائے؟

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)— جناب والا—اس کے سب سے معتبر گواہ تو غالباً آپ ہی ہیں ۔ اس سلسلے میں میرا خواجہ صاحب سے کوئی agreement نہیں ہوا کہ ہم وقفہ سوالات بھی رکھینگے اور اس کے ساتھ ڈیڑھ گھنٹے تک تقریریں بھی کرینگے ۔

مسٹر سپیکر—میں اس کے متعلق عرض نہیں کر رہا ۔ میں تو صرف یہ پوچھ رہا ہوں کہ وقفہ سوالات suspend کرنے کے متعلق ہاؤس میں جو پہلے discussion ہوئی تھی اس میں یہ بات آئی تھی کہ اس کے لئے آدھ گھنٹہ وقت دیا جائے اور اس کے بعد وقفہ سوالات ہوگا ؟

کہ ایک طرف تو آپ پنچایتی طریقے ملک میں رائج کر رہے ہیں مگر اس فیلڈ میں جہاں پہلے سے ثالثی وغیرہ کا سسٹم موجود تھا اسے آپ repeal کر رہے ہیں - یہ اقدام justified نہیں ہے - سستے طریقہ انصاف کو ختم نہیں کرنا چاہئے - آپ اسکو negative کر رہے ہیں - پھر آپ ایکٹ مصدرہ ۱۸۸۲ء کے مطابق سول پروسیجر کوڈ کو repeal کر رہے ہیں - حالانکہ ۱۹۴۰ء میں آربیٹریشن کلاز add کی گئی تھی - جس سے ایک خوشنما قانون بن گیا تھا - اور یہ effective اور موثر تھا - مگر آپ کی طبع نازک پر یہ گراں گزرا اور آپ breach of contract کر رہے ہیں - اب اس آرڈیننس کو مزید استعمال کرنے کی بجائے اسے منسوخ کر دینا چاہئے - کیونکہ اس آرڈیننس کے ذریعے لوگوں کے حقوق چھنتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ صورت واجب نہیں - یا تو آپ قانون میں کوئی خامی بتائیں اور اس کی ترمیم کریں اور اس کے بعد اسے نافذ کریں - لیکن میرے نزدیک یہ تو defect in persons ہے - چنانچہ persons کیلئے قانون میں ترمیم کرنا مناسب نہیں -

چودھری انور عزیز (سیالکوٹ — ۴) - جناب سپیکر - مجھے بھی اس آرڈیننس کے سلسلے میں کچھ عرض کرنا ہے - در اصل کراچی ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کا آرڈیننس اس لئے بنایا گیا تھا کہ کراچی کو جلد سے جلد ترقی دینے میں مدد ملے - اور کراچی ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے راستے میں جو روڑے بھی ہوں ان کو دور کرنے کیلئے مزید قانونی مراعات دی جائیں - لیکن اس قانون کے ذریعے جو آج ہمارے سامنے زیر غور ہے ایک بہت ہی بری قسم کی طرح ڈالی گئی ہے - جس کو ان آرڈیننسوں کے ذریعے اور بھی تقویت پہنچے گی جو کہ بقول جناب وزیر قانون ابھی حکومت لانے والی ہے - وہ بری طرح یہ ہے کہ دنیا میں کسی بھی فلسفہ قانون میں Retrospective Acts مناسب نہیں سمجھے جاتے - یعنی وہ قوانین جو اپنے وجود میں آنے سے پہلے کے واقعات کو بھی اپنے احاطہ میں لے لیں - کسی ملک اور کسی سر زمین میں بھی پسند نہیں کئے جاتے - بالخصوص ایسے قوانین جن کے ذریعے کسی شخص کو کوئی حق ملنے والا ہو - اور وہ اس متعلقہ قانون کے اجرا سے پہلے اس کا حق ہو - چنانچہ کوئی ایسا

قانون جاری کر دینا جو اس کے پرانے حق کو ختم کر دے ۔ کسی فلسفہ قانون میں اچھا نہیں سمجھا جاتا ۔ اگر اس قانون میں تبدیلی کرنے سے اصل نقص جیسا کہ وزیر قانون صاحب نے فرمایا ہے ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Order please.

چودھری انور عزیز—جو کہ Arbitration Act میں تھا ۔ نظر آئے ۔ اور جس کے تحت Arbitrators نے زیادتی کرنا شروع کر دی تھی ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : Mr. Arif to resume his seat please.

چودھری انور عزیز—اگر Arbitration Act ہی درست کر دیا جائے ۔ تو میرے خیال میں نہ صرف کراچی ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کا آرڈیننس ہی درست ہوجائیگا ۔ بلکہ دیگر مقامات پر جہاں کہیں Arbitrators سے کسی قسم کی تکلیف ہوگی اور وہ کوئی زیادتی کرنا چاہیں گے ۔ اس کی بندش ہو جائیگی ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ جب تک ہم Arbitration Act میں ترمیم نہیں کرتے اس وقت تک ہمیں کراچی ڈیویلپمنٹ اتھارٹی ایکٹ میں جو ترمیم پیش ہوئی ہے ۔ اسے قبول کرنا چاہیئے ۔ تاکہ کراچی ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کو کسی قسم کی مشکل پیش نہ آئے ۔ لیکن اصل قانون جو Arbitrators کو یہ اختیار دیتا ہے کہ وہ اپنی لاگت سے زیادہ پیسے بھی کسی کو دیدیں ۔ اس کو درست کرنے کے لئے میں جناب وزیر قانون سے سفارش کرونگا کہ اگر وہ درست ہو جائے تو اس کے بعد یہ آرڈیننس واپس لے لیا جائے ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی محمد وریال میمن) — میں نے دونوں آنریبل ممبران کے دلائل کو بغور سنا ہے ۔ انہوں نے اپنی تقریر کے دوران فرمایا ہے کہ اس آرڈیننس سے غالباً کسی کی حق تلفی ہو رہی ہے ۔ ایسا ہرگز نہیں ۔ میں ان کی تسلی کیلئے اس آرڈیننس کے اصل مقصد کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں ۔ دراصل یہ تو صرف ایک procedure کی بات ہے ۔ یعنی فریقین میں اگر کوئی اختلاف ہو تو وہ کہاں تک درست ہے ۔

It is only a change of forum. Instead of the Arbitrator taking the decision it will now be the Court. All that has been done is to refer back the matter under the ordinary law to an ordinary Court of Law. I wish to make this position clear that nobody's rights have been jeopardised or usurped. Only the forum is changed. Now, instead of Court 'A' it will be Court 'B' to decide. The Arbitration Act, as I have already submitted is still open to the parties.

It was argued that this was the cheapest method. Unfortunately the KDA realised by their experience that this was not the cheapest method but the most difficult method.

اس لئے یہ کہنا کہ یہ طریقہ بڑا مہنگا پڑیگا ۔
اس لئے ان کے معاہدات کو یہ قانون ختم کردیگا ۔ یہ درست
نہیں ۔

ملک محمد اختر—جناب افسروں نے غلطیاں کی تھیں ۔
اس لئے یہ مہنگا پڑیگا ۔

Mr. Speaker : I will now put the question.

The question is :

That the Assembly do approve of the Karachi Development Authority (Abatement of Arbitration Proceedings) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 16th August, 1965.

The motion was carried.

THE TOWN IMPROVEMENT (WEST PAKISTAN AMENDMENT) ORDINANCE, 1965

Mr. Speaker : Next motion.

Minister of Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, I beg to move :

That the Assembly do approve of the Town Improvement (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 16th August, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is :

That the Assembly do approve of the Town Improvement (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 16th August, 1965.

Is it opposed?

ملک محمد اختر (لاہور - ۲) - Opposed Sir. - جناب والا ۔
وزیر بنیادی جمہوریت پر ہمیں دل و جان سے کلی اعتماد ہے ۔ لیکن اگر
میں نہایت مودبانہ طور پر عرض کروں کہ Town Improvement Act 1922
میں یہ دفعہ ۲۱ (۱) کے اضافے سے لوکل باڈیز کے کچھ اختیارات
curtail ہو رہے ہیں ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ میرے ساتھ
اتفاق فرمائیں گے ۔

جناب والا ۔ در اصل Town Improvement Act کی fate ہی کچھ ایسی ہے ۔ کیونکہ گذشتہ دو سال سے بتدریج اس کے بہت سے اختیارات لئے جا چکے ہیں ۔ اور اسکے مزید اختیارات بھی گورنمنٹ حاصل کر رہی ہے میں اس سلسلے میں کچھ points پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ Town Improvement Act 1922 کی original دفعہ جس کی ۱۹۶۲ء میں ترمیم کی گئی ہے ۔ یہ تھی ۔

4 (1) The trust shall consist of seven trustees, namely :—

(a) a Chairman,

(b) three members of the Municipal Committee, and

(c) three other persons.

(2) The Chairman and the three persons referred to in clause (c) of sub-section (1) shall be appointed by the Provincial Government by notification.

(3) The members of the municipal committee referred to in clause (b) of sub-section (1) shall be elected by the Municipal Committee.

(4) If the Municipal Committee does not.....

تو ۱۹۶۲ء کی ترمیم کی رو سے اس دفعہ کو منسوخ کیا گیا ۔ یہ ایکٹ ۱۹۲۲ء میں نافذ ہوا ۔ ۱۹۳۶ء میں پہلی بار لاہور میں امپروومنٹ ٹرسٹ بنا ۔ اس کے بعد ملتان اور حیدر آباد میں بھی امپروومنٹ ٹرسٹ بنے ۔ اسی طرح کراچی میں کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی بنا دی گئی ۔ چنانچہ ہم ۱۰ سال تک انگریز کے وقت کے Town Improvement Act کی provisions سے جو قدرے جمہوری تھیں محروم رہے ۔ چاہئے یہ تھا کہ ان سے عوام کو نوازا جاتا ۔

اس کے بعد ۱۹۶۲ء میں Marshal Law Regime کے اختتام سے کچھ قبل میونسپل کمیٹیوں کو جو الیکشن کے اختیارات تھے ۔ انہیں منسوخ کر دیا گیا ۔ لیکن ہم جناب گورنر مغربی پاکستان کے مشکور ہیں کہ انہوں نے ایک سرکار کے ذریعے وہ تمام اختیارات جو اس قانون کے تحت انہیں حاصل تھے ۔ دوبارہ میونسپل کمیٹیوں اور کارپوریشنوں کو تفویض کر دئے تاکہ وہ سابقہ طریق کار کے مطابق اپنی الیکشن اور سفارشات کریں ۔

یہ ان کا administrative فعل تھا اور میں اس معزز ایوان میں بیباکی کے ساتھ کہتا ہوں کہ ان کی directions کے تحت جب ۱۹۶۴ء میں لاہور میونسپل کارپوریشن Trustees کا الیکشن ہوا اس وقت میرے کئی ایک دوستوں اور ایم-پی-اے اور ایم ۔ این ۔ اے ۔ صاحبان نے جن میں ایک بڑے بھاری آدمی

بھی ھیں جن کا کوئی افسر رشتہ دار ھے اور اس افسر کے اختیارات کو اپنے اختیارات سمجھتے ھیں ۔ انہوں نے repeatedly کوشش کی کہ الیکشن کو set aside کر دیا جائے ۔ میری اطلاع کے مطابق اس کے متعلق گورنر صاحب نے ایک فیصلہ کیا تھا جس کے تحت لاھور میونسپل کارپوریشن نے جو directions issue کی تھیں وہ تمام ختم ھوگئیں ۔ اور جو لوگ صحیح طور پر elect ھوئے تھے وہ ھی آئے ۔ اور جو حصہ ان Powers کا ھے وہ یہ ھے کہ گورنمنٹ from time to time ھدایات جاری کرے ۔ اب گورنمنٹ ایسی ھدایات جاری کرنے کے لئے آج یہ آرڈیننس اس ایوان میں لائی ھے ۔ حالانکہ یہ آرڈیننس مہینہ دو مہینہ پہلے جاری ھوگیا تھا ۔ پھر اس پر عمل کیسے کیا گیا اس کے متعلق various letters میں instructions موجود ھیں وہ instructions اس قسم کی تھیں کہ جن میں کچھ اچھی بھی تھیں مثلاً auction of plots کے متعلق آرڈر کیا گیا تھا اور land owner کو پلاٹ دینے کا فیصلہ کیا گیا ۔ اس سے مسلمانوں کی جائدادیں کافی متاثر ھوئی ھیں ۔

Mr. Speaker : Malik Sahib, it is only an addition of one clause in the present Ordinance.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, addition of one clause by which the Government assumes the powers to issue instructions, and I am giving the instance where the Governments in the past have been issuing good as well as bad instructions. I am just referring to a document.

مگر جو instructions جاری کی گئی تھیں ۔ ان میں کچھ اچھی نہیں تھیں ان کی رو سے Muslim owners کی fate یہ تھی کہ جس کے پاس ۱۰۰ کنال زمین ھے اس کو ایک یا دو کنال کا پلاٹ دیا جائے اس سے وہ اپنے حق سے محروم ھو جاتے ھیں ۔ اگر instructions کا جاری کرنا حکومت کے دائرہ اختیار میں نہ ھوتا اور Constituents of Trust یعنی پبلک کے نمائندے کوئی فیصلہ کرتے تو وہ قدرے مختلف فیصلہ کرتے ۔ لاھور امپروومنٹ ٹرسٹ میں ایک نہایت اچھے افسر ھیں ۔ اگر اس وقت ایمرجنسی نہ ھوتی تو یقیناً وہ کئی اچھے کام کرتے ۔ میری مراد مسٹر حسین حیدر سے ھے ۔ وہ ٹرسٹ کے چیئرمین ھیں ۔ مجھے نام لیکر ان کی تعریف نہیں کرنا چاھئے تھی انہوں نے اپنا طریق کار جمہوری رکھا ھوا ھے ۔ جہاں بھی ھماری طرف سے کوئی آواز اٹھتی

ہے وہ اسے حکومت تک پہنچاتے ہیں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایک اچھے set up کے ہوتے ہوئے یہ واجب نہیں ہے کہ اس میں ایک ترمیم کر دی جائے ۔ اور Trustees کو nominations کے ذریعہ لیا جائے ۔ ابھی تک اس پر عمل تو نہیں ہوا اس کے لئے ہم حکومت کے مشکور ہیں ۔ اگر حکومت کی طرف سے کوئی instructions جاری ہونگی تو ان میں افسرانہ ذہنیت کار فرما ہو گی اور وہ عوام کے مسائل کے ساتھ مطابقت نہیں رکھیں گے ۔

جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ اگر یہ موجودہ form میں رہے اور حکومت کو instructions جاری کرنے کا حق نہ ہو بلکہ تمام کے تمام مسائل کو Trust اپنے Trustees کے ووٹ کے ذریعہ حل کریں تو یہ اچھا ہو گا ۔ ورنہ ہر لمحہ اور ہر منٹ میں نئی نئی instructions جاری ہوں گی ۔ اور پھر جب آپ ایسا کرتے جائیں گے تو ایک وقت آئے گا کہ لوکل کونسل اور لوکل باڈیز ایک officialdom ہو جائے گا ۔ اور یہ بات مخدوش ہو گی ۔ اس لئے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں ۔

وزیر بلدیات (میاں محمد یاسین خان وٹو)—جناب والا۔ میں فاضل ممبر کا مشکور ہوں کہ انہوں نے امپروومنٹ ٹرسٹ کے اچھے کام کا نہایت فراخدلی سے اعتراف کیا ہے ۔ میں ان کے ان نیک جذبات کا احترام کرتے ہوئے عرض کرتا ہوں کہ انہوں نے جو اس آرڈیننس پر تنقید فرمائی ہے اور اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اس سے میں نے اندازہ کیا ہے کہ انہوں نے اپنے دلائل کا انحصار خدشات پر کیا ہے اگر یہی چیز ہے تو پھر اس طرح تو کئی باتیں ذہن میں آ سکتی ہیں ۔ مگر جہاں تک اس ترمیم کا تعلق ہے میرے نزدیک یہ بے حد مفید ہے اور ایک اچھی ترمیم ہے میں آپ کی خدمت میں اس کے چند الفاظ پیش کرتا ہوں یہ ترمیم کہتی ہے ۔

"If in the opinion of Government anything done or intended to be done by or on behalf of the Trust is not in conformity with law or is in any way against public interest."

یعنی ایسے حالات میں حکومت کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ کسی بھی چیز میں interfere کرسکتی ہے جو قانون کے خلاف ہو یا جب ٹرسٹ کوئی کام عوام کے مفاد کے خلاف کرنا چاہے ۔ اس وقت حکومت دخل انداز ہو ۔ یہ تو ہے ایک بات ۔ دوسری چیز جو انہوں نے اس ترمیم کے متعلق ارشاد فرمائی ہے وہ یہ ہے کہ لوکل باڈیز کے اختیارات پر برا اثر پڑے گا ۔ اس کے لئے میں عرض کروں گا کہ

وہ تمام لوکل باڈیز کے بارے میں یونین کونسل کے بارے میں یا ڈسٹرکٹ کونسل کے بارے میں یا یونین کمیٹی کے بارے میں اور کارپوریشن کے بارے میں حکومت کو یہ اختیارات پہلے ہی موجود ہیں کہ جب عوام کے مفاد کے خلاف یا قانون کے خلاف یہ ادارے کوئی کام کرنا چاہیں گے تو وہ اس میں دخل دے۔ اس کے بغیر امپروومنٹ ٹرسٹ سے غلطیاں سرزد ہونے کا احتمال رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت کو ایسے اختیارات دیئے گئے ہیں۔ ان اختیارات کے نہ ہونے کی وجہ سے پبلک کے مفاد کا تحفظ نہیں ہو سکتا۔ میں فاضل ممبر اور اس معزز ایوان کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ جس طرح فاضل ممبر نے ان اداروں کے اچھے کام کا اعتراف کیا ہے اسی طرح وہ دیکھیں گے کہ اس ترمیم کے ذریعہ بھی اچھا کام ہو گا۔ اور یہ لوکل باڈیز بھی اصلاح پذیر ہوں Trust کی یہ کوشش رہے گی کہ ہمیشہ عوام کے مفاد کا خیال رکھا جائے۔

ان حالات میں میں گذارش کروں گا کہ اس آرڈیننس کو منظور کیا جائے۔

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is —

That the Assembly do approve of the Town Improvement (West Pakistan Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 16th August, 1965.

The motion was carried

THE WEST PAKISTAN LAND UTILIZATION (REPEAL) ORDINANCE, 1965

Minister of Revenue, Land Utilization, Colonies, Land Reforms, and Rehabilitation (Khan Habib Ullah Khan) : Sir I beg to move—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Land Utilization (Repeal) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 9th September, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Land Utilization (Repeal) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 9th September, 1965.

ملک مجید اختر (لاہور - ۲)- جناب سپیکر - اس آرڈیننس کا کا نفاذ ۱۹۶۵ء میں کیا گیا تھا یہ وہ موقع تھا جب اس کی ضرورت کو اشد سمجھا گیا تھا - سب سے بڑا کام جو موجودہ حکومت نے کیا وہ Land Reforms کے متعلق تھا اسی لئے اس آرڈیننس کا نفاذ کیا گیا -

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) - جناب والا - ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ہاؤس کے وقت کو ۵ منٹ کے لئے بڑھا دیا جائے تاکہ یہ آرڈیننس ختم ہو جائے -

ملک محمد اختر - یہ ایک لمبا معاملہ ہے - اسے کل پر ہی رکھیں -

مسٹر سپیکر - ملک صاحب آپ کتنا وقت لیں گے -

ملک محمد اختر - مجھے اس کے لئے نصف گھنٹہ چاہئے -

Mr. Speaker : If the Member cannot finish in five minutes, then the House is adjourned for t morrow to meet at 9-00 a. m.

The Assembly then adjourn d till 9-00 a. m. on Thursday, the 2nd December, 1965.

3933 PLA—535—16-4-66- SGPWP Lahore

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

SECOND SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Thursday, the 2nd December, 1965.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ؕ
وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ؕ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِيْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْيَ الْعَيْنِ ؕ
وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي
الْاَبْصَارِ ۝ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ
وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ
وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ۝

(پ ۳- س ۳- ع ۱۰- آیات ۱۲ تا ۱۴)

تم کافروں سے کہدو کہ تم لوگ عنقریب دنیا میں مغلوب ہو جاؤ گے اور بالآخر جہنم کی طرف ہانکے جاؤ گے اور وہ بہت بری جگہ ہے۔ بلاشبہ تمہارے لئے دو گروہوں کے باہمدگر مقابلے پر آنے کا واقعہ ایک بڑی نشانی تھی اس وقت ایک گروہ (مسلمانوں کا تھا) جو اللہ کی راہ میں لڑ رہا تھا اور دوسرا کافروں کا گروہ تھا اور مسلمانوں کو بظاہر اپنے آپ سے تعداد میں دوگنا دیکھ رہا تھا۔ اور اللہ اپنی مدد سے جس کی چاہتا ہے تائید کرتا ہے۔ بیشک اس میں بصیرت رکھنے والوں کے لئے بڑی عبرت ہے۔

لوگوں کے دلوں میں بیوی بچوں کی محبت، سونے اور چاندی کے انباروں سے الفت، عمدہ نشان والے گھوڑوں سے لگاؤ اور مال مویشی و کھیتی سے شغف کی خواہشیں آراستہ ہیں۔ یہ چیزیں اس دنیا کی زندگی کا متاع و اسباب ہیں اور آئندہ کی بہتر زندگی تو اللہ ہی کے پاس ہے۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker : Now the Question Hour. Mr. Hamza.

ALLOTMENT OF GOVERNMENT LAND TO ONE SHAH NAWAZ, SON OF MUHAMMAD SHARIF IN CHAK NO. 24/WP, TEHSIL VEHARI IN 1952-53

***122. Mr. Hamza :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that one Shah Nawaz, son of Muhammad Sharif, got 3 squares of Government land in Chak No. 24-WP, Tehsil Vehari in 1952-53 ;

(*b*) whether it is a fact that at the time when the said Shah Nawaz got the said land on lease he was a minor and dependent on his father, Muhammad Sharif, who was also granted Government land on lease in Chak No. 67/WP, Tehsil Vehari during the same year ;

(*c*) whether it is a fact that under paragraph 4 of the scheme, a dependent and minor was not eligible to obtain land on lease ;

(*d*) whether it is a fact that Colonization Officer, Nili Bar, pointed out to Government that the said Shah Nawaz, being a dependent and minor was not entitled to allotment of land ;

(*e*) whether Government are aware of the fact that the said Shah Nawaz made an agreement with Muhammad Nazir and Muhammad Nawaz for the transfer of his rights in the said land without the prior permission of Government ;

(*f*) whether it is a fact that the said Muhammad Nazir and Muhammad Nawaz installed a tubewell in the land leased out to the person named in (*a*) above and since then they have been cultivating the said land ;

(*g*) if answer to (*a*) to (*f*) above be in the affirmative, the action, Government intend to take in the matter ?

Parliamentary Secretary (Haji Gul Hassan Mangi) : (*a*) Yes.

(*b*) It was not known at the time of allotment that the applicant was a minor, but now it has been reported by the local officers that he was.

(*c*) No. There was no such restriction.

(*d*) No.

(*e*) He applied for permission on 6th June 1963, but it was refused on 5th January 1964. We are not aware of agreement between private parties.

(*f*) There were conflicting claims about the person who installed the tubewell. As regards possession, Khasra Girdawari shows that Muhammad Nawaz and Muhammad Nazir are in possession since Kharif 1962.

(*g*) The matter regarding the alleged transfer of rights is being examined and a reply will be placed on the Table of the House.

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا۔ سوال کی جزو (ج) کے پیراگراف نمبر ۴ میں پوچھا گیا تھا ۔ کہ آیا اس قانون کا زیر بحث الاٹمنٹ پر اطلاق ہوتا ہے کہ نابالغ وارث پٹہ پر زمین نہیں لے سکتا ؟ وزیر صاحب نے جواب میں فرمایا ہے کہ اس قانون کا اس سکیم پر اطلاق نہیں ہوتا ۔ تو کیا وزیر مال اس کی ذرا وضاحت فرمائیں گے ؟

وزیر مال (خان حبیب‌اللہ خان) ۔ جواب تو پہلے ہی صاف ہے ۔ اسکی وضاحت کس طرح کی جائے ۔ نابالغ کو الاٹمنٹ سے محروم کرنے کا قانون سکیم میں موجود نہیں تھا ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب والا ۔ نابالغ زمین پٹے پر لے ہی نہیں سکتا ۔

وزیر مال ۔ آپ نارمل قانون کی بات کرتے ہیں ۔ میں سکیم کی دفعات کا حوالہ دے رہا ہوں ۔

مسٹر حمزہ - کیا وزیر مال صاحب فرمائیں گے کہ آیا جب الاٹمنٹ کی گئی تھی - اسوقت ہنگامی حالات تھے ؟

Mr. Speaker : This is not a supplementary question.

وزیر مال - یہ بات آپ کو خود معلوم ہونی چاہئے - کہ آیا اسوقت ہنگامی حالات تھے - یا نہیں - کیا آپ اسوقت اس دنیا میں پیدا نہیں ہوئے تھے ؟

خواجہ محمد صفدر - معزز رکن نے یہ بات اس لئے پوچھی ہے کہ آپ نے جواب میں نارمل لاء کی بات کرتے ہوئے سکیم کو اس نارمل قانون سے الگ حیثیت دی تھی - تو پوچھنا پڑا کہ آیا اسوقت کوئی ہنگامی حالات تھے - (قہقہہ) -

سید عنایت علی شاہ - جناب وزیر مال کو معلوم ہوگا کہ گورنمنٹ یتیم کی جائیداد پر خود قبضہ کر لیا کرتی ہے - تو کیا گورنمنٹ اپنی آراضی کسی یتیم کو دے سکتی ہے ؟

Mr. Speaker : This is a hypothetical question.

خواجہ محمد صفدر - گورنمنٹ ایسے یتیموں کو زمین دے دیا کرتی ہے - (قہقہہ)

خان عبدالستار خان - کیا یتیم بچے اپنے والدین کی جائز اولاد نہیں ہوتے ؟

وزیر مال - ان کے ہاں نہیں ہوتے - ہمارے ہاں تو یتیم بچے بھی جائز اولاد ہوتے ہیں - (قہقہہ)

خان عبدالستار خان - کیا کوئی وارث الاٹ شدہ زمین کو بیچ سکتا ہے یا اسکا متبادل انتظام کر سکتا ہے ؟

Mr. Speaker : I think this is a fresh question.

وزیر مال - یہ ہے تو fresh سوال - اصل میں محمد نواز اور محمد نذیر کو زمین الاٹ ہونے کے بعد ۱۹۶۳ء میں نیا قانون بن گیا تھا - شکایت ہونے پر تفتیش و تحقیقات شروع کی گئی - جو کہ ابھی جاری ہے - انکوائری کے بعد ہی جواب دیا جا سکے گا - ہم کسی کی زمین زبردستی چھین تو نہیں سکتے - معاملے کی چھان بین کے بعد جواب دیا جائیگا -

خواجہ محمد صفدر - یہ انکوائری کب شروع ہوئی تھی ؟

وزیر مال - کچھ عرصہ پہلے - (قہقہہ)

وزیر بلدیات - "کب سے" کا جواب "جب سے" ہی ہونا چاہئے -

خواجہ محمد صفدر - سبحان اللہ کیا جواب ہے - (قہقہہ)

PATHS PROVIDED FOR PUBLIC USE IN VILLAGE TAJPURA, TEHSIL NAROWAL, DISTRICT SIALKOT.

***172. Mr. Hamza :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether paths for public use were provided in village Tajpura,

Tehsil Narowal, District Sialkot, while consolidating the land holdings in 1963 ;

(*b*) whether it is a fact that one of the said paths was for the purpose of connecting Jassar with Dhuni Dev *via* Tajpura ;

(*c*) whether it is a fact that the said paths do exist on Revenue Records, but practically either they have disappeared or their width has become narrower than that shown in the Revenue records due to encroachments by local zamindars who own lands adjacent to them ;

(*d*) if answers to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, (*i*) the names of the zamindars who made the encroachments, (*ii*) the action taken or proposed to be taken against them and (*iii*) whether Government intend to remove the encroachments on the said paths and demarcate paths for public use ; if so, the time by which the said paths will be demarcated ; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Haji Gul Hassan Mangi): (*a*) Yes. (*b*) Yes.

(*c*) The paths exist on Revenue records as well as on the spot.

(*d*) The paths were provided under the Consolidation Scheme along killabandi lines. Some of the new paths passed through areas which were under crops and could not be demarcated on the spot until after the removal of rabi crop of 1964. Later Khatedars Ibrahim and Ilam Din, sons of Amir, Nur Din and Muhammad Ali, sons of Khair Din, Hassan Muhammad and Sultan, sons of Jhanda, Safdar, son of Hayat Muhammad, Niamat, son of Hassan Muhammad, Inayat and Hussain, sons of Sardar Khan, Qaim Din, son of Din Muhammad encroached on some of these paths. On the report of the Revenue Authorities the Narowal Police launched proceedings against these Khatedars under section 290, P. P. C., with the result that the encroachments were removed and the paths were cleared in February 1965. Since then all the paths now exist on the spot in accordance with the Revenue records.

مسٹر حمزہ - وزیر مال صاحب کی خدمت میں گزارش ہے - کہ ان کے جواب کا آخری فقرہ غلط ہے- چونکہ وہ موقع پر اصل حالات کا جائزہ لئے بغیر دیا گیا ہے - میں نے جون میں سوال پوچھا تھا - اور ماہ فروری سے جون تک موقع پر جو تبدیلی ہوئی اس کا موقع پر جا کر ملاحظہ کئے بغیر جواب دے دیا گیا - ۱۹۶۳ء میں جو راستے موجود تھے - وہ میری اطلاع کے مطابق اب موقع پر موجود نہیں - دوبارہ تصرف بیجا ہو چکا ہے -

*

Mr. Speaker : This is not a supplementary question.

وزیر مال (خان حبیب اللہ خاں) - میں اس کا کیا جواب دوں ؟ یہ سپلیمنٹری سوال ہی نہیں -

خواجہ محمد صفدر - معزز رکن نے آپ کے جواب کے آخری حصے کو غلط بتایا ہے - آپ تحقیقات کریں -

مسٹر سپیکر - خان صاحب وہ کہتے ہیں کہ جواب کا آخری حصہ صحیح نہیں ہے - آپ دوبارہ موقع پر تحقیقات کرائیں کہ آیا موقع پر راستے موجود ہیں یا نہیں -

وزیر مال - ہم کہتے ہیں کہ ضرور موجود ہیں -

خواجہ محمد صفدر - تحقیقات کرائیں -

وزیر مال - مجھے شک ہو تو تحقیقات بھی کراؤں -

مسٹر حمزہ - میری معلومات کے مطابق موقع پر یہ راستے موجود نہیں -

وزیر مال - مجھے اپنی اطلاع کی درستی میں کوئی شک نہیں -

مسٹر سپیکر - ایک معزز رکن ایوان کے فرش پر اپنی معلومات کی بنا پر ایوان کو بتا رہا ہے کہ یہ جواب غلط ہے - تو اس پر تحقیقات کرائی جانی چاہیئے -

وزیر مال - معزز رکن خود جا کر موقع ملاحظہ کریں - اگر راستے موجود نہ ہوں تو مجھے لکھ کر دیں -

خواجہ محمد صفدر - موقع ملاحظہ کرنا آپ کا فرض ہے - آپ الٹا رکن کو کہہ رہے ہیں -

وزیرمال - خواجہ صاحب آپ نے مجھے راستے میں ہی کاٹ لیا ہے - یہ مسٹر حمزہ کے لئے قابل معافی ہے - آپ کے لئے نہیں - (قہقہہ) - میں کہہ رہا تھا کہ اگر یہ صاحب موقع پر جا کر دیکھیں کہ راستے موجود نہیں تو مجھے تحریری طور پر یہ اطلاع دیں - پھر میں تحقیقات کرونگا -

خواجہ محمد صفدر - کیا عجیب جواب ہے - اسمبلی کے رکن کی بات پر اتنا بھی اعتبار نہیں کہ اس کی شکایت پر آپ تحقیقات ہی کرالیں -

EXCHANGE OF SOME PIECE OF STATE LAND SITUATED IN CHAK NO. 303-J. B, DISTRICT LYALLPUR WITH SOME PRIVATE PARTIES

*312. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Chak No. 303-J.B., District Lyallpur, is situated within a radius of five miles from Gojra Town ;

(*b*) whether it is a fact that Government have decided to exchange some piece of State land situated in the said chak with some private parties ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, reasons therefor and the names of the said parties alongwith the details of terms and conditions laid down for the exchange of the said piece of land ?

Parliamentary Secretary (Haji Gul Hassan Mangi) : The matter is subjudice in the High Court of West Pakistan. Therefore it is not appropriate to discuss it in the House at present.

مسٹر حمزہ - جناب والا - وزیر مال صاحب کی طرف سے یہ جواب دیا گیا ہے کہ یہ معاملہ زیر سماعت ہے - میں ان سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اگر یہ زیر سماعت ہے تو اس زمین کے ٹنڈر منسوخ کر کے ان لوگوں کو اس کا قبضہ کیوں دلوایا گیا ؟

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) - جناب والا - یہاں تنازعہ قبضے کا نہیں - میں نے جواب یہ دیا ہے کہ چونکہ یہ معاملہ زیر غور عدالت ہے - اس لئے یہ کہنا کہ اس کی ملکیت کس کی ہے - قبضہ کس کا ہے - اس کا تبادلہ ہو سکتا ہے یا نہیں ہو سکتا - ان معاملات پر اس ہاؤس میں تبصرہ کرنا یا رائے زنی کرنا درست نہ ہو گا - کیونکہ یہ معاملہ ہائی کورٹ میں زیر سماعت ہے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - جناب وزیر مال صاحب کے جواب میں تضاد ہے - آپ فرماتے ہیں کہ ابھی زمین کی منتقلی زیر غور ہے - میری گزارش یہ ہے کہ آپ ایک طرف تو کہتے ہیں کہ یہ زیر غور عدالت ہے - لیکن دوسری طرف موقع پر اس زمین پر قبضہ کر لیا گیا ہے - یہ کیسے ہؤا ؟

وزیر مال - جناب - میں نے یہ نہیں کہا کہ صرف تبادلہ زیر غور ہے - ملکیت بھی زیر غور ہے کہ یہ کس کی ملکیت ہے - آپ کو خود پتہ ہے کہ کسی شخص نے کہا ہے کہ اس زمین کا تبادلہ کسی اور زمین سے ہو رہا ہے - یہ زمین دراصل فلاں کی نہیں - میری ہے - یہ معاملہ بھی زیر غور ہے - تو ایسی صورت میں ہم اس پر کیسے تبصرہ یا رائے زنی کر سکتے ہیں -

مسٹر حمزہ - جناب والا - وزیر صاحب یہ کہتے ہیں کہ یہ معاملہ زیر سماعت ہے - اس کی ملکیت اور قبضے کے متعلق میں ان کی خدمت میں مؤدبانہ عرض کرتا ہوں کہ اس زمین پر نہ صرف قبضہ کر لیا گیا ہے بلکہ یہ سرکاری زمین جو کہ ٹنڈر پر دی گئی تھی - اس کا ٹنڈر بھی منسوخ کر دیا گیا ہے - اور اس فریق کو اس کا قبضہ بھی دیدیا گیا ہے - یہ سب کچھ کیسے ہؤا ؟ جناب وزیر محکمہ مال کے انچارج ہیں - آپ جواب کچھ دیتے ہیں اور آپ کے محکمہ مال نے موقع پر کچھ اور ہی کر دیا ہے -

وزیر مال - جناب والا - اگر معزز ممبر کو پتہ ہے کہ قبضہ دیدیا گیا ہے تو اب وہ مجھ سے کیا پوچھتے ہیں ؟

Mr. Speaker : This is for the information of the Minister of Revenue.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - عرض یہ ہے کہ اگر یہ زیر سماعت عدالت ہے تو پھر اس کا قبضہ کیوں دیا گیا ہے ؟

مسٹر سپیکر - یہ واقعات حمزہ صاحب وزیر مال کی اطلاع کیلئے بیان کر رہے ہیں تاکہ وہ ان کے متعلق پوری طرح واقف ہو جائیں -

وزیر مال - جناب والا - میں معزز ممبر کی توجہ اس امر کی طرف دلاتا ہوں کہ سوال کے کسی حصہ میں بھی انہوں نے قبضہ کے متعلق نہیں پوچھا - جو کچھ انہوں نے پوچھا ہے اس کا جواب دیدیا گیا ہے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - جب میرے بزرگ جناب وزیر مال اس بات سے انکار نہیں کرتے کہ ابھی تک اس کی ملکیت زیر سماعت ہے - تو اس صورت حالات میں مجھے ان سے یہ سوال کرنے کا حق حاصل ہے - بلکہ اس کا لازمی نتیجہ یہ نکلتا ہے - اور اس کا مجھے ذاتی طور پر بھی علم ہے کہ آخر اس زمین کا قبضہ کس طرح دیدیا گیا اور آپ کے محکمہ نے اس زمین کے ٹنڈر کیوں منسوخ کئے ؟ اور اس فریق کو جب کہ یہ معاملہ ہائی کورٹ میں زیر سماعت ہے - قبضہ کیوں دلوایا گیا ؟

وزیر مال - جناب والا - معزز ممبر نے اپنے سوال میں قبضے کی بابت تو کچھ بھی نہیں پوچھا - اور اگر اب وہ اس ضمنی سوال کے ذریعے

اس کے متعلق کچھ پوچھنا چاہتے ہیں ۔ تو میں اس کا کوئی جواب دینا نہیں چاہتا ۔ کیونکہ یہ معاملہ زیر غور عدالت ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ کیا جناب وزیر مجھے بتا سکتے ہیں کہ ان کے محکمہ نے ٹنڈر منسوخ کئے ہیں یا نہیں ؟ اگر کئے ہیں تو کیوں ؟

Minister of Revenue : Sir, I require fresh notice for that.

مسٹر حمزہ ۔ جناب ۔ اگر وہ اپنے سوال کا جواب درست سمجھتے ہیں ۔ تو میں یہ ثابت کرنے کے لئے تیار ہوں کہ اس زمین کے ٹنڈر منسوخ کئے گئے تھے اور اس فریق کو قبضہ دلوایا گیا تھا ۔ اگر ایسا ہو تو آپ مجھے بتائیں کہ آپ اپنے محکمے کے ذمہدار افسران کے خلاف کیا کارروائی کرینگے ؟

وزیر مال ۔ جناب ۔ یہ تو اس وقت دیکھا جائے گا جب یہ اسے ثابت کرینگے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں اس وقت یہاں ایک ممبر کی حیثیت سے کھڑے ہو کر حلفاً بیان کرتا ہوں۔ اور میرا یہ کہدینا کہ اس زمین کا قبضہ دیا گیا ہے ۔ کافی اہمیت رکھتا ہے ۔ ویسے تو آپ ایک ممبر کو جتنی اہمیت دیتے ہیں اسے سارا جہاں جانتا ہے اور میں بھی جانتا ہوں ۔

Mr. Speaker : No criticism about that.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اس زمین کے ٹنڈر منسوخ کئے گئے ہیں اور اس وقت اس زمین پر اس پارٹی کا قبضہ ہے ۔

وزیر مال ۔ جناب مجھے اس کا کیا پتہ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ کیا جناب وزیر صاحب کا یہ فرض نہیں کہ وہ اس امر کا خیال رکھیں ۔ کہ ان کے محکمے میں کیا ہو رہا ہے ؟ وزیر مال صاحب کھلے طور پر کہہ رہے ہیں کہ مجھے کیا پتہ ۔

مسٹر سپیکر ۔ خان صاحب ۔ اگر ایک معزز ممبر ایک بات آپ کے نوٹس میں لاتا ہے اور اس کے ساتھ ہی یہ کہتا ہے کہ میں حلفاً بیان کرتا ہوں تو میرے خیال میں حکومت کو اس کے متعلق ضروری تحقیقات کرانی چاہئے۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ ان وزراء صاحبان کے فرائض آخر ہیں کیا ؟ کیا ان کو اپنے محکمے کے متعلق علم ہونا چاہئے یا نہیں کہ اس میں کیا ہو رہا ہے ؟

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ میں نے تو صرف یہ کہا ہے کہ جہانتک اصل سوال کا تعلق ہے ۔ چونکہ یہ معاملہ زیر غور عدالت ہے ۔ اس لئے اس پر یہاں ایوان میں رائے زنی نہ ہونی چاہئیے ۔ اب چونکہ انہوں نے ایک نئی بات کر دی ہے ۔ اس لئے اب میں اس کے متعلق تحقیقات کر کے ہی جواب دے سکتا ہوں ۔

مسٹر سپیکر - خان صاحب - بات یہ ہے کہ اگر ایک ممبر ہاؤس میں حلفاً کوئی چیز بیان کرے - تو اس کے متعلق حکومت کو ضروری تحقیقات کرانی چاہئیے -

وزیر مال - جناب - میں تو اس کیلئے بالکل تیار ہوں - آپ کا مقصد غالباً یہ ہے کہ حمزہ صاحب کا یہ کہنا ہی حلفیہ بیان کے مترادف ہے - اس لئے اب یہ مجھ پر لازم آتا ہے کہ میں اس کی تحقیقات کراؤں -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - اس کا مطلب یہ ہؤا کہ جو کچھ بھی یہ وزراء صاحبان کہیں - ہم آئندہ قطعاً اس پر یقین نہ کریں - X X X X X*

Mr. Speaker : Khawaja Sahib, please withdraw these words.

خواجہ محمد صفدر - بہت اچھا جناب - میں withdraw کرتا ہوں آخر ان کو ہماری بات پر یقین کیوں نہیں آتا ؟

Mr. Speaker : These words are expunged from the proceedings of the Assembly.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں آپ کی اور اس معزز ایوان کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ میں اس معاملے کے بارے میں آج سے دو ماہ قبل بذات خود وزیر مال صاحب سے ملا تھا اور ان کی خدمت میں ساری صورت حال بیان کی تھی - اب اگر وہ اس معاملے کے بارے میں لاعلمی کا اظہار کریں تو اس کا واضح مطلب یہ ہے کہ وہ دیدہ دانستہ حقائق چھپا رہے ہیں -

*Expunged as ordered by Mr. Speaker.

Mr. Speaker : This is not a supplementary and the Revenue Minister will look into the matter about which you have said on 'hulf'.

Minister of Revenue : I would like to know about what particular matter I should make enquiry so that I may lay that information before the House.

مسٹر سپیکر - ان کا کہنا یہ ہے کہ ٹنڈر منظور کئے گئے تھے - ان کی منظوری کے بعد دوبارہ قبضہ دیا گیا تھا اور ٹنڈر منسوخ کئے گئے تھے -

وزیر مال - جناب والا - وہ مجھے بتائیں کہ کس کے ٹنڈر کی منظوری ہوئی ہے - اور اس کے بعد کس کو قبضہ دیا گیا ہے - مجھے اس امر کا پتہ چلے تو میں اس کا جواب دوں -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں جناب وزیر مال کی خدمت میں عرض کر دوں کہ یہ زمین محمد افضل چیمہ - جج ہائی کورٹ کو تبادلے میں دی گئی ہے - اس چک کے جو میری جائے رہائش سے اڑھائی تین میل کے فاصلے پر ہے - چیئرمین محمد افضل ہیں - اور وہ بھی چیمہ ہیں - اس سے قبل ان کو یہی زمین اڑھائی سو روپے فی ایکڑ کے حساب سے ٹنڈر پر دی گئی تھی - اس کا ٹنڈر منسوخ کرنے کے بعد محمد افضل چیمہ صاحب جج ہائی کورٹ اور ان کے عزیز و اقارب جن کو یہ زمین منتقل کی گئی ہے - ان کو اس کا قبضہ بھی دیدیا گیا ہے - اور انہوں نے اس میں باقاعدہ پانی وغیرہ لگا کر اور ہل چلانے کے بعد فصل بھی کاشت کر لی ہے -

وزیر مال - جناب والا - یہ تو معزز ممبر نے سارا حال بتایا ہے - اب وہ مجھے کیا پوچھنا چاہتے ہیں ؟ یہ بھی تو فرمائیے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں اتنی دیر سے عرض کر رہا ہوں - مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جناب وزیر مال میری بات ابھی تک نہیں سمجھ پائے - آپ فرماتے ہیں کہ یہ معاملہ زیر سماعت عدالت ہے - اگر یہ حقیقت ہے - تو اس زمین کے ٹنڈر کیوں منسوخ کئے گئے اور ان کو قبضہ کیوں دیا گیا ؟ یہ کیسے ہو سکتا ہے ؟

AGRICULTURAL LAND ALLOTTED TO EJECTED TENANTS AND SMALL LAND HOLDERS BY GOVERNMENT IN DISTRICT LYALLPUR.

*313. **Mr. Hamza** : Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the acreage of State Agricultural Land allotted to the ejected tenants and small land holders in District Lyallpur under the Ejected Tenants Scheme ;

(*b*) whether it is a fact that now Government have decided to take back some of the said land from the said ejected tenants and small land holders as the same falls within a radius of five miles from towns in the said district ; if so, the acreage of the land to be taken back from the said tenants and small land holders ;

(*c*) whether Government intend to allot some other State lands in lieu of those mentioned in (*b*) above to the affected tenants and small land holders ?

Parliamentary Secretary (Haji Gul Hassan Mangi) : (*a*) 46,703 acres.

(*b*) Yes. An area of 15,896 acres has been resumed having fallen within 5/10 miles radius of municipalities etc., in the district.

(c) No. It is not obligatory upon Government under the terms and conditions governing the Scheme to give them alternate land.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - کیا یہ حقیقت ہے کہ یہ مزارعین اور چھوٹے مالکان جن کو آپ نے بےدخل کیا ہے - تقریباً ۹ سال قبل آپ نے ان کو یہ زمین دی تھی ؟

وزیر مال (خان حبیب‌اللہ خان) - جناب والا - ہم نے کبھی بھی یہ نہیں کہا کہ ہم نے ان کو بیدخل کیا ہے - ان کے پٹے کی معیاد ختم ہونے پر ہم نے ان سے زمین لے لی ہے -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - محترم وزیر مال نے اپنے جواب میں واضح طور پر فرمایا ہے کہ انہیں پٹے کی معیاد ختم ہونے کی وجہ سے بے دخل نہیں کیا گیا - بلکہ اس لئے بے دخل کیا گیا ہے کہ وہ زمینیں میونسپل کمیٹی کی حدود کے ۵ یا ۱۰ میل کے اندر واقع ہیں -

مسٹر سپیکر - حمزہ صاحب آپ کا ضمنی سوال کیا ہے ؟

مسٹر حمزہ - جناب - میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ یہ زمینیں شروع میں چھوٹے مالکان اور مزارعین کو دی گئی تھیں - جو ۹ یا ۱۰ سال تک ان پر محنت و مشقت کرتے رہے - اور اب آپ نے ان کو بے دخل کیا ہے - جواب کے حصہ (ب) میں جناب وزیر مال فرماتے ہیں کہ ہمارا یہ فرض نہیں تھا - میں ان سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں - کیا یہ ان کا اخلاق فرض نہ تھا - کیا یہ ملکی مفاد کا تقاضا نہ تھا کہ ان بیچاروں کو کوئی متبادل زمین دی جاتی - کم از کم ان کی پچھلی نو

دس سال کی محنت مشقت کا ھی خیال رکھا جاتا ۔ انھوں نے اس زمین کو قابل کاشت بنا کر کار آمد بنایا ۔ کیونکہ جب یہ زمین ان کو دی گئی تھی ۔ اس وقت یہ اچھی حالت میں نہ تھی ۔

Mr. Speaker : Mr. Hamza should not make a speech on that.

مسٹر حمزہ ۔ نہیں جناب ۔ عرض یہ ھے کہ کیا قومی مفاد کا یہ تقاضا نہ تھا کہ ان کو متبادل زمینیں دی جاتیں ؟

مسٹر سپیکر ۔ حمزہ صاحب اگر آپ نے اس جواب کا Part (c) پڑھا ھے ۔ تو آپ دیکھ سکتے ھیں کہ اس میں پٹے کی terms and conditions کے مطابق گورنمنٹ ان کو متبادل زمین دینے کی پابند نہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ مجھے معلوم ھے کہ سرکاری افسروں کو دھڑا دھڑ زمینیں دی جا رھی ھیں ۔ چھوٹے مالکان اور مزارعین جن کو ۱۰ سال پہلے زمینیں دی گئی تھیں اب انہیں بےدخل کیا جا رھا ھے ۔ میں یہ دریافت کرتا ھوں کہ کیا مستحق شہری ھونے کی حیثیت سے حکومت کا فرض نہیں کہ ان کو متبادل زمین دے ؟

وزیر مال ۔ میں نے پہلے عرض کیا ھے کہ یہ زمینیں lease پر دی گئی تھیں ۔ تو پھر جب ان کی معیاد ختم ھوگئی تو وہ زمینیں واپس لے لی گئی ھیں ۔ نیز agreement میں کوئی ایسی بات نہیں کہ ان کو متبادل زمین دی جائے ۔ یہ تو مختلف سکیمیں ھوتی ھیں جن کے تحت زمین دی جاتی ھے ۔ کبھی ۵۳-۵۲ء میں ایک سکیم آتی ھے تو کبھی ۵۶-۵۵ء یا ۵۷-۵۶ء

میں دوسری سکیمیں آ جاتی ہیں ۔ یہ سکیمیں تو بدلتی رہتی ہیں ۔ اور حکومت کی ذمہ داری نہیں ہوتی کہ ایسی زمین کے بدلے میں کوئی زمین دی جائے ۔

چونکہ lease renewable تھی ۔ اور سکیم کے تحت دی گئی تھی ۔ اسلئے جب اس lease کی معیاد ختم ہو گئی تو ان سے زمینیں لے لی گئیں ۔ اب حکومت پابند نہیں کہ ان کو متبادل زمین دے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر مال صاحب کی خدمت میں میں مؤدبانہ عرض کروں گا کہ انہوں نے جواب کے پہلے حصہ میں خود فرمایا ہے کہ

Yes. An area of 15,896 acres has been resumed having fallen with 5/10 miles radius of municipalities, etc. in the district.

یہ زمینیں پٹہ کی معیاد کے ختم ہونے کی وجہ سے واپس نہیں لی گئیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ایکن ہو سکتا ہے کہ سکیم کے تحت agreement میں کوئی شق نہ رکھی گئی ہو کہ ان کو متبادل زمین دی جائے ۔ اس لئے گورنمنٹ پر یہ فرض عائد نہیں ہوتا کہ alternative زمین دے ۔

REVISION OF EXISTING PAY SCALES OF PATWARIS AND GIRDAWAR-QANUNGOS AND TAPEDARS

***386. Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the existing pay scales of Patwaris and Girdawar-Qanungos in former Punjab area and the existing pay scales of Tapeders in former Sind area ;

(*b*) whether it is a fact that Government have decided to revise the said pay scales ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the date by which the said decision is likely to be implemented and the new pay scales proposed to be given to the said officials ?

Parliamentary Secretary (Haji Gul Hassan Mangi) : (*a*) The existing pay scales (financial year 1964 65) of Patwaris/Tapedars and Girdawar-Qanungos are as under :—

Patwaris/Tapedars	...	Rs. 75—1—85/2—115 (upto 30th of November 1964).
		Rs. 100—4—140/5—175. (With effect from 1st of December 1964).
Girdawar-Qanungos	...	Rs. 115—5—175. (Selection grade for five per cent of the posts at Rs. 125—7—195/8—275).

(*b*) The pay s ,ates of Patwaris/Tapedars have already been revised as shown at (*a*) above. The pay scales of Qanungos have not now been revised. Their representation is under examination.

(*c*) Does not arise in the case of Patwaris/Tapedars, whose pay scales have been revised.

Kazi Muhammad Azam Abbasi : Since when their representation is under consideration ?

Minister for Revenue and Rehabilitation (Khan Habib Ullah Khan) : It is very difficult to give the exact date.

اگر آپ چاہتے ہیں تو میں پوچھ کر بتا سکتا ہوں ۔

Kazi Muhammad Azam Abbasi : I want to know the period, and not the exact date.

Minister for Revenue & Rehabilitation : From March 1965.

Kazi Muhammad Azam Abbasi : How long will it take ?

Minister for Revenue and Rehabilitation : About two-three months.

خان اجون خان جدون - آپ نے فرمایا ہے کہ پٹواریوں کے Pay scales ۶۵/۶۴ء میں revise کئے گئے اور قانون‌گوؤں کی representation under examination ہے - میں یہ دریافت کرتا ہوں کہ جب پٹواریوں کے pay scales ۱۹۶۴ء میں revise کئے گئے تھے تو کیا وجہ ہے کہ اس وقت قانون‌گو حضرات کے pay scales revise نہ ہوئے ؟

وزیر مال - بات یہ ہے کہ پٹواریوں نے عرصہ ہؤا representation کی تھی کہ ان کی تنخواہیں بڑھائی جائیں - چنانچہ حکومت نے اس پر غور کیا اور ان کے pay scales بڑھا دیئے - اس وقت وہی تنخواہ قانون‌گو کو ملتی تھی یعنی ۱۷۵-۵/۱۴۰-۴-۱۰۰ روپے اور ۱۷۵-۵-۱۱۵ روپے کے سکیل تھے - اس کے بعد قانون گوؤں نے درخواست دے دی کہ ہماری تنخواہیں زیادہ کی جائیں - اس لئے اس معاملہ پر غور ہو رہا ہے -

خان اجون خان جدون - جب پٹواریوں کے pay scales بڑھائے گئے تھے اور آپ کو معلوم تھا کہ یہ pay scales گردواروں اور قانون گوؤں کے pay scales کے برابر ہیں - تو آپ نے خودبخود ان کے pay scales کیوں revise نہیں کر دیئے - اس طرح تو آپ ان میں بددلی پیدا کر رہے ہیں - جب پٹواریوں اور قانون‌گوؤں کے pay scales برابر ہوں گے تو پھر کام کیسے چلے گا -

Mr. Speaker : This is a suggestion.

REGISTRATION OF MONEY LENDERS UNDER WEST PAKISTAN MONEY LENDERS ORDINANCE, 1960

*398. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the number of money lenders registered under the West Pakistan Money Lenders Ordinance, 1960, up to May 30th, 1965 ;

(b) whether it is a fact that number of unregistered money lenders are also doing their business in contravention of the said Ordinance ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, the number of such money lenders against whom action has been taken in the Province up to May 30th, 1965 and the steps Government intend to take to check this evil ?

Parliamentary Secretary (Haji Gul Hassan Mangi) : (*a*) the number of money lenders registered under the West Pakistan Money Lenders Ordinance, 1960 up to 30th May, 1965 was 304.

(*b*) Government is not aware of the number of unregistered money lenders, but it can be assumed that there are some.

(*c*) Action up to 30th May, 1965 was taken against one unregistered money lender in Karachi and two in Bahawalpur.

Under the provisions of the West Pakistan Money Lenders Ordinance, 1960, adequate penalties have been provided for imposition on persons taking part in money lending business unlawfully, and the offences are cognizable under the provisions of the Code of Criminal Procedure, 1898.

———

REMISSION IN LAND REVENUE TO THE ZAMINDARS AFFECTED BY HEAVY RAIN AND HAIL-STORM IN TEHSIL SAWABI

*402. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that due to recent heavy rains and

hailstorm the crops of wheat and tobacco have been damaged extensively in Tehsil Sawabi ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether Government intend to allow remission in land revenue to the affected zamindars of the said Tehsil ; if so, to what extent ; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Haji Gul Hassan Mangi) : (*a*) (*i*) The harvested wheat crops gathered on the threshing-floors throughout the Tehsil were damaged by constant rains.

(*ii*) Tobacco crops were affected in two villages only.

(*b*) Special Girdawari was undertaken, but the damage caused was not such as to have justified suspension/remission under the rules.

خان اجون خان جدون - انہوں نے خود admit کر لیا ہے کہ -

The harvested wheat crops gathered on the threshing-floors throughout the Tehsil were damaged by constant rains.

تو کیا آپ سمجھتے ہیں کہ اس سے زمیندار کو نقصان نہیں ہؤا ؟ کیا آپ اس بات سے انکار کرتے ہیں کہ اس سے زمیندار کو نقصان ہؤا ہے ؟

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) - فصل تو کئی طرح سے damage ہو جاتی ہے- جب کھڑی ہو تب بھی خراب ہو جاتی ہے - thrashing-floor پر ہو تب بھی خراب ہو سکتی ہے - اور جب بوریوں میں بھر کر گودام میں لے جاتے ہیں- تب بھی خراب ہو سکتی ہے - اب قواعد کے مطابق یہ حکومت کی ذمہداری نہیں کہ ان حالتوں میں بھی حکومت کوئی remission دے - جب فصل کھڑی ہو اور خراب ہو جائے تو حکومت

remission دیتی ہے لیکن اس کے لئے کوئی قاعدہ نہیں ہے کہ جب غلہ thrashing-floor پر ہو تو remission دی جائے۔

سید عنایت علی شاہ ۔ کیا ناگہانی آفات سے تباہ شدہ افراد کی امداد کرنا حکومت کا فرض نہیں ہے ؟

وزیر مال ۔ یہ تو ایک جنرل سی بات ہوتی ہے ۔ عام طور پر ایسے حالات میں حکومت مدد کرتی ہے ۔

خان اجون خان جدون ۔ کیا قواعد میں یہ نہیں ہے کہ contingency item میں سے آفات سماوی سے متأثر لوگوں کی امداد کی جائے؟ تحصیل صوابی کے زمینداروں کے پاس زمین بہت تھوڑی ہوتی ہے اگر thrashing-floor پر ان کی فصل تباہ ہو جائے تو کیا contingency میں سے ان کو امداد دینے کے لئے حکومت تیار ہے یا نہیں ؟

مسٹر سپیکر ۔ فصل thrashing-floor پر ہو یا ابھی uncut ہو۔ عملی طور پر اس میں کوئی فرق نہیں ۔

وزیر مال ۔ اگر کھڑی فصل کی گرداوری ہو جائے اور حکومت کو یہ اطلاع مل جائے کہ ۵ فیصدی یا ۲۵ فیصدی فصل خراب ہوئی ہے تو اس کے متعلق remission دی جا سکتی ہے۔ لیکن thrashing-floor پر غلہ ہو ۔ گرداوری پہلے ختم ہو چکی ہو اور پٹواری رپورٹ کر دے کہ زمیندار کا ۱۰ فیصدی یا ۸۰ فیصدی نقصان ہؤا ہے تو پھر

اس کے مطابق remission دے دی جاتی ہے ۔ اس کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا ۔ کیونکہ یہ معلوم نہیں ہوتا کہ کس کو کتنا نقصان ہؤا ہے ۔ اس لئے اگر thrashing-floor پر غلے کا نقصان ہو جائے تو یہ نہیں کہ قواعد کے مطابق کوئی remission ضرور دی جائے گی ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ جناب وزیر صاحب کے جواب نمبر ۲ میں یہ صاف ظاہر کیا گیا ہے کہ تمباکو کی فصل کو صرف دو دیہات میں نقصان پہونچا ہے۔ تو کیا اس فصل کا معاوضہ دیا جائیگا ؟

وزیر مال ۔ میرے خیال میں دو گاؤں میں نقصان ہؤا تھا ۔ لیکن وہ اتنا نہیں تھا کہ اسکے لئے معاوضہ دینے پر غور کیا جاتا ۔

Mr. Anwar Aziz : In part (*d*) it has been said—

"The matter is under consideration".

Mr. Speaker : I think, Mr. Mangi has read a revised answer.

Parliamentary Secretary (Revenue) : Yes, Sir.

نواب زادہ رحم دل خان ۔ جناب منسٹر صاحب نے فرمایا ہے کہ standing crop جو ruin ہوئی اور thrashed crop جو ruin ہوئی ہے اسکے لئے کوئی قاعدہ نہیں ہے ۔ کیا یہ بہتر نہ ہو گا کہ صوبائی حکومت اسکے لئے یہ قاعدہ amend کر لے ؟ کیونکہ thrashing-floors پر آئندہ crop رہنے کیوجہ سے زمیندار کو نقصان پہونچ سکتا ہے ۔

Minister of Revenue : This is a suggestion.

مسٹر حمزہ ۔ کیا آپ ان قواعد کو revise کرنے کیلئے تیار ہیں ؟

وزیر مال ۔ اس پر غور کیا جائیگا ۔

Mr. Speaker : This is what was wanted by Nawabzada Rahem Dil Khan.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب وزیر صاحب نے تسلیم کیا ہے کہ کچھ نقصان ہؤا ہے۔ کیا وزیر صاحب بتا سکیں گے کہ کتنا نقصان ہؤا ہے ؟

وزیر مال ۔ اسکے لئے fresh notice چاہئیے ۔

COLONIZATION OF THE UNCULTIVATED STATE LAND LYING IN CHAGAI DISTRICT OF QUETTA DIVISION

***566. Babu Muhammad Rafiq :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that some State land is lying uncultivated in Chagai District of Quetta Division ; if so, the total acreage of the said land ;

(*b*) whether there is any scheme for the colonization of the said land; if so, details thereof ; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Haji Gul Hassan Mangi) : (*a*) Yes. The exact acreage cannot be determined as Chagai District is unsurveyed and

unsettled. However, according to the revenue records an area of about 1,714 acres is shown as State land which is lying uncultivated.

(*b*) No scheme can be formulated due to lack of water.

CONSTITUTION OF TEHSILS AS SUB-DIVISIONS

***572. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Revenue be pleased to state names of Tehsils in the Province which are to be constituted as Sub-Divisions during the year 1965-66 ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (حاجی گل حسن منگوی) ۔ جناب والا۔ ضلع مردان کی تحصیل صوابی اور ضلع ہزارہ کی تحصیل ہری‌پور کو ۱۹۶۵-۶۶ء میں سب ڈویژن بنا دیا گیا ہے ۔ سال مذکور میں کسی اور تحصیل کو سب ڈویژن بنائے جانے کا کوئی امکان نہیں ہے ۔

LAND RESUMED BY GOVERNMENT UNDER LAND REFORMS SCHEME

***624. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Revenue and Rehabilitation be pleased to state :—

(*a*) the total area of land resumed by Government under the Land Reforms Scheme in the Province along with the number of landlords from whom the said land was resumed ;

(*b*) the number of landlords out of those mentioned in (*a*) above to whom compensation has since been given alongwith the total amount so paid and the time by which the remaining landlords will be paid compensation for their lands ;

(*c*) the number of tenants to whom the said resumed land has been allotted along with the total amount received from them for the said land ;

(*d*) the name of the landlord from whom largest area of land was resumed under the said scheme and acreage of the said land ?

Parliamentary Secretary (Haji Gul Hassan Mangi) : (*a*) (*i*) About 1,903,788 acres.

(*ii*) 723.

(*b*) (*i*) 623.

(*ii*) Rs. 3,89,86,516·86.

(*iii*) Approximately 10 years.

(*c*) (*i*) 1,41,015.

(*ii*) About Rs. three crores.

(*d*) (*i*) Nawab Sir Muhammad Farid Khan of Amb.

(*ii*) 81,292·307 acres.

CULTIVABLE LAND AND HOUSES IN HYDERABAD DIVISION WASHED AWAY BY RAIN STORM AND FLOODS

*715. **Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a large area of cultivable land and houses in Hyderabad Division were washed away by rain, storm and floods during 1964 ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the number of (*i*) acres of cultivable land, (*ii*) houses that were washed away and the number of deaths of persons and cattle-heads caused thereby ;

(*c*) whether Government have given any kind of remission in land revenue to the sufferers of the said calamity ?

Parliamentary Secretary (Haji Gul Hassan Mangi) : (*a*) Yes.

(*b*) (*i*) acres of cultivable land affected ... 2,72,072

(*ii*) No. of houses washed away-
completely damaged ... 46,562
partially damaged ... 11,195

(*iii*) No. of persons died. ... 239

(*iv*) No. of cattle-heads perished ... 1,98,000

(*c*) The remission of land revenue for kharif 1964, was sanctioned by the Council of Ministers, in the cases of all crops, other than sugar-cane. The usual *fasli* remission was allowed in the affected areas.

Kazi Muhammad Azam Abbassi : Does the Minister know that remission has not been given to those persons who have suffered in that affected area ?

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) ۔ یہ واقعہ ہے انکو اسکا remission نہیں دیا گیا ۔ میں اس کے متعلق پوچھوں گا ۔ اگر نہیں دیا گیا ہے تو Rest assured it will be given.

خان اجون خان جدون ۔ Remission دینے کے متعلق کونسل آف منسٹر نے کب فیصلہ کیا تھا ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری ۔ یہ فیصلہ ۱۲ ۔ جولائی ۱۹۶۴ء کو ہؤا تھا ۔

خان اجون خان جدون ۔ جب یہ فیصلہ ۱۲ ۔ جولائی ۱۹۶۴ء

کو ہؤا تھا تو ابتک اس فیصلہ پر عملدرآمد کیوں نہیں ہؤا ؟ کیا آپ اسکی تحقیقات فرمائیں گے ؟

وزیر مال - میں نے اسکا جواب دیا ہے اگر عملدرآمد نہیں ہؤا ہے تو عملدرآمد کیا جائے گا -

DISPOSAL OF REVENUE CASES BY PRESENT S. D. M., NAROWAL SUB-DIVISION

***940. Mr. Hamza** : Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) the date on which the Narowal Sub-Division was established ;

(*b*) the names of Sub-Divisional Officers posted in the said Sub-Division so far along with the dates of their joining and leaving the said Sub-Division ;

(*c*) the dates on which collectors' powers were conferred on each of the said Officers ;

(d) the number of Revenue cases which were pending on the date of posting of the present incumbent of the said post alongwith the number of cases out of them that have been disposed of so far ?

Parliamentary Secretary (Haji Gul Hassan Mangi): The date up to which the information is required has not been specified. However, the requisite information up to 31st October, 1965, is as under :—

(*a*) the Narowal Sub Division was established on 1st August, 1950.

(*b*) and (*c*) the following Officers held charge of the Narowal Sub-Division

for the dates noted against each :—

Sr. No.	Name of Officer	Date of taking over charge	Date of making over charge	The date of conferment of powers as Collector
1	2	3	4	5
1.	Syed Manzoor Hussain, P.C.S.	8 8.50	24.4.52	8.8.50
2.	Mr. A. K. M. Ahsan, C.S.P.	1.5.52	9.10.52	...
3.	Mian Muhammad Saeed, P.C S.	16.10.52	21.2.53	16.10 52
4.	Mr. Alaud-Din, C.S.P.	1.3.53	4.7.54	27.1.54
5.	Sh. Riaz-ul-Haq, P C.S.	5.7.54	24.11.54	5.7.54
6.	Ch. Muhammad Afzal Khan P.C.S.	25.11.54	23.10.56	25.11.54.
7.	Ch. Walayat Hussain, P.C S.	23.10.56	31.12.56	...
8.	Mr. Aziz-ul-Haq Masood P.C.S.	2.1.57	18.1.57	...
9.	Ch. Muhammad Bashir, P.C.S.	19 1.57	3.7.59	21.10.57
10.	Malik Muhammad Latif, P.C.S.	3.7.59	1.4.61	16.10.59
11.	Sardar Ahmad-Kamal-ud-Din, PCS.	1.4.61	21.7.61	Ex-Officio Powers.
12.	Mr. Muzaffar Qader, C.S.P.	28.7 61	3.4 62	
13.	Mr. S.R. Poonegar, C.S.P.	3.4.62	18.1.64	3.4.62 to 10.5.63 and 28.11.63 to 18.1.64.
14.	Mr. Muhammad Lutf Ullah, CSP.	19.2.64	23 12.64	27.4.64
15.	Mr. Abdul Hameed, C.S.P.	2.4.65	9.8.65	...
16.	Mr. Akhtar Saeed, C.S.P.	16 8.65	24.10.65	...
17.	Mr. Abdul Qayum, C.S.P.	28.10.65	todate.	...

(*d*) the number of Revenue cases and appeals to be heard and determined by the Officer invested with the powers of a Collector on the date of posting of Mr. Abdul Qayum, C.S.P., was 1,327. Out of these 1,233 cases were transferred to the Revenue Assistant who was competent to hear and decide such cases. As he joined as S.D.M. on 28th October, 1965, there is no question of any disposal by him till 31st October, 1965.

مسٹر حمزہ - نارووال سب ڈویژن میں اوسطاً ایک ایس - ڈی - ایم کی تعیناتی ایک سال سے کم رہی- کیونکہ وزیر صاحب نے میرے سوال کے جواب میں فرمایا ہے کہ پچھلے ۱۵ سال میں ۱۷ ایس - ڈی - ایم وہاں بھیجے گئے - تو کیا وزیر صاحب فرمائیں گے کہ اس سے ایک اچھی انتظامیہ کے تقاضے پورے ہوتے ہیں اور کیا وہاں افسر احسن طریقہ سے اپنے فرائض سرانجام دے سکتے ہیں ؟-

Mr. Speaker : Does the Member want to have any information or does he want to have the opinion of the Minister ?

مسٹر حمزہ - میں جناب وزیر صاحب سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ اسطرح یہ لوگ کیا اچھے طریقے سے کام کر سکتے ہیں یا یاد کرتے ہیں ؟ انکے تبادلے اتنی جلدی جلدی کیوں ہوئے ؟-

مسٹر سپیکر - ہاں آپ یہ پوچھ سکتے ہیں کہ ان کے تبادلے اتنے زیادہ کیوں ہوئے -

وزیر مال (خان حبیب‌اللہ خان) - یہ تبادلوں کا سلسلہ ۱۹۵۰ء سے شروع ہؤا ہے - آپ نے ان افسروں کی فہرست مانگی تھی کہ ان افسروں کو کب سے کب تک وہاں مقرر کیا گیا - تو اس tabular کے مطابق

ہم نے ۱۹۵۰ء سے لیکر ۱۹۶۵ء تک کی فہرست دے دی ہے کہ اس ۱۵ سال کے عرصہ میں اتنے افسر وہاں بھیجے گئے اور اب جو موجودہ افسر ہے وہ ستارھواں افسر ہے ۔ تو اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ تبادلے بعض حالات میں بہت جلدی جلدی کئے گئے ہیں ۔ کئی افسر کئی سال رہے ہیں اور کئی افسر مہینوں رہے ہیں ۔ اور ایک case میرے نوٹس میں ایسا بھی آیا ہے جو وہاں چند دن رہا ہے۔ لیکن یہ مجھے نہیں معلوم کہ ان کے تبادلے بعض حالات میں کیوں جلدی ہوئے ہیں۔ آیا وہاں کسی نے کسی کی زبانی شکایت کی تھی یا کوئی کسی کو وہاں لانا چاھتا تھا۔ ویسے اگر آپ کسی افسر کے متعلق جاننا چاھتے ہوں کہ اس کا کیوں اتنا جلدی تبادلہ کیا گیا ہے تو میں دریافت کرونگا ۔ لیکن میں as a general principle آپ سے اس بات میں متفق ہوں کہ افسروں کے بلاوجہ جلدی جلدی تبادلے نہ کرنے چاھئیں ۔ میں اس اصول سے بھی متفق ہوں کہ بغیر کسی خاص وجہ کے افسروں کو کسی جگہ بہت مدت تک رہنا چاھئے تا کہ وہ وہاں settle ہو جائیں ۔ لیکن جیسا کہ میں نے آپ سے کہا کہ اگر آپ کسی خاص افسر کے لئے معلوم کرنا چاھتے ہیں تو میں دریافت کرنے کے لئے تیار ہوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں جناب وزیر مال صاحب کی خدمت میں پھر مؤدبانہ عرض کرتا ہوں کہ ان جلدی جلدی تبادلوں کے نتیجہ میں جواب کے حصہ (d) میں کہا گیا ہے

"The number of cases and appeals to be heard and determined by the Officer invested with the powers of a Collector on the date of posting was 1327."

اس سے آپ خود اندازہ لگائیے کہ جن لوگوں کے مقدمات عدالت میں زیر سماعت ہونگے انکو کتنی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا ہو گا اور ایسی حالت میں رشوت ستانی کا بازار کتنا گرم ہو سکتا ہے جبکہ ایک عدالت میں ۱،۳۲۷ مقدمات زیر سماعت ہوں ۔

Mr. Speaker : This is not a supplementary question.

REHABILITATION OF THE RUINED FAMILIES AS A RESULT OF LAND SLIDE IN MURREE

***1056. Mr. Muhammad Yusaf Khan :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that during May, 1965, there was a big land slide in Murree which completely destroyed a large number of houses and other valuable property ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether there is any scheme for the rehabilitation of the families affected thereby and in case no steps have so far been taken in this behalf, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Haji Gul Hassan Mangi) : (*a*) Yes. There was a big land slide in Murree in April, 1965, which resulted in extensive damage to 44 houses and about 423½ kanals agricultural land in the Murree Tehsil.

(*b*) An amount of Rs. 3,700/- as relief grant was placed at the disposal of the local officers, for distribution to the persons whose houses were damaged. In addition, an amount of Rs. 50,000/- under the Act XIX of 1883 was also allocated for advancement as Taccavi.

Mr. Muhammad Yusuf Khan : May I know the basis on which this relief grant of Rs. 3,760 was fixed for 44 damaged houses and about 423 kanals of agricultural land ?

وزیر مال (خان حبیب‌اللہ خان) ۔ اگر میں آپ کا سوال ٹھیک سمجھتا ہوں تو وہ یہ ہے کہ اتنے گھروں کے لئے جو ۳۷۶۰ روپے مقرر کئے گئے ہیں وہ بہت تھوڑے ہیں ۔ تو یہ Rules کے مطابق Scale رکھے گئے ہیں کہ اگر کوئی گھر مکمل طور پر تباہ ہو جائے تو اس کو اتنا دیا جائے۔ اور اگر کوئی جزوی طور پر تباہ ہو جاتا ہے تو اس کو اتنا دیا جاتا ہے۔ چنانچہ ڈپٹی کمشنر نے Survey کر کے ۔ Research کر کے یہ رپورٹ بھیجی ہے ۔ اور جو Rules ہیں ان کے مطابق رقم مقرر کر کے دی گئی ہے ۔

Mr. Muhammad Yusuf Khan : May I know whether these rules are on a uniform basis on which relief is given for construction of damaged property ? Are these rules uniform for the whole of the province ?

وزیر مال ۔ یہ Rules تو تمام صوبہ‌جات کے لئے ہیں ۔ کسی ایک جگہ کے لئے یعنی مری یا کسی اور جگہ کے لئے نہیں۔ یہ Rules الگ الگ نہیں ہیں ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ کیا Rules پر نظرثانی کی جائے گی ؟ کیونکہ اس سے تو کچھ حاصل نہیں ہوتا اور نہ ہی وہ کمی پوری ہو سکتی ہے۔

مسٹر سپیکر ۔ وہ چاہتے ہیں کہ Rules پر نظرثانی کیجائے ۔

وزیر مال ۔ تو ان کا مطلب ہے کہ ان پر نظرثانی کیجائے ؟

مسٹر سپیکر ۔ وہ آپ سے پوچھتے ہیں کہ کیا آپ نظرثانی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ۔

وزیر مال ۔ دیکھئے اس پر میں غور کروں گا ۔ (قہقہہ)

مسٹر محمد یوسف خان - کیا آپکو معلوم ہے کہ آجکل تعمیر مکان پر اس زمانے کی نسبت جب آپ کے یہ Rules بنے تھے بہت زیادہ خرچ آتا ہے ؟

مسٹر سپیکر - آپ خان صاحب سے پوچھنا چاہتے ہیں کہ کیا یہ ان کے علم میں ہے یا نہیں ؟

وزیر مال - کہ ان گھروں کی قیمت زیادہ ہے ؟

مسٹر محمد یوسف خان - نہیں جناب - آجکل کے زمانے میں تعمیر پر بہت زیادہ خرچ آتا ہے بہ نسبت اس زمانے کے جب آپ کے یہ Rules بنے تھے -

وزیر مال - بغیر مجھ سے پوچھے آپ خود بھی جانتے ہیں کہ آجکل تعمیر کے کام پر بہت زیادہ خرچ آتا ہے -

مسٹر سپیکر - وہ یہ معلوم کرنا چاہتے تھے کہ آپ کے علم میں یہ بات ہے یا نہیں ؟

وزیر مال - میرے علم میں ہے کہ آجکل Building Material بہت مہنگا ہے - اب مجھے یہ پتہ نہیں کہ Building نئی ہے یا پرانی -

Chaudhri Anwar Aziz : In answer to almost all questions it has been pleaded that rules are like that and like that. I would like to know from the Minister whether he has got the power to review those rules ?

وزیر مال - ہمارے پاس اختیارات ہیں کہ ہم Rules پر نظرثانی کریں - ہمارے پاس یہ Powers بھی ہیں کہ ہم مقدار - تعداد اور رقم زیادہ کر دیں - آپ کے پاس یہ Powers ہیں کہ آپ لوگوں پر ٹیکس لگائیں اور زیادہ پیسے دیدیں - آپکی Powers اور ہماری Powers ملی جلی ہیں - ہم زیادہ دینے کے لئے تیار ہیں بشرطیکہ ہمارے خزانے میں پیسہ زیادہ ہو اور ہمارے خزانے میں پیسہ تب ہی زیادہ ہو سکتا ہے جب آپ ہم سے متفق ہوں اور کسی سے زیادہ دلوا دیں -

مسٹر محمد یوسف خان - یہ جو آپ نے فرمایا ہے کہ ۵۰ ہزار تقاوی دی ہے - کیا اتنی تقاوی کسی نے لی ہے ؟

Minister of Revenue : I have said in my answer that an amount of Rs. 5,000 under Act XIX of 1883 was also allocated for advancement as Taccavi.

ہم نے یہ رقم ڈپٹی کمشنر کے حوالے کر دی ہے کہ بطور تقاوی کے یہ لوگوں کو دیدی جائے - اور ہم نے یہ دی ہے -

مسٹر محمد یوسف خان - کیا کسی نے اس سے استفادہ کیا ہے ؟

Minister of Revenue : This is a fresh question whether that has been actually utilized or not.

PROVIDING ALTERNATE LAND TO THE DISPLACED PERSONS OF RAWAL DAM AREA

***1057. Mr. Muhammad Yusaf Khan :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that about 170 families living at Rawal

have been displaced due to the construction of Rawal Dam in Rawalpindi District ;

(*b*) whether it is a fact that the land measuring 12,307 kanals belonging to the said families has been acquired ;

(*c*) whether it is a fact that the said families have not so far been given any land is any Colony area as was done in the case of displaced persons from Islamabad ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative ; reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکریٹری (حاجی گل حسن منگھی) - (الف) ھاں -

(ب) ھاں -

(ج) ھاں -

(د) مالکان کو ان سے حاصل کردہ اراضی کا پورا پورا معاوضہ دیا جا چکا ھے - اسلئے مزید اراضی کی صورت میں معاوضہ دینے کا سوال پیدا نہیں ھوتا -

مسٹر محمد یوسف خان - کیا یہ درست ھے کہ یہ اسلام آباد کا حصہ ھے اور اسلام آباد کے بےگھر لوگوں کو زمین دی گئی ھے تو ان کے ساتھ امتیازی سلوک کیوں برتا گیا ھے ؟

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) - میں اس کے متعلق با وثوق طریق پر نہیں کہہ سکتا - لیکن جہاں تک اسلام‌آباد کا تعلق ھے وھاں معاوضہ یا جو متبادل زمین دیجاتی ھے وہ Capital Development Act تحت

دیجاتی ہے ۔ میں وثوق کے ساتھ تو نہیں کہہ سکتا لیکن میرا خیال یہ ہے کہ یہ جو راول کا علاقہ ہے ۔ یہ اسلام‌آباد یا Capital Development Area کے تحت نہیں ۔

مسٹر محمد یوسف خان ۔ میرا گزارش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ Rawal Dam جو ہے یا جو اس capital site کا علاقہ ہے ۔ یہ بالکل اسلام آباد کا ایک حصہ ہے ۔

Minister of Revenue : I won't join issue on that point. May be I am not quite sure. If you want me to make an enquiry I will do so and give you the information.

سید عنایت علی شاہ ۔ کیا از روئے انصاف اور ہمدردی Rawal Dam کی تعمیر کیوجہ سے بے گھر افراد کی آبادکاری کے متعلق آپ غور فرمائیں گے ؟

وزیر مال ۔ جواب دیدیا گیا ہے ۔ انہوں نے نقد پیسے لے لئے ہیں ۔ جو زمینیں ان سے لی گئی ہیں ان کے مقابلہ میں ان کو نقد پیسے دیدیئے گئے ہیں ۔

سید عنایت علی شاہ ۔ یہ کافی نہ ہوگا ۔ میرا خیال ہے کہ متبادل مناسب انتظام پیسوں کا نہیں ہے ۔ اگر یہ غور کریں اور انہیں متبادل زمینیں دیدیں تو وہ زیادہ بہتر ہو گا ۔

Mr. Speaker : This is a suggestion.

RAISING THE PAY SCALE OF QANUNGOES

*1064. **Chaudhri Muhammad Iqbal** : Will the Minister of Revenue be pleased to state: —

(*a*) whether it is a fact that after the revision of pay scales of Patwaries from Rs. 75—1—85/2—115 to Rs. 100—4—140/5—175, they have been placed almost at par with Qanungoes whose scale of pay is Rs. 115—5—175 ;

(*b*) whether it is a fact that the revision of pay scales as mentioned in (*a*) above has caused resentment among Qanungoes as they are senior in rank and supervise the work and conduct of Patwaries ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to increase proportionately the pay scales of Qanungoes as well ; if so, the approximate date by which the pay scales of Qanungoes are likely to be raised ?

پارلیمنٹری سیکریٹری (حاجی گل حسن منگھی) - (الف) جی ھاں -

(ب) جی ھاں - قانون‌گو ایسوسی ایشن کی تنخواہ بڑھانے کے بارے میں قرارداد موصول ھو چکی ھے -

(ج) قرارداد زیر غور ھے لیکن حتمی فیصلے میں ابھی کچھ دیر لگے گی -

---

EXERCISING POWERS OF DEPUTY SETTLEMENT COMMISSIONER, FOR LYALLPUR TEHSIL BY ADDITIONAL DEPUTY COMMISSIONER CONSOLIDATION, LYALLPUR

*1079. **Dr. Sultan Ahmed Cheema** : Will the Minister of Revenue be pleased to state whether it is a fact that according to the standing orders Colony Assistant, Lyallpur, is the Deputy Settlement Commissioner

for Lyallpur Tehsil but the Additional Deputy Commissioner, Consolidation, Lyallpur, is exercising the Powers of the Deputy Settlement Commissioner for the said Tehsil ; if so, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکریٹری (حاجی گل حسن منگھی) ۔ صورت حال یہ ہے کہ تحصیل لائلپور کے ان دیہات میں جہاں اشتمال اراضی نہیں ہو رہا وہاں ColcnyAssistants ہی ڈپٹی سیٹلمنٹ کمشنر (اراضی) کے اختیارات کو بروئے کار لا رہے ہیں ۔ جبکہ ان دیہات میں جہاں اشتمال اراضی ہو رہا ہے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اشتمال اراضی ان اختیارات کو استعمال کر رہے ہیں ۔ یہ بندوبست مقامی حکام کی طرف سے کیا گیا ہے تا کہ متروکہ اراضی پر آبادکاری اور اشتمال اراضی کے کام میں مکمل ربط قائم ہو سکے ۔

APPEALS AGAINST THE ALLOTMENT OF LANDS UNDER THE HARI SCHEME IN GUDDU BARRAGE AREA

*1085. **Mr. Muhammad Akbar Khan Kanju** : Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that about 2½ years ago the Haris of villages Bagoodrru and Shorrniwala, Taluka Obarru, District Sukkur, were allotted lands under the Hari Scheme in Guddu Barrage Area ;

(*b*) whether it is a fact that appeals against the said allotment could be made within a period of 3 months only ;

(*c*) whether it is a fact that appeals against the said allotments preferred after the expiry of the said period have been entertained by the Revenue Authorities and the said appeals are pending for disposal ;

(*d*) if answer to (*a*), (*b*) and (*c*) above be in the affirmative, reasons for entertaining the said appeals after the expiry of the time limit prescribed therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (حاجی گل حسن منگھی) - سوال عدالتی نوعیت کے معاملات سے تعلق رکھتا ہے - اس لئے مفاد عامہ کے تحت اسکا جواب دینا مناسب نہیں -

---

ALLOTMENT OF LAND IN BARRAGE AREAS TO INHABITANTS OF HILLY AREAS OF DERA GHAZI KHAN DISTRICT

***1100. Sardar Manzoor Ahmad Khan Qaisrani :** Will the Minister of Revenue please refer to answer to my Starred Question No. 446 given on the floor of the House on 6th July 1965 and state :—

(*a*) whether it is a fact that inhabitants of the hilly areas of Dera Ghazi Khan District also possess very little cultivable land like Frontier Tribesmen who have been allotted lands in different Barrage areas ;

(*b*) whether Government are aware of the fact that a large number of small land-owners in Dera Ghazi Khan District are not likely to derive any benefit from Taunsa Barrage ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether Government intend to allot them land in Guddu and Ghulam Muhammad Barrages ; if not, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکریٹری (حاجی گل حسن منگھی) - (الف) جی ہاں -

(ب) جی ہاں تحصیل ہائے ڈیرہ غازی خاں - جام پور اور راجن پور و تمام تحصیل تونسہ کا پہاڑی رقبہ نہر تونسہ برانچ سے سیراب نہیں ہوتا-

(ج) گدو بیراج اور غلام محمد بیراج میں سرکاری رقبہ برائے تقسیم محدود ہے - اس لئے یہ ممکن نہیں کہ صوبہ بھر کے تمام مالکان اراضی کو اس پر آباد کیا جا سکے - تاہم سرکاری رقبہ (جو تونسہ بیراج سے سیراب ہو گا) کی تقسیم کی سکیم مرتب کرتے وقت ضلع ڈیرہ غازی خاں کے

چھوٹے مالکان اراضی کی ضرورت کے پیش نظر انکی ضروریات کو مدنظر رکھا جائے گا ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ جناب ۔ کیاوہ تشریح فرما سکتے ہیں یہ رقبہ کس قدر ہے ؟

RESERVATION OF AGRICULTURAL LAND FOR ALLOTMENT TO OWNERS OF SUCH AGRICULTURAL LANDS, WHICH HAVE BEEN ACQUIRED BY GOVERNMENT

***1108. Mian Muhammad Shafi :** Will the Minister of Revenue be pleased to state whether it is a fact that agricultural land has been reserved in Barrage areas for allotment to owners and tenants of agricultural lands which have been acquired by Government for implementation of various schemes of Improvement Trust ; if so, the area reserved for each such owner and tenant ?.

پارلیمنٹری سیکریٹری (حاجی گل حسن منگھی) ۔ بیراج ایریا میں اس مقصد کے لئے کوئی اراضی مخصوص نہیں کی گئی ۔

میاں محمد شفیع ۔ کیا حکومت لاہور شہر کے گرد و نواح کے ان علاقوں کو بھی کوئی زمینیں دینے کا ارادہ رکھتی ہے ۔ جن کی زمین لاہور امپرووومنٹ ٹرسٹ لے چکا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس کا جواب دیا جا چکا ہے کہ وہ کوئی ارادہ نہیں رکھتے ۔

میاں محمد شفیع ۔ جناب ۔ کیا وزیر متعلقہ فرمائیں گے کہ پھر وہ غریب لوگ (جو اچھے زمیندار اور کاشتکار تھے) کیا کریں اور کیا نہ کریں ؟

وزیر مال - (خان حبیب‌اللہ خان) - جن لوگوں سے یہاں زمینیں لی گئی تھیں انہیں پورا معاوضہ دیا جا چکا ہے - اگر وہ کچھ اور چاہتے ہیں تو عرضداشت پیش کریں - اس پر غور کیا جائے گا -

میاں محمد شفیع - جناب - اسلام آباد کے لئے جن لوگوں کی زمینیں لی گئی تھیں - انکو تو معاوضہ بھی ملا ہے اور زمینیں بھی دی گئی ہیں - کیا لاہور کے گرد و نواح کے لوگوں کے لئے یہ سکیم جاری نہیں کی جا سکتی ؟

مسٹر سپیکر - میاں صاحب پوچھ رہے ہیں آپ کا یہ ارادہ کیوں نہیں ہے ؟

وزیر مال - میں نے عرض کر دیا ہے کہ اگر وہ اس بارے میں کوئی عرضداشت دیں گے تو اس پر غور کیا جائے گا -

رائے منصب علی خان کھرل - جناب - کیا جناب وزیر متعلقہ کو معلوم ہے کہ منگلا ڈیم کی تعمیر کے سلسلہ میں جن لوگوں کی زمینیں لی گئی تھیں انہیں ننکانہ صاحب مین زمینیں دی گئی ہیں ؟

خان محمد یوسف خان - جناب - کیا انہیں معلوم ہے کہ اسلام آباد کے لئے خاص قانون ہے - جو بہت سخت ہے - وہاں اس کے تحت کارروائی کی جا رہی ہے ؟

مسٹر سپیکر - یہ ضمنی سوال تو نہیں ہے - البتہ رائے منصب علی کے سوال کا جواب ضرور ہے -

EXEMPTION FROM PAYMENT OF WATER RATE AND LAND REVENUE GRANTED TO THE CULTIVATORS AFFECTED BY FLOODS IN NULLAH MASSUWAH.

*1152. **Sardar Manzoor Ahmed Khan Qaisrani :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the standing crops of the whole area commanded by Nullah Massuwah were devasted by floods in River Sind and Hill torrents during July, 1964 ; if so, the extent of damage so caused and whether any financial aid was given to the affected zamindars and cultivators ;

(*b*) whether the zamindars and cultivators mentioned in (*a*) above were exempted from payment of water rate and land revenue ; if not, reasons therefor ?

Parliamentary Secretary (Haji Gul Hassan Mangi) : (*a*) It has been intimated by the Deputy Commissioner, D. G. Khan that standing crops of some of the area commanded by Nala Massuwah in Taunsa Tehsil were damaged by flood in river and Hill Torrents, during July, 1964. The extent of such damages was estimated at Rs. 2,46,456/- only. It is incorrect that the entire crops of this area were damaged.

(*b*) The Zamindars and cultivators concerned were provided with their due remission of water rate and Land Revenue in the shape of 'Kharaba' by the Canal Department.

سردار منظور احمد خان قیصرانی - جناب وزیر متعلقہ نے فرمایا تھا کہ کھڑی فصلوں کے سلسلہ میں بھی Relief دیا جاتا ہے - کیا میں ان سے پوچھ سکتا ہوں کہ اس صورت میں کیوں Relief نہیں دیا گیا ؟

Parliamentary Secretary : They have been provided relief in the shape of 'Kharaba' by the Canals Departmet.

سردار منظور احمد خان قیصرانی - جناب خرابہ تو عام ضابطہ کی بات ہے - وہ تو ہر شخص کو تھوڑے بہت نقصان پر دیا جاتا ہے -

FINANCIAL AID TO THE AFFECTED PERSONS OF TEHSIL TAUNSA WHOSE RABI CROPS WERE DAMAGED BY HAILSTORM AND FLOODS

***1153. Sardar Manzoor Ahmed Khan Qaisrani :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Rabi crops in Tehsil Taunsa were damaged by Hailstorm and also by floods in the river and hill torrents during April, 1965 ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, the estimated loss so caused and whether any financial aid was given to the affected persons ; if not, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (حاجی گل حسن منگھی) - (الف) جی ھاں۔ اپریل ۱۹۵۶ء میں دریائے سندھ میں سیلاب کی وجہ سے تحصیل تونسہ میں فصل ربیع کو نقصان پہنچا تھا -

(ب) کل نقصان کا تخمینہ ۳۴۵.۲۳ روپے کا تھا - دریائے سندھ سے متاثر شدہ رقبے سے حاصل شدہ لگان اراضی میں کمی و بیشی ھوتی رھتی ھے چنانچہ حکومت کو واجب‌الادا لگان اراضی میں تخفیف کی رعایت دینی پڑتی ھے -

مزید برآں مد "۵۲ - امداد" کے تحت سرکاری منظور شدہ رقم کے استفادہ کے لئے موجودہ ھدایات کے مطابق فصلوں کے نقصان کے لئے کوئی مالی امداد یا معاوضہ منظور نہیں کیا جاتا -

سردار منظور احمد خان قیصرانی - جناب - کیا حکومت ھنگامی حالات کے تحت انہیں مالی امداد دینے کو تیار ھے -

پارلیمنٹری سیکرٹری - یہ پہلے سے ھے -

خواجه محمد صفدر- جناب - پارلیمنٹری سیکرٹری صاحب کو آپ سے مخاطب ہو کر جواب دینا چاہئے -

سردار منظور احمد خان قیصرانی - جناب کیا یہ معلوم کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ وہاں کس قدر نقصان ہؤا ہے ؟

Parliamentary Secretary : They were granted remission according to the Land Revenue.

Mr. Speaker : The Question Hour is over.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - جناب سوالات ہمیں پہلے سے مہیا نہیں کئے گئے تھے -

مسٹر سپیکر - کون سے سوالات ؟

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - جتنے بھی گزرے ہیں -

مسٹر سپیکر - وہ ایوان کے میز پر رکھ دئے جاتے ہیں -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - جناب وہ ہمیں ایک دن پہلے دئے جاتے ہیں -

مسٹر سپیکر - آپ کا مطلب سوالات کی فہرست سے ہے ؟ وہ آپکے پاس جا چکی ہے -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - نہیں جناب - مجھے آپ کے سوالات کی فہرست نہیں ملی -

مسٹر سپیکر - حاجی صاحب - کیا آپ نے اپنا لاہور کا پتہ دیا ہؤا ہے ؟

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - جی ہاں -

مسٹر سپیکر - بہر حال - اس پتہ پر پہنچا دی گئی ہو گی - اور اگر کسی وجہ سے نہ پہنچائی گئی ہو تو میں اب اسکے متعلق دریافت کر لونگا -

---

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

RAISING THE STANDARD OF TEHSIL SAWABI TO THAT OF A SUB-DIVISION

***1167. Khan Ajoon Khan Jadoon :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Commissiner, Peshawar Division had recommended to raise the standard of Tehsil Sawabi to that ofa Sub-Division ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in affirmative, whether Goverment intend to raise the standard of the said Tehsil to that of a Sub-Division, if so, the date by which the said Tehsil will be given the status of a Sub-Division ?

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان) - (الف) جی ہاں -

(ب) صوابی تحصیل کا درجہ ہوم ڈیپارٹمنٹ کے نوٹیفکیشن نمبر Jud-I-4-(33)/60 مورخہ ۱۷ جولائی ۱۹۶۵ء کے تحت بڑھا کر اسے سب ڈویژن کا درجہ دے دیا گیا ہے -

PAYMENT OF TRAVELLING ALLOWANCE AND DAILY ALLOWANCE TO PATWARIS POSTED IN MULTAN DISTRICT FOR ATTENDING TEHSIL HEADQUARTERS

***1199. Syed Diwan Ghulam Abbas Bokhari :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the Patwaris of Revenue Department in Multan District are required to attend their respective Tehsil Headquarters from st to 4th of every month and their attendance is regularly marked in Attendance Registers ;

(*b*) whether it is a fact that sometimes the said Patwaries are detained for a period of more than four days at the Tehsil Headquarters as is being done in Tehsil Shujaabad ;

(*c*) whether it is a fact that some of the said Patwaris come to attend the Tehsil Headquarters Office from a distance of 40 to 45 miles ;

(*d*) whether it is a fact that neither Travelling Allowance nor Daily Allowance is paid to the said Patwaris for the journeys ;

(*e*) if answer to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative, whether Government intend to pay Travelling Allowance to the Patwaris mentioned in (*a*) above as permissible under the rules ?

وزیر مال (خان حبیب‌اللہ خان) ۔ (الف) جی ہاں ۔

(ب) ان پٹواریاں کو بالعموم تحصیل ہیڈکوارٹرز (شجاع آباد) میں چار روز سے زائد میعاد کیلئے نہیں روکا جاتا ۔

(ج) جی نہیں ۔

(د) جی نہیں ۔

(ہ) جزو (ب) تا (د) مذکورہ بالا کے پیش نظر سوال پیدا نہیں ہوتا۔

TRANSFER OF A BUNGALOW AND AGRICULTURAL LAND ATTACHED TO SACRED HEART SCHOOL, JHANG

***1276. Chaudhri Muhammad Idrees :** Will the Minister of Revenue and Rehabilitation be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a bungalow and agricultural land attached thereto has been transferred on a nominal price to Sacred Heart School, Jhang, which is a Missionary School ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the total area of land transferred to the said school, (*ii*) the price of the said land, and (*iii*) the authority which passed orders of the transfer ?

وزیر مال - (خان حبیب‌اللہ خان) - (الف) جی نہیں - بنگلہ اور اس سے ملحقہ اراضی بازاری قیمت کے حساب سے ادائیگی پر سیکرڈ ہارٹ سکول جھنگ کے لئے کیتھولک ڈایوسیز کو منتقل کر دی گئی ہے -

(ب) (۱) منتقل شدہ رقبہ مع عمارت ۹ کنال ۱۱ مرلے اور ۱۸۱ مربع فٹ ہے - سیکرڈ ہارٹ سکول جھنگ کے لئے عمارت سے ملحقہ منتقل شدہ زائد زمین کا رقبہ ۵۰ کنال ۵ مرلے اور ۴۰ مربع فٹ ہے -

(۲) -/۹۸۲۵۴ روپے -

(۳) انتقال کی منظوری مرکزی حکومت نے بے خانماں اشخاص (معاوضہ و آبادکاری) قانون ۱۹۵۸ء کی دفعہ ۱۰ (ب) کے تحت دی تھی-

---

SCHEME FOR DISPOSAL OF EVACUEE TRUST PROPERTY AND EVACUEE TRUST LAND IN THE PROVINCE

***1277. Chaudhri Muhammad Idrees :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a policy decision was taken some time back to prepare a scheme for the disposal of Evacuee Trust Property and

Evacuee Trust land in the Province ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether the said scheme has been prepared; if not, reasons for delay in the preparation of the said scheme alongwith the time still required for its preparation and implementation ?

وزیر مال - (خان حبیب‌اللہ خان) - (الف) خیراتی مذہبی اور تعلیمی ٹرسٹوں اور اداروں سے ملحقہ متروکہ جائیداد کی نگہداشت اور تقسیم کے لئے ۱۹۶۰ء میں ایک سکیم جاری کی گئی تھی - لیکن قانون بے خانماں افراد (معاوضہ و بحالی) ۱۹۵۸ء اور قانون بے خانماں افراد (آبادکاری) ۱۹۵۸ء (جن کے تحت یہ سکیم مرتب کی گئی تھی) میں ترمیمات ہو جانے کے بعد اس سکیم میں بعض ترمیمات کرنے کا سوال زیر غور ہے - سکیم میں مجوزہ ترمیمات کا مسودہ مرکزی حکومت کو پیش کر دیا گیا ہے - ان کی منظوری کا انتظار کیا جا رہا ہے -

(ب) سوال پیدا نہیں ہوتا -

DEBARRING ASSOCIATION OF TRANSFEREES OF EVACUEE PROPERTIES WITH THE CLAIMANTS POSSESSING UNUTILIZED COMPENSATION BOOKS

***1279. Chaudhri Muhammad Idrees :** Will the Minister of Revenue and Rehabilitation be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the claimants possessing their unutilized Compensation Books have recently been debarred to associate with the transferees of Evacuee Properties for the payment of transfer price of the said properties ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, reasons therefor;

(*c*) whether it is a fact that a large number of tranferees of Evacuee Properties received the Transfer Price Appendix after the issuance of instructions that no claimant would be allowed to associate with the transferees ;

(*d*) if answer to (*a*) and (*c*) above be in the affirmative whether the said instructions apply to claimants to whom Transfer Price Appendix have not been issued so far ?

وزیر مال - (خان حبیب‌اللہ خان) - (الف) جی ھاں - یہ سلسلہ مرکزی حکومت نے آخری طور پر ۳۰ جون ۱۹۶۵ء کو بند کر دیا تھا -

(ب) اشتراک کے ذریعہ جائدادوں کی قیمت انتقال کی ادائیگی کی رعایت کو مرکزی حکومت نے اس وجہ سے واپس لے لیا تھا کہ انہیں یہ شکایات موصول ہوئی تھیں کہ اس کارروائی سے معاوضہ - بحالیات کی جعلی کتابیں پیش کرنے کی ہمت افزائی ہوتی تھی جس کے نتیجے میں ان لوگوں کو مالی نقصان اور شدید مشکلات برداشت کرنی پڑتی تھیں جو معاوضہ اور بحالیات کی ان جعلی کتابوں کو استعمال کرتے ھیں -

(ج) و (د) جائدادوں کی قیمت انتقال ادا کرنے کی غرض سے دوسرے لوگوں کے معاوضہ - بحالیات کی کتابوں سے استفادہ کرنے کا سلسلہ مرکزی حکومت نے ۳۰ جون ۱۹۶۵ء سے کلیتاً بند کر دیا ھے - اس کا اطلاق جائداد کے ان منتقل الیہم پر بھی ہوتا ھے جن کے مقدمات کا فیصلہ مذکورہ بالا تاریخ کے بعد ہؤا ھے -

---

ABOLITION OF "DAURAH-E-CHAH LEVIED ON WELLS IN TEHSILS LODHRAN AND SHUJABAD

***1286. Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Government have levied a tax called "Daurah-e-chah" on the wells used by the owners for irrigating their lands in Tehsils Lodhran and Shujabad in Multan District ;

(*b*) whether it is a fact that no such tax is levied in any other District of the Province ;

(*c*) whether it is a fact that in the latest Settlement the levy of land revenue on the permanent basis has been proposed ;

(*d*) if answer ot (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to discontinue charging of the said "Daurah-e-chah" in the above-named tehsils after the levy of land revenue on the permanent basis ?

وزیر مال - (خان حبیب‌اللہ خان) - (الف) دوارہ چاہ (چاہی ٹیکس) ملتان کی لودھراں اور شجاع آباد تحصیلوں کے غیر دوامی رقبہ‌جات اور حدود آبپاشی کے باہر واقع رقبہ جات پر عائد کیا جاتا ہے -

(ب) جی نہیں -

(ج) جی ہاں -

(د) جی ہاں -

AGRICULTURAL LAND IN CHAK NOS. 124-GB AND 103 PATHANWALA, TEHSIL JARANWALA OWNED BY MIAN AZIM HUSSAIN

*1295. **Chaudhri Muhammad Idrees :** Will the Minister of Revenue be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that agricultural land situated in Chak Nos. 124-GB and 103 Pathanwala, Tehsil Jaranwala, District Lyallpur, is owned by Mian Azim Hussain who is an Indian National and *ex*-Ambassador of that country ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the date on which it was acquired by him, (*ii*) the name of the person managing it in his absence at present, and (*iii*) the total area and approximate value of the said land ?

وزیر مال - (خان حبیب اللہ خان) - (الف) جی ہاں -

(ب) ۳۷-۱۹۳۶ء میں -

(۲) جناب گلزار احمد - تاهم وه اب ڈپٹی کمشنر کی طرف سے جو دشمن کی جائیداد کے ڈپٹی کسٹوڈین بھی هیں - جائیداد کا انتظام کر رهے هیں -

(۳) رقبه ۳۰۶۷ کنال مالیت تقریباً ۱۰۲۶۰۰۰ روپے -

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN LAND UTILIZATION (REPEAL) ORDINANCE, 1965

(resumption of discussion)

Mr. Speaker: Now the House will resume discussion on the motion that the Assembly do approve of the West Pakistan Land Utilization (Repeal) Ordinance, 1965, Yes Malik Muhammed Akhtar.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - جناب سپیکر - میں عرض کر رها تها - که West Pakistan Land Utilization Ordinance جسکا نفاذ ۱۹۵۹ء میں هؤا تها - چونکه اسکی تنسیخ مطلوب هے - اس لئے یه زیر بحث آرڈیننس جاری کیا گیا هے -

جناب والا - پاکستان ایک زرعی ملک هے - جسکی تین چوتهائی آبادی یا تو کاشتکار هے - یا ان کا انحصار زرعی پیداوار پر هے - یعنی پاکستان کے اسی فیصد لوگ کاشتکار هیں - اور دیهات میں رهتے هیں - باقی بیس فیصد جو شهری عوام هیں - وه بھی کسی نه کسی طرح سے اپنی خوراک اور ضروریات زندگی کی دوسری اشیاء دیهات هی سے

حاصل کرتے ہیں ۔ اور اسی وجہ سے زراعت کی اہمیت دوسرے اور تیسرے پنجسالہ منصوبے میں انتہا سے زیادہ رکھی گئی ہے ۔ اور ان منصوبوں میں اس غرض سے provision بھی کی گئی ہے ۔ اس وقت ہمارے پاس زیر کاشت رقبہ سے صرف چالیس فیصد پیداوار حاصل کی جاتی ہے ۔ اور ساٹھ فیصد علاقہ‌جات ایسے ہیں جہاں ہم اپنی کاشت کو بہتر بنا سکتے ہیں ۔ اسی غرض سے تمام حکومتوں نے وقتاً فوقتاً مختلف اقدامات کئے ۔ مثلاً سندھ میں Tenancy Law Committee ۱۹۴۵ء میں بنائی گئی ۔ اور ۱۹۴۷ء میں ہاری کمیٹی بنی ۔ جسکے نتیجہ کے طور پر سندھ میں زرعی اصلاحات نافذ ہوئیں ۔ اور بعد میں اسے ۱۹۵۰ء کے Tenancy Act کی شکل دیدی گئی ۔ اسی طرح پنجاب میں بھی Tenancy Laws Inquiry Committee بنائی گئی ۔ اور اسی کمیٹی نے بعد میں Tenancy Rights Act بنایا ۔ جسکے تحت کاشتکاروں کے لئے بہتر حقوق حاصل کئے گئے ۔ اسکے بعد اور بھی اصلاحات کی گئیں ۔ لیکن چونکہ زمیندار اس وقت حکومت میں زیادہ حصہ رکھتے تھے ۔ اسلئے کاشتکاروں کے لئے اس حد تک اصلاحات نہ کی گئیں جس حد تک مذکورہ کمیٹی نے سفارشات کی تھیں ۔ اصلاحات ہوئیں تو ضرور تھیں ۔ لیکن مطلوبہ حد تک مؤثر نہ تھیں ۔ پھر ۱۹۵۸ء میں مارشل لاء کے نفاذ کے بعد چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر نے نو اشخاص پر مشتمل ایک کمیٹی قائم کی ۔ اور اس کمیٹی نے ملک میں زرعی اصلاحات کے نفاذ کیلئے سفارشات کیں ۔ اور اس طرح اس ملک میں زرعی اصلاحات کا نفاذ ہوا ۔ اس لحاظ سے وہ انقلاب ایک گرانقدر انقلاب تھا ۔ بلکہ میں تو یہ عرض کرونگا کہ انقلابی حکومت کی سب سے بڑی اور مؤثر کامیابی

یہ تھی کہ اس نے ساڑھے بائیس لاکھ ایکڑ کے قریب اراضی حاصل کی اور اس طرح اپنے سیاسی حریفوں کو عملی طور پر ختم کر دیا ۔ لیکن جو اعداد و شمار میں اس وقت اس معزز ایوان کی خدمت میں پیش کرنے والا ہوں ۔ ان سے میں یہ ثابت کرونگا کہ ان زرعی اصلاحات سے جو اثرات متوقع تھے ۔ وہ حاصل نہ ہو سکے ۔ اس طرح حکومت نے مارشل‌لاء ریگولیشن بنا کر اپنے سیاسی فوائد تو حاصل کر لئے ۔ لیکن اسکے تحت عوام کو جو فوائد پہنچانے کا دعویٰ کیا گیا تھا ۔ گو وہ فوائد کسی حد تک پہنچائے تو ضرور گئے ۔ لیکن اس دعویٰ کی حد تک نہ پہنچائے جا سکے ۔ یا یوں کہئیے کہ جن فوائد کی توقع تھی ۔ اس حد تک عوام کو اسکے فوائد نہ پہنچ سکے ۔

جناب والا ۔ میں زرعی اصلاحات کمیٹی کی اس رپورٹ کو آپکی خدمت میں پڑھتا ہوں ۔

> "The Land Commission thought that in the national struggle for economic survival, every inch of land should be put to the best possible productive use."

جناب والا ۔ یہ مقصد تھا ۔ کہ جسکے لئے Land Utilization Ordinance, 1959 کا نفاذ ہؤا تھا ۔ اور آج بلا کسی مقصد کو حاصل کئے ہوئے اس ایکٹ کی تنسیخ کے لئے آرڈیننس بنا دیا گیا ہے ۔ میں جناب وزیر قانون سے معافی مانگتے ہوئے یہ عرض کرونگا کہ وہ ایک اعلیٰ پولیس افسر کی طرح میری تقریر میں نقائص نکالا کرتے ہیں ۔ اور پھر میری گردن دبوچنے کیلئے ہر وقت تیار رہتے ہیں ۔ اس لئے میں اُن سے معافی چاہتے ہوئے صرف وہی اعداد و شمار پیش کرونگا جو سرکاری ہیں اور جن سے یہ ثابت ہوگا کہ اس آرڈیننس کے تحت ہم نے

جن فوائد کو حاصل کرنا تھا ۔ وہ حاصل نہیں ہوئے ۔ اور اب اسے منسوخ کر دیا جائیگا ۔

وزیر قانون ۔ لیکن ملک صاحب یہ آرڈیننس میرا تو نہیں ۔ یہ تو وزیر مال کا ہے ۔

ملک محمد اختر ۔ میں نے عرض کیا ہے ۔ کہ تقریر میں جو نقائص ہوتے ہیں ۔ آپ وہ پکڑتے ہیں ۔

وزیر قانون ۔ ٹھیک ہے ۔ نقائص پکڑنے کی بات کریں ۔ آرڈیننس میں نقائص کی بات تو نہ کریں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ عرض یہ ہے ۔ کہ اس وقت جنگی حالات میں بھی سب سے زیادہ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم ان ہنگامی حالات میں خوراک کے معاملے میں زیادہ سے زیادہ حد تک خود کفیل ہوں ۔ اور ہم زیادہ سے زیادہ جتنا اناج بھی پیدا کر سکیں اتنا ہی بہتر ہے ۔ میں اس سلسلے میں جو اعداد و شمار پیش کرنے والا ہوں ۔ ان سے آپ کو اندازہ ہو گا کہ جس تیزی کے ساتھ ہماری آبادی بڑھ رہی ہے اور اس میں اضافہ ہو رہا ہے ۔ وہ ہماری پیداوار سے مطابقت نہیں رکھتی ۔ یعنی ہماری پیداوار میں اضافے کا تناسب ہماری آبادی میں اضافے کے تناسب سے کم ہے ۔ ہماری آبادی ۴۹-۱۹۴۸ء میں ۳۴۶ء ملین تھی ۔ جو ۵۹-۱۹۵۸ء میں ۸۹۴۳ ملین ہو گئی ۔ یعنی ان دس سالوں میں آبادی میں ۲۱۴۳ فیصدی اضافہ ہؤا ۔ لیکن اگر آپ خوراک کی پیداوار ملاحظہ فرمائیں ۔ تو وہ ۴۹-۱۹۴۸ء میں ۱۴۴۴ ملین ٹن تھی ۔ اور جو ۵۹-۱۹۵۸ء میں ۱۳۴۵ ملین ٹن رہ گئی ۔

یعنی ان دس سالوں میں ہماری خوراک کی پیداوار میں ۲۰۳ فیصد کمی واقع ہو گئی ۔ اور یہ کمی زرعی اصلاحات کے نفاذ کے وقت موجود تھی ۔ اسی طرح ۴۹-۱۹۴۸ء میں فی کس اوسط پیداوار ۱۶ آونس تھی ۔ جو کہ ۵۹-۱۹۵۸ء میں گھٹ کر ۱۳ اونس رہ گئی ۔ بعد میں یعنی ۶۱-۱۹۶۰ء میں بڑھ کر ۱۵ آونس ہو گئی ۔ ۶۲-۱۹۶۱ء میں چھ آونس بڑھی اور ۶۳-۱۹۶۲ء میں فی کس اوسط پیداوار ۱۶۰۵ آونس ہو گئی ۔ لیکن آبادی میں جس رفتار سے اضافہ ہو رہا ہے ۔ اور ہمیں خوراک کی جتنی ضرورت ہے اور جس قدر خوراک میں اضافے کی ضرورت تھی ہمیں اتنی خوراک حاصل نہ ہو سکی ۔

جناب والا ۔ اب میں اس قلیل وقت میں یہ گزارش کروں گا کہ اس آرڈیننس کے نفاذ کا مطلب یہ تھا کہ ایسی زمینیں جو قابل کاشت ہیں لیکن وہ زیرکاشت نہیں لائی گئیں ۔ penalty کے ذریعہ سے ان کے سر پر ایک تلوار لٹکا دی جائے ۔ تاکہ کوئی زمیندار یا landlord اپنی زمین کی کاشت اگر صحیح طریقہ سے نہیں کرتا ۔ تو اسے penalise کیا جائے ۔ penalty یہ تھی ۔ کہ دو سال کے عرصے کا نوٹس دیا جاتا تھا ۔ اگر اس عرصہ میں وہ کاشت نہ کرے تو کلکٹر اس زمین کو lease پر حاصل کر کے کسی اور کو کاشت کے لئے تفویض کر سکتا تھا ۔ اب ۱۹۶۵ء میں جبکہ ہمارے اعداد و شمار یہ بتاتے ہیں کہ ہماری food production بدستور کم ہو رہی ہے ۔ یہ در اصل ۵۹-۱۹۵۸ء میں کم ہو چکی تھی اور اگرچہ ہماری food production اس Land Reform کے بعد بڑھی ضرور ہے ۔ لیکن وہ اضافہ اس تناسب سے نہیں ہؤا جس تناسب سے ہماری آبادی بڑھی ہے ۔ اور اگر میں عرض کروں کہ یہ قابل کاشت waste land جو ہم زیرکاشت

لائے تھے میں نے اس کے بارے میں جو references لئے ہیں وہ ملک خدا بخش کی اس کتاب سے لئے ہیں جو دوسری زراعت کے متعلق تھی اور جسے میں سمجھتا تھا کہ یہ کتاب میری لائبریری پر ایک بوجھ ہے ۔ بلاوجہ ایک کتاب کا اضافہ ہے لیکن اتفاق سے جب اس آرڈیننس کو کھول کر دیکھا تو وہ کتاب جس کا آغاز اقبال کے شعر سے ہوتا تھا ۔ جس میں قرآن مجید کے references تھے ۔ بےساختہ میری زبان سے نکلا

کسب کمال کن کہ عزیز جہاں شوی

اور میں ان کا معترف ہو گیا ۔ اور انکے knowledge کا میں نے اعتراف کیا۔ چنانچہ انکے ہی knowledge کے basis پر انکے دئے ہوئے اعداد و شمار پیش کرتا ہوں ۔ یہ ۱۹۶۲-۶۳ء کے Statistics of West Pakistan Agricultural Data ہیں۔ ان دونوں کتابوں کے اعداد و شمار کا مقابلہ مجھے ہاؤس میں پیش کرنا ہے جس سے یہ ظاہر ہوگا کہ ایسی زمینیں جنہیں زیرکاشت لایا جا سکتا تھا اور جو قابل کاشت تھیں۔ انکو گزشتہ ۶ سال میں زیرکاشت نہ لایا جا سکا۔ باوجود اس کے کہ ہم نے penal قانون بنایا۔ اس قانون کا بھی کوئی خاطرخواہ نتیجہ نہ نکلا ۔ اس لئے میں پھر دہراتا ہوں کہ حکومت نے سیاسی مفادات حاصل کئے اور زمینداروں کو ختم کیا۔ لیکن عوام کے لئے جو کام کرنا تھا وہ اس حد تک نہ کیا گیا۔ جس حد تک کیا جانا چاہئیے تھا ۔ جناب والا ۔ یہ بڑی لمبی چوڑی List ہے ۔ اس List میں تمام مغربی پاکستان کے اضلاع ہیں ۔ لیکن میں صرف دو سابقہ صوبوں کا مقابلہ کئے دیتا ہوں ۔ اور یہ قدرے important ہیں ۔

Peshawar Region

(3) Cultivable waste 1962—63	(2) Cultivable waste 1957—58	(1) نام شہر
	(In Thousand of Acres)	
۲۲۶	۲۳۰	پشاور

(یعنی جو رقبہ زیرکاشت لایا جانا تھا وہ کس حد تک زیرکاشت لایا گیا)

۹۸۵	۹۹۰	ہزارہ
۳۲	۴۱	مردان

(یعنی تین اضلاع میں decrease دکھائی گئی ہے ان میں increase نہیں ہے)

۱۴۷	۱۹۳	کوہاٹ
۲۲۹	۲۴۲	بنوں

(یہ جو decrease ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ زمین زیرکاشت آ گئی ہے)

۱۰۳۹	۱۰۴۷	ڈیرہ اسمعیل خاں
۱۰۰۵	۱۰۴۸	میانوالی

(اس کا مطلب یہ ہؤا کہ ضلع میانوالی میں ۴۳ ہزار ایکڑ زمین زیر کاشت آئی) اسی طرح سے ڈیرہ اسمعیل خاں میں صرف ۸ ہزار ایکڑ رقبہ زیرکاشت لایا گیا ۔ بنوں میں ۱۳ ہزار ایکڑ اور کوہاٹ میں ۴۶ ہزار ایکڑ رقبہ زیرکاشت لایا گیا ہے ۔ اسی طرح اب میں سابقہ پنجاب ریجن

کے متعلق اعداد و شمار پیش کروں گا ۔

راولپنڈی ۱۱۲ ۱۳۳

(یعنی ۲۱ ہزار ایکڑ کا اضافہ ہوتا ہے)

جہلم ۱۸۴ ۱۸۳

(یعنی ۵ سال میں اس ایکٹ کے باوجود ایک ہزار ایکڑ زمین زیرکاشت لائی گئی)

شاہپور (اس کی figures موجود نہیں ہیں)

گجرات ۱۴۸ ۵۱

(میں یقیناً کہوں گا کہ گورنمنٹ نے وہاں کچھ نہ کچھ کام کیا ہے اور کچھ نہ کچھ اعداد و شمار بڑھے ہیں)

سیالکوٹ ۵۲ ۵۱

(صرف ایک ہزار ایکڑ زمین زیرکاشت لائی گئی)

گوجرانوالہ ۳۲۰ ۲۸۴

(اس طرح ۳۶ ہزار ایکڑ زمین زیرکاشت لائی گئی)

شیخوپورہ ۴۱۰ ۳۵۵

(جسکا مطلب یہ ہؤا کہ ۵۵ ہزار ایکڑ زمین زیرکاشت لائی گئی)

لاہور ۱۶۳ ۱۲۲

(اس میں ۴۱ ہزار ایکڑ رقبہ زیرکاشت لایا گیا)

منٹگمری	۴۱۱	۳۶۵

(یعنی ۴۶ ہزار ایکڑ رقبہ زیرکاشت لایا گیا)

لائل پور	۲۹۷	۲۵۸

(اس طرح ۳۹ ہزار ایکڑ رقبہ زیرکاشت لایا گیا)

جھنگ	۶۴۴	۴۷۳
ملتان	۴۸۵	۵۶۵
مظفرگڑھ	۲۰۳۱	۱۸۱۵
ڈیرہ غازی خان	۱۳۹۷	۱۳۴۸

Mr. Speaker : The Member may please conclude his speech.

Minister for Revenue : He has already taken more than 15 minutes.

Malik Muhammad Akhtar : I would request for five minutes more, Sir.

جناب والا ۔ میں نے یہ گذارش کرنی ہے ۔ کہ اب بھی یہ figures جو میں نے آخر میں پیش کئے ہیں یہ cultivable waste کے ہیں ۔ آپ اندازہ فرمائیں کہ ان حالات میں آپ اس قانون کی تنسیخ کو کیسے justify کر سکتے ہیں ۔ یہ ایک اچھا قانون ہے اور اس کے متعلق میں یہ سمجھتا ہوں کہ مارشل لاء کی regime نے اگر کوئی بہترین قانون بنایا تھا تو وہ صرف یہ قانون تھا ۔ آپ اس کو repeal کر رہے ہیں ۔ آپ اس کے متعلق figures دینگے کہ اتنے ہزار ٹیوب ویلز بڑھ گئے ہیں ۔ لوگوں میں interest بڑھ گیا ہے ۔

میں کہتا ہوں کہ لوگ یہ خود بخود کر رہے ہیں ۔ انہیں کرنے دیجئے ۔ لیکن جو ۶ سال کی figures ہیں ۔ یہ hopeless ہیں اور امید افزا ہیں ۔ ابھی ہزاروں ایکڑ زمین ہر صوبہ میں ۔ ہر ڈویژن میں اور ہر ضلع میں ہے ۔ جس کو ہم قابل کاشت بنا سکتے ہیں ۔ ہمارا تو دارومدار ہی کاشت پر ہے ۔ اس لئے کیوں نہ اس قانون کو کچھ عرصہ کے لئے اور چلایا جائے ۔ اس طرح ہم اس Penal Section کے ذریعے زمیندار کو مجبور کر سکتے ہیں کہ اگر وہ دو سال کے نوٹس پر زمین قابل کاشت نہیں لاتا تو اس کی زمین ۲۰ سال کے لئے lease پر چلی جائے گی اور اسے زمین سے ہاتھ دھونے پڑیں گے ۔

وزیر مال (خان حبیب‌اللہ خان) ۔ جناب سپیکر ۔ بات بہت مختصر اور سادہ ہے ۔ لیکن ملک اختر صاحب نے اس پر بہت لمبی چوڑی تقریر کر دی ہے ۔ West Pakistan Land Utilization Ordinance کا مقصد در اصل یہ تھا کہ جو بڑے بڑے زمیندار ہیں ۔ یا جن کی لمبی چوڑی جائیدادیں ہیں ۔ Properties ہیں ۔ اراضیات ہیں ۔ ان کو ان میں سے کافی آمدن ہوتی ہے ۔ اور وہ پرواہ نہیں کرتے کہ وہ تمام زمین میں کاشتکاری کروائیں ۔ یا بعض زمینداروں کی زمینیں ابھی تک ایسی ہیں جن میں استطاعت نہیں کہ وہ ان زمینوں کو قابل کاشت بنائیں ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ زمینیں ان زمینداروں یا landlords کے پاس بغیر کاشت کے پڑی رہتی ہیں اور ان سے فائدہ نہیں اٹھایا جاتا ۔ اس طرح گورنمنٹ چاہتی تھی کہ ایک انچ زمین بھی بغیر کاشت کے نہ رہ جائے ۔ اور اس مقصد کو مد نظر رکھ کر West Pakistan Land Utilization Ordinance پاس ہوا تھا ۔ کلکٹر اور کمشنر کو گورنمنٹ نے یہ اختیارات دیے

دیئے تھے کہ اگر کوئی زمین قابل کاشت ہو سکے تو اس میں کاشت کی جائے۔ پہلے اس کو نوٹس دے دیا جاتا تھا کہ فوراً اس زمین کو آباد کرے۔ اور اگر مقررہ میعاد کے اندر زمین زیر کاشت نہ لائی جاتی تھی تو وہ زمین گورنمنٹ اپنے قبضہ میں لے لیتی تھی اور کسی اور کو دے دیتی تھی۔ مقصد یہ تھا کہ کوئی زمین بھی بغیر کاشت کے نہ رہ جائے۔ Land Reforms بعد میں پاس ہوئی ہیں۔ نتیجہ کیا ہوا کہ بڑے بڑے زمینداروں سے بہت سی زمینیں چھینی گئیں یا لے لی گئیں۔ ان کو اس زمین کا معاوضہ دیا گیا۔ پہلے کاشت کار یا tenant یا مزارع اگر زمین نہ لیتا تھا تو وہ زمین کسی اور کو دے دی جاتی تھی۔ اسی طرح جب ہم نے survey کیا تو ہم نے دیکھا کہ ہر شخص حتی‌الوسع کوشش کرتا تھا کہ زمین زیر کاشت لائی جائے۔ بڑے بڑے زمینداروں کی زمینیں سمٹ گئیں۔ ان کی خواہش ہوتی تھی کہ وہ ایک انچ بھر زمین بھی زیر کاشت لائے بغیر نہ چھوڑیں۔ جناب والا۔ اب سوائے پہاڑوں کے کوئی اور ایسی اراضی باقی نہیں رہ گئی جو بڑے زمینداروں کے قبضے میں ہو اور زیرکاشت نہ لائی جا چکی ہو۔ تو گویا Land Reforms کا اصل مقصد حاصل ہو چکا ہے۔ جو یہ تھا کہ بڑے بڑے زمینداروں کے پاس جو زمین باوا آدم کے وقت سے غیر کاشت شدہ پڑی تھی اور جس کو بڑے زمینداروں نے اپنی لاپروائی اور غفلت کی نذر کر رکھا تھا۔ اس زمین کو زیرکاشت لا کر ملک میں خوراک کی حالت کو بہتر بنایا جائے اور جو غریب مزارعین زمین کے بغیر تھے مگر زمین آباد کر سکتے تھے۔ انکو زمین دے کر ان اراضیات کو آباد کرایا جائے۔ لیکن اب جبکہ وہ تمام اراضیات جو قابل کاشت تھیں زیرکاشت لائی جا چکی ہیں۔ صرف پہاڑ وغیرہ باقی رہ گئے ہیں جن کو زیر

کاشت لانے کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔ تو پھر اس قانون کو خوامخواہ Statute Book پر رکھنے کا کوئی فائدہ نہیں ۔ اصل مقصد حاصل ہو چکا ہے ۔ اس لئے اس قانون کو repeal کرنے کا آرڈیننس جاری کیا گیا تاکہ خوامخواہ زمینداروں کے سر پر ایک تلوار نہ لٹکتی رہے اور Opposition والے یہ نہ کہہ سکیں کہ یہ سیاسی victimisation کے لئے رکھی جا رہی ہے ۔ لہذا میری درخواست ہے کہ اس آرڈیننس کو منظور کر لیا جائے ۔

ملک محمد اختر (لاہور ۔ نمبر ۲) ۔ جناب والا ۔ ذرا سی غلط فہمی رہ گئی ہے ۔ جس کو میں دور کر دینا چاہتا ہوں ۔ جناب والا ۔ وہ اعداد و شمار جو میں نے سرکاری رپورٹوں سے لے کر پیش کئے تھے ان سے ثابت ہوتا ہے کہ ساری کی ساری قابل کاشت اراضی ابھی تک زیرکاشت نہیں لائی گئی ۔

It could have added to the country's wealth.

Mr. Speakear : The question is —

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Land Utilization (Repeal) Ordinance, 1965 promulgated by the Governor of West Pakistan on 9th September 1965.

(*The motion was carried.*)

THE WEST PAKISTAN QAUMI RAZAKARS ORDINANCE, 1965

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, I beg to move—

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Qaumi Razakars Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 25th September, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is—

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Qaumi Razakars Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 25th September, 1965.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, it is opposed in the present form.

Minister of Law : Sir, this Ordinance seeks to unify the three existing statutes on the same subject which were operating in the province of West Pakistan in three different integrating units, namely, Panjab, Sind and Frontier. The purpose as indicated by the Ordinance itself is very simple and we thought that instead of provoking opposition which, with all respect to the member, I feel, is absolutely uncalled for, it will receive appreciation at the hands of the members of this House including those who are sitting on my opposite side. This Ordinance seeks to give power to the Deputy Commissioners of districts to raise a force which will be called Qaumi Razakars for the purpose of carrying out public duty in case of an emergency and supporting and giving aid to any department particularly the Police Department for the purpose of maintaining law and order and public security and at the time of any natural calamity. The Deputy Commissioners will have the power to raise this force and it will be enrolled on the lines of civil defence. The Deputy Commissioners will have the power to requisition the services of the force or any part thereof. If any member of the force who has volunteered to join this force to render this public duty defaults deliberately and does an act of omission or commission he will be liable to a penal action under the Ordinance. I would, therefore, request the members of this House, particularly Malik Muhammad Akhtar, to please lend his support to the passage of this Ordinance at least. He remarked earlier that my questions to him are in the nature of those from a police officer, I assure him that they are in the nature of certain querries purely with a view to become wiser. I would like to learn from him.

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔ میں نہایت اختصار اور ادب سے یہ suggest کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے موجودہ ملکی حالات کے پیش نظر یہ قانون بہت کافی حد تک ناکافی ہے ۔ دراصل گورنمنٹ نے ایک نیک جذبے کے تحت یہ قانون پیش کیا ہے ۔ میں اسے اس کا credit دیتا ہوں یہ جذبہ قابل ستائش ہے ۔ ہماری شیر دل عساکر جو کافی حد تک mobile ہیں ان کو مزید کمک پہنچانے کے لئے قومی رضاکاروں کی بے حد ضرورت

ہے تاکہ فوجوں کی پیش قدمی کی صورت میں یہ نظم و نسق برقرار رکھنے میں ہاتھ بٹا سکیں۔ ہمیں ۵ لاکھ فوج مزید بھرتی کرنی چاہئیے۔ تاکہ دس لاکھ فوج ہو جائے۔ پھر فوج کے علاوہ سول ڈیفنس بھی درکار ہے جس میں قومی رضاکار کام کر سکتے ہیں ۔ ان کو rifle کی ٹریننگ دی جائے اور اس سول ڈیفنس کو مضبوط بنانا چاہئیے۔ ۱۹۵۱ء میں رضاکار Volunteer Corp کا قانون موجودہ قانون سے زیادہ ہمہ گیر اور وسیع تر تھا اور وہ Organisation بہت مقبول تھی ۔ مگر خدا جانے کیوں اس کو بند کر دیا گیا ۔ اب رضاکاروں کی بھرتی ہفتے دو ہفتے کے اندر elaborate پیمانے پر کرنی چاہئے ۔ یا آپ اپنے دو تین افسروں کی ایک کمیٹی بنا دیں جو گزشتہ Cease Fire یا ۶ ستمبر سے آج تک ان تمام difficulties ۔ قانونی رکاوٹوں اور problems کو check کرے جو وقتاً فوقتاً ڈپٹی کمشنر لاہور کو پیش آتی رہیں ۔ لیکن ان کے باوجود انہوں نے جنگ کے دوران جو کام مناسب طور پر ہو سکتا تھا ۔ کیا ۔ اور بڑی کامیابی سے کیا ۔ لاہور میں جنگ کے دوران شہر کی انتظامیہ نے بہت اچھا کام سرانجام دیا ۔ ہمارے ڈپٹی کمشنر صاحب اکثر بارڈر پر رہے ۔ اور انہوں نے جنگ سے متعلقہ سارا کام بڑی دلیری سے کیا اور آخر تک سنبھالے رکھا ۔ لیکن اس کے باوجود بھی ان کے راستے میں بعض رکاوٹیں اور مسائل کھڑے رہے ۔ آپ ان کے دفاتر کی فائلیں منگا کر دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ہماری ARP کو کیا کیا مشکلات پیش آئیں ۔ میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ہماری ARP بڑی مؤثر ثابت ہوئی ۔ وہ دنیا کی بہترین ARP ہے ۔ لیکن اس میں بھی اصلاحات کی ضرورت ہے ۔ ہماری دفاعی افواج بھی بڑی مضبوط ہیں ۔ اس وقت ہمارے دس کروڑ عوام سول ڈیفنس کی تربیت کے لئے بیقرار ہیں ۔

ان میں سے ہر ایک فوجی وردی پہننے کے لئے بیقرار ہے ۔ وہ اسلحہ کی ٹریننگ حاصل کرنے کے لئے بیقرار ہے ۔ سیالکوٹ کے قریب چونڈہ کی شہرہ آفاق ٹینکوں کی جنگ میں دنیا نے دیکھ لیا کہ اس میں ہماری مسلح افواج کے دوش بدوش غیر فوجی لوگوں نے بھی دشمن کا مقابلہ کیا ۔ اور اس کے بعد قومی رضاکاروں کے شانہ بشانہ بطور قومی رضاکار کام کیا ۔ ہمارے عوام کو اس امر کا بھی پورا احساس ہے کہ پاکستانی فضائیہ کے شاہین بھی ان کے بھائی ہیں جو اتنے بڑے کارہائے نمایاں انجام دے سکتے ہیں ۔ وہ بھارت کے خلاف جنگ میں دشمن پر بجلی کی طرح کوندے ۔ بادل کی طرح گرجے اور آگ کی طرح برسے ۔ آپ اپنے دس کروڑ عوام کو کیوں موقع نہیں دیتے کہ وہ اپنے خرچ پر فوجی وردیاں بنائیں ۔ اپنے اخراجات پر اسلحہ خریدیں ۔ اس کی تربیت حاصل کریں اور اس سر زمین سے کفار اور دشمنان اسلام کو نیست و نابود کرنے کے لئے ان کے گلے لگ جائیں ۔ اور اس طرح یا تو اسے نیست و نابود کر دیں ۔ یا خود شہید ہو جائیں ۔ جب عوام میں یہ جذبہ موجود ہے تو میں سمجھ نہیں سکا کہ آخر کیا وجہ ہے کہ ہم اپنی سابقہ نفری پر ہی اکتفا کئے ہوئے ہیں ۔ اس میں شک نہیں کہ ہمارے ہاں بعض ایسے قوانین اور قواعد موجود ہیں جن کی وجہ سے ایسی جماعتوں کے روز مرہ کے کام کاج پر برا اثر پڑتا ہے اور اس طرح یہ ان کے راستے میں رکاوٹ کا باعث ہو رہے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ہاں جنگ کے دوران عام نظم‌ونسق بہت قابل تعریف رہا ۔ لیکن اسے اور بھی بہتر بنایا جا سکتا ہے ۔ دراصل یہ war-level پر ہونا چاہئیے ۔

جناب والا ۔ اب اس کے بعد میں آپکی اجازت سے ایک اور اہم بات

کی طرف آپ کی توجہ منعطف کراتا ہوں۔ اس وقت ہمارے ہاں ARP کا جو طریقہ کار فرما ہے ۔ وہ پرانا طریقہ ہے ۔ اب ہم Atomic ARP کی stage پر پہنچ چکے ہیں ۔ اس لئے ہمیں کافی سے زیادہ research کرنا ہو گی ۔ اور اس کے مطابق اپنی حفاظت کے لئے trenches بنانا ہونگی۔

جناب والا ۔ میں نے ہندوستان کی ایٹم بم بنانے کی دھمکی بھی سنی ہے ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ کوریا کو جب امریکہ نے Ultimatum دیا ۔ تو وہاں کے ایک لیڈر نے کہا کہ آپ کا ایٹم‌بم تو paper tiger سے زیادہ کچھ حقیقت نہیں رکھتا ۔ لہذا ہندوستان کی یہ ایٹم‌بم کی دھمکی میرے نزدیک paper tiger سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتی ۔ اور میں اسے ہندو کی ایک چال سمجھتا ہوں ۔ ہندو اگر ایک ایٹم‌بم بناتا ہے تو اس کے مقابلے میں پاکستان کے دس کروڑ عوام میں سے قوم کا ہر فرد ایک ایٹم‌بم کا حکم رکھتا ہے ۔ ہماری قوم ان معاملات میں کسی سے کم نہیں ۔ لیکن یہ نہایت ضروری ہے کہ آپ آج اس آرڈیننس کو واپس لے لیں اور اس کے فوراً بعد ایک نیا آرڈیننس لائیے جس کے مطابق ایک Directorate کا قیام عمل میں لائیں ۔ اور اس کے عملے کیلئے کم از کم آٹھ دس لاکھ روپے کی رقم کا بندوبست کریں ۔ تاکہ وہ لوگوں کو تربیت دینے کا انتظام کرے ۔ اور اس ٹریننگ میں اسلحہ کی ٹریننگ بھی شامل ہو ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ اس کا عملہ لوگوں کو لڑنے کی ٹریننگ بھی دے ۔ دراصل میں یہ چاہتا ہوں کہ ہماری یہ Civil Force ہماری Second Line of Defence ہو ۔ اور جس وقت صف اول میں ہمارے مجاہدین دشمن کے ساتھ سلطان ٹیپو کی طرح لڑ رہے ہوں تو اس وقت ہماری یہ Force تمام نظم‌ونسق خود ہی سنبھالے ۔

Mr. Speaker : I will now put the question.

The question is :

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Qaumi Razakars Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 25th September, 1965.

(*The motion was carried.*)

THE PROVINCIAL INDUSTRIAL DEVELOPMENT CORPORATION (WEST PAKISTAN) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1965.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, I beg to move :

> That the Assembly do approve of the Provincial Industrial Development Corporation (West Pakistan) (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th September, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is :

> That the Assembly do approve of the Provincial Industrial Development Corporation (West Pakistan) (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 30th September, 1965.

Is it opposed ?

Malik Muhammad Akhtar : Certainly I oppose it.

جناب والا - . . . . . .

Mr. Speaker : Let the Law Minister first explain.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, this Ordinance has direct relation with the Ordinance which will follow. The purpose of this Ordinance is to delete certain provisions of the Provincial Industrial Development Corporation Ordinance under which the Small Industries Corporation Wing is looked after by the PIDC. In view of the fact that the Provincial Government propose to set up an independent Corporation to look after the small industries, this wing (which as I have said was in the charge of the PIDC) had to be segregated and separated from it and to that extent certain provisions of

the PIDC which required amendments have been amended by the promulgation of this Ordinance.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ جیسا کہ جناب وزیر قانون نے ارشاد فرمایا ہے جب West Pakistan Small Industries Corporation Ordinance (جسے ہم نے اس کے بعد discuss کرنا ہے۔) نافذ کیا گیا ۔ تو اس وقت ایک نیک مقصد پیش نظر تھا ۔ دراصل دنیا کی تاریخ اس امر کی شاہد ہے کہ ہر ملک کو مختلف اوقات میں مختلف مدارج سے گزرنا ہوتا ہے ۔ جن میں زرعی اصلاحات بھی ہو سکتی ہیں اور Industrial Revolution بھی ۔ ہمارا ملک اس وقت ان دونوں مدارج سے بتدریج گزر رہا ہے ۔ اور ترقی کر رہا ہے ۔

I think the Law Minister might like to make amendments so that it becomes stream lined in accordance with his wishes and the semi-autonomous bodies may not exploit their position and favour some particular lawyer of their liking.

Mr. Speaker : I will now put the question.

The question is :

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Statutory Bodies (Appointment and Removal of Legal Advisers) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 16th October, 1965.

(The motion was carried.)

THE WEST PAKISTAN WEIGHTS AND MEASURES ORDINANCE, 1965.

Mr. Speaker : Next motion.

Mr. Mahmood A. Haroon (Minister of Labour and Co-operation) : Sir, I beg to move :

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Weights and Measures Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 28th October, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is :

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Weights and Measures Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 28th October, 1965.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed.

Minister of Labour and Cooperation (Mr. Mahmood A. Haroon) : Sir, all this Ordinance deems to do is to consolidate various laws

prevailing in various zones. In Karachi, there was a separate law. In Sind, there was a separate law. In the Punjab, there was a separate Law. In the Frontier there was a separate law. In Bahawalpur, there was a separate law. So, it is to consolidate all these laws and also to provide penalties for certain acts. For example, nobody was allowed to manufacture weights and measures without permission and licence. But there was no penalty provided. Anybody could do it although he did not have a licence. This has provided penalties in case of a person who manufactures weights and measures illegally (without a licence).

It also covers the fact that in the old laws, for example in Bahawalpur there was no law for weights and measures. Before this, the weights and measures manufactured under one Act in one zone could not be used in any other zone. This law provides the freedom of movement and weights and measures manufactured at one place can be used at another place too. It also removes the disparity in the rates of fees which were provided under different laws and at different rates.

These are the salient features of this Ordinance.

Mr. Speaker : Part II, III and V have not come into force so far. Part I has come into force. In Section 1 (3) it has been stated :

> "Part I shall come into force at once. Parts II, III and V shall come into force in the whole or any specified area of the Province from such date or dates as Government may, by notification in the official Gazette, specify in this behalf and different dates may be specified for the coming into force of different Parts.".

What is the position ?

Minister of Labour : They have come into force in Sind, Baluchistan, Bahawalpur, Punjab, Khairpur. . . . .

Mr. Speaker : All parts ?

Minister of Labour : Not all. Part I has come into force. Part II has come into force.

Mr. Speaker : What is the position of Parts III and V.

Minister of Labour: Part III comes into force after a certain period. Part II has come into force.

Mr. Speaker: Parts I and II are now in force ?

Minister of Labour: Yes, Sir. Action regarding Part III is being taken for *unification*.

Mr. Speaker: Yes, Malik Akhtar.

ملک محمد اختر - جناب والا - جیسا کہ آپ نے rightly point out کیا ہے - مجھے بھی یہی شکایت ہے - اور شاید Leader of the House مجھے correct کر سکیں - یا میری تائید کر سکیں - تو شکایت یہی ہے کہ آخر آج تک حکومت نے اتنے اہم تجارتی معاملے کو سلجھایا کیوں نہیں - مثلاً کوئٹہ میں اس کا نفاذ نہیں تھا - اسی طرح جو قانون اس سے قبل صوبہ سرحد میں تھا - اسے دوسرے علاقوں میں نافذ کیا گیا - تجارتی نقطہ نظر سے یہ ایک نہایت ہی ضروری چیز ہے کہ Weights - Measures اور Scales کا سارے مغربی پاکستان میں ایک ہی standard ہو - جس طرح سے international weights کے لئے ایک standard رکھا ہؤا ہے اسی طرح تمام units میں smooth تجارت کے لئے ضروری ہے کہ ہر جگہ ایک ہی قانون نافذ ہو - Unification of Laws تو دس سال پہلے یعنی ۱۴-۱۰-۵۵ کو کی گئی تھی - آج ۱۹۶۵ء میں اور وہ بھی نومبر میں آپ یہ آرڈیننس لائے ہیں - اس سے پہلے آپ کو اس کا احساس نہیں ہؤا - اچھا ہؤا کہ اب دس سال کے بعد ہی آپ نے احساس کیا ہے اور ضرورت محسوس کر کے اس آرڈیننس کو نافذ کر دیا ہے -

جناب والا - اس آرڈیننس کی اہمیت اور لفظ weight کے بارے میں اس بات کو نظرانداز کر دیا گیا ہے - اور اسے غیر ضروری item سمجھا گیا ہے -

آخر اس آرڈیننس کا scope کیا ہے؟ اس میں unification کرتے وقت آپ نے اپنے standard weights and measurers کر دیا ہے مثلاً سیر ۔ پاؤنڈ اور تولہ وغیرہ ۔ اس کے بعد ایسے Weighing Instruments ہیں مثلاً Platform Weighing Machines, other Weighing Machines, Scales. yard tape measures, اور اسی طرح پیمائش کے instruments ہیں مثلاً Milk measures, and gallon measures اور دوسرے measures ہیں جو استعمال کئے جاتے ہیں ۔ مثلاً Petrol measures, etc. ۔ اب آپ اندازہ کیجئے کہ آج جب کہ فضائی طریقۂ کار رائج ہے ۔ پشاور اور لاہور districts کے درمیان جو فاصلہ ہے وہ نصف گھنٹہ یا ۳۵ یا ۴۰ منٹ میں طے کیا جا سکتا ہے ۔ اس زمانہ میں دو مختلف units میں یا districts میں مختلف standard رکھنا میری نظر میں کسی طرح بھی واجب اور جائز نہیں ۔ میری اطلاع ہے اور میں اسے repeat کرتا ہوں ۔ شاید قائد ایوان اس سلسلہ میں مجھے guide کریں کہ جس قانون کو آج آپ لا رہے ہیں، جب یہ قانون صوبہ سرحد میں تھا تو اسے suspend کر دیا گیا تھا۔کیا وہاں کے تاجر پیشہ حضرات نے کوئی اعتراض کیا تھا ؟ وہاں تو کچا سیر اور پکا سیر کا وزن ہوتا ہے ۔ وہاں اس قسم کے measures تھے۔ مگر قانون کے operation کو suspend کیا گیا تھا ۔ میں انتہائی مشکور ہوں گا اگر قائد ایوان یا متعلقہ پارلیمنٹری سیکریٹری صاحب اس چیز کا اعتراف یا اس سے انحراف کریں ۔ کیا یہ درست ہے کہ سابقہ صوبہ سرحد میں مارشل لاء سے آج تک اس قانون کو operate نہیں کیا گیا ؟ میں کوئی پابندی نہیں لگا سکتا اور نہ ہی میں اس کا مجاز ہوں ۔ آپ صاحب اختیار ہیں۔ لیکن ایک بات کا مجھے افسوس ہے کہ ابھی ابھی جن باتوں کا میں نے

ذکر کیا ہے جو Law Department سے متعلق ہیں۔ وہ بالکل unreplied رہی ہیں۔ ممکن ہے آپ نے یہی مناسب سمجھا ہو ۔ لیکن اگر کوئی بات کہی جائے تو اس کا جواب تو ضرور دیا جانا چاہئیے ۔ اس سلسلہ میں میں نے کافی بے قاعدگیوں کی نشاندھی کی تھی اور کئی allegations لگائی تھیں مگر ان کا جواب نہیں ملا۔ یہ درست ہے کہ کسی دوسرے کی jurisdiction پر مجھے tresspass نہ کرنا چاہئیے اور مجھے personal نہیں ہونا چاہئے ۔ لیکن یہ مناسب ہو گا اگر اس ایوان کو بتا دیا جائے کہ کیا Weights and Measures کا قانون جو اس سے قبل نافذ تھا۔ صوبہ سرحد میں اسے suspend کر دیا گیا تھا ؟ یہ بتانا اس لئے بھی ضروری ہے کہ آج سپیکر صاحب نے یہ Point raise کیا ہے کہ اس کے سیکشن ۱ کے سب سیکشن ۳ میں یہ دیا گیا ہے :-

"1. (1) This Ordinance may be called the West Pakistan Weights and Measures Ordinance, 1965.

(2) It extends to whole of the Province of West Pakistan, except the Tribal Areas.

(3) Part I shall come into force at once. Parts II, III and V shall come into force in the whole or any specified area of the Province from such date or dates as Government may, by notification in the official Gazette, specify in this behalf, and different dates may be specified for the coming into force of different Parts."

جناب والا ۔ مجھے یہ بات پسند نہیں ۔ جب ایک instance موجود ہے۔ اگر یہ حقیقت ہے کہ صوبہ سرحد کے بعض districts میں لوگوں کے احتجاج کے باوجود قانون کے operation کو suspend کیا گیا، تو اس کے بتانے میں کسی قسم کا اعتراض نہ ہونا چاہئے ۔

آج جبکہ advanced countries میں ایک uniformity ہے ۔ میری اطلاع کے مطابق اس بات کا خدشہ ہے کہ اگر کسی وقت کوئی bargain

یا purchase ہو یعنی ایک ضلع میں۔ ایک ڈویژن میں یا سابقہ کسی صوبہ میں کسی سابقہ صوبہ کے تاجر کوئی خرید و فروخت کریں، تو انہیں مشکل ہوگی۔ مثلاً ایک جگہ ۵۰ چھٹانک کا سیر ہو اور دوسری جگہ ۱۲ چھٹانک کا سیر ہو۔ تو اس سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ہمارے صوبہ میں ۱۶ چھٹانک کا سیر ایک standard وزن ہے، اگر ایسا نہ ہوگا تو اس سے جھگڑے پیدا ہوں گے اور لوگوں میں conflict کا امکان ہوگا۔

جناب والا۔ جہاں تک اس آرڈیننس کی enforcement کا تعلق ہے، حکومت نے اسے effective بنانے کے لئے ایک Elaborate Directorate رکھا ہؤا ہے۔ اور Labour Welfare Directorate اس کا overhead in-charge ہے۔ اس میں انسپکٹر مقرر ہیں۔ پھر آپ نے standard weights مقرر کئے ہوئے ہیں۔ اور اس امر کی ضرورت ہوتی ہے کہ لوگ اس قانون کے مطابق اپنے weights and measures کا standard رکھیں۔ حکومت نے ان کا standard مقرر کیا ہؤا ہے اور ان کے manufacturers کو لائسنس دئے ہوتے ہیں، جن میں اس بات کی ہدایت ہوتی ہے کہ weights and measures کا standard کیا ہونا چاہیئے۔ پھر حکومت کے انسپکٹر ان کو پاس کرتے ہیں۔ دو سال کے بعد ان weights and measures کی length یا وزن کی دوبارہ verification کی جاتی ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ جب اتنا Elaborate Directorate موجود ہو۔ انسپکٹر مقرر ہوں۔ آدمیوں میں efficiency بھی ہو۔ تو پھر یہ معمولی سی بات ہے کہ اسے regularize کر لیا جائے۔ اس کے باوجود صوبہ سرحد میں اس قانون کو suspend کیا گیا تھا۔ یہ کسی طرح

بھی واجب نہیں کہ صوبہ کے کسی حصہ میں یہ نافذ ہو اور کسی میں نہ ہو ۔

اب میں دوسری بات کی طرف آتا ہوں کہ enforcement in practice کیا ہے ۔ میرے پاس جو papers ہیں ان میں ۱۹۶۵ء میں جس جگہ قانون نافذ کیا گیا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ Number of prosecutions

Lodged in theCourt—3,412
Fine imposed—Rs. 60,908
Number of Weighing and Measuring Instruments—8,71,891

Number of weights and measurements جنکو verify کیا گیا ہے ۔ یہ پرانے بنے ہوئے تھے اور فیس جو realise کی گئی ہے وہ ۵،۶۱،۷۹۳ روپے ہے ۔ یعنی آپ کا جو elaborate directorate ہے وہ self-sufficient ہے اب اگر آپ Prosecution کی تعداد دیکھیں تو یہ ۳،۴۱۲ ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت کم ہے لیکن اگر آپ اس قانون سے عوام کو مستفید کرنا چاہتے ہیں، تو میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس کی checking کو زیادہ effective بنائیں ۔ یہ جو discretion رکھا گیا ہے کہ کسی جگہ کسی وقت enforce ہو اور کسی حصہ میں کسی وقت enforce نہ ہو۔ یہ ٹھیک نہیں ہے ۔ میری humble submission یہ ہے کہ اگر آپ اسکو اسی طرح پاس کرلیں تو کم سے کم جناب وزیر صاحب اس میں یہ احتیاط برتیں کہ کسی صوبے کے حصے کو exempt نہ کیا جائے، کیونکہ یہ ایک عام روزمرہ کی اور بہت ضروری چیز ہے ۔ اس کے far reaching effects ہیں ۔ اس طرح سے آپ کی prices uniform ہو سکتی ہیں اور تاجروں کے تعلقات بہتر ہو سکتے ہیں ۔ میں عرض کروں گا کہ آپ اسکو جلد enforce کریں ۔

سابقہ قانون جو نافذ تھا اور آپ نے اسکو repeal نہیں کیا۔ تو اسوجہ سے اسکا effective use نہیں ہو سکا اور اگر effective use ہؤا ہے تو اس کے لئے آپ کو اعداد و شمار بتانے ہوں گے کہ کس قدر prosecutions ہوئے اور کس قدر verifications ہوئے۔ اور اگر آپ فوراً ایسے اعداد و شمار یا کوئی ایسے verifications یا collection of fees یا prosecutions کا نمبر بتانے سے قاصر ہیں، تو میں نے جس خدشے کا اظہار کیا ہے وہ حقیقتاً درست ہے ۔ اگر آپ نے اسے تحریری طور پر suspend نہیں کیا تو عملی طور پر suspend کیا ہے ۔ غرضیکہ میرا مطلب یہ ہے کہ آپ اس چیز سے بچئے کہ کہیں کچھ ہے اور کہیں کچھ ہے ۔ جب One Unit بن گیا تو uniformity ہونی چاہئے ۔

Mr. Speaker : Mr. Haroon let me know one thing. In Part 5 and in the Schedule which is annexed to Part V you have repealed certain enactments such as—

The Sind Weights and Measures Act, 1932.

The Bombay Weights and Measures Act, 1932, as applicable to Karachi.

The Punjab Weights and Measures Act, 1941.

The Bahawalpur State Weights and Measures Act, 1946.

The North-West Frontier Province Weights and Measures Act, 1947.

You have repealed all these Acts but this part is to come into force on such date as you may notify in the Official Gazette. May I presume that all these enactments are still alive ?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad V. Memon) : If you permit me I would refer you to Section 39 which says—

> "On the coming into force of this Ordinance in any area, the enactment mentioned in the Schedule shall and in so far as applicable to that area, be repealed. In the event of specified provisions of this Ordinance being applied to certain areas, the corresponding provisions of such enactment shall stand repealed."

So, it is not the whole Act which stands repealed.

Mr. Speaker : That means at present we have two sets of laws. So far as part 1 and 2 are concerned this part is applicable. So far as other parts are concerned. . . . . .

Minister of Law : The other laws apply till the notification is issued.

Mr. Speaker : Do you mean by coming into force . . . . . .

Minister of Law : We have provided in the Ordinance various stages according to the dicretion of the Government. When this new law will come into force it will extend to the whole of West Pakistan but so far as certain areas are concerned where the first part applies, the Acts applying to those areas will stand repealed to that extent to which the first part provides. As we have heared from the Minister even the second part has been made applicable so that all these Acts in those areas stand repealed to the extent of two parts.

Mr. Speaker : But the words used are—

> "On the coming into force of this Ordinance....."

Minister of Law : But, Sir, unless and until the Ordinance comes into force nothing can happen.

Mr. Speaker : If part 1 is made applicable then the Ordinance comes into force.

Minister of Law : Only part 1 and not the whole of it.

Mr. Speaker : The words used are—

> "On the coming into force of this Ordinance in any area, the enactments mentioned in the Schedule shall, and in so far applicable to that area, be repealed."

The sentence is complete and then the other sentence is—

> "In the event of specified provisions of this Ordinance being applied to certain areas, the corresponding provisions of such enactment shall stand repealed."

Minister of Law : I respectfully submit that the Ordinance has not come into force in the entire Province.

Mr. Speaker : So far as first part is concerned.....

Minister of Law : All the Acts stand repealed to that extent. All the Acts in their entirety so far as part 1 is concerned, whatever has been provided, stands repealed. So far as parts 2 and 3 are concerned if and when applied by notification, those provisions will disappear to that extent.

Mr. Speaker : Then this sentence should not have been there—

> "On the coming into force of this Ordinance in any area, the enactments mentioned in the Schedule shall, and in so far as applicable to that area, be repealed."

Because in the other sentence you have made it clear that—

> "In the event of specified provisions of this Ordinance being applied to certain areas, the corresponding provisions of such enactment shall stand repealed."

Minister of Law : That is a scheme of the Act because the entire Ordinance was not supposed to be put into operation in all areas at one and the same time.

Mr. Speaker : I will now put the question.

The question is—

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Weights and Measures Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 28th October 1965.

(*The motion was carried.*)

———

THE WEST PAKISTAN LAWS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1965.

Mr. Speaker : Next motion.

Minister of Law : I beg to move —

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Laws (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 2nd November, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is :

> That the Assembly do approve of the West Pakistan Laws (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 2nd November, 1965.

ملک محمد اختر - Opposed - جناب میں گزارش کرونگا کہ وزیر قانون ذرا اس کی تفصیل بتا دیں کیونکہ اس میں وہ Laws ہیں جو repeal ہوں گے -

Minister of Law : I am bound by the directions of the Speaker given yesterday that I should explain the purport of the Ordinance that I move in the House and I am trying to abide by it.

This Ordinance seeks to amend by addition the existing statutes operating in the Province both Central and Provincial which are now within the Provincial field in order to bring them in conformity with the Constitutional provisions and certain decisions of the High Court and the Supreme Court. To that extent the laws have been modified.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر - West Pakistan laws Amendment Ordinance, 1965 سے بہت سے ایسے قوانین کی مکمل repeal مطلوب ہے جو اب غیرضروری تھے اور جنھیں اب Law Minister صاحب نے bad laws کہا ہے - مثلاً Slavery Act, 1845 اور Provinicial Criminal Law (Supplementary) Act, 1933.

در اصل وہ قوانین برے نہ تھے بلکہ ان کی اب ضرورت نہیں ۔ مثلاً اگر Slavery Act, 1845 جو لازماً slavery کو ban کرتا ہو گا ۔ اس میں یہ تو پروویژن نہیں کہ Slavery کو جاری رکھا جائے یا اس کو کسی طرح regularise کیا جائے ۔ بہرحال ان قوانین کی جو repeal ہے ۔ وہ مناسب ہے ۔ کیونکہ یہ غیر ضروری طور پر اب آپ کے قوانین میں شامل ہیں ۔ اس کے بعد کم و بیش ۲۷ قوانین ایسے ہیں جن کو amend کیا گیا ہے ۔ اور اس میں پروویژن یہ ہے جس کا اضافہ کیا گیا ہے ۔ کہ کسی شخص کو نکالنے کے لئے اس کو پہلے Show Cause Notice دیا جائے ۔

جناب والا ۔ مجھے principles پر کوئی اعتراض نہیں ۔ لیکن طریقۂ کار پر اعتراض ضرور ہے ۔ اس آرڈیننس کا نفاذ ۱۷ نومبر ۱۹۶۵ء کو کیا گیا اور یہ ۲۷ قوانین ہیں جن کو amend کرنا مطلوب ہے ۔ ان ۲۷ قوانین میں جو right of speech ہے وہ صرف ۱۵ منٹ کے لئے دیا گیا ہے ۔ یہ بڑی glaring example ہے کہ وہ Rules جن پر کل بھی تبصرہ ہوتا رہا ۔ وہ رولز کسی حد تک ہمارے right of speech and expression کو چھین رہے ہیں ۔

دوسرا نکتہ جو مجھے بیان کرنا ہے ۔ یہ ہے کہ کیا ہی اچھا ہوتا جو ان قوانین کو یا اس Amending Ordinance کو بل کے ذریعے لایا جاتا ، اور یہ ستائیس کے ستائیس قوانین ستائیس بلوں کی صورت میں یا تین چار بلوں کی صورت میں آتے ۔ تاکہ یہ بات آپ کے credit میں جاتی کہ آپ اتنے بل لائے ہیں ۔ میں جناب Law Minister صاحب سے مؤدبانہ گزارش کروں گا کہ کم از کم ایسے قوانین جن کی urgency ایسی نہیں کہ ان کو آرڈیننس کے ذریعے لایا جائے ۔ ان کو بلاوجہ آرڈیننسوں کے ذریعے لا کر حکومت پر یہ ایک بہت بڑا دباؤ ڈال دیا گیا ہے ۔

کہ Legislation آرڈیننسوں کے ذریعے کی جاتی ہے ۔ کیوں کی جاتی ہے ؟ چونکہ time limit ہے اور وقت بالکل تھوڑا ہے اس لئے میں اسے تفصیل سے بیان نہیں کر سکتا ۔ یہ نہایت ضروری ہے کہ آرڈیننس جو لائے جائیں وہ صرف ایسے ہوں جن کی پروویژن دستور کے آرٹیکل ۷۹ میں ہے ۔ اور میرا خیال ہے کہ بلاوجہ Legislation آرڈیننسوں کے ذریعے کرنا ہرگز واجب نہیں ۔ بلکہ اگر بے محل نہ سمجھا جائے تو میں Leader of the House اور Law Minister صاحب اور اگر وہ میری درخواست کو درخوراعتناء نہ سمجھیں تو میں آپ کو humbly submit کرتا ہوں کہ آپ intervene کریں ۔ جمہوریت کی روایات تازہ ہو جائیں گی اگر Law Minister صاحب ایک کمیٹی Rules of Procedure کے لئے بنا دیں جو گزشتہ ساڑھے تین سال سے نہیں بنائی گئی ۔ یہ اس ہاؤس کو credit ہو گا کہ وہ کام جو گزشتہ اسمبلی نے نہیں کیا وہ اس ہاؤس نے آج کر دکھایا ۔

جناب والا ۔ آپ اندازہ فرمائیے کہ یہ تین ایکٹ جن کو repeal کرنا مطلوب ہے اور یہ ۲۷ قوانین جن میں ترمیم کرنا مقصود ہے ۔ ان پر ۱۵ منٹ میں کیا کہا جا سکتا ہے ۔ سوائے اس کے کہ principles کے متعلق بات کی جائے۔ جناب والا ۔ میں اس سے زیادہ اس لمبے اور lengthy آرڈیننس کے متعلق کیا گزارش کر سکتا ہوں، جس میں تقریباً ۳۰ ایسے قوانین ہیں، جو سابقہ تمام صوبوں میں نافذ تھے، اور ان کے کافی far-reaching effects ہیں۔ بہت بہتر ہوتا اگر جناب Law Minister صاحب قاعدے سے اتنے طویل اور لمبے قوانین جو متاثر ہو رہے ہیں، ان کی تشریح فرما دیتے۔ انہوں نے جو تشریح کی ہے وہ ناکافی ہے، اور مجھے اتنا وقت نہیں ملی

سکتا ۔ کیونکہ ہاؤس اس mood میں ہے کہ آرڈیننسوں کا جلد از جلد فیصلہ ہو، اور میں بھی ان کی بیتابی کا احترام کرتا ہوں، کیونکہ urgency میں یہ جتنی جلدی بھی ہو جائے اچھا ہے ۔ لیکن خوبصورتی سے ہو اور اس قدر زیادہ ہو کہ جو snags جو flaws اور جو defects ہیں وہ متعلقہ ارباب اختیار کی نظر میں لائے جائیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب وقت بہت کم ہے ۔ آپ کی کچھ difficulties ضرور ہیں ۔ لیکن میں درخواست کروں گا کہ آپ اس آرڈیننس کے متعلق بھی کچھ فرمائیں ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میری humble submission یہ ہے کہ اتنے طویل آرڈیننس کو جسے اس مختصر سے وقت کے لئے یعنی ۱۷ نومبر کو جاری کیا گیا ۔ جبکہ دو ہفتے بعد اسمبلی کا Session ہونے والا تھا ۔ تو اتنے مختصر وقت کے لئے اسے ہرگز نافذ نہ کرنا چاہیئے تھا ۔ یہ بالکل غیرضروری ہے کہ ایسی قانون سازی ہو ۔ انہوں نے ۱۹۵۵ء سے ۱۹۶۵ء تک اس چیز کا دھیان نہ کیا اور اب محض دو ہفتے قبل ہمارے پاس یہ طویل آرڈیننس لے آئے ۔ ان ۳۰ قوانین کو پڑھنے کے لئے کم از کم ۳۰ دن چاہیئیں ۔ اس کے بعد ہم ان میں موشگافیاں کر سکتے ہیں ۔ اور ان پر نکتہ چینی کی جا سکتی ہے ۔ تو میری humble submission یہ ہے کہ اگر Law Minister صاحب اس Practice کو بدل دیں اور ہمیں اتنا pin-down نہ کریں، تو ہم مشکور ہوں گے، کیونکہ اتنے مختصر سے وقت میں ان پر تسلی بخش بحث ہو نہیں سکتی ۔ ترمیم کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن اگر یہ آرڈیننس کی شکل میں نہ آئے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک better convention ہو گی ۔

Mr. Speaker : I would now put the question. The question is—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Laws (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 2nd November, 1965.

(The motion was carried.)

THE WEST PAKISTAN TOBACCO VEND ACT (AMENDMENT) ORDINANCE, 1965.

Mr. Speaker : Next motion, please.

Minister of Finance : Sir, I beg to move—

That the Assembly do approve of the West Pakistan Tobacco Vend Act (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 11th November, 1965.

Malik Muhammad Akhtar : Not opposed, Sir.

Mr. Speaker : Motion moved, the question is :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Tobacco Vend Act (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 11th November, 1965.

(The motion was carried.)

THE WEST PAKISTAN UNIVERSITIES AND BOARDS OF EDUCATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1965.

Mr. Speaker : Next motion, please.

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : Sir, I beg to move :

That the Assembly do approve of the West Pakistan Universities and Boards of Education (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 27th November, 1965.

Mr. Speaker : The motion moved is ;

That the Assembly do approve of the West Pakistan Universities and Boards of Education (Amendment) Ordinance, 1965, promulgated by the Governor of West Pakistan on 27th November, 1965.

Malik Muhammad Akhtar : Opposed :

Minister of Law : The purpose of the Ordinance is to amend certain existing laws under which the Vice-Chancellors of Universities and Chairmen of Boards of Secondary and Intermediate Education are appointed by the appointing authority, i.e. the Governor. It was found by experience that the existing laws probably rendered doubtful whether the appointing authority had the power to remove Vice-Chancellors or Chairmen of the Boards, as the case may be, before the expiry of their period of tenure, however corrupt, inefficient or undesirable any of them may become. In order to meet this contingency this law has been enacted to invest the Governor (who is the Chancellor and who makes these appointments) to have the power of terminating the services of the incumbent of any of these posts before the expiry of the period of tenure after issuing him a show cause notice and after knowing what work he has done. And if he is satisfied that he has not come up to the expectations and the trust reposed in him, he will have the power to remove him from service before the expiry of the period of his tenure.

(*At this stage Mr. Senior Deputy Speaker, Mr. Umar Jan Khan took the chair*).

ملک محمد اختر ۔ جناب سپیکر ۔

The West Pakistan Universities and Boards of Education (Amendment) Ordinance, 1965.

کے تحت مطالبہ یہ ہے کہ ان قوانین میں ترمیم کی جائے ۔

The West Pakistan (Board of Intermediate and Secondary Education, Hyderabad) Ordinance, 1961.

The West Pakistan (Board of Intermediate and Secondary Education, Lahore) Ordinance, 1961;

The West Pakistan (Board of Intermediate and Secondary Education, Peshawar) Ordinance, 1961.

The West Pakistan (University of Sind) Ordinance, 1961.

The West Pakistan (University of the Punjab) Ordinance, 1961.

The West Pakistan (University of Peshawar) Ordinance, 1961.

The West Pakistan University of Engineering and Technology Ordinance, 1961.

The West Pakistan Agricultural University Ordinance, 1961.

The West Pakistan (Board of Intermediate and Secondary Education, Karachi) Ordinance, 1962.

The University of Karachi Ordinance, 1962.

جناب والا ۔ زیر بحث آرڈیننس کا مقصد یہ ہے کہ ان مختلف قوانین میں ترامیم کی جائیں ۔ ان ترامیم کی جو نوعیت ہے ۔ وہ میں آپ کے سامنے پڑھے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ وہ تقریباً سب جگہ ایک ہے ۔ اس آرڈیننس کے تحت جو proviso لگایا گیا ہے وہ سب جگہ ایک ہے ۔ اور وہ یہ ہے ۔

"Provided that the Governor of West Pakistan may at any time, review the work of the Chairman and if on such review he is satisfied that in the interest of the Board, or for any other sufficient cause, it is necessary so to do, he may, after giving the Chairman an opportunity of showing cause against the proposed action, reduce the term of office of the Chairman to such period as he may determine".

جناب والا ۔ بہتر ہوتا اگر ہمارے Law Minister صاحب فرما دیتے

کہ وائس چانسلروں یا چئیرمینوں پر جو اتنا کڑا قانون لگانے کی ضرورت پڑی ہے ۔ اس کی وجوہات کیا ہیں ۔ لیکن انہوں نے پھر مجھے محروم ہی رکھا کہ میں ان کے ارشادات گرامی سے اپنے آپ کو enlighten کرتا ، کہ کن وجوہات کے تحت یہ لازم ہو گیا تھا کہ اتنے بڑے افسروں ۔ اتنے ذمہ‌دار افسروں مثلاً Board of Secondary Education کے chairman جو Intermediate کے تمام مضامین کنٹرول کرتے ہیں ۔ fictitious رول نمبر دیتے ہیں ۔ اور Secrecy رکھتے ہیں ۔ ان کے متعلق اتنے سنگین قانون کا نفاذ لازمی ہو گیا تھا جس کی بنا پر ان کی سروس کی terms and conditions کے بارہ میں یہ proviso لگا دیا گیا ہے ۔ یا تو کوئی ایسی glaring مثال پیش کی جاتی ، جس سے ہم بھی قائل ہو جاتے کہ واقعی اس تلوار ۔ اس برہنہ شمشیر کی ضرورت ہے ۔ کہ وہ اتنے بڑے افسروں کی گردن پر رکھی رہے ۔ اور انہیں ہر دم یہ احساس رہے کہ ان کی گردنیں کاٹ دی جائیں گی ۔ جناب والا ۔ یہ Government Official ہیں ۔ اگر وہ misconduct کرتے ہیں تو ان کے خلاف عام قانون کے تحت کارروائی کی جا سکتی ہے ۔ ان کے پاس Screening Committees موجود ہیں ۔ جو ان کے کام کی جانچ پڑتال کر سکتی ہیں ۔

ان تمام کے ہوتے ہوئے یہ بات Administration کی شان کے شایان نہیں کہ اتنے اعلیٰ افسروں کے لئے اس قسم کے قوانین بنا دئے جائیں ۔ کیا ہم یہ indication دینا چاہتے ہیں کہ ہمارے پاکستان میں جو قوانین ہیں وہ نا مکمل ہیں ۔

جناب والا ۔ مجھے ہمیشہ اعتراض رہا ہے کہ عام قانون کے ہوتے ہوئے غیرمعمولی قانون کیوں بنائے جائیں ۔ اگر آپ کی Administration میں کسی قسم کی خامی ہے ۔ تو اسے دور کرنے کے لئے ایسے اقدام کیجئے ۔ جو عام قانون میں موجود ہوں ۔ یہ اللہ کا فضل ہے کہ اس وقت سارا ملک ایک ہے ۔ طالب علم اس وقت ملک کے سب سے جری اور بہادر سپاہی بنے ہوئے ہیں ۔ ایسے حالات میں اس قسم کے قوانین بنا کر آپ تشدد کا تأثر دے رہے ہیں ۔ ہم نے یہ جنگ شانہ بہ شانہ اور دوش بدوش کھڑے ہو کر لڑی ہے ۔ کیا آپ اب ملک کے باشندوں کے درمیان خلیج حائل کرنا چاہتے ہیں ؟ ایسے غیرمعمولی قوانین کو یکسر ختم کر دینا چاہیئے، عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ قوم تیرہ سو سال کے بعد آج دوبارہ پاکستان میں متحد ہوئی ہے ۔ وہ آپ کو ، صدر مملکت اور آپ کے مغربی پاکستان کے گورنر کو اپنا قائد مانتی ہے ۔ آپ اس قوم کو ایک ادنیٰ سا اشارہ کریں ۔ یہ قوم جو ٹینکوں کے نیچے لیٹ سکتی ہے ۔ آپ کے اشارے پر ٹینکوں سے ٹکرا جائیگی ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: Please confine yourself to the Ordinance.

Malik Muhammad Akhtar: My humble submission is that the Ordinance is bad.

اور یہ قوم اس سے بہتر قوانین کی حقدار ہے ۔ اس لئے میں بالکل relevant ہوں ۔ کیونکہ وہ قوم جو ٹینکوں پر چڑھ دوڑے ۔ وہ قوم جو صدر ایوب اور گورنر مغربی پاکستان کے ادنیٰ اشارے پر اندھا دھند

مر مٹنے کو تیار ہو ۔ مال و متاع اور جان تک لٹا دینے پر تیار ہو ۔ آپ اس قوم کے لئے بہتر قوانین وضع کریں ۔ آپ اس قوم کو اپنے اعتماد میں لیں ۔ وہ قوم جو آپ کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچاتی، ان کے لئے تو صدر مملکت اور گورنر مغربی پاکستان کا ایک اشارہ ہی قانون ہونا چاہیئے ۔ ان کے لئے آپ کا اشارہ ہی Commanding Officer کا اشارہ ہونا چاہئیے ۔ اور Commanding Officer کا ایسا اشارہ ہونا چاہئیے کہ جس کی تکمیل کے لئے ہم سب سر بکف ہو کر تیار ہوں ۔ یہ قوم ایسی ہی ہے ۔ تو ایسے حالات میں ایسے قانون کا نفاذ میں سمجھتا ہوں ہرگز مناسب نہ ہو گا ۔ آپ کے جو ordinary laws ہیں ۔ آپ ان ہی کو استعمال کریں۔ ان کو بحال رکھیں۔ تاکہ ایسے غیر معمولی قوانین وضع کرنے سے کہیں یہ شبہات پیدا نہ ہوں کہ آپ طلباء اور ان کے heads کو کنٹرول کرنا چاہتے ہیں ۔ آپ ان طلباء اور ان کے heads کو کیوں کنٹرول کرنا چاہتے ہیں ؟ طلباء تو آپ کی صف اول کے مجاہد ہیں ۔ (قطع کلامیاں) ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Please confine yourself to the Ordinance.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے وزیر مال صاحب سے گزارش کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ وہ میرے بزرگ ہیں، ان سے میں نے ابھی بیشمار باتیں سیکھنی ہیں ۔ میں اپنی کوتاہیوں کے لئے ان سے معافی چاہتا ہوں ۔ کیونکہ میں تو اب بھی ایک طالب علم ہی ہوں ۔ بہر حال جناب وزیر مال صاحب اس آرڈیننس کے صفحہ نمبر ۲ پر سیکشن نمبر ۳ کو ملاحظہ

فرمائیں ، جس کو پڑھنا میرے لئے لازم ہو گا ۔

"3. In the West Pakistan (Board of Intermediate and Secondary Education, Lahore) Ordinance, 1961 (West Pakistan Ordinance No. XVIII of 1961) in section 15, in sub-section (2), the full-stop at the end shall be replaced by a colon and thereafter the following proviso shall be added, namely :—

"Provided that the Governor of West Pakistan. . . ."

Now Sir I am coming to the original Ordinance No. XVIII of 1961, which is at page No. 125.

اس میں جو proviso لگایا گیا ہے ۔ وہ شاید سب سیکشن نمبر ۲ کے طور پر لگایا گیا ہے ۔ ۔ ۔

وزیر مال ۔ آپ سیکشن نمبر ۱۵ پارٹ (i) (ii) پڑھیں ۔

ملک محمد اختر ۔ میرے پاس قانون کی جو کتاب ہے ، وہ جو میں آپکی لائبریری سے ہی لایا ہوں ۔ اس میں دیکھئے ۔ اسکے مطابق

Section 15 (1) and (2) of the West Pakistan (Board of Intermediate and Secondary Education, Lahore) Ordinance, 1961 (West Pakistan Ordinance No. XVIII of 1961) are as under :

15. (1) The Secretary and the Controller of Examinations shall be whole time salaried officers appointed by the Board ;

(2) The terms and conditions of service of the Secretary and the Controller of Examinations and their powers and duties shall be such as may be prescribed."

اب میں اسکے ساتھ proviso لگاتا ہوں ۔

"Provided that the Governor of West Pakistan may, at any time review the work of the Chairman and if on such review he is satisfied that in the interest of the Board, or for any other sufficient

cause; it is necessary so to do, he may, after giving the Chairman an opportunity of showing cause against the proposed action reduce the term of office of the Chairman to such period as he may determine."

جناب والا ۔ اگر یہ سارے نمبر درست طور پر لگائے گئے ہیں ۔ تو اس طرح سے یہ proviso یہاں پر misfit ہے ۔ اور یہ proviso سیکشن نمبر ۱۴ کے ساتھ لگنا چاہئے تھا ۔ کیونکہ سیکشن نمبر ۱۵ سیکریٹری اور Controller of Examinations کو deal کرتا ہے ۔

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ بات یہ ہے کہ Board of Intermediate and Secondary Education, Lahore کے آرڈیننس کے سیکشن نمبر ۱۵ سب سیکشن نمبر ۱ اور نمبر ۲ کو اگر آپ پڑھیں تو ۔۔۔۔

ملک محمد اختر ۔ یہ سیکشن چیئرمین سے متعلق نہیں ہے ۔۔۔

Minister for Revenue : Let me read it first.

15 (1) The Secretary and the Controller of Examinations shall be whole-time salaried officers appointed by the Board ;

(2) The terms and conditions of service of the Secretary and the Controller of Examinations and their powers and duties shall be such as may be prescribed."

You come across a full-stop here. The amendment is . . . .

ملک محمد اختر ۔ جناب ۔ میں قطع کلامی کی معافی چاہتا ہوں ۔ میری گزارش یہ ہے کہ اگر آپ اسے اس نقطۂ نظر سے بھی ملاحظہ فرما لیں کہ چیئرمین سے متعلق جو سیکشن ہے ۔ وہ نمبر ۱۴ (i) ہے تو آپکو علم ہو جائے گا کہ شاید اس میں چھپائی کی کوئی غلطی ہو گئی ہے ۔ اور یا پھر یہ نمبر ۱۴ (a) کے ساتھ ہونا چاہئیے تھا ۔ کیونکہ چیئرمین

کا جو متعلقہ سیکشن ہے ۔ ۔ ۔

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ یہ شاید غلطی ہی ہو ۔ لیکن اب کیا کیا جائے کہ وزیر قانون تو موجود نہیں ہیں ۔ کیونکہ "تصنیف را مصنف نیکو کند بیاں" ۔ لیکن میں یہاں تک تسلیم کرنے کو تیار ہوں کہ اگر آپ اسکا بغور مطالعہ فرمائیں تو یہ مجوزہ ترمیم جو کی جا رہی ہے ۔ اس میں چئیرمین کا ذکر ہے ۔ جو کہ سیکشن نمبر ۱۵ سب سیکشن نمبر ۲ میں نہیں ہے ۔ بلکہ سیکشن نمبر ۱۴ سب سیکشن نمبر ۲ میں ہے ۔ اور یہ ترمیم چونکہ چئیرمین کے متعلق ہے ۔ اس لئے چاہئیے تھا کہ اسی طرح سیکشن نمبر ۱۴ کے سب سیکشن نمبر ۲ میں اس کے متعلق ترمیم کی جاتی ۔ یہ ایک ٹیکنیکل بات ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ اگر مجھے بات جاری رکھنے کی اجازت دی جائے تو بہتر ہو گا ۔ کیونکہ میں پہلے تو یہ چاہتا ہوں ۔ کہ ۔ ۔ ۔ ۔

Minister of Revenue : We are grateful to you for pointing out this technical defect.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ در اصل بات یہ ہے ۔ کہ اگر آپ اس آرڈیننس کو جوں کا توں پاس کر دیں ۔ تو پھر یہ proviso سیکشن نمبر ۱۵ کے ساتھ نہیں لگائی جاتی ۔ یہ سیکشن نمبر ۱۴ کے ساتھ تو لگائی جا سکتی ہے کہ یہ اختیارات ان کے پاس ہونے چاہئیں ۔ لیکن موجودہ صورت میں اگر پہلے اس کی وضاحت کر دی جائے تو بہتر ہے ۔ میں اس کے بعد ہی مزید کچھ عرض کروں گا ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - آپ اپنی تقریر جاری رکھیں -

ملک محمد اختر - جناب والا - جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں - موجودہ صورت میں میرے لئے تقریر کو جاری رکھنا ناممکن ہے، کیونکہ میری نظر میں تو یہ آرڈیننس ہی غلط طور پر چھپا ہے - انہیں اس کی وضاحت کرنے دیں - اور ہو سکتا ہے کہ واقعی یہ چھپائی کی غلطی ہو -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - آپ اپنی تقریر تو ختم کریں - آپ کو پندرہ منٹ تو ویسے ہی ہو گئے ہیں -

ملک محمد اختر- جناب والا- میں معافی چاہتا ہوں- اگرچہ میں آپ کا ہر حکم ماننے کے لئے تیار ہوں، لیکن میرے یہ پندرہ منٹ تو متعلقہ محکمے کی غلطی کی وجہ سے ضائع ہوئے ہیں - اس لئے میں اس بات کا حق رکھتا ہوں کہ مجھے مزید وقت دیا جائے - بہرحال مجھے اس پر کچھ زیادہ طویل بات کہنی بھی نہیں ہے - لیکن وہ پہلے اس غلطی کو تو درست کر دیں -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - آپ ایک ایک غلطی نہ گنوائیں، بلکہ بہتر یہ ہو گا کہ آپ کی نظر میں جو بھی غلطیاں ہوں - وہ تمام کی تمام بتا دیں، تا کہ اُن سب کی تصحیح کر دی جائے - ورنہ اس طرح تو کافی وقت ضائع ہو گا - اس لئے پہلے آپ اپنی تقریر ختم کریں -

Malik Muhammad Akhtar : Sir, in respect to the Chair I bow and abide, but I consider that unless the point is clarified, it is very difficult to proceed further.

Mr. Senior Deputy Speaker : I think it is perfectly clarified.

Malik Muhammad Akhtar : I abide by the ruling, Sir.

جناب والا ۔ اب ہم آگے چلتے ہیں ۔ ایسی غلطیاں آگے بھی معلوم ہوتی ہیں ۔

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ میری گزارش یہ ہے اور جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے ۔ یہ بل تو Law Minister صاحب نے بنایا ہے ۔ وہ ضروری کام کے لئے گورنر صاحب کے پاس چلے گئے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ تو پھر اسے کل پر رکھ دیا جائے ۔

وزیر مال ۔ جناب والا ۔ وہ اسے میرے حوالے نہیں کر گئے ۔ جہاں تک میری سمجھ میں آیا ہے ۔ Without making any firm committment.

کیا یہ amendment سیکشن ۱۵ میں ہے ؟ اگر یہ لاہور بورڈ کے چیئرمین سے تعلق رکھتی ہے تو یہ سیکشن ۱۴ میں ہونی چاہئیے ۔ معلوم ایسا ہی ہوتا ہے کہ clerical mistake has creeped in somehow or other اب ایک بچ گیا ہے ۔ کل دو تین آرڈیننس ہیں اور یہ بڑے

اہم آرڈیننس ہیں ۔ میں یہ تجویز کروں گا اور بہتر یہی ہے کہ further consideration کل کے لئے ملتوی کی جائے ۔ Law Minister صاحب آ جائیں گے ۔ اور اگر یہ technical defect ہؤا تو ہم فوراً مان لیں گے ۔

I propose that the House may be adjourned because some work should be left for tomorrow.

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Akhtar can carry on tomorrow.

The House is adjourned to meet again tomorrow, the 3rd December, 1965.

The Assembly then adjourned till 9-00 a.m. on Friday, the 3rd December, 1965.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

SECOND SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

Friday, the 3rd December, 1965.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore at 9-00 a.m. of the Clock. Mr. Senior Deputy Speaker, Mr. Umar Jan Khan, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ
شَيْئًا ؕ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ
هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ؕ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ
قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۚ وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ؕ قَدْ
بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝

(پ ۴ - س ۳ - رکوع ۳ - ایات ۱۱۶ تا ۱۱۸)

بیشک جو کافر ہیں ان کے مال اور اولاد اللہ کے عذاب کو ہرگز ٹال نہ سکیں گے اور یہی لوگ اہل دوزخ ہیں جنہیں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہ لوگ جو بھی مال و دولت دنیا کی زندگی میں خرچ کر رہے ہیں۔ اسکی مثال اس ہوا کی سی ہے جس میں سخت سردی ہو اور وہ ایسے لوگوں کی کھیتی پر جو اپنے پر ظلم کرتے تھے چلے اور اسے تباہ کر دے اور اللہ نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ لوگ خود اپنے اوپر ظلم کر رہے ہیں۔ مسلمانو! کسی (غیر مسلم) کو اپنا رازدار نہ بنانا یہ لوگ تمہاری خرابی کرنے میں کسی طرح کی کوتاہی نہیں کرتے اور چاہتے ہیں کہ جس طرح ہو تمہیں تکلیف پہونچے۔ ان کی زبانوں سے تو دشمنی ظاہر ہو چکی ہے اور جو (کینے) ان کے سینوں میں پوشیدہ ہیں وہ کہیں زیادہ بڑے ہیں۔ اگر تم عقل رکھتے ہو تو ہم نے تم کو اپنی آیتیں کھول کھول کر سنا دی ہیں۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Senior Deputy Speaker: Now the Question Hour. Kazi Muhammad Azam Abbasi.

PUBLISHING OF PAMPHLET OR BOOKLET SHOWING ACTIVITIES OF SOCIAL WELFARE DEPARTMENT

*86. **Kazi Muhammad Azam Abbasi**: Will the Minister of Social Welfare be pleased to state whether Government have published any Pamphlet or booklet showing the activities of the Social Welfare Department upto 1964; if so, whether copies thereof are made available to M.P.As., Press—Libraries and Centres of National Reconstruction etc., if not, whether Government intend to do so now?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum): A resume of the activities of the Social Welfare Departments published each year as a part of the overall activities of the various Departments of Government in the form of "West Pakistan Year Book."

Copies of the Year Book are made available to M.P.As., Press Libraries, etc.

A publication—Social Welfare in West Pakistan, produced by an agency of Government, namely, Social Welfare Council being a priced publication, is not distributed free.

A hand book on Social Welfare in West Pakistan is being compiled and, when printed, will be made available to M.P.As., Press Libraries, etc.

سید عنایت علی شاہ—کیا دینی تعلیم کو فروغ دینا اور اس میں دلچسپی پیدا کرانا بھی سماجی بہبود کے فرائض میں شامل ہے ۔

وزیر سماجی بہبود (میاں محمد یاسین خان وٹو)—اس ضمنی سوال کا تو اصل سوال سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔ لیکن پھر بھی میں یہ عرض کر دوں کہ اس بارے میں آگے ایک سوال آ رہا ہے ۔ اس کے جواب سے معزز ممبر کی تسلی ہو جائے گی ۔ بہر حال دیگر کاموں کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم کو فروغ دینا بھی اس کے کام کا ایک حصہ ہے ۔

خان محمد یوسف خان—میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ جو کاپی دستیاب ہے ۔ کیا وہ کسی ممبر کو دی گئی ہے ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (مسٹر عبدالقیوم خان)۔۔چونکہ یہ ۱۹۶۴ء میں چھپی تھی - اس لئے پرانے ممبر صاحبان کو تو دی گئی تھیں - لیکن فی‌الحال نئی کتاب نہیں چھپی - کتاب چھپنے کے بعد معزز ممبران کو دیدی جائے گی -

وزیر سماجی بہبود۔۔عرض یہ ہے کہ جب بھی year book تیار ہو جاتی ہے - ہر سال ہی ممبران کو مہیا کر دی جاتی ہے - چونکہ ابھی ۶۵ء کے لئے کتاب تیار نہیں ہوئی - اس لئے ممبران کو دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا - اور پھر ممبران کو کتاب مہیا کرنا محکمہ اطلاعات کا کام ہے - کیونکہ اس میں ہر محکمے کی کارکردگی ہوتی ہے - بہرحال میں آپ کی وساطت سے فاضل ممبران کو یقین دلاتا ہوں - کہ آئندہ ہمیشہ یہ کوشش کی جاتی رہے گی - کہ سماجی بہبود کے بارے میں جتنا بھی لٹریچر ہو - وہ فاضل ممبران کو بہم پہنچا دیا جایا کرے -

سید عنایت علی شاہ۔۔جیسا کہ جناب وزیر صاحب نے فرمایا ہے - کہ دینی تعلیم بھی سماجی بہبود میں شامل ہے - تو میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں - کہ اس محکمے نے اس سلسلے میں اب تک کیا کچھ کیا ہے - اس وقت کیا کر رہا ہے - اور آئندہ کیا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے -

وزیر سماجی بہبود۔۔میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے - کہ اصل سوال کے جواب سے تو یہ سوال پیدا ہی نہیں ہوتا - البتہ ایک سوال آگے آ رہا ہے - جس میں کہا گیا ہے کہ طریقہ کار یہ ہے - کہ ایسی ایجنسیاں جو خود کو حکومت کے ڈائریکٹریٹ کے پاس رجسٹر کرا دیتی ہیں - غور کے بعد ان کو حکومت امداد دیتی ہے - اور وہ ادارے جو دینی تعلیم کا انتظام کرتے ہیں - اگر وہ حکومت کے پاس خود کو

رجسٹر کرالیں ۔ تو پھر حکومت ان پر پوری ذمہ داری کے ساتھ خرچ کرتی ہے ۔

Kazi Muhammad Azam Abbasi : We have not been given any time as to when these hand-books will be ready.

وزیر سماجی بہبود۔۔جناب والا ۔ اس سلسلہ میں اگر محکمہ اطلاعات سے نیا سوال پوچھا جائے ۔ تو اس کے متعلق اطلاع بہم پہنچائی جا سکتی ہے ۔ چونکہ اس year book میں سماجی بہبود کے متعلق صرف ایک ہی chapter ہوتا ہے ۔ اور جیسا کہ میں نے ابھی ابھی عرض کیا ہے ۔ آئندہ اگر ہماری طرف سے ایسی کوئی کتاب شائع ہوگی ۔ تو وہ فاضل ممبران کی خدمت میں بلا تاخیر پہنچا دی جائے گی ۔

قاضی محمد اعظم عباسی۔۔میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں ۔ کہ وہ hand-book جو سماجی بہبود کے متعلق ہے ۔ کیا وہ ممبران کو دی گئی ہے ۔ یا دی جائیگی ۔

وزیر سماجی بہبود۔۔میں نے عرض کیا ہے ۔ کہ اب یہ کوشش کی جا رہی ہے ۔ کہ جب بھی ایسی کوئی کتاب تیار ہوگی ۔ فاضل ممبروں کو دے دی جائے گی ۔

ڈاکٹر بیگم اشرف عباسی۔۔آج صبح اسمبلی چیمبر کے دروازے پر سماجی بہبود کے متعلق پندرہ بیس کتابیں پڑی ہوئی تھیں ۔ کیا وہ کتابیں ہمیں دینے کے لئے ہیں ؟

وزیر سماجی بہبود۔۔میں نے کل اپنے محکمے کو ہدایات دی تھیں ۔ ممکن ہے ۔ کہ محکمے نے اسمبلی کے دروازے تک وہ کتابیں پہنچا دی ہوں ۔ بہرحال میں اس کو check up کر کے بتا دوں گا ۔ اور اگر وہ کتابیں وہی ہوں ۔ تو ممبران کی خدمت میں پیش کر دی جائیں گی ۔ میں یہاں سے فارغ ہو کر اس کا پتہ کروں گا ۔

سید عنایت علی شاہ—کیا جناب وزیر صاحب یہ بتا سکیں گے
کہ سماجی بہبود کے محکمے نے کون سے تعمیری کام کئے ہیں ؟

Mr. Senior Deputy Speaker : If the Member is serious he should give fresh notice, so that the information may be collected.

ORPHANAGES IN THE PROVINCE

*87. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Social Welfare be pleased to state :—

(*a*) the names and locations of Orphanages in the Province (*i*) run by Government and (*ii*) getting grant-in-aid from Government;

(*b*) whether it is a fact that there are thousands of the helpless orphan children in the Province ; if so, whether Government intend to open more Orphanages in the Province ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, the proposed locations thereof and whether any amount will be allocated for the purpose during the year 1965—66 ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) ; There is a small error in the reply. Parts (*b*) and (*c*) should be read together. In part (*b*) the semi-colon after the word 'Council' should be omitted and in (*c*) the alphabet (A) in the word 'As' should be a small letter.

Kazi Muhammad Azam Abbasi : The correction that the Parliamentary Secretary has made just now should have been placed on the Table of the House in the revised answer.

Parliamentary Secretary : I have made the necessary correction and I have read the corrected answer. There is not much of an alteration. Only the reading was creating a bit of difficulty. The semi-colon after the word 'Council' has been omitted and in the word 'As' in part (*c*) the alphabet 'A' has been substituted by a small letter 'a'.

(*a*) A list showing the names and locations of Orphanages in the Province is attached.

(*i*) No Orphanage is being directly run by Government.

(*ii*) Grant is not given by Government direct to any Orphanage. Grants are given by National Council of Social Welfare and West Pakistan Social Welfare Councils. A list is placed on the table.

---

*Please see Appendix at the end.

(b) and (c) The Orphanages Committee of the Child Welfare Council as well as the Seminar on Child care sponsored by UNICEF have recommended setting up of Government sponsored Orphanages. These recommendations are under the consideration of Government.

سید عنایت علی شاہ۔کیا جناب وزیر صاحب کے نوٹس میں یہ بات ہے ۔ کہ بعض ایسے یتیم خانے بھی ہیں ۔ جن کا کام پیشہ ورانہ ہے ۔ اور وہ مختلف طریقوں سے رقم جمع کر رہے ہیں ؟

وزیر سماجی بہبود۔جناب والا ۔ اس صورت میں یہ درست ہے ۔ جہاں تک یتیم خانوں کا تعلق ہے ۔ وہاں کام بالکل تسلی بخش ہے ۔ ایک کمیٹی قائم کی گئی ہے ۔ اس کمیٹی کی رپورٹ آ رہی ہے ۔ اور وہ چھپ چکی ہے ۔ جب وہ رپورٹ تیار ہو جائے گی ۔ تو آپکی خدمت میں پیش کر دی جائے گی ۔

Dr. Mrs. Ashraf Abbasi : When were these Government sponsored Orphanages recommended the UNIEF ?

وزیر سماجی بہبود۔جناب والا ۔ میں محترمہ بیگم صاحبہ کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ کہ یہ وہی کمیٹی ہے ۔ اور یہ اسی کمیٹی کی سفارشات ہیں ۔ ایک سیمینار بھی ہوا تھا ۔ اس کی بھی سفارشات ہیں ۔ ان سفارشات کی روشنی میں میں نے عرض کیا ہے ۔ رپورٹ ابھی تک تیار ہو رہی ہے ۔ چھپنے کے بعد ہمارے پاس وہ رپورٹ آئے گی ۔ ہم ہر ایک چیز کو بڑی توجہ سے دیکھیں گے ۔ اور اس پر غور کریں گے ۔ اس کے بعد رپورٹ آپکی خدمت میں پیش کر دی جائے گی ۔

خان محمد یوسف خان۔کیا گورنمنٹ کے نوٹس میں یہ بات ہے ۔ کہ ہمارے ہاں کئی ایک بہترین یتیم خانے ہیں ۔ جو بہترین طور پر اور دیانتداری سے کام سر انجام دے رہے ہیں ۔ کیا گورنمنٹ ان کو روپیہ دینے کے لئے تیار ہے ؟

وزیر سماجی بہبود—جناب ۔ ہم ہر جگہ پہلے ہی یتیم خانوں کو گرانٹ دے رہے ہیں ۔ وہ ادارے جو یتیم خانے چلا رہے ہیں اگر ان کے متعلق کوئی شکایت ہو اس کا بھی ہم نوٹس لیتے ہیں ۔ اور جو ادارے بہترین کام کر رہے ہیں ۔ ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں ۔ ان کی مزید اصلاح کے لئے رپورٹ آنے پر غور کیا جائے گا ۔

خان گل حمید خان—جناب والا ۔ کیا بی ڈی میانوالی کو بھی اس سلسلے میں کوئی گرانٹ ملے گی ؟

وزیر سماجی بہبود—اگر آپ اس کے متعلق علیحدہ نوٹس دے دیں تو جواب دے دیا جائے گا ۔ ممکن ہے ان کی درخواست نہ آئی ہو ۔ یا ان کے account پورے نہ ہوئے ہوں ۔ یا جو رپورٹ ان کے بارے میں ہوئی ہو اس کی بنا پر شاید deserve نہ کرتے ہوں ۔ میں اس وقت off hand کچھ نہیں کہہ سکتا ۔ کیونکہ یہ ریکارڈ کا معاملہ ہے ۔ آپ الگ سوال دے دیں تو آپ کو جواب دے دیا جائے گا ۔

SCHEMES FOR THE WELFARE OF HELPLESS WIDOWS IN THE PROVINCE

***88. Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Social Welfare be pleased to state whether Government is aware of the fact that thousands in the Province have no means of livelihood and are compelled to resort to the social evil of beggary or prositution ; if so, the steps Government have taken or intend to take for the welfare of these helpless widows ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : Government is aware of the problem of widows in the Province and has initiated a number of projects for the widows welfare.

2. For this purpose two Homes for Destitutes and Under-privileged women are being run, one at Karachi and the other at Rawalpindi.

3. Besides, one Socio-Economic Centre for Women is being run at Karachi (Korangi) and two more centres will be established, one each at Hyderabad and Peshawar. These centres are designed to help the women who prefer to stay at their own homes and work for themselves.

4. Apart from these institutions, Urban Community Development Projects are being run by the Department of Social Welfare. One of the major objectives of these projects is to assist members of low income groups. Each project has a women section which provides training to destitute women in needle craft, embroidery, knitting, etc., with a view to helping them to add to their incomes.

5. There are at present 43 Urban Community Development Projects in the Province. 12 more will be established during the next financial year.

It may be mentioned that Welfare Programmes of this kind are primarily the concern of voluntary agencies. Government is extending help and assistance to such agencies as far as possible.

Khan Ajoon Khan Jadoon : In part '3' of the reply the Parliamentary Secretary has said that :—

> "..... and two more centres will be established, one each at Hyderabad and Peshawar..... ....."

Will the Minister please tell me as to when these Centres will be established ?-this year or next year ?

Minister for Social Welfare (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : I hope that both these Centres will be opened this year.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Part '4' of the reply says.....

Minister for Social Welfare : I have to correct it to this extent that though the original scheme was to open these two Centres in this financial year but due to emergency the earlier programme had to be amended to some extent. So I cannot assertively and positively say whether we would be able to open these centres this year. However, we will try to open next year. These little changes have been brought about or might be necessitated because of the emergency.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir, part'5' of the reply reads :

"There are at present 43 Urban Community Development Projects in the Province. 12 more will be established during the next financial year."

May I know where these 43 Urban Community Development Projects are located ? And where will the 12 Projects be located ?

Minister of Social Welfare : Some of these Projects are located in Lahore, some in Karachi, some in Hyderabad and I think some are located in Peshawar also.

But so far as the other 12 are concerned I may say that they were proposed to be opened this year but due to the reasons already explained

we might be able to open them next year and then only I will be able to say what places they will be opened.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Has the Government not yet decided about the places where these Projects would be located.

Minister of Social Welfare : No. There can be variations.

SURVEY OF PERSONS PHYSICALLY UNABLE TO EARN THEIR LIVELIHOOD

*89. **Kazi Muhammad Azam Abbasi :** Will the Minister of Social Welfare be pleased to state :—

(*a*) whether Government is aware of the fact that thousands of persons in the Province are physically unable to earn their livelihood ;

(*b*) if answer to (a) above be in the affirmative, whether Government intend to support such persons ; if so, how ;

(*c*) whether it is a fact that Government intend to survey the conditions of such persons through the Basic Democracies ; if so, the date by which such survey is likely to be started ?

Parliamentary Secretary (Mr. Abdul Qayyum) : (*a*) No comprehenisve survey has yet been taken of the handicapped, but there must be a number of persons in the Province who are not in a position to earn their livelihood on account of their being physically handicapped.

(*b*) This is essentially a welfare activity and primarily concerns private voluntary Social Welfare agencies. Government has been supporting such agencies and also directly the handicapped persons, as far as possible.

(*c*) Matter is under consideration.

سید عنایت علی شاہ—کیا جناب وزیر بلدیات صاحب فرمائیں گے کہ وہ کن کن طریقوں سے محتاج اور اپاہج لوگوں کی امداد کرتے رہے ہیں ؟

وزیر سماجی بہبود (میاں محمد یاسین خان وٹو)—جناب والا - کئی ایسے سکول کھولے جاتے ہیں جہاں گونگے اور بہرے لوگوں کو ٹریننگ دی جاتی ہے - یہ تعلیمی اور فنی مہارت انہیں روٹی کمانے کے قابل بنا دیتی ہے - پھر ان سرکاری سکولوں کے علاوہ کئی پرائیویٹ ادارے ہیں

جو Social طور پر ان اپاہجوں کی امداد کرتے ہیں ۔ اور ان کو معاشرے کا مفید اور مؤثر حصہ بناتے ہیں ۔ اور اس طرح وہ اچھے شہری بن جاتے ہیں ۔

سید عنایت علی شاہ—کیا گورنمنٹ ان کو وظائف نہیں دے سکتی ؟

			for LHR	Other Stns.	for LHR	Other Stns.	for LHR	Other Stns.	for LHR	Other Stns.	for LHR	Other Stns.	for LHR	Other Stns.	for LHR	Other Stns.
1.	Sialkot	...	7	74	5	63	2	67	9	79	10	60	2	40	5	54
2.	Chawinda	...	24	112	14	111	30	125	20	86	37	169	29	232	15	74
3.	Pasrur	...	30	15	48	10	37	24	34	18	42	29	35	26	34	10
4.	Qila Sobha Singh	...	25	122	27	154	20	95	45	98	20	127	22	103	30	123
5.	Alipur Sayadan	...	4	6	9	4	11	6	13	6	19	21	7	12	7	22
6.	Manjoki	...	24	93	6	79	12	75	11	36	17	87	35	128	16	58
7.	Narowal	...	90	27	85	29	92	24	75	35	84	32	78	35	98	23
8.	Pejowali	...	12	81	10	31	15	48	2	42	40	46	15	67	18	70
9.	Raya Khas	...	15	30	20	32	25	30	29	24	35	44	18	37	22	41
10.	Baddomalhi	...	30	127	53	113	58	99	36	95	58	82	30	75	30	75
11.	Mehta Suja	...	47	77	35	105	42	95	46	88	53	89	34	96	28	60
12.	Khunda Ladheke	...	16	9	20	8	25	12	12	12	30	12	13	18	17	26
13.	Narang	...	57	80	100	65	75	74	53	42	80	60	70	50	50	39
14.	Kala Khatai	...	60	32	50	15	64	29	100	13	110	53	62	21	50	35
15.	Srirampura	...	60	20	70	7	70	15	62	10	60	5	66	10	61	9
16.	Babakwali	...	19	11	17	14	18	10	15	13	21	12	14	19	15	13
17.	Kot-Mul Chand	...	35	15	46	16	39	15	33	16	42	18	41	27	48	20
18.	Shahdara Bagh	...	20	...	19	3	22	2	18	1	17	4	21	1	16	3
19.	Badami Bagh	...	4	...	6	...	3	...	5	...	9	...	8	...	4	...

OPENING OF CHHENE SAGGAL HALT BETWEEN NAROWAL AND MANJOKI RAILWAY STATIONS

***945. Mr. Hamza:** Will the Minister of Railways be pleased to state the date on which the Chhene Saggal Halt between Narowal and Manjoki Railway Stations was sanctioned along with the date by which the said halt is expected to start functioning?

Minister for Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman): Sanction for opening the halt between Narowal and Manjoke was accorded in the month of May 1964. Arrangements for the provision of requisite facilities as also staff quarters and office accommodation which have to be furnished by the local resident sponsors, were completed in July 1965. The halt, with the name, 'Chhine Sagal' was opened, with effect from the 6th of August 1965.

APPEARANCE OF MR. SAYEED, AHMAD FOREMAN STEEL SHOP BEFORE A SPECIAL SELECTION BOARD

***1053. Mr. Hamza:** Will the Minister of Railways be pleased to state:—

(*a*) whether it is a fact that selection of candidates for appointment in Lower Gazetted Service in Mechanical Department is to be held on 29th July 1965 by the duly constituted Selection Board;

(*b*) whether it is a fact that about 23 foremen are appearing before the Selection Board mentioned in (a) above;

(*c*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that Mr. Sayeed Ahmad, a foreman Steel Shop has been asked to appear for the said selection on 7th July 1965 before a Special Selection Board;

(*d*) if answer to (*c*) above be in the affirmative, the reasons therefor;

(*e*) whether it is a fact that Mr. Abdul Rasheed Haki, B.D., Member of Moghalpura requested the Minister of Railways and the Railway Administration on 2nd July 1965 to stop the interview of the said foreman by a Special Selection Board; if so, action taken in this behalf?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن): (الف) جی ہاں۔ تحریری امتحان ۲۹ - ۳۰ جولائی ۱۹۶۵ء کو اور کامیاب امیدواروں کا انٹرویو ۳۱ جولائی ۱۹۶۵ء کو ہوا تھا۔

(ب) جی ھاں ۔ ۲۳ امیدوار سلیکشن کے لئے پیش ھوئے تھے ۔

(ج) جی ھاں ۔ وہ تحریری امتحان کے لئے چھ اور سات جولائی ۱۹۶۵ء کو شامل ھوا اور ۹ جولائی کو ایک با ضابطہ مقرر شدہ سلیکشن بورڈ نے اس کا انٹرویو لیا تھا ۔

(د) مسٹر سعید احمد منصوبہ کولمبو کے تحت آسٹریلیا میں سٹیل مینٹلنگ ٹکنیک کی ٹریننگ کے لئے چنا گیا تھا اور اسے آسٹریلیا ۱۸ جولائی ۱۹۶۵ء کو روانہ ھونے کا حکم دیا گیا تھا ۔ اس نے درخواست کی کہ اسے چھ ماہ کے لئے آسٹریلیا جانے کے لئے احکامات ملے ھیں ۔ وہ سلیکشن کے دنوں موجود نہیں ھوگا اس کا امتحان وغیرہ جلدی سے لیا جائے ۔ یہ درخواست منظور کر لی گئی اور اس کا امتحان ۶ اور ۷ جولائی اور انٹرویو ۹ جولائی ۱۹۶۵ء کو لیا گیا تھا ۔

(ر) جی ھاں ۔ یہ خیال کیا گیا تھا کہ ان انتظامات کو منسوخ کرنے کا کوئی جواز نہیں جن کا ذکر اس سوال کے جواب کے حصہ (د) میں کیا گیا ھے ۔

مسٹر حمزہ ۔ کیا جناب وزیر ریلوے صاحب ارشاد فرمائیں گے کہ جو مقررہ وقت سے پہلے امتحان لیا گیا ھے اس کے لئے رولز موجود ھیں یا خصوصی اختیارات کو استعمال کرنے کے بعد ایسا کیا گیا ھے ؟

وزیر ریلوے ۔ اگر آپ تمام پوزیشن کو دیکھ لیں تو آپ کو معلوم ھوگا کہ اسے باھر جانے کے لئے منتخب کیا گیا تھا چنانچہ اسے چھ ماہ کی ٹریننگ کے لئے جانا تھا ۔ بہر صورت حالات دیکھ کر ایسا کیا گیا ھے ۔

Mr. Hamza: Sir rule No. 10 (*b*), Appendix II of Advance Chapter No. 1 of Personnel Manual General says—

> "If a person is unable to appear at a written test or interview for reasons beyond his control, he will be allowed a second chance to do so within two months from the date on which the written test or interview is held, after which the selection will be treated as final. ....."

اس کا یہ مطلب ہوا کہ آپ نے خصوصی اختیارات استعمال کئے تھے جن کی رولز اجازت نہیں دیتے ۔

وزیر ریلوے ۔ جناب والا ۔ یہ جو اول آپ نے پڑھا ہے ۔ اس کے مطابق اسے دو ماہ کے اندر موقع دیا جانا چاہئے تھا لیکن یہ آدمی چھ ماہ کے لئے باہر جا رہا تھا یعنی کئی اور سلیکشن ہو جانے کے بعد وہاں سے واپس آتا ۔ اس لئے اسے یہ رعایت دی گئی ۔ اس کا انٹرویو اور written test لیا گیا ۔

STATIC TANK IN MOGHALPURA, LAHORE

***1054. Mr. Hamza:** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is a static tank on the premises of the residential bungalow of the Manager, Railway Steel Shop, Moghalpura which is furnished by electric coloured lights and other amenities and is being used as a Swimming Pool :

(*b*) if reply to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the estimated cost of its construction, (*ii*) the name of the authority who sanctioned its estimate and the number and date of the letter under which the sanction was conveyed, (*iii*) the name of the person who did construction work, (*iv*) actual cost of construction, (*v*) the recurring expenditure incurred during the last two years and (*vi*) the accounts 'Head' under which the expenditure was debited;

(*c*) in case the tank is not being used as a Swimming Pool and is actually a static tank, reasons for which it has been constructed within the residential area and not close to the working point?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) : (الف) جی نہیں - مینجر سٹیل شاپ مغلپورہ کے رہائشی بنگلہ کے اندر ایسا تالاب نہیں ہے البتہ ایک ایسا تالاب سٹیل شاپ کے اندر آگ بجھانے کے لئے مہیا کیا گیا ہے - یہ تالاب شاپ مینجروں اور سپروائزروں کے رہائشی کوارٹروں کے باہر والے علاقہ میں ہے اور اسے ایک لکڑی کا جنگلہ ان کوارٹروں سے علیحدہ کرتا ہے -

(ب) چونکہ حصہ (الف) کا جواب منفی میں ہے لہذا مطلوبہ معلومات مہیا کرنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا پھر بھی اصل صورت حال یہ ہے کہ ایک پانی کا گڑھا پہلے سے اس جگہ موجود تھا - جب سٹیل شاپ ۱۹۵۰ء میں ریلوے نے اپنی تحویل میں لی تھی اسے درست کرکے بہتر شکل دے کر آگ بجھانے کے لئے موزوں تالاب بنا دیا گیا تھا - اس کام کے لئے باز یافتہ عمارتی سامان وغیرہ جو سٹیل شاپ یارڈ میں موجود تھا استعمال کیا گیا اور سٹیل شاپ کے تربیت یافتہ عملہ کو ان کے فارغ اوقات میں استعمال کیا گیا تھا اور کوئی زائید لیبر اس کام کے لئے نہیں لگائی گئی تھی - دوسرے لفظوں میں مقامی کوشش اور سرمایہ کے بغیر ریلوے کی املاک کو بہتر بنایا گیا تھا -

اس پر کوئی رجوعی خرچ نہیں کیا جاتا سوائے معمولی مرمت کے جو اس کے ساتھ سٹیل شاپ کی عمارت پر ہوتا ہے -

(ج) یہ ایک سٹیٹک تالاب ہے اور تیرنے کا تالاب نہیں ہے اور یہ رہائشی علاقہ سے باہر ہے - مقامی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس تالاب کا محل وقوع آگ بجھانے کے نظریہ سے بہترین ہے -

مسٹر حمزہ - کیا جناب وزیر ریلوے کو علم ہے کہ سرکاری چیزوں کو ریلوے افسران اپنے ذاتی کاموں کے لئے استعمال کرتے ہیں ؟

وزیر ریلوے - جناب والا - اگر معزز ممبر مجھے معلومات بہم پہنچائیں تو میں ایسے ناجائز استعمال کو روکنے کی کوشش کروں گا - اگر آپ مجھے بتائیں کہ کون سی چیز کو کون سا ریلوے افسر ذاتی استعمال میں لا رہا ہے - تو میں ضرور action لوں گا -

مسٹر حمزہ - میں آپ کی خدمت میں یہی مثال پیش کرتا ہوں کہ یہ آگ بجھانے کا تالاب نہیں بلکہ افسروں کی تفریحی سیر گاہ اور تیرنے کا تالاب ہے - اس میں رات کو بجلی کے بلب سے روشنی کرنے کے انتظام کئے جاتے ہیں - آپ تحقیقات کرائیں -

وزیر ریلوے - بہت اچھا جناب - میں ضرور تحقیقات کراؤں گا - بلکہ آپ کو ساتھ لے جاؤں گا بشرطیکہ آپ جا سکیں -

---

INQUIRY AGAINST CERTAIN RAILWAY OFFICIALS

***1082. Mr. Hamza :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that nine senior chargemen of Railway Steel Shop, Moghalpura complained to the Minister of Railways on 31st March 1964 against certain irregularities and frauds, etc., committed by Mr. A.H. Khan, the then Manager, Steel, now Deputy Chief Mechanical Engineer, P.W.R., Headquarters Office, Lahore, and Messrs. R.A. Khan and A. Rauf Sheikh, Senior Chargemen, Sayeed Ahmad, Muhammad Farooq, Jalil Ahmad, Foremen and Eusaf and Faqir Muhammad, Junior Chargemen ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that an inquiry was ordered in the matter and it was entrusted to E.M. Sheikh, the then Deputy Chief Personnel Officer ;

(*c*) whether it is a fact that the inquiry officer held the inquiry in July to September, 1964 and submitted his report.

(*d*) whether it is a fact that the inquiry officer found the charges against Mr. A.K. Khan to be correct ; if so, the action taken or intended to be taken against the officer, and in case no action is to be taken, reasons therefor ;

(*e*) whether a copy of the inquiry report will be placed on the Table of the Assembly ;

(*f*) whether it is a fact that the complainants mentioned in (*a*) above sent 11 telegrams to the Chairman and Vice-Chairman of the Railway Board asking for the result of the inquiry but no reply has been given to them ; if so, reasons therefor ?

Minister for Railways (Malik Muhammad Hayat Khan Tuman) : (*a*) No complaint to the Minister, dated 31st March 1964, is traceable in Railway's records. However, representations, dated 3rd March 1964 and 6th March 1964, addressed to the Chief Personnel Officer and copies endorsed to the Chief Mechanical Engineer, were received from nine Senior Chargemen of the Steel Shop against the promotion of Messrs. Rahat Ali and A. Rauf Sheikh as Senior Chargemen.

(*b*) An enquiry was ordered to be conducted into the said representations jointly by Deputy Chief Personnel Officer (Mr. E. M. Sheikh) and Deputy Chief Mechanical Engineer/Construction (Mr. Imtiaz Ali) in June, 1964.

(*c*) The enquiry could not be completed by the above named officers as considerable time was spent in the collection of detailed data. Meanwhile Mr. E. M. Sheikh was transferred to the Commercial Branch. Consequently the enquiry was conducted by Mr. M.S.H. Bashir, Deputy Chief Personnel Officer who was nominated in place of Mr. E. M. Sheikh, jointly with Mr. Imtiaz Ali, Deputy Chief Mechanical Engineer/Construction. The enquiry was completed in January, 1965.

(*d*) The two officers who finally conducted the enquiry did not find the charges against Mr. A.H. Khan to be correct. The question of any action being taken against Mr. A. H. Khan has, therefore, not arisen.

(*e*) No. A suit has been filed in a Court of Law and the matter is subjudice at present.

(*f*) The representationists had sent some telegrams directly to the Chairman and Vice-Chairman, West Pakistan Railway Board. While no reply to these telegrams was due as these had not been submitted through proper channel, the matter was enquired into fully. The results of the enquiry would have been conveyed in reference to the original representations mentioned in reply to (*a*) above, in accordance with the procedure but in the meantime a suit was filed in a Court of Law and the matter now is subjudice.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میں وزیر ریلوے کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ ان کو ماتحت افسران ریلوے نے غلط مواد مہیا کیا ہے - ویسے ای - ایم شیخ نے یہ انکوائری ۶۳ - ۶ - ۸ کو مکمل کر لی تھی اور اسکی رو سے آر - اے خان اور اے - ایچ خان کے خلاف جرم ثابت ہو گیا تھا - لیکن اب اُس تحقیقاتی رپورٹ کو مکمل کرنے کے بعد چھپایا جارہا ہے - تو کیا وہ اس کی تحقیقات کرائینگے ؟

وزیر ریلوے - جناب والا - اب تو ایک عدالتی مقدمہ میں یہ جملہ Papers زیر سماعت ہیں گویا Sub Judice ہیں اسلئے اب اس پر ایوان میں بحث نہیں کی جاسکتی - ورنہ اگر آپ صحیح معلومات فراہم کریں تو میں تحقیقات کراؤنگا -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - میرا پوائنٹ زیر عدالتی کیس سے تعلق نہیں رکھتا - میں تو یہ کہتا ہوں کہ آپ کو غلط مواد مہیا کیا گیا ہے - صحیح مواد مع صحیح رپورٹ کے میں آپ کو دے سکتا ہوں- کیا آپ تحقیقات کرائینگے ؟ آپ کا جواب مبنی بر صداقت نہیں ہے - ۲ نومبر ۱۹۶۳ء کو افسر کے ٹرانسفر ہونے سے پہلے تحقیقات مکمل ہو چکی تھی - مگر اس لاڈلے افسر کو بچانے کے لئے دوبارہ تحقیقات کراکے بری الزمہ قرار دیا گیا -

مسٹر سپیکر - حمزہ صاحب - وزیر ریلوے نے فرمایا ہے کہ آپ صحیح حالات بتائیں تو تحقیقات کرائی جائے گی -

AMOUNTS ALLOCATED FOR THE CONSTRUCTION OF ROADS IN DERA GHAZI KHAN DISTRICT IN THE THIRD FIVE YEAR PLAN

***1086. Sardar Manzoor Ahmed Khan Qaisrani** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) amounts allocated for the construction of roads during the Third Five Year Plan ;

(*b*) whether any amount has been allocated out of the said allocations for Dera Ghazi Khan District ; if so, the roads which are likely to be constructed in the said district ;

(*c*) if no amount has been allocated for the said district ; reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) - (الف) پاکستان کے تیسرے پنج سالہ منصوبہ میں تعمیر سڑکات کے ضمن میں 89.00 کروڑ رقم آئی -

(ب) ریجن وار تقسیم کیجا رہی ہے تا ہم یہ بیان کیا جاتا ہے کہ نو لاکھ روپے ڈیرہ غازی خان ضلع کی جاری سکیم موسوم بہ ''راجن پور شمور سڑک کی تعمیر،، کے لیے مخصوص کئے گئے ہیں - اس کے علاوہ مندرجہ ذیل دو دوسری سڑکات بھی مجوزہ طور پر ڈیرہ غازی خان ضلع سے شامل کی گئی ہیں -

(۱) بٹی کیسرانی تا رمک

(۲) تونسہ بیراج تا کنگری مستقیم راستہ

(ج) سوال ہی پیدا نہیں ہوتا -

سردار منظور احمد خان قیصرانی - جناب والا - کیا یہ سڑکیں اسی ترتیب سے بنائی جائینگی جو کہ اس جواب کے حصہ (ب) میں مرتب کی گئی ہے ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات - جی ہاں -

Kazi Muhammad Azam Abbasi : Sir, will there be no change in the Third Five Year Plan due to emergency ?

پارلیمنٹری سیکرٹری - جی نہیں -

AMOUNTS ALLOCATED FOR CONSTRUCTION OF BRIDGES IN DERA GHAZI KHAN DISTRICT IN THIRD FIVE YEAR PLAN

***1087. Sardar Manzoor Ahmed Khan Qaisrani** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) amounts allocated for the construction of bridges in Third Five Year Plan ;

(*b*) whether any amount has been provided out of the said allocation for Dera Ghazi Khan District; if so, the bridges which are likely to be constructed in the said district ;

(*c*) if no allocation has been made for the said district, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون - (الف) صوبہ بھر کے لئے نئے پل تعمیر کرنے کے لئے تیسرے پانچ سالہ منصوبہ میں 1042.87 لاکھ روپے کی رقم رکھی گئی تھی -

(ب) 50 لاکھ روپے کی رقم پہاڑی نالوں پر ڈیرہ غازی خان - فورٹ منرو لورالائی سڑک پر تیسرے پانچ سالہ منصوبہ میں - پل تعمیر کرنے کے لئے مختص کی گئی تھی لیکن ملک میں موجودہ ہنگامی حالات کے پیش نظر اس سکیم کو اس وقت تک ملتوی کر دیا گیا ہے جب تک کہ حالات ٹھیک نہ ہو جائیں -

(ج) جیسا کہ مندرجہ بالا (ب) میں ہے -

سردار منظور احمد خان قیصرانی - جناب والا - ابھی تو انہوں نے فرمایا ہے کہ ہنگامی حالات کے تحت کوئی تبدیلی نہیں ہوگی تو اس میں کیسے یہ تبدیلی ہوگئی ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب والا - وہ تو میں نے پہلے سوال کے جواب کے سلسلے میں کہا تھا - یہ تو دوسرا سوال ہے - (قہقہہ)

AMOUNT ALLOCATED FOR REPAIRS OF RASUL-KHARIAN ROAD

***1091. Chaudhri Muhammad Iqbal** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) the total amount allocated for the repairs of Rasul-Kharian Road in 1963-64 ;

(*b*) the total amount allocated for the repairs of the said road in 1964-65 alongwith the extent of work done so far and the time by which the work on the said road is likely to be completed ;

(*c*) whether it is a fact that some portions of the said road at a distance of 4—6 miles from Rasul were repaired sometime ago but the said portions are again in a dilapidated condition ;

(*d*) whether it is a fact that repair work on the said road has not been carried out properly with the result that the said road is in the same condition in which it was before its repairs ;

(*e*) if answers to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative, whether he is prepared to pay a visit to the said road and see for himself its condition on the spot ;

(*f*) in case the condition of the said road is in utter disrepair whether Government intend to complete the repair work on the said road in a suitable way and to take action against the officials responsible for the delay in the said work ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) : (الف) اس کام کی خاطر ۶۴—۱۹۶۳ء کے لئے مبلغ -/۲,۰۰,۰۰۰ روپے کی رقوم مختص کی گئی تھیں -

(ب) متذکرہ بالا سڑک کی مرمت کے لئے ۶۵—۱۹۶۴ء میں خرچ کرنے کے لئے مبلغ ۴,۰۰,۰۰۰ روپے فراہم کئے گئے ہیں اور ان رقوم میں سے تکمیل شدہ کام کی تفصیل حسب ذیل ہے ۔

(i) پتھر کا حصول

برائے میل ۳,۴,۵,۶,۷,۸,۹,۱۰ مطلوبہ مقدار کے مطابق مکمل ۔

" " ۱۳,۱۶,۱۷ مطلوبہ مقدار کا ۹۵ فیصد

" " ۱۸,۲۴ مطلوبہ مقدار کا ۹۰ فیصد

(ii) تار کول از رازی ۔ ۲ کوٹ

در میل نمبر ۲ تمام میل مکمل ۔

" " نمبر ۵ صرف ۴ فرلانگ لمبائی میں (فرلانگ نمبر ۱ تا نمبر ۴) مکمل ۔

" " نمبر ۹ تمام میل مکمل ۔

اس کام کی پورے طور پر تکمیل کی ۶۷—۱۹۶۶ء میں توقع ہے ۔

(ج) جی نہیں یہ درست نہیں ہے ۔ مرمت شدہ حصہ فی الحقیقت درست حالت میں ہے ۔

(د) جی نہیں یہ صحیح نہیں ہے کہ مرمت کا کام صحیح طور پر نہیں کروایا گیا ہے ۔ بلکہ اب تک تکمیل شدہ کام محکمہ تعمیرات عامہ کی تصریحات و معیار کے مطابق کیا گیا ہے اور آئندہ کام بھی بالکل مناسب طور پر ہو رہا ہے ۔ نیز جن میلوں میں قبل ازیں مرمت کروائی گئی ہے وہاں سڑک بالکل عمدہ طریقہ سے کام دے رہی ہے ۔

(ر) جزو (ج) و جزو (د) میں مشمولہ مصروفات کے پیش نظر اس امر کا سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

(س) یہ امر تو واضح ہے کہ سڑک مرمت طلب ہے ۔ سر دست رقوم کی نایابی کے باعث کام رکا پڑا ہے ۔ جونہی رقوم فراہم ہوگئیں یہ کام فوری طور پر مکمل کر دیا جائیگا ۔ توقع ہے کہ رقوم کی بہم رسانی کی دقت آئندہ سال تک دور ہو جائیگی ۔

چودھری محمد اقبال ۔ جناب والا ۔ کیا جناب وزیر کو معلوم ہے کہ اس سڑک پر سے ہر روز ایک فرم کے ۱۵۰ کے قریب ٹرک چھ سات ٹن وزن لے کر گزرتے ہیں جس کی وجہ سے یہ سڑک بہت خطرناک ہوگئی ہے اور عوام کے گزرنے کے قابل نہیں رہی ؟ کیا جناب وزیر متعلقہ ذاتی طور پر اس سڑک کا ملاحظہ کرنے کے لیے تیار ہیں ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات ۔ جناب والا ۔ ہمیں اس سڑک کے متعلق لوگوں کی تکلیف کا پورا پورا احساس ہے ۔ جونہی ہمیں حالات اجازت دینگے ہم اس پر کام شروع کر دینگے ۔

چودھری محمد اقبال ۔ جناب والا ۔ تو پھر حکومت اس کمپنی کو حکم کیوں نہیں دیتی کہ وہ اپنے خرچ پر اس کی مرمت کرے ۔ کیونکہ یہ کمپنی پہلے بھی اپنے خرچ پر بعض سڑکوں کی مرمت کرتی رہی ہے ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات ۔ جناب والا ۔ اس سڑک کی مرمت کیلئے ہم عنقریب مناسب ہدایات جاری کر دینگے ۔

METALLING OF SHUJAABAD-JALALPUR PIRWALA ROAD

***1092. Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that work on the metalling of 27 miles long Shujabad-Jalalpur, Pirwala Road was undertaken five or six years ago ;

(*b*) whether it is a fact that only 12 miles long stretch of the said road from Shujabad has so far been metalled ;

(*c*) whether it is a fact that District Council, Multan after providing funds for the metalling of 15 miles of the said road has now refused to make any further payment in this behalf ;

(*d*) whether it is also a fact that the District Council, Multan has requested the Government to transfer the charge of the said road to the Public Works Department and provide funds for the metalling of the remaining portion of the said road ;

(*e*) if answer to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative, whether Government intend to take over the said road from District Council, Multan and metal the remaining portion of the said road through Public Works Department ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) : (الف) مورخہ ۱۹۶۲ - ۱۲ - ۱ کو کام شروع ہوا -

(ب) جی ہاں شجاع آباد سے ۹ میل تک سڑک مکمل ہو چکی ہے اور میل ۹ سے ۱۲ تک کام جاری ہے -

(ج) جی نہیں -

(د) اس محکمہ کو کوئی علم نہیں -

(ہ) جی نہیں - یہ گورنمنٹ کی موجودہ پالیسی کے خلاف ہے -

نوابزادہ غلام قاسم خان خاکوانی - جناب والا - اس سوال کے حصہ (ج) کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل ملتان نے ۱۵ میل ٹکڑے کی رقم جمع کرانے سے انکار نہیں کیا کیونکہ انہوں نے فرمایا ہے کہ جی نہیں - پوچھا یہ گیا تھا کہ انہوں نے انکار کیا ہے ؟ تو یہ کہتے ہیں - جی نہیں -

اس کے ساتھ ہی عرض یہ ہے کہ انہوں نے یہ درخواست کی تھی کہ یہ کام محکمہ تعمیرات عامہ کے سپرد کر دیا جائے ۔ یہ فرماتے ہیں کہ اس محکمے کو کوئی علم نہیں ۔

میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کوئی علم نہ ہونے سے کیا مراد لی جائے ؟ پہلے فقرے میں فرماتے ہیں کہ واقعی انہوں نے یہ نہیں کہا اور دوسرے فقرے میں فرماتے ہیں کہ اسے علم نہیں ۔

وزیر مواصلات و تعمیرات ۔ جناب والا ۔ عرض یہ ہے کہ ہمارے پاس یہ ڈسٹرکٹ کونسل کا ایک Deposit Work ہے ۔ ہمیں جتنے پیسے اس کے لئے ملے تھے وہ ہم نے خرچ کر دئیے ہیں ۔ باقی پیسوں کے سلسلے میں اب ڈسٹرکٹ کونسل کو اس کے حالات اجازت نہیں دیتے ۔ لیکن محکمہ تعمیرات کو اس کی منتقلی کے متعلق جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے کوئی اطلاع نہیں ۔

نوابزادہ غلام قاسم خاں خاکوانی ۔ جناب والا ۔ اگر ڈسٹرکٹ کونسل اس کے متعلق دوبارہ لکھے تو کیا جناب وزیر اس پر غور فرمائینگے ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات ۔ جی ہاں جناب ۔ ضرور ۔ لیکن اب ہماری پالیسی یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل کی جتنی بھی سڑکیں ہیں ۔ ان کیلئے ڈسٹرکٹ کونسل کو Rural Works پروگرام کے تحت اتنے پیسے مل رہے ہیں کہ اب ان کی مرمت کرانا ڈسٹرکٹ کونسل کا کام ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ کیا جناب وزیر کو اس چیز کا علم ہے کہ Rural Works Programme کیلئے ملنے والی رقوم میں بہت حد تک کمی کر دی گئی ہے ؟

Minister of Communications and Works : Sir, the Minister for Basic Democracies would be able to reply if the member gives a fresh question.

PROVIDING CERTAIN FACILITIES AT SETHARJA RAILWAY STATION

*1095. **Haji Sardar Atta Muhammad Lund** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the land around the Railway Station Setharja is being affected by *Sem* due to the proximity of Rohri Canal ;

(*b*) whether it is a fact that the said Railway Station is situated between "Rohri Canal" and "Railway Bund" ;

(*c*) the distance at which the pipe line for carrying away the *Sem* water accumulated in front of the said station building is installed ;

(*d*) whether it is a fact that instead of dropping the *Sem* water by means of the said pipe in the Rohri Canal, the water is being carried towards the town which is on the other side of the Railway line of the said station ; if so, whether Government intend to construct a drain to carry the said water to the Rohri Canal through the said pipe line ;

(*e*) whether it is a fact that the Setharja town is situated in the east of the said Railway station ;

(*f*) the details of foodgrains loaded as well as unloaded at the said station from 7th June, 1964 to 30th June, 1965 ;

(*g*) whether it is a fact that there is no shed at the said Railway station for keeping foodgrains ; if so, whether Government intend to construct a shed at the said station ;

(*h*) whether it is a fact that a great "Mandi" and a ginning factory are established near the said Railway station as a result of which there is a heavy traffic of businessmen on the said Railway station ; if so, whether Government intend to provide stoppage of Shaheen Express at the said Railway station ;

(*i*) whether it is a fact that there is no Railway Crossing Bridge on the said station as a result of which two passengers were killed accidentally last year ; if so, whether Government intend to construct a bridge on the said station in near future ;

(*j*) whether it is a fact that there are no First, Second and Inter Class waiting rooms and cooler for drinking water on the said station ; if so, whether Government intend to provide the said facilities at the said station in the current year or during next fiscal year ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) : (الف) و (ب) -
جی ہاں -

(ج) سیم کے پانی کے نکاس کیلئے کوئی پائپ لائن نہیں بچھائی گئی بلکہ ایک کچا نالہ سٹھارجہ سٹیشن کی عمارت کی سمت بنایا گیا ہے - دو لوہے کے پائپ جن کا قطر دس انچ ہے اس نالہ کے روہڑی کی طرف والے کنارے پر لیول کراسنگ کے نیچے ریلوے کی حدود میں موجود اس طرف سے گزرنے والی سڑک کے نیچے لگائے گئے ہیں اس نالہ کی لمبائی ریلوے لائن سے تقریباً ۲۵۰ فٹ ہے -

(د) جی نہیں - سیم کا پانی ریلوے حدود سے اس کچے نالے کے ذریعہ ایک گڑھے میں جمع ہوتا ہے جہاں سے ریکلیمیشن ڈیپارٹمنٹ کے بنائے ہوئے سمپ میں سے ہو کر یہ روہڑی نہر میں پمپ کے ذریعہ پہنچایا جاتا ہے - ریلوے حدود سے سیم کا پانی شہر کی طرف نہیں پہنچایا جاتا -

(س) جی ہاں -

(ف) سات جون ۱۹۶۴ء سے لیکر تیس جون ۱۹۶۵ء تک ۱۹۱ ویگن گیہوں یہاں سے لادا گیا اور ۲۴ ویگن گیہوں اور ۴ ویگن چاول سٹھارجہ سٹیشن پر اتارا گیا -

(ک) جی ھاں ۔ سٹھارجہ ریلوے سٹیشن پر غلہ رکھنے کے لئے کوئی شیڈ نہیں ھے ۔ ایک مال گودام کی سہولت اس سٹیشن پر اخراجات کی فراھمی پر کر دی جائے گی ۔

(ح) سٹھارجہ سٹیشن کے نزدیک کوئی منڈی نہیں ھے البتہ یہاں ایک روئی میں سے بنولہ الگ کرنے کی فیکٹری سٹیشن کے قرب میں موجود ھے ۔ یہاں سے چند لمبے سفر کے مسافروں کی سہولت کے لئے جو یہاں چڑھتے اور اترتے ھیں دو ایکسپریس اور دو مسافر گاڑیاں جو یہاں ٹھہرتی ھیں مکمل طور پر ضرورت پوری کرتی ھیں لہذا یہاں پر شاھین ایکسپرس کو ٹھہرانے کا خیال نہیں ھے ۔

(م) اس سٹیشن پر کوئی بالائی پل نہیں ھے ۔ ریلوے لائنوں کو عبور کرتے ھوئے پچھلے سال کوئی مسافر گاڑی کے نیچے آ کر نہیں مرا ۔ ایک پیدل چلنے کے لئے بالائی پل تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں شامل ھے اور یہ پل جیسے ھی اخراجات مہیا کئے گئے بنا دیا جائے گا ۔

(ط) جی ھاں ۔ نہ ھی اول ، دوئم یا درمیانہ درجہ کا ویٹنگ روم اور نہ ھی بجلی کے ذریعہ پانی ٹھنڈا کرنے کی مشین اس سٹیشن پر موجود ھے البتہ اس سٹیشن پر ایک اونچے درجہ کا ویٹنگ روم بنانے کی تجویز تیسرے پنجسالہ منصوبہ میں شامل ھے ۔ بجلی کے ذریعہ پانی ٹھنڈا کرنے کی مشین لگانے پر غور کیا جائے گا جب اسی سٹیشن پر بجلی آ جائے گی سی مشین ایک پروگرام کے تحت بجلی لگے ھوئے سٹیشنوں کی اھمیت کے پیش نظر لگائی جاتی ھیں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ آپ نے جواب کے حصہ (ج) میں فرمایا ھے کہ پانی کے نکاس کے لئے کوئی پائپ لائن نہیں

بچھائی گئی بلکہ ایک کچا نالہ بنایا گیا ہے ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا اسے پکا بنانے کا کوئی پروگرام ہے ؟

وزیر ریلوے ۔ جناب والا ۔ وہاں پر دو پائپ لگے ہوئے ہیں جن کا قطر ۱۰ انچ ہے اور وہ ۲۵۰ فٹ لمبے ہیں اگر ضرورت سمجھی گئی کہ کچے نالے سے کوئی نقصان ہوا ہے تو اسے پختہ کرنے کی تجویز پر غور کیا جائے گا ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب والا ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ کیا آپ کچے نالے کو پختہ بنانے کا کوئی انتظام کریں گے ؟

وزیر ریلوے ۔ جناب اگر ضرورت سمجھی گئی کہ کچے نالے سے کوئی نقصان ہوا ہے تو پختہ کرنے پر غور کریں گے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا ۔ وزیر ریلوے تو غور کرنے کے ماہر ہیں ۔ کیا وہ تمام ریلوے سٹیشنوں پر جہاں ریلوے لائن کو عبور کرنا پڑتا ہے پل بنانے کو تیار ہیں ۔

Mr. Speaker : That is a general question.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب ۔ (د) کے جواب میں آپ نے کہا ہے کہ پانی کا نکاس شہر کے پاس نہیں جاتا ۔ تو کیا شہر کے لوگ اسے روکنے میں حق بجانب ہونگے ؟

وزیر ریلوے ۔ جناب میں نے آپ کا سوال نہیں سمجھا ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب آپ نے فرمایا ہے کہ ریلوے حدود سے سیم کا پانی شہر کی طرف نہیں جاتا ۔ اگر جائے تو کیا شہر والے حق بجانب ہونگے کہ اسے روک لیں ؟

وزیر ریلوے ۔ بے شک روک لیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - یہ جواب صرف ریلوے والوں کی طرف سے ہے - ہماری طرف سے نہیں -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ - جناب والا - (ک) میں آپ نے فرمایا ہے کہ سیٹھارجہ ریلوے سٹیشن پر کوئی شیڈ نہیں - میں پوچھتا ہوں کہ یہ کب بنایا جائے گا ؟

وزیر ریلوے - وہاں ایک گودام بنانے کے لئے آئندہ ۵ سالہ پروگرام میں گنجائش رکھی گئی ہے - جونہی funds مہیا ہوں گے وہ بنا دیا جائے گا -

---

METALLING OF ROAD FROM LETRAR TO KOTLI IN RAWALPINDI DISTRICT

***1098. Mr. Muhammad Yusaf Khan :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state whether it is a fact that the road from Letrar to Kotli in Rawalpindi District is a kacha road ; if so, whether there is any scheme to metal the said road; if so, the time by which the scheme is likely to be implemented ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) : جی ہاں - یہ کچی سڑک ہے - اس کو پختہ کرنے کی ایک منظور شدہ سکیم ہے جس کے تحت کام پہلے ہی ہو رہا ہے - خیال ہے کہ یہ سکیم تیسرے منصوبہ کے دوران مکمل ہو جائے گی -

---

CONSTRUCTION OF A BRIDGE OVER SANGHAR HILL TORRENT IN DERA GHAZI KHAN DISTRICT

***1101. Sardar Manzoor Ahmed Khan Qaisrani :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is no bridge over Sanghar Hill Torrent in D. G. Khan District ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, whether it is a fact that considerable loss of life and property is caused during floods in the said Nullah ; if so, the number of persons who lost their lives during the period from 1960 to 1964 and the extent of property damaged ;

(*c*) whether it is a fact that some girl students could not reach their J. V. Examination Centre in April, 1965, due to floods in the said Nullah and non-existence of a bridge over it ;

(*d*) if answers to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, whether Government intend to construct a bridge over the said Nullah ; if so, when, if not, reasons therefor ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) : (الف) جواب اثبات میں ہے -

(ب) کسی جائیداد یا جانی اتلاف کا کوئی ریکارڈ محکمہ کے پاس نہیں ہے -

(ج) ایسی کوئی شکایت بی اینڈ آر کے ذیلی دفتر میں نہیں ملی -

(د) سانگھڑ ندی پر تونسہ کے قریب ایک پل بنانے کی سکیم حکومت کے زیر غور ہے -

سردار منظور احمد خاں قیصرانی - جناب - کیا آپ کو علم ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل ملتان نے اس پل کی اہمیت پر زور دیا ہے ؟

پارلیمنٹری سیکرٹری - جناب ایس - ای صاحب موقع پر تشریف لے گئے تھے اور فاضل ممبر نے وہاں ان سے تبادلہ خیالات کیا تو انہوں نے بتایا تھا کہ چھوٹا پل کام نہیں دے گا وہاں ایک بڑا پل بنانا ہوگا - لیکن سر دست ملک کے موجودہ حالات کے پیش نظر اس کے بنانے میں مشکلات ہیں -

مسٹر سپیکر - انہوں نے دریافت کیا ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل کی طرف سے آپ کے پاس کوئی اطلاع آئی ہے یا نہیں -

وزیر مواصلات و تعمیرات - نہیں جناب -

سردار منظور احمد خاں قیصرانی - جناب - کیا ملک کے دفاعی نقطہ نظر سے اسے دیکھا جائے گا -

وزیر مواصلات و تعمیرات - جی ہاں - جناب - ضرور دیکھا جائے گا -

---

LAYING OF RAILWAY TRACK BETWEEN KASHMORE AND DERA GHAZI KHAN

*1103. **Sardar Manzoor Ahmed Khan Qaisrani** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that earth-work for laying the Railway track between Kashmore and Dera Ghazi Khan was carried out sometimes ago ; if so, the expenditure incurred thereon ;

(*b*) whether it is a fact that there is no scheme for laying the said railway track ; if so, reasons for carrying out the said earth-work ;

(*c*) whether it is a fact that the said earth-work is now under erosion ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, officials responsible for the said loss and the steps Government intend to take in the matter ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) : (الف) جی ہاں - کشمور اور ڈیرہ غازی خان کے درمیان مٹی ڈالنے کا کچھ کام ۱۹۵۳ء میں ۱۲,۶۶,۷۹۸ (بارہ لاکھ چھیاسٹھ ہزار سات سو اٹھانوے) روپیہ کی لاگت سے ہوا تھا -

(ب) صحیح صورت حال یہ ہے کہ کشمور کو کوٹ ادو براستہ ڈیرہ غازی خان ریل سے ملانے کے منصوبے کی منظوری ۱۹۵۲ء میں مرکزی حکومت نے دی تھی۔ اس منصوبے کے ایک حصہ کے طور پر مٹی ڈالنے کا کچھ کام ۱۹۵۳ء میں شروع کیا گیا تھا لیکن مزید کام مرکزی حکومت کے حکم سے بند کر دیا گیا تھا۔

(ج) جی ہاں۔ اس مٹی کے کام کا کچھ حصہ ضائع ہوگیا ہے۔

(د) تعمیر کا کام مرکزی حکومت کے احکام کے تحت مالی بحران کی وجہ سے بند کر دیا تھا۔ لہذا کسی افسر کو اس نقصان کا جو مٹی کے ضائع ہو جانے کے لئے ہوا ہے ذمہ دار ٹھہرانے کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔ اس ریل لنک کی تعمیر کی تجویز مناسب وقت آنے پر غور کیا جائے گا تاکہ اسے کوٹ ادو ڈیرہ غازی خان ریل لنک کے سلسلہ میں جو آج کل زیر تعمیر ہے کشمور تک بڑھا دیا جائے۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ جناب والا ۔ کیا کشمور اور ڈیرہ غازی خان کے درمیان ریلوے لائن بچھانے کی تجویز منظور ہوئی ہے ؟

وزیر ریلوے ۔ جناب ۔ اس کی دو phases ہیں ۔ پہلی کوٹ ادو کے متعلق ہے ۔ اس پر کام ہو رہا ہے ۔ دوسری phase ڈیرہ غازی خان سے کشمور تک کی ہے ۔ پہلی phase کا کام ختم ہونے پر دوسرا شروع ہوگا اور اس کا انحصار مالی حالات پر ہے ۔

DEVELOPMENT OF HILL TRACT OF SHEIKH BADEEN IN D. I. KHAN DISTRICT AND MAINTENANCE OF ROAD FROM PEZU TO SHEIKH BADEEN

***1110. Mr. Habibullah Khan Kundi :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether there is any scheme under the consideration of Government to develop the Hill Tract of Sheikh Badeen in D. I. Khan District ;

(*b*) whether there is any jeepable road from Pezu to Sheikh from Badeen ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the affirmative, whether the said road is being maintained properly ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) - (الف) فی الحال ایسی کوئی سکیم گورنمنٹ کے زیر غور نہیں ہے -

(ب) جی ہاں -

(س) جی ہاں -

مسٹر حبیب اللہ خاں کنڈی - جناب آپ نے فرمایا ہے کہ شیخ بدین کے متعلق کسی سکیم پر غور نہیں کیا گیا - تو پھر آپ نے جو Jeepable Road بنائی ہے اس کا کیا مقصد ہے ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات - جناب والا - یہ ایک کچی سڑک ہے - اسے پختہ کرنے کی کوئی سکیم نہیں -

مسٹر حبیب اللہ خاں کنڈی - جناب والا - تو پھر یہ کس مقصد کے لئے بنائی گئی ہے - اور اس پر اتنا پیسہ کیوں خرچ کیا گیا ہے ؟

(اس سوال کا جواب نہیں دیا گیا)

خان اجون خان جدون - جناب - کیا آپ آئندہ ۵ سالہ منصوبہ میں اسے مکمل کرنے پر غور کریں گے ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات - جناب ممکن ہے چوتھے ۵ سالہ منصوبہ میں اس پر غور کیا جاسکے -

---

CONSTRUCTION OF A SHED ON PLATFORM AT SHUJABAD RAILWAY STATION

***1186. Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari :** Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that Shujabad is an important Railway Station and there is always great rush of passengers at the time of arrival of the trains ;

(*b*) whether it is a fact that there is no shed on the Platform of the said Railway Station for providing protection to passengers from heat in summer, cold and rains in winter ;

(*c*) if answer to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, whether there is any scheme with the Railway Administration for the construction of a shed at the said railway station ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) ۔ (الف) جی نہیں ۔ شجاع آباد ۔ ملتان ڈویژن میں ایک روڈ سٹیشن ہے جو کہ عام معیار کا ہے ۔ یہاں پسنجر ٹریفک دوسرے سٹیشنوں سے جو اسی معیار کے ہیں زیادہ نہیں ہوتا ۔

(ب) اگرچہ یہاں پلیٹ فارم پر سایہ نہیں ہے لیکن ویٹنگ روم اور ویٹنگ ہال مسافروں کی سہولت کے لئے موجود ہیں ۔

(ج) دوسرے سٹیشنوں کے ساتھ آئندہ تیسرے پانچ سالہ منصوبہ میں شجاع آباد سٹیشن پر پلیٹ فارم شیلٹر بنانے کا پروگرام ہے ۔

REPAIRING OF THE WATER TANK AT CIVIL HOSPITAL, SWABI

*1242. **Khan Ajoon Khan Jadoon** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that due to cracks in its pillars, the Water Tank at Civil Hospital, Swabi (District Mardan) is not in working order for the last two years ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the authority which constructed the said Tank ; (*ii*) the date on which the said authority was informed of the cracks in the pillars ; (*iii*) the date on which the said authority was requested to repair the Tank ; (*iv*) whether any reply was received from that authority ; if so, whether a copy of the same will be placed on the Table of the Assembly, and (*v*) the date by which the said Tank will now be put in working order ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) - (الف) جی ہاں - کچھ عرصہ سے پانی کا تالاب ٹھیک کام نہیں کر رہا تھا -

(ب) (۱) ضلع مجلس مردان نے ۱۹۵۰ء میں ہسپتال کی عمارت محکمہ عمارات و شارعات کو منتقل کر دی تھی - تالاب ۱۹۵۰ء میں قبل تعمیر کیا گیا تھا -

(۲) محکمہ عمارات و شارعات کو دراڑوں سے متعلق کوئی اطلاعات موصول نہیں ہوئی تھیں -

(۳) بالا (۲) کے پیش نظر سوال پیدا نہیں ہوتا -

(۴) بمطابق بالا (۳) -

(۵) تالاب کی جون ۱۹۶۵ء میں مرمت کی گئی تھی اور اس وقت سے ٹھیک کام کر رہا ہے -

خان اجون خان جدون - جناب والا - Water Tank جس کو وزیر صحت صاحب نے خود موقع پر تشریف لے جا کر دیکھا ہے کہ اسکے pillars میں cracks آگئے ہیں لیکن محکمہ صحت نے ان کی مرمت نہیں کی - آپ کس طرح کہتے ہیں کہ وہ ٹھیک حالت میں ہے ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جنیجو) - جناب - جہاں تک اس Tank کی situation کا تعلق ہے ہمارا جواب یہ ہے کہ Tank کام کر رہا ہے - لیکن اگر ممبر صاحب اسکو challenge کرتے ہیں تو لکھکر دیدیں - ہم اس پر inquiry کرنے کے لئے تیار ہیں -

خان اجون خان جدون - جناب میں اکیلے challenge نہیں کرتا ہوں بلکہ وزیر صحت خود جولائی ۱۹۶۵ء میں وہاں گئے تھے -

وزیر مواصلات و تعمیرات - جناب اسکو چھ ماہ گزر چکے ہیں -

خان اجون خان جدون - جناب وہ Tark بالکل ٹھیک حالت میں نہیں ہے -

---

CONSTRUCTION OF THE OUTER GATE OF GOVERNMENT COLLEGE, JHANG

***1268. Chaudhri Muhammad Idrees :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that B. and R. Department has recently carried out the construction of the outer gate of Government College, Jhang ;

(*b*) if answer to (*a*) above be in the affirmative, (*i*) the specification of the said work, and (*ii*) whether it is a fact that the said work has not been completed according to specifications ;

(*c*) whether full payment for the said work has been made ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) - (الف) جی ہاں -

(ب) (i) تعمیرات کی تخصیصات حسب ذیل ہیں -

(۱) آھنی دروازے بمع تین قبضے پیمائش $11 \times 6''$ ساختہ از اینگل آئرن پیمائش $\frac{1''}{4} \times 1\frac{1}{2} \times 1\frac{1}{2}$ اور $\frac{1''}{2}$ مربع آھنی سلاخیں فن تعمیر کی روسے خمیدہ بشمول روغن -

(۲) آھنی دروازے بمع تین قبضے پیمائش $13 \times 6''$ ساختہ ازاینگل آئرن پیمائش $\frac{1''}{4} \times 1\frac{1}{2} \times 1\frac{1}{2}$ فن تعمیر کے لحاظ سے مربع آھنی سلاخیں بشمول روغن -

(۳) ۲ نمبر دروازے کے ستون $8'' \times 2\frac{1}{4} \times 2\frac{1}{4}$ بمع بنیاد

1 : 7 : 20

کنکریٹ اور اینٹوں کی چنائی 1 : 6 میں سیمنٹ کی تہ فن تعمیر کی رو سے پلاسٹر شدہ ۔

(ii) جی نہیں ۔ محکمہ بی ۔ اینڈ ۔ آر کی تفصیلات کے مطابق کام مکمل ہوچکا ہے ۔

(ج) پوری اور حتمی ادائیگی کی جا چکی ہے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب ۔ میں کہتا ہوں کہ specification کے مطابق کام نہیں ہوا ہے ۔ کیا آپ اسکی inquiry کرائیں گے ؟

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جنیجو) ۔ جی ہاں ۔ آپ لکھکر ہمیں دے دیجئے ۔ ہم ضرور inquiry کرائیں گے ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب میں اس floor پر عرض کرتا ہوں اور اس floor پر declare کرتا ہوں کہ specification کے مطابق کام نہیں ہوا ۔

Minister of Communications and Works : Sir, I give an assurance on the floor of the House that we will hold an enquiry.

RE-INTRODUCTION OF DACHI EXPRESS BETWEEN LYALLPUR AND JHANG

***1272. Chaudhri Muhammad Idrees** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) the duration of stoppage of Chenab Express and Shaheen Express at Lyallpur and Shorkot Road Railway Stations ;

(*b*) whether any bogies are detached from or attached to the said trains at the above-named Railway Stations ;

(*c*) whether it is a fact that longer stoppage of Dachi Express was provided for at Lyallpur and Shorkot Railway Stations when this train used to run up to Jhang ;

(*d*) whether it is also a fact that the train mentioned in (*c*) above was scheduled to run at slow speed between Jhang and Shorkot Railway Stations ;

(*e*) whether it is a fact that due to the reasons mentioned in (*c*) and (*d*) above, the Dachi Express used to take much time between Jhang and Lyallpur with the result that the Lahore-bound passengers did not travel by the said train and its service between Lyallpur and Jhang was suspended ;

(*f*) if answer to (*c*) to (*e*) above be in the affirmative, reasons for providing longer stoppage for Dachi Express at the Railway Stations mentioned in (*a*) above and whether there is any scheme with the Railway Administration to re-introduce the said train between Lyallpur and Jhang by increasing its speed-limits ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) ۔ (الف) فی‌الوقت چناب ایکسپریس کا لائلپور اور شورکوٹ روڈ سٹیشنوں پر ٹھہراؤ بالترتیب ۱۵ منٹ اور ۷ منٹ ہے اور شاہین ایکسپریس کا ۱۵ منٹ لائلپور اور ۸ منٹ شورکوٹ روڈ سٹیشنوں پر ہے ۔

(ب) چناب ایکسپریس کے ساتھ لائلپور اور شورکوٹ روڈ سٹیشنوں پر نہ کوئی ڈبہ لگایا جاتا ہے اور نہ ہی اتارا جاتا ہے جب کہ شاہین ایکسپریس سے لائلپور سٹیشن پر دو ڈبے لگائے اور اتارے جاتے ہیں ۔

(ج) جی ہاں ۔ ڈاچی ایکسپریس کے لائلپور اور شورکوٹ روڈ کے سٹیشنوں پر ٹھہراؤ ریلوے کی ضروریات کے لئے ضروری تھے ۔

(د) جی ہاں ۔ جھنگ اور شورکوٹ روڈ سٹیشنوں کے مابین یک شدہ رفتار اسلئے کم تھی کہ اس سیکشن پر منظور شدہ رفتار لائلپور ۔ شورکوٹ روڈ اور لاہور ۔ لائلپور سیکشنوں سے کم تھی ۔

(ج) جی نہیں - جھنگ اور لائلپور کے درمیان خرچ ہونے والا وقت ۳ گھنٹے ۱۵ منٹ ہونے کی وجہ یہ تھی کہ ریل کے ذریعہ یہ فاصلہ ۱۰۱ میل ہے اور جھنگ اور شورکوٹ کے درمیان سیکشنل رفتار ۳۵ میل فی گھنٹہ ہے - دوسری طرف سڑک کے ذریعہ یہ فاصلہ صرف ۴۷ میل ہے لہذا سڑک کے ذریعہ سفر کا وقت بہت کم ہے اس وجہ سے ریل سروس اس سفر کے لئے مقبول نہیں ہوئی - چونکہ جھنگ اور لائلپور کے درمیان اس سروس پر ٹریفک بہت کم تھا لہذا اسے لائلپور سے آگے معطل کر دیا گیا ہے -

(و) مختلف گاڑیوں سے کراسنگ اور کنکشن مہیا کرنے کیلئے جب ڈاچی ایکسپریس جھنگ سے اور جھنگ تک چلا کرتی تھی اسے لائلپور پر ۳۵ منٹ روکا جاتا تھا - اسی طرح ۱۵ منٹ کا وقفہ شورکوٹ ریلوے سٹیشن پر دیا جاتا تھا جو کم سے کم وقت تھا جس کے دوران انجن کو گاڑی کے ایک طرف سے دوسری طرف تبدیل کیا جاتا تھا -بنابریں لمبے ٹھہراؤ ناگزیر تھے -

جھنگ اور لائلپور کے درمیان اس گاڑی کو دوبارہ چلانے کا خیال نہیں ہے اول اس لئے کہ ٹریفک بہت کم ہے جس کے بڑھنے کا باوجودیکہ اس سیکشن کی رفتار بڑھا دی جائے کوئی امکان نہیں ہے - یہ اسلئے ہے کہ ریل کے ذریعہ فاصلہ بہت زیادہ ہے اور اس وجہ سے سفر کا وقت سڑک کے ذریعہ خرچ ہونے والے وقت کے برابر نہیں لایا جا سکتا -

چودھری محمد ادریس - جناب والا - جواب کے حصہ (ج) میں ریل گاڑی کے ٹھہراؤ کی ضروریات کا ذکر کیا گیا ہے - کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ وہ ضروریات کیا ہیں ؟

وزیر ریلوے - جناب - میں نے ضروریات بیان کی ہیں - کہیں پر گاڑی موڑنا پڑتی ہے - کہیں دوسری گاڑی کی crossing ہوتی ہے - تو

اسلئے اسکو detain کیا جاتا ہے ۔ کبھی انجن وہاں سے change کیا جاتا ہے ۔ اس طرح There are so many things

چودھری محمد ادریس ۔ جناب ۔ میں وہی so many things پوچھنا چاہتا ہوں ۔

وزیر ریلوے ۔ آپ fresh نوٹس دے دیں تو آپ کو سب details بتا دیجائیں گی ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اتنے زیادہ stoppages کیوں ہیں ؟

وزیر ریلوے ۔ وہ میں نے بیان کر دئے ہیں ۔

چودھری محمد ادریس ۔ جناب آپ نے بیان نہیں کئے ۔

وزیر ریلوے ۔ جناب انہوں نے کہا ہے کہ ریل گاڑی کے ٹھہراؤ کی ضروریات کیا ہیں ۔ اگر یہ details پوچھنا چاہتے ہیں تو fresh notice دیدیں ہم انکو technical data بھیج دیں گے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب وزیر ریلوے صاحب نے فرمایا ہے کہ آئندہ لائلپور سے ڈاچی اکسپریس کو چلانے کا کوئی ارادہ نہیں ہے ۔ اسکے علاوہ جھنگ اور شورکوٹ کے درمیان کچھ وجوہات بتائی ہیں جنکی بناء پر ڈاچی اکسپریس کو اس راستے پر چلانے کا آئندہ طریقہ کیا ہوگا ۔ لیکن میں ان سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ شورکوٹ اور لائلپور کے درمیان جو سٹیشن ہیں ان پر رہنے والی پبلک کا کیا قصور ہے کہ آپ نے انکو لائلپور اور شورکوٹ سیکشن سے محروم کر دیا ہے ؟

وزیر ریلوے ۔ جناب والا ۔ گزارش یہ ہے کہ لائلپور سے گوجرہ کیلئے ڈاچی اکسپریس میں ٹریفک ۳۶ فیصدی تھا ۔ گوجرہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کیلئے ۲۱ فیصدی تھا اور ٹوبہ ٹیک سنگھ سے شورکوٹ کا ایک فیصد

تھا - میرے اس کہنے سے غرض یہ ہے کہ آپ intensity ملاحظہ فرمالیں - آپ نے جب پہلے اسکی discuss details کی تھیں تو اسوقت اسکی ضرورت نہ تھی - اب آپ نے پرسوں فرمایا ہے کہ وہاں چار گاڑیاں کم ہوگئی ہیں - اسلئے اسکی ضرورت ہے اور اس پر دوبارہ غور کیا جائے - لہذا اس کو examine کیا جا رہا ہے - یہ جواب پرسوں سے پہلے تک کا تھا اور پرسوں تک یہ پوزیشن تھی اب جو پوزیشن ہے اسکو re-examine کیا جا رہا ہے -

مسٹر حمزہ - آپ کی مہربانی اگر اس محروم علاقہ میں آپ ڈاچی اکسپریس کی سہولت دے دیں -

مسٹر محمد یوسف خاں - ڈاچی کا مطلب کیا ہے ؟

وزیر ریلوے - ڈاچی کا مطلب ''اونٹنی'' ہے - (قہقہہ)

METALLING OF KACHA ROAD RUNNING FROM KAHROR PUCCA TO BASTI MALOOK *via* DUNYAPUR

***1283. Diwan Syed Ghulam Abbas Bokhari :** Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that kacha road running from Kahror Pucca to Basti Malook *via* Dunyapur in Tehsil Lodhran, District Multan is lying in a state of utter disrepair ;

(*b*) whether it is a fact that the deplorable condition of the said road is a constant source of inconvenience to all sorts of traffic ;

(*c*) whether it is a fact that the people of the said area have been demanding since long the metalling of the said road, but their demand has not been fulfilled so far ;

(*d*) whether it is a fact that Government earmarked a sum of rupees four lacs in 1963-66 and a sum of rupees eight lacs in 1965-66 for the metalling of the said road, but no work has actually been done in this respect ;

(*e*) if answers to (*a*) to (*d*) above be in the affirmative (*i*) reasons for not metalling the said road, (*ii*) the purpose on which the amounts mentioned in (*d*) above were utilized, and (*iii*) the steps Government intend to take for metalling the said road ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) : (الف) کچی سڑک کڑور پکہ تا بستی ملوک براستہ دیناپور کی دیکھ بھال محکمہ بی اینڈ آر کرتا ہے ۔ علاقہ ریتلا ہے لہذا کچی سڑک پر ٹریفک کی دشواریاں یقینی ہیں جن کا تدارک محال ہے ۔ تاہم اسے اچھی حالت میں رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے ۔

(ب) ریتلی کچی سڑک کا کچھ دشوار ہونا ضروری ہے تاہم سڑک قابل گزر ہے ۔

(ج) جی ہاں ۔ انہی وجوہات کی بناء پر صوبائی حکومت نے اس سڑک کو پختہ کرنا منظور کیا ہے اور یہ ایک جاری سکیم ہے ۔

(د) ۶۴ - ۱۹۶۳ء میں کوئی رقم نہ دی اور ۶۵ - ۱۹۶۴ء میں روپے دئے گئے ۔ یہ رقم پچھلے سال سامان اکٹھا کرنے پر خرچ کی گئی ۔ اس سال ہنگامی حالات کی وجہ سے صرف ۳۰۰۰ روپے دئے گئے جن سے کچھ مٹی کا کام شروع کیا گیا ہے ۔

(ہ) فنڈ کی قلت اور مالی مشکلات کی وجہ سے اس سڑک کو اب تک پختہ نہ کیا جا سکا ۔ اور دی ہوئی رقوم کو سامان کی فراہمی پر خرچ کیا گیا جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے ۔

نوابزادہ غلام قاسم خاں خاکوانی ۔ جناب والا ۔ کیا میں یہ دریافت کر سکتا ہوں کہ آیا یہ جاری سکیم جاری رہے گی یا ہمیشہ کے لئے بند ہو جائے گی ۔

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خاں جنیجو) ۔ جو سکیم لائی جا چکی ہے وہ جاری رہے گی ۔ بند نہیں ہوگی ۔

SWEEPERS EMPLOYED IN CHAUBURJI GARDENS ESTATE, LAHORE

*1293. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) the total number of Sweepers employed in the Chauburji Gardens Estate, Multan Road, Lahore ;

(*b*) whether it is a fact that monthly amount in the form of conservancy charges is being paid by the residents of the said Estate ;

(*c*) whether it is a fact that Sweepers of the said Estate are often deputed to work outside the Estate leaving the streets and dust bins uncleaned thereby causing much inconvenience to the residents of the said Estate ;

(*d*) whether it is a fact that sewerage system in the Estate has gone out of order and the stagnant water spreads over in the streets of the Estate ;

(*e*) if answers to (*b*) to (*d*) be in the affirmative, the action Government intend to take in the matter ?

پارلیمنٹری سیکرٹری (خان محمد اقبال خان جدون) : (الف) بیس خاکروب اور ایک جمعدار ۔

(ب) جی ھاں ۔ لیکن اس میں سے نگرانی کے کل اخراجات کا صرف پچاسی فیصد پورا ھوتا ھے ۔

(ج) جی نہیں ۔

(د) جی نہیں۔ پانی کے اخراج کا نظام بالکل درست ھے ۔

(و) متذکرہ بالا کے پیش نظر سوال پیدا نہیں ھوتا ۔

Mr. Speaker : Question Hour is over. Please place on the Table of the House the answers of the rest of the questions.

Minister of Communications and Works : Sir we have already placed them on the Table of the House.

ANSWERS TO STARRED QUESTIONS LAID ON THE TABLE

INADEQUATE ACCOMMODATION IN FIRST AND SECOND CLASS COMPARTMENTS OF DACHI EXPRESS

*1296. **Chaudhri Muhammad Idrees** : Will the Minister of Railways be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the speed of "Dachi Express" has been decreased since 1st November, 1965 and the running time of this train from Lahore to Lyallpur has consequently been increased to 2.20 hours ; if so, reasons thereof ;

(*b*) whether it is a fact that the accommodation in First and Second Class compartments of the said train is inadequate ; if so, whether Government intend to increase accommodation in the said compartments attached with the said train ?

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن) : (الف) جی ہاں ۔ ڈاچی ایکسپریس کے اوقات سفر لاہور اور لائلپور کے درمیان ایک طرف ۱۵ منٹ اور اس کے مخالف سمت میں ۱۰ منٹ بڑھا دئے گئے ہیں ۔ دوسری طرف ان گاڑیوں کی مقررہ رفتار نہیں بدلی ۔ سفر کے اوقات کچھ تعمیراتی کاموں کیلئے جو اس سیکشن پر ہو رہے ہیں عارضی طور پر بڑھا دئے گئے ہیں

(ب) جی نہیں ۔ موجودہ اونچے درجہ کی نشستیں جو اس گاڑی میں مہیا ہیں موجودہ ٹریفک کیلئے کافی ہیں لہذا ان کو بڑھانے کا کوئی جواز نہیں ہے ۔

ALLOTMENT OF PLOTS OF LAND IN SATELLITE TOWN, GUJRANWALA

*1332. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister of Communications and Works be pleased to state :—

(*a*) the year in which the plots of land in Satellite Town, Gujranwala were allotted to the present allottees ;

(*b*) whether proprietory rights have been conferred on the allottees who have paid the entire cost of the said plots alongwith development charges ;

(*c*) if answer to (*b*) above be in the negative, reasons thereof and the steps Government intend taking to confer the proprietory rights on the allottees referred to in (*b*) above alongwith the approximate time by which the same is liklely to be done ?

وزیر مواصلات و تعمیرات (مسٹر محمد خان جنیجو) : (الف) سیٹلائٹ ٹاؤن سکیم گوجرانوالہ میں رہائشی قطعات کی الاٹمنٹ کا کام ۱۹۵۴ء میں شروع ہوا تھا ۔

(ب) جی نہیں ۔

(ج) الاٹیز کو ابھی تک مالکانہ حقوق تفویض نہیں کئے گئے ہیں کیونکہ زمین کی قیمت اور ترقیاتی لاگت کا ہنوز حتمی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ اقرار نامہ خرید بالاقساط کے بموجب حکومت کو استحقاق ہے کہ الف ، ب ، ج قسم کے رہائشی قطعات کے بارے میں بیع ناموں کی تکمیل ان کے الاٹیز کے حق میں اس وقت تک ملتوی کر دے تا وقتیکہ زمین کی قیمت اور ترقیاتی کام کی لاگت کا حتمی طور پر فیصلہ نہ ہو جائے ڈپٹی کمشنر و لینڈ ایکوزیشن کلکٹر صاحبان پر زور دیا جا رہا ہے کہ وہ زیر آمد اراضی کے تمام معاملات کو جلد از جلد طے کر دیں ۔ جونہی کہ یہ معاملات طے ہو جائیں قطعات کی زمین اور ترقیاتی لاگت حتمی طور پر تشخیص کی جائے گی اور اس کے بعد مالکانہ حقوق متعلقہ الاٹیوں کو تفویض کرنے کے لئے مناسب اقدامات کئے جائیں گے ۔

CONSTRUCTION OF AN OVER-BRIDGE ON LEVEL CROSSING IN GUJRANWALA CITY

***1333. Chaudhri Muhammad Nawaz :** Will the Minister of Railways be pleased to state whether it is a fact that a scheme for the construction of an over-bridge on the level crossing in Gujranwala City was included in the current year's budget ; if so, the steps so far taken for the construction of the said over-bridge ?

گوارا نہ کی ۔ مجھے ذاتی طور پر اس چیز کا علم ہے کہ اگر بناسپتی گھی میں ۵ فی صدی تل کا تیل ملا دیا جائے تو خالص گھی کے مقابلے میں اسے پہچاننے یا ٹیسٹ کرنے میں بہت آسانی ہو جاتی ہے ۔ مجھے معلوم ہے کہ اس سلسلے میں ہندوستان میں بعض مؤثر اقدامات کئے گئے ہیں ۔ لہذا میں جناب وزیر صحت صاحب کی خدمت میں مؤدبانہ عرض کروں گا کہ وہ اس اہم مسئلے اور معاملے کی طرف فوری توجہ دیں تا کہ بناسپتی گھی کو دیسی میں ملانے کی جو عام وبا پھیلی ہوئی ہے ۔ اس کی آسانی سے روک تھام کی جا سکے ۔

میں جانتا ہوں کہ جب بناسپتی گھی میں پانچ فیصد تل کا تیل ملا دیا جائے تو اس کی اصل گھی سے شناخت آسان ہو جاتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ محض قانون سازی سے کام نہیں چل سکتا ۔ قانون پر عمل کرانے کے لئے عملہ مہیا کرنا بھی لازمی ہوتا ہے ۔ حالت یہ تھی کہ صوبے میں فوڈ انسپکٹروں کا فقدان تھا ۔ پڑتال کون کرتا ؟ ڈی ۔ سی یا دوسرے افسران بالا کو یہ اختیار دیا گیا تھا جن کے پاس وقت ہی نہیں ہوتا کہ موقع پر جا کر چالان کرتے پھریں ۔ پھر عملی زندگی میں جو حقائق سامنے آتے ہیں وہ صحیح راہ عمل کی طرف پکارتے ہیں کہ صحیح طریقے اختیار کئے جائیں ۔ ہمارے چھوٹے عملے کے کسی فرد کو وسیع اختیار نہ دے دینے چاہئیں ۔ ورنہ رشوت کی شرح بڑھ جائے گی اور شرفا پریشانی میں مبتلا ہو جائیں گے ۔ سابقہ قانون (جس میں ترمیم کی جا رہی) میں بھی یہ حکم تھا کہ منافیٔ صحت اجزا خوراک میں نہ ملائے جائیں ۔ لیکن معاملہ فوڈ انسپکٹر کی صوابدید پر منحصر ہوتا

ہے ۔ وہ انسان کی صحت کے لئے مضر اشیاء کی ملاوٹ پر بھی ایکشن نہ لیتا ۔ بلکہ رشوت کھا کر دو معزز اشخاص کی گواہی پر معاملہ کو سمیٹ دیتا تھا ۔ مجھے اس معزز شخص کی (Definitions) یعنی تعریف معلوم نہیں ۔ اگر معزز ممبران میری اس حقیقت بیانی اور صاف گوئی سے ناراض نہ ہوں تو میں کہوں گا کہ ہمارے علاقہ میں معزز شخص پولیس کے دلال اور جھوٹی گواہی دینے والے کو کہتے ہیں ۔ اس لئے جب کسی کو معزز کہا جاتا ہے تو میں چونک اٹھتا ہوں کہ حکومت کیسے معزز لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتی ہے ۔

رانا پھول محمد خان ۔ جناب والا ۔ ہماری قوم کے شرفا کو معزز کہا جاتا ہے حمزہ صاحب نے یہ لفظ کہہ کر ایوان کے سب ممبران کی بلکہ ساری قوم کی اکثریت کی توہین کی ہے ۔ ان کو چاہئیے کہ وہ اپنے الفاظ واپس لیں ۔ (شور و غل)

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں تو اس لفظ کو صحیح معنوں میں استعمال کر رہا ہوں ۔

رانا پھول محمد خان ۔ جناب ۔ کل اگر حمزہ صاحب پولیس کے حق میں سچی گواہی دیں تو کیا وہ غیر معزز ہو جائیں گے ؟

مسٹر حمزہ ۔ جناب ۔ میں تو واقعی پولیس کی گواہی دے کر غیر معزز ہو جاؤنگا ۔ البتہ میں رانا پھول محمد خان صاحب کو انتہائی معزز اور صحیح معنوں میں معزز شخص سمجھتا ہوں ۔

جناب والا ۔ عملی زندگی میں ایک اور مشکل پیش آجاتی ہے وہ یہ کہ اگر اشیائے خوردنی میں ملاوٹ کو ختم کرنا یا کم کرنا مقصود ہو

تو کیمیکل ایگزامینر پر کڑی نگاہ رکھنی پڑے گی ۔ ہوتا یہ ہے کہ جن لوگوں کے (Samples) یعنی نمونے لئے جاتے ہیں ۔ وہ سب سے پہلے فوڈ انسپکٹر کو خوش کرنے کی فکر کرتے ہیں اگر وہ اپنا نمونہ واپس لینے میں کامیاب ہوجائیں تو معاملہ وہیں ختم ہو جاتا ہے لیکن اگر ختم نہ ہو اور فوڈ انسپکٹر کو ضمیر کی خلش تنگ کرے تو پھر کہیں جا کر مقدمہ چلتا ہے ۔ اصل میں چھوٹے ملازمین کے دل میں انسانی زندگی کی اہمیت نہیں ہوتی ۔ وہ اپنی حرص اپنے لالچ اور اپنی ذاتی منفعت کو دیکھتے ہیں ۔ کیمیکل ایگزامینر کے دفتر کا عملہ لالچ میں آ کر ملزم کے حق میں نتیجہ دے دیتا ہے اور مقدمہ ناکام ہو جاتا ہے جناب ۔ میری تقریر سے یہ اخذ نہ کیا جائے کہ میں ایسا کرنے کے حق میں ہوں بلکہ میرا خیال تو یہ ہے کہ جو شخص رشوت سے پھلتا پھولتا ہے ۔ اور جو شخص خواہ تجارت میں ہو یا سیاست میں ۔ ناجائز طریق سے دولتمند بنتا یا کامیاب ہوتا ہے ۔ اسکو سخت سزا ملنی چاہئیے ۔ کیونکہ وہ انسانی مفاد اور اخلاقی اقدار کے منافی عمل کرتا ہے ۔ اور جو شخص دیانتداری سے کام کرے اسکو بھی مصیبت میں پھنسا دیتا ہے ۔ میرا مطلب یہ ہے کہ ہمارے قوانین پہلے ہی کافی سخت ہیں ۔ مگر ان پر عمل کروانے کا کام غلط ہاتھوں میں ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جو شخص دیانتداری سے کاروبار کر رہا ہو وہ بددیانت اہلکاروں کے شکنجے سے خوفزدہ ہوکر کاروبار ہی چھوڑ دیتا ہے ۔ اصل میں قانون کے نفاذ کے لئے دیانتدار ملازموں ۔ انسان دوست اہلکاروں اور فرض‌شناس افسروں کی ضرورت ہے اس لئے جناب والا میں گذارش کرونگا جو قانون حکومت نے آج پاس کیا ہے اس پر عمل کرانے کے لئے اچھے ملازم رکھے اور انکی

نگرانی کرے ۔ جناب وزیر صحت نے یہ مسئودہ قانون پیش کرکے عوام پر ایک احسان عظیم کیا ہے ۔ میں احسان اس لئے کہہ رہا ہوں کہ آپ کے پاس طاقت ہے ۔ اور طاقت بذات خود ایک جواز ہے ۔ اگر آپ ہماری باتیں سننا نہ چاہیں تو ہمارے پاس ایسی کوئی طاقت نہیں جس کی بنا پر آپکو اپنی باتیں سننے پر مجبور کر سکیں ۔ جب ہم آپکو اپنی باتیں اس معزز ایوان میں سننے پر مجبور نہیں کر سکتے ۔ تو باہر آپ کو کون مجبور کر سکتا ہے ۔

آخر میں میں اس کیلئے آپ کا پھر شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

ملک محمد اختر (لاہور-۲) ۔ جناب والا ۔ میں جناب وزیر متعلقہ کو حقیقتاً باعث تبرک خیال کرتا ہوں ۔ اس لئے کہ انہوں نے کافی کاوش سے اس قانون کو بہتر بنانے کی کوشش کی ہے ۔ دراصل یہ ایک ایسا دیرینہ مسئلہ ہے جس پر کافی سے زیادہ اعداد و شمار اور ریسرچ موجود ہیں جن کی روشنی میں اگر اس کوشش کا اس برائی سے مقابلہ کیا جائے تو میں سمجھونگا کہ یہ مسودۂ قانون جو اس وقت ہمارے سامنے پیش کیا گیا ہے ۔ ناکافی ہے ۔

جناب والا ۔ مجھے آج ایک ایسے موضوع پر اپنی گذارشات پیش کرنا ہیں جس کا ہماری قوم کے ہر فرد سے تعلق ہے ۔ اور ہم دن میں کئی بار اس ظلم اور اس دھوکے کا شکار ہوتے ہیں جو اشیائے صرف میں ملاوٹ سے پیدا ہوتے ہیں ۔

جناب والا ۔ اشیائے صرف میں ملاوٹ کرنے والے ہماری سوسائٹی کا سب سے زیادہ معتوب حصہ ہیں ۔ یہ ایسا موقع نہیں جب کہ انتظامیہ

یا حکومت کو بلاوجہ ملوث کر کے ان اعدادوشمار اور ان حقائق سے دور رکھا جائے جو کہ پھول کی طرح ان کے سامنے پیش کئے جا سکتے ہیں ۔ اور وہ اس کی خوشبو سے مستفید ہو سکتے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں انتظامیہ کی ہرگز حمایت نہیں کرتا ۔ لیکن اگر حقیقت پر نظر ڈالی جائے تو ہم اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ آخر وہ بھی تو ہماری سوسائٹی کے افراد ہیں ۔ اور اسمیں سب مدارج کے لوگ برابر کے گنہگار ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب تک ہم متفقہ طور پر قومی نقطہ نظر سے اس برائی کو دور کرنے کی کوشش نہ کرینگے ۔ ہم شاید کامیابی سے اس برائی کا قلع قمع نہ کر سکیں ۔

جناب والا ۔ میرے پاس ۱۹۳۶ء سے لے کر ۱۹۴۶ء تک کے st tistics یعنی اعداد و شمار موجود ہیں ۔ میں انہیں چھوڑ کر صرف ۱۹۴۷ء سے اگست ۱۹۶۵ء تک کے اعداد و شمار پیش کرتا ہوں ۔ آپ ان کا اس قانون کے ساتھ مقابلہ کر لیں جو مختلف مراحل پر ہمارے ہاں نافذ رہا ہے ۔ اس مقابلے اور موازنے کے بعد آپ مجھسے اتفاق فرمائینگے کہ اس کے باوجود بھی ابھی بہت کچھ کرنے کی ضرورت اور گنجائش ہے ۔

جناب والا ۔ اگر میں آج اس معزز ایوان میں کھڑا ہو کر یہ ثابت کروں کہ ہمارے ہاں روزانہ عوام کے ساتھ کروڑوں روپے کا fraud ہو رہا ہے۔ تو یہ کوئی تعجب‌خیز بات نہ ہوگی۔ اس سلسلے میں میں سب سے پہلے اپنے روزمرہ استعمال کی ایک اہم چیز دودھ ہی کو لیتا ہوں ۔ دودھ میں آپ جو پانی خریدتے ہیں ۔ اس کیلئے لاہور کے لوگ سالانہ تقریباً ۲۲ لاکھ روپے ادا کر رہے ہیں ۔ یہ ایک نہایت ہی اہم مسئلہ ہے ۔

اور اس پر ہمیں ایک ٹیم اور ایک خاندان کی طرح سوچ بچار کرنا چاہئے۔ اور میں سمجھتا ہوں ۔ ہمیں اس Social Evil کی روک تھام کے لئے زیادہ سے زیادہ احتیاط برتنی چاہئے ۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق لاہور میں روزانہ تقریباً ۲۲۲۵ من دودھ فروخت ہوتا ہے ۔ اگر آپ اس کی قیمت کا دس آنے فی سیر کے حساب سے بھی اندازہ لگائیں ۔ تو آپ خریداروں کے روزانہ نقصان کا بھی اندازہ کر سکتے ہیں ۔ اس کے ساتھ ہی ان اعداد و شمار سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ اس دودھ میں ۳۶ فیصد ملاوٹ ہوتی ہے ۔ جس میں سے ۲۲ فیصد پانی ہوتا ہے ۔ اور ۱۴٫۲۵ فیصد fats میں کمی ہوتی ہے ۔ اور پھر اس ۲۲۲۵ من دودھ میں جو پانی ملایا جاتا ہے ۔ وہ پانی بھی تالابوں کا ہوتا ہے ۔ جس میں straws یعنی تنکے اور مکھیاں بھی ہوتی ہیں ۔ اس طرح ہم ۴۴۰۰ روپے کی ملاوٹ خریدتے ہیں جس میں سے ۱۷۱۰ روپے کی fats کی کمی ہوتی ہے ۔ بالفاظ دیگر ہم ۶۱۱۰ روپے روزانہ صرف ایک item کے لئے ادا کر رہے ہیں جس کا اگر حساب لگایا جائے تو ۲۲ لاکھ ۳۰ ہزار ایک سو ۵۰ روپے سالانہ بنتے ہیں ۔ یہ تو آپ کے ایک اہم شہر کی حالت ہے ۔ اس کے علاوہ کراچی ۔ راولپنڈی اور دیگر شہر بھی ہیں ۔ اور ان میں ہمارے خٹک صاحب کا اہم شہر پشاور بھی ہے ۔

جناب والا ۔ ان اشیائے صرف میں گھی ۔ چائے ۔ مصالحہ جات اور کھانڈ وغیرہ سب شامل ہیں ۔ اگر آپ ان کی فہرستیں ملاحظہ فرمائیں تو آپ اندازہ کر سکیں گے کہ اس طرح ہمارے ساتھ ۔ میرے ساتھ اور آپ کے ساتھ ۔ غرض ہر طبقۂ فکر کے ساتھ روزانہ کروڑوں روپے کا fraud ہو رہا ہے ۔ اس سے آپ اندازہ فرما سکتے ہیں کہ ہم کس قدر شدید اور

سنگین قسم کے حالات سے دو چار ہیں - اور ان پر قابو پانے کے لئے ہمیں کس قدر شدید اور مضبوط اقدامات کرنا ہونگے - ورنہ اس کے اثرات ہماری اپنی اور ہماری نسلوں کی صحت پر بہت دور رس اور مضر ہونگے- اس سلسلے میں مجھے ایک بڑی دلچسپ بات یاد آ گئی جس کے متعلق میں نے ایک amendment دی ہوئی تھی - لیکن بعض ٹیکنیکل وجوہات کی بنا پر میں نے واپس لے لی - کیونکہ اس کی منظوری اور نفاذ بہت سے sections کو amend کرنے پر منتج ہو سکتا ہے -

جناب والا - اب میں آپ کی توجہ اکبری دروازہ لاہور کے بعض بورڈوں کی طرف دلاتا ہوں جن پر لکھا ہوا ہے مصالحہ برائے جانوراں،، دراصل ان بورڈوں سے ان دوکانداروں کا مقصد یہ ہے کہ کوئی فوڈ انسپکٹر اُن کی sampling نہ کر سکے - چنانچہ ان دوکانوں میں جو اشیاء برائے فروخت ہیں - ان میں ملاوٹ والا گھی بھی شامل ہے - وہاں باہر سے خوردہ فروش اور دوکاندار آجاتے ہیں - اور وہ اشیائے خوردنی خرید کر لے جاتے ہیں - مگر ان بورڈوں کی وجہ سے وہ اشیاء اور دوکاندار sampling سے بچ جاتے ہیں - اس سے آپ اندازہ فرما سکتے ہیں کہ جرائم پیشہ لوگ کیسے کیسے عجیب و غریب طریقے ایجاد کرتے ہیں - لیکن ان کے ساتھ کامیابی سے نپٹنے کے لئے محاسبے کے لئے ذہن اس سے بھی زیادہ مستعد اور تازہ ہونے چاہئیں - کیونکہ اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ ہر قانون کے مختلف مراحل کے سلسلے میں نئی نئی ایجادات عمل میں آ جاتی ہیں - چنانچہ جرائم پیشہ لوگوں سے پورے طور پر نپٹنے کیلئے ہمیں مناسب اقدامات ساتھ ہی ساتھ کرنے چاہئیں -

جناب والا ۔ اب میں سب سے پہلے اس چیز کو لیتا ہوں کہ ہمارے ہاں sampling کی جو سکیم ہے ۔ وہ بہت ناقص ہے ۔ اور اس کا rate اور ratio ان برائیوں کے مقابلے میں بہت ہی کم ہے ۔ چنانچہ اب اس مسودۂ قانون پر میں اس طور سے بحث کرونگا کہ اس کی تمام دفعات بھی ساتھ ہی ساتھ discuss ہوتی جائیں ۔ اور متعلقہ بحث سے پہلے یہی موزوں معلوم ہوتا ہے ۔

جناب والا ۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ ہمارے ہاں اشیائے صرف میں ملاوٹ تمام حکومتوں کے دور میں محسوس کی جاتی رہی ہے ۔ لیکن سب سے پہلے ۱۸۶۰ء میں ملاوٹ کے انسداد کے لئے تعزیرات ہند میں کچھ دفعات شامل کی گئیں ۔ بعد ازاں جب ۱۹۱۹ء میں اصلاحات ہوئیں تو میں اس کے متعلق سیاست سے الگ رہ کر اس مسئلے پر بحث کرونگا ۔ چنانچہ ۱۹۱۹ء میں جب اصلاحات ہوئیں تو کسی کو یہ خیال آیا کہ اس غلام ملک کی اشیائے خوردونوش میں یہ جو fraud اور دھوکہ ہو رہا ہے ۔ اور ان میں یہ جو زہر ملایا جا رہا ہے ۔ اس کا بھی انسداد کرنا چاہئے ۔ چنانچہ The Punjab Adultration Act, 1919. نافذ کیا گیا ۔ لیکن اس وقت کے جرائم پیشہ لوگوں نے اس میں سے بھی راہیں نکال لیں ۔ اس پر ۱۹۲۹ء میں ہمارے تشریف فرما وزیر قانون صاحب کی طرح کسی وزیر قانون نے اسے re,lace کر کے ۔ ۔ ۔ ۔

Chaudhri Anwar Aziz : Point of order, Sir. Mr. Speaker Sir, I don't believe we have come here to hear a historical introduction.

Malik Muhammad Akhtar : Certainly, you have come for that purpose.

Chaudhri Anwar Aziz : Mr. Akhtar, with all due respect, I would like to submit my humble submission to the Speaker.

Malik Muhammad Akhtar : I am sorry, I withdraw my remarks.

Chaudhri Anwar Aziz : My only submission is, Sir, that at this stage, as I understood it, this is my first experience in this Assembly, we are only supposed to discuss or oppose the general principles of the bill, and if there are some remedies, which have not been mentioned in the bill, we should discuss them. If there are some measures, which should be incorporated, we should discuss them. If we start discussing in historically, then that is not discussing the general principles of the bill, as it is before us. Perhaps, Mr. Akhtar is always more well-informed than us on many subjects, but still it is better if he will discuss the sailent features of the bill. He should discuss remedial measures or any such measures that he has in view, but up till now he has been dealing with the animals and not with human-beings.

Mr. Speaker : I uphold the point of order. Mr. Anwar Aziz is quite right that we should discuss the general principles at the first stage of the Bill. First reading of the Bill is before the House and the general principles underlying the Bill should be discussed. Therefore, Malik Muhammad Akhtar's speech should be confined to that only. If he wants to go into the history so far as the general principles are concerned then he will be relevant.

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - اختر صاحب کو آپ نے ہدایات دے دی ہیں - لیکن میرے خیال میں ان سے انصاف نہیں ہوگا اگر میں یہ عرض کر دوں کہ ہاؤس میں کورم نہیں ہے -

مسٹر سپیکر - پھر یہ خدمت آپ سر انجام دیں -

مسٹر حمزہ - میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ہاؤس میں کورم نہیں -

Mr. Speaker : Let there be a count.

(After the count it was found that the House was not in quorum, so the Bells were rung and the House was in Quorum).

ملک محمد اختر - جناب والا - میں اس کی تاریخ بیان نہیں

کر رہا تھا بلکہ میں تو یہ عرض کر رہا تھا کہ ان figures سے اگر اس کا comparison کیا جائے تو صحیح حالات معلوم ہوں گے - ۱۹۲۹ء میں جو Pure Food Act نافذ کیا گیا تھا - یہ وہ ایکٹ تھا جو ۱۹۱۹ء والے ایکٹ کو repeal کر کے نافذ کیا گیا تھا - یہ ۱۹۵۱ء تک enforced رہا اور اس کے بعد اس میں بھی ترامیم کی گئی تھیں - اب موجودہ ایکٹ جس کی ہر دفعہ کو میں نے thoroughly discuss کرنا ہے یہ اس کو repeal کرتا ہے -

جناب والا - اس دوران میں صرف ایک جملہ آئے گا - آپ کو معلوم ہے کہ Artificial Ghee Colouration ۱۹۴۰ء میں introduce کر دی گئی تھی - ان سب باتوں کے بعد مجھے پھر اپنے پہلے اعتراض پر آنا ہے کہ ہم جو sampling کر رہے ہیں اور ہمارے موجودہ ایکٹ یا قانون یا آرڈیننس جو بھی ہیں ان میں ترامیم ہونے کے بعد جو sampling کے متعلق suggestions ہیں ان کے پیش نظر sampling کا نمبر نہایت ہی قلیل رہ گیا ہے - اس لئے مجھے اس کے متعلق تمام اعداد و شمار دینے ہوں گے - نیز یہ عرض کرنا ہوگا کہ ہماری لیبارٹریز کی تعداد بھی بہت کم ہے - ان میں modern equipments نہیں - اس کے بعد مجھے prosecution کی figures دینی ہوں گی - ان سے میں ثابت کروں گا کہ تقریباً دو تہائی cases محض lack of service کی وجہ سے ختم ہو جاتے ہیں - ان میں ممکن ہے کچھ بہتری بھی ہو - لیکن اس وقت صورت حال نہایت بری ہے - اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ بالکل in-effective ہوگی - ان چیزوں کے ہوتے ہوئے جو principles ہیں اور جو ان کی amendments دی گئی ہیں وہ بھی in-effective ہو جائینگی - اس لئے اشد ضروری ہے

اور میں اسے قومی فریضہ سمجھتا ہوں کہ وہ حقائق اور اعداد و شمار آپ کے سامنے پیش کروں تاکہ آپ موازنہ کر سکیں ۔ کہ جو principles ہیں ۔ وہ in-adequate یعنی ناکافی ہیں ۔ اس لئے آپ کو drastic steps لینا ہوں گے ۔

جناب والا ۔ ۱۹۳۸ء میں لاہور میں (میں مختصر سی بات کروں گا کیونکہ اگر میں تفصیل میں جاؤں گا تو اس کے لئے مجھے تین دن چاہئیں) چار انسپکٹروں کا مختصر سا عملہ تھا اور ڈائرکٹر ہیلتھ سروسز نے صرف چند سینٹری انسپکٹر مقرر کئے ہوئے تھے ۔

Chaudhri Anwar Aziz : We are discussing the general principles of the Bill. These are not the general principles that somebody appointed so many inspectors.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, my point is that no provision has been made to appoint adequate number of inspectors to curtail and eliminate this evil practice of adultration.....

Mr. Speaker : And in reference to that the members wants to give a reference to the previous Act.

Malik Muhammad Akhtar : Yes, Sir. I understand the value of the time of the House.

جناب والا ۔ ۱۹۴۳ء میں ان کی تعداد ۲۸ ہو گئی ۔ ان میں ex-officio Sanitary Inspectors کو بھی اختیارات دئے گئے ۔ ۱۹۴۷ء میں ۱۰ کا اضافہ ہوا اور ۲۷ جنوری ۱۹۴۸ء کو اور انسپکٹر مقرر کئے گئے ۔ اس طرح ۷ مارچ ۱۹۵۰ء کو بارہ سینٹری انسپکٹر مقرر ہوئے ۔ پھر ۱۹۵۱ء میں ایکٹ میں ترمیم ہوئی ۔ لیکن ۲ جون ۱۹۵۶ء کو ان تمام کی تعداد کو غیر تسلی بخش قرار دیا گیا ۔ اور لاہور کارپوریشن نے یہ فیصلہ کیا کہ

speciall food squads بنائے جائیں ۔ جب میں موجودہ قانون کو دیکھتا ہوں تو میں آپ کے سامنے humbly submit کروں گا کہ اس میں کوئی provision نہیں جس کے تحت یہ special food squads بنائے جائیں گے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں یہ عرض کروں گا کہ ستمبر ۱۹۵۷ میں M. O. H. اور Asstt: M. O. H: کو powers دی گئیں ۔ چنانچہ نومبر ۱۹۶۱ء میں ۴۱ انسپکٹر تھے ۔ ۱۹۶۲ء میں ۴۲ اور ۱۹۶۳ء میں ان کی تعداد ۴۷ ہو گئی ۔ جو بالکل in-adequate تھی ۔ لاہور کی اتنی بڑی آبادی کے لئے اس تھوڑے سے عملہ سے کیا کام ہو سکتا تھا ۔

جناب والا ۔ میں irrelevant نہیں ہوں گا ۔ اب میں اس کام کو جو ان فوڈ انسپکٹروں نے کیا ہے ۔ جن کی تقرری کی provision آپ نے اس قانون میں نہیں کی ۔ اور اس کے متعلق figures آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ ۵ جون ۱۹۵۷ء سے لیکر ۳۱ جنوری ۱۹۵۹ء یعنی ۲۰ ماہ میں جو کام ہوا ۔ اس کی تفصیل یہ ہے ۔

Number of samples seized	...	9,250
Found adulterated	...	3,142
Cases decided by Court	...	1,194
Cases in which fine was imposed	...	803
Fine	...	Rs. 1,08,345
Number of imprisonments	...	369
Acquitted	...	22
Un-wholesome milk destroyed	...	566 mds.
Prosecutions	...	273

اگر آپ انہیں compare کریں تو آپ کو حقیقت معلوم ہو جائیگی ۔ اور پھر جو تیرہ Part-time Food Inspectors مقرر ہوئے ان کے کام کی تفصیل یہ ہے ۔

Number of samples seized	...	1,906
Found adulterated	...	555
Cases decided by the Court	...	372
Cases in which fine was imposed	...	227
Fine	...	Rs. 25,120
Number of imprisonments	...	140
Acquitted	...	5

اب آپ اندازہ لگائیں کہ چار آدمیوں کی کارکردگی سے ایک لاکھ روپیہ بطور جرمانہ وصول ہوا ۔ اس کے مقابلہ میں تیرہ Part-time Food Inspectors کی کارکردگی سے تقریباً ۲۵ ہزار روپیہ جرمانہ وصول ہوا ۔

جناب والا ۔ سب سے پہلے مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ جب تک آپ تمام ضلعوں ۔ تمام میونسپل کمیٹیوں ۔ اور تمام میونسپل کارپوریشنوں میں special food squads مقرر نہ کریں گے ۔ کام ٹھیک نہیں ہوگا ۔ میں ہرگز اس بات پر زور نہ دیتا لیکن مجھے ڈر ہے آپ کے افسران argue کریں گے ۔ میں concede کرتا ہوں کہ کارپوریشن کا عملہ local bodies کا عملہ اور میونسپل کمیٹیوں کا عملہ corrupt ہے ۔ میں تو کہتا ہوں کہ آپ کارپوریشن کو یہ اختیارات نہ دیجئے ۔ آپ Director Health Services کے تحت special food squads بنالیے ۔ جب تک آپ special food squads نہ بنائیں گے ۔ میں سمجھتا ہوں اس چیز

کی remedy نہ ہو سکے گی ۔

جناب والا ۔ مجھے ایک اور نہایت ہی اہم مسئلہ کی طرف آنا ہے ۔ اور وہ یہ ہے ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا تھا کہ میں ۱۹۳۶ء سے ۱۹۴۶ء تک کے figures یعنی اعداد و شمار کو چھوڑتا ہوں کیونکہ میں ان پر ہاؤس کا وقت ضائع کرنا نہیں چاہتا ۔ میں صرف مختصر طریقہ سے ۱۹۴۷ء سے ۱۹۶۵ء تک جو rate of adulteration رہا ہے ۔ جس طرح وہ بڑھا ہے اور اب peak پر پہنچا ہے ۔ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ جس سے آپ سمجھ جائیں گے کہ آپ نے اس قانون میں جو ترامیم کی ہیں وہ ہرگز کافی نہیں ۔ اور آپ کو اس سلسلے میں اس سے بھی زیادہ مؤثر قدم اٹھانا چاہئے ۔ جناب والا ۔ میں صرف تین چار منٹ لونگا تاکہ آپ میری عرضداشت سے مستفید ہو سکیں ۔ اور یہی بہتر ہے ۔

جناب والا ۔ ۱۹۴۷ء سے ۱۹۵۷ء تک ۱۰ سال میں ۱۱۱۰۷ adulterated sample پائے گئے ۔ اور یکم جنوری ۱۹۴۷ء کو ۱۸۱۲ cases ہماری عدالتوں میں pending تھے ۔ ۱۹۴۷ء سے ۱۹۵۶ء تک ۹۷۶۴ cases اور بڑھے اور اس طرح سے ۱۱۵۸۱ cases ہو گئے ۔ جناب یہ نہایت ہی اہم مسئلہ ہے ۔ اول تو آپ کا عملہ کافی نہیں ۔ اور اگر کافی ہے تو آپ اس عملہ کو موقع دیتے ہیں کہ وہ cases نہ پکڑے ۔ اس کے بعد جب آپ adulteration کے cases عدالتوں میں بھیجتے ہیں تو ان کا جو اثر اور حشر ہوتا ہے ۔ وہ میں عرض کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ ۱۱۵۸۱ cases جو prosecute ہوئے تھے ۔ ان میں سے

۳۸۴۲ لوگ commit ہوئے ۔ ۱۹۶ acquit ہوئے اور اس کے بعد آپ اندازہ لگائیے کہ ۷۵۴۳ مقدمات for want of service فائل ہو گئے ۔ کیا یہی آسان طریقہ کار ہے کہ آپ انسپکٹر کو بھیجتے ہیں ۔ میں اسے پھر دھراؤں گا ۔ آپ ہرگز انسپکٹروں کو نہ بھیجیں ۔ بلکہ sanitary انسپکٹروں کو یہ اختیارات نہ دئے جائیں ۔ کوئی اور عملہ بنائیے اور اس کے ذمے یہ کام کیجئے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ۱۹۴۷ ء سے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ اپنی نشست سے بولئے ۔

ملک محمد اختر ۔ I am sorry sir.

جناب والا ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ ۷۵۴۳ cases فائل ہو گئے ۔ اب جناب اس کا جو ratio آتا ہے مجھے اسے compare کرنا ہے ۔ اور وہ اس طرح کہ کل samples میں سے ۲۸۰۵ adulteration کے sample پائے گئے ۔ ۳۳ فیصدی کی conviction ہوئی ۔ ۱۰۶ فیصد کی acquital ہوئی ۔ اور ۶۵۰۳ فیصد cases فائل ہو گئے ۔ تو جناب والا ۔ میں نے اعداد و شمار کی تین stages بتا دی ہیں ۔ ایک تو ۱۹۴۷ء سے ۱۹۵۷ء تک ۔ اس کے بعد یکم جنوری ۱۹۵۷ء سے ۱۹۶۰ء تک ۔ اس کے بعد تیسری موجودہ قانون کی جس میں آپ ترمیم کر رہے ہیں ۔ اس طرح میں یہ عرض کروں گا کہ principal ordinance کے نفاذ کے بعد کیا ہوا ۔ ان سے اگلے چار سال کے اعداد و شمار میں سپیشل فوڈ سٹاف آ گیا تھا ۔ اس عرصہ میں بہت کافی sampling ہوئی جس کا نمبر ۴۷۹۳۸ تھا ۔ جن میں ۸۰۵۷ sample adulterated پائے گئے ۔ اور پھر ۱۹۵۷ء میں میں نے جو pending cases کے figures دئیے ہیں وہ ۲۲۳ تھے ۔ باقی cases for want of service فائل ہو گئے

۶۴۶۷ cases نئے سال کے تھے اور اس طرح اس کا ٹوٹل ۶۹۹۰ بن گیا ۔ کورٹ نے ۴۵۷۱ decide کئے ۔ یعنی کل ۶۸ فیصدی decide ہوئے ۔ یہ بڑی remarkable progress تھی ۔ food staff آنے کے بعد اگر compare کیا جائے تو average ۶۸ فیصد ہوگئی ۔ اگر اس کا گزشتہ ایک سال کی average سے موازنہ کیا جائے تو وہ average ۳۳۰۱ فیصد تھی ۔ جو اب بڑھکر ۶۸ فیصد ہوگئی ہے ۔ اب جناب والا ۔ میں دوسری stage پر آتا ہوں ۔ یکم جنوری ۱۹۶۱ء سے ۳ اگست تک کا ایک بہت ہی اہم وقفہ ہے ۔ یہ ایک history of food adulteration کا historical data ہے جسکا میں اب ذکر کرونگا ۔ یعنی ۳ اگست ۱۹۶۴ء تک ۲۴۴۰۷ ۔ sample پکڑے گئے جن میں سے ۸۰۱۷ adulterated تھے ۔ اور ۴۶۰۸ decide ہوئے ۔ اور اس وقت ۲۱۱۹ cases کورٹ میں pending ہیں ۔ ۸۴۱۲ cases جو launch کئے گئے تھے انکی وجہ سے عدالت میں cases کی تعداد ۱۰۷۳۱ بن گئی ہے ۔ decided cases ۶۴۰۸ تھے ۔ ان cases میں جو decision کا ratio ہے وہ ۱۸۴۳ فیصد تھا ۔ یعنی آپ اندازہ کیجئے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Parliamentary Secretary, Health (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : On a point of order. Mr. Speaker, Sir, I am afraid that Malik Akhtar is not relevant on the discussion of the principles of the Bill. What I understand is that he is emphasizing on the appointment of Food Inspectors. He can speak on the relevant clause as an amendment from the Government side has already been circulated. If he emphasizes or takes much time at this stage it will be a repetition at that time because an Amendment to this effect has already been brought by the Government.

Mr. Speaker : Has he taken notice of that amendment ?

Malik Muhammad Akhtar : Certainly Sir. But I have a right to discuss the principles too,

Mr. Speaker : Alright. The member should be brief.

ملک محمد اختر - جناب والا - میں بہت مختصر طریقہ سے عرض کرونگا کہ ۱۰ سال میں یعنی ۱۹۴۷ء سے ۱۹۵۷ء تک decision of court ۳۴۴۷ - فیصد تھا اور پھر یکم جنوری ۱۹۶۱ء سے ۳ اگست ۱۹۶۴ء تک ۴۳ فیصد ہو گیا - یعنی cases کا decision قدرے زیادہ ہونا شروع ہو گیا -

اب مجھے صرف ایک figure اور دینا ہے یعنی پچھلے ۱۰ سال میں ملاوٹ جو ۲۸۰۵ فیصد تھی وہ ۱۹۵۷ء سے ۱۹۶۰ء میں کم ہو کر ۲۸ فیصد رہ گئی - لیکن جناب والا - نیا آرڈیننس جس میں وزیر صحت صاحب ترمیم کر رہے ہیں - اسکے نفاذ کے بعد یہ یک لخت shoot-up ہو گئی - اور adulteration ۳۳ فیصد ہو گئی - اسلئے یہ اعداد و شمار relevant ہیں اور میری رائے میں موجودہ فارم ineffective ہے -

اب جناب والا - میں دو ایک منٹ میں چند اور گزارشات کرونگا - مثلاً میں نے عرض کیا تھا کہ آپ نے یہاں enforcement کے معاملہ کو local council اور local bodies کے سپرد کر دیا ہے - لیکن ان bodies کے پاس نہ modern machinery ہے نہ effective laboratories ہیں - لاہور کارپوریشن نے ۱۹۱۹ء میں laboratories کا provision ضرور کیا تھا لیکن وہ انکو تا حال modern equipment سے آراستہ نہیں کر سکی -

جناب والا - اسکے بعد اب میں clause by clause کچھ عرض

کرونگا ۔ مجھے یہاں صرف یہ عرض کرنا ہے کہ ہمارے ہاں کروڑوں روپے کا adutl rated fraud اشیاء کی شکل میں کیا جا ھا ہے ۔ اور اس طرح ہماری آئندہ نسلوں کی صحت سے کھیلا جا رہا ہے ۔ اول تو ہمارا عملہ ہی ناکافی ہے اور افسوس یہ کہ ناکافی ہونے کے بعد وہ دیانتدار نہیں ہے ۔ اسکے لئے تو آپ کو نہایت ہی اچھی مشینری set up کرنی پڑیگی ۔

آخر میں میں یہ عرض کرونگا کہ adulteration اس قانون کے نفاذ کے بعد ۵ فیصد اور بڑھ گئی ہے حالانکہ ہم توقع کرتے رہے کہ یہ ۲۸ فیصد سے ۵ فیصد پر آ جائیگا مگر افسوس کہ وہ ۳۳ فیصد ہو گیا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب سپیکر - میں اس مسودۂ قانون پر گفتگو کرنے سے پہلے اپنے پیشرو حمزہ صاحب اور ملک اختر صاحب کی تائید کرتے ہوئے چاہتا ہوں کہ وزیر صحت کو اس مسودۂ قانون پر مبارکباد پیش کروں ۔ واضح رہے کہ میری مبارکباد اس لئے نہیں ہے کہ کوئی بہت اچھا قانون پیش کیا گیا ہے کیونکہ اچھا مسودۂ قانون پیش کرنا تو ہمارے بنیادی فرائض میں سے ہے ۔ ہم اس ایوان میں جمع ہی اس لئے ہوئے ہیں کہ ملک کی ضروریات کو پورا کرنے اور لوگوں کے مسائل حل کرنے کے لئے قوانین اور اچھے قوانین کے مسودات پیش کریں ۔ اس لئے اچھا مسودۂ قانون پیش کرنا اپنے فرض کی ادائیگی ہے اور اس میں کوئی شخص مبارکباد کا مستحق نہیں ۔ میں مبارکباد اس لئے پیش کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے ایک قانون کی

ضرورت کو محسوس کیا اور بجائے آرڈیننس کی شکل میں نافذ کرنے کے اس ایوان میں آپ نے اسے ایک مسودۂ قانون کی شکل میں پیش کرکے قوم کے نمائندوں کو موقع دیا کہ وہ بھی زبان کھول سکیں اور اپنا مدعا عرض کر سکیں - میں توقع کرتا ہوں کہ آپ کے دوسرے ساتھی یعنی وزراء صاحبان جنہوں نے ہمیشہ اس ایوان پر ہنگامی قوانین کی بارش کی ہے اور اس بارش کرنے میں وہ بڑے دریا دل رہے ہیں اور خاص طور پر وزیر قانون و پارلیمانی امور تو شائد آپکے اس طرز عمل سے سبق حاصل کریں اور اس ایوان کو آئندہ موقع دیں کہ ہم اپنی بات حکومت کے سامنے پیش کر سکیں - جب مسودۂ قانون پر بات چلی ہے تو میں آپ کو یہ بھی یاد دلا دوں کہ یہ ترمیم اس آرڈیننس کی ہے جو ۱۹۶۰ء میں اس صوبہ میں نافذ کیا گیا تھا - ۱۹۶۰ء میں اس صوبہ بلکہ پورے ملک میں کوئی اسمبلیاں وجود میں نہ تھیں اور اس وقت سربراہان حکومت اور حکمرانوں نے ایک آرڈیننس کے ذریعے یہ قانون نافذ کیا تھا جس میں آپ نے ترمیمات پیش فرمائی ہیں - ۱۹۶۳ء میں اس آرڈیننس کا تقریباً ۱۲ فیصدی حصہ ترمیم کیا گیا اور اب یہ مسودۂ قانون جو آپ کے پیش نظر ہے - اگر ایوان نے اسے منظور کر لیا تو ۱۹۶۰ء کا آرڈیننس تقریباً ۸۰ فیصد اپنی پچھلی صورت کو کھو چکا ہوگا اور بالکل نئی صورت میں ملک کے سامنے آئے گا - مسودۂ قانون کے ذریعے سے یہ ۸۰ فیصد تبدیلی اس بات کی صریحاً نشاندھی کرتی ہے کہ وہ قانون جو ایک شخص کے دماغ سے نکلا ہو وہ ہمیشہ غلطیوں سے پر اور ترمیمات کا محتاج ہوتا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ بالخصوص وزیر قانون و پارلیمانی امور صاحب اور دوسرے وزرأ صاحبان اس صورت

حال سے نصیحت حاصل کریں گے اور ملک میں بار بار ایک شخص کے دماغ کے اختراع کئے ہوئے قانون کو نافذ کر کے لوگوں کو مشکلات میں مبتلا نہ ہونے دیں گے ۔ قانون کے احترام کو قائم رکھنے کے لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ قوانین مستقل ہوں اور جہاں تک ممکن ہو وہ صحیح اور درست ہوں ۔

جناب والا ۔ یہ قانون جو ہمارے سامنے زیر غور ہے یہ انسانی مسائل کے ایک بنیادی مسئلے سے متعلق ہے ۔ اشیائے خورد و نوش میں ملاوٹ کا جرم کوئی نیا جرم نہیں اور نہ ہی یہ ہمارے ملک کے لئے انوکھا ہے ۔ اگر آپ اس جرم کی تاریخ کے سرے کو تلاش کرنا چاہیں تو یہ آپ کو زمانہ قبل تاریخ کی تاریکیوں میں گم ملے گا ۔ دنیا کے ہر زمانے میں جہاں تک کہ یہ تاریخ رہنمائی کرتی ہے ۔ ایسے افراد پائے جاتے رہے ہیں جن کے لئے دوسرے بنی نوع انسان کے مفادات اپنے ذاتی مفاد سے زیادہ عزیز نہ ہوں ۔ تو ایسے اخلاق باختہ لوگوں کی کمی کسی زمانے میں نہیں رہی ۔ بلکہ ہر دور میں بدقسمت مائیں وہ بچے جنتی رہی ہیں جنہوں نے بڑے ہوکر اپنے ذاتی مفاد کی خاطر اپنے دوسرے برادران وطن اور دوسرے برادران ملک کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالنے میں کوئی تکلف محسوس نہ کیا ۔

جناب والا ۔ جس رفتار سے زمانہ ترقی کرتا گیا ۔ خاندان قبائل میں اور قبائل قوموں میں ڈھلنے لگے ۔ اور اسی رفتار سے چیزوں کی رسد اور مانگ کا توازن بگڑتا چلا گیا اور چیزوں میں ملاوٹ کا رجحان بڑھتا گیا ۔ ہمارے ملک میں جیسا کہ ملک اختر صاحب نے فرمایا ۔ ایک عرصے سے ملاوٹ کے قوانین نافذ ہیں ۔ ان میں ہر پانچ دس سال کے بعد ترمیمات کی

جاتی رہی ہیں ۔ لیکن اس کے باوجود ملاوٹ کا جرم باقی ہے بلکہ یہ جرم بڑھتا جا رہا ہے ۔ میں یہ مانتا ہوں کہ انسانی دماغوں کا بنایا ہوا قانون کبھی جامع اور مکمل نہیں ہو سکتا ۔ ہم زیادہ سے زیادہ یہ کوشش کر سکتے ہیں کہ کسی برائی کو روکنے کے لئے جو بہتر ذرائع ممکن ہوں ۔ انہیں استعمال کیا جائے ۔ اسلام ہمیں برائیوں کو روکنے کے لئے قانون سازی کے متعلق واضح ہدایات دیتا ہے ۔ اسلام میں جرائم کی سزا کے لئے جو اصول مرتب کئے گئے ہیں ان سے ہمیں تین چیزیں ملتی ہیں ۔ ایک تبلیغ دوسری تنذیر اور تیسری تعزیر ۔ سب سے پہلا کام یہ ہے کہ انسان کو برائیوں کا احساس دلایا جائے اور ان کے دور رس اثرات اور خطرات سے لوگوں کو مطلع کیا جائے ۔ اور ان کو بتایا جائے کہ جو لوگ اپنے ذاتی مفاد کے لئے جرم کرتے ہیں اس کے دور رس نتائج قوم کے لئے کتنے برے ہوتے ہیں ۔

پھر دوسرا مرحلہ جرم کو روکنے یعنی تنذیر کا ہے ۔ یعنی لوگوں میں خوف خدا پیدا کیا جائے اور لوگوں کو اس بات کی طرف متوجہ کیا جائے ۔ ڈرایا جائے اور بتایا جائے کہ تم جو جرم کر رہے ہو ۔ اگر فوڈ انسپکٹر اس کو نہیں دیکھتا تو نہ دیکھے ۔ ملک کے دوسرے حکام چاہے نہ دیکھیں ۔ لیکن خدا تو ضرور دیکھتا ہے ۔ اور وہ تم سے بازپرس کرنے والا ہے ۔ اور پھر تیسرا مرحلہ تعزیر کا ہے ۔ تنذیر جب کارگر نہ ہو اور ڈراوے جب جرم کو نہ روک سکیں تو پھر اس سلسلے میں اسلام کا اصول بہت ہی واضح اور ناقابل انکار ہے ۔ اور وہ یہ ہے کہ سخت سزائیں ایسی ہونی چاہئیں کہ مجرم کو جرم کرنے سے اگر خدا کا خوف نہ روک سکے ۔ اگر حکام کا ڈر اس کے ہاتھ کو نہ پکڑ سکے تو سخت سزا کا

خوف اس کے ہاتھ کو روک لے ۔

سزاؤں کے مؤثر ہونے کے سلسلے میں میں بڑی واضح مثال آپ کو چور کے ہاتھ کاٹنے کی سزا کی دیتا ہوں جو اس زمانے میں سعودی عرب میں نافذ ہے ۔ جناب والا ۔ اس ایوان کے معزز رفقاء اس بات سے بےخبر نہ ہونگے کہ سعودی عرب یا عرب ممالک کے دوسرے لوگ ہمارے عوام کے مقابلہ میں نہ تو خدا ترسی میں بہتر ہیں نہ ایمان اور اسلام میں بہتر ہیں اور نہ تقویٰ میں بہتر ہیں ۔ بلکہ وہ چند سال پہلے تک معاشی حیثیت سے بھی ہم سے بہتر نہ تھے ۔ مگر اس کے باوجود وہاں چوری کی وارداتیں نہ ہونے کی حد تک کم ہیں اور اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ چور کا ہاتھ کاٹا جاتا ہے ۔ اگر ایک شخص دوسرے کا مال بددیانتی سے حاصل کرنا چاہے تو اس کے لئے وہ ۱۰ بار سوچتا ہے کہ اگر میں نے یہ حرکت کی تو مجھے اپنے ہاتھ سے محروم ہونا پڑے گا اس لئے کسی عام برائی کو روکنے کے لئے اور وہ برائی جو ملک کے بچے بچے کی صحت کو متاثر کر رہی ہو ۔ جو ملک کی جڑوں میں اس طرح سرائیت کر گئی ہو کہ اس سے ایک جان بھی محفوظ نہ ہو ۔ اس کو روکنے کے لئے سزائیں اتنی سخت ہونی چاہئیں کہ وہ لوگوں کے اندر خوف اور ڈر پیدا کر سکیں ۔ آپ کو شائد معلوم ہو کہ خورد و نوش میں ملاوٹ کے سدباب کے لئے پہلا جامع قانون جسے قانون کے اس خاندان کا مورث اعلیٰ کہا جاتا ہے ۔ انگلستان میں ۱۸۷۲ء میں وجود میں آیا تھا ۔ اس قانون میں ملاوٹ کی سزا پچاس پونڈ اور ایک سال قید سخت رکھی گئی تھی ۔ پچاس پونڈ ۷۰۰ روپیہ کے برابر ہوتے ہیں اور ۱۸۷۲ء اور ۱۹۶۵ء کے عرصے میں روپیہ کی قیمت میں جو کمی ہوئی ہے اور اشیائے

صرف کی قیمتوں میں جو اضافہ ہوا ہے ۔ اگر آپ اس کو سامنے رکھ کر دیکھیں تو ۱۸۷۲ء کے ۷۰۰ روپیہ کی سزا آج کل کے سات لاکھ روپیہ کے برابر ہے ۔ تو اب جب میں آپ کے مسودۂ قانون کو دیکھتا ہوں جس میں آپ نے پہلے جرم کی سزا چھ مہینے اور جرمانہ ۵۰۰ روپیہ سے لے کر ۲ ہزار روپے تک رکھا ہے ۔ تو مجھے یہ سزا بہت عجیب محسوس ہوتی ہے ۔ اس سلسلہ میں انگلستان کی کوئی واحد مثال نہیں ۔ ۱۹۳۸ء میں امریکہ کے قانون میں ۱۰ ہزار ڈالر کی سزا بطور جرمانہ اور تین سال کی سزائے قید سخت رکھی گئی تھی ۔ پھر میں آپ کو یاد دلا دوں کہ ۱۹۳۸ء اور ۱۹۶۵ء کے درمیان جو روپے کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے ۔ اگر آپ اس کو سامنے رکھیں تو ۱۹۳۸ء کا ۱۰ ہزار ڈالر آج کل کے پانچ لاکھ روپے کے برابر ہے ۔ یہ وہ ملک ہے جہاں کی رسد اور مانگ کا توازن اتنا خراب نہیں جتنا کہ ہمارے ملک کا ہے ۔ اس بات کو یاد رکھئے کہ ملاوٹ کی وبا پھیلتی ہی اس وقت ہے جب رسد اور مانگ کا توازن بگڑ جائے ۔ جب لوگوں کے لئے ان کی ضروریات زندگی اور دیگر اشیاء میسر نہ ہوں اور ملک کی پیداوار کافی نہ ہو سکے ۔ تو یہ رسد اور مانگ کا عدم توازن اخلاق باختہ لوگوں کو اس بات کا موقع مہیا کرتا ہے کہ ملاوٹ کے ذریعے سے لوگوں کی مانگ مصنوعی طور پر پوری کر کے اپنے لئے نفع کا سامان پیدا کریں ۔

امریکہ میں بالخصوص اشیائے خوردنی کی رسد و مانگ کا توازن ہمارے ملک کے مقابلہ میں کہیں بہتر ہے ۔ اتنا بہتر کہ وہ دوسرے ممالک کو اشیائے خوردنی مہیا کرتا رہا ہے ۔ اور خود ہم بھی ان کا گیہوں کھاتے ہیں ۔ تو ایسے ممالک جہاں یہ توازن ٹھیک

ہے وہاں بھی اس وبا کو روکنے کے لئے تین سال کی سخت سزا اور آج کل کی کرنسی کی قیمت کے مطابق پانچ لاکھ روپے کا جرمانہ رکھا گیا ہے ۔ مگر آپ کے اس قانون میں جو سزا رکھی گئی ہے ۔ وہ یہاں کے حالات کے مطابق ایسے جرائم کو روکنے کے لئے بالکل کافی نہیں ۔ ملاوٹ کی وبا ہمارے ملک میں جس طرح پھیل رہی ہے اس کا اندازہ اس بات سے کیا جا سکتا ہے ۔ کہ شہر کراچی میں پانی میں بھی ملاوٹ ہوتی ہے K. D. A. جس کے انچارج وٹو صاحب ہیں ۔ وہ کراچی کے عوام کو ان کی ضرورت کے مطابق پینے کا پانی مہیا کرنے میں ناکام رہی ہے ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ وہ اس معاملہ میں بالکل ہی ناکام رہی ہے ۔ آپ کے لئے یہ بات حیرت کا باعث ہوگی کہ کراچی جیسا Cosmopolitan شہر جسے دنیا کے بڑے شہروں کی فہرست مین شامل کیا جا سکتا ہے ۔ وہاں پر ایسے مقامات بھی موجود ہیں جہاں ایک دو نہیں لاکھوں کی تعداد میں گھر ہیں جن میں پانی کے نلکے موجود نہیں ۔ ان لوگوں کو پینے کے لئے سقوں سے پانی لینا پڑتا ہے ۔ یہ تو آپ جانتے ہی ہیں کہ کراچی سمندر کے پاس ہے ۔ اس لئے وہاں کے کنوؤں کا پانی کھارا ہے ۔ سقہ آدھی مشک نلکے سے بھرتا ہے اور آدھی کنوئیں کے پانی سے اور اسے میٹھا پانی بنا کر چار آنے فی مشک کے حساب سے وصول کرتا ہے ۔ تو ہمارے ملک میں ملاوٹ کی وبا اس درجہ ہے کہ پانی جو بنیادی ضرورت زندگی ہے ۔ اور ہوا کے بعد انسانی زندگی کے لئے دوسری اہم اور ضروری چیز ہے ۔ وہ بھی خالص نہیں مل رہا ہے ۔ اس لئے اس وبا کو روکنے کے لئے سخت سزا تجویز کرنے کی ضرورت تھی لیکن اس بل میں جو سزا تجویز کی گئی ہے ۔ وہ شاید اسے روکنے کے

لئے کافی نہ ہو ۔

آپ کو یاد ہو گا کہ چند سال پہلے کراچی کے ایک علاقہ لیاری میں کھانے کے تیل میں کوئی غلط چیز ملانے کی وجہ سے ایسے اثرات مرتب ہوئے تھے جن سے تقریباً چالیس افراد ساری زندگی کے لئے اپاہج اور مفلوج ہو گئے ۔ یہ تعداد بڑھتی جا رہی تھی مگر حکومت کے سربراہوں نے اسے بر وقت روک لیا ۔ پھر بھی اس ملاوٹ یافتہ چیز سے تقریباً چالیس افراد متاثر ہوئے اور زندگی بھر کے لئے محتاج ہو گئے ۔ تو جناب والا ۔ میں آپ کے توسط اسے وزیر صحت کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر ایک شخص تلوار کی دھار یا پستول کی گولی سے کسی کی جان لیتا ہے تو سے قتل کی سزا دینے میں آپ کے دل میں یقیناً کوئی خلش محسوس نہیں ہوتی اسے قانون کے مطابق موت کی سزا دے دی جاتی ہے ۔ اور بجا دی جاتی ہے ۔

خان مکرم خان ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب محترم فاروقی صاحب نے دوران تقریر میں یہ فرمایا ہے کہ ۱۸۷۲ء میں جو رقم ۷۰۰ روپے تھی وہ اب سات لاکھ روپے کے برابر ہے ۔ کیا وہ بتا سکتے ہیں کہ کس اصول سے یہ رقم اتنی بن سکتی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ میں نے صرف اندازہ بتایا تھا میرے خیال میں یہ رقم اتنی بن جائے گی ۔

تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایک فرد واحد کے قتل کے جرم میں ہم قاتل کو پھانسی کی سزا دینے میں تامل محسوس نہیں کرتے - لیکن جہاں کوئی شخص اپنے ذاتی مفاد کے لئے ملک کے لاکھوں کروڑوں انسانوں ـــــ بچوں - جوانوں - فوجیوں اور ملک کا دفاع کرنے والوں کی صحت کو منظم طریقہ سے تباہ کرنے کے در پے ہو - اسے سخت سزا دینے میں ہم کو کیوں تامل ہے - کیا ایسے شخص کی سزا جو لاکھوں افراد کی زندگی اور صحت کا دشمن ہے ایک شخص کے قاتل کی سزا سے کم ہونی چاہئے - سچ تو یہ ہے کہ ایسے شخص کے لئے پھانسی کی سزا بھی بہت کم ہے - اس لئے میں نے اس سلسلے میں ایک ترمیم پیش کی ہے اور مجھے امید ہے کہ ایوان اسے قبول کرے گا -

Minister of Law : Sir, I may point out to the member that his amendment is that sentence or punishment of whipping may be provided for an offence under this Ordinance. For his information I may point out that there is already a law in existence, that is, the West Pakistan Whipping Ordinance, under which punishment of whipping is provided.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایسے جرم کے لئے جو سزا آپ نے تجویز کی ہے وہ اس جرم کی اہمیت اور نتائج کے اعتبار سے صحیح نہیں - مجھے زیادہ تعجب اس بات سے ہوا ہے - کہ جس قانون میں موجودہ بل کے ذریعے ترمیم کی جا رہی ہے - وہاں اس جرم کی سزا ایک سال تھی - مگر اب اسے ترمیم کر کے جرمانے کے ساتھ چھ ماہ کر دیا گیا ہے - سوال یہ ہے کہ کیا اس وقت کے حالات اور موجودہ حالات میں فرق ہے ؟ اگر آپ کے اعداد و شمار

یہ بتاتے ہیں کہ ۱۹۶۰ء میں ایسے جرائم زیادہ تھے اور اب کم ہیں تو بڑی خوشی کی بات ہے ۔ لیکن جہاں تک میں جانتا ہوں اشیائے خوردنی میں ملاوٹ کے جرائم میں ۱۹۶۰ء کی نسبت ۱۹۶۵ء میں شدید اضافہ ہوا ہے اور کمی نہیں ہوئی ۔ اسلئے میں اپنی ترمیم کے ساتھ اس بل کی حمائت کرتا ہوں ۔

حاجی سردار عطا محمد لنڈ (خیر پور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر صاحب ۔ میں جناب کی وساطت سے وزیر صحت کے اس بل کی تائید کرتا ہوں ۔ اس بل پر ہمارے دوست ممبروں نے کافی تقریریں کی ہیں ۔ اور اپنی اچھی معلومات کا اظہار کیا ہے ۔ اس اسمبلی کے ہاؤس میں میں ان کی معلومات اور محنت کی قدر کرتا ہوں ۔

دوسری بات یہ ہے کہ فاروقی صاحب نے اپنی تقریر کے دوران اس قانون میں ترمیم کرنے کے لئے جو تجاویز پیش کی ہیں ۔ وہ تین ہیں ۔ اس لئے میں یہ عرض کرونگا ۔ کہ وہ تجاویز اور ہمارے یہ پروگرام تب ہی کامیاب ہو سکتے ہیں ۔ جب ہمارے ملک میں صحیح تعلیم رائج ہو ۔ یہاں پر ویسے تو ہر طرح کے تعلیمیافتہ لوگ موجود ہیں ۔ لیکن صحیح تعلیم قرآن شریف کی معلومات حاصل کرنا ہے ۔ یہ تعلیم حاصل کئے بغیر لوگ کسی پروپیگنڈے ۔ اس قسم کی سزائیں پانے سے یا اس قسم کے جرم کے ارتکاب سے باز نہیں آئیں گے ۔ اسکے انسداد کے لئے ضروری ہے ۔ کہ لوگوں کو قرآن شریف کی تعلیم دیجائے ۔ تاکہ انکو علم ہو ۔ کہ کسی جرم کی سزا کیا ہے ۔ اور اسکی جزا کیا ہے ۔ اور مرنے کے بعد اللہ تعالیٰ اُن سے کیا کچھ دریافت کریگا ۔

اللہ تعالیٰ ہم سے یہ پوچھے گا ۔ کہ تم دنیا میں کیا کام کر کے آئے ہو ۔ یا یہ دریافت کریگا ۔ کہ تم دنیا میں کتنی جائیداد اور عمارات اور اراضی چھوڑ کر آئے ہو ۔ تو قرآنی تعلیم ہی سے ہمیں اس بات کا علم ہوسکیگا ۔ کہ ہم اللہ تعالیٰ کے سامنے کس حالت میں جائیں ۔ اور کون کونسے عمل کر کے جائیں ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ میں آپکی توجہ دلاتا ہوں ۔ کہ جناب وزیر قانون in order نہیں ہیں ۔ کیونکہ وہ آفیشل گیلری میں کسی سے بات کر رہے ہیں ۔ یہ قطعاً مناسب نہیں ۔

Mr. Speaker : Order, order.

حاجی سردار عطا محمد لنڈ ۔ جناب سپیکر ۔ اس حکومت سے تو یہ توقع ہی نہیں کی جا سکتی ۔ کہ وہ کبھی قرآنی تعلیمات کو اس ملک میں رائج کریگی ۔ کیونکہ گذشتہ اٹھارہ سال کی مدت گذر جانے کے باوجود بھی کہیں یہ آثار نظر نہیں آرہے ۔ کہ ہماری حکومت اس قسم کا کوئی ارادہ رکھتی ہے ۔

اس کے علاوہ میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر صحت کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ کہ وہ نوجوان ہیں ۔ اور ابھی نئے نئے آئے ہیں ۔ وہ موجودہ قوانین کے ماتحت اس قسم کے جرائم کی سزاؤں کو مزید سخت کر دیں ۔ اور صرف یہی نہیں ۔ بلکہ ان کا یہ بھی فرض ہے ۔ کہ جو سزائیں قانون کے تحت دی جانی چاہئیں ۔ وہ ضرور اور پوری طرح سے مجرموں کو دی جائیں ۔ اسکے بعد جب وہ اس پروگرام کو خود اپنے ہی ہاتھ سے چلائیں گے ۔ تو میں انہیں یقین دلاتا ہوں ۔ کہ اس ایوان

میں بیٹھنے والے تمام اراکین ان کی طرف دست تعاون بڑھائیں گے - ورنہ ہم خواہ جتنا بھی سٹاف رکھیں - اور اس کے متعلق عملے میں جتنا بھی اضافہ کریں - اس سے حکومت کے خزانے پر بوجھ تو ضرور پڑیگا - لیکن اس سے متوقع فائدہ ہرگز نہ ہوگا - اسکے برعکس ہم معمولی سے خرچ اور سخت سزاؤں سے ان جرائم کو ختم کر سکتے ہیں - اس بارے میں میری کچھ معلومات ہیں - اور جیسا کہ ملک اختر صاحب نے ابھی ابھی ایک مثال دودھ کے متعلق دی تھی - میں بھی ایک مثال جناب وزیر متعلقہ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں - اور وہ یہ کہ اس سے تو کسی کو انکار نہیں ہو سکتا - کہ گاؤں گاؤں اور شہر بہ شہر دودھ میں پانی ملایا جاتا ہے - تو اس طرح ایک شخص کو ایک گلاس دودھ کسی گوالے نے پلا دیا - جس میں سے ایک چھوٹی سی مچھلی نکلی - تو اس شخص نے اس سے پوچھا - کہ بھئی دودھ میں مچھلی کہاں سے آ گئی - گوالے نے جواب دیا - معاف فرمائیے - پہلے تو میں دودھ میں گھر کے نلکے سے پانی ملایا کرتا تھا - مگر آج میں نے تالاب کا پانی ملایا ہے - یہ حالت تو دودھ کی ہے -

اس کے علاوہ جو دیسی کھانڈ تیار ہوتی ہے - اس سے ہمارا زمیندار طبقہ بخوبی واقف ہے - اسے تین طریقوں سے تیار کیا جاتا ہے - پہلے تو گڑ بنایا جاتا ہے - جس میں میل کاٹنے کے لئے اور گڑ کے رنگ کو سفید کرنے کی غرض سے دوائی ڈالی جاتی ہے - جو صحت کے لئے مضر ہے - ان لوگوں کو صحت عامہ کو گزند پہنچنے کا قطعاً خیال نہیں ہوتا - وہ تو صرف اپنے گڑ کی رنگت نکھارنے کے دھیان میں لگے ہوتے ہیں.

اس کے علاوہ گنے سے جو رس نکلتا ھے ۔ وہ دو ایک مہینے کھلا ھی پڑا رھتا ھے اور حرام و حلال جانور اس میں منہ ڈالتے رھتے ھیں ۔ بعض اوقات سانپ تک اس میں گر جاتے ھیں ۔ اور پھر وھی رس ھمیں کسی نہ کسی صورت میں کھلایا جاتا ھے ۔ اس کے علاوہ اسے حلوائی بھی استعمال کرتے ھیں ۔ ھم ان کی بنائی ھوئی چیزیں کھاتے ھیں اور اس طرح لوگوں کی صحت پر برا اثر پڑتا ھے ۔ اس لئے ضروری ھے کہ آپ اس طرف بھی توجہ دیں ۔

علاوہ ازیں میں زیادہ زور اس بات پر دوں گا کہ ھم سب اراکین اسمبلی اس بات کا حلف اٹھائیں کہ ھم ایک ھمہ‌گیر پروگرام کے تحت وزیر صحت صاحب کے ساتھ تعاون کرتے ھوئے اپنے اپنے علاقوں سے متعلق اشیائے خوردنی میں ملاوٹ کرنے والوں کی نشاندھی کرتے رھیں گے ۔ ورنہ انسپکٹروں کی تعداد میں اضافہ کرنا اور تعزیری قوانین بنانا سب بیکار جائیں گے ۔ اور یہ سزائیں وغیرہ ان انسپکٹروں کے لئے کمائی کا ایک اور ذریعہ پیدا کرنے کا موجب ھونگی اس سلسلے میں میں اپنے شہر کے ایک واقعہ کا ذکر کرتا ھوں ۔ وھاں ایک انسپکٹر نے کسی دوکاندار سے ایک سوڈے کی بوتل اپنے قبضے میں لے لی ۔ اور کہا کہ اس میں ملاوٹ ھے ۔ اس نے دو تین گواہ پیدا کئے ۔ اور اس کا چالان کر دیا ۔ اس بوتل سے لئے گئے نمونے کو test کرنے کے لئے کراچی بھیجا گیا ۔ اور اس کے بعد اس دوکاندار پر مقدمہ چلا ۔ اس طرح اس مقدمے پر اسکے ھزاروں روپے خرچ ھوئے ظاھر ھے کہ ایسی صورت میں ھر شخص چاھتا ھے ۔ کہ مقدمے کا فیصلہ اس کے حق میں ھو اور وہ اسی قسم کی بوتل کے لئے دو چارسو روپے تک دینے کے لئے تیار ھو جاتا ھے ۔ اس لئے ملاوٹ کی اشیاء

پکڑنے اور مجرم کو سزا دینے تک کے عرصے کو جس قدر بھی کم کیا جا سکتا ھے کر دیا جائے اور اُس کے ساتھ ھی لازمی ھے - انسپکٹروں کی حالت کو درست کیا جائے - ورنہ قانون بنا دینے اور انسپکٹروں کی تعداد میں اضافے کرنے سے کچھ نہ ھوگا -

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat-II): Sir, I do not think any section of the House has denied the importance or urgency of the measure which our young but very experienced Minister for Health, has brought before this House.

Sir, I would like to join the Members of the Opposition, particularly, in paying a tribute to him and his Department for bringing such an urgent and necessary law before this House. Sir, it is a fact that a number of Europeans or foreigners, with whom you sit, have refused to take food unless it is cooked food, in our country because they openly tell you that they are afraid of the multifarious diseases which are endemic in the tropics. Sir, the laws exist and I think the necessity and the pros and cons of it have been very very clearly and deliberately explained before this august House. My one request to the Hon'ble Minister would be that those who have some acquaintance with the procedures of Criminal Law have come to the conclusion that it is not the severity of the sentence that acts as a deterrant but it is the certainty of the conviction and the speed with which you can deal out justice. That will be the only deterrant which would prevent these people from coming within the mischief of the law. I would, Sir, suggest to the Hon'ble Minister that just like the Traffic Act or some such procedure should be adopted wherewith when a man is hauled up by the Health or Food Directorate the punishment given to the guilty person is speedy and is not delayed.

With the e words I well come this very very urgent measure in the interest of the general public of our country.

Thank you.

Mr Speaker: Khan Muhammad Yusuf.

خان محمد یوسف خان (راولپنڈی - ۲) - جناب سپیکر - مجھے چند باتوں سے میں نے جو جناب فاروقی صاحب سے سنیں - خیال پیدا ہوا کہ میں بھی ان کے متعلق کچھ عرض کروں - جناب والا - جہاں تک سزاؤں کا تعلق ہے - موجودہ دور جانتا ہے کہ ان کے متعلق نظریات یوں ہیں - کچھ سزائیں محض تعزیر کی خاطر ہوتی ہیں - کچھ اصلاح کی خاطر ہوتی ہیں اور کچھ آئندہ کے لئے اتنی مؤثر ہوتی ہے کہ ان کے بعد دوبارہ جرائم کا تکرار نہیں ہو سکتا - آج کی دنیا کا رجحان اصلاحی تعزیر کی طرف ہے - بعض اوقات ہمارے ان دوستوں کے دل میں جن کا کچھ اسلامی مطالعہ ہے - یہ خیال ہوتا ہے کہ یہ اصلاحی طریقۂ کار غالباً درست نہیں - کیونکہ Quranic قاعدے کے مطابق تعزیر کا قطعی طور پر خاتمہ کرنا مقصود ہے - میں ان اصحاب کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ یہ غلط ہے اور یہ انداز فکر قطعاً درست نہیں - خود ہی جناب فاروقی صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ اسلام میں سب سے پہلے تبلیغ ہے - پھر ترغیب - اس کے بعد تعزیر کا حکم ہے - میں یہ بھی عرض کروں گا کہ اسلام کے نقطۂ نظر سے جب تک معاشرے کو خود اس قابل نہ بنا دیا جائے اس وقت تک معاشرے کے افراد پر ویرانہ سزا کا حکم نہیں - مثال کے طور پر میں عرض کرتا ہوں کہ یہ مسلمات میں سے ہے کہ اسلامی نقطۂ نظر سے چور کے ہاتھ کاٹے جاتے ہیں یعنی قطع ید کر دیا جاتا ہے - لیکن خود قحط کے دوران حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرما دیا تھا کہ قحط کے دوران کسی کا ہاتھ نہ کاٹا جائے گا - اور یہ خود فقہہ کا ایک اہم مسئلہ ہے - کہ اگر ایک آدمی ایک آنے کی چوری کرے تو کیا اس کا ہاتھ کاٹا جائے گا ؟ ان شواہد سے ظاہر ہے کہ معاشرہ کو دیکھنا پڑتا ہے

کہ اس کی کیفیت کیا ہے ۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ میں بلاشبہ یہ کہوں گا ۔ کہ معاشرے کو درست کرنے کی ذمہداری حکومت وقت پر ہوتی ہے ۔ جب تک معاشرے کی وہ کیفیت پیدا نہ ہو جائے اس وقت تک اسلامی تعزیر آپ لگا نہیں سکتے ۔ بلکہ adulteration کا مسئلہ تو ایک بہت دیرینہ مسئلہ ہے ۔ خلفائے راشدین کے زمانے میں بھی ہم adulteration کو پاتے ہیں ۔ کیا اس وقت وہاں ایسے جرائم ہوئے ۔ ہمیں تو یہ نظر نہیں آتا کہ اس وقت وہاں ایسے جرائم ہوئے ہوں کہ خوراک کے اندر اب زہریلا مادہ وغیرہ ڈالا گیا ہو جس سے کسی کی موت واقع ہوئی ہو یا کوئی دیرینہ بیماری میں مبتلا ہو گیا ہو یا ایسی کیفیت پیدا ہو گئی ہو کہ وہ اپاہج ہوگیا ہو ۔ ایسا واقعہ ہمیں تو نظر نہیں آتا ۔ جس سے ہم یہ اندازہ کر سکیں۔ اسلامی تاریخ یا بالخصوص ان اصحاب کی تاریخ میں جن کا اتباع کرنا ہمارے لئے لازم ہے اس زمانہ میں کوئی ایسا واقع ہوا ہو اور اس میں کچھ تعزیز رکھی گئی ہو ۔ جو کچھ ہم آج کرتے ہیں اور کریں گے ۔ یہ قیاس کے طور پر ہے ۔ حقیقت پر مبنی نہیں ۔ جب ہم یہ کہتے ہیں کہ اصول کے ماتحت ان جرائم کی سزا متعین ہو ۔ وہ اصول واضح طور پر ہمارے سامنے نہیں ہے ۔ محض قیاس سے یہ کہہ دینا کہ یہ سزا چونکہ کم رکھی گئی ہے اس لئے یہ quaranic سزائیں درست نہیں ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ جن اصحاب نے اس بل کو دیکھا ہے ان کو معلوم ہو گا کہ اس سے بالوضاحت یہ ظاہر ہے کہ دو قسم کی ملاوٹ حلم ہے ۔ ایک تو وہ کہ جس سے نقصان پیدا نہیں ہوتا جیسے دودھ میں پانی ڈال دینا یا ان مرچوں میں ایسا رنگ ڈال دینا ہے جو صحت کے لئے مضر نہیں ہوتا تو ایسے جرائم کی سزا جن

سے جانی نقصان کا احتمال نہ ہو ۔ اس کی سزا بھی ایسی مناسبت سے ہونی چاہئیے جس مناسبت سے دیگر جرائم کی سزا ہوتی ہے جن میں جانی نقصان کا امکان ہوتا ہے ۔ اس خیال کو مدنظر رکھتے ہوئے اس بل کے اندر یہ ظاہر ہے کہ اگر کوئی شخص کسی نقصان دہ مادہ کو ڈالتا ہے تو پہلے دفعہ ارتکاب جرم پر بھی اسے ۳ سال کی سزا ہے اور جرمانہ کئے جانے کی بھی تجویز ہے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ کہنا غلط ہے کہ پہلی دفعہ سزا کے لئے ۶ ماہ رکھ دئیے گئے اور اس طرح وہ سزا بہت کم ہے ۔ جہاں تک جرائم کی عمومی کیفیت کا تعلق ہے ۔ ہم سب معترف ہیں ۔ اور ہمارے ملک کی یہ خواہش ہے کہ ایسے بداخلاق اور بدکردار افراد جو معاشرے کو خراب کر کے ان کی صحتوں کو نقصان پہنچاتے ہیں ان کی اصلاح کے علاوہ ان کے خلاف ایسے اقدامات ضرور کئے جائیں تاکہ وہ آئندہ کوئی ایسا فعل نہ کر سکیں ۔

جناب والا ۔ میں اس مسئلہ کے متعلق ایک لازمی چیز عرض کرنی چاہتا ہوں ۔ میں نے ایک دفعہ ایک مقدمہ Pure Food Act کے تحت کیا تھا ۔ analyst نے ملاوٹ کی وہ مقدار بتائی جو قابل مواخذہ تھی ۔ اس مقدار کے تحت عدالت نے اس کو سزا دے دی ۔ جناب سیشن جج کے سامنے میں نے اپیل کی اور اس اپیل پر میں نے درخواست کی کہ analyst کا رویہ شروع سے ہی میرے مؤکل کے خلاف رہا ہے اور وہ ایسی چیزیں چاہتا تھا جو میرا مؤکل اسے دے نہیں سکتا تھا ۔ چنانچہ اس بنا پر اس نے غلط رپورٹ کی ہے ۔ اس میں کوئی ملاوٹ نہیں ہے ۔ مجھے اجازت دی جائے

کہ میں درخواست دوں کہ کیمیکل ایگزامینر اس کا معائنہ کریں ۔ سیشن جج صاحب نے ازراہ شفقت و انصاف ان اشیاء کو کیمیکل ایگزامینر کے پاس بھیجا جن کی رپورٹ یہ آئی ہے کہ اس میں ملاوٹ نہیں ہے ۔ اس کی بنا پرانہوں نے ملزم کو بری کر دیا ۔ لیکن حکومت نے اس کی اپیل دوبارہ ہائی کورٹ میں کی ۔ ہائی کورٹ نے ان الفاظ کے ساتھ کہ ہم ایسے جرائم میں analyst کی رپورٹ کو تسلیم کرتے ہیں ۔ اس کو سزا ہونی چاہئے ۔ لہذا ہائی کورٹ نے دوبارہ سزا کو بحال کر دیا ۔ پھر سپریم کورٹ میں اپیل دائر کی گئی ۔ سپریم کورٹ نے سیشن جج کا فیصلہ منظور کیا ۔ اور یہ کہا کہ ان حالات میں اسے سزا نہیں دی جا سکتی ہے ۔ میں اس مثال کو صرف اس لئے عرض کر رہا ہوں کہ اس بل کے اندر یہ provision کی گئی ہے کہ انسپکٹر صاحبان جا کر samples لیا کریں گے ۔ جن اشیاء کے متعلق انہیں شبہہ ہو گا وہ ان کے samples حاصل کر لیں گے ۔ اگر وہ آدمی چاہے کہ درخواست دے کر اپنے خرچ پر پبلک analyst کے پاس برائے معائنہ بھیج سکتا ہے ۔ اس میں کیمیکل ایگزامینر کی provision نہیں ہے ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ انسپکٹر ایک تھوڑی تنخواہ والا ماتحت عملہ ہوتا ہے جسے بدکردار لوگ آسانی سے مل سکتے ہیں ۔ وہ جہاں نفع بخش رقم مل جائے گی ۔ وہاں رپورٹ کر دیں گے کہ اس کے اندر کچھ نہیں ہے ۔ جہاں کچھ نہیں ملے گا وہاں غالباً رپورٹ کرینگے کہ اس میں کچھ ملاوٹ ہے ۔ ایسے جرائم کی سزا بالخصوص پہلی مرتبہ جب کوئی شخص جرم کا ارتکاب کرے تو آپ اسے تین سال کی سزا دے رہے ہیں ۔ میرے خیال میں ایسی provision لازمی ہونی چاہئیے کہ وہ اشیاء کیمیکل ایگزامینر کے

پاس بھیجی جائیں ۔ اگر کوئی شخص انصاف طلب کرتا ہے اور کہتا ہے کہ میں نے یہ جرم نہیں کیا ۔ میرے پاس جو چیز ہے وہ صاف ہے ۔ تو کیوں نہ اُسے یہ حق دیا جائے کہ بڑی سے بڑی اتھارٹی کو جو بھی اس امر میں ماہر ہے وہ اس چیز کو دکھا لے تاکہ وہ فیصلہ کرے کہ اس میں کچھ ملاوٹ ہے یا نہیں ۔ ان حالات میں میں یہ عرض کروں گا جہاں تک سزا کی تجویز کا تعلق ہے ۔ فی‌الواقع یہ سزا کے بارے میں تجویز بالکل صحیح ہے ۔ اگر ضرورت پڑی اور معاشرہ قدرے درست ہوا تو ترمیم کر کے سزا میں اضافہ کیا جا سکتا ہے ۔ لیکن سزا کا طریقہ جیسا کہ رکھا گیا ہے اس میں تھوڑی سی ترمیم لازمی اور ضروری ہے ۔

Parliamentary Secretary (Khan Muhammad Iqbal Khan Jadoon) : Sir, I move the closure motion, and request that the question be now put as sufficient discussion has already taken place.

Minister for Health : No, no, I have to give a reply.

Mr. Speaker : The Minister may reply on the Third Reading.

The motion moved is, and the question is—

That the question be now put.

The motion was carried.

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is—

That the West Pakistan Pure Food (Amendment) Bill, 1965, as recommended by the Standing Committee on Education and Health, be taken into consideration at once.

The motion was carried.

Mr. Speaker : We will now take up the Bill clause by clause.

Clause 2.

Mr. Speaker : The question is :

That clause 2 stand part of the Bill.

The motion was carried.

Clause 3.

Mr. Speaker : There are amendments in the names of Malik Muhammad Akhtar and Khawaja Muhammad Safdar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I do not want to move my amendment.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں اس لئے اپنی ترمیم move کرنا نہیں چاہتا کہ گورنمنٹ نے عملاً میری ترمیم کو منظور کر لیا ہے اور میرے مفہوم کو بہتر الفاظ میں ادا کر کے ایک ترمیم ایوان میں پیش کرا دی ہے - مجھے اعتراض یہ تھا کہ بنیادی جمہوریتوں کو یہ ذمہ داری کا کام نہ سونپا جائے - چنانچہ گورنمنٹ نے ان کو خارج کر دیا ہے - جس کے لئے میں اس کا بے حد شکر گزار ہوں -

Mr. Speaker : Is that amendment from Chaudhri Anwar Aziz ?

Khawaja Muhammad Safdar : Yes, Sir.

Mr. Speaker : Then it is alright. Chaudhri Anwar Aziz to please move his amendment.

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, I beg to move—

That in clause 3 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health,—

(*a*) in clause (*ii*) of sub-section (1) of the proposed section 2 of the West Pakistan Pure Food Ordinance, 1960, for the word 'injuriously', occurring in line 3, the word "adversely" be substituted ;

(*b*) in sub-section (6) of the proposed section 2 of the West Pakistan Pure Food Ordinanace, 1960, for the words and comma 'or which has been separated by skimming', occurring for the second time in lines 6-7, be deleted ;

(*c*) in sub-section (9) of the proposed section 2 of the West Pakistan Pure Food Ordinance, 1960, the full-stop appearing at the end of clause (*iv*) be replaced by a semi-colon and the following new sub- clause be added thereafter, namely :—

"(*v*) water in any form, including ice, intended for human consumption or for use in the composition or preparation of food."

(*d*) for sub-section (15) of the proposed section 2 of the West Pakistan Pure Food Ordinance, 1960, the following be substituted, namely :—

"(15) 'Local Authority' means—

(*i*) a Municipal Committee or Municipal Corporation constituted under the Municipal Administration Ordinance, 1960 ;

(*ii*) a Local Council constituted under the Basic Democracies Order, 1959, other than a Union Council or a Union Committee;

(*iii*) a Town Committee as and when constituted under the Electoral College Act, 1964; and

(*iv*) an authority declared by Government by Notification in the Official Gazette, to be Local Authority for the purposes of this Ordinance."

Mr. Speaker : Clause under consideration, amendment moved is—

That in clause 3 of the Bill, as recommended by the Standing Committee on Education and Health—

(*a*) in clause (*ii*) of sub-section (1) of the proposed section 2 of the West Pakistan Pure Food Ordinance, 1960, for the word 'injuriously', occurring in line 3, the word "adversely" be substituted;

(۵) ملتان و بہاولپور	وائن	۲۳ روپے سے	۲۷ روپے تک	تقریباً وہی قیمتیں ہیں - جو سرگودھا ڈویژن میں رائج ہیں -		
	وسکی	۲۵ روپے سے	۳۰ روپے تک			
	رم	۲۴ روپے سے	۲۵ روپے تک			
(۶) حیدرآباد	وسکی	۲۲ روپے سے	۳۰ روپے تک	وسکی	۵۵ روپے سے	۷۵ روپے تک
	برانڈی	۲۲ روپے سے	۳۰ روپے تک	برانڈی	۵۰ روپے سے	۷۰ روپے تک
	رم	۲۲ روپے سے	۲۸ روپے تک	بیر	۶٫۵۰ روپے سے	۷٫۵۰ روپے تک
	جن	۲۲ روپے سے	۲۸ روپے تک	وائن	۱۶ روپے سے	۲۸ روپے تک
	بیر	۵ روپے سے	۵٫۵۰ روپے تک			

ڈویژن کا نام	پاکستان میں بنی ہوئی شراب	قیمت فی بوتل	درآمد کی ہوئی شراب	قیمت فی بوتل
(۷) خیر پور	شراب	۳۰ روپے	شراب	۷۰ روپے
	بیر	۵۰۲۵ روپے	وائن	۳۰ روپے
			بیر	۸ روپے
(۸) کوئٹہ و قلات	وسکی - رم) برانڈی - جن)	۲۴ روپے سے ۳۰ روپے تک	بیر	۷ روپے سے ۸۰۵۰ روپے تک
			وسکی	۵۷ روپے سے ۶۰ روپے تک
	بیر	۵ روپے سے ۷ روپے تک	برانڈی	۵۷ روپے سے ۶۰ روپے تک
			وائن	۱۹ روپے سے ۲۱ روپے تک
(۹) کراچی	وسکی	۴۱۰۵۰ روپے سے ۵۰ روپے تک	وسکی	۵۶ روپے سے ۶۶ روپے تک
	برانڈی	۳۱۰۸۰ روپے سے ۵۴ روپے تک	برانڈی	۴۸ روپے سے ۶۵ روپے تک
	دیگر شراب	۳۰ روپے	دیگر شراب	۴۹ روپے سے ۶۷ روپے تک
	شیری	۱۳۰۸۰ روپے	شیری	۲۳۰۳۰ روپے
	پورٹ وائن	۱۲۰۸۰ روپے	پورٹ وائن	۱۷۰۲۵ روپے

سید عنایت علی شاہ—جناب عالی ۔ اس ایوان میں ایک قرارداد پاس ہوئی تھی ۔ کہ شراب فروخت کرنے پر قطعاً پابندی عائد کی جائے ۔ میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ وہ قرارداد اس وقت کس مرحلے پر ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات—جناب ۔ میں تو اس کا جواب ابھی دے چکا ہوں ۔ اگر آپ کہیں تو اسے پھر دوہرا دوں ؟

Mr. Speaker : Next question.

SCHEME FOR CREATING A SEPARATE CADRE FOR PUBLIC PROSECUTORS IN WEST PAKISTAN

***1015. Mr. Hamza** : Will the Minister of Law be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a scheme for creating a separate cadre for Public Prosecutors in West Pakistan is under the active consideration of the Government ;

(*b*) whether it is a fact that definite promises have been made by him to finalise the said case at an early date ;

(*c*) whether it is a fact that Public Prosecutors have been making representations to the Government in this behalf but no positive action is forthcoming ;

(*d*) if answer to (*a*) to (*c*) above be in the affirmative, reasons for the delay and the time required by the Government for the finalisation of the said scheme ?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : (*a*) Yes ;

(*b*) Yes ;

(*c*) Yes ; the scheme is under active consideration of Government.

(*d*) As the scheme involves administrative and financial consideration, the S and GAD and F. D. had to be consulted. At present the matter is pending consideration with F. D. Efforts are being made to get it finalised as early as possible.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر - کیا وزیر قانون صاحب یہ یقین دہانی کرا دیں گے - کہ ہنگامی حالات کے ختم ہونے کے بعد ان لوگوں کو مراعات دی جائیں گی ؟

وزیر قانون—جناب - میں ان کا سوال سمجھا نہیں -

مسٹر سپیکر—وہ یہ دریافت کرنا چاہتے ہیں - کہ کیا ہنگامی حالات ختم ہوتے ہی انہیں مراعات دیدی جائیں گی ؟

وزیر قانون—جناب - مجھے امید ہے - کہ ہنگامی حالات کے دوران ہی انہیں مراعات دیدی جائیں گی - باقی جواب تو شیخ صاحب (وزیر خزانہ) ہی دے سکتے ہیں -

---

POPPY CULTIVATION IN THE PROVINCE

***1045. Syed Inayat Ali Shah :** Will the Minister of Excise and Taxation be pleased to state :—

(*a*) the areas in the Province where poppy is being cultivated alongwith the annual production in each area ;

(*b*) the quantity of opium manufactured from the poppy mentioned in (*a*) above which is consumed in the preparation of medicines and by the opium addicts and the use to which the remaining opium is put ;

(*c*) names of the medicines in the preparation of which opium is used ?

وزیر آبکاری و محصولات (شیخ مسعود صادق)۔۔جناب ۔ میں جواب تو نہیں پڑھ سکتا ۔ کیونکہ یہ خاصا لمبا ہے ۔ اگر معزز ممبر چاہیں تو ضمنی سوال پوچھ لیں ۔ (الف) فہرست حسب ذیل ہے ۔

سال	علاقہ	رقبہ				افیون		
		مرلہ	کنال	ایکڑ	چھٹانک	سیر	من
۱۹۶۴-۶۵	تربیلا	۸	۷	۲۴۷	۰	۱	۲۷
	غازی	۱۴	۴	۱۰۹	۶½	۳۰	۱۲
	ہری پور	۱	۱	۱۸۲	۱۵½	۳۰	۱۲
	صوابی نمبر۱	۰	۰	۱۹۲	۵	۳۷	۱۰۵
	صوابی نمبر۲	۰	۳	۴۳۷			
	ٹوپی نمبر۱	۱۲	۴	۲۵۸			
	ٹوپی نمبر۲ پنج پاؤ ۔	۸	۰	۱۸۴			
	میزان	۳	۵	۱۶۱۱	۱۱	۱۹	۱۵۸

(ب) ۱۹۶۴-۶۵ء میں ۱۴ من اور ۱۳½ سیر افیون ادویات کے لئے استعمال کی گئی - ۱۴۸ من ایک سیر افیون مغربی پاکستان کے ٹھیکوں کو خوردنی استعمال کے لئے مہیا کی گئی - زائد افیون سٹاک سے حاصل کی گئی - اس لئے بقایا افیون کے استعمال کا سوال پیدا نہیں ہوتا -

(ج) ٹنکچر اوپیائی -

ٹنکچر کمفر کو -

ڈوورس پاؤڈر -

کلوروڈین -

لنکٹس آف سکول اوپئیٹ -

اسپرین و افیون کی مرکب گولیاں -

کھانسی کے مختلف شربتوں میں -

جلدی امراض کے لیڈایسی ٹیٹ کے ساتھ استعمال کی جاتی ہے -

درد کے لئے مرہم میں استعمال کی جاتی ہے -

معدہ کی خرابی کی اکثر بیماریوں میں باقی ادویہ کے ساتھ ملا کر استعمال کی جاتی ہے - وغیرہ وغیرہ -

سید عنایت علی شاہ—جناب والا - کیا یہ حقیقت ہے - کہ افیون کھانے کے بعد انسان نشے کی حالت میں ہو جاتا ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات—جناب والا - یہ تو افیون کھانے والے ہی بتا سکتے ہیں - آپ ان سے ہی پوچھئے -

سید عنایت علی شاہ۔۔جناب والا ۔ کیا یہ حقیقت ہے کہ نشہ آور اشیاء اسلام میں حرام ہیں ؟

Mr. Speaker : Next supplementary.

سید عنایت علی شاہ۔۔جناب والا ۔ کیا حکومت افیون پر پابندی لگانے کا کوئی ارادہ رکھتی ہے ؟

وزیر آبکاری و محصولات۔۔جناب والا ۔ Geneva Convention میں طے شدہ فیصلے کے مطابق حکومت پاکستان ۱۹۸۰ء تک افیون نوشی کا انسداد کرنے کی پابند ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی۔۔جناب والا ۔ اپنے جواب میں جناب وزیر متعلقہ نے فرمایا ہے ۔ کہ ۱۵۸ من افیون میں سے تقریباً ۱۴۸ من افیون یعنی تقریباً ۹۴ فیصد پیداوار عادی افیون خوروں کے استعمال میں آتی ہے ۔ تو میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ جب اتنے بڑے رقبے میں افیون کی کاشت کی جاتی ہے ۔ تو کیا اس رقبہ کو دوسری چیزوں کی کاشت کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا ؟

وزیر آبکاری و محصولات۔۔جناب والا ۔ آپ نے گوشوارہ ملاحظہ نہیں فرمایا ۔ اس میں دکھایا گیا ہے ۔ کہ افیون کا زیر کاشت رقبہ بتدریج کم ہو رہا ہے ۔ ہم افیون کی پیداوار میں بھی آہستہ آہستہ کمی کر رہے ہیں ۔ کیونکہ ۱۹۸۰ء تک افیون خوری کا قلع قمع کرنا حکومت کی پالیسی ہے ۔

RECOMMENDATIONS MADE BY THE ADVISORY COUNCIL OF ISLAMIC IDEOLOGY TO THE GOVERNOR

*1159. **Mr. Hamza :** Will the Minister of Law and Parliamentary Affairs be pleased to state :—

(*a*) to lay on the Table of the Assembly a copy each of the recommendations made so far by the Advisory Council of Islamic Ideology to the Governor of West Pakistan under Article 204 of the Constitution;

(*b*) to state the action taken by Government on each of the said recommendations ?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon): (*a*) the advice tendered by the Advisory Council of Islamic Ideology to the Governor of West Pakistan is secret and, as such, copy thereof cannot be placed on the table of the Assembly.

(*b*) the advice of the Advisory Council of Islamic Ideology is under consideration of Government.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر - کیا وزیر قانون صاحب مجھے وہ وجوہات بتا سکتے ہیں جن کی بنا پر حکومت نے اسلامی مشاورتی کونسل کی سفارشات کو صیغہ راز یا پردے میں رکھا ہے ؟

وزیر قانون—جناب والا - میں نے عرض کیا ہے کہ اسلامی مشاورتی کونسل نے خود ہی اس کو secret mark کیا ہے - اس لئے ہمیں بھی اس کو صیغہ راز میں رکھنا ہے -

قاضی محمد اعظم عباسی—جناب والا - کیا آپ یہ بتا سکتے ہیں کہ یہ معاملہ کب سے زیر غور ہے ؟

وزیر قانون—جناب والا - جب سے رپورٹ پہنچی ہے -

قاضی محمد اعظم عباسی—جناب والا - یہ رپورٹ کب پہنچی ہے ؟

وزیر قانون—جناب والا - ہم وہ تاریخ نہیں بتا سکتے ہیں کہ یہ رپورٹ کب پہنچی تھی -

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر - جناب وزیر قانون نے فرمایا ہے کہ مشاورتی کونسل نے بذات خود اس چیز کو صیغہ راز میں رکھنے کی

ہدایت کی ہے ۔ کیا آپ اسلامی مشاورتی کونسل کی ہدایات کے پابند ہیں ؟ اور کیا آپ نے آج تک اس کی رائے کی پابندی کی ہے ؟

وزیر قانون--جی ہاں ۔ جناب ہم ضرور پابند ہیں ۔ اگر وہ کسی چیزکو confidential رکھتے ہیں اور اسے secret mark کرکے بھیجتے ہیں ۔ تو ہم بھی اسے secret رکھتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ--جناب سپیکر ۔ کیا یہ حقیقت ہے کہ اسلامی مشاورتی کونسل کی طرف سے بہت سے مشورے دیئے گئے تھے ۔ جن میں کہا گیا تھا کہ ان پر عمل در آمد کرنا قرآن و سنت کے مطابق ہے ۔ لیکن آپ نے ان پر عمل نہیں کیا ؟

وزیر قانون--جناب والا ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ یہ معاملہ زیر غور ہے ۔ میں نے کب کہا ہے ۔ کہ ہم اس پر عمل درآمد نہیں کرتے ۔

خان محمد یوسف خان--جناب والا ۔ کیا کوئی ایسا قاعدہ ہے جس کے تحت اسلامی مشاورتی کونسل کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے مشوروں کو صیغہ راز میں رکھے ؟

وزیر قانون--جناب والا ۔ مجھے مشاورتی کونسل کے rules اور قواعد کا پتہ نہیں ۔

خان محمد یوسف خان--جناب والا ۔ چونکہ آپ وزیر قانون ہیں ۔ کیا آپ ان کو پڑھنے کی کوشش کریں گے ؟

وزیر قانون--جناب والا ۔ میں نے کوشش کی ہے ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ان کو یہ حق حاصل ہے ۔

DISPARITY BETWEEN PAY AND REMUNERATION OF PUBLIC PROSECUTORS AND ADDITIONAL PUBLIC PROSECUTORS IN FORMER PROVINCES OF PUNJAB AND SIND

*1339. **Chaudhri Muhammad Nawaz** : Will the Minister of Law and Parliamentary Affairs be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that there is a disparity between the pay and remunerations of the Public Prosecutors and Additional Public Prosecutors in the former Provinces of Punjab and Sind; if so;

(*b*) the maximum pay of Public Prosecutors in the area of former Punjab and the maximum amounts of remuneration including pay, allowances and fee earned by a Public Prosecutor in the former Sind area in the month of July, 1965?

Minister of Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad Varyal Memon) : (*a*) No. The system is different in the 2 regions. In the former Punjab Province area the Public Prosecutors draw fixed salaries, whereas in the former Sind Province area they are paid on daily fee basis and the remuneration they earn is of a fluctuation nature dependent upon the number of days on which cases are conducted by them during a month. They are not paid fees for days on which they do no work.

(*b*) The maximum pay of a Public Prosecutor in the former Punjab Province area is Rs. 1,050 p. m. The maximum remuneration including pay, allowances and fees, earned by a Public Prosecutor in Sind area, e. g., the Public Prosecutor of Sanghar District, in the month of July 1965, was Rs. 1,180.46.

چودھری محمد نواز—جناب والا ۔ کیا وزیر متعلقہ بتا سکتے ہیں کہ کوئی ایسی تجویز حکومت کے زیر غور ہے جس کی بنا پر اس کو یکجا کر دیا جائے۔

وزیر قانون—جناب والا ۔ میں نے پہلے بھی حمزہ صاحب کے سوال کے جواب میں کہا ہے کہ یہ تجویز زیر غور ہے ۔ میں تو چاہتا ہوں کہ اس کو جلد یکجا کروں میں اس کے متعلق پہلے ہی بہت کوشش کر رہا ہوں ۔ میں انشا اللہ اس میں کامیاب ہوں گا ۔ جونہی مجھے Finance Department سے منظوری ملے گی ۔ میں اس کو ضرور طے کروں گا ۔

چودھری محمد نواز--جناب والا - کیا آپ وقت کا تعین کر سکتے ہیں کہ کتنے عرصے میں یہ طے ہو جائے گا -

وزیر قانون--جناب والا - میں وقت کا تعین نہیں کر سکتا - کیونکہ اس کا دارومدار شیخ مسعود صادق صاحب پر ہے -

---

SELECTION GRADE TO LABORATORY ASSISTANTS OF EDUCATION DEPARTMENT IN FORMER N. W. F. P.

***1426. Syed Inayat Ali Shah :** Will the Minister of Finance be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that the academic qualification prescribed for recruitment as Clerks and Laboratory Assistants in Education Department is Matriculation ;

(*b*) whether it is a fact that a uniform pay-scale was fixed for the officials mentioned in (a) above in former N. W. F. P;

(*c*) whether it is a fact that after Integration a selection grade has also been prescribed for Clerks but no such grade has been given to Laboratory Assistants ;

(*d*) if answer to (a) to (c) above be in the affirmative, reasons for this discrimination ?

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق)--(الف) جی ہاں -

(ب) جی ہاں -

(ج) جی نہیں -

(د) سوال پیدا نہیں ہوتا -

سید عنایت علی شاہ--جناب والا - جہاں تک میری معلومات کا تعلق ہے - سوال کے جزو "ج" کا جو جواب دیا گیا ہے - وہ ٹھیک نہیں - وہ One Unit بننے کے بعد ان کو Selection Grade دیا گیا تھا - مگر انہوں

نے جواب میں ''نہیں'' لکھا ہے ۔ کیا وزیر خزانہ صاحب اس سلسلے میں انکوائری کریں گے ؟

وزیر خزانہ۔جناب والا ۔ میں نے جو جواب دیا ہے ۔ وہ درست ہے ۔ میں دوبارہ اس جواب کو پڑھ دیتا ہوں ۔

(الف) جی ہاں ۔

(ب) جی ہاں ۔

(ج) جی نہیں ۔

(د) سوال پیدا نہیں ہوتا ۔

سید عنایت علی شاہ۔جناب والا ۔ میں نے ان کی خدمت میں یہ عرض کیا ہے کہ انہوں نے جزو ''ج'' کا جو جواب دیا ہے کہ ''جی نہیں'' یہ ٹھیک نہیں ہے ۔ حقیقت یہ ہے ۔ کہ One Unit بننے کے بعد کارکوں کو Selection Grade دیا گیا تھا ۔ مگر یہ اس کے جواب میں ''نہیں'' کہہ رہے ہیں ۔ اس کی وجہ کیا ہے ۔

وزیر خزانہ۔جناب والا ۔ میری عرض یہ ہے کہ جہاں تک ہمارے کاغذات کا تعلق ہے ۔ وہ بتاتے ہیں کہ جو کچھ میں کہتا ہوں وہ صحیح ہے کیونکہ Laboratory Assistant کی ۱۴-۱۰-۱۹۵۵ء کو جو تنخواہ کا scale تھا ۔ وہ ۶۰-۴-۱۰۰/۵-۱۲۰ روپے Matriculate کے لئے تھا ۔ اور ۵۰-۲-۸۰ روپے کا جو scale تھا ۔ وہ Non Matric کے لئے تھا ۔ جونیئر کلرک کا scale ۶۰-۴-۱۰۰/۵-۱۲۰ روپے ہے ۔ لیکن ۶۲-۱۲-۱ سے جب scale revise کیا گیا تو اس وقت Laboratory Assistant کا scale ۱۱۵-۵-۱۷۵ روپے صرف آئندہ Matriculate کی recruitment کے لئے تھا ۔ اور

Junior Clerk کا scale ۱۱۵-۵-۱۷۵ روپے صرف Matriculate کی recruitment کے لئے رکھا گیا ۔

سید عنایت علی شاہ—جناب والا ۔ مجھے اس پر اصرار ہے ۔ کیا وزیر خزانہ صاحب اس کے متعلق تحقیقات فرمائیں گے ؟

وزیر خزانہ—جی ہاں جناب ۔ میں دوبارہ پوچھ لونگا ۔

SUPPLEMENTARY BUDGET STATEMENT, 1965-66.

Mr. Speaker : Now we will have discussion on the Supplementary Budget Statement, 1965-66.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔ ۱)—جناب والا ۔ میں آج اپنے ان بھائیوں کے متعلق جنہیں جنگی بے گھر کہا جاتا ہے ۔ اس معزز ایوان میں اپنی گزارشات پیش کرنے کی جسارت کروں گا ۔ اگر موقع ملا اور آپ نے اجازت دی تو اس کے بعد میں ضمنی میزانیہ کے متعلق بھی اپنی گزارشات جناب شیخ مسعود صادق صاحب ۔ وزیر مالیات کی خدمت میں پیش کروں گا ۔

جناب والا—جن لوگوں ۔ جن بھائیوں اور جن پاکستانیوں کے متعلق میں آج کچھ کہہ رہا ہوں ان کی داستان ایک طویل داستان غم ہے ۔ یہ اندوہناک واقعات ہیں ۔ ایسے واقعات جن سے مجھے یقین ہے کہ اس ایوان کے معزز اراکین اور اس صوبہ کے عوام کماحقہ باخبر نہیں ہیں ۔

جناب والا ۔ میں ان لوگوں کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جو اپنا سب کچھ پاکستان پر نچھاور کر چکے ہیں ۔ میں ان لوگوں کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جن کی تمام متاع دشمن نے لوٹ لی ہے ۔ میں ان لوگوں کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جن کے گھر بار کو دشمن نے زمین کے ساتھ ہموار کر دیا ہے ۔ میں ان لوگوں

کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جو اپنے گھروں سے جب نکلے تو ننگے سر اور ننگے پاؤں نکلے ۔ میں ان لوگوں کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جن کی بہو بیٹیاں ننگے سر اور ننگے پاؤں کئی کئی میل پیدل چل کر محفوظ مقامات پر پہنچیں ۔ میں ان لوگوں کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جن کے گھر کے افراد قتل ہوئے ۔ اور میں ان لوگوں کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جن کی بہو بیٹیاں اس وقت بھی دشمن کے قبضہ میں ہیں ۔

جناب والا ۔ دنیاوی متاع ہر انسان کو عزیز ہوتی ہے ۔ مگر اس سے زیادہ عزیز عزت و ناموس ہوتی ہے ۔ میں ان لوگوں کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جنہوں نے نہ صرف اس دنیاوی متاع کو پاکستان پر قربان کیا بلکہ اپنی ناموس کو بھی پاکستان پر قربان کیا ۔ جناب والا ۔ میری گزارشات میں شاید تلخی ہو ۔ لیکن اس وقت میں ان لوگوں کے نمائندہ کی حیثیت سے ۔ ان کے خادم کی حیثیت سے اس ایوان کے سامنے ان کی دکھ بھری داستان پیش کرنے کے لئے کھڑا ہوا ہوں ۔ جو گزشتہ تین ماہ سے اندوھناک حالات سے دوچار ہیں اور اس کا پتہ صرف ان لوگوں کو ہی ہے ۔ جو ان حالات سے گزر رہے ہیں ۔

جناب والا ۔ مجھے نہایت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جن افسروں کے ذمے ان مصیبت زدگان کی دیکھ بھال کا کام سپرد تھا ۔ اور خاص کر خوراک بستر اور کپڑے مہیا کرنے کا ۔ وہ اپنے فرائض کی ادائیگی میں حد درجہ ناکام ثابت ہوئے ہیں ۔

جناب والا ۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے ۔ کہ جب جنگ سے بے گھر اور مصیبت زدہ مہاجروں کو کیمپوں میں بسانے کا فیصلہ کیا گیا ۔ اس

وقت ہمارے پاس لاہور اور سیالکوٹ کے تقریباً ۳ لاکھ بے گھر لوگ تھے ۔ چنانچہ سیالکوٹ کے معزز رکن اور میرے رفیق کار چودھری محمد سرور خان اس بات کی تصدیق و تائید کریں گے کہ ان کے حلقہ نیابت اور میرے حلقے کے لوگ زیادہ متاثر ہوئے ۔ اس لئے چودھری صاحب کو اور مجھے تو ان جنگی بے گھر لوگوں کی مصیبتوں کو قریب سے دیکھنے کا زیادہ موقع ملا ہے ۔ ہمیں ان کے سابقہ حالات کا بھی علم ہے ۔ کہ وہ کس آرام سے زندگی بسر کر رہے تھے اور اب ان کی پریشانیوں اور دکھوں کا بھی احساس ہے ۔ اگر اس موقع پر چودھری غلام سرور یا مجھ جیسے نمائندے جن کو ان مصیبت زدگان کی نمائندگی کا شرف حاصل ہوا ہے ۔ خاموش رہیں تو یہ ناقابل معافی جرم ہوگا ۔ ۲۳ ستمبر کو لاہور ۔ سیالکوٹ اور گوجرانوالہ میں جنگی بے گھر لوگوں کے لئے کیمپ کھولنے کا انتظام کیا گیا جس میں خوراک مہیا کرنے کا انتظام سب سے مقدم تھا ۔ میں نے ابتداء میں ہی ان افسروں کی خدمت میں یہ عرض کر دیا تھا کہ یہ سب باعزت اور خاندانی لوگ ہیں ان کو کیمپوں میں رہنا نا پسند ہے اس لئے ان کو کیمپوں کی بجائے جہاں جہاں یہ اپنے عزیزوں کے ہاں مقیم ہیں وہیں خوراک مہیا کر دی جائے ۔ مگر ہماری اس بات کو درخور اعتناء نہ سمجھا گیا ۔ عوام کی طرف سے ان کو دو ہفتوں تک کیمپوں میں خوراک دی گئی ۔ مگر ہم نے کہا کہ ان کو لوگوں کا دست نگر اور محتاج نہ بنایا جائے ۔ اور لوگوں کی شرافت اور مہمان نوازی پر زیادہ بوجھ نہ ڈالنا چاہیے ۔ بلکہ اس کی بجائے گورنمنٹ کو ان کی خوراک کا بندوبست کرنا چاہئے ۔ خیر بعد از خرابیٔ بسیار ہماری درخواست کو شرف قبولیت بخشا گیا ۔ اور فیصلہ یہ ہوا کہ ان لاکھوں بے گھر لوگوں کے لئے راشن کارڈ بنائے جائیں ۔ مگر اس میں لطف کی بات یہ تھی ۔ کہ اس وقت ان کارڈوں پر روپیہ خرچ کرنے کے لئے گورنمنٹ تیار نہ تھی ۔ یہ ایک چھوٹی سی اور

بالکل معمولی بات تھی ۔ آخر سیالکوٹ کی امدادی کمیٹی نے یہ کارڈ چھپوا کر ڈپٹی کمشنر صاحب کی خدمت میں پیش کر دیئے ۔ یہ بات یہیں ختم ہو جاتی تو بھی خیر تھی ۔ مگر افسروں نے جھگڑا شروع کر دیا کہ بہت سے جعلی کارڈ بن گئے ہیں مہاجروں کی یہ تعداد اتنی ہو نہیں سکتی ۔ چنانچہ حکم ہوا کہ پڑتال کی جائے ۔ جس پر پڑتال کنندگان نے یہ ستم ڈھایا کہ ۱۹۵۱ء کی مردم شماری کے Foot Note کو نہ پڑھا جس میں لکھا تھا کہ جموں کے مہاجر اس مردم شماری میں شامل نہیں ۔ کیونکہ ان کو غیر پاکستانی مہاجر ٹھہرا کر 3½ لاکھ آبادی کو مردم شماری میں شامل نہ کیا گیا تھا ۔ اتفاق سے یہ مہاجرین اس علاقے میں آباد کئے گئے جو اس وقت ہندوستان کے قبضے میں ہے ۔ اور کسی نے یہ نہ سوچا کہ یہ علاقہ جو ہندوستان کے قبضے میں ہے ۔ ریاست جموں کشمیر سے ملحق ہے ۔ اس لئے وہاں کے لوگوں کی بہت بڑی اکثریت اس علاقے میں آباد ہے ۔ اور ان مہاجرین کی ایک بہت بڑی اکثریت ہمارے پاکستانی بھائیوں کے ساتھ اس طرف آئی تھی ۔ چنانچہ کسی نے یہ نہ سوچا کہ ان کی تعداد کو بھی اس میں شامل کیا جائے ۔ اور لطف کی بات یہ ہے کہ جب ہم پوچھتے ہیں کہ بھئی بات کیا ہے ؟ کچھ تو ہمیں بھی بتاؤ ۔ تو بڑے بڑے افسروں سے لے کر چھوٹے افسروں تک ہمیں کچھ بتانے سے انکار کر دیتے ہیں ۔ معلوم نہیں کہ آخر اس گورکھ دھندے کی وجہ کیا ہے ۔ حکومت کیوں پریشان ہے اور افسران کیوں ہراساں ہیں ۔ اتفاق کی بات ہے کہ میرے محترم دوست جناب بچا صاحب پچھلے دنوں سیالکوٹ تشریف لے گئے ۔ ریسٹ ہاؤس میں اور دوستوں کے ساتھ میں بھی ان کے انتظار میں کھڑا تھا ۔ تو وہاں مجھے پتہ چلا کہ دراصل بات تو Census Report سے چلی تھی ۔ میں نے اپنے ضلع کے ڈپٹی کمشنر صاحب کو بتایا کہ بھئی Census Report میں سے ذرا

اس کا Foot Note بھی پڑھ لو ۔ اور یہ چیز پہلی جلد کے دیباچے سے بھی پڑھ لو کہ Census کس کس کی ہوئی ہے ؟ تو تب ان پر یہ عقدہ کھلا کہ جن لوگوں کے راشن کارڈ کاٹے جا رہے تھے وہ سب غلط کارروائی تھی ۔ اور ہرگز درست نہ تھی ۔ لیکن میں پوچھتا ہوں کہ اس افراتفری کی وجہ سے، جو لوگ کئی کئی دن تک بھوکے رہے یا مانگنے پر مجبور ہوئے ۔ اس کی ذمہداری کس پر ہے ؟

جناب والا ۔ آج بھی حالات یہ ہیں کہ نئے کارڈ بنانے کا کام بالکل بند ہے ۔ کیوں ؟ اس لئے کہ ابھی پڑتال باقی ہے ۔ اور وہاں آج بھی یہی حالت ہے ۔ اسی طرح میری اطلاع کے مطابق چند روز قبل تک لاہور میں ان جنگی بے گھر لوگوں کا راشن بند تھا ۔ (ایک آواز ۔ وہ تو اب بھی بند ہے ۔) یہ دیکھ لیجئے جناب ۔ میرے دوست کہہ رہےہیں کہ ابھی تک بند ہے ۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ جس روز پریذیڈنٹ صاحب وہاں تشریف لے گئے تھے ۔ صرف اس دن راشن کھولا گیا ۔ اور وہ بھی اس لئے کہ کہیں کوئی بھوکا بھوک کی تڑپ کی وجہ سے پریذیڈنٹ صاحب کے سامنے ان کی کارگزاری کا بھانڈا نہ پھوڑ دے ۔ اور میری اطلاع کے مطابق جناب دیا کیا جاتا ہے ۔ ہر بالغ کو چھ چھٹانک فی کس یومیہ آٹا ۔ اور ۱۲ سال تک کے بچے کو ۳ چھٹانک یومیہ آٹا اور اس کے ساتھ تھوڑی سی دال ۔ نمک مرچ وغیرہ اور تھوڑا سا گھی ۔ اور اس scale کی وجہ سے میرے ضلع کی حالت کیا ہے ؟ میں اسے بیان کرتا ہوں ۔ میں دوسرے اضلاع کے متعلق ذاتی معلومات نہیں رکھتا ۔ اس لئے بات نہیں کرتا ۔ میرے ضلع میں جنگی بے گھر خاندانوں کو ایک ہی بار ۱۵ دن کا راشن دے دیا جاتا ہے ۔ اور یہ اس واقعہ ہے کہ وہ ۱۵ دن کا راشن اس scale کی وجہ سے ۸ دن میں پا

زیادہ سے زیادہ ۱۰ دن میں ختم ہو جاتا ہے ۔ اور میں نے کئی بار اپنے ان دوستوں ۔ بزرگوں اور ان بڑے بڑے افسروں کی خدمت میں بھی عرض کیا ہے کہ بھائی اس scale کو revise کر دو ۔ لیکن مجھے ہر بار یہی جواب ملتا ہے کہ جب ہم فوج کو اسی scale کے مطابق راشن دیتے ہیں تو ان کو اس سے زیادہ کیسے دیں ۔ لیکن ان بزر جمہروں اور عقل کے اندھوں کو یہ معلوم نہیں کہ فوج کو چھ چھٹانک آٹے کے ساتھ اور کئی چیزیں خوراک کی صورت میں دی جاتی ہیں جن سے ان کا پیٹ بھر جاتا ہے ۔ لیکن ان بیچاروں نے صرف چھ چھٹانک آٹا ہی کھانا ہوتا ہے ۔ آج کون ہے جو اس ایوان میں دعویٰ کر سکے کہ ایک اچھے بھلے دیہاتی نوجوان کا پیٹ چھ چھٹانک آٹے سے بھر جاتا ہے ۔ یہ ہے ان کی ساری کارگزاری ۔

جناب والا ۔ جہاں تک خوراک کا مسئلہ ہے ۔ جہاں تک پارچات اور بستروں کا تعلق ہے ۔ یہ کہانی کچھ زیادہ ہی روح فرسا ہے ۔ اس سے قبل کہ میں حکومت کی کارگزاری کے متعلق کچھ عرض کروں ۔ میں یہ بھی اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ میں مغربی پاکستان اور خصوصیت سے کراچی کے ان تمام بھائیوں اور بہنوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کروں جنہوں نے اپنے ان بھائیوں اور بہنوں کی مصیبت کو اپنی مصیبت خیال کرتے ہوئے بے پناہ ایثار اور قربانی سے کام لیا ہے ۔ اور ہزاروں نہیں لاکھوں من گندم ۔ سینکڑوں نہیں ہزاروں بستر اور لحاف ۔ اور اسی طرح ہزاروں دیگر اشیا ان بے گھر لوگوں کے لئے مہیا کیں ۔ میں کراچی کے چند دوستوں کی دعوت پر جن میں حافظ حبیب اللہ صاحب خاص طور پر قابل ذکر ہیں ۔ اپنے چند رفقائے کار کے ساتھ جن میں سید مرید حسین

صاحب ایم - این - اے بھی شامل تھے - ۲۵ اکتوبر کو کراچی گیا - اور ایک ہفتہ وہاں ٹھہرا - چنانچہ میں اس موقع پر اپنے فرض میں کوتاہی کرونگا اگر میں اس ایوان میں کراچی کے ایک ایک بچے - ایک ایک فرد - ایک ایک مرد اور ایک ایک عورت کا شکریہ ادا نہ کروں - جنہوں نے ہماری آواز پر لبیک کہتے ہوئے ہم پر ان تحائف کی بارش کر دی - جن کی جنگی بے گھر لوگوں کو بے حد ضرورت تھی - خدا شاہد ہے کہ ان سات دنوں میں ہمارے اس وفد نے کراچی سے ۲۲ ویگن سامان سیالکوٹ کے لئے Book کرایا - اور وہ سلسلہ وہیں ختم نہ ہوا - بلکہ ہماری واپسی کے بعد بھی جاری رہا - چنانچہ وہاں سے کئی ایک ویگن میرے اپنے نام پر آئے - اور کئی ویگن ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کے نام پر آئے - بہرحال ہمارا انتظام یہ تھا کہ جو مال بھی آئے وہ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کو دے دیا جائے - تاکہ وہ Distribution Centres کے ذریعے کارڈوں پر عوام میں تقسیم کریں - میں اپنے ان دوستوں کا بھی بے حد شکر گزار ہوں جنہوں نے چکوال - جہلم - لائل پور اور ملتان وغیرہ - غرض ہر جگہ سے ہمیں سیدھا سیالکوٹ سامان بھجوایا -

جناب والا - اب میں اس سلسلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت نے کیا کام سر انجام دیا - جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے - سیالکوٹ اور لاہور کو ملا کر جنگی بے گھروں کی تعداد تین لاکھ افراد سے متجاوز ہے - جن میں سے کم و بیش دو لاکھ ضلع سیالکوٹ سے تعلق رکھتے ہیں - ان میں سے بعض لوگ اپنے رشتہ داروں کے ہاں کالونی کے اضلاع مثلاً سرگودھا - لائل پور - منٹگمری اور رحیم یار خاں بھی گئے ہیں - ان کی کچھ تعداد شیخوپورہ اور گوجرانوالہ کے کیمپوں میں بھی چلی گئی - لیکن اس کے باوجود ضلع سیالکوٹ میں آج سے

۱۵ دن پہلے یعنی جب تک یہ کارڈوں کے کاٹنے کی مہم شروع نہ ہوئی تھی ۔ وہاں ایک لاکھ ۲۳ ہزار افراد کارڈوں پر رجسٹر ہو چکے تھے ۔ اور میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اب صرف ۱۰ فیصدی افراد باقی ہیں ۔ اس لحاظ سے کم و بیش ڈیڑھ لاکھ جنگی بے گھر افراد ضلع سیالکوٹ میں موجود ہیں ۔ لیکن میری اطلاع کے مطابق ۔ جناب محترم خدا بخش صاحب وزیر تعلیم میری تائید فرمائیں گے ۔ کیونکہ دو ہفتہ پہلے ایک کالج کے function کے سلسلہ میں وہ سیالکوٹ تشریف لے گئے تھے ۔ وہاں کچھ سیاسی جماعتیں ہیں ۔ جنہوں نے وزیر صاحب کی خدمت میں سپاس نامہ پیش کیا تھا جس میں اس بات کی شکایت کی گئی تھی ۔ کہ یہاں بے شمار جنگی بے گھر خاندان ہیں اور ہر خاندان کو صرف ایک لحاف ملا ہے ۔ اس میں شک نہیں کہ ان میں ایسے خاندان بھی ہیں جن کو دو دو تین تین یا چار چار لحاف میسر آئے ہیں ۔ لیکن اس وقت بڑی تعداد ایسے لوگوں کی ہے جن کے کارڈوں پر صرف ایک لحاف درج ہے ۔ اس کے لئے ایک جلسہ بھی ہوا تھا ۔ جس میں میں بھی شریک تھا ۔ اس میں یہ مطالبہ کیا گیا تھا کہ لحافوں کی تقسیم اور ترسیل کا انتظام بہتر کیا جائے جب انہوں نے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ سے دریافت کیا تو معلوم ہؤا کہ ۲۴ یا ۲۵ تاریخ تک ۴۳ ہزار لحاف سیالکوٹ میں تقسیم ہو چکے ہیں ۔ ڈیڑھ لاکھ کی آبادی میں جب اتنے لحاف تقسیم ہوئے ہیں ۔ تو یہ ایک اور چار کی نسبت بنتی ہے ۔ بہر صورت اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جن کو ایک خاندان میں صرف ایک لحاف تقسیم ہوا ہے ۔ اور ایسے خاندان بھی ضرور ہیں جن میں سے ہر ایک کے لئے دو ۔ تین یا چار لحاف تقسیم ہوئے ہیں ۔ اس موسم میں جب کہ دسمبر کا وسط ہے وہ لوگ جن کے پاس گھر نہیں ۔ جن کے سر پر کوئی سایہ نہیں ۔ ہماری حکومت نے کوئی ایسا انتظام نہیں کیا جس سے ان کو سایہ میسر آ

سکے ۔ اگر لحاف دئے ہی گئے تھے تو کم از کم ہر ایک خاندان کو دو لحاف تو دئے جاتے ۔ اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ان کی حالت کیا ہے ۔ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ دوسرے اضلاع میں بھی ایسے لوگوں کی اس سے بہتر حالت نہیں ہوگی ۔ ۴۳ ہزار لحافوں میں سے ۱۶ ہزار لحاف وہ ہیں جو ہماری کوشش سے کراچی سے آئے ہیں ۔ کراچی والوں نے جو مال دیا ہے وہ تقریباً ۳۰ گاڑیاں تھیں ۔ ان میں یہ ۱۶ ہزار لحاف بھی شامل تھے ۔ اگر اس تعداد میں کراچی کے ۱۶ ہزار لحاف شامل نہ ہوتے جو غریب کارکنوں نے کراچی جا کر حاصل کئے ہیں ۔ تو آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ پھر تو ایک خاندان میں ایک لحاف بھی تقسیم نہ ہوتا ۔ اور اس میں حکومت کا جو حصہ ہے ۔ اگر اسے نکال دیا جائے تو باقی تمام وہ مال اور وہ ٹرک ہیں جو چکوال یا ملتان سے ٹرک آئے ہیں ۔ یا اسی طرح لائل پور سے آکر تقسیم ہوئے ہیں ۔ اب کون کونسے دوستوں نے یہ سامان بھیجا ہے ۔ میں تفصیل سے نہیں بتا سکتا ۔ بعض کے تو میں نام بھی نہیں جانتا ۔ نہ میں نے انہیں پہلے کبھی دیکھا ہے ۔ اور نہ ہی اس کے بعد انہیں دیکھا ۔ وہ لوگ ہماری امداد کو آئے تھے ۔ اگر اس امداد کو نکال دیں ۔ تو پھر آپ دیکھیں گے کہ اس کے علاوہ حکومت نے کیا کیا ہے ۔

جناب والا ۔ ہمیں کپڑے کی جتنی ضرورت ہے ہم نے اس کے مطابق مطالبہ کیا ہے ۔ ملک خدا بخش صاحب سے بھی مطالبہ کیا ہے ۔ اس سے پہلے مختلف افسروں کی خدمت میں بھی درخواست دی تھی کہ بھائی کورس کلاتھ کم سے کم ۶ گز فی کس کے حساب سے دیا جائے ۔ وہ لوگ تہ بند بنا لیں گے ۔ کرتہ بنا لیں گے یا پاجامہ اور شلوار بنا لیں گے ۔ لیکن کپڑا ایک گز فی کس بھی

نہیں دیا گیا ۔ کسی فرد واحد کو ایک گز موٹا کپڑا بھی نہیں ملا یوں تو gift کے طور پر پرانے کپڑے مختلف علاقوں سے پہنچے اور تقسیم ہوئے ۔ حالانکہ شروع سے ہی ہمارا یہ مطالبہ تھا کہ ان لوگوں کو یہ میلے کچیلے اور پھٹے پرانے کپڑے نہ دئے جائیں ۔ ایک ایک نیا جوڑا بنا دیا جائے ۔ یہ زمیندار لوگ ہیں اسے ہی دھو کر پہن لیں گے ۔ تعجب ہے کہ تین ماہ تک ان جنگی بے گھروں کو ایک گز کپڑا بھی نہیں دیا گیا ۔ اور لطف کی بات یہ ہے کہ اس کپڑے کے نہ ملنے کی ذمہ داری پرائیویٹ sources سے زیادہ ہمارے صوبے کی حکومت پر عائد ہوتی ہے ۔ سیالکوٹ سے ایک وفد کراچی گیا ۔ اس نے وہاں مل والوں سے ایک اجتماع میں درخواست کی ۔ اپنا دکھڑا سنایا اور رونا رویا جس پر ان کو کچھ رحم آ گیا ۔ چنانچہ انہوں نے سیالکوٹ کے لئے ۱۲ لاکھ گز کپڑا دینے کا وعدہ کیا ۔ لیکن ہمارے Relief Commissioner صاحب جو عوام اور ان جنگی بے گھروں کی دیکھ بھال کے ذمہ دار ہیں ۔ آڑے آئے ۔ اور کراچی میں نازل ہو گئے ۔ میں نے سمجھا کہ شاید وہ ہماری امداد کریں گے ۔ اس لئے میں نے ان کی خدمت میں عرض کیا کہ یہاں کچھ ایکسائز ڈیوٹی اور دوسرے ٹیکسوں کا مسئلہ درپیش ہے ۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بات نہیں ۔ سب ٹھیک ہو جائے گا ۔ ۲۶ یا ۲۷ تاریخ کو انہوں نے ایک میٹنگ بلائی ۔ اس میں سید مرید حسین صاحب بھی تھے ۔ وہاں جو حضرات تشریف لائے ان میں کراچی کی سوشل ورکرز خواتین بھی تھیں ۔ جن میں بیگم خلیق الزمان شامل تھیں ۔ جن لوگوں نے امداد کا وعدہ اور اس کا اعلان کیا تھا وہ بھی وہاں موجود تھے ۔ کمشنر صاحب نے ان کے سامنے مجھے کہا کہ سیالکوٹ کے لئے ۹ گز لاکھ کپڑا بھیجنے کا حکم دے دیا گیا ہے ۔ اور خاص طور پر مجھے مخاطب کرکے کہا کہ اب تمہیں تو اس کپڑے

کی ضرورت نہیں ۔ لہذا یہ کپڑا لاہور کمشنر کو بھیجا جائے گا ۔ میں حیران تھا کہ سیالکوٹ کو کپڑا کب اور کس وقت بھیجا گیا ۔ چار روز ہوئے میں وہاں تھا لیکن انہوں نے تسلی دی اور کہا کہ میرے چلے آنے کے فوراً بعد وہاں کپڑا بھیج دیا گیا تھا ۔ میں نے سوچا ٹھیک ہے ۔ میرے کراچی پہنچنے پر ممکن ہے بھیج دیا ہو ۔ چنانچہ سیالکوٹ کے لئے جو بارہ لاکھ گز کپڑا بھیجا جانا تھا وہ لاہور کمشنر کو بھیج دیا گیا ۔ اور جس کپڑے کے متعلق کہا گیا تھا کہ بھیجا جا چکا ہے ۔ وہ کپڑا آج تک نہیں ملا ۔ اس لئے ان لوگوں کے دلوں میں جنہوں نے ہم سے وعدہ کیا تھا ۔ یہ خیال پیدا ہو گیا کہ اب اس کی ضرورت نہیں ۔ یہ تاثر عام دیا جا رہا ہے ۔ ابھی مجھ سے پرسوں محترم عبدالقیوم خان صاحب نے جن کا تعلق کراچی سے ہے ۔ فرمایا کہ کراچی میں کوئی ایسا حکم کیا ہے ۔ کہ جنگی بے گھروں کے لئے کوئی ذاتی تحائف نہ بھیجے جائیں ۔ میں نے کہا ''مجھے اس کا علم نہیں،، یہ میں نے صرف ان کی information پر عرض کیا ہے ۔

بہر حال میں ذکر کر رہا تھا کہ یہاں آ کر میں نے سیالکوٹ ٹیلیفون کرکے پوچھا تو معلوم ہؤا کہ یہاں تو ۹۔لاکھ گز کپڑا نہیں پہنچا ۔ میں سخت پریشان ہؤا کہ یہ کیا ماجرا ہے اور اس کی وجہ کیا ہے ۔ چنانچہ سید مرید حسین شاہ صاحب ۔ میرے دوست چودھری محمد سرور خان صاحب اور میں ۲۔نومبر کو جناب Relief Commissioner صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے کہا کہ وہاں تو کوئی کپڑا نہیں پہنچا ۔ تو اس پر وہ لگے آئیں ۔ بائیں شائیں کرنے میں نے کہا کہ آخر ہم سے یہ کیا مذاق ہے ؟ آپ نے کراچی میں کہا تھا کہ سیالکوٹ ۹۔لاکھ گز کپڑا پہنچ گیا ہے ۔ لیکن وہاں ٹیلیفون کرنے پر معلوم ہوا ہے کہ وہاں کوئی کپڑا

نہیں پہنچا ۔ اور اگر پہنچا ہے تو وہ صرف ۶۰۔۷۰ گز چھینٹ کا کپڑا ہے جس کے لحاف بنتے ہیں ۔ میں نے ان سے نہایت ادب سے پوچھا (کیونکہ افسروں سے نہایت ادب ہی سے پیش آنا چاہئے ورنہ ان کی نازک مزاجی میں خلل پیدا ہو جاتا ہے) کہ جناب آپ مجھ سے یہ ارشاد فرمائیں کہ جنگی بے گھروں کی تعداد اب تک کتنی رجسٹر کی گئی ہے ۔ آپ ان کو کیا کچھ دے رہے ہیں اور کیا کچھ دینے کا ارادہ رکھتے ہیں تو اس پر وہ فرمانے لگے کہ یہ تمام باتیں خفیہ ہیں ۔ گورنمنٹ نے فیصلہ کیا ہے کہ اس قسم کی information کسی کو نہ دی جائے ۔ لہذا آپ لوگ ہمارے ساتھ co-operate کریں ۔ میں نے کہا جناب ۔ co operate کس کے ساتھ کریں ۔ ہمیں نہ آپ کے پروگرام کا پتہ ہے اور نہ ہی آپ کی ضروریات کا علم ہے ۔ ہمیں تو یہ بھی معلوم نہیں کہ آپ کی ضروریات کس قسم کی ہیں ۔ سید مرید حسین شاہ سرکاری پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں ۔ وہ ایم۔این۔اے ہیں ۔ ان کو غصہ آ گیا اور انہوں نے کہا کہ ہمارے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے ۔ ویسے میں نے اپنے ساتھ تو کوئی زیادتی نہ سمجھی کیونکہ میں تو ان باتوں کا عادی ہوں لیکن مرید حسین شاہ صاحب سے جن کا اپنا آبائی گاؤں اس وقت ہندوستان کے قبضہ میں ہے اور ان کے چچازاد اور خالہ‌زاد بھائی بہن وہاں سے اسی طرح آئے ہیں جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے ۔ اس طرح کچھ تلخ باتیں بھی ہوگئیں ۔ میں تو خدا کا شکر ادا کرکے لاہور آ گیا ۔ چلئے اگر معاملہ یہیں تک رہتا تو ٹھیک تھا ۔ یعنی ایک غلط اطلاع کی وجہ سے معطی حضرات پر غلط impression یہ بیٹھا کہ ان کو محض لوٹا گیا ہے ۔ لیکن میں اس ایوان میں پوری ذمہ داری کے ساتھ کہتا ہوں کہ آج تک چھینٹ وغیرہ ملا کر (جس سے لحاف بنائے جاتے ہیں) سیالکوٹ میں ۲۔لاکھ گز سے زیادہ کپڑا

نہیں گیا ۔ ڈیڑھ ماہ بعد Relief Commissioner صاحب فرماتے ہیں ۔
اتفاق سے میرے پاس وہ کاغذ موجود ہے جس میں وہ فرماتے ہیں ۔

"..... A deputation from Sialkot desired that the whole of this cloth.. .....

یعنی 12½ لاکھ گز

.. ..should be sent to Sialkot because they had requested for this cloth primarily for that place. The Relief Commissioner intimated that about nine lac yards of cloth had been ordered to be purchased from Lyallpur for being sent to Sialkot. All despatches should, therefor, be sent to Commissioner, Lahore, who is the co-ordinating authority and will send this cloth to places where it is mostly needed."

یہ اس کی روئداد ہے ۔ شاید اس سے مفر نہ ہو ۔ تو جناب والا۔میں لاہور کے کمشنر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا ۔ چودھری سرور صاحب تو اتنے دل برداشتہ ہوئے کہ وہ میرے ساتھ نہ آئے ۔ لیکن میں اور سید مرید حسین شاہ ضرورت سے زیادہ ڈھیٹ نکلے ۔ چنانچہ ہم نے ان سے جا کر کہا کہ وہاں کیا ہوا اور کیا نہ ہوا ۔ انہوں نے ہم لوگوں پر ایک لیکچر پلایا (یہ بھی ایک طریقہ ہے جناب کہ دوسرے کی سننے کے بعد اس کو ایک لیکچر پلا دیا جائے) بجائے اس کے کہ وہ ہماری کچھ دلجوئی کرتے ۔ ہم سے کہنے لگے کہ آپ Relief Commissioner سے پوچھئے ۔ اگر جناب یہ سب کچھ secret رہتا تو ٹھیک تھا ۔ اس کے بعد میں نے ایک ہلکی سی Press Conference کی اور اگلے روز اخبارات میں ایک statement دیدی اور اس میں میں نے ان چیزوں کو نہایت ادب سے اور میٹھے الفاظ میں پیش کر دیا کہ جنگی بے گھروں کی حالت ناگفتہ بہ ہے ۔ حالات نازک ہیں ۔ اس لئے گورنمنٹ کو کچھ کرنا چاہیے ۔ تو جناب وہ secret information جو ایک ایم ۔ این ۔ اے اور اور ایک ایم ۔ پی ۔ اے کو جن کی اپنی کانسٹو ٹیونسی ان مصیبتوں کا شکار ہے تو نہ دی گئی لیکن اس کے لئے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی ایک پریس کانفرنس بلائی گئی اور گیارہ تاریخ کو جو الزامات میں نے

لگائے تھے - ان کی تردید کرنے کی سعی لا حاصل کی گئی - اس میں اعداد و شمار بھی دئے گئے - وہی چیز جو ہم دفتر کے اندر بیٹھ کر مانگتے ہیں وہ ہم کو نہیں دی جاتی - باوجود اس کے کہ ہم ان جنگی بے گھروں کے نمائندے ہیں - لیکن وہ پریس کے حوالے کر دی جاتی ہے -

جناب والا - اگر اسی پر اکتفا ہوتی تو کوئی بات نہ تھی - اگر حالات روبہ اصلاح ہو جاتے تو میں آج یہاں تلخ نوائی پر مجبور نہ ہوتا - ایک ماہ گزر چکا ہے - دو بار میں پریس کو deal کر چکا ہوں - پریس کے ذریعے اس کی کسی نہ کسی طرح تردید کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے - پچھلے مہینہ کی ۲۴ - تاریخ کو بھی چھ سیاسی جماعتوں نے جن میں سرکاری پارٹی بھی شامل تھی - سیالکوٹ میں بچہ صاحب کی خدمت میں یہ مطالبہ کیا کہ جو امداد آپ دے رہے ہیں ---

Mr. Speaker : The member may please try to conclude.

Khawaja Muhammad Safdar : I am fully conscious of the time factor Sir.

Mr. Speaker : I appreciate the member's difficulty but he will appreciate my difficulty also.

خواجہ محمد صفدر--بالکل ٹھیک ہے جناب - اب میں اس کو wind up کرتا ہوں -

وزیر ریلوے (ملک محمد حیات خان تمن)--خواجہ صاحب نے بڑی بوگس تقریر کی ہے جناب -

خواجہ محمد صفدر--تو جناب والا - اس ضمن میں آپ کے ارشاد کے مطابق میں زیادہ وقت نہیں لوں گا - لیکن میں یہ گذارش کرونگا کہ ہم بہت دکھی ہیں - ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے ان دکھوں کا مداوا

اور علاج کیا جائے ۔ ہم کسی کو ناجائز طور پر تنگ نہیں کرنا چاہتے ۔ لیکن میں یہ ضرور عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس ٹھٹھرتی سردی میں ان لوگوں کے حالات پر غور کیا جائے جن کے پاس بستر نہیں ۔ جن کے پاس پہننے کے کپڑے نہیں ۔ اور جن کے پاس پیٹ بھرنے کو روٹی نہیں ۔ ان کے حالات پر غور کیجئیے ۔ ان کے حالات پر ذرا توجہ دیجئیے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ اب تک توجہ کیوں نہیں دی گئی مجھے افسوس ہے کہ جناب وزیر متعلقہ اور کچھ دوسرے وزراء صاحبان باہر چلے گئے ہیں ۔ اصل میں بات یہ ہے کہ ہمارے افسروں کا قصور نہیں ۔ یہ سب ہمارے ان وزراء کا قصور ہے ۔ کیونکہ وہ ان افسروں کو لگام دیکر نہیں رکھتے ۔ اگر ہمارے وزیر مال (جن کے پاس Relief کا محکمہ ہے) کے پہلو میں ایک درد بھرا دل ہوتا تو وہ یقیناً کم از کم اتنا ضرور کرتے کہ لاہور ۔ گوجرانوالہ ۔ سیالکوٹ اور شیخوپورہ کے سینٹروں میں تشریف لیجاتے ۔ کسی گھر میں جا کر وہاں دکھی دل انسانوں کی فریاد سنتے ۔ لیکن افسوس کہ ان کے سینے میں دل کی بجائے پتھر کا ٹکڑا ہے ۔ انہوں نے اپنے فرض کو فرض منصبی ہی نہیں سمجھا بلکہ یہ سمجھا کہ جو کچھ ہو رہا ہے ٹھیک ہو رہا ہے ۔ ان کی بلا سے ۔ اس کا نتیجہ یہی تو ہونا تھا ۔ Relief Commissioner صاحب نے کبھی یہ نہ سوچا کہ یہ ساڑھے تین لاکھ انسان ہمارے بھائی ہیں ۔ بہتر ہوتا اگر لاہور ڈویژن کے کمشنر اس مسئلہ کو در خور اعتناء سمجھتے ۔ اگر وزیر مال صاحب کے دل میں درد ہوتا تو صورت حال اور ہوتی ۔ مگر یہ دورہ کرتے ہیں تو صرف بنوں کا کرتے ہیں ۔ کیا یہ اپنے آپ کو صرف بنوں کا وزیر سمجھتے ہیں ؟ یہ تو سارے مغربی پاکستان کے وزیر ہیں ۔ اس حکومت نے ان کے ذمے اعلیٰ عہدے لگائے ہوئے ہیں ۔ اور ان کے ذمے انسانوں کی فلاح و بہبود کا فرض ہے ۔ لیکن جب ان کو ساڑھے تین

لاکھ انسانوں کی بہبود کی پروا نہیں تو وہ پانچ کروڑ انسانوں کی کیا پروا کرینگے ۔ جب کبھی دیکھیں وزیر مال صاحب بنوں جا رہے ہوتے ہیں ۔ خدا جانے ۔ مال کے محکمے کا ہیڈ کوارٹر وہاں چلا گیا ہے ۔ یا وہاں انہوں نے کوئی Relief Centre کھول رکھا ہے ۔ اگر انہیں Relief کے محکمے کا کام بوجھ معلوم ہوتا ہے ۔ تو وہ گورنر صاحب سے کہہ دیں کہ جس شخص کے دل میں درد ہو یہ کام اسے دیدیں ۔ ان کو اپنے فرائض پہچاننے چاہئیں ۔ میں ان سے مخاطب ہوں ۔ میرا تعلق Relief Commissioner سے نہیں ۔ لاہور ڈویژن سے ۔ ڈی سی سیالکوٹ ۔ گوجرانوالہ یا شیخوپورہ سے میرا کوئی تعلق نہیں ۔ میرا تعلق تو ان سے ہے ۔ میں اس اسمبلی میں بیٹھ کر ان سے سوال پوچھکر جواب لے سکتا ہوں ان کو میرے سوال کا جواب دینا ہوگا ۔ آخر یہ تین مہینوں کی کوتاہیاں ہیں ۔ میں انہیں کس کے کھاتے میں ڈالوں ۔ یہ کس کے ذمے ڈالی جائیں ۔ میں یہ تین ماہ کی بربادی اور یہ تین ماہ کی اندوہناک کہانی کس کے ذمہ ڈالوں ۔ اگر یہ وزیر اس ایوان کے ووٹوں سے بنائے گئے ہوتے تو میں پہلا شخص ہوتا جو ان کے خلاف قرار داد لاتا اور کہتا کہ یہ نااہل ہیں ۔ ان کو نکال دیا جائے ۔ لیکن میرے لئے کچھ آئینی مجبوریاں ہیں ۔ یہ ہمارے نمائندے نہیں ۔ یہ تو گورنر صاحب کے نمائندے ہیں ۔ میں اس ایوان کے ذریعے گورنر صاحب کو اپنی یہ بات پہنچانی چاہتا ہوں کہ آپ کے منتخب شدہ وزیر اپنے فرض میں صرف کوتاہی نہیں بلکہ مجرمانہ غفلت کے مرتکب ہو رہے ہیں ۔ ان کو یا تو وزارت سے سبکدوش کر دیا جائے یا ان سے یہ محکمہ لے لیا جائے ۔

جناب والا ۔ میں اس ایوان میں آج پھر ان مطالبات کو دہراتا ہوں جو ملک خدا بخش بچہ صاحب کے سامنے سیالکوٹ میں پچھلے ماہ کے آخری ہفتہ میں دہرائے گئے تھے ۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ جہاں

تک لحافوں کا تعلق ہے وہ ہر بالغ فرد کو یعنی جنگی بے گھروں کو دئیے جائیں بلکہ بسترے تک مہیا کئے جائیں ۔ میں چاہتا ہوں کہ ان کے ہر فرد کو ۱۲ گز کپڑا دیا جائے تاکہ مرد اپنا کرتہ یا تہبند بنوا سکے اور عورت اپنے اوڑھنے کے لئے چادر بنوا سکے ۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ راشن ۶ چھٹانک کی بجائے ۸ چھٹانک کر دیا جائے اور نابالغوں کے لئے ۳ سے ۴ چھٹانک کر دیا جائے ۔

آخر میں میں اس وعدے کا ذکر کرنا چاہتا ہوں جو گورنر صاحب دو بار سیالکوٹ جا کر ہماری دکھ بھری کہانی سننے کے بعد وہاں فرما آئے ہیں ۔ میں چاہتا ہوں کہ اس کو جلد از جلد پورا کیا جائے ۔ ان جنگی بے گھروں کی مستقل آباد کاری کی جائے اور اس کے لئے جلد از جلد مناسب انتظامات کئے جائیں ۔

جناب والا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

چودھری محمد سرور خان (سیالکوٹ ۔ ۳)۔۔جناب سپیکر ۔ سب سے پہلے میں وزیر خزانہ صاحب کا شکریہ ادا کروں ۔ جنہوں نے ضمنی بجٹ پیش کرکے میرے لئے کچھ اپنے ضلعے اور اپنے علاقے کے حالات بتانے کا موقع پیدا کیا ہے ۔ میں ان کا اس لئے بھی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اپنی بجٹ تقریر میں قوم کے ان احساسات اور اس تعاون کا ذکر کرکے ایک احساس بر تری پیدا کیا جس کے بارے میں انہوں نے فرمایا ہے کہ نئے ٹیکس اس لئے نہیں لگائے گئے کہ عوام نے جنگی سامان اور جنگی ضروریات کی فراہمی میں کماحقہ حصہ لیا ہے ۔

جناب والا ۔ یہ تحسین و آفرین قوم میں یقیناً احساس برتری پیدا کرنے کا موجب ہوگی ۔ یہ قوم جس کے لئے انہوں نے کوئی نیا ٹیکس تجویز نہیں کیا ۔ وہ قوم ہے جس کی ہمت ۔ شجاعت ۔ الوالعزمی ۔

عزم راست ۔ علم ۔ تدبر ۔ ایفائے عہد نے دنیا کی تاریخ میں ایک زرین باب کا اضافہ کیا ہے ۔ جس کی مسلح افواج کے کمانڈروں نے دنیا کے نامور جرنیلوں کی تعداد میں اضافہ کیا اور جس کی سپاہ نے دنیا پر پاکستانی اور بالخصوص مسلمان سپاہیوں کی اہلیت ۔ اہمیت اور حقیقت روشن کر دی ہے ۔

جناب والا ۔ یہ وہ قوم ہے جس نے معرکہ حق اور دین محمد کی لاج رکھ لی ۔ یہ وہ قوم ہے جس نے رزم حق و باطل میں جذبۂ توحید سے سرشار ہو کر اپنی ایسی کایا پلٹ دی کہ دنیا تو درکنار دشمن بھی حیران اور ششدر رہ گئے ۔ اس قوم نے نہ صرف پاکستان کی بلکہ دنیائے اسلام کی بھی خدمت کی ہے ۔ اور وہ جری مجاہد لوگ جن کی لڑائی کا حال میں نے اپنی آنکھوں سے بعض مقامات پر دیکھا ہے ۔ میں چاہتا ہوں کہ سب سے پہلے ان کو ہدیۂ عقیدت پیش کروں ۔

جناب والا ۔ وہ مائیں مبارک ہیں جنہوں نے ایسے جری سپوت پیدا کئے ۔ اور وہ بہنیں بھی قابل ستائش ہیں جو ان بہادر اور جری مجاہدوں کی ہمشیر بنیں ۔ اور جناب والا ۔ وہ باپ جنہوں نے ایسے صف شکن ۔ توپ شکن اور جوانمرد سپوت پیدا کئے ۔ وہ بستیاں جن میں یہ پروان چڑھے اور وہ درسگاہیں جہاں انہوں نے تعلیم حاصل کی اور ملی جذبہ اور جذبہ حریت سے سرشار ہوئے ۔ سب قابل تحسین ہیں ۔ وہ قوم بہت قابل مبارکباد ہے جس کے یہ افراد ہیں اور وہ خاک بھی قابل مبارکباد ہے جس سے ان کا خمیر اٹھا ۔ جناب والا ۔ وہ مورچے اور بارکین جن میں وہ کامرانی کے بعد آئے اور وہ صفحات قرطاس جن پر ان کی سوانعمریاں ۔ ان کی تصانیف ۔ ان کی خبریں اور ان کی زندگی کی داستانیں چھپیں ۔ وہ بھی قابل مبارکباد ہیں ۔ جناب والا ۔ وہ قبریں بھی مبارکباد ہیں جن کی مٹی میں یہ موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالنے والے شہید

سمائے ۔ اور حضور والا ۔ وہ شہید جنہوں نے اپنی جان کو قربان کرکے اپنے وطن کی آن کو قائم رکھا اور خود دین و دنیا اور ملک و ملت کے سامنے سرخ روئی حاصل کی ۔ جناب والا ۔ یہ سب لوگ زندہ ہیں ۔ یہ غازی بھی زندہ ہیں ۔ اور یہ شہید بھی زندہ ہیں ۔ یہ تاریخ کے لوگ یہ پاکستان کی عظمت اور سطوت و ہیبت کے نشان ہیں ۔ اور زمانہ ان کو تاریخ سے محو نہیں کر سکتا ۔

میں اس قوم کی داستان شجاعت بیان کر رہا تھا ۔ جس کے گورنر نے طبل جنگ سنتے ہی محفوظ ترین مقام کو چھوڑا اور گولیوں کی بوچھاڑ کے نیچے آ کر اپنا مسکن سجایا ۔ (تحسین و آفرین) ۔ اور لاہور و اہل لاہور کے عزم و ہمت اور جذبۂ جہاد کو جلا دی ۔ مگر کمزوروں اور بزدلوں کو سزا دی ۔

جناب والا ۔ لاہور پاکستان کا قلب ہے ۔ پاکستان کی تحریک کا گہوارہ ہے ۔ یہ ہمارے تمدن و تہذیب کا گہوارہ ہے ۔ ہماری تاریخ ہمارے علوم و فنون اور ہمارے علم و ادب ۔ ان سب چیزوں کا گہوارہ ہے ۔ میں یہ محسوس کرتا ہوں اور مجھے ایمان کی حد تک یقین ہے کہ گورنر صاحب ہماری پوری قوم اور تاریخ کی مبارکباد کے مستحق ہیں جنہوں نے ایسے وقت یہاں آ کر ہمارے حساس اور تاریخ کو بچانے میں نمایاں کردار ادا کیا ۔ (تحسین و آفرین) ۔ نظم و نسق میں صلاحیت کو تیزتر کر کے ایسے جنگی امور کے مطابق پورا کیا ۔ اور ولایت لاہور کے نظم و نسق اور عامتہ الناس کی زندگی میں ربط قائم رکھا ۔ اور ایسا کیوں نہ ہوتا ۔

پیر مغاں کے پاس وہ دارو ہے جس سے ذوق
نامرد ۔ مرد ۔ مرد ۔ جوان مرد ہو گیا ۔

(تحسین و آفرین)

جناب والا ۔ میں اس قوم کا ذکر کر رہا تھا جس کے اخبار نویسوں نے اپنے علم و فضل، ادیبوں نے اپنے زور قلم، شاعروں نے اپنے شعر و سخن اور مغنیوں نے اپنے راگ اور نغمہ سے قوم کے جذبات اور قوم کی روح اور قلب کو اسقدر جگایا کہ پوری قوم دشمن کے مقابلہ میں جہاد کرنے کے لئے شعلہ جوالہ بن گئی ۔ (تحسین و آفرین) ۔ یہ سب لوگ تحسین اور مبارک باد کے مستحق ھیں ۔

میں اس قوم کا ذکر کر رہا تھا جس کی حزب مخالف نے اجتماعی مفاد کے لیے اپنے آپ کو حزب اقتدار سے اس طرح منسلک کیا کہ دشمن باوجود انتہائی کوشش کے دونوں میں کوئی رخنہ تلاش نہ کر سکا ۔ جناب والا ۔ یہ سب لوگ جذبۂ ملی اور جذبۂ حب الوطنی سے سرشار تھے ۔ اور ان سب کی کارکردگی لائق تحسین ھے ۔

حضور والا ۔ اب میں Civil Administration کی طرف آتے ہوئے سب سے پہلے محکمہ ریلوے کا ذکر کروں گا ۔ اس محکمہ نے بالخصوص جنگی علاقوں میں نہ صرف دفاعی ضروریات میں اپنے آپ کو قابل اطمینان محسوس کرایا ۔ بلکہ بے خانماں اور مفلوک الحال لوگوں کے نقل و حمل میں بھی کماحقہ کردار ادا کیا ۔ (تحسین و آفرین) ۔ مجھے اس بات کا بھی اعتراف ھے کہ ان حالات میں ، ان وقتوں میں ریلوے کے غیر مسلح ملازموں نے جنگی سرحدوں کے نزدیک اپنے فرائض نہایت خوش اسلوبی سے ادا کیے ھیں ۔ اور کوئی ایسی جگہ میرے سننے میں نہیں آئی جہاں کسی ریلوے ملازم نے اپنی ڈیوٹی کی جگہ چھوڑ کر اپنی جان کی حفاظت کے لیے اپنے فرض کو پس پشت ڈالا ھو ۔ میں اس کے لیے صرف ریلوے کے وزیر جناب ملک محمد حیات تمن صاحب کو ھی قابل مبارکباد نہیں سمجھتا بلکہ میرے نزدیک اس محکمہ کے نچلے ملازموں سے لے کر اعلیٰ افسروں تک سب کی کارکردگی لائق تحسین ھے ۔

جناب والا ۔ اب میں ان جنگی بے خانماں لوگوں کی طرف آتا ہوں ۔ جن کے ساتھ گورنر صاحب نے ایک شفیق باپ سے بڑھ کر سلوک کیا ہے ۔ اور جن کی داستان غم سن کر انہیں اپنی مخصوص روایات کے پیش نظر عزت افزائی کے طور پر متبادل زمینوں پر بسانے کا اہتمام فرمایا ہے ۔

جناب والا ۔ ان کے متعلق کچھ بیان کرنے کے سلسلے میں خواجہ محمد صفدر صاحب نے میرے پاس کوئی الفاظ نہیں چھوڑے ۔ جب میں ان لوگوں، ان غریبوں کی طرف دیکھتا ہوں جن کی امید زار پڑی کراہ رہی ہے ۔ تو جناب ۔

جی میں آتا ہے لگا دوں آگ کوہ طور کو
پھر خیال آتا ہے موسیٰ بے وطن ہو جائے گا

مجھے ان کی حالت دیکھ کر بے حد افسوس ہوتا ہے ۔ مجھے بے حد احترام ہے مسٹر آئی یو خان صاحب کا ۔ لیکن میں یہاں اُن سے چند سوال کیے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ کیا وہ مطمئن ہیں کہ ان لوگوں کی آباد کاری ان کی ذاتی ضرورت کے مطابق ہو رہی ہے ۔ مجھے ان سے یہ سوال بھی کرنا ہے کہ کیا یہ حقیقت نہیں کہ ان کے راشن کارڈوں پر آٹے کے علاوہ گھی وغیرہ کا بھی غلط اندراج کیا جاتا ہے ۔ اور آٹے کے علاوہ ان مہاجروں کو اور کیا کیا چیز دی گئی ہے؟ مجھے ان سے یہ بھی پوچھنا ہے کہ کیا یہ آرڈر کہ وہ ۳۰ تاریخ تک جن کیمپوں میں ہیں وہاں اپنے اندراج کرالیں ان کے لئے باعث زحمت نہیں ہؤا ؟ وہ شیخوپورہ اور کیمبلپور سے بھاگتے ہوئے اپنے تحصیلدار کے پاس گئے ۔ تحصیلدار نے ڈی سی کے پاس بھیجا ۔ اس نے لاہور بھیجا ۔ لاہور والوں نے سیالکوٹ بھیجا ۔ انہوں نے کہا کہ تم شیخوپورہ میں رہتے ہو اس لئے وہاں

جاؤ ۔ وہاں سے حکم ملا نہیں تم لاہور جاؤ ۔ میں ان افسران سے پوچھتا ہوں ۔ کیا ان بے خانماں اور مظلوم افراد کی آباد کاری کا یہ طریقہ مناسب تھا ؟ کیا اس سے ان کی عزت افزائی ہوئی ؟ کیا یہ طریقہ معقول تھا ؟ میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ گورنر صاحب نے ان سے شفیق باپ سے بڑھ کر سلوک کیا اور انہیں ناپاک زندگی سے بچا لیا ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں وزیر تعلیم صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آباد کاری کے مسئلہ میں سب سے زیادہ اہم ضرورت یہ تھی ۔ جس کی طرف میں نے ان کی کئی بار توجہ دلائی ۔ یعنی یہ کہ ان برباد لوگوں کے لڑکے لڑکیاں جو طلبا اور طالبات ہیں اور Higher Education یا Technical Education حاصل کر رہے ہیں ۔ انہیں کچھ امداد دی جائے ۔ ان کو خوراک کپڑے فیسوں اور کتابوں وغیرہ کا خرچ دینا چاہئیے ۔ مجھے معلوم ہے کہ وزیر تعلیم صاحب نے اس کے لئے ایک ڈی ۔ او بھی لکھی ۔ مگر شائد بعض ناگزیر وجوہات کی بنا پر اس کے متعلق کچھ نہ ہو سکا ہو ۔ میرا مطالبہ صرف اتنا ہے ۔ کہ وہ محکمہ تعلیم کو ایک سرکلر لکھ دیں کہ فیسوں کے نہ ہونے کی وجہ سے ان طالب علموں اور طالبات کے داخلوں کو نہ روکا جائے ۔ وہ محکمہ کی تسلی کرا دیں ۔ کہ ان طالب علموں کی جتنی فیسیں بقایا ہوں گی گورنمنٹ اس کو ادا کر دے گی ۔

آخر میں جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ دوسری صدی ہجری میں اس ملک اور اس برعظیم میں مسلمانوں نے آکر جہاد کی بنا رکھی ۔ اور اس ملک میں معرکہ حق و باطل کا آغاز کیا اس کے بعد ۱۰۰۱ء اور پھر ۱۵۲۷ء میں مسلمانوں نے کفار کے مقابلہ میں جہاد کیا ۔ اس کے بعد آخری معرکہ کفر و ایمان ۱۷۶۱ء میں احمد شاہ ابدالی کے ذریعے سر انجام پایا ۔ اس برعظیم کی تاریخ پر نظر ڈالنے سے

مجھ پر ایک نئی بات روشن ہوئی ہے - اور وہ یہ ہے کہ آج تک اس برعظیم میں جتنی لڑائیاں کفر و اسلام کے درمیان ہوئی ہیں - وہ سب کی سب غیر ملکی مسلمانوں اور اس برعظیم کے کافروں کے درمیان ہوئی ہیں - اور اب یہ سعادت صدر ایوب خان کے حصہ میں آئی ہے کہ اس برعظیم کے مسلمانوں نے یہاں کے کافروں کے مقابلہ میں جہاد کیا اور کفر پر فتح حاصل کی- (تحسین و آفرین) -

جناب والا - میں ایک اور عرض ان خانماں برباد لوگوں کے بارے میں یہ کرنا چاہتا ہوں - کہ حکومت کو یہ بھی چاہئے - کہ ملک کے کارخانوں سے اور دفتر روزگار سے اعداد و شمار فراہم کرے - اور یہ معلوم کرے کہ جنگ سے متاثرہ بے گھر لوگوں کو آج تک کتنی ملازمتیں مہیا کی گئی ہیں - حکومت کو یہ بھی چاہئے - کہ وہ ان بے گھر لوگوں کو زیادہ سے زیادہ روزگار مہیا کرے - اگر ابھی تک حکومت نے اس طرف توجہ نہ بھی دی ہو - تو بھی یہ بعد از وقت نہ ہوگا - اسے چاہئے کہ وہ اب بھی اس امر کی طرف توجہ منعطف کرے - اور تمام کارخانوں اور نجی اداروں میں ان لوگوں کو ملازمتیں دلوائے - بالخصوص ان طلبا کو ان اداروں میں ملازمتیں دلوائے - جو اس حملے کی وجہ سے تباہ حال حالت میں ہیں - کیونکہ ان بے گھر لوگوں کو اس وقت ایک ایک کوڑی کی انتہائی ضرورت ہے -

جناب والا - آخر میں میں جناب خواجہ محمد صفدر صاحب کی وہ بات دہرائے بغیر نہیں رہ سکتا - کیونکہ میں بھی اس بات کو شدت سے محسوس کرتا ہوں - کہ قائد ایوان خان حبیب اللہ خان کو چاہئے تھا - کہ جس طرح سیالکوٹ کے محاذ پر جناب گورنر صاحب تشریف لے گئے - محمد حیات خان صاحب بھی وہاں گئے -

میاں محمد یاسین خان وٹو صاحب گئے اور شیخ مسعود صادق صاحب بھی تشریف لے گئے ۔ اسی طرح انہیں بھی سیالکوٹ جانا چاہئے تھا ۔ ہم بالخصوص شیخ مسعود صادق صاحب کے شکر گزار ہیں اور اس شکریے کی ادائیگی میں وہاں کے سولہ لاکھ عوام میرے ہمنوا ہیں ۔ کیونکہ جن دنوں سیالکوٹ پر زمین اور آسمان سے آگ برس رہی تھی ۔ اور جن دنوں ہمارے گھر ہمیں اور ہم اپنے گھروں کو مایوسی کی نظروں سے دیکھتے تھے ۔ وہ وہاں پر تشریف لائے ۔ ہم ان کے اس جذبہ وفا کے لئے بیحد مشکور ہیں ۔ چنانچہ میں بھی ان سولہ لاکھ عوام کی طرف سے ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ اور اس کے ساتھ ہی ساتھ میں یہ بھی محسوس کرتا ہوں ۔ کہ گورنر کی Cabinet کے چیف منسٹر ہونے کی حیثیت سے انہیں وہاں جانا چاہئے تھا ۔ مگر وہاں جانا تو درکنار انہوں نے ہمارے متعلق ایک بیان تک دینے کی زحمت گوارا نہ فرمائی ۔ جس سے ہماری تسلی ہوتی اور جو ہماری حوصلہ افزائی اور تسکین کا باعث ہوتا ۔

ملک معراج خالد (لاہور ۔ ۵)۔جناب والا ۔ اپنے محترم دوستوں خواجہ محمد صفدر صاحب اور چودھری محمد سرور خان صاحب کی جانب سے جو آوازیں بلند کی گئی ہیں ۔ ان کو سننے کے بعد مجھے یہ خطرہ لاحق ہو گیا ہے ۔ کہ کہیں ارباب اختیار اس بات کی کوشش نہ کریں ۔ کہ وہ ہمیں یہ منوائیں ۔ کہ جو واقعات ان کی رپورٹوں میں پیش کئے گئے ہیں ۔ وہی صحیح ہیں ۔ خواجہ صاحب نے بڑی تفصیل سے وہ تمام واقعات بیان فرمائے ہیں ۔ جن کے پیش نظر ان افسران کے ذمے بے خانماں افراد کی آبادکاری کا انتظام تھا ۔ صریح غلطیاں کی ہیں ۔ لیکن وہ اس وقت بھی اپنی غلطیوں پر اصرار کر رہے ہیں ۔ کیونکہ انہوں نے شروع میں یہ لازم قرار دے دیا تھا ۔ کہ تمام اضلاع میں جنگ سے بے گھر ہونے والے لوگ کیمپوں میں جمع ہو جائیں ۔ ہم نے انہیں لاکھ

سمجھایا ۔ کہ ایسا کرنا قطعاً غلط ہے ۔ اور اس طرح آپ ہرگز معاملے کو سلجھا نہ سکیں گے ۔ لیکن ہماری کسی بھی بات کا ان پر اثر نہ ہوا ۔ آخرکار جب انہیں خود اس سلسلے میں انتظامی مشکلات در پیش ہوئیں ۔ تو انہوں نے نہ صرف اپنے اس حکم کو واپس لے لیا ۔ بلکہ جو کیمپ قائم کئے گئے تھے ۔ ان کو بھی توڑ دیا ۔ لیکن ساتھ ہی یہ حکم بھی صادر فرمایا ۔ کہ تمام اضلاع میں تین چار امدادی مراکز کھولے جائیں جس کا نتیجہ یہ ہوا ۔ کہ تیس تیس اور چالیس چالیس میل کے فاصلے پر مہاجرین اور بے خانماں افراد کو جانے کی ترغیب دی گئی ۔ بلکہ میں تو یہ کہوں گا ۔ کہ انہیں ایسا کرنے پر مجبور کیا گیا ۔ میرے اس بیان کی تائید میاں محمد یاسین خان وٹو صاحب فرمائیں گے ۔ کیونکہ جب ان کی خدمت میں اس بارے میں گزارش کی گئی ۔ اور انہوں نے خود بھی ملاحظہ فرمایا ۔ کہ متواتر سات آٹھ روز تک ان بے خانماں افراد کو اپنے آپ کو رجسٹر کرانے اور کارڈ حاصل کرنے میں نہ صرف یہ کہ بیشمار دقتوں کا سامنا کرنا پڑا تھا ۔ بلکہ یہ کہ اس مقصد کے لئے انہوں نے بہت بڑی بڑی قطاریں لگا رکھی تھیں ۔ میں یہاں پر یہ بھی عرض کر دوں ۔ اور جیسا کہ خواجہ محمد صفدر صاحب نے فرمایا ہے ۔ میرا حلقہ نیابت بھی جنگ سے متاثر ہوا ہے ۔ اور دو تھانوں پر مشتمل علاقے میں بسنے والے لوگ بے گھر ہوئے ہیں ۔ میاں محمد یاسین خان وٹو کو جب یہ کیمپ اور امدادی مراکز دکھائے گئے ۔ تو انہوں نے ہماری بات کی تائید کی اور بڑی مشکل سے آئی ۔ یو ۔ خان صاحب اور کمشنر صاحب رضامند ہوئے ۔ کہ جو تجاویز ہم نے پیش کر رکھی تھیں ۔ ان پر عمل کیا جائے ۔ ہماری طرف سے اول روز سے ہی تجویز یہ تھی ۔ کہ جو لوگ اپنے گھروں سے آ رہے ہیں ۔ ان کے پاس چونکہ ایک کوڑی تک نہیں ۔ سوائے تن پر پہنے ہوئے کپڑوں کے ان کے پاس کچھ بھی نہیں ۔ نہ ان کے پاس سر چھپانے کے لئے جگہ ہے ۔ نہ ہی حکومت کی طرف سے انہیں کوئی مکان ملا ہے ۔ نہ حکومت

نے انہیں کوئی دوسری سہولیتیں بہم پہنچائی ہیں ۔ اور نہ ہی وہ خود یہ مطالبہ کرتے ہیں ۔ کہ انہیں سہولیتیں بہم پہنچائی جائیں ۔ لہذا جو بھی جہاں بیٹھ گیا ہے ۔ اسے وہیں رہنے دیا جائے۔ اور جس نظام کے متعلق آپ دن رات تقاریر کرتے رہتے ہیں اور آپ کی تقریر کا مضمون جس بنیادی جمہوریتوں کے نظام کے متعلق ہمیشہ ہوا کرتا ہے ۔ ان بنیادی جمہوریتوں کو اس سلسلے میں استعمال کیجئے ۔ لیکن اس بات میں بھی وٹو صاحب میری تائید فرمائیں گے ۔ کہ یونین کونسلوں اور یونین کمیٹیوں کے متعلق بھی جناب کمشنر صاحب بہادر نے کسی حسن ظن کا اظہار نہیں فرمایا ۔ بلکہ انہوں نے ایک میٹنگ میں یہاں تک فرما دیا تھا ۔ کہ ہم یونین کونسلوں کے ذریعے ان کو رجسٹر نہ کراسکینگے ۔ کیونکہ یہ ادارے قابل اعتماد نہیں ہیں ۔ (یہ اظہار خیال اس نظام کے متعلق فرمایا گیا تھا ۔ جس کے متعلق ابھی کل ہی جناب وٹو صاحب نے ایک گھنٹہ تک بڑی مدلل تقریر کی ہے ۔ اور جو ریڈیو پر بھی نشر ہو چکی ہے ۔) انہوں نے ایک بہت بڑی میٹنگ کے سامنے کہا ۔ کہ یہ انتظام بڑا ناقص ہے ۔ خواجہ محمد صفدر صاحب نے جس تفصیل سے فرمایا ہے ۔ کہ بڑے محتاط اندازے کے مطابق تقریباً چالیس پچاس ہزار افراد لاہور شہر میں آ بیٹھے ہیں ۔ اگرچہ سرکاری اعداد و شمار ساٹھ ستر ہزار کے قریب ہیں ۔ ان کے متعلق کہا گیا ہے ۔ کہ یہ لوگ تو ازخود ہی لاہور میں آ کر بیٹھ گئے ہیں ۔ ان کا تو کوئی حق نہیں ۔ لیکن ملک خدا بخش صاحب نے کمال مہربانی سے افسران کو فرمایا ۔ کہ یہ وہ لوگ ہیں ۔ جو روزانہ لاہور کاروبار کے سلسلے میں آتے جاتے رہتے تھے ۔ اور ان کا اپنا ذریعہ معاش تھا ۔ لیکن کمشنر صاحب چار روز تک اس بات پر مصر رہے ۔ کہ ان کو یہاں سے نکال دینا چاہئے ۔ ہم صدر پاکستان صاحب کے بے حد مشکور ہیں ۔ کہ انہوں نے لاہور کا دورہ کیا ۔ چنانچہ اس پر افسران مجبور ہو گئے ۔ اور کہنے لگے کہ اگر ان بے خانماں

افراد میں سے چار پانچ آدمی بھی جا کر ان سے شکایت کریں گے - تو ان کا راز طشت از بام ہو جائے گا - لہذا اب انہوں نے فرما دیا ہے - کہ ہم کوشش کریں گے - تاکہ ان لوگوں کو بھی راشن دیا جائے - اب ان کے اس بیان کے مطابق survey شروع کر دیا گیا ہے - جس میں کم و بیش دس بارہ روز لگیں گے - اور اس کے بعد ہی stock release کریں گے - اگرچہ ان حقائق کو بیان کرنا اس معزز ایوان کے لئے باعث تکلیف ہوگا - لیکن میں یہ اس لئے عرض کر رہا ہوں - کہ شاید آج تک بعض معزز دوستوں کو یہ تسلی رہی ہے - ''کہ سب ٹھیک ہے،، لیکن ہم نے اب تک اپنی زبان اس لئے نہیں کھولی - کہ ہم اپنی اس کمزوری کو ظاہر کرنا نہیں چاہتے تھے - اس قوم نے جس ہمدردی - محبت اور خلوص سے اپنے نوجوانوں کو مورچوں میں لڑتے دیکھا ہے - اور انہوں نے جس ایثار کے جذبے کا ثبوت دیا ہے - میں نہایت دیانتداری سے آپ کو یقین دلاتا ہوں - کہ اسے آج کوئی شخص بھی حقیقت ماننے کے لئے تیار نہیں - وہ تمام لوگ جن کو جنگ میں مصائب کا شکار ہونا پڑا - اور جن کے پاس نہ کپڑا ہے - نہ مکان - اور نہ ہی کوئی ذریعہ معاش ہے - سوائے ایک بستر اور چھ چھٹانک آٹے کے انہیں کوئی چیز بھی میسر نہیں - لیکن اس کے باوجود آپ کو ان میں سے ایک شخص بھی ایسا نہ ملے گا - جو اس وجہ سے بددل - یا بے اطمینان ہو - کہ گورنمنٹ ان کے لئے کچھ نہیں کر رہی - بلکہ اپنے وطن عزیز کی خاطر وہ یہ تمام تکالیف برداشت کرنے کے لئے تیار ہیں - اور ان سے ہماری جو توقعات وابستہ ہیں - اس قومی جنگ میں وہ ہماری توقعات کو پورا کرتے ہوئے ہر مصیبت جھیلنے کے لئے کمر بستہ ہیں - وہ اس کے لئے بالکل تیار ہیں -

جو کچھ ہماری قوم دے رہی ہے اور ویسے تو قوم نے سب کچھ دیا ہے اور بدستور دینے کے لیے تیار ہے لیکن محض چند افسران کی نااہلی کی وجہ سے وہ امداد سے محروم کیوں رہیں اور کیوں اس چیز کا نوٹس نہ لیا جائے ۔ اس لئے میں یہ عرض کرنے میں بالکل حق بجانب ہوں کہ ہماری شروع دن سے جو تجویز تھی اگر آج بھی اسے زیر عمل نہ لایا جائے تو ہم سمجھتے ہیں کہ اس پر عمل نہ کرنے سے حالات بہتر نہیں ہو سکتے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جن مجاہدوں سے ہمارا تبادلہ خیال ہوا ہے وہ نہایت شدت سے اس بات کو محسوس کرتے ہیں کہ ہماری بہترین امداد اگر دفاعی فنڈ اکٹھا کرنے میں ہے تو وہ لوگ جو جنگ کی وجہ سے متاثر ہوئے ہیں ان کی بھی اس طرح مدد کی جائے کہ وہ اپنی تکالیف کو محسوس نہ کریں ۔ جو لوگ بے گھر ہوئے ہیں ان کی عزت و ناموس کا احساس کیا جائے اور کسی طرح سے ان کی عزت و ناموس کو ٹھیس نہ لگائی جائے ۔ وہ لوگ جس جگہ بھی بیٹھے ہیں ان کو یونین کمیٹیوں اور ٹاؤن کمیٹیوں کی سطح پر آبادکاری اور امداد فوری طور پر ہونی چاہئیے ۔ جوں جوں اور جیسے امداد آئے (اگر سٹاک موجود نہ ہو تو ہم مطالبہ بھی نہیں کرتے ۔) جسقدر اور جتنا قوم دینا چاہے اس کے مطابق ان اداروں کی وساطت سے وہ چیزیں ان لوگوں تک پہنچائی جائیں ۔

دوسرے عالی جاہ ۔ یہ محض عارضی انتظام ہے ۔ آخر وہ کس وقت اور کس حد تک یہ عارضی راشن اور کپڑے لینے کے لئے بیٹھے رہیں گے ۔ بہر حال ہم نے مستقل نوعیت کی جو تجاویز پیش کی ہیں ان پر جلد از جلد عمل کیا جائے کیونکہ ان سب لوگوں کا ذریعہ معاش کاشتکاری ہے اور وہ اسی کے ساتھ وابستہ ہیں ۔ ان کا اس طرح بیٹھے

رهنا کوئی اچھی بات نہیں ۔ اس وقت صورت حال یہ ہے اور میں پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ سوائے تحصیل لاہور کے ہماری اس تجویز پر کسی اور جگہ عمل نہیں کیا گیا ۔ البتہ یہ ضرور کیا گیا ہے کہ ضلع گوجرانوالہ میں لاہور کے جو بےخانماں افراد بیٹھے ہیں یا سیالکوٹ کے بےخانماں افراد لاہور میں بیٹھے ہیں ان کو یہ کہا گیا ہے کہ آپ لاہور کے ہیں ۔ اس لئے آپ لاہور جائیں ۔ اسی طرح لاہور میں لوگوں سے کہا گیا ہے کہ جو لوگ سیالکوٹ سے آئے ہیں وہ سیالکوٹ جائیں ۔ گو یہ ایک چھوٹی سی بات تھی ۔ پھر بھی یہ افسران کی ذہنیت کی بری طرح غمازی کرتی ہے ۔ جو یہ بھی نہیں سوچ سکتے کہ لاہور اور سیالکوٹ کے بے گھر لوگوں میں کسی طرح کا امتیاز روا رکھنا سراسر حماقت ہے ۔ لہذا تیس چالیس ہزار افراد کی رجسٹریشن خواہ وہ سیالکوٹ سے تعلق رکھتے ہوں یا لاہور سے رکھتے فوری طور پر ہو جانی چاہئے ۔

جناب والا ۔ اس سلسلے میں میاں محمد یاسین وٹو صاحب اور ملک خدا بخش بچہ صاحب نے بہت دلچسپی لی ہے ۔ انہوں نے اپنے افسران کو فوری ہدایات فرمائیں ۔ جس کے لئے ہم ان کے تہ دل سے مشکور ہیں ۔ لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ ابھی کافی کام کرنا باقی ہے ۔ اس وقت ۵۰ ہزار آدمی جو ان دیہات سے تعلق رکھتے ہیں جو اس وقت ہمارے دشمن کے قبضہ میں ہیں ۔ ہمارے پاس کیمپوں میں ہیں ۔ وہ اپنی زمینوں پر جانے کے لئے تیار ہیں اور وہ واقعی جانا چاہتے ہیں ۔ کیونکہ تھوڑا بہت اناج تو ان کے پاس ہے ۔ لیکن ان کے پاس مویشی اور شیلٹر نہیں ۔ وہ فصل خریف سے بھی محروم ہو چکے ہیں ۔ اور ان کے پاس آئندہ کے لئے کوئی انتظام نہیں ۔ ان کو امداد سے محروم رکھنا کس طرح جائز ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر ان کا

نام لیا جائے تو ہمارے افسران کے ماتھوں پر شکن پڑ جاتے ہیں ۔ اگر حقیقت سے کام لیا جائے تو ۵۰ ہزار افراد صرف لاہور کے ضلع سے ہی تعلق رکھتے ہیں ۔ ان کے ساتھ کچھ سیالکوٹ کے بھی ہیں ۔ ان کو بھی امدادی سکیموں سے خارج نہ کیا جائے کیونکہ یہ بہت بڑا انسانی مسئلہ ہے ۔

اس کے علاوہ جناب والا ۔ ان علاقوں کے طالب علم ہیں ۔ لاہور شہر میں کئی کالج ۔ ہائی سکول اور بہت سے پرائمری سکول ہیں ۔ آپ ان کے لئے ان میں انتظام کر سکتے ہیں ۔ کئی طالب علم ایسے بھی ہوں گے جن کے خاندان راشن اور دیگر ضروریات سے محروم ہیں ۔ ظاہر ہے کہ ان حالات میں وہ تعلیم جاری نہیں رکھ سکتے ۔ ملک خدا بخش صاحب نے کمال مہربانی سے (جب ان کے نوٹس میں یہ بات لائی گئی) فوراً احکام جاری کر دئیے کہ ایسے طلبا کو فوراً داخلہ دے دیا جائے ۔ اب سوال یہ ہے ۔ کہ جو طلبا داخلہ لینے کے قابل نہیں ۔ ان کا کیا کیا جائے ۔ اگر ان کو مزید سہولتیں بہم نہ پہنچائی گیئں تو وہ سکول جانے کے قابل نہ رہیں گے ۔ وہ کالج کی تعلیم حاصل نہیں کر سکتے کیونکہ ان کے پاس کتابوں کے لئے بھی پیسے نہیں ۔ اور شہر میں رہنے کے لئے ان کے خاندان کے پاس گھر نہیں ۔ یہ سب مسائل ان کو اس وقت در پیش ہیں ۔

لہذا ان کے بارے میں ٹھوس تجاویز عمل میں لائی جانی چاہئیں ۔ میں بڑے وثوق سے عرض اور التجا کرتا ہوں کہ جن افسران کے سپرد آج تک ان بے خانمان افراد کی آباد کاری کا کام رہا ہے ۔ انہوں نے قطعی طور پر حقیقت پسندی سے کام نہیں لیا ۔ ان میں کوئی جذبہ اور احساس نہیں ۔ انہوں نے آج تک جو کچھ بھی کیا ہے حقیقت کو نظر انداز کرکے کیا ہے ۔ جس طرح کام کرنا چاہئے

تھا ۔ انہوں نے ویسے نہیں کیا ۔ میں پھر اس تجویز کو دھراتا ہوں کہ یونین کمیٹیوں اور یونین کونسلوں وغیرہ کی سطح پر survey کیا جائے اور ان اداروں کی وساطت سے ریلیف کا تمام کام کیا جائے ۔ آپ جن اداروں کے متعلق اتنے رطب اللسان ہیں ان پر اعتماد بھی کیا جائے ۔ یہ ہمارے کارکنان کا ایک بڑا لشکر ہے اس کو کام پر لگایا جائے ۔

جناب والا ۔ میں اپنے فرض میں کوتاہی کروں گا اگر میں ان اداروں کا شکریہ ادا نہ کروں جنہوں نے بے خانمان افراد کی مدد کے لئے دن رات کام کیا ہے ۔ اگرچہ رفاہی ادارے موجود تھے ۔ لیکن ان دنوں ہر شخص اس کام میں حصہ لیتا تھا ۔ ہماری اپوا ۔ تعلیمی اداروں اور دیگر اداروں نے گران بہا کام کیا ہے ۔ میں ذاتی طور پر جانتا ہوں کہ لاہور میں ان اداروں نے بے پناہ کام کیا ہے ۔ میں خواجہ محمد صفدر صاحب کا ہم نوا ہوں کہ کراچی والوں نے لائل پور والوں اور دوسرے شہروں نے ان افراد کی بھلائی کے لئے ان کی امداد کے لئے انتہائی جذبہ ایثار سے کام لیا ہے ۔ جس کے لئے وہ قابل صد ستائش ہیں ۔ ہم ان کے دلی طور پر ممنون ہیں ۔

جناب والا ۔ یہاں میں یہ بھی عرض کردوں کہ ہمارے ہاں بعض ایسے ادارے بھی ہیں جن کا آج تک نام نہیں لیا گیا ۔ جو اصرار کرتے ہیں کہ ان کا نام نہ لیا جائے ۔ میں ان کا نام نہیں لوں گا ۔ لیکن میں ایک جگہ کا نام ضرور لوں گا ۔ سالار والے کے ایک شخص اور وہاں کے لوگوں نے براہ راست میرے دفتر میں اتنا سامان بھیجا ہے کہ پانچ سو خاندانوں کو بیک وقت پورے بستر اور کپڑے میسر آ گئے ۔ اس شخص نے اصرار کیا کہ اس کا نام نہ لیا جائے ۔ اسی طرح ہزاروں ایسے لوگ ہیں جنہوں نے دلی ہمدردیوں سے کام لیا ہے جن کے لئے ہم ان کے مزید شکر گذار ہیں ۔

جناب والا۔جن افسران کے سپرد یہ کام کیا گیا ہے ۔ ان کو یہ بھی سمجھا دیا جائے کہ بے گھر افراد کے متعلق عوامی نمائندوں کی بات بھی سن لینی چاہئے ۔ ہمارے جن وزرائے کرام نے ہماری باتیں نہایت ہمدردی سے سنی ہیں اور جو کچھ ہم نے عرض کیا اس پر جسقدر عمل کیا گیا ہے ۔ اس کے لئے ہم تہ دل سے ان کے ممنون ہیں ۔ لیکن جو کچھ ہمارے قائد ایوان کے متعلق فرمایا گیا ہے ۔ مجھے اس سے ۱۰۰ فیصدی اتفاق ہے ۔ (تحسین و آفرین) ۔ یہ میں اس لئے عرض کر رہا ہوں کہ اس میں ان کی اپنی بھلائی اور بہتری تھی ۔ اور کچھ نہیں تو وہ ان افراد کی دستگیری کے لئے کم از کم ان کی باتیں سننے کے لئے ہی تشریف لے جاتے۔ لیکن افسوس کہ ان سے اتنا بھی نہ ہو سکا کہ ان علاقوں کے نمائندگان سے (جو اس ہاؤس میں موجود ہیں) کم از کم اتنا ہی دریافت کر لیتے کہ اب ان بے گھر لوگوں کا کیا حال ہے ؟ ان کا یہ رویہ بہت بڑی زیادتی کے مترادف ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

رانا پھول محمد خان۔۔جناب والا ۔ مجھے بھی تھوڑا سا وقت دیا جائے ۔

Haji Gul Hasan Mangi (Sukkur - III) : Mr. Speaker, Sir, we the people of Sind are very thankful to President, Field Marshal Muhammad Ayub Khan who saved the country and has really raised status of the country in the eyes of other countries of the world. At the same time we are highly thankful to the Governor of West Pakistan, Nawab Amir Muhammad Khan, because on receiving information of war at Lahore, he immediately rushed to Lahore from Nathiagali where he was at that time and stayed at Lahore during the war time. If he had not been in Lahore, Lahore would have been in the hands of the enemy. At the same time we are thankful to our forces who have saved the country and fought like lions. I wish to tell you one thing which is this as it has been said that we are less in population.....

مسٹر حمزہ—جناب والا۔مجھے فاضل مقرر کے اس فقرے پر اعتراض ہے کہ اگر گورنر ملک امیر محمد خان صاحب جنگ کے دوران لاہور میں نہ ہوتے تو لاہور دشمن کے ہاتھوں میں چلا جاتا ۔

Mr. Speaker : That is an expression of opinion.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ یہ ملک اور قوم کی توہین ہے ۔

Mr. Speaker : That is an expression of opinion. He can express himself in any way he likes.

Haji Gul Hasan Mangi : Sir, it has been said that we are less in population and they are more. I do not agree with this. If you go into the Islamic history you will see that one Muslim has been equal to 10 non-Muslims. So on this analogy we are very superior in power and that has been proved by our forces. At the same time we should not forget the Hurs. The Hur civilians defeated the Indians in Rajistan sector and captured sufficient area of Indian territory. We are also thankful to Malik Khuda Bakhsh and Mr. Muhammad Yasin Khan Wattoo who were here with the Governor and gave advice on emergency measures. Those persons who have suffered during this war are being looked after very nicely and properly by Mr. Muhammad Yasin Khan Wattoo, Malik Sahib and Mr. Tumman.

At the same time I am thankful to Khan Habibullah Khan because he has brought before the House the Land Revenue Bill for the unification of land revenue. It was the demand of the people of Sind after one Unit and it should have been brought earlier, but it has been introduced yesterday. I hope the people of Sind will gain something from this Bill. Yesterday I suggested the name of Mr. Abdulla Channa because he is an expert in revenue matters which was merely by way of advice that he should be taken and nothing else.

Now, I come to the supplementary budget. Here Sir, some provision has been made for construction of small dams. Such dams are absolutely necessary in Sind area. In Nagarparkar tehsil, district Tharparkar, the average rain-fall is between 36 to 40 inches per year and therefore, small dams can easily be constructed which can irrigate a large area. In Dadu dams should also be constructed and power should also be provided. Our Minister of Irrigation is an expert and I hope he will consider these demands of the people of Sind and do something in this direction.

خان اجون خان جدون (مردان ۔ ۳)—جناب سپیکر ۔ جن حالات میں یہ ضمنی میزانیہ پیش کیا گیا ہے ۔ وہ ہنگامی حالات تھے ۔ مگر اس سنگین صورت حال میں بھی یہ اطمینان بخش میزانیہ پیش کرکے وزیر خزانہ اور گورنر مغربی پاکستان ہمارے شکریہ کے مستحق بن گئے ہیں ۔

جناب والا ۔ ۶ ستمبر کا دن برصغیر پاک و ہند کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رہے گا ۔ اس دن ہندوستان نے عجیب طریقے سے بین الاقوامی قانون اور ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کی ۔ اور اعلان جنگ کئے بغیر ہی پاکستان پر راتوں رات چوروں ڈاکوؤں کی طرح حملہ کر دیا ۔ مگر اس کے مقابلہ میں ہماری شیر دل افواج اسی دن ڈٹ گئیں اور دشمن کو شکست فاش دے کر پسپا کر دیا ۔ اگرچہ بھارت کی فوج تعداد اور اسلحہ کے لحاظ سے پاکستان سے کئی گنا زیادہ اور طاقت ور تھی تا ہم پاکستان نے ایک بہادرانہ جنگ لڑی اور اپنے سے کئی گنا زیادہ فوج کو شکست فاش دے کر تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ کر دیا ۔ بلکہ خود اسلامی تاریخ میں ایک شاندار باب کا اضافہ کیا ہے ۔ آئندہ مورخین جب تاریخ لکھنے بیٹھیں گے تو ان کو پاکستانی افواج کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے مناسب الفاظ ڈھونڈنے میں دقت پیش آئے گی ۔ کہ پاکستانی فوج کی اس بے مثال بہادری ۔ شجاعت ۔ جان بازی اور سر فروشی کو کن سنہری حروف میں بیان کریں ۔ ہمارے ایوان کے قائد اور دیگر ممبران نے اس سلسلے میں بہت کچھ کہا ہے ۔ مگر میں ایک چیز کا اضافہ کرنا چاہتا ہوں وہ یہ کہ جنگ کے دنوں میں ہم پٹھان اور قبائلی لوگوں کے لشکر ہزارہا کی تعداد میں رات دن پاکستانی فوج کا ہاتھ بٹانے کے لئے تیار بیٹھے گورنمنٹ کے حکم کا انتظار کرتے رہے اور ملک و قوم کی خدمت کرنے کے لئے بڑے بے تاب رہے تاکہ ہم بھی جانثاری کے جوہر دکھائیں اور دشمن کو منہ توڑ جواب دیں ۔ مگر گورنمنٹ نے ہمیں یقین دلایا کہ پاکستانی فوج ملک کے دفاع اور دشمن کو ہزیمت دینے کے لئے کافی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر۔۔آپ کا ہزارہا شکریہ ۔

خان اجون خان جدون۔۔جناب والا ۔ ہمارے ہاں رواج ہے کہ جب جنگ کا طبل بج جائے تو سات سال کی عمر سے اوپر ہر جوان میدان میں سینہ

سپر ہو جائے ۔ اس لئے ہمارے لشکر پاکستان کا سربلند کرنے اور اپنی جانثاری و جانبازی کا ثبوت دینے کے لئے بیتابی سے گورنمنٹ کے حکم کا انتظار کرتے رہے ۔ بلکہ اب بھی منتظر ہیں تاکہ حکم ملنے پر ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر دشمن کا راستہ روک کر اس کو پسپا کر دیں ۔

جناب سپیکر ۔ اس وقت ہمارے سامنے جو مسائل ہیں ۔ ان کو خواجہ محمد صفدر صاحب نے بہت اہمیت دی ہے ۔ اور وہ واقعی بہت زیادہ اہمیت کے حامل ہیں ۔ میرے خیال میں جنگی بے گھر لوگوں کو آباد کرنے کے سلسلے میں حکومت نے کوئی کوتاہی نہیں کی لیکن جو حالات متاثرہ علاقوں کے معزز ممبران نے بیان کئے ہیں ۔ ان کو سن کر اس معزز ایوان کے ہر معزز ممبر کے دل میں ضرور یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ شاید حکومت کی طرف سے یا اس کے اہلکاروں کی طرف سے کوئی کوتاہی ہوئی ہے ۔ اور اس وقت بھی ہو رہی ہے ۔ میں اس سلسلے میں قائد ایوان سے درخواست کرونگا ۔ کہ وہ ان الزامات کی پوری طرح وضاحت کریں ۔ بلکہ میں یہ تجویز پیش کروں گا کہ وہ اس ایوان کی ایک کمیٹی مقرر کریں جو relief کے سب سے زیادہ اہمیت کے حامل قومی کام میں شمولیت کرے اور موقع پر افسروں کو بر وقت مناسب مشورے دے سکے ۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں ہمارے افسران اکثر اپنے دفتروں میں بیٹھکر صرف کاغذی سکیمیں بنایا کرتے ہیں ۔ ان کو اصل حقائق کا علم نہیں ہوتا ۔ (تحسین و آفرین) ۔

جناب والا ۔ جہاں تک ہماری قوم کا تعلق ہے ۔ اس نے ایثار و قربانی دینے میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کی ۔ ہم خود اسی سلسلے میں جب پبلک جلسے کرتے اور قومی دفاعی فنڈ کے لئے چندے جمع کرتے ۔ تو ہم نے لوگوں کے ایثار و قربانی کے جذبے کو خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے ۔ میں اس کی ایک مثال پیش کرتا ہوں ۔

ایک بیوہ کے پاس اپنے گور و کفن کے لئے کل ۱۶۰ روپے کی پونجی تھی جب ہم نے اس کے علاقے میں جا کر لاؤڈ سپیکر پر تقریریں کیں اور لوگوں کو حالات سے آگاہ کیا ۔ تو ان میں قربانی کا جذبہ یہاں تک پیدا ہوا کہ اس بیوہ نے اپنے گھر سے وہ ۱۶۰ روپے بھیج دئے ۔ اور کہنے لگی کہ یہاں میرے بہت سے پاکستانی بھائی ہیں جو میرا گور و کفن کرینگے ۔ اس وقت میرے ملک و قوم کو اور بالخصوص ان بے گھر لوگوں اور فوجیوں کو میرے ان پیسوں کی ضرورت ہے ۔ جو وطن کی حفاظت کے لئے اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں ۔ (تحسین و آفرین) ۔ یہ تو میں نے صرف ایک مثال پیش کی ہے ۔ ورنہ ایسی سینکڑوں نہیں ہزاروں مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں ۔

جناب والا ۔ اس وقت عوام جو چندہ ۔ لحاف اور مالی امداد حکومت کو بہم پہنچا رہے ہیں ۔ حالات کا تقاضا یہ ہے کہ اسے صحیح طور پر استعمال کیا جائے اور کم از کم متاثرہ علاقوں کے ممبران کے لئے اس قسم کی شکایت کا موقع نہ ہونا چاہیئے کہ وہاں صحیح طور پر مدد امداد کا کام نہیں ہو رہا ۔

جناب والا ۔ میں آخر میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے محبوب صدر فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے جس غازیانہ قیادت کا ثبوت دیا ہے ۔ وہ نہ صرف تاریخ اسلام میں بلکہ دنیا کی تاریخ میں بطور یادگار سنہری حروف سے لکھی جائے گی ۔ اور جس طرح انہوں نے مجاہدانہ طریق پر اعلان جنگ کیا اور اتمام حجت کے لئے اسلامی طرز پر صلح کی پیش کش کی ۔ وہ تاریخ اسلام میں قرون اولیٰ کے مسلمانوں کی یاد تازہ کرتے ہیں مجھے امید ہے کہ اب ہم خدا کے فضل و کرم سے صحیح مسلمان ہو گئے ہیں ۔ ہمارے اندر جو کمزوریاں تھیں ۔ وہ رفتہ رفتہ دور ہوتی جا رہی ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ یہ وہی spirit ہے ۔ یہ وہی اسلامی روح ہے جو ہم

میں عود کر آئی ہے ۔ جس کی وجہ سے اب اگر دشمن نے ہماری طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھا تو انشاء اللہ اسے شکست فاش دی جائیگی ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی ۔ ۸)۔جناب سپیکر ۔ قوموں کی زندگی میں بجٹ اور ضمنی بجٹ کا پیش رہنا ۔ کبھی ٹیکسوں کی شرح میں اضافہ ہونا اور کبھی ان میں کمی واقع ہونا ۔ یا کبھی نئے ٹیکسوں کا لگنا یہ سب چیزیں بجٹ کے معمولات میں شامل ہیں ۔ لیکن اس خاص موقع پر کوئی نیا ٹیکس نہ لگانے ۔ یا پرانے ٹیکسوں میں اضافہ نہ کرنے کی جو وجوہ یہاں بیان فرمائی گئی ہیں ۔ وہ ہمارے لئے بڑی اطمینان بخش اور باعث مسرت ہیں ۔ (تحسین و آفرین) ۔ وہ ہمیں اس امر کا پتہ دیتی ہیں کہ محلات میں بیٹھکر نوکر شاہی کے ذریعے حکومت کرنے والے نو آموز سیاستدانوں میں اب یہ احساس پیدا ہو چلا ہے کہ اس قوم کے جذبات کیا ہیں ۔ اور اس قوم کے حوصلے اور امنگیں کیا ہیں ؟ وہ لوگ جو اپنی قوم کے سیاسی شعور پر اتنا بھی اعتماد نہ رکھتے تھے کہ وہ اسے اس کا بالغ رائے دہی کا حق دیتے ۔ آج مجھے خوشی ہے کہ ان کو اپنی قوم پر اب اعتماد پیدا ہو چلا ہے اور وہ سمجھنے لگ گئے ہیں کہ یہ قوم احساسات رکھتی ہے ۔ سیاسی شعور رکھتی ہے ۔ ہر صورت حال کے مقابلہ کے لئے بیدار ہے ۔ اور شاید ان لوگوں سے زیادہ بیدار ہے ۔

جناب والا ۔ ٦ ۔ ستمبر کو سورج طلوع ہونے سے پہلے رات کی تاریکی میں پرامن سوتے ہوئے شہریوں پر بزدل پڑوسی نے بغیر اعلان جنگ کئے اور بغیر اطلاع دئے جس طرح مکارانہ حملہ کیا اور اس سے اس ملک میں جو فضا پیدا ہوئی ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ یہ ہمارے اوپر خدا کا ایک احسان عظیم تھا ۔ کیونکہ وہ قوم جو گزشتہ ۱۸ سال سے

ایک مردہ لاشے کی طرح مدفون تھی ۔ اس لاشے میں ایک نئی زندگی کی روح پیدا ہو گئی ۔

جناب والا ۔ یہ بات ہر شخص جانتا ہے کہ ۶ ۔ ستمبر کے بعد اس ملک کی مخالف سیاسی جماعتوں کے لوگوں نے اپنے ذاتی اختلافات بھلا دئے ۔ سیاسی اختلافات کو لپیٹ کر رکھ دیا ۔ عوام نے اپنی ضرورتوں پر قوم کی جنگی ضرورتوں کو ترجیح دی ۔ چنانچہ ساری قوم ایک جسم واحد کی طرح دشمن کا مقابلہ کرنے کے لئے ایک ایسی آہنی دیوار بن کر کھڑی ہو گئی ۔ جس کی اس دنیا میں مثال ملنا نا ممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے ۔ ان حالات کا تقاضا تھا ۔ بلکہ ان کا مطالبہ تھا کہ برسر اقتدار جماعت کے نقطہ نظر میں اور اس کے طرز عمل میں کچھ تغیرات پیدا ہوتے ۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ جب ہم اس زاویہ نگاہ سے حالات کا جائزہ لیتے ہیں تو ہمیں بڑی ناامیدی ہوتی ہے ۔ میں آپ کے توسط سے اپنے بائیں جانب تشریف فرما وزرا اور حکومت کے نمائندوں کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اگر تحسین و آفرین کے پھولوں سے بھرے ہوئے دامن میں میری باتیں کانٹے کی چبھن پیدا کریں تو وہ ناخوش نہ ہوں اور یاد رکھیں کہ ۔

گلوں سے خار بہتر ہیں جو دامن تھام لیتے ہیں

میں اپنی اصل بات کہنے سے پہلے ایک بار پھر اس امر کا اعادہ کرنا چاہتا ہوں کہ میرا موقف کیا ہے ۔ میں پہلے بھی اس ایوان میں عرض کر چکا ہوں کہ آپ کے طرز عمل پر تنقید کرنے سے مجھے کوئی لذت نفس حاصل نہیں ہوتی ۔ اور اس کا مقصد یہ بھی نہیں ہے کہ اخباروں میں خبریں آ جائیں ۔ آپ کے طرز عمل پر ملک کی بقا ۔ ترقی اور خود ہماری قومی امنگوں کا دار و مدار ہے ۔ میں اپنا فرض سمجھتا

ہوں اور قوم کا ایک نمائندہ ہونے کی حیثیت سے میں اپنے فرض سے سبکدوش نہیں ہو سکتا۔ جب تک میں آپ کو آپ کی غلطیوں سے آگاہ اور متنبہ نہ کروں۔ میرے لئے یہ ممکن نہیں کہ میں خاشاک کے تودے کو کوہ گراں کہہ سکوں۔ اس لئے براہ کرم میری باتوں پر آپ اسی طرح غور کریں جس طرح انتہائی خلوص اور سوز دل کے ساتھ میں انہیں آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔ جس طرح میں نے ان حالات کا تجزیہ کیا ہے۔ اگر آپ اس میں کوئی غلطی محسوس کریں۔ تو آپ بڑی خوشی سے مجھے متوجہ کریں۔ اور پھر آپ دیکھیں گے کہ میں پہلا شخص ہوں گا جو اپنی غلط بات کو واپس لینے اور اپنے غلط طرز عمل سے پیچھے ہٹنے کے لئے تیار ہو گا۔

جناب والا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حالات کا تقاضا یہ تھا کہ حکومت کے طرز عمل اور طرز فکر میں تبدیلی پیدا ہوتی۔ اس زاویہ نگاہ سے جب میں حالات کا جائزہ لیتا ہوں۔ تو مجھے ناامیدی ہوتی ہے۔ اس ضمن میں سب سے پہلی بات یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حزب اختلاف نے اپنے تعاون کو بغیر مانگے اور طلب کئے ہوئے پورے کا پورا آپ کے قدموں میں ڈال دیا۔ دنیا کے دوسرے ممالک میں کچھ اس طرح ہوتا ہے کہ جب کسی ملک میں ہنگامی حالات پیدا ہوں۔ تو حزب اختلاف کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ حزب اقتدار کے ساتھ تعاون کرے۔ ہم نے اس دعوت کا انتظار نہیں کیا۔ اور ہم انتظار کیوں کرتے۔ یہ مسئلہ آپ کا نہ تھا۔ یہ ہمارا مسئلہ نہ تھا۔ بلکہ اس قوم کا تھا جس میں ہم سب برابر کے شریک ہیں۔ یہ مسئلہ مادر وطن کا تھا جس کی حفاظت ہم پر اور آپ پر اور ملک کے بچے بچے پر فرض منصبی کی طرح عائد ہوتی ہے۔ اس لئے ہم نے آپ کی دعوت کا انتظار کئے بغیر اور بغیر کسی شرط کے unconditional اپنا تعاون آپ کے قدموں

میں ڈال دیا ۔ دراصل حالات کا تقاضا یہ تھا کہ آپ قوم میں اعتماد کی فضا پیدا کرتے اور ہم کو اعتماد میں لیتے ۔ لیکن صورت حال یہ ہے کہ اس وقت بھی عوام کی مختلف سیاسی جماعتوں کے لیڈروں پر مقدمات قائم ہیں ۔ جو لوگ چند سال پہلے حکومت کے خلاف تھے ۔ وہ جنگ کے دوران حکومت کے ساتھ رہے ۔ ان تقریباً ایک درجن لیڈروں پر بغاوت کے مقدمات پہلے دائر کئے گئے تھے لیکن حکومت نے وہ مقدمات تا حال واپس نہیں لئے۔

جناب والا ۔ مجھے اس وقت آپ سے یہ عرض کرنا ہے کہ ان لوگوں نے اپنے طرز عمل سے یہ بتادیا اور یہ بات ثابت کر دی ہے ۔ کہ وہ اس ملک کے اتنے ہی وفادار ہیں جتنے کہ آپ ہیں ۔ وہ بھی اس ملک کی بقا اور احیاء کے لئے ایثار کر سکتے ہیں اور جانیں قربان کرنے کا اتنا ہی جذبہ رکھتے تھے جتنا کہ آپ ۔ اس کے باوجود آپ نے سیاسی لیڈروں کے مقدمات کو واپس نہیں لیا بلکہ ان کو اب بھی سیاسی باغی قرار دیا جا رہا ہے ۔

اس کے علاوہ کراچی کی جماعت اسلامی کے تین افراد پر ۱۹۶۳ء کے اوآخر میں government secrets act کے تحت مقدمات چلائے گئے تھے ۔ یہ مقدمات بالکل لچر اور بے بنیاد تھے ۔ یہاں تک کہ پولیس ایک سال کی تفتیش اور تگ و دو کے باوجود چالان پیش کرنے کے قابل نہ ہو سکی ۔ پھر ہائی کورٹ میں writ داخل کرنے کے بعد جلدی جلدی چالان پیش کیا گیا ۔ اسی طرح کراچی میں الیکشن کے زمانہ میں تقریباً ۲۰ سیاسی کارکنوں پر مقدمات چلائے گئے ۔ جو ابھی تک عدالتوں میں موجود ہیں اور حکومت کی طرف سے کسی ایک کو بھی واپس لینے کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی ۔

جناب والا ۔ ملک میں سیاسی اعتماد پیدا کرنے کے لیے اس امر کی ضرورت تھی کہ حکومت ان مقدمات کو واپس لیتی ۔ لیکن ایسا نہیں کیا گیا ۔ صرف ۲۸ طلبہ کو رہا کر کے قوم پر آپ نے ایک احسان عظیم کیا ہے ۔ لیکن ابھی تک تقریباً ڈیڑھ سو طلبا پر مقدمات چل رہے ہیں اور وہ ان مقدمات کی وجہ سے ہراساں ہو رہے ہیں چاہیئے تو یہ تھا ۔ کہ اعتماد حاصل کرنے کے لیے آزادی و تقریر کے مواقع مہیا کئے جاتے ۔ لیکن اس کے برعکس کئی ایک شہروں میں کئی کئی مہینوں سے دفعہ ۱۴۴ نافذ ہے ۔ لاؤڈ سپیکر کے استعمال پر پابندی ہے ۔ حالانکہ آپ نے اندازہ کر لیا ہے ۔ کہ آپ کی ایک آواز پر قوم تن واحد کی طرح آپ کے ساتھ ہے ۔ پھر آپ کو کس بات کا ڈر ہے ۔ یہ ضبط اور پابندی کیوں ہے ۔ اور اس طرح افکار اور زبانوں پر قفل کیوں لگے ہوئے ہیں ۔

ستمبر ۱۹۶۵ میں جنگ بندی کے فوراً بعد ہندوستان نے بے شمار افراد کو اور مختلف جماعتوں کے سربراہوں کو دنیا کے کونے کونے میں نشر و اشاعت اور اسلحہ کی تلاش کے لئے بھیجا ۔ تاکہ وہ اپنے ملک کے لئے راہیں ہموار کریں اور دنیا کو اس جنگ کا بالکل غلط تصور دے سکیں اس کے مقابلہ میں آپ کا طرز عمل کیا رہا ہے ؟ یہی کہ سیاسی جماعتوں کے لیڈروں کے پاسپورٹ تک ضبط کر لئے گئے ۔ اس وقت میری مراد مولانا مودودی ۔ امیر جماعت اسلامی کے پاسپورٹ سے ہے ۔ آپ مجھے اس بات کا جواب دیں ۔ کہ جو شخص آپ کے ریڈیو سے تقریریں نشر کر رہا ہے ۔ شہر شہر کے دورے کر کے ملک کے عوام میں جہاد کی روح پھونک رہا ہے ۔ لوگوں کے دلوں کو امید کے احکام سے گرما رہا ہے ۔ آپ کہتے ہیں کہ وہ اس قابل نہیں ۔ کہ ملک سے باہر جا سکے اور اس لئے آپ نے اس کا پاسپورٹ ضبط کر لیا ہے ۔ یہ باتیں

میں نے اس لئے کہی ہیں ۔ کہ عوام میں حزب اختلاف اور دوسری سیاسی جماعتوں نے جو تعاون اور اعتماد کی فضا پیدا کرنے کی کوشش کی ہے ۔ آپ اس کے جواب میں خیر سگالی کے جذبات کے اظہار سے بھی قاصر رہے ہیں ۔

دوسری بات یہ ہے ۔ کہ اس جنگ میں سب سے بڑی چیز جو ہمیں حاصل ہوئی ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ ہمیں پتہ چل گیا ہے ۔ کہ ۱۸ سال تک عیش و عشرت کی طرف لے جائی جانے والی قوم کے اندر اب بھی اسلام کی رمق باقی ہے اور اس راکھ کے ڈھیر میں ایمان کی چنگاری ابھی موجود ہے ۔ اس ایمان کی چنگاری اور اسلام کی رمق نے اللہ تعالیٰ کی امداد کو ہماری طرف رجوع کیا ۔ ہم گناہ گار تھے ۔ بد کردار تھے ۔ ہم نے اللہ تعالیٰ سے عہد کر کے بدشکنی کی تھی ۔ رسول کریم کی تعلیم سے ہمیں وابستگی نہ رہی تھی ۔ اس کے باوجود اللہ تعالیٰ نے ہماری امداد فرمائی ۔ آج اونچی اونچی کرسیوں پر بیٹھنے والے انکار کرنا چاہیں ۔ تو کر دیں ۔ لیکن یہ حقیقت ہے ۔ کہ ۶ ستمبر کو جب لاہور پر حملہ ہوا ۔ تو صرف اللہ تعالیٰ نے ہمیں بچایا ۔ یہاں ہماری جتنی فوج تھی ۔ وہ دشمن کے حملہ کا جواب دینے کے لئے کافی نہ تھی ۔

رانا پھول محمد خان۔۔Point of order جناب سپیکر ۔ میں آپ کی خدمت میں گذارش کروں گا ۔ کہ مولوی صاحب کو قطعاً یہ نہ کہنا چاہئے ۔ کہ ہماری فوج کہاں تھی ۔ اور کیسی تھی ۔ یہ بڑا نازک مسئلہ ہے ۔ انہیں فوج کے متعلق یہاں کوئی بات نہ کرنا چاہئے ۔

خواجہ محمد صفدر۔۔جناب والا ۔ یہ کس کو معلوم نہیں کہ ہماری فوج کہاں تھی ؟

Mr. Speaker : That is a request from Rana Phool Muhammad Khan, but not a point of order.

مسٹر محمود اعظم فاروقی--جناب والا ۔ لاکھوں افراد اس بات کو جانتے ھیں ۔ کہ اس شہر کو کس نے بچایا ۔ وہ اللہ تعالیٰ کی مدد تھی اور صرف اس کی نصرت تھی ۔ ورنہ دشمن کی راہ میں کوئی چیز مانع نہ تھی ۔ اگر لاھور کو محفوظ رکھا ھے ۔ اگر قلب پاکستان کو یا یوں کہیے ۔ کہ پاکستان کی حفاظت کی ھے ۔ تو وہ صرف اللہ تعالیٰ کی مدد اور اس کی نصرت نے کی ھے ۔ اس لئے اس تائید ایزدی کا تقاضا تھا ۔ کہ آپ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتے ۔ اپنی زندگی کو اسلام کی طرف پھیر دیتے برائیوں کا قلع قمع کرتے ۔ حکومت کے ایوانوں میں ایمان کی روشنی پیدا کرتے ۔ لیکن مجھے مجبوراً یہ بات کہنا پڑتی ھے کہ

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے میں
تڑپے ھے مرغ قبلہ نما آشیانے میں

آپ اس زمانہ میں بھی اسلام کی طرف رجوع نہ ھوئے اور آپ نے احکام الٰہی سے رو گردانی کرنے کا جو طریقہ اختیار کیا ھوا ھے اس کی صرف چند مثالیں میں آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاھتا ھوں ۔

Mr. Speaker : The member may please conclude his speech.

مسٹر محمود اعظم فاروقی--جناب ۔ مجھے پانچ منٹ اور دے دیجئے ۔

Mr Speaker : There are three four members who want to speak on this issue.

مسٹر محمود اعظم فاروقی--لیجئے جناب ۔ میں اس کی صرف دو ھی مثالیں پیش کرونگا ۔ ایک تو یہ کہ عین جنگ کے زمانہ میں کراچی میں

ایک شراب خانہ کھولنے کی اجازت دے دی گئی ۔ جب کمشنر صاحب سے کہا گیا کہ اس وقت خدا کی مدد پر ہماری کامیابی کا انحصار ہے ۔ یہ نئے نئے شراب خانے کھولنے کا وقت نہیں ہے ۔ تو انہوں نے جواب دیا ۔ کہ اس شراب خانہ کی اجازت ان کے پیش رو دے چکے ہیں ۔ اس لئے وہ اسے واپس نہیں لے سکتے ۔

دوسری مثال جو میں آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں یہ ہے اور یہ بات سب کو معلوم ہے کہ اسلام میں جؤا منع ہے ۔ اس کے متعلق دئیے گئے احکام میں کوئی شبہ نہیں ۔ Islamic Advisory Council بھی اس کے متعلق اپنی رائے دے چکی ہے ۔ کہ جؤا ہر شکل میں ممنوع ہے ۔ لیکن گورنر صاحب کی طرف سے مجھے اطلاع ملی ہے ۔ کہ اس بل کو جس کے ذریعے میں جوئے پر پابندی لگانا چاہتا تھا ۔ یہاں پیش کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی ۔ لہذا میں عرض کروں گا ۔ کہ اسلام اور اللہ تعالیٰ کے احکام کا تقاضا ہے ۔ کہ جب یہ بات معلوم ہو جائے کہ ایک چیز اسلام کے اصولوں کے خلاف ہے ۔ تو پھر دنیا کی کوئی طاقت مسلمان کو اس سے روکنے اور باز رکھنے میں مانع نہ ہونی چاہئے ۔ اور کوئی مفاد یا مصلحت اس کی راہ میں حائل نہ ہونے چاہئیں ۔ لیکن یہ طرفہ تماشہ ہے کہ آپ اپنی تقریروں میں اور اپنے بیانوں میں statements میں تو اسلام کا راگ الاپتے رہتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ کی مدد کو آواز دیتے رہتے ہیں ۔ اور اس سے درخواستیں اور دعائیں کرتے رہتے ہیں ۔ لیکن طرز عمل یہ ہے کہ جوئے کا بل جس کے بارے میں کوئی دو رائیں نہیں ۔ اور جسے آپ کی Islamic Advisory Council نے بھی ممنوع قرار دے دیا ہے ۔ ہمیں اس ایوان میں پیش کرنے کی اجازت نہیں دیجاتی ۔

Chaudhri Anwar Aziz (Sialkot - IV): Mr. Speaker, Sir, much has already been said on the subject that I wanted to cover most and that is concerning the settlement and rehabilitation of the people who have been affected by this war. I think my friends Khawaja Muhammad

Safdar, Chaudhri Muhammad Sarwar and, especially, Malik Meraj Khalid have more than adequately covered that subject and whatever they have said I fully concur and agree with that. Actually, there would have been my words but the words that they have used were better than the ones that I could perhaps find. There is only one thing that I want to say in this regard that during this war when we were at our places in Narowal and Shakargarh, the Railway Department did become the symbol to us ofthe solidarity and of the continuity of the greatness of Pakistan. Every day we would be looking forward to the time when the trains were supposed to arrive and this was the only connection and the only proof we had of the fact that we were carrying on the war and by the Grace of God we were winning.

Now, Sir, it has been said on the Floor of this House on the day we moved the Kashmir resolution that the war with India was not yet over. I would like to take that one sentence to its logical conclusion. Sir, this situation, in which we are involved with India, is not going to result in any half measures. We are going to come out of it either as second-rate human beings who abandon their ideals in times of stress and bind their childern to shackles of ignominy or we are going to prove to ourselves and to the rest of the world that we are a people worthy of respect and have a place of honour in history. We owe it to our grand past and to our great legacy that we hand down to our children a future in the sun Nothing else will become us and nothing short will do. This war has shown again, as history has proved before, that it is the soldier and his determination that wins the war. Man-power, influence, connections and resources are second rate elements in a war. Courage, cause, faith and fortitude are the primary things and by the grace of God we have proved in these seventeen days that we have these resources among us in abundance, It is a law of history that every cause or movement, howsoever noble and peace-loving it may be, shall always be compelled to achieve its objective with strife. Our cause is also noble and we have been compelled to battle and we must bear the brunt of the battle to achieve our rights. We must have, and I believe that we do have, the courage, the conviction and the capacity to change this challenge of India into the opportunity of freedom for Kashmir. We shall, however, do better, Sir, to remember that whatever is going to happen tomorrow can very easily be judged from what is being done today. One is wonders-truck and spell-bound by the grandeur and the forceful bravery of our armed forces during the war. What we did not see and what we did not exploit were the hundreds and thousands of our men who were anxious and who were eager and sulking to get a chance for fighting the enemy. This treacherous war with India, thrust on us, found these hundreds and thousands of our men unprepared. Let us work hard today and let us prepare for the victory of tomorrow and let us never allow this to happen again. Our biggest weapon is our men and unless we raise this huge reserve, this great instrument which can really give us victory, will go unused. These men when trained and prepared will give us fulfilment in war and added weight at the conference table.

Sir, much has been said in praise of our armed forces. I think much more should be said and yet when all has been said we will feel that enough has not been said. But let us pay them, today here, the great tribute that we are capable of and that tribute is that we should affirm the

ideal for which they sacrificed and then let us not rest till we have achieved the freedom of Kashmir.

Now, Sir, another point that I want to bring to the notice of this House concerns a very different matter. Sixteen years ago all of our cotton used to be exported to the outside world and because of the failings of the people who gin the cotton and who mix, the market value of our cotton fell down considerably. We took up a batch of young college Graduates and gave them the duty of Cotton Inspectors and told them that they should see to it that good cotton is exported and that the particular bale carries the same quantity and the same quality as it is marked. These Cotton Inspectors took to their job. They not only earned millions of rupees in revenue for the Government but also raised the quality to such a degree that our cotton trade, which had fallen down, went up considerably and today you can claim it with pride throughout the world that we sell whatever we say. Now, the Cotton Control Act has been extended to the whole of West Pakistan while the Department of Cotton Control has been abolished. These fellows who joined the service at the ages of 24 or 25 are today at the ages of 42 or 43. They have four or five children. These people did whatever they were told to do. They gave the best of what they had to the Government and, today, we are going to throw them out on the road. The notice that they have been given expires on January 6. Some of those people who were in this department and were Agricultural College Graduates have been absorbed in the Agricultural Department. I would, therefore, like to request that this Government, which is well-known for its love of the agriculturists, should take into consideration that these fellows, about whom the Governor has already very kindly and magnanimously, ordered that they should be absorbed, should not be thrown out from January 6. Rather, they should be continued on the list of payees of the Government and should be absorbed in some other department that you think the sixteen years of government training has made them fit for.

After making these two points I would like to make a third point and that is a small one. There were some occupancy tenants of the people who have migrated to India. When Pakistan came into being, the Government took over the duty of the owners of that land and these people used to pay to the Government six times the land revenue, and thereby they were able to cultivate the land as usual. They were only supposed to pay six times the revenue to the Government. Recently, it has come to my notice, especially in my constituency, the Tahsildars and other Settlement Officers have started allotting this land to other people. My area, Sir, consists of very very small holdings. These people are already living on two or three acres of land. The Tenancy Act, as you know, is not very much in favour of a tenant who can be teased very much by the land owner and thus there are certain presumptions in the law against the tenant. When these new land-holders will come into being they will try to oust these occupancy tenants by saying different things viz. that they have not given us receipt and that they do not know whether they have received the share of land or not. Therefore, I would request the Government that if they must give this land to some body, let them give it to these very occupancy tenants. The policy hithertofore has been that occupancy tenants were given the right of ownership. So, this is a point which is affecting my constituency very badly and I would request the Minister of Revenue that

he may please consider a new scheme in which he is going to give this land to the occupancy tenants and also give them the right of ownership after receiving the amount of money that he thinks fit in installments from them. With these few words I resume my seat and thank you.

رانا پھول محمد خان (لاہور - ے)--جناب سپیکر - وزیر خزانہ نے جو ضمنی بجٹ پیش کیا ہے - اس پر میں ان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں - اس سے پہلے ہمیں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی - اس بجٹ میں سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ عوام میں سے کسی طبقہ پر بھی اس ضمنی بجٹ کا کوئی اثر نہیں پڑا کیونکہ انہوں نے نہ تو کوئی نیا ٹیکس عائد کیا ہے اور نہ ہی کسی ٹیکس میں اضافہ کیا ہے - ہماری ملکی ضرورت کے تحت اگر وہ ضروری سمجھیں کہ ایک اور ضمنی بجٹ بعض ہنگامی حالات یا کسی ضرورت کے تحت پیش کرنا چاہئے تو میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ موجودہ حالات میں ہماری قوم وہ ٹیکس برداشت کرنے کے لئے تیار ہے -

جناب والا - میں بھی ضلع لاہور سے تعلق رکھتا ہوں - ۶ ستمبر کو ہندوستان نے جو حملہ ہمارے ملک پر کیا اور جن بد ارادوں سے کیا وہ ایک نمایاں بات ہے - اللہ تبارک و تعالیٰ کا ہم پر احسان عظیم ہے کہ اس نے دشمن کے ناپاک ارادے خاک میں ملا دئیے - میں سمجھتا ہوں کہ ہندوستان نے ہم پر حملہ کرکے ہمارے ساتھ برائی نہیں کی بلکہ ہم پر ایک احسان عظیم کیا ہے - اور وہ یہ کہ جب تک کوئی قوم میدان جنگ میں اپنی بہادری کے جوہر نہ دکھا دے اس وقت تک وہ بہادر قوم نہیں کہلا سکتی - میں ان کا بےحد مشکور ہوں اور اگرچہ ہمیں نقصان بھی پہنچا ہے - تا ہم اس کے ساتھ ساتھ ہمیں اتنا بڑا فائدہ پہنچا ہے کہ دنیا کے وہ ممالک جو پاکستان کو دنیا کا ایک معمولی سا حصہ سمجھتے تھے آج یہ سمجھنے پر مجبور ہو گئے ہیں کہ پاکستان ایک بہادر ملک ہے اور جنگی معاملات میں ہندوستان سے زیادہ مہارت رکھتا ہے - میں پاکستان کی

ہوائی ۔ بری و بحری افواج کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اس جنگ میں جو کار ہائے نمایاں سر انجام دئیے ہیں ۔ ان کی دنیا کی تاریخ میں کہیں مثال نہیں ملتی ۔ بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ ہمارے ان بہادر نوجوانوں نے پاکستانی قوم کو دنیا کی بہادر قوموں میں ان کی صف اول سے بھی چند قدم آگے کھڑا کر دیا ہے ۔ اور آئندہ صرف ہماری نسلیں ہی نہیں بلکہ تمام دنیائے اسلام ہماری پاکستانی افواج کی بہادری پر اسی طرح فخر کرے گی جس طرح ہم آج محمد بن قاسم ۔ خالد بن ولید ۔ محمود غزنوی اور دیگر مجاہدین اسلام پر فخر کرتے ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ ہماری بہادر فوجوں نے تاریخ اسلام میں ایک نئے باب کا اضافہ کیا ہے جو ہمارے مستقبل کا ضامن ہے ۔

جناب والا ۔ میرے چند دوستوں نے لاہور کے عوام کی بلند حوصلگی کی تعریف کی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہماری ثابت قدمی میں جناب گورنر مغربی پاکستان کا سب سے بڑا حصہ ہے ۔ جب انہوں نے لاہور پر حملے کی خبر پڑھی اور انگلستان و دیگر ممالک میں یہ خبر پہنچی کہ لاہور پر ہندوستان کا قبضہ ہو گیا ہے ۔ تو جناب گورنر صاحب بذریعہ سڑک فوراً لاہور پہنچے ۔ اور انہوں نے ثابت کر دیا کہ وہ صرف عید منانے میں ہی نہیں بلکہ ہمارے ساتھ روزے رکھنے میں بھی پیش پیش رہے ہیں ۔ ہم گورنر صاحب مغربی پاکستان کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے مشکل وقت میں بھی ہمارا ساتھ دیا ۔ جب ان کو ان کے کئی دوست یہ مشورہ دے رہے تھے کہ آپ کو لاہور میں نہ رہنا چاہئیے ۔

جناب والا ۔ خواجہ صاحب اور میرے محترم بھائی چودھری محمد سرور اور مسٹر معراج خالد وغیرہ نے بے گھر لوگوں کی آبادکاری کا ذکر کیا ہے ۔ مجھے ان کی بعض باتوں سے تو اتفاق ہے مگر بعض باتوں سے مجھے اتفاق نہیں کیونکہ میں بھی اسی ضلع کا رہنے والا ہوں ۔ انہوں

نے تمام افسران پر یہ الزامات لگائے ہیں کہ وہ بالکل اور قطعی طور پر کام نہیں کرتے۔ تو اس کے مقابلے میں میرے سامنے ایسی مثالیں بھی موجود ہیں جنہوں نے رات دن کام کیا اور بے گھر پاکستانیوں کے لئے اپنے دل میں درد کا اظہار کیا جہاں ان کے نزدیک کچھ ایسے لوگ ہیں جو اپنے فرض کی ادائیگی اچھی طرح نہیں کرتے۔ تو وہاں میری نظر میں ایسے مجاہد بھی ہیں جن کے دل میں ہم سے زیادہ درد ہے۔ اور جن کی ہمیں تعریف کرنی چاہئیے۔ مثال کے طور پر ایس۔ ڈی۔ ایم قصور نے رات دن کام کرکے دیہاتوں میں جا جا کر لوگوں کے گھروں سے گندم اکٹھی کی اور اسی طرح تحصیل چونیاں میں جا کر لوگوں سے راشن اکٹھا کیا۔ چنانچہ دیگر سرکاری افسروں نے بھی اس کام میں ہاتھ بٹایا۔ ایس۔ ڈی۔ ایم صاحب نے اکیلے جا کر گندم اکٹھی کی جس سے اب بھی بے گھر لوگوں کو راشن مل رہا ہے۔ میں وزیر بحالیات سے گذارش کروں گا کہ وہ اس مسئلے کی طرف خاص توجہ دیں۔ اگرچہ میں مانتا ہوں کہ کام کی زیادتی بھی ہے تاہم یہ ان کا فرض بھی ہے۔

اس کے بعد جناب والا۔ میں آپ کی وساطت سے قائد ایوان سے گذارش کروں گا کہ وہ میری درخواست حکومت تک پہنچا دیں کہ ہماری قوم آج اشیائے صرف نہیں چاہتی۔ ہماری قوم کو آج چھوٹی بڑی کاروں کی ضرورت نہیں۔ بلکہ باہر سے اگر کوئی کاریں منگوانی ہوں تو ان کی بجائے جیپیں منگوائیں تاکہ دفاع کے وقت وہ قوم کے کام آ سکیں۔ ہماری قوم وہ قوم ہے جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہے جس نے جہاد کے موقع پر اپنے پیٹ پر پتھر باندھے ہوئے تھے۔ ہماری قوم بڑی سے بڑی تکلیف برداشت کرنے کے لئے تیار ہے۔ مگر ہم یہ سننا نہیں چاہتے کہ ہمارے لئے یا ہمارے دفاع کے لئے فلاں چیز کی کمی ہے۔ آپ بیشک ہمیں بیچ ڈالیں۔ آپ جو مانگیں گے ہم دیں گے۔ لیکن خدا کے لئے یہ نہ

سمجھئیے کہ جنگ بند ہو گئی ہے ۔ جنگ بند نہیں ہوئی ۔ جنگ جاری ہے ۔ اس جنگ میں ہماری فوجوں نے ہندوستان کے ساتھ کوئی زیادتی نہیں کی ۔ چونکہ وہاں جمہوریت کے راگ الاپے جاتے ہیں اور بنیادی حق کا زیادہ خیال ہے ۔ ہم بھی چاہتے ہیں کہ وہی بنیادی حق ہمیں بھی دیا جائے جو کئی نسلوں اور صدیوں سے چلا آ رہا ہے ۔ چونکہ شکست جو ہندو کا نسلی ورثہ ہے ۔ اس لئے جناب والا ۔ میری قوم کی یہ خواہش بھی حکومت تک پہنچا دی جائے کہ اس وقت قوم کے ہر فرد کی تمنا یہ ہے کہ اسے تربیت دیجائے جس سے وہ غازی یا شہید کا مرتبہ حاصل کرنے کے قابل ہو سکے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں پھر قائد ایوان سے درخواست کروں گا کہ وہ مہاجرین کی آباد کاری کی طرف خاص توجہ دیں اور اس پر بھی اپنا تھوڑا سا وقت صرف کریں ۔ کیونکہ آخر وہ بھی انسان ہیں اور ان کی تکالیف کا رفع کرنا ضروری ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

صاحبزادی محمودہ بیگم (پی ڈبلیو - ۱۵۳ - زون - سوم)۔۔صدر محترم ۔ ہر سال ایک دفعہ ضرور بجٹ اور درمیان میں ضمنی بجٹ اس ایوان کے سامنے پیش ہوتا ہے ۔ چنانچہ اس کے ساتھ ہی مبارک سلامت کا سلسلہ بھی شروع ہو جاتا ہے ۔ یہ ایک عام بات ہے ۔ اور ایسا ہمیشہ ہوتا رہے گا ۔ یہ ضمنی بجٹ اس لحاظ سے خوش آئند ضرور ہے ۔ کہ عوام پر ٹیکس کا کوئی نیا بوجھ نہیں ڈالا گیا ۔ قوم اس وقت جس بحران میں مبتلا ہے ۔ خدا کے فضل و کرم سے کسی حد تک اس سے نکل چکی ہے ۔ اور باقی مستقبل قریب میں نکل جائے گی ۔ اور یہ اچھا شگون ہے کہ کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا ۔ خدا کے فضل و کرم سے افواج پاکستان اور ان نمازیوں نے قوم اور ملک کو بچا لیا ہے ۔ ہماری خواتین نے بھی اس ہنگامی دور میں مردوں کے دوش بدوش

قوم اور ملک کے لئے حتی المقدور جو کام کیا ہے ۔ وہ بھی آپ کے سامنے ہے ۔ (تحسین و آفرین) ۔

اس وقت اس معزز ایوان کے سامنے جو سب سے اہم مسئلہ ہے ۔ وہ ان ۵ لاکھ بے خانماں اور بے گھر لوگوں کا مسئلہ ہے ۔

(تحسین و آفرین)

خواجہ محمد صفدر ، چودھری محمد سرور اور معراج خالد صاحب نے اسے جس مفصل طریق سے بیان کیا ہے ۔ اس کے بعد میں سمجھتی ہوں ۔ کہ ان خامیوں میں جانے کی ضرورت نہیں ۔ لیکن میں یہ ضرور عرض کروں گی ۔ کہ جن کی ذمہ داریاں بڑی ہوتی ہیں ۔ ان کے دل بھی بڑے ہونے چاہئیں ۔ میں قائد ایوان کی خدمت میں ، جو بے خانماں لوگوں کے وزیر ہیں یہ عرض نہیں کروں گی کہ تساہل کیوں ہوا ہے ۔ مگر یہ ضرور عرض کروں گی ۔ کہ ان کا کام رواں ضرور ہونا چاہئے ۔ اس وقت بڑی بدنصیبی کی بات یہ ہے ۔ کہ تاریخ نے اپنے آپ کو دہرایا ہے ۔ ۱۸ سال پہلے جو کچھ ہوا تھا ۔ وہ اب پھر ہمارے سامنے ہے ۔ مجھے یوں محسوس ہوتا ہے ۔ گویا افسروں اور عوام کے نمائندوں میں ایک خلیج سی حائل ہوگئی ہے ۔ ان میں اتحاد کا فقدان نہایت ہی غیر تسلی بخش بات ہے ۔ (تحسین و آفرین) جب میں ایک طرف افسروں سے اور دوسری طرف عوام کے نمائندوں سے ملتی ہوں ۔ تو مجھے یوں معلوم ہوتا ہے ۔ گویا یہ دو الگ الگ قومیں ہیں ۔ جو بڑی افسوسناک بات ہے ۔ میں سمجھتی ہوں کہ عوام کے نمائندوں اور حکومت کے وزیروں کا یہ فرض ہے ۔ کہ وہ گورنر صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر انہیں عوام کی مشکلات سے آگاہ کریں ۔ اور ان کے حل کے لئے اپنی تجاویز پیش کریں ۔

بخدا میں یہ سب کچھ خوشامد کے نظریہ سے نہیں کہہ رہی ۔ گورنر صاحب کی نسبت میری رائے بہت اچھی ہے ۔ وہ بہت بڑے سیاستدان اور قابل administrator ہیں ۔ لیکن جہاں تک جنگ سے متاثرہ لوگوں کی آباد کاری کا تعلق ہے ۔ میں ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گی ۔ کہ وہ اس کام کے لئے ایک خاص افسر مقرر کریں ۔ خواہ وہ مسٹر آئی یو خاں ہی کیوں نہ ہوں ۔ مگر وہ ایسا افسر نہ ہو ۔ جس کے پاس مختلف النوع کام ہوں اور وہ اس کام کے لئے سارے دن میں صرف دس بیس منٹ نکال سکے ۔ میں سمجھتی ہوں ۔ کہ اس ہنگامی دور میں ریلیف کمشنر کا کام ایک whole time job ہے ۔ عوام کے نمائندوں کے ساتھ ان کا باقاعدہ طور پر رابطہ ہونا چاہئیے ۔ مجھے یاد ہے ۔ میں ایک روز آئی یو خاں صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئی تو انہوں نے مجھے بتایا کہ سیالکوٹ سے ۵۰ ہزار رضائی کی demand آئی تھی اور وہ ۶۵ ہزار رضائی مہیا کر چکے ہیں ۔ اس کے بعد جب میں خواجہ محمد صفدر صاحب سے ملی تو انہوں نے کہا ۔ یہ بالکل غلط ہے ۔ ہماری ایک لاکھ رضائی کی demand تھی ۔ جس میں سے ابھی تک آدھی بھی نہیں پہنچیں ۔ تو صدر محترم ۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے ۔ کہ ہمارے نمائندہ افراد اور افسروں کے درمیان اتحاد کا فقدان ہے ۔ ہمارے ہاں ابھی stage of emergency ہے ۔ اور قوم حد درجہ متفق اور متحد ہے ۔ لیکن ہماری تھوڑی سی غفلت سے اس قدر بدمزگی پیدا ہو رہی ہے ۔ اور جو کچھ پہلے ہؤا تھا وہی کچھ اب دوبارہ ہو رہا ہے ۔

جناب والا ۔ میں خود ایک refugee ہوں ۔ مجھے معلوم ہے کہ ۱۸ سال پہلے بھی افسروں کا یہی رویہ تھا ۔ آج پھر تاریخ نے اپنے آپ کو دوہرایا ہے ۔ اور افسروں کا رویہ پھر وہی ہے ۔ خدا کے لئے اس وقت جو خامیاں ہیں ۔ انہیں دور کیجئے ۔ فراخدلی کا

ثبوت دیجئے ۔ منصب بڑا ہو تو دل بھی بڑا ہونا چاہئے ۔ ہمیں اس بات میں نہ الجھنا چاہئے کہ کس وزیر یا افسر نے کیا غلطی کی ہے ۔ بلکہ ہمیں سر جوڑ کر بیٹھنا چاہئے ۔ اور ایک مکمل سکیم تیار کرنی چاہئے ۔ ہمارے سامنے ایک بڑا اہم مسئلہ ہے ۔ صبح سے شام تک بیسوں لڑکے لڑکیاں میرے پاس تعلیم اور شادی کے لئے آتے ہیں ۔ اور ایک میرے پاس ہی کیا سب کے پاس آتے ہوں گے ۔ ہم جو کچھ کر سکتے ہیں کرتے ہیں ۔ لیکن پھر بھی حکومت کے تعاون کے بغیر اتنے بڑے مسئلے کو حل کرنا ہمارے بس کا روگ نہیں ۔

جناب والا ۔ اگرچہ یہ بے خانماں لوگ ہمارے رشتہدار نہیں ۔ تاہم ہمیں ان لوگوں کو تکلیف میں دیکھ کر ان کے ساتھ چلے جانا چاہئے ۔ آپ ذرا یہاں ضلع کچہری میں جا کے دیکھیں کہ کیا طوفان برپا ہے ۔ لوگ کس طرح مارے مارے پھر رہے ہیں ۔ بیوہ عورتیں یتیم بچے ,اور پردہ دار خواتین بچارے بیس بیس دن تک نام رجسٹر نہیں کرا سکے ۔ پبلک نے جو کام کیا ہے ۔ وہ تو ایسا ہے جو زندہ قوموں کی دلیل ہے ۔ مگر افسروں کے رویہ سے ناراضگی اور بدمزگی پیدا ہو رہی ہے ۔ میں ان سے پھر عرض کروں گی کہ فراخدلی کا ثبوت دیجئے ۔ اور اس مسئلے کا حل تلاش کرنے کے لئے ایک جامع سکیم تیار کیجئے ۔ اس وقت حالت یہ ہے کہ ایک افسر کچھ کہتا ہے اور دوسرا کچھ اور ہی کہتا ہے ۔ کمشنر صاحبان جو خدا کے فضل و کرم سے بڑے افسر ہیں یہ سمجھتے ہیں ۔ کہ پبلک کے نمائندے جھک مارتے پھرتے ہیں ۔ اور صرف پریس میں اپنا نام دینے کے لئے سب کچھ کر رہے ہیں ۔ حالانکہ اس جنگ کے زمانہ میں پبلک کے نمائندوں کو کبھی اخبارات میں نام دینے کا خیال تک نہیں آیا ۔

بلکہ انسانوں کو تکلیف میں مبتلا دیکھ کر ، وہ زیادہ سے زیادہ جتنا کام کر سکتے تھے - انہوں نے کیا -

صدر محترم - آخر میں پھر میری یہی گزارش ہے - کہ قائد ایوان جو وزیر بحالیات بھی ہیں جن کا یہ محکمہ ہے - گورنر صاحب کے پاس تشریف لے جائیں - اور اس بارہ میں یہاں جو کچھ کہا گیا ہے - ان کی خدمت میں عرض کریں - ویسے جو باتیں یہاں ہوئی ہیں - یہ ذاتیات پر مبنی نہیں - یہ تو قوم کی آواز ہے - جو حکام بالا تک ضرور پہنچنی چاہئیے - خدا کے لیے ۱۸ سال پہلے کی مثال اب دوبارہ نہ دوہرائیں - بلکہ ایک مکمل سکیم تیار کریں - اور اس پر عمل درآمد کرائیں - اس سکیم میں قوم کے نمائندے ضرور شامل ہونے چاہئیں -

(تحسین و آفرین)

مسٹر سپیکر—میں ہاؤس کی اطلاع کے لئے عرض کر دوں کہ جو ممبر صاحبان اس بجٹ کی بحث میں حصہ لینا چاہتے ہیں - اور اپنے نام مجھے دے چکے ہیں - ان کی تعداد چالیس تک پہنچ چکی ہے - اب تک ان میں سے صرف آٹھ ممبر تقریر کر چکے ہیں - لہذا میرے لئے یہ ناممکن ہے - کہ آدھ گھنٹہ میں سارے ممبران کو accommodate کر سکوں - ویسے تو ممبران تقاریر کے لئے بے تاب نظر آتے ہیں - اس کے متعلق Leader of the House کی رائے کیا ہے ؟ کیا آج شام کا اجلاس نہ کر لیا جائے ؟ اس کے سوا میرے پاس کوئی حل نہیں -

خواجہ محمد صفدر—میں آپ کی اس تجویز کی تائید کرتا ہوں -

Mr. Speaker : It is the sense of the House that we shall hold the second sitting.

Minister of Finance : At what time Sir ?

مسٹر سپیکر—جیسے ہاؤس کی رائے ہو -

وزیر خزانہ۔تین بجے کر لیجئے -
(آوازیں - چار بجے کر لیجئے)

Mr. Speaker : Alright. The second sitting will commence at 4 p. m.

سید عنایت علی شاہ (پشاور - م)۔محترم سپیکر صاحب - ضمنی بجٹ برائے سال ۶۶-۱۹۶۵ء اس ایوان کے معزز اراکین کے سامنے پیش ہے - قبل اس کے کہ میں ضمنی بجٹ کے متعلق کچھ عرض کروں - میں اسے اپنا فرض اولین سمجھتا ہوں - کہ میں عساکر پاکستان کے شیر دل نوجوان مجاہدین اور شہدا کو جنہوں نے اپنے خون سے ہولی کھیل کر اس مقدس اور پاک سرزمین کو دشمنوں سے محفوظ رکھا - اور جنہوں نے اس گلشن کی آبیاری اپنے لہو سے کی - اور آج ہمیں یہ موقع بخشا - کہ ہم یہاں پر اکٹھے ہو کر اس پیش شدہ بجٹ پر بحث کر رہے ہیں - خراج عقیدت پیش کرتا ہوں - اور ان شہدا کے لئے دعائے مغفرت کرتا ہوں - خدائے لایزال کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتا ہوں - کہ جس نے اپنی اس گناہگار قوم کو اپنے اسلاف کے ان کارناموں کو دوہرانے کا موقع بخشا - جو انہوں نے بدر و حنین - قادسیہ اور یرموک میں سر انجام دیئے تھے - اور آج ہم اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اپنے مقصد میں کامیاب ہیں - کیونکہ ہمارے ایک بزدل دشمن کو سخت شکست فاش ہوئی ہے -

جناب والا - مسلمان ایک عظیم قوم ہے - اور اس قوم کی عظمت کا اندازہ اس کے سوا اور کس بات سے ہو گا - کہ ہمارے صدر بنفس نفیس اگلے مورچوں میں اپنی فوجوں کو ہدایات دیتے رہے - یہاں کے مرد آہن گورنر صاحب بھی محاذ جنگ سے صرف چند میل کے فاصلے پر نہ صرف یہ کہ موجود ہی رہے - بلکہ گاہے بگاہے اپنی فوجوں کو دیکھنے اگلے مورچوں پر بھی جاتے رہے - ہمارے وزراء کا بھی کیا

کہنا ہے ۔ جو گاہے بگاہے اپنی فوجوں کو لڑتے ہوئے دیکھ آئے ہیں ۔ ہمارے عوام ، معصوم بچے ، عورتیں سب کے سب ہی قابل داد ہیں ۔ جنہوں نے ہوائی جہازوں کے حملوں کو نظر انداز کرتے ہوئے اگلے مورچوں میں بھی اپنی فوجوں کو خوراک پہنچائی ۔

جناب والا ۔ ہمیں اس جنگ نے بیشمار سبق سکھائے ہیں ۔ ان میں سب سے پہلا سبق جو جنگ نے ہمیں سکھایا ۔یہ تھا کہ ہندوستان نے پاکستان کے وجود کو کبھی بھی تسلیم نہیں کیا ۔ اور نہ ہی اسے تسلیم کرے گا ۔ تقسیم ہند کے وقت مسٹر نہرو ، لارڈ ماؤنٹ بیٹن اور ریڈکلف نے گورداسپور کی تحصیل اور پٹھان کوٹ کا راستہ محض اسی وجہ سے ہندوستان کے پاس رکھا ۔ کہ وہ کشمیر کو ہندوستان میں مدغم کرنا چاہتے تھے ۔ نہ صرف یہ کہ کشمیر کو ہندوستان میں مدغم کرنا چاہتے تھے ۔ بلکہ وہ اسے پاکستان کے لئے ایک مسلسل درد سر بنانا چاہتے تھے ۔

جناب والا ۔ اس جنگ نے ہمیں ایثار سکھایا ۔ اس جنگ نے ہمیں قربانی اور یک جہتی سکھائی ۔ اس جنگ نے ہمیں یہ سکھایا ۔ کہ اگر تم زندہ رہنا چاہتے ہو ۔ تو مضبوط ہو کر ہی زندہ رہ سکتے ہو ۔ کیونکہ یہ مضبوطی International Law سے بھی بڑھ کر ہے ۔ اس جنگ نے ہمیں Fair weather friends and friends in need میں تمیز کرنا سکھائی ہے ۔ اس جنگ نے ہمیں بتایا کہ بڑی طاقتوں کی اصلیت کیا ہوتی ہے ۔ اس جنگ نے ہمیں سکھایا ہے کہ سب سے پہلے اپنے آپ پر بھروسہ کرو ۔ اپنی قوم پر بھروسہ کرو ۔ اس جنگ نے ہمیں یہ سکھایا ہے کہ اگر آپ طاقتور ہیں ۔ تو لوگ آپ کے سامنے جھکیں گے ۔ اور اگر آپ کمزور ہیں ۔ تو دنیا آپ کو ٹھکرائے گی ۔ اس جنگ کے لئے ساری قوم خدا کی شکر گزار ہے ۔ کہ ہمارے ہر طبقہ خیال اور

انداز فکر کے لوگوں نے جس جوش اور عزم کا ثبوت دیا ہے ۔ اور جس ایثار اور قربانی کا مظاہرہ کیا ۔ وہ قابل داد اور قابل صد ستائش ہے ۔

جناب والا ۔ ہندوستان کی جانب سے اس مسلسل خطرے کو مدنظر رکھ کر ہمیں ایسی پالیسی مرتب کرنی چاہئیے ۔ جس سے ہم ہر وقت اس بزدل دشمن کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار رہ سکیں ۔ اس کے متعلق سب سے پہلے تو میری تجویز یہ ہے ۔ کہ تمام سکولوں اور کالجوں میں فوجی تربیت کو لازمی قرار دیا جائے ۔ اس کے بعد دوسری تجویز یہ ہے ۔ کہ سولہ سال سے لیکر پچاس سال کی عمر تک سب لوگوں کو لازمی طور پر فوجی تربیت دی جائے ۔ اور اس کے ساتھ ہی ساتھ اسلامی تعلیمات عام کر دی جائیں ۔

اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ اس معزز ایوان میں بہت سے اراکین نے بے گھر لوگوں کو از سر نو آباد کرنے کے متعلق اپنی تقاریر میں بہت کچھ کہا ہے ۔ میں بھی اس سلسلے میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ حکومت اور عوام کے کندھوں پر یہ ایک نہایت ہی اہم فریضہ ہے ۔ جس سے ہمیں بطریق احسن سبکدوش ہونا چاہئے ۔ تاکہ ان کی آبادکاری مستقل طریقے سے ہو سکے ۔

جناب والا ۔ اب میں زیر بحث ضمنی بجٹ کے متعلق کچھ عرض کرونگا ۔ اس میں جو دس کروڑ انتیس لاکھ روپے کے خرچ کا ذکر کیا گیا ہے ۔ میں اس کی مکمل حمایت کرتا ہوں ۔ اور اگر ملک و قوم کے تحفظ کے لئے ایسے کروڑھا روپے کے خرچ کی بھی ضرورت پڑی ۔ تو آپ دیکھیں گے ۔ کہ ہم ہرگز کسی سے پیچھے نہ رہیں گے ۔

جناب والا ۔ اب چند گزارشات میں اپنے حلقۂ نیابت کے متعلق بھی کرنا چاہتا ہوں ۔ میرے علاقے میں دو سکیمیں ہیں ۔ ایک خویشکی لفٹ

ایریگشن سکیم اور دوسری ٹانڈا مردانہ سکیم ہے ۔ لیکن نا معلوم وجوہات کی بناء پر یہ سکیمیں اچھے طریقے سے کام نہیں کر رہیں ۔ میں متعلقہ محکمے کی جانب وزیر متعلقہ کی توجہ دلاتا ہوں ۔ اور یہ عرض کرتا ہوں ۔ کہ وہ اس کے متعلق معلومات فراہم کریں ۔ اور دیکھیں ۔ کہ یہ سکیمیں کیوں کامیاب نہیں ہوئیں ۔

اس کے علاوہ ایک سکیم اور تھی جس کا نام ۔ باڑہ ۔ ٹانڈہ سکیم تھا ۔ ۱۹۵۹ء میں واپڈا نے اس کے متعلق سروے کیا تھا ۔ اور یہ یقین دلایا تھا ۔ کہ یہ ایک قابل عمل سکیم ہے ۔ لیکن نا معلوم وجوہات کی بناء پر اسے بھی ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا گیا ۔ مجھے اس بات کا علم ہے ۔ کہ حکومت چاہتی ہے ۔ کہ زیادہ سے زیادہ علاقے کو زیر آب لایا جائے ۔ پھر معلوم نہیں ۔ کہ اس سکیم کا یہ حشر کیوں ہوا ۔ نوشہرہ کے علاقے میں لاکھوں جریب زمین خشک پڑی ہوئی پانی کو ترس رہی ہے ۔ اگر اسے سیراب کرنے کے لئے ٹیوب ویل نصب کئے جائیں ۔ تو اس سے ''زیادہ غلہ اگاؤ'' سکیم میں بھی بہت مدد ملے گی ۔ اور ہنگامی حالات کے دوران اور بعد میں بھی غلے کی پیداوار میں بڑی مدد مل سکتی ہے ۔ نوشہرہ کے علاقہ میں ، اکوڑہ ، شیدو ، نظام پور میرہ کنڈہ ، سیرہ بہرام کلی وغیرہ اور ان کے علاوہ پبی میں سیم بری طرح سے اراضیات کو برباد کر رہی ہے ۔ اس کا تدارک نہایت ضروری ہے ۔

اس کے علاوہ کیمیاوی کھاد کی کمی کو تمام صوبے نے محسوس کیا ہے ۔ چنانچہ اگر حکومت چاہتی ہے ۔ کہ ''زیادہ غلہ اگاؤ'' کی سکیم ٹھیک طور پر کام کرے ۔ تو حکومت کو چاہئے ۔ کہ وہ کیمیاوی کھاد مہیا کرنے کی ہر ممکن کوشش کرے ۔

اس کے علاوہ میری گزارش یہ ہے ۔ کہ ہمارے علاقے میں گنے کی کاشت بہت زیادہ ہوتی ہے ۔ لیکن Sugar Mills کے لئے جو گنا خریدا جاتا ہے ۔ اس کی قیمت بہت کم ہے ۔ لہذا میں حکومت سے درخواست کرتا ہوں ۔ کہ وہ اس ایوان کی ایک سب کمیٹی بنائے ۔ جس کے سپرد یہ کام ہو ۔ کہ وہ یہ دیکھے ۔ کہ گنے کی قیمت واجبی ہے ۔ یا نہیں ۔

اسکے علاوہ عرض یہ ہے ۔ کہ نوشہرہ کالج کی تعمیر کا مسئلہ ۶۰-۵۹ء سے زیر غور ہے ۔ اور ابھی تک اس سلسلے میں کوئی کام نہیں ہؤا علاوہ ازیں نوشہرہ میں ایک زنانہ کالج کی ضرورت بیحد محسوس کی جا رہی ہے ۔ اگر حکومت وہاں ایک ڈگری کالج نہیں بنا سکتی ۔ تو فی الحال ایک انٹر میڈیٹ کالج ہی بنا دیا جائے اسکے علاوہ نوشہرہ کی اراضیات کو Kabul River سے آبپاش کرنے پر متعلقہ ایکٹ کی رو سے ۱۹۵۰ء سے ممانعت کر دی گئی ہے ۔ حالانکہ اس پر پابندی چودہ سال کے لئے ہونی چاہئے تھی ۔ جو کہ ۱۹۶۴ء میں اس پابندی سے آزاد ہو جانی چاہئے تھیں ۔ اس لئے میں یہ درخواست کروں گا ۔ کہ اس پابندی کو دور کیا جائے ۔

(At this stage Mr. Senior Deputy Speaker occupied the chair.)

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲)۔جناب سپیکر ۔ میں آج اس نہایت ہی اہم مسئلہ یعنی ضمنی بجٹ پر اپنی گزارشات پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ پیشتر اس کے کہ میں اس موضوع پر آؤں جس کی تفاصیل کے متعلق میں کچھ عرض کرنی چاہتا ہوں ۔ آج اس ہاؤس میں تقاریر سننے کے بعد مجھے ان واقعات (جن کا مشاہدہ گزشتہ جنگ کے دوران ہؤا اور اب تک ہوتا رہا ہے) کے متعلق بھی گزارش کرنی ہے ۔

جناب والا ۔ ہمیں یقیناً ان لوگوں کے مسائل میں جو بے گھر ہو کر آئے ہیں زیادہ سے زیادہ دلچسپی لینی ہو گی ۔ میرے نزدیک آپ جتنی بھی دلچسپی لیں گے اتنی ہی کم ہے ۔ اگر اس سلسلے میں آپ اپنی کوشش کافی سمجھتے ہیں ۔ تو اسے اس سے بھی زیادہ کیجئے ۔ کیونکہ وہ لوگ جو ۵ ۔ ستمبر کی رات کو بخریت سوئے ۔ ۶ ۔ ستمبر کی صبح کو ان کے گاؤں اور ان کی املاک پر دشمن قبضہ کر چکا تھا ۔ اور انہوں نے اپنے وسائل کے مطابق گولی بارود جو ہتھیار بھی ان کے ہاتھ آیا اس سے بھارتی سینا کا مقابلہ کیا ۔ لٹیروں کے ساتھ لڑے اور شہید بھی ہوئے ۔ ایسے کئی واقعات موجود ہیں جن میں ان لوگوں نے پسپائی اختیار کرنے کی بجائے دشمن کا مردانہ وار مقابلہ کیا ۔ ان میں سے جو لوگ بے گھر ہو کر آئے ہیں ۔ ہمیں چاہئے کہ ہم ان کے لئے ۔ ان کے اہل و عیال کے لئے ۔ ان کی روزمرہ کی ضروریات اور ان کے بچوں کی تعلیم کے لئے ایسے وسائل اختیار کریں جن سے وہ یوں سمجھیں جیسے وہ بے گھر ہی نہیں ہوئے ۔ بلکہ وہ یہ سمجھیں کہ وہ زندہ تھے ۔ زندہ ہیں اور زندہ رہیں گے ۔ تاکہ ان کا اپنی املاک دوبارہ حاصل کرنے ۔ اپنے گاؤں اور اپنی جگہوں میں واپس جانے کا جو ولولہ ہے ۔ وہ قائم رہے ۔ اور وہ یوں محسوس کریں جیسا کہ لوگ آج سے چودہ سو سال پہلے مکہ معظمہ سے مدینہ شریف ہجرت کر گئے ہوں جہاں انصار نے اپنے گھر ان کو رہنے کے لئے دے دیئے ہوں ۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : I think there was a ruling that the Minister whose subject was being discussed in the House should be present here.

Mr. Senior Deputy Speaker : Minister of Rehabilitation is there.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : But this is general discussion on the Budget.

Minister of Revenue : I am not incharge of the Budget.

ملک محمد اختر۔۔جناب والا ۔ ہمیں زیادہ حوصلے اور فراخ دلی سے بحالیات کے لئے جو اس جنگ کا ایک المیہ ہے اپنے وسائل کو بروئے کار لانا ہو گا ۔ میں سمجھتا ہوں اگر فی الحقیقت (جیسا کہ اس ایوان کے بعض معزز اراکین نے فرمایا ہے) کوئی ایسی مثال موجود ہے کہ کسی افسر سے کوئی ایسی غلطی سرزد ہوئی ہے تو ہمیں چاہئے کہ ہم اس کی اصلاح کریں ۔ تاکہ اس جہاد کے وقت اگر کوئی افسر کسی کوتاہی کا مرتکب ہؤا ہے تو اس کوتاہی کا سد باب کیا جا سکے ۔ اس سلسلے میں میں متعلقہ ارباب اختیار سے ۔ جناب گورنر صاحب ۔ وزرا صاحبان اور قائد ایوان سے عرض کروں گا کہ یہاں جن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے ان سے وہ ہرگز ناراض نہ ہوں ۔ بلکہ ایسے اختیارات اور ذرائع کام میں لائیں جن سے ایسے ارباب اختیار کی گوشمالی . . . . کی جا سکے ۔ جنہوں نے یا تو عوامی نمائندگان سے تعاون نہیں کیا اور اگر کیا ہے تو اس حد تک نہ کیا جس حد تک کہ حالات کا تقاضا تھا ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد بجٹ کے متعلق مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ جب وزیر خزانہ صاحب نے سالانہ بجٹ پیش کیا تو اس وقت کے اعداد و شمار کے مطابق مختلف منصوبہ جات کے لئے جو زر مبادلہ صرف کرنے کے لئے مہیا کیا گیا تھا وہ ۵۲ کروڑ ۳۰ لاکھ ۱۸ ہزار روپے تھا ۔ جس میں aid اور loan کی مشترکہ رقم ۴۴ کروڑ ۴۳ لاکھ ۵۰ ہزار روپے دکھائی گئی تھی ۔ اس طرح ان developments پر ہم نے ۷ کروڑ ۸۷ لاکھ ۱۳ ہزار روپیہ صرف کرنا ہے ۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ زر مبادلہ ہمارا اپنا کمایا ہؤا . . . . زر مبادلہ ہے ۔ اور ۶۵ - ۱۹۶۴ کا زر مبادلہ ہے ۔ اس بجٹ میں سب سے اہم اور سب سے بڑا نقطہ یہ ہے کہ آیا ہم نے یہ ۷ کروڑ ۸۷ لاکھ روپیہ developments پر خرچ کرنا ہے یا اس سے زیادہ ضروری یہ ہے کہ ہم

اس سے گولہ بارود خریدیں ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ حالات میں اس رقم میں سے ہمیں ایک پائی بھی developments پر صرف کرنے کے لئے ہر گز تیار نہ ہونا چاہئے ۔ کیونکہ یہ تو ہمارا اپنا کمایا ہؤا زر مبادلہ ہے ۔ اس زر مبادلہ سے آپ کو گولہ بارود خریدنا چاہئے ۔ باقی جو قرضہ اور aid ہے اس کے بارے میں آپ پابند ہیں کہ اس سے آپ آرڈر کے مطابق چیزیں خریدیں ۔ اس سلسلے میں آج اگر کوئی ایسے قواعد موجود ہیں جو روکاوٹ کا باعث ہیں تو قائد ایوان اور وزیر خزانہ صاحب فوری طور پر اس بجٹ میں ترمیم کریں ۔ یہ ۷ کروڑ روپیہ جو ہمارا ۶۵ - ۱۹۶۴ کا کمایا ہؤا ہے اس میں سے ایک دمڑی بھی ہم کسی اور کام پر خرچ کرنے کے لئے تیار نہیں ۔ آج ہمیں اسلحہ کی ضرورت ہے ۔ ہمارے ۱۰ کروڑ عوام اپنی وردیاں اپنے خرچ پر بنا کر ایک آنریری فوج بنانے کے لئے تیار ہیں ۔ لہذا ان کو ٹریننگ دینے کے گولہ بارود چاہئے ۔ ہمیں چاہئے کہ یہ روپیہ صرف Defence پر خرچ کریں اور اسے کسی اور مد پر خرچ نہ کریں ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد دوسری بڑی item یہ ہے کہ آپ نے Development Programme میں تقریباً ۴۰ کروڑ روپے کی کمی کی ہے ۔ لیکن آپ نے جو allocation کی ہے ۔ وہ ۴۰ کروڑ ۹ لاکھ ۷۱ ہزار روپے کی ہے ۔ آپ کا کل خرچ ۱ ارب ۸۱ کروڑ ۵ لاکھ ۷۰ ہزار روپے تھا اور اسے آپ نے کم کرکے ۱ ارب ۴۱ کروڑ ۵ لاکھ ۹۳ ہزار روپے کر دیا ہے ۔ اس طرح آپ کے پاس ۴۰ کروڑ ۹ لاکھ ۷۷ ہزار روپیہ فاضل بچا ہے ۔ لہذا میں نہیں سمجھتا کہ آپ نے ہنگامی حالات کے لئے جو provision کی ہے وہ دس کروڑ روپے کی کر دی ہے ۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ صوبہ میں ہنگامی حالات کے لئے ۱۰ کروڑ روپے سے زیادہ کی ضرورت نہیں تو میں آپ کو ایک بڑی مفید suggestion دیتا ہوں ۔

اور وہ suggestion یہ ہے کہ آپ نے مرکزی حکومت کا جو کچھ قرضہ دینا ہے ۔ آپ ان کو re-pay کر دیجئے تاکہ وہ ٹینک اور جہاز وغیرہ خرید سکیں .....

Mr. Senior Deputy Speaker : Please conclude your speech within two minutes.

ملک محمد اختر۔بہت اچھا ۔ جناب والا ۔ وہ رقم آپ مرکزی حکومت کو دے دیجئے ۔ میں اس مختصر سے وقت میں دو ہی تجاویز پیش کر سکا ہوں ۔ ایک تو آپ یہ کیجیے کہ آپ کے پاس جو ۴۰ کروڑ روپے کی رقم ہے ۔ جس میں سے ۱۰ کروڑ روپیہ آپ استعمال کر رہے ہیں ۔ اس میں سے جو قرضہ آپ نے مرکزی حکومت کو دینا ہے ۔ وہ ۳۰ کروڑ روپیہ آپ re-pay کر دیجئے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ہم اس زر مبادلہ میں سے ایک پائی بھی گولہ بارود پر صرف نہ کریں تو یہ ایک گناہ کبیرہ ہوگا ۔ یہ ہمارا اپنا زر مبادلہ ہے اور اس پر ہمارا اپنا قبضہ اور control ہے ۔ اس کے بر عکس آپ نے جو اپنی develop-ments چلائی ہیں ان کو آپ صرف اس aid اور loan سے چلائیں جو آپ کو مرکزی حکومت سے مل رہی ہے ۔

جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ تلخی کی بجائے ماحول یقیناً بہتر ہوتا اگر وہ قباحتیں جو دیکھنے میں آئی ہیں ۔ ان کے متعلق وزرا صاحبان افسران کو ہدایت کریں کہ وہ ان قباحتوں کو دور کریں اور عوامی نمائندگان سے جو ان کے ضلع سے تعلق رکھتے ہیں ۔ رابطہ قائم کریں ۔ جب وقت آیا اور جیسا کہ عوام نے عملی ثبوت پیش کیا ہے ۔ ہمیں بھی اتحاد کا عملی ثبوت دینا ہو گا ۔ اس وقت جو ارباب اختیار ہیں ان کو یہ کام اس نہج پر چلانا ہو گا جس سے ہمارے مہاجر بھائیوں کے مسائل کم سے کم ہوں ۔ اور وہ یوں

سمجھیں جیسے ہمارے شیر دل عساکر نے آج سے چودہ سو سال پیچھے جا کر ان جنگوں کی تاریخ کو دھرایا ہے ۔ لہذا ہمارے گھر ۔ ہمارے دل اتنے فراخ ہونے چاہئیں تاکہ ہمارے تمام ۔ مہاجر بھائی یوں محسوس کریں جیسے مکہ معظمہ سے سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جو لوگ مہاجرین کی صورت میں گئے وہ مدینہ منورہ میں اس طرح بس گئے جیسے وہ ان کا اپنا ہی وطن تھا ۔

Mr. Ahmed Mian Soomro (Jaccobabad - II) : Mr. Speaker, Sir, it has really been a pleasant surprise to everyone of us in this House and in the province inasmuch as at this time, when we all were expecting ordinarily a good amount of taxation in the supplementary budget to meet the expenses necessitated in this emergency ; we very happily come across a supplementary budget before this House which merely seeks to appropriate certain expenditure previously sanctioned and not a single pie by way of any extra taxation burden is imposed on the province. And what is more, our Finance Minister did not come forward with any fresh taxation proposal and, therefore, with no supplementary budget. The people of this province through their representatives here—I am really thankful for this to the Government—but nevertheless, they are prepared voluntarily, without the necessity of this Legislature imposing on them any tax, to come forward to give whatever they have to protect themselves and their country. They have shown the example of it. We have seen that even widows and parents have given even the savings kept for dowery for their children to this benevolent cause. The people, Sir, have shown great sense of discipline in responding to the appeal of the Head of the State to give whatever they can to the sacred cause of national defence fund and are continuing to do so. But at this stage I must caution the Government against those cases where money is being collected in the name of national defence fund without giving any proper receipt for it. This is shameful that in this sacred cause of this nation where people are prepared to come forward with whatever little they have, a few officials should take advantage of their position and try to meddle with this sacred fund. Sir, this national defence fund has been well subscribed to by the nation and the nation from day to day is augmenting this fund. But it lies upon the Government to see that this money, which is being given in the name of this sacred fund, is properly accounted for and is properly receipted to. I will give my own example. The receipt that has been given to me is unsigned for the national defence fund. This is the state of affairs that is going on in some of the districts. I would request the Government to see that this fund, which people are voluntarily coming forward to give, remains in the real sense an example which the people can see how they are going to voluntarily subscribe and not permit some officers to coerce the people to subscribe to this sacred fund, which, I should say, is not being properly accounted for. Sir, while during this emergency everybody was prepared to come forward with every sacrifice, some of the bureaucrats and aristocrats in some of the far flung districts, instead of making people feel that they are one of them, wanted to make them realise that they are their

rulers by taking advantage of this emergency where they knew that they could not open their mouth. On one day, in my own district, all the bank accounts of persons including Muslims, poor pensioners and their post office saving bank accounts were freezed and those poor people were not allowed even to draw two rupees to meet their daily requirements. It was only when the State Bank officials ran up to Jaccobabad to stop this state of affairs that again their accounts were allowed to operate. During this emergency the policy of the Government was to let the people live in peace and that no panic should be created. That is how the Government policy was being implemented, and whereas in our border areas the morale of the people was so high that nobody could create any panic there, yet in those far-flung districts, the officials created more panic. In those border areas, in one night the Deputy Commissioner, shadowed under his armed guard which is posted in his bungalow, during curfew hours, had almost 2 lakhs of rupees collected by people who were called out either to go to jail or to give Rs. 10000 to Rs. 15000 which they gave by cheque. This is all a matter of record and none of them was given a receipt at that time. I, therefore, would request the Government to safeguard this sacred fund of the nation and see that every pie of it and every article given to it is properly accounted for and proper receipts are issued for this sacred fund.

Sir, what was more, it was never the intention of the Government ; but in our district the Deputy Commissioner's law prevailed and the rifles of every person, be he a Muslim or anybody, were taken away. Even I was asked to surrender my .22 rifle which I had and which was of no use to me. These are not the instructions of the Government but these are the instructions of the officers who probably appear to possess more powers than the Government itself. Not only that, even the powers of this Legislature have been usurped by those officers.

Sir, our Minister of Finance has imposed no new taxes in the supplementary budget ; although any amount of taxation which he would have imposed would have been gladly accepted by the nation. But there the agriculturists have been taxed one rupee per acre upto 500 acres and two rupees per acre for more than 500 acres. These are the powers that some officials want to take to themselves, which do not vest even in the authorities which are higher than those.

Now, Sir, there is one aspect which I would like to bring to the notice of the Minister of Irrigation and Power—I am sorry he is not present and it is about thermal rates in Dhairpur Division. It is the only division where the charges for electricity are more. We were told that it was not connected with the grid station and that is why this is the only division where these rates have been imposed. Now, that the grid station having begun functioning, I hope we would also be brought at par in payments of these rates.

Sir, with regard to the Revenue Bill, I must thank the Leader of the House for having responded to the sentiments of the people of Sind by bringing forward this Bill. But at the same time I would very humbly caution him about the main trouble, namely, about considering whom they are going to consider as owners of land, and in this respect I would request

him that as he has been so sympathetic to the former Sind, he would use his good offices to see that fairer and reasonable interpretation is given where the real zamindars could prove their ownership and not to rely for that on the records which may not be available or on something which would be difficult for them to prove. Therefore, I request that it should not be made difficult for a zamindar to prove his real ownership so that the fruits of the tree which he has grown can be eaten by the former people of Sind.

چودھری محمد نواز (منٹگمری - ۲)۔جناب سپیکر - ہمارے وزیر خزانہ صاحب نے جو ضمنی بجٹ پیش کیا ہے - اس میں کوئی نیا ٹیکس نہ لگا کر اور سابقہ ٹیکسوں کی شرح میں اضافہ نہ کر کے انہوں نے ایک اچھی مثال قائم کی ہے -

جناب والا - اس بجٹ کی Demand No. 2 جس میں ۲۹ لاکھ روپے کی مختلف نہروں کے ہیڈوں پر ٹیوب ویل لگانے کے لئے جو رقم مختص کی گئی ہے - وہ بہت ہی کم ہے - کیونکہ اس وقت ہمیں جو سب سے اہم مسئلہ در پیش ہے - وہ نہروں میں پانی کی کمی کا مسئلہ ہے - چنانچہ اس وقت میں آپ سے ایک نہر کے متعلق (جو میرے علاقے کو سیراب کرتی ہے) کوائف آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں - یہ نہر لوئر باری دوآب ہے جو ملتان اور منٹگمری کے اضلاع کے مختلف علاقوں کو سیراب کرتی ہے - اس کی کل capacity ۹ ہزار کیوسک ہے - بلکہ گرمی کے دنوں میں جب کہ پانی کی فراوانی ہوتی ہے - اس وقت اس میں ۱۱ ہزار کیوسک تک پانی بہنے لگتا ہے - لیکن اس وقت اس میں پانی کی مقدار صرف ۱۸۰۰ کیوسک سے لے کر ۲ ہزار کیوسک تک بہہ رہی ہے - اس تھوڑے سے پانی کا استعمال بھی اچھے طریقے سے نہیں کیا جا رہا - جس کی وجہ محکمہ نہر کے افسران کی غفلت ہے - کیونکہ صحیح وارہ بندی نہ ہونے کی وجہ سے ہمارے ہاں ایسے زمیندار بھی ہیں جن کو تقریباً ۲۰ روز سے بالکل پانی نہیں ملا - اور اس طرح وہ اپنی فصل کاشت نہیں کر سکے -

جناب والا۔مجھے اس چیز پر بھی اعتراض ہے کہ یہ جو نہروں کے ہیڈوں پر ٹیوب ویل لگائے جا رہے ہیں ۔ ان پر بھی روپیہ بالکل ضائع ہو رہا ہے ۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں ۔ بہتر یہ ہوتا کہ یہ ٹیوب ویل نہروں کے ہیڈوں پر لگانے کی بجائے انہیں مختلف راجباہوں کے ہیڈوں پر لگایا جاتا ۔ اس سے ایک تو پانی ضائع نہ ہوتا ۔ اور دوسرے ان چھوٹے راجباہوں کو یہ تھوڑا سا پانی اچھی طرح feed کر سکتا تھا ۔

جناب والا ۔ اس وقت پانی کی کمی کا مسئلہ ہمارے لئے ایک اہم اور کٹھن مسئلہ ہے ۔ میری رائے میں اسے اس طرح حل کیا جا سکتا ہے کہ دیہات میں بہت سے ٹیوب ویل لگائے جائیں ۔ زمینداروں اور کاشتکاروں کو قرضے دئے جائیں ۔ تاکہ وہ آسانی سے ٹیوب ویل لگا کر اپنی فصلیں کاشت کر سکیں ۔ ان ٹیوب ویلوں کو چلانے کے لئے ہمارے ہاں تیل باافراط نہیں ۔ اور پھر تیل کی قیمتیں اتنی چڑھ چکی ہیں کہ ایک غریب زمیندار اور کاشتکار اسے آسانی سے خرید کر استعمال نہیں کر سکتا ۔ اس لئے یہ بات اشد ضروری ہے کہ زمینداروں کو ٹیوب ویلوں کے لئے بجلی مہیا کی جائے ۔ میں نے اپنے علاقے میں بعض ایسے مقامات بھی دیکھے ہیں جہاں لوگوں نے ٹیوب ویل لگائے ہوئے ہیں ۔ ان کو بجلی کے connections تو ملے ہوئے ہیں ۔ اور باقی سب کچھ مکمل ہے ۔ لیکن وہ کافی عرصہ سے بند پڑے ہیں ۔ کیونکہ بجلی مہیا کرنے کا انتظام ناقص ہونے کی وجہ سے وہ ٹیوب ویل چالو نہیں ہوئے ۔

جناب والا ۔ ایک طرف تو ہمیں پانی کی کمی کی وجہ سے تکلیف کا سامنا ہے ۔ کیونکہ جب بھی زمیندار فصل کاشت کرتا ہے ۔ تو اس کے سامنے پانی کی فراہمی کا انتظام سب سے بڑا مسئلہ بن کر آ کھڑا ہوتا ہے ۔

اسی طرح دوسری چیزیں جو فصل کے لئے ضروری ہیں ۔ وہ بھی نہیں ملتیں ۔ ان کے متعلق میں نے اس معزز ایوان کے گزشتہ اجلاس کے دوران بھی کچھ معروضات کی تھیں ۔ اور کھاد کے مسئلے پر بڑی تفصیل سے بحث بھی ہوئی تھی ۔ چنانچہ یہاں یہ یقین دلایا گیا تھا کہ آئندہ فصل کے موقع پر اس کا انتظام کر دیا جائے گا ۔ لیکن جو کچھ میرے علم میں تھا ۔ وہ میں نے عرض کر دیا ہے ۔ وہاں ابھی تک صحیح طور سے اس چیز کا کوئی انتظام نہیں ہؤا ۔ لہذا اس سلسلے میں لوگوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے ۔ اس لئے میں آپ کی وساطت سے قائد ایوان کی خدمت میں درخواست کروں گا کہ وہ اس مسئلے کو فوری اہمیت کا مسئلہ سمجھ کر اس کی طرف توجہ دیں ۔ اور اسے حل کرنے کی کوشش کریں ۔

اس کے علاوہ جب زمیندار اور کاشتکار کی فصل پک جاتی ہے ۔ تو وہ اسے منڈی میں لے آتا ہے ۔ جہاں اسے صحیح دام نہیں ملتے ۔ ابھی چند دنوں کی بات ہے کہ ہماری نیشنل اسمبلی میں مشرقی پاکستان کے کاشتکاروں کے لئے پٹ سن کی قیمت کا مسئلہ پیش ہؤا تھا تو ہاؤس میں اس کی قیمت کا تعین کیا گیا ۔ اور اس طرح کاشتکاروں اور زمینداروں کے مفاد کا تحفظ کیا گیا ۔ لیکن ہمارے ہاں اس وقت تک دھان کی فصل اور اس کی قیمت کو کسی قسم کا تحفظ نہیں دیا گیا ۔ غرض ہمارے کاشتکار اور زمیندار بڑی مصیبت اور الجھن میں پھنسے ہوئے ہیں ۔ کیونکہ ان کو ان کی فصل کی صحیح قیمت نہیں مل رہی ۔ چنانچہ میں جناب کے سامنے ''نوائے وقت،، اخبار کے چند اقتباسات پیش کرتا ہوں جن سے آپ کو اس صورت حال کا بخوبی علم ہو جائے گا ۔ اس اخبار نے پہلی دفعہ ۱۰ ۔ نومبر کو ایک نوٹ لکھا جس کا عنوان تھا ۔ ''جائز قیمت کا تحفظ،، اور پھر اس کے بعد ۲۹ ۔ نومبر ۱۹۶۵ء کو لکھا ۔

"مغربی پاکستان کے آٹھ دس اضلاع کی زرعی معیشت کا بیشتر انحصار چاول کی پیداوار پر ہے ۔ سیالکوٹ ۔ گوجرانوالہ اور شیخوپورہ کے اضلاع میں زیادہ تر عمدہ قسم کا چاول پیدا ہوتا ہے جس کا کچھ حصہ برآمد کے لئے مخصوص ہے اور باقی (اور بیشتر) پیداوار چوری چھپے نقل و حمل اور وسیع پیمانے پر دیدہ دلیرانہ سمگلنگ کے ذریعے ملک بھر کے ضرورت مند صارفین تک پہنچتی ہے ۔ برآمد کیلئے سرکاری خریداری کی مہم کو کامیاب بنانے کیلئے حکومت نے عمدہ قسم کے چاول کی نقل و حمل اور تجارت پر بہت سخت اور بڑی حد تک بالکل ناقابل جواز پابندیاں لگا رکھی ہیں ۔ دوسری طرف آڑھتیوں کو سرکاری خریداری کی مہم سے تعاون پر آمادہ کرنے کے لئے حکومت نے انہیں مقررہ سرکاری قیمت خرید کے ساتھ بونس کی ضمانت بھی دے رکھی ہے ۔ لیکن بے نوا کاشتکاروں کے مفاد کے تحفظ کیلئے کوئی براہ راست اقدام نہ پہلے مناسب سمجھا گیا اور نہ اب جنگ کے باعث بدلے ہوئے حالات میں ضروری سمجھا گیا ہے ۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ اس سال اگرچہ سرکاری قیمت خرید وہی ہے جو پچھلے دو تین برسوں میں تھی ۔ لیکن خام چاول (مونجی) کی جو قیمت پچھلے دو تین برسوں میں کاشتکاروں کو ملتی رہی ہے ۔ اس سال غریب اور بے نوا کاشتکار اس سے بھی محروم ہو گئے ہیں ۔"

تو جناب والا ۔ میری استدعا یہ ہے اور اس کے لئے بھی میں آپ کی وساطت سے قائد ایوان سے درخواست کرتا ہوں کہ جس طرح مشرقی پاکستان کے کاشتکاروں اور زمینداروں کے لئے انتظام کیا گیا ہے ۔ ہمارے ہاں کاشتکاروں اور زمینداروں کے لئے بھی کوئی ٹھوس قدم اٹھایا جائے ۔ کیونکہ اس سال ایک تو ان کو صحیح قیمتیں نہیں مل رہیں ۔ اور دوسرے خشک سالی کی وجہ سے ان کو فصل کی کاشت کے لئے کافی خرچ برداشت کرنا پڑا ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں ایک اور چیز بھی قائد ایوان کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں جس کا حوالہ ابھی میرے فاضل دوست چودھری انور عزیز صاحب دے چکے ہیں ۔ وہ ہے Cotton Inspectors کے متعلق یہ Cotton Inspectors جو تعداد میں تقریباً دو سو تھے ۔ ان کو اس محکمے کی ملازمت سے نکال دیا گیا ہے ۔ لیکن اس کے بعد اس محکمے کے وہ بقایا جات جو تقریباً ساڑھے چھ کروڑ روپے کے قریب ہیں ۔ اور میں یہ صحیح اعداد و شمار پیش کر رہا ہوں ۔ یہ ساڑھے چھ کروڑ روپے ابھی کارخانہ داروں سے وصول کرنا ہیں ۔ چنانچہ اب جب کہ وصولی کا وقت آیا ہے تو ان کارخانہ‌داروں نے اوپر افسروں سے مل ملا کر اور ان پر اثر ڈال کر ان انسپکٹروں کو نکالنے کا انتظام کیا ہے ۔ دراصل یہ مختلف رقوم ان انسپکٹروں کے ذریعے ان کارخانہ داروں کے لئے منظور کی گئی تھیں ۔ اب اس کے بعد وہ کارخانہ‌دار افسروں سے مل ملا کر اس رقم کی وصولی کو معرض التوا اور کھٹائی میں ڈال رہے ہیں ۔ اس لئے میری استدعا ہے کہ اس رقم کی وصولی کا جلد از جلد انتظام کیا جائے ۔ تاکہ گورنمنٹ کو نقصان نہ ہو ۔

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat - II) : Sir I am really sorry that the Finance Minister is absent at the time when we are discussing the budget, because some of our address is really meant for his ears. At the present moment, it appear that your orders do not cover the Minister's movements because the Speaker had decided that the Minister concerned should be present when his department is being discussed. However, I will not say anything critical of the Finance Minister. On the contrary, I was going to welcome his speech because it was unlike the orthodox speeches that are usually made on such occasions. The contents, the determination and the language of the speech was such that appealed to every section of the House, with the result that we were prepared to face any imposition of taxes if he had so desired.

When, Sir, one's country is at war, I think it is just like your own family, when your dear and near ones are stricken, you don't take into calculation the penny, the pound, rupee, pies at all. You are prepared to sacrifice whatever you have and you are prepared even to mortgage what you may possess short of your souls. Therefore, on that score, the Government can rest assured that the entire Nation is behind them in any

step that they may take to combat the enemy, or to meet the situation that has arisen because of that dastardly attack on our country. At the same time, Sir, I would like to emphasise, because I have been a civil servant for long long years and I know how the departments can dodge the cuts that the Finance Ministry may desire to impose, that they should take seriously into consideration the question of economy. The question is how we can save our resources, how we can husband our resources in order to meet the great emergency that has arisen.

I think, Sir, a great tribute has already been paid to many people, but the example of the Governor is worth emulating, because if I understand correctly, he has denied himself his monthly salary for the time and the duration of this emergency. I would also like the Minister to give up travelling in their saloons. I would like them to take ordinary seats in the air-conditioned compartments, for I know that the Secretary of State, Dulles, used to take ordinary passenger seat. If they have got a lot of work to do, let them have an H. O. R. coupe but please for God's sake, when an emergency is there, what rights have you as public servants, paid from the public exchequer, to travel in saloons. Please give them up.

Sir I hope and pray for the day when for my Nation no salary would be less than Rs. 100/- and no salary would be more than Rs. 1500/-. But when I talk in terms of money, money has values. I would like the Government to take such steps by which they can control the prices because that is really the determining factor of what the value of the money is.

Another thing, Sir, that I would suggest to the Finance Minister is to stop building palaces, whether it is in the public sector or it is in the private sector. Let us not have a single house, which costs more than Rs. 30,000/- and thus save our money. What is the necessity of building and spending lakhs of rupees on palaces in the year 1965, when the palace-owners themselves will find it difficult to maintain them, because the problem of the servants is coming up. A good example, where the pays are low and where the living standard is very high, is the example of Japan. I would, therefore, like the Finance Minister to send somebody there to study how they have achieved a very high standard of living in the low-income group.

Direct taxation, Sir, at this juncture, we are more than willing to accept but direct taxation has also grave dis-advantages. This should be extremely carefully resorted to because let the law of diminishing returns not go into action. Let us not tax the industry directly to such an extent that, particularly with the buying power of our country, as it is, the incidence of prices goes up so high that the industry itself is ruined. I would like, Sir, to say to the Finance Minister—

طرح نو افگن که ماجدت پسند افتاده ایم

Let us not follow the budget system, which we have inherited for the last half century, which was given to us from the British time. Let us have a system like the one in Hitler's regime. There was a man Dr. Schat. When I visited Germany in 1930 as a student, it was a bankrupt country, un-

employment all over, frustration all over, but within a short period of eight to ten years, Germany become financially more strong, and militarily one of the greatest powers in the world. How did Schat achieve those objectives ? He had no money, he had no help to offer, but there was a system ; the system was the German industry, hardwork and the will of the Nation to surmount their difficulties.

On another subject Sir, I would like the House, and particularly the Leader of the House to take an example from our neighbouring country Afghanistan. Sir, there is compulsory military service for all between the ages of eighteen and twentyone. Even the king's son is not excluded from that. The only thing is that if somebody is studying in a college, for as long as he is a student there, he is absolved from the military training but for others, they have to be soldiers for three years. And they are trained not only as soldiers but they have also to join the labour battalions, and most of the road construction work and canal digging is done by these labour battalions. The only thing that they get is food, clothing and some pocket money. When I was the Director of Public Instructions in the old North West Frontier Province, I made military training compulsory in our schools and colleges, and I think the Leader of the House and the worthy Minister for Health would remember what excellent parades we used to have, and what excellent material we were producing. But it looks now that we are passing resolutions and deciding things without any actual steps being taken to implement them. I would earnestly request that we should immediately take this into hand.

Sir, in an earlier speech I said that we have a national problem, and India also has a national problem. The Indian problem is or the Indian national objective is to either convert us or make us their stooges.....

Mr. Senior Deputy Speaker : Please try to conclude.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : Allow me a few minutes, Sir. Or that we should be destroyed. we are now raising fears and I sincerely endorse them. Our armed forces have won battles but certainly we have not yet won the war. We have to be prepared on all fronts to meet this challenge which will always be looming on the horizen as long as Pakistan wants to be a free country. A great deal of criticism, that the Ministers have been facing, has been the result of the behaviour of some of the civil servants. All members of this House, particularly the Government Benches, have complained and complained very bitterly about the attitude of some of the small fries of the civil service whom fate and providence has put into jobs of responsibility. I think they are public servants and they must act as public servants. I have heard even reports that some of these officers assume airs that they can go over and above the heads of their Ministers to the high ups and that even the Ministers don't count. I think these civil servants are enemies of the country. They are creating a kind of rift between the rulers and the ruled. We are all public people and it is from our funds that they are paid. They must realise that in the final analysis we are the bosses and they are the servants.

Mr. Senior Deputy Speaker : Please try to conclude.

Mr. Mohammad Aslam Khan Khattak: I think a great deal of criticism, from otherwise a very calm and quiet Leader of the Opposition, has come against the Minister of Rehabilitation. I share all his bitterness but I don't think that the blame is richly deserved or correctly placed on the Minister himself because if a reference is made to his visit to those areas known as the 'Achhut' divisions in the N. W. F. P., namely, Kohat, Bannu and D. I. Khan, it would come out very clearly that more of these Ministers should come and visit these Achhut areas and that something should be done for those areas. If the Minister has done so, I think it is only under the guidance of Nawab Sahib who has for the first time paid attention to these God forsaken districts; I would particularly mention Kohat.

Sir, today, there is no district in Pakistan that can lay claim to the number of soldiers that are fighting on the front. Go to our villages in Kohat District and you will find them absolutely empty. There only old people and children. So, districts like Kohat, D. I. K., and Bannu deserve the attention of the Ministers and I would request them that they should visit those districts more often.

بابو محمد رفیق (لورالائی - سبی)۔۔جناب سپیکر - میں وزیر خزانہ کو ضمنی بجٹ بغیر کسی ٹیکس عائد کرنے کے پیش کرنے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں - جیسا کہ بہت سے معزز ممبران نے اس ہاؤس میں اظہار کیا ہے - کہ اگر وہ اس وقت مزید ٹیکس بھی عائد کر دیتے تو قوم انہیں بڑی فراخدلی سے قبول کر لیتی - میں خدا وند کریم کا احسان مند ہوں کہ اس نے معجزہ رونما کرکے ہماری قوم کو ایک آفت ناگہانی سے بچا لیا - میں بری - بحری اور ہوائی افواج کے نوجوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے جس جوانمردی سے اپنے ملک کی حفاظت کی وہ اس کے لئے قابل ستائش ہیں - دراصل انہوں نے دشمن کا صفایا کرکے تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ کیا ہے -

اب جناب میں ضمنی بجٹ کے بارے میں چند گزارشات آپ کے توسط سے وزیر خزانہ صاحب کی خدمت میں پیش کروں گا - جیسا کہ معزز ممبران کو معلوم ہے - کوئٹہ قلات ڈویژن جسے سابق بلوچستان کہا جاتا ہے - ایک پسماندہ علاقہ ہے - وہاں زراعت ہی ایک ایسا پیشہ ہے جس سے عوام اپنا گزارہ کرتے ہیں - سب سے اول تو وہاں

کاریزوں کا ایک سلسلہ ہے جو آبپاشی کے ذرائع میں شامل ہے اور اس کے بعد کنویں ہیں جن سے وہ اپنی زمینوں کی آبپاشی کرتے ہیں ۔ جہاں اس وقت ہم مختلف محاذوں پر دشمن سے لڑ رہے ہیں وہاں ہمارا ایک زرعی محاذ بھی ہے جس کے لئے ہمیں لڑنا ہے اور ملک میں زیادہ غلہ پیدا کرکے اپنے Foreign Exchange سے ٹینک اور توپیں خریدنا ہے ۔ تاکہ ہم باہر سے کم سے کم غلہ منگائیں اور آئندہ اپنے ملک میں ہی کافی غلہ پیدا کریں ۔ مجھے افسوس ہے کہ اس وقت ہمارے وزیر زراعت یہاں موجود نہیں ۔ بہر حال میں ان کی خدمت میں Leader of the House کے توسط سے گزارش کروں گا کہ ۱۹۶۳ء سے لیکر آج تک محکمہ زراعت نے زمینداروں کو بنانے کے لئے جتنے کنوئیں دئے تھے آج تک وہ مکمل نہیں ہوئے۔ جبکہ زمینداروں سے ایک سکیم کے تحت ساڑھے چار ہزار روپے فی کنواں بھی حاصل کیا گیا اور ان بیچارے زمینداروں نے اپنے گزارے کا غلہ بیچ کر بھی گورنمنٹ کو وہ رقم مہیا کی ۔ مگر محکمہ نے اپنی کوتاہیوں کی وجہ سے آج تک ان کو پایۂ تکمیل تک نہیں پہونچایا ۔

جناب سپیکر ۔ ایک دوسری سکیم کے تحت جس کی مالیت ۱۰ ہزار روپے تھی مختلف زمینداروں کو کنوئیں اور مشینیں دی گئیں ۔ دقت یہ ہے کہ لیکن کسی زمیندار کو اگر مشین ملی ہے تو پمپ نہیں ملا اور اگر کسی کو پمپ ملا ہے تو پٹہ نہیں ملا ۔ اس طرح وہ سکیم بھی پایۂ تکمیل کو نہ پہونچ سکی ۔ مگر ہم سے یہاں یہ کہا جاتا ہے کہ funds مہیا نہیں کئے گئے ۔ لہذا میں یہ ضرور عرض کروں گا کہ اس قسم کے زرعی میدان میں اب تک funds مہیا نہیں کئے گئے ۔ اس سکیم میں سب سے بڑی مشکل یہ ہے کہ زمینداروں کو ان کی مرضی کے مطابق انجن مہیا نہیں کئے گئے بلکہ اس کے برعکس انہیں

مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ ردی قسم کے انجن خریدیں ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ جب زمینداروں سے گورنمنٹ رقم لیتی ہے تو ان کو ان کی مرضی کے مطابق سامان کیوں مہیا نہیں کرتی تاکہ وہ ان کی سردردی کا باعث نہ ہوں ۔

کوئٹہ اور قلات ڈویژن میں سب سے بڑی مشکلات Bulldozers اور مشینوں کے فقدان کی وجہ سے ہیں ۔ تیسرے منصوبے میں ان کے لئے گنجائش رکھی گئی ہے اور صرف ۱۰ ۔ لاکھ روپیہ مہیا کیا گیا ہے ۔ لیکن زر مبادلہ مہیا نہ ہونے کی وجہ سے مزید رقم مہیا نہیں کی گئی ۔ تو میں جناب وزیر زراعت سے مؤدبانہ عرض کروں گا کہ وہ ہمیں اس علاقے میں Bulldozer مہیا کریں تاکہ ہمارا علاقہ ترقی کرے اور زیادہ غلہ پیدا کر سکے ۔

جناب والا ۔ زمینداروں کو ایک اور تکلیف محسوس ہو رہی ہے ۔ وہ یہ ہے کہ کوئٹہ قلات ڈویژن ایک بہت ہی وسیع علاقہ ہے جس کے لئے وہاں صرف ایک زرعی ورکشاپ ہے ۔ لہذا میں وزیر زراعت صاحب سے عرض کروں گا کہ وہ کوئٹہ کے لئے الگ اور قلات ڈویژن کے لئے الگ ورکشاپ مہیا کریں تاکہ زمینداروں کو Bulldozers اور دیگر مشینیں نہ ہونے کی وجہ سے جو تکالیف محسوس ہوتی ہیں ۔ وہ محسوس نہ ہوں ۔

اب جناب میں محکمہ آبپاشی کے بارے میں کچھ عرض کروں گا ۔ یہ میری خوش قسمتی ہے کہ ملک صاحب ہاؤس میں تشریف رکھتے ہیں ۔ محکمہ زراعت نے جس طرح سابقہ سالوں میں روپیہ ضائع کیا ہے ۔ مجھے اس کا انتہائی افسوس ہے ۔ مجھے امید ہے کہ ہمارے قابل اور تجربہ کار وزیر ملک خدا بخش صاحب اس معاملہ کی طرف خاص طور پر توجہ دیں گے تاکہ اس محکمے سے پچھلے سالوں میں جو کوتاہیاں ہوئی ہیں ان کا ازالہ کیا جا سکے ۔

اب میں ایک اور چیز کی طرف ان کی توجہ دلانی چاہتا ہوں ۔ وہ یہ کہ محکمہ آبپاشی بلوچستان میں کاریزوں کی پختگی پر رقوم ضائع کر رہا ہے ۔ ان کی پختگی کا ہمیں کوئی فائدہ نہیں ۔ اس لئے ان کی پختگی کی بجائے وہاں کوئی ایسی سکیم رائج کی جائے جس کے تحت یہی روپیہ نئے کنوئیں کھودنے اور نئے کاریزوں پر خرچ کیا جائے۔

جناب والا ۔ آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے علاقے میں اول تو بارش کم ہوتی ہے اور اگر ہوتی بھی ہے تو اس کا پانی ضائع چلا جاتا ہے ۔ لہذا میں گزارش کروں گا کہ آپ محکمہ کو ہدایت کریں کہ وہاں کوئی ایسی سکیم تیار کریں جس کے ذریعے یہ پانی ضائع نہ ہو اور ہم زیادہ غلہ اگا سکیں ۔

تعلیم کے سلسلے میں ہم حکومت کے شکر گزار ہیں کہ اس نے سابقہ بلوچستان میں تعلیمی میدان میں کافی ترقی کی ہے ۔ یعنی ہمیں پرائمری ۔ مڈل ۔ ہائی سکول اور کالج مہیا کئے ہیں ۔ لیکن ہمارا ایک دیرینہ مطالبہ سبی کالج کے لئے کافی عرصہ سے چلا آ رہا ہے جس کے لئے نوابزادہ صاحب نے وعدہ کیا ہے کہ وہ اس پر ہمدردی سے غور کریں گے اسلئے میں آپ کے توسل سے متعلقہ وزیر صاحب سے عرض کروں گا کہ جب حالات ٹھیک ہو جائیں تو سبی کالج کے لئے منظوری عطا کی جائے ۔

میں ایک بار پھر آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جس طرح مغربی پاکستان کے عوام نے حکومت کا ساتھ دیا ہے اسی طرح بلوچستان کے عوام بھی آپ کے ساتھ ہیں ۔ اور ہر قربانی کے لئے تیار ہیں ۔ جس طرح معزز ممبران نے لاہور اور سیالکوٹ کے مہاجرین کے بارہ میں کہا ہے میں بھی حکومت سے استدعا کروں گا کہ وہ اس بارہ میں کوئی

ایسی کارروائی کرے جس سے ان کی آبادکاری کا مسئلہ اور دیگر مشکلات جلد از جلد دور ہو سکیں ۔ کیونکہ یہی وہ نوجوان ہیں جنہوں نے قربانیاں پیش کرکے ہمارے ملک کی حفاظت کی ہے ۔

سید عبدالخالق (پشاور ایجنسی - ۴)۔۔جناب صدر ۔ یہ بجٹ جو وزیر خزانہ صاحب نے پیش کیا ہے یہ ہنگامی حالات کے عین مطابق ہے ۔ میں انہیں اس پر مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ اس کے ساتھ ہی میں مالا کنڈ ایجنسی کے قبائلی علاقہ کی طرف سے متعلقہ وزیر صاحب کی خدمت میں چند معروضات پیش کرتا ہوں یعنی یہ کہ ہمارے ہاں مالا کنڈ ایجنسی میں لاکھوں ایکڑ زمین بنجر پڑی ہے ۔ اگر اس میں ٹیوب ویل لگانے کا انتظام کر دیا جائے تو یہ علاقہ غلے کے لحاظ سے نہ صرف خود کفیل بن سکتا ہے بلکہ صوبے کے دوسرے علاقوں کی مناسب ضروریات بھی پوری کر سکتا ہے ۔

دوسری بات یہ ہے کہ وہاں بیروزگاری روز بروز بڑھ رہی ہے جس کی وجہ سے عوام میں افلاس ہے ۔ وہاں چھوٹی یا بڑی صنعتیں ابھی تک قائم نہیں ہوئیں ۔ اس لئے میں وزیر متعلقہ کی خدمت میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ وہاں چھوٹی بڑی صنعتیں لازمی طور پر قائم کی جائیں تاکہ لوگوں کی معاشی حالت بہتر ہو سکے ۔

تیسری بات یہ ہے کہ وہاں کے دیہاتوں میں جو سڑکیں ہیں وہ انتہائی خستہ اور ناگفتہ بہ حالت میں ہیں ۔ جس کی وجہ سے زمینداروں اور کاشتکاروں کو اپنی پیداوار یا اجناس منڈیوں تک لے جانے میں کافی دقت پیش آتی ہے ۔ لہذا متعلقہ وزیر صاحب سے میری استدعا یہ ہے کہ ہمارے دیہاتوں کی سڑکوں کو پختہ کرنے کا انتظام فرمایا جائے ۔

آخر میں میں موجودہ جنگ کے متعلق کچھ عرض کرتا ہوں ۔ اور وہ یہ کہ فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کی قیادت میں ہماری افواج نے جو کار ہائے نمایاں سر انجام دیئے ہیں وہ قابل صد ہزار ستائش ہیں اس لئے اس باب کو ہماری تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا ۔ اس کے ساتھ ہی ہم گورنر مغربی پاکستان ملک امیر محمد خان صاحب کے بھی بہت ممنون ہیں کہ انہوں نے اس آڑے وقت میں قوم کو ہر مقابلہ کے لئے تیار کیا اور خود بھی ان کے ساتھ صف اول میں رہے ۔

ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی (ڈیرہ غازیخان ۔ ۱)۔۔ جناب سپیکر ۔ یہ ضمنی بجٹ جو اس معزز ایوان میں پیش ہؤا ہے نہایت ہی موزوں بجٹ ہے ۔ اور جن حالات کے تحت یہ پیش کیا گیا ہے ۔ اس کے لئے میں متعلقہ وزیر صاحب اور حکومت کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ اس میں ایک خصوصیت یہ ہے کہ کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا اور قوم پر اعتماد کیا گیا ہے کہ اگر ضرورت پڑے تو وہ ہنگامی حالات کا پورے طور پر مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہے ۔ جب حکومت نے یہ اعتماد عوام پر کیا تو عوام نے یہ ثابت کر دکھایا کہ وہ واقعی اس اعتماد کے مستحق تھے ۔ یہ وہ خاص نظریہ ہے جو اس ضمنی بجٹ میں نمایاں طور پر ظاہر ہے ۔ چنانچہ میں اپنے تمام پاکستانی بھائیوں اور عوام کو جن میں زن و مرد سب شامل ہیں اس بات کی مبارکباد دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی خاص رحمت اور مہربانی سے ہمیں منتخب فرما کر اس ملک کو بچایا ۔ ورنہ ہم ان عنایات کے قابل نہ تھے یہ اللہ تعالیٰ کا خاص کرم و فضل ہے کہ اس نے اس دور میں بھی ہم گناہ گاروں کو یاد فرمایا اور وہ وعدہ جو اس نے نبی کریم جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا تھا کہ اقلیت اکثریت پر غالب آئے گی ۔ ایک بار پھر عملاً ہمارے سامنے پورا کر دکھایا ۔

حضور والا ۔ خواب روحانی بھی ہوتے ہیں اور شیطانی بھی ۔ لیکن میرا عقیدہ یہ ہے کہ وہ خواب جس میں بزرگان دین اور خصوصاً ہمارے پیشوا خوابوں میں نمودار ہوں ۔ وہ قطعی طور پر غلط نہیں ہوتے ۔ بلکہ صحیح خواب ہوتے ہیں اور ان کو روحانی خواب کہا جا سکتا ہے ۔ مدینہ منورہ میں مولانا محمد میاں صدیقی صاحب کافی عرصہ سے مقیم ہیں اور وہ شیخ الہند اسیر مالٹا کے بھانجے ہیں ۔ انہوں نے ایک خط کراچی میں اپنے ایک دوست کو لکھا جس میں وہ لکھتے ہیں کہ چند بزرگان نے اسی رات یہ خواب دیکھا جبکہ پاکستان کے اوپر بھارتی درندوں نے ناپاک سازش سے حملہ کیا ۔ اس خواب میں وہ دیکھتے ہیں کہ حرم شریف میں ایک مجمع کثیر ہے اور روضہ اقدس سے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم بڑی عجلت سے تشریف لاتے ہیں ۔ عوام نے آپ سے پوچھا کہ حضور اتنی جلدی کہاں تشریف لے جا رہے ہیں ۔ تو آپ نے فرمایا کہ میں پاکستان جا رہا ہوں کیونکہ وہاں جہاد کا حکم دیدیا گیا ہے ۔ چنانچہ اسی حالت میں آپ گھوڑے پر سوار ہوئے اور ان کے پیچھے پیچھے حضرت معاویہ تھے ۔ پانچ حضرات گھوڑوں پر سوار ہو کر جلدی میں نکلے اور جلدی میں ہی حضور کے پیچھے تشریف لے گئے ۔ جناب والا ــــیہ خواب یقیناً صحیح تھا ۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تائید ہمارے ساتھ تھی ۔ یہ وہ تائید ہے جس کے لئے ہم خداوند تعالیٰ کا جتنا شکر بھی ادا کریں کم ہے ۔ حضرت خالد بن ولید وفات کے وقت روئے ۔ حاضرین نے دریافت کیا کہ آپ نے اتنے معرکے سر کئے ہیں آپ روتے کیوں ہیں ؟ آپ نے اپنا کرتۂ مبارک اٹھا کر دکھایا ۔ جسم پر لاتعداد زخم تھے ۔ فرمایا ۔ کہ میں ہر جنگ میں جام شہادت نوش کرنے کے جذبہ سے لڑائی کرتا رہا مگر افسوس کہ مجھے شہادت نصیب نہ ہوئی اب یہ شہادت کس کو نصیب ہو رہی ہے یہ نعمت ہماری قسمت میں آئی ہے ۔

حضرت عبداللہؓ حضرت جابرؓ کے والد تھے ۔ حضور نے حضرت جابر کو بلایا اور فرمایا کہ میں تمہیں ایک خوشخبری سناتا ہوں ۔ میں نے دیکھا ہے ۔ کہ آپ کے والد کو اللہ نے اپنے پاس بلایا اور دریافت کیا ۔ کہ عبداللہ ! تم کیا چاہتے ہو ۔ کیا نعمت مانگتے ہو ۔ تو آپ کے والد نے یہ مانگا کہ آپ مجھے دوبارہ زندہ کریں تاکہ میں پھر آپ کی راہ میں شہید ہوں ۔ یہ وہ رتبہ ہے ۔ جو ہمارے پاکستانی بھائیوں کو اللہ نے عطا فرمایا ہے ۔ ہم بہت ہی کمزور مسلمان تھے ۔ شرع کے نقطہ نگاہ سے ہم میں بہت سی خامیاں تھیں ۔ ان تمام کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اللہ نے یہ نعمت ہمارے حصہ میں رکھی جس کے لئے اس کا ہزار ہزار شکر ہے ۔ حضرت خواجہ شاہ سلیمان فرماتے ہیں کہ اگر حضور کے وقت کے صحابہ آج آئیں تو ان کے مقابلہ میں میں کمزور ترین مسلمان ہوں ۔ کیونکہ یہ وہ حضرات ہیں ، جن کے ذریعے آپ اور ہم میں سے بہت سے لوگ انعامات نجات کے خواہاں رہتے تھے ۔ ان کا یہ فرمانا ہے ۔ کہ میرے مقابلہ میں اس وقت کا ادنیٰ مسلمان بدرجہ ہا بہتر ہے ۔ چہ جائیکہ ہم ہوں ۔ لیکن یہ اللہ تعالیٰ کی کمال مہربانی ہے کہ اس نے ہمیں یہ موقع عنایت فرمایا ۔

حضور والا ۔ اس جنگ کے دوران کا ایک واقعہ ہم نے بار بار سنا ہے ۔ اور یہ ہمارے افسروں کے مشاہدے کی بات ہے کہ ہمارے گولے لگاتار ایک ہی جگہ پڑ رہے تھے ۔ انہوں نے خواہش کی کہ اب گولے دوسری جگہ پڑنے چاہئیں ۔ ابھی اس افسر نے ارادہ ہی کیا تھا اور حکم نہ دیا تھا کہ گولے مارنے والے توپچی نے اسی جگہ گولے پھینکنے شروع کر دیئے ۔ چنانچہ ایسے واقعات سننے اور دیکھنے میں آئے ہیں ۔ جو تائید ایزدی کو بالکل ثابت کرتے ہیں ۔

حضور والا ۔ تیرہ سو سال سے دنیا ایمان کو داڑھی ، تسبیح اور خانقاہوں میں تلاش کرتی رہی ۔ مگر اللہ کا دینا دیکھئے کہ وہ ٹیڈی نما نوجوان ، جنہیں آپ لوگ کہتے تھے کہ یہ بےنماز ہیں ۔ یہ دین میں کمزور ہیں ۔ اللہ نے جہاد اور شہادت کی یہ برکت ان کے حصہ میں رکھ دی ۔ میرا اشارہ اپنی ہوائی ، بری اور بحری افواج کی طرف ہے ۔ میں اپنی طرف سے اور اپنے عوام کی طرف سے عساکر پاکستان اور لاہور اور سیالکوٹ کے دلیر بھائیوں اور ان تمام لوگوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ جنہوں نے اس جنگ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے ۔

جناب والا ۔ حضرت داتا گنج بخش رح کے پاس ان کا ایک مرید فریاد لے کر آیا ۔ کہ میرے اوپر دشمن نے حملہ کر دیا ہے ۔ اور اب وقت آ چکا ہے کہ ہم اس سے تباہ و برباد ہو جائیں ۔ اور ہمارے رشتہ دار ۔ خاندان اور املاک بھی سب تباہ ہو جائیں ۔ حضرت داتا رح صاحب نے اسے مبارکباد دی ۔ اور فرمایا ۔ تمہیں مبارک ہو ۔ اللہ نے تمہیں راز حیات جاننے کا موقع دیا ہے ۔ تم زندگی کا راز پرکھ سکے ہو ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس جنگ نے ہمیں زندگی کے راز سے آگاہ کیا ہے ۔ چنانچہ آج ہم قوم کہلانے کے قابل ہوئے ہیں ۔

حاجی گلاب خان شنواری (پشاور ایجنسی - ۲) (پشتو)۔جناب والا ۔ قبل اس کے کہ میں بجٹ کے متعلق کچھ عرض کروں ۔ میں اس جنگ کے دوران جو کچھ ہوا ہے اس کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ یہ جنگ دراصل ہم پر زبردستی ٹھونسی گئی تھی ۔ دشمن کا خیال تھا کہ پاکستان ریت کا ایک پل ہے ۔ لیکن اب واقعات نے یہ ثابت کر دیا ہے ۔ کہ پاکستان ریت کا پل نہیں بلکہ سیسے سے زیادہ مضبوط ہے۔ جناب والا ۔ ہمارے ساتھ خداوند کریم کی امداد ہے اور جس کے ساتھ اس کی امداد ہو ۔ دنیا کی کوئی طاقت اسے شکست نہیں دے سکتی ۔

(تحسین و آفرین)

اس کے علاوہ اس جنگ کے دوران ہمارے محبوب صدر فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے جو کچھ کہا ۔ اس پر مجھے اور میری قوم کو ہمیشہ فخر رہے گا ۔ اس کے بعد جناب گورنر صاحب کی قیادت میں صوبہ نے جو کچھ کیا ۔ وہ بھی قابل تعریف ہے ۔ ملک کا ہر فرد اپنی جگہ اپنے کام میں مشغول تھا ۔ ہم نے پاکستان کے لئے پہلے بھی قربانی دی تھی ۔ اور انشاء اللہ آئندہ بھی دیتے رہیں گے ۔

یہاں اگر میں اپنی دفاعی افواج کا ذکر نہ کروں ، تو میں اپنے فرض میں کوتاہی کا مرتکب ہوں گا ۔ ان کے متعلق عرض یہ ہے کہ انہوں نے صحیح معنوں میں پاکستان کو اپنے خون سے سینچا ہے ۔ یہ وہ کارنامہ ہے جو دنیا کی اور کوئی قوم سر انجام نہیں دے سکتی ۔ اس لئے میں مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ اب میں بجٹ کے متعلق کچھ عرض کرتا ہوں ۔ میرے نزدیک یہ اس دور کا بہترین بجٹ ہے ۔ مگر اس میں میرے علاقہ خیبر ایجنسی کے لئے کچھ نہیں رکھا گیا ۔ یہ ایک پسماندہ علاقہ ہے ۔ جس کی پسماندگی دور کرنے کے لئے یہاں انڈسٹری لگانا از بس ضروری ہے ۔ لنڈی کوتل میں ایک کالج کھولنا بھی ضروری ہے ۔ اور باڑہ سکیم پر کام ہونا بھی ضروری ہے ۔ پاکستان پائندہ باد ۔

حاجی ملک سعداللہ خان (ڈیرہ اسمعیل خان ایجنسی - ۱) (پشتو)۔۔ جناب سپیکر ۔ میں آپ کی اجازت سے پشتو زبان میں تقریر کرنے کی اجازت چاہتا ہوں ۔ اور آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی خدمت میں اپنی ایجنسی کے حالات پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ جیسا کہ آپ صاحبان کو معلوم ہے ۔ میری ایجنسی کے عوام بے حد غریب ہیں ۔ یہاں تک کہ صدر صاحب اور گورنر صاحب نے بھی از راہ کرم اُن کی غربت دور

کرنے کے متعلق کئی بار ارشاد فرمایا ہے ۔ مگر اس غربت کے باوجود بھی جب قوم کو ضرورت پڑی تو ہم نے چار لاکھ روپے کی حقیر سی رقم اپنے ملک کے دفاعی انتظامات کیلئے دی ۔

اس کے علاوہ وہاں پر متعین خاصہ داروں نے بھی ایک ایک ماہ کی تنخواہ دفاعی فنڈ میں دی ہے ۔ چنانچہ اگر ہم اس غربت میں بھی اپنی اوقات اور بساط سے بڑھ کر اپنے وطن عزیز کے دفاع کے لئے مالی امداد دے سکتے ہیں ۔ تو اگر ہماری اقتصادی حالت بہتر ہوتی ۔ اور ہم اس قابل ہوتے ۔ تو ہم اس سے بھی بڑھ چڑھ کر اپنے ملک کی مالی امداد کرتے ۔ چنانچہ ہم نے اپنے political agent صاحب کو بھی کہا ہے ۔ کہ ہم اسکے علاوہ بھی ہر طرح کی امداد کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ کیونکہ پاکستان ہمارا اپنا ملک ہے ۔ اور اس کی بقاء سے ہی ہماری بقاء وابستہ ہے ۔ لیکن مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ عرض کرنا پڑتا ہے ۔ کہ یہاں پر بعض معزز ممبروں نے یہ اعتراض کیا ہے ۔ کہ وزیر مال صاحب بنوں اور کوہاٹ کی طرف تو دورے کرتے رہےہیں ۔ لیکن جنگ کے دوران ہماری طرف قطعاً نہیں آئے ۔ تو میں آن حضرات کی خدمت میں آپ کی وساطت سے یہ عرض کرونگا ۔ کہ بنوں ہو یا کوہاٹ ۔ میران شاہ ہو ۔ یا مغربی پاکستان کی کوئی اور ایجنسی ۔ یہ سب مغربی پاکسان کے حصے ہیں ۔ اگر وہ ان مقامات کا دورہ کرتے رہے ہیں ۔ تو انہوں نے کوئی جرم تو نہیں کیا ۔ آخر وہ بھی تو پاکستان میں واقع ہیں ۔ خدانخواستہ پاکستان سے باہر تو نہیں ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

چودھری محمد نواز ــ جناب والا ۔ معزز ممبر کس زبان میں تقریر کر رہے ہیں ؟ ہمیں تو سمجھ نہیں آ رہا !

Mr. Senior Deputy Speaker : He is speaking in Pushtu. If you cannot understand him that is another matter. But at least hear him calmly and quietly.

Major Muhammad Aslam Jan : On a Point of Order, Sir. The language of the House is either Urdu or English and there is no provision for a regional language in the Rules of Procedure.

Mr. Senior Deputy Speaker : I would like to inform the Member that we have got Pusht ε Reporters and Pushtu is the language of the House.

And now the House is adjourned to meet again at 4 p.m. today.

EVENING SITTING

The House re-assembled at 4.00 p.m. with Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

حاجی ملک سعداللہ خان (ڈیرہ اسماعیل خان ایجنسی - ۱)۔ جناب سپیکر - - - - -

حاجی سردار عطا محمد لنڈ۔جناب کیا قران پاک کی تلاوت نہیں ہو گی -

مسٹر سپیکر - حاجی صاحب صورت یہ ہے - کہ اس وقت وہی سیشن ہے جو صبح سے شروع ہے - یہ اس کی دوسری نشست ہے -

حاجی ملک سعد اللہ خان - جناب سپیکر - پہلے میں نے کچھ باتیں پشتو میں کہی تھیں - جن پر بہت سے لوگوں کو اعتراض ہوا تھا - کہ انہیں سمجھ نہیں آئی - اس لئے اب میں انہیں ٹھیک ٹھیک سے سمجھاتا ہوں - اگر مجھ سے کوئی غلطی ہو جائے - تو معاف فرما دیں -

لڑائی کے بارے میں بہت سے معزز ممبران نے ہماری فوج کی تعریف کی ہے - وہ میرے نزدیک سب ٹھیک ہے - وہ واقعی تعریف کے لائق ہے - انہوں نے اپنا فرض مکمل طور پر سر انجام دیا ہے - اس لئے

وہ تعریف کے لائق ہے ۔ ہم لوگوں نے پنجاب اور Frontier میں کوئی فرق پیدا نہیں کیا ۔ جب ہمیں پتہ چلا کہ ہندوستان نے پاکستان پر حملہ کر دیا ہے ۔ تو ہم لوگوں نے اپنی طاقت اور توفیق کے مطابق ۴ لاکھ روپیہ پریذیڈنٹ صاحب کی خدمت میں پیش کیا ۔ ہمارے سرداروں نے یک دم اعلان کیا ۔ کہ ہم ایک ماہ کی تنخواہ نہ لیں گے ۔ ملکوں نے کہا کہ ہم بھی ایک سال کی تنخواہ نہ لیں گے اور آئندہ اگر اور ضرورت ہوئی تو ہم اپنے کپڑے تک بھی گلے سے اتار دیں گے ۔ (تحسین و آفرین)

جناب سپیکر ۔ مسٹر شاستری نے اپنی قوم کو کہا ہے کہ ایک وقت کا کھانا بند کر دو ۔ اس کے مقابلے میں ہم پورا مہینہ پانی تک نہ پئیں گے ۔ اور بغیر کھانے کے رہیں گے ۔ اگر ضرورت پڑی تو ہم ایٹم بم بھی بنائیں گے ۔ حکومت نے ہم پر ایک بہت بڑا احسان کیا ہے ۔ ہم اس وقت حکومت پر بوجھ ڈالنا نہیں چاہتے ۔ اگر حکومت کو فوج کی ضرورت ہو ۔ تو ہم لوگ فوج کے لئے ایسے آدمی دینے کے لئے تیار ہیں جو لوگ گولی چلانا جانتے ہیں ۔ سلام اور ڈسپلن آپ انہیں خود سکھالیں ۔ آپ کو جتنی فوج کی ضرورت ہے ۔ ۱۳ ۔ ایجنسیوں سے ہم لوگ آپ کو اتنی فوج دے سکتے ہیں ۔ آپ کے پاس افسر موجود ہے ۔ وہ ڈسپلن سکھا سکتے ہیں ۔ اگر وہ کوئی قابل اعتراض بات کریں تو اس کی ذمہ داری ہم لوگ لینے کو تیار ہیں ۔ ویسے ہم جو آدمی بھی دیں گے ۔ وہ ذمہ دار ہوں گے ۔ باقی رہا ممبروں کا سوال کہ انہوں نے اس گڑ بڑ میں کیا کیا ہے ۔ تو ممبر بچاروں کے پاس ہی کیا ہے ۔ اور ان کی سنتا ہی کون ہے ۔ ممبر تو ایک ایسا طبقہ اور ایک نمونہ ہے جو آ جاتا ہے اور چلا جاتا ہے ۔ (تحسین و آفرین) اگر ہم کسی کی سفارش کریں تو اسے کوئی پستول کا لائسنس تک نہیں دیتا ۔ اگر وہ چندہ دے تو بھی نہیں دیتا ۔

باقی جو وزیر ہیں گورنر صاحب ۔ یا صدر ایوب جو کچھ انہیں کہتے ہیں ۔ وہ کرتے ہیں ۔ افسوس تو اس امر کا ہے کہ ہماری ۱۳ ۔ ایجنسیوں میں آج تک ایک وزیر بھی نہیں گیا ۔ کیونکہ اگر کوئی جاتا ہے ۔ تو اس پر اعتراض ہوتا ہے ۔ کہ فلاں طرف کیوں گیا ۔ دوسری طرف کیوں نہیں گیا ۔ کوہاٹ پر جو بم گرا تھا ۔ اس سے ایک گھر کے ۲۵ افراد شہید ہوئے تھے ۔ اگر وزیر متعلقہ ادھر گئے ہیں تو انہوں نے کوئی جرم نہیں کیا ۔

جناب والا ۔ دوسری بات یہ ہے ۔ ہمارے نزدیک فرنٹیئر اور پنجاب میں کوئی فرق نہیں ۔ ہمارے لئے جیسا فرنٹیئر ہے ۔ ویسا پنجاب اور ویسا ہی بنگال ہے ۔ (تحسین و آفرین) ۔ مسلمان سب بھائی بھائی ہیں ۔ پریذیڈنٹ صاحب نے جب تقریر کی ۔ تو ہم نے فوراً آدمی بھیج دئے ۔ اور جو آدمی ہم نے بھیجے ۔ اگر انہوں نے ٹھیک طریق پر کام نہ کیا ۔ تو یہ ان سے کام لینے والے شخص کا قصور ہے ۔ ہمارا کوئی قصور نہیں ۔

ہم نے تو انہیں بھیج دیا تھا ۔ آگے انہوں نے ان کو ٹھیک طریقہ سے استعمال نہیں کیا ۔ کیونکہ پہاڑ پر لڑنے والوں کو ریگستان میں بھیج دیا ۔ اور ریگستان میں لڑنے والوں کو پہاڑ پر بھیج دیا ۔ یہ ہماری غلطی نہیں ہے ۔ ویسے جن لوگوں نے اچھا کام کیا ہے ۔ ان میں ہماری فوج اول نمبر پر ہے ۔ Civil کے لوگوں نے بھی اچھا کام کیا ہے ۔ ہم ان کو بھی شاباش دیتے ہیں ۔ لاہور سے گورنر صاحب ڈپٹی کمشنر صاحب اور وزیر لوگ نہ اٹھے تھے ۔ ورنہ یہاں سے بہت زیادہ تعداد میں لوگ بھاگ جاتے ۔ اور اس شہر میں ایک آدمی بھی نہ رہ جاتا ۔ لوگوں نے جو یہ ہمت کی ہے ۔ تو وہ اسی طرح کی ہے ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ جو شخص اچھا کام کرے اس کی تعریف کرنی چاہئے ۔ اور جو خراب کام کرے اسے سزا دینی چاہئے ۔

جناب والا ۔ حکومت کے بعض ایسے محکمے بھی ھیں جہاں لوگ صرف اس لئے ھیں کہ تھوڑی بہت ناجائز کمائی کریں ۔ عام حالات میں ھم ان کو منع نہیں کرتے ۔ صرف اتنا کہتے ھیں کہ ابھی ایسا کام نہ کرو ۔ جب تک یہ لڑائی اور یہ گڑبڑ ھے ایسا کام نہ کرنا چاھئے ۔ تھوڑے دنوں کے لئے صبر سے کام لینا چاھئے ۔ اس کے بعد پھر اجازت ھے ۔ صرف ان چند دنوں کے لئے جہاد کرنا چاھئے ۔ ٹرک والے اور دوسرے لوگوں نے اس دوران جو کام بھی کیا ھے ۔ بڑی ایمانداری اور اخلاص سے کیا ھے ۔ مگر ان کا متعلقہ محکمہ بہت برا محکمہ ھے ۔ اُسے یہ سمجھایا جائے کہ تھوڑے دنوں کے لئے صبر کر لے ۔ ایسا موقع پھر آئے گا ۔ جناب ۔ اگر پانچ سو ھندو ھوں اور ایک مسلمان نہ ھو ۔ تو وہ شادی پر نہیں جاتے ۔ کیونکہ پانچ سو ھندو ایک مرغا ذبح نہیں کر سکتے ۔ مگر ایک مسلمان کر سکتا ھے ۔

مسٹر سپیکر۔۔اب آپ اپنی تقریر ختم فرمائیں ۔

حاجی ملک سعداللہ خان۔۔بہت اچھا جناب ۔ میں اپنی تقریر ختم کرتا ھوں ۔

مسٹر عمر جان خان (بنوں ۔ ۱)۔۔جناب سپیکر ۔ پہلے تو میرا خیال نہ تھا ۔ کہ میں اس ضمنی بجٹ کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کروں ۔ مگر صبح کے session میں کچھ ایسی تقاریر ھوئی ھیں ۔ جن کی وجہ سے میں نے یہ ضروری خیال کیا ھے کہ میں بھی اپنے خیالات اس معزز ایوان کے سامنے پیش کروں ۔

جناب والا ۔ قائد حزب اختلاف اس وقت ایوان میں موجود نہیں ھیں ۔ وہ صبح کے وقت جب تقریر کر رھے تھے ۔ اور بے گھر لوگوں کی آبادکاری کے متعلق اپنے خیالات کا اظہار فرما رھے تھے ۔ تو میں

بڑے غور سے ان کی تقریر سن رہا تھا ۔ میرا خیال تھا ۔ کہ وہ کوئی تعمیری تقریر کریں گے ۔ لیکن وہ موضوع زیر بحث سے بھٹک کر بلاوجہ سیاسی میدان میں چلے گئے ۔ اور انہوں نے قائد ایوان کے متعلق کچھ ایسے الفاظ کہے ھیں ۔ جن سے میرے اور دیگر رفقائے کار کے جذبات کو ٹھیس پہنچی ھے ۔ ممکن ھے ۔ کہ کسی ممبر کی ایماء پر انہوں نے ایسا کیا ھو ۔ کیونکہ میری پارٹی کے بعض ممبران نے بھی ان کی تائید کی تھی ۔ بہرحال میرا خیال ھے ۔ کہ پارٹی ڈسپلن کے تحت یہ بات ان کی شان کے شایان اور مناسب نہ تھی ۔ اور اس پر پارٹی میٹنگ ھی میں بحث ھونی چاھئے ۔

جناب والا ۔ جنگ کے ایام میں ھندوستان نے ھماری قوم کو ایک چیلنج throw کیا تھا ۔ اس وقت یہ فرق نہ تھا ۔ کہ چونکہ آج لاھور کے محاذ پر جنگ شروع ھے ۔ اس لئے دوسرے مقامات اس جنگ سے محفوظ ھیں ۔ اس وقت کسی کو یہ خیال تک نہ تھا ۔ کہ چونکہ خواجہ صاحب کے گھر پر جنگ ھو رھی ھے ۔ اس لئے پشاور اور دوسرے علاقے اس سے محفوظ ھیں ۔ بلکہ It was a challenge to the entire nation اس میں اس وقت کوئی فرق یا تفریق نہ تھی ۔ اور صدر مملکت کی ایک آواز پر ساری قوم ھی فرد واحد کی طرح لبیک کہہ کر اٹھ کھڑی ھوئی تھی ۔ اور اس نے گھر گھر میں ملک و قوم کے دفاع کی غرض سے اپنی اپنی کوشش جاری کر دی تھی ۔ اور جہاں کہیں بھی جان کی قربانی دینے کی ضرورت ھوئی ۔ قوم نے اپنی جانیں پیش کیں ۔ اور جہاں پر مال کی قربانی کی ضرورت محسوس ھوئی ۔ لوگوں نے اپنی دولت قربان کر دی ۔ یہ ٹھیک ھے ۔ کہ ان اضلاع میں نہ پریس فوٹو گرافر ھیں ۔ اور نہ پریس رپورٹر ھیں ۔ جو اخبارات میں تصویریں اور خبریں چھاپتے کہ فلاں شخص نے فلاں فلاں کام کیا ھے ۔ میں اس کی تفصیل

میں جانا نہیں چاہتا ۔ کہ وزیر مال صاحب نے اس علاقے میں کیا کچھ کیا ہے ۔ لیکن خواجہ صاحب کی تقریر سے صاف ظاہر ہوتا ہے ۔ کہ

There is something wrong at the bottom and there is somebody who is doing the wire-pulling.

اور جیسا کہ میں عرض کر چکا ہوں ۔ جہاں تک ہماری پارٹی کے اراکین کی تقریروں کا تعلق ہے ۔ مناسب یہی ہے ۔ کہ اس پر پارٹی میٹنگ میں بحث کی جائے۔ اور اگر وزیر مال صاحب بنوں یا شمالی وزیرستان کے دوروں کی طرف گئے تھے ۔ تو اس سلسلے میں ملک کے دفاع اور عوامی مفادات کے پیش نظر میں ان حقائق کو بیان نہیں کر سکتا ۔ جن کے لئے وہ وہاں پر تشریف لے گئے تھے ۔ اور نہ ہی میں یہ عرض کر سکتا ہوں کہ آیا ان کا وہاں جانا جنگی کوششوں کے لئے ضروری تھا ۔ یا نہیں ۔

میں جناب وزیر قانون کی خدمت میں ایک عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔ وہ یہ کہ اس ایوان میں پچھلے سال یا اس سے پہلے ایک ایکٹ منظور کیا گیا تھا ۔ جس کا نام Criminal Law Amendment Bill تھا ۔ سابقہ صوبہ سرحد میں اس سے پہلے ایف ۔ سی ۔ آر ۔ نافذ تھا ۔ جو بالکل smoothly کام کر رہا تھا ۔ اور جرائم میں کمی واقع ہو چکی تھی ۔ لیکن جس وقت یہ ایکٹ نافذ ہؤا ۔ تو اس میں اس کے کچھ شیڈول رکھ دئے گئے ۔ اس شیڈول میں کچھ دفعات تعزیرات پاکستان کی بھی رکھی گئیں ۔ اور کچھ نہ رکھی گئیں ۔ کیونکہ کچھ لوگ چاہتے تھے ۔ کہ یہ قانون سخت ہے ۔ اس لئے اسے نرم کر دینا چاہئے ۔ چنانچہ کچھ عرصہ کے لئے تو یہ معاملہ ٹھیک چلتا رہا ۔ لیکن اس کے خلاف جب اپیل در اپیل ہوئی ۔ اور اس میں قانونی نقائص کا علم ہؤا ۔ تو اس میں ایک نقص یہ بھی نکلا ۔ کہ جب دفعہ ۳۰۲ کے ساتھ دفعہ ۳۴ کا اطلاق کیا جائے ۔ یعنی اگر دو آدمی کسی کو قتل کریں ۔ وقوعہ خواہ شام کو ہو ۔ رات کو ہو یا دن کو ہو ۔ تو ان پر

Criminal Law Amendment Bill لاگو نہیں ہوتا ۔ اور اگر کوئی آدمی کسی کو قتل کرانے کے لئے پیسے دیکر قاتل کی معاونت کرے ۔ تو بھی اس پر دفعہ ۱۰۹ اور ۱۴۹ کا اطلاق نہیں ہوتا ۔ اگر اس معزز ایوان کے اراکین اٹھ کر مال روڈ پر جائیں ۔ اور وہاں پر قتل کر دیں ۔ تو پھر دفعہ ۱۴۹ کا اطلاق ہو جاتا ہے ۔ کیونکہ دفعات ۱۳۴ ، ۱۰۹ یا ۱۴۹ تعزیری دفعات نہیں ہیں ۔ یہ صرف ان لوگوں کو زد میں لاتی ہیں ۔ جن کی غرض مشترک ہو ۔ اور unlawful assembly ہو ۔ تو حکومت کو چاہئے ۔ کہ اس کا تدارک کرئے ۔ کیونکہ اس کا نتیجہ یہ ہے ۔ کہ ضلع بنوں میں جتنے جرائم بھی ہوتے ہیں ۔ رات کے وقت ہوتے ہیں ۔ اس لئے ملزموں کو سزا نہیں دی جا سکتی ۔ اور وہ صاف بری ہو جاتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ (لائل پور - ۶)۔۔جناب سپیکر ۔ میں ضمنی میزانیہ پر آج صبح سے تقاریر سنتا رہا ہوں ۔ بہت سے مقررین نے بعض افراد کی بہت تعریف کی ہے ۔ جن کی تعریف کرنے پر مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔ لیکن میں ان کی خدمت میں مؤدبانہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ اگر کسی فرد کی تعریف کرنا ہی مقصود ہے ۔ تو قوم کی یک جہتی یا فوج کی دلیری نے جس طریقے سے ہندوستانی حملے کو ناکام بنایا ہے ۔ اگر اس تعریف سے اس پر کوئی زد پڑتی ہو ۔ یا اس کو چھوٹا کرکے دکھانا مقصود ہو ۔ تو میرے نزدیک یہ نہایت ہی نا مناسب ہے ۔

جہاں تک جنگ سے بے گھر ہونے والے لوگوں کا تعلق ہے ۔ میں حکومت کو یہ احساس دلانا چاہتا ہوں ۔ کہ یہ لوگ آپ کی امداد کے انتہائی مستحق ہیں ۔ مستحق اس لئے ۔ کہ ایک تو وہ ہندوستانی حملے کا شکار ہوئے ۔ اور دوسرے اس لئے کہ ہماری حکومت بے ان کو وقت پر متنبہ بھی نہ کیا یعنی انہیں بروقت مطلع نہ کیا گیا ۔ جس کی

وجہ سے وہ لوگ بہت بری طرح ہندوستانی حملے کا شکار ہوئے۔ اگرچہ اس خطرے سے انہیں بر وقت مطلع کرنا ہماری حکومت کی ذمہ‌داری تھی جسے پورا نہ کرنے کی وجہ سے بھی ان لوگوں کو بہت زیادہ نقصان پہنچا ہے۔ جیسا کہ دوسرے مقررین نے بھی فرمایا ہے۔ چونکہ یہ ہنگامی حالات کا زمانہ ہے۔ اس لئے میں اس وقت اختلافی باتوں میں جانا نہیں چاہتا۔ لیکن میں اتنا ضرور عرض کروں گا۔ کہ جن لوگوں نے ملکی دفاع کے لئے یا ملک کی حفاظت کے لئے قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے تاریخ میں نام ضرور پیدا کیا ہے۔ اس وقت ہمارے حکمرانوں کو تاریخ کے فیصلے سے بے نیاز نہیں ہونا چاہئے۔ آج نہیں تو کل جب بھی یہ ہنگامی حالات ختم ہوں گے۔ اور ہو سکتا ہے۔ کہ ان کے ختم ہونے میں ایک دو سال کی مدت لگ جائے۔ یا آج سے دس بیس سال بعد جب ہمارے موجودہ حکمران ان گدیوں پر متمکن نہ ہوں گے۔ تو تاریخ نے ان کے متعلق بے‌لاگ فیصلہ دینا ہے۔ اس لئے انہیں اس طرف بھی متوجہ ہونا چاہیے۔

جناب سپیکر۔ حقیقت یہ ہے۔ کہ قوم نے جو کچھ بھی کیا ہے۔ صرف اپنے ہی لئے کیا ہے۔ اور یہی حب‌الوطنی کا تقاضا تھا۔ یہ کسی پر احسان نہیں ہے۔ لیکن جہاں ہنگامی حالات ساری قوم کو ایک جگہ متحد ہو کر دشمن کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار رہنے کی دعوت دیتے ہیں۔ وہاں ہماری حکومت کا بھی یہ فرض ہے۔ کہ وہ لوگ جنہوں نے عین موقع پر بغیر کسی کے بلائے۔ بغیر کسی کے دعوت دیئے محض اپنی آزادی کے تحفظ کے لئے ہندوستانی چیلنج کو قبول کیا۔ وہ ان کے اس کارنامے اور ان کی ان خدمات کو سراہتی۔ اور انہیں سراہنے کا طریقہ یہ تھا۔ کہ وہ پابندیاں جو ان پر عائد کر دی گئی تھیں۔ ان میں کمی کرتی۔ اور اپنے سابقہ رویہ کر تبدیل کرتی۔ مگر

افسوس کا مقام ہے ۔ کہ ہماری حکومت نے اس کٹھن وقت میں بھی اپنی سابقہ پالیسی کو ترک نہ کیا ۔ اور بیک جنبش قلم ساری قوم کو بنیادی حقوق ہی سے محروم کر دیا ۔ میں مانتا ہوں ۔ کہ بعض بنیادی حقوق وقتی طور پر معطل کئے جا سکتے تھے ۔ مگر ان کو مجموعی طور پر ختم کر دینا ساری قوم سے زیادتی ہے ۔ آپ نے قوم کو کوئی اچھا تمغہ نہیں دیا ۔ یہ محض قوم کے ساتھ ہی زیادتی نہیں ہے ۔ بلکہ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ یہ عدالت عالیہ پر عدم اعتماد کی ایک اور زندہ مثال ہے ۔

Mr. Speaker : That is not the action of the Provincial Government.

مسٹر حمزہ—جناب سپیکر ۔ صوبائی حکومت اس حد تک اس کے لئے جوابدہ ہے ۔ کہ عدالت عالیہ کا یہ کام ہے ۔ کہ بنیادی حقوق پر عملدرآمد کرائے ۔ ان حقوق کی implementation کی ذمہداری عدالت عالیہ پر عائد ہوتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے ساتھ ساتھ مجھے اور بہت سے دوسرے دوستوں کو یہ توقع تھی کہ ہماری حکومت جس نے نوکر شاہی کے ذریعے ملک پر حکومت کرنے کا طریقہ اختیار کیا ہوا ہے ۔ جنگ کے بعد اور خاص طور پر ہنگامی حالات میں ملکی استحکام اور ملکی مفاد کے لئے ہندوستان کے ناپاک ارادوں کو ناکام بنانے کے لئے اس رویے اور اس پالیسی کو ترک کرکے ساری قوم کو یکجا کرکے اور اس کی حوصلہ افزائی کرکے اسے عظیم مقابلہ کے لئے تیار کرے گی ۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ ہمارے جن بھائیوں نے اپنے خون اور اپنی جرات سے ہندو سامراج کے ارادوں کو ناکام بنایا بد قسمتی ہے ہماری حکومت کو آج تک یہ نہ سوجھی کہ ہندو سامراج کے ارادوں کو ناکام بنانے کا سب سے بڑا ذریعہ یہ ۱۰ کروڑ انسان ہی ہیں ۔ ہماری حکومت کی سوچ اور فکر یہ ہے کہ وہ الٹا ان کی آزادیوں کو سلب کرنا چاہتی

ہے ۔ اگر آپ آج اپنے حکمرانوں کے بیانات جو کہ دوسرے ممالک میں دئیے جاتے ہیں پڑھیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے گویا ہماری حکومت کو چلانے والے ولی اللہ ہیں ۔ وہ بہت اصول پرست ہیں اور سچائی کے دیوانے ہیں ۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ اگرچہ عوام نے اس کٹھن وقت میں ثابت کر دیا ہے کہ وہ ہر قسم کی ذمہ داریاں اٹھانے کی اہل ہیں ۔ اس کے باوجود ہماری حکومت اپنی پرانی روش پر قائم ہے ۔ اور اس حد تک لوگوں کو نالائق اور غیر ذمہ دار سمجھتی ہے کہ سارے مغربی پاکستان کے تقریباً سب اضلاع میں دفعہ ۱۴۴ کا آج بھی نفاذ ہے ۔

جناب سپیکر ۔ جو قوم ہندوستان کے حملے کا مقابلہ کر سکتی ہے ۔ اس کے لئے عین ممکن ہے اور وہ وقت دور نہیں جب وہ اپنے حاکموں کے بارے میں بھی چھان بین یا باز پرس کرے ۔ وقت کا انتظار کیجئے ۔ ہم یہ نہیں چاہتے کہ ان ایام میں جب کہ ہمارا ملک انتہائی خطرناک دور میں سے گزر رہا ہے ۔ کوئی ایسی بات کریں ۔ لیکن پھر بھی میں اپنے حکمران طبقے اور حکومت کو متنبہ کرتا ہوں کہ وہ اپنے اس رویے کو بدلے ۔ یہ میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ اس وقت قومی مفاد کا تقاضا یہ ہے ۔ اگر میری ذات اس سے متاثر ہوتی تو مجھے اس کی قطعاً پروا نہیں ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ بات کہنے کی جرات اس لئے کر رہا ہوں کہ اس جنگ کے دوران قوم کی سب خوبیاں ابھر کر اوپر آ گئیں اور حکومت کے نقائص بھی عوام کے سامنے آ گئے ۔ اس کی میں ایک زندہ مثال پیش کرتا ہوں ۔ ہمارے وزیر خوراک اور بہت سے دیگر وزرا صاحبان علی الاعلان یہ کہتے ہیں کہ جنگ کے ایام اور ہنگامی حالات میں غلے کی قیمتوں اور خاص طور پر گندم کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی

ہے ۔ جو ایک حقیقت ہے ۔ لیکن کبھی آپ نے یہ بھی سوچا کہ اس کی وجہ کیا ہے ۔ ضلع لائل پور اور دوسرے اضلاع میں جہاں ضرورت سے زیادہ غلہ پیدا ہوتا ہے آج گندم کی ہزاروں بوریاں پڑی ہے ۔ اگر جنگ لگ جانے سے غلے کی قیمتیں گر گئیں تو قیمتیں لازماً گرنی تھیں ۔ لیکن گندم کی مانگ میں کمی کیوں واقع ہوئی ہے ۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اس جنگ نے ہماری قوم کو بہت سے فائدے پہنچائے ہیں ۔ اس نے ایک بڑا فائدہ یہ پہنچایا ہے کہ ہمارا وہ اناج جو ہندوستان اور پاکستان کی سرحد پر smuggle ہوتا تھا ۔ اس کا کاروبار بند ہو گیا ۔ اس وقت ملک میں گندم کی کمی نہیں بلکہ اس کی فراوانی ہے ۔ اس سے پہلے ہندوستان اور پاکستان کی سرحد پر گندم smuggle ہوتی تھی جس کی وجہ سے ہم غیر ممالک سے گندم مانگنے پر مجبور ہوئے اور اس طرح اپنی خودداری کھو بیٹھے تھے ۔ مگر ہماری اپنی گندم ہمارے دشمنوں کے پاس چلی جاتی تھی ۔ میں اپنی حکومت سے پوچھتا ہوں کہ ہماری قوم نے آپ کو اختیارات دینے میں کبھی کنجوسی سے کام نہیں لیا ۔ آپ کے پاس اور ہر ایک متعلقہ محکمے کے پاس زیادہ سے زیادہ اختیارات ہیں جس کا بھانڈا آج پھوٹا ہے کہ اتنے اختیارات ہونے کے باوجود اور افسران کی فوج ظفر موج کی موجودگی میں اور اتنی طاقتور وزرات کے ہوتے ہوئے بھی گندم کی smuggling ہوتی رہی ہے ۔ مجھے یقین ہے کہ اگر اس smuggling کو پورے طور پر کنٹرول کر لیا جائے تو ہم اشیائے خوردنی میں اور غلے کی ضروریات میں خود کفیل ہو سکتے ہیں ۔ اور ہمیں غیروں کے آگے ہاتھ پھیلانے کی قطعاً ضرورت نہ پڑے ۔ میں وزیر خوراک کی خدمت میں مؤدبانہ عرض کروں گا کہ وہ زیادہ اناج اگاؤ کی سکیم کی اہمیت پر زور دیں اور لوگوں کو بتائیں کہ یہ ان کا قومی فرض ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ غلہ پیدا کریں ۔ ویسے بھی یہ ہمارا قومی فریضہ ہے ۔ جب ہماری حکومت

خود ھی اپنی گندم دشمن کے حوالے کر دے تو اس سے بڑی قوم دشمنی اور کیا ھو سکتی ھے ۔ آپ کو اس چیز کا پورا احساس ھونا چاھئیے ۔

اس کے ساتھ ساتھ میں ان کی توجہ اس امر کی طرف بھی دلاتا ھوں کہ اس میں کوئی شک و شبہہ نہیں کہ قوم نے ھر محاذ پر ھر جگہ قومی مفادات کو پیش نظر رکھ کر قربانیاں دی ھیں ۔ لیکن میں ان سے پوچھتا ھوں ۔ کیا آپ کے محکمہ نے کھاد کی تقسیم کا خاطر خواہ انتظام کیا ھے ؟ کیا وجہ ھے کہ کھاد مختلف اضلاع میں دگنے یا ڈیوڑھے داموں پر فروخت ھو رھی ھے ؟ کھاد موجود ھے ۔ اور میں اس چیز کو بھی مانتا ھوں کہ کھاد کی مانگ زیادہ ھے لیکن اس امر کا جواز کیا ھے کہ کھاد دگنے یا ڈیوڑھے داموں فروخت ھو ۔ X X

X X X X X X X X X X

* X X X X X X X X X

جناب سپیکر ۔ میں حکومت کی خدمت میں مؤدبانہ عرض کروں گا بلکہ اپیل کروں گا ۔ اور مجھے امید ھے کہ آپ مجھے ایک زندہ مثال پیش کرنے کی اجازت دیں گے ۔ ویسے تو جنگ میں سب لوگوں نے حکومت کا ساتھ دیا ھے ۔ لیکن اگر کسی نے ساتھ نہیں دیا تو اس انتظامی مشینری نے نہیں دیا اور خاص طور پر پولیس نے تو بالکل نہیں دیا ۔ اس نے اپنے سابقہ رویے کو قطعاً نہیں بدلا ۔ ۱۷ ۔ نومبر کی بات ھے کہ ایک شخص جھنگ روڈ پر لائل پور سے جھنگ کار پر سفر کر رھا تھا ۔ اتفاق سے جھنگ کے سپرنٹنڈنٹ پولیس جیپ میں ان کے پیچھے سفر کر رھے تھے ۔ اس شخص کو بدقسمتی سے پتہ نہ چلا کہ پیچھے سپرنٹنڈنٹ پولیس آ رھے ھیں ۔ جب وہ جھنگ پہنچ گیا ۔

* Remarks expunged by order of Mr. Speaker.

تو پٹرول پمپ پر سپرنٹنڈنٹ پولیس پہنچتے ھیں اور کہتے ھیں کہ آپ نے مجھے راستہ نہیں دیا ۔ اور مجھ پر گرد ڈالی ھے ۔ اس نے کہا کہ مجھے تو اس کا قطعاً علم نہیں کیونکہ آپ نے مجھے راستے کیلئے ھارن بھی تو نہیں دیا ۔ ایس ۔ پی صاحب نے اس کو پکڑ کر حوالات میں دے دیا اور اس کی کار اپنی تحویل میں لے لی ۔ اس طرح وہ بیچارہ رات بھر حوالات میں رھا ۔ دوسرے دن اس کا ساتھی اے ۔ ایس ۔ آئی کو ۵۰ روپیہ دینے پر مجبور ھوا اور ضمانت پر رھائی نصیب ھوئی ۔ اور اے ۔ ڈی ۔ ایم صاحب کی عدالت میں پیش ھو کر کار تو اپنی سپرددداری میں لی ۔ جناب سپیکر ۔ یہ تو ایک معمولی سی مثال ھے ۔ ھمارے حکمرانوں کے ذھن کا یہ عالم ھے ۔ اور سب سے بڑا افسوس یہ ھے کہ آپ غیروں کی محتاجی تو کریں گے ۔ ان کی خوشامد کریں گے ۔ لیکن اپنے بھائیوں کے ساتھ یہ سلوک ۔ میں نے کل ھی اس امریکی کانگریس کے Delegation کے (جو اس ملک کا دورہ کر رھا ھے) سربراہ کا بیان جو اس نے چک لالہ کے ھوائی اڈے پر دیا ۔ پڑھا ۔ وہ فرماتے ھیں ۔

"He was sympathetic with India which was facing double challenge-confrontation with two neighbours and economic difficulties."

جناب سپیکر ۔ حالات یہ ھیں کہ دشمن ھمارے سر پر کھڑا ھے اور ھمارے نام نہاد دوست امریکہ سے آ کر ھمارے ملک کے اندر ھمارے دشمن کے ساتھ سازش کرتے ھیں اور ھمارے زخموں پر نمک پاشی کرتے ھیں ۔ ان کو یہ جرات کیسے ھوئی ھے ؟ آپ ان کی جرات کا اندازہ تو لگائیں ۔ لہذا ھمارے حکمرانوں کے رویے میں تبدیلی آنی چاھیے ۔ انسان کا مقام بلند و برتر ھوتا ھے اس کی نگہداشت ھمارا فرض ھے ۔ دس کروڑ مسلمانوں کا ملک امریکہ کا غلام نہیں بنایا جا سکتا ھمیں اپنی عزت و ناموس کے لئے بھارت سے لڑائی درپیش ھے اور امریکہ اس کی مدد کرتا ھے ۔

خان محمد یوسف خان (راولپنڈی - ۲)۔۔جناب سپیکر - میرا ارادہ کچھ دیگر خیالات پیش کرنے کا تھا مگر مسٹر حمزہ نے جو داستان غم چھیڑی ہے اس سے میرے خیالات کے دھارے کا رخ بدل گیا ہے - لہذا اب میں بھی اسی موضوع پر اظہار خیال کرنا چاہتا ہوں جس کے متعلق مسٹر حمزہ کی تقریر نے میرے دل میں تحریک پیدا کر دی ہے - ایک دفعہ مجھے فیلڈ مارشل صدر محمد ایوب خان کو راولپنڈی ایرپورٹ پر ایک سپاسنامہ پیش کرنا پڑا تھا - تو میں نے وہاں زبانی ہی چند فقرے کہے تھے جن میں سے ایک فقرہ یہ تھا کہ خدا کرے کوئی میدان کا دھنی آئے جس کی زیر قیادت پاکستان کشمیر کو حاصل کر لے - جناب - میں کوئی آتش بیان مقرر نہیں ہوں مگر میں مجبور ہوں کہ آج فیلڈ مارشل صدر محمد ایوب خان کی مدح سرائی کروں کیونکہ اس موقع پر ان کے شاندار کام کو نہ سراہنا بھی ناشکری میں داخل ہوگا ان کا سب سے پہلا اور سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ کشمیر کا سوال جو چند سال سے مردہ ہو چکا تھا اسکو ازسرنو زندہ اور اہم بنا دیا ہے چند سال قبل جب چودھری محمد علی وزیر اعظم تھے - تو پنڈت نہرو نے کہا تھا کہ میں اس بابو منسٹر سے ملنے کو تیار نہیں ہوں - پھر ہمارے موجودہ وزیر خارجہ نے سیکورٹی کونسل میں فرمایا تھا کہ میں چند سال قبل جب ایک کاغذ کا پرزہ مانگتا تھا تو مجھے وہ بھی نہ ملتا تھا - یعنی محض کاغذی قراردار مسئلہ کشمیر - لیکن اب ساری دنیا کی اقوام اس مسئلہ کو زندہ و اہم تصور کر رہی ہیں - اب ہماری اس قیادت نے شبانہ روز محنت کرکے اس متنازعہ مسئلہ کو دنیا کے سامنے لا کھڑا کیا ہے - پھر اس قیادت میں ہماری افواج نے حیرت انگیز جرات سے وہ کارنامہ کر دکھایا ہے جس پر دنیا عش عش کر اٹھی ہے کیونکہ اس نے اپنے سے کئی گنا زیادہ فوج کو شکست دے کر پسپا کر دیا یہ ٹھیک ہے کہ مومن ہو تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی - مگر پھر بھی تیغ کی ضرورت تو ہوتی ہی ہے

یہ تیغ ہمارے فیلڈ مارشل نے قوم کو اور فوج کو مہیا کی ہے ۔ یہ کس کا تدبر تھا جس نے پیش از وقت بھانپ لیا تھا کہ بھارت حملہ کرے گا لہذا اس کا منہ توڑ جواب دینا چاہیے ۔ اور قوم کی فوج ایک سیسہ پلائی دیوار کی طرح دشمن کے سامنے کھڑی ہو گئی اور اس نے وطن ۔ دین اور ملت کی حفاظت کی اور قوم کے ایمان کو زندہ کر دیا ۔ شہادت کو زندہ کر دیا اور اپنے خون سے تاریخ میں ایک رنگین باب کا اضافہ کر دیا ۔ حق و انصاف کی خاطر اور مظلوم کو ظالم سے رستگاری دلانے کی خاطر جہاد کیا اور خود جام شہادت نوش کرکے قوم کو زندہ جاوید کر دیا ۔ فوج کو ایسا منظم کرنا اور train کرنے کا کام فیلڈ مارشل نے ہی کیا تھا ۔ پہلے ملک کو استحکامت بخشی ۔ قوم میں یک جہتی پیدا کی اور ایک ایسی جماعت بنائی جس سے قوم کو متحد اور منظم کر دیا ۔ اور ساتھ ہی اسے سر بلند کرایا یہاں تک کہ حزب اختلاف نے بھی ان کی تائید کی اور فوج کی عدیم النظر جرات کی داد دی ۔ اگر آئندہ لڑائی ہو تو انشاء اللہ ہم کشمیر لے کر رہیں گے اور دشمن کا قلع قمع کر دیں گے ۔ ہندوستان ابھی اکھنڈ بھارت کے خواب دیکھ رہا ہے اس نے پاکستان کو دل سے قبول نہیں کیا وہ پاکستان کو مرعوب کرکے اپنا پٹھو بنانا چاہتا ہے ۔ مگر پاکستان اس کے دانت کھٹے کر دے گا ۔ مسلمان ہمیشہ کثرت کا مقابلہ کرتا چلا آیا ہے اور فتح یاب ہوتا رہا ہے ۔ جنگ یرموک میں نبی کریم نے چار لاکھ رومی فوج کو اپنی تھوڑی سی فوج سے پسپا کیا تھا اور اب ہم نے سیالکوٹ اور لاہور میں بھی اپنے سے آٹھ گنا تعداد اور اسلحہ پر فتح حاصل کی ہے ۔ مصر نے بھی آٹھ ہزار فوج اسکندریہ فتح کرتے وقت 2½ لاکھ دشمن کو شکست دی تھی ۔ چنانچہ مسلمانوں نے اپنی دیرینہ روایات کو آج پھر زندہ کرکے دکھا دیا ہے ۔ اور قرون اولی کا ایمان

زندہ کرکے رکھ دیا ہے ۔ اس لئے اب ہماری آپوزیشن کو دلخراش طریق گفتگو ترک کر دینا چاہیے ۔

اب ہمیں اپنی زندگی ازخود اپنی بنیادوں پر قائم کرنا ہوگی ۔ آپ جو دس کروڑ روپے مانگ رہے ہیں ۔ میں آپ کو اس کے لئے مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ بشرطیکہ آپنے اس نیت سے ٹیکس نہیں لگائے کہ قوم تو از خود روپیہ دے رہی ہے ۔ لیکن اگر آپنے اس وجہ سے ٹیکس نہیں لگائے کہ شائد لوگ ان سے ناراض نہ ہو جائیں ۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ اس صورت میں آپ مبارکباد کے مستحق نہیں ۔ آپ دس کروڑ روپیہ کہتے ہیں ۔ یہ قوم تو اپنی جان اور اپنا مال نثار کرنے کے لئے ہر وقت تیار ہے ۔ تو اگر آپ اس قوم میں زندگی ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اجاگر کرنا چاہتے ہیں ۔ تو اس تعلیم سے اسے بہرہ ور کریں ۔

مسلمان فقر و سلطانی بہم کرد
ضمیرش آنی و فانی بہم کرد
ولیکن الحضر زمین عصر حاضر
کہ سلطانی بشیطانی بہم کرد

مسلمان کا امیر فقیر ہوتا ہے ۔ ابھی ابھی میرے ایک فاضل دوست نے فرمایا کہ جرمنی میں وہاں کے ایک وزیر نے قوم میں ایک نیا جذبہ پیدا کر دیا تھا ۔ میں کہتا ہوں کہ عہد فاروقی کو دیکھئے ۔ اس کے دوران طریق کار کیا تھا جس کی وجہ سے تین سال کے اندر اندر ساری مملکت اسلامی میں کوئی مانگنے والا نظر نہ آتا تھا ۔ وہ کیا طریق کار تھا ۔ اسی لئے تو ڈاکٹر اقبال نے ارشاد فرمایا ۔

درجہاں محتاج کس باشد نہ کس
نکتہ شرع مبیں ایں ست و بس

(تحسین و آفرین) ۔ اس لئے اگر یہ ہماری رفاہی مملکت ہے ۔ تو میں یہ کہوں گا کہ ہماری posterity کے لئے فقر اوپر سے آنا چاہیئے ۔ فقر کبھی نیچے سے نہیں آیا کرتا ۔

ان حالات میں ہمیں اپنی زندگیوں میں اور اپنے رہن سہن میں کمی واقع کرنا ہوگی ۔ اپنے اخراجات کم سے کم کرنا ہوں گے ۔ نہ صرف یہ کہ ہم نے یہ چیز اپنے مختلف محکموں میں دیکھنا ہے ۔ بلکہ ہمیں اپنی انفرادی زندگی میں بھی اسے نافذ کرنا ہوگا ۔ مجھے سخت افسوس ہوا جب قائد حزب اختلاف نے جنگی بے گھر لوگوں کے حالات بیان کئے ۔ اگر وہ حالات درست ہیں ۔ تو ہمارا کلیجہ منہ کو آتا ہے ۔ کیونکہ اگر کوئی حکومت اتنی غفلت شعار ہے تو وہ برسراقتدار رہنے کا استحقاق نہیں رکھتی ۔ لیکن میں وثوق سے کہتا ہوں کہ ایسا نہیں ہے ۔ یہ طریق کار مناسب نہیں ۔ جب تک ہم دوسرے فریق کو نہ سن لیں ۔ جب تک ہمیں حکومت کے جواب سے اس امر کا پتہ نہ چلے گا کہ قائد حزب اختلاف کے بیان کردہ الزامات کہاں تک درست ہیں ۔ اس سے پہلے کسی قسم کا فتویٰ دینا بھی نادانی ہو گی ۔ اور وہ درست نہ ہو گا ۔ میں یقین رکھتا ہوں کہ اگر ان لوگوں کی نگاہ میں کوئی چیز سہواً نہیں آئی ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان تمام ممبروں کے مشکور ہوں گے جنہوں نے ان کے سامنے یہ سب چیزیں پیش کی ہیں ۔ لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ از خود وہ بھی تو اپنے اندر ایک تڑپنے والا قلب رکھتے ہیں جو ہمارے اندر بھی موجود ہے ۔ کیونکہ آخر ہم سب کے جذبات بھی ایک ہی جیسے ہیں ۔ تو میں ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ وہ ان واقعات کی چھان بین ضرور کریں ۔ کیونکہ سیالکوٹ ہو یا لاہور ۔ اور خواہ روئے زمین پر کسی جگہ بھی ہوں ۔ ''کل مسلم جسد واحد'' تمام دنیا کے مسلمان ایک

جسم کی مانند ھیں ۔ اگر کسی ایک جگہ ایک ناخن میں بھی درد ھو ۔ تو وہ درد سارے جسم کو محسوس ھوتا ھے ۔ سیالکوٹ کے دکھی لوگوں کے درد کا احساس راولپنڈی کے لوگوں کو بھی اتنا ھی ھے جتنا کہ لاھور والوں کو یا دیگر مقامات کے لوگوں کو ھے ۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ ھمارے وزرا بھی یقیناً قوم کا اتنا ھی درد رکھتے ھیں ۔ لیکن اگر کوئی چیز باقی ھو اور جس کی ضرورت ھو تو وہ ضرور ان کے نوٹس میں لائی جائے ۔

جناب والا ۔ آخر میں میں ایک چیز اور آپ کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ خوش قسمتی سے ھمارے ملک میں اکثریت کی پارٹی ھماری پاکستان مسلم لیگ ھے ۔ اور دوسرا فریق حزب اختلاف کا ھے ۔ لیکن ھمارے ملک میں ایک تیسری پارٹی بھی موجود ھے ۔ جو bureaucracy کی جماعت ھے ۔ یہ پارٹی ان دونوں پارٹیوں کی نسبت بہت زیادہ زور آور اور طاقتور ھے ۔ اس لئے جیساکہ ابھی ابھی بعض اصحاب نے اشارتاً آپ کی خدمت میں عرض کیا ھے ۔ آپ اس امر کا خیال ضرور رکھیں کہ bureaucracy کی پارٹی آپ پر حاوی نہ ھو ۔ کیونکہ آپ کا تعلق لوگوں کے نمائندگان سے ھے ۔ اور لوگوں کے نمائندے کسی نہ کسی طرح اپنی آواز آپ تک پہنچا ھی دیتے ھیں ۔ تو حکومت چونکہ عوام الناس کی ھے ۔ اس لئے آپ ان کی شنوائی ضرور فرمائیں اور اس bureaucracy کو ذرا اپنے قابو میں رکھنے کی کوشش کریں ۔

Mr. Abdul Qayyum (Karachi—II) : Mr. Speaker, Sir, first of all, I am very happy to congratulate the Finance Minister on presenting a very excellent and balanced budget. In his budget, the Finance Minister has not proposed any new taxes. As has been said in this House that this has been a great suprise for the general public, I should say this is not only a surprise but has been a disappointment because the general public was prepared to make further contributions and they have a feeling that they have been deprived of a good chance of doing so. As explained by the Finance Minister, new taxes have not been imposed because there have been a lot of voluntary contributions. I should say this is indirectly a compliment for

our Nation. The Government in not proposing any new taxes has proved that this Government is for the people and it will only impose taxes when it must.

Secondly, I should say that the Government in not imposing taxes in this emergency and by this they have prepared the general public for accepting in future much bigger burden when there is a demand. Sir, to meet the expenses of this emergency, the Finance Minister has proposed only ten crores of rupees. The members are aware that but for the heroic deeds of our armed forces and co-operation and support of the general public, we would have been faced to day with much more serious problems and we would have been required to make arrangement for many crores of rupees.

On the 6th of September when treacherous enemy invaded our sacred soil and when our beloved President accepted the challenge, by reciting "Kalimat-ul-haq", the whole Nation stood up like a rock. There was complete unity, and people forgot all old differences.

Much has been said Sir, in this House about the heroic deeds of our brave soldiers ; how they delivered crushing blows on the enemies and how they frustrated the plans of merry-making. which the Indians were thinking of ; they were thinking of enjoying whisky packs but instead their soldiers had to take blood baths here. In the Lok Sabha in India, Indian leaders were embracing and congratulating each other in the morning of 6th, but in the evening when they heard that Lahore had not been conquered but instead their forces were retreating, they were hanging their heads in shame.

Sir, I take this opportunity to salute those brave soldiers, those airmen, those naval forces, who have saved our country. I also pray to God for Shahids that their souls may rest in peace. I also pray for the Ghazis that God may grant them still more courage to defend their homeland.

Sir, civil population did not lag behind in their sacrifice. Khawaja Muhammad Safdar has paid compliments to the people of Karachi but I would say that it was our duty. Karachi, true to its being a premier city in respect of its population, in respect of its vast resources and in respect of its industry, matched its contributions with its status. When there was a call for National Defence Fund there were offerred generous contributions and when there was a call for the relief of Muhajirs, Relief Committees were formed and our officers and leaders who were presiding over the meetings for collecting goods were busy round the clock and even then many of the colonies had to wait for weeks before they had their turn. Sir, I don't want to re-count the achievements of Karachi only. The whole country was imbued with this spirit. I think one of the blessings of the present war has been the spirit and tempo that has been created in the public.

I will be failing in my duties if I don't mention here that our National Press has done magnificient job in creating a spirit of national unity and a tempo in the nation. I also congratulate the writers, the poets, the Radio and the Government Information Department who did wonderful job. But,

Sir, the spirit that has been created in the nation has got to be maintained. As is well-known we are not yet through the struggle. We are sure about the Kashmir question. It may be by any means but we take it today that Kashmir is in our pocket. But this spirit has to be maintained even in peace, because we need this spirit for the development of our country. In a recent speech our Governor, very wisely, said that the national economy of the country is as important as National Defence. So, we have got to persuade our industries to step up their production and earn foreign exchange to build up the armed might. We have got to step up our agricultural produce and make use of the facilities that we have.

Sir, talking about the development I would say that the Finance Minister has cut down the development budget of Rs. 181 crores to Rs. 140 crores. I feel that in view of the present spirit and tempo of the nation, when we are ready to work hard, when we are ready to cut out our extravagances, and we are ready to economise on all fronts, the value of Rs. 140 crores today will be at least equal to Rs. 181 crores of June because it is the spirit that is behind. I am quite sure that this reduction in the development budget, will not affect our economy at all.

I would briefly survey a few problems about various departments, specially, relating to Karachi. Sir, while talking about water I would say that there is an acute shortage of water in Karachi. Some of the new colonies, like Baldia and Qasba colonies, where there is new settlement going on, they are without water. I hope that the provision made for the purpose will be fully utilized by the authorities.

Then, Sir, there is power. I feel there is enough power in Karachi. There is a lot of red tapism in the Departments concerned with power which gives an impression of shortage to the people. Recently it has come to my notice that K. E. S. C. and C. E. A. have got a number of cobwebs to clear and there are a good many hurdles to cross before we gets a power connection. If those short-comings and formalities are removed, I think, people will feel satisfied.

Now something about irrigation. We had a scheme of Hub River and its estimate was Rs. 8,66,000,00. The provision in the new budget is only Rs. 37 lacs. The intention of this scheme was to create a green belt in Karachi. I am not laying stress on this for the reason that this provision should be increased, but I hope this project would be taken care of in due course of time.

Animal Husbandry. There is a terrible shortage of meat throughout the country, especially, in Karachi. Therefore, some effective plans should be implemented for sheep-breeding in Karachi.

There is one more point Sir. There has been a mention about two damaged bridges in Karachi. Sir, these two bridges have become, excuse me for saying, a scandal over the last five years. These are important bridges which lead to the P. A. F. Station and the industrial areas and have been left uncared for. I would request that provision should be made for them and the job completed early.

In the end I hope that the Finance Minister, when time comes, will give due consideration to my suggestions.

رائے منصب علی خاں کھرل (شیخوپورہ - ۳)۔جناب سپیکر - آپ کا بہت بہت شکریہ - کہ آپ نے مجھے کچھ کہنے کا موقع دیا ہے - آپ کی طرف سے کچھ عرض کرنے کی اجازت ملنے سے مجھے ایک خوشگوار سی حیرت ہوئی ہے - ورنہ اس سے پہلے تو یہ کیفیت ہو چکی تھی - کہ ''کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے،، یا یہ کہ - ''یہاں تو بات کرنے کو ترستی ہے زبان میری ،،

جناب سپیکر - جیسا کہ ابھی ابھی محترم بھائی محمد یوسف خاں صاحب نے فرمایا ہے - کہ افراد کی قوموں کی اور ملکوں کی اپنی کچھ روایات ہوتی ہیں - یہ روایات زندہ بھی ہوتی ہیں - اور مردہ بھی - اچھی روایات زندہ روایات کہلاتی ہیں - اور بری روایات کو مردہ روایات کہتے ہیں - بعض روایات ہمیں انگریزوں سے ملی ہیں جنہیں ہم سینے سے لگائے ہوئے ہیں - لیکن میں یہ عرض کروں گا - کہ ہمیں صرف اچھی روایات کو اپنانا چاہیے - اور ساتھ ہی اچھی روایات قائم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے - حال ہی میں ہم نے کچھ زندہ روایات قائم کی ہیں - ان میں ہماری حکومت - ہمارے عوام اور خاص طور پر ہماری فوج کا حصہ ہے - ہماری بہادر فوج نے اپنے خون سے تاریخ کا ایک روشن باب لکھا ہے - ہمارے سر فروشوں اور جانبازوں نے اپنے دلوں کے ایاغ میں اپنا خون جلا کر ایسی روشنی کی ہے - جس سے مستقبل کے راستے جگمگانے لگے ہیں -

جناب والا - بھارت کے حکمرانوں کو شاید یہ علم نہ تھا - کہ اس کا واسطہ کس قوم سے پڑا ہے - ان کو یہ علم نہ تھا - کہ یہ قوم ہمیشہ درخشندہ روایات کو قائم کرتی رہی ہے - اس قوم نے

ہمیشہ حق و باطل کے معرکوں میں سر فروشی اور جاں سپاری کی مثالیں پیش کی ہیں ۔ اور حق و انصاف کے لئے جنگیں لڑی ہیں ۔ کبھی سندھ کے ریگستانوں میں بہادری کے جوہر دکھائے ہیں ۔ تو کبھی دیبل کی بندرگاہ پر اسلامی پرچم لہرایا ہے ۔ کبھی سومنات کی اینٹ سے اینٹ بجائی ہے ۔ اور کبھی دوارکا کے ساحل پر اپنی برتری کا ثبوت دیا ہے ، اور پھر کبھی سیالکوٹ اور لاہور کے محاذوں پر جانبازی شجاعت اور بہادری کی درخشندہ روایات قائم کی ہیں ۔ آج میں اس معزز ایوان میں یہ اعلان کرنا چاہتا ہوں ۔ اور بھارت کے جنگ باز حکمرانوں کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں ۔ کہ تمہارے ہوائی جہازوں کے پرخچے فضاؤں میں اڑائے جائیں گے ۔ تمہارے ٹینک حرکت کرنا بند کر دیں گے ۔ اور تمہاری توپیں ہمیشہ کے لئے خاموش ہو جائیں گی ۔ مگر میری قوم کا جذبۂ جہاد کبھی سرد نہیں پڑے گا ۔ یہ قوم اپنے خون سے اپنی تاریخ مرتب کرتی رہے گی اور ہمیشہ قربانیاں پیش کرتی رہے گی ۔

جناب والا ۔ ہندوستان نے ہم پر جس عیاری اور بزدلی سے حملہ کیا ۔ ہمیں اس کا صحیح طور پر علم یا اندازہ نہ تھا اور ہمارا یہ خیال تھا کہ وہ اس قسم کی حرکت نہ کرے گا ۔ اس لئے اس جنگ کے جو نتائج یا اثرات ہوئے ۔ وہ فوری طور پر حل نہیں ہو سکتے ۔ اس کے لئے ہمیں کافی محنت ۔ سوچ بچار اور عملی کوششیں کرنے کی ضرورت ہے ۔ محترم خواجہ صاحب نے یہاں جو دکھ بھری داستان سنائی ہے اس نے سب کو متاثر کیا ہے ۔ اس لئے کہ شاید وہ باتیں ان کے دل سے نکلی تھیں ۔ وہ اسی ضلع سے تعلق رکھتے ہیں جو براہ راست جنگ سے متاثر ہؤا ہے ۔ لیکن میں اس امر کی پرزور الفاظ میں تردید کرنا چاہتا ہوں کہ ان افراد کی بحالی کے سلسلے میں یا ان کو امداد

دینے کے سلسلے میں حکومت یا عوام کی طرف سے کوئی غفلت برتی گئی یا پوری توجہ نہ دی گئی ۔ حقیقت یہ ہے کہ اس موقع پر ہر شخص نے اور حکومت نے اپنے فرائض کو احسن طریق سے نبھایا ہے اور ان لوگوں کی مدد اور ان کو آرام و آسائش مہیا کرنے کے لئے ہر قسم کی کوشش کی گئی ہے ۔ تو یہ شکایت بعض جگہ لوگوں کو کپڑا نہیں ملا یا بعض جگہ لوگوں کو کھانے کو نہیں ملا ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ بالکل صحیح نہیں ہے کیونکہ میں ذاتی طور پر خاص کر شیخوپورہ کے متعلق جانتا ہوں ۔ اس لئے میں ان باتوں کی تردید کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ سب سے پہلے میرے اپنے حلقۂ نیابت میں ایک کیمپ قائم ہؤا ۔ یعنی ننکانہ صاحب کے لوگوں کو یہ شرف حاصل ہؤا اور وہ ان بے گھر لوگوں کی امداد کے لئے آگے بڑھے ۔ وہاں ایک وقت تقریباً دس ہزار افراد جمع ہو گئے تھے جن کے آرام و آسائش بحالی کی اور ان کی دیگر ضروریات پورا کرنے کے لئے لوگ جوق در جوق آگے بڑھے ۔ حکومت سے پورا تعاون کیا اور شبانہ روز کام کرکے یہ کوشش کی کہ ان لوگوں کو کسی قسم کی تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔ تو جناب والا ۔ اگر کسی جگہ یا کسی مقام پر کوئی ایسی خامی رہ گئی ہے اور ان لوگوں کی صحیح طور پر دیکھ بھال نہیں ہو سکی تو یہ کہنا مناسب نہ ہو گا کہ حکومت نے اس سلسلے میں غفلت کی ہے یا حکومت کے محکموں نے بے توجہی برتی ہے ۔ البتہ خواجہ صاحب کی یہ بات اور دوسرے معزز ممبران کی یہ بات کسی حد تک درست ہے کہ انتظامیہ میں ایک ایسا طبقہ موجود ہے جو موجودہ قیادت کو نہیں سمجھا اور اس کے ساتھ قدم ملا کر چلنے میں ناکام رہا ہے وہ طبقہ کون ہے ؟ اسے سب لوگ جانتے ہیں ۔ اور اس کے متعلق کافی باتیں بھی ہو چکی ہیں ۔ یہ وہ طبقہ ہے

جس پر سی - ایس - پی کا بھوت سوار ہے - اس طبقے کو کچھ ایسے سرخاب کے پر لگے ہیں - کہ یہ فضاؤں میں اڑتا رہتا ہے اور زمین پر آنے کا نام ہی نہیں لیتا ہے - اگر ایسے لوگوں کی طرف سے کسی جگہ غفلت برتی گئی ہے یا موقع کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے انہوں نے خاموشی اختیار کی ہے - تو جناب والا - یہ کوئی general اصول نہیں ہے کہ ہر جگہ اس کو apply کر دیا جائے یا یہ کہدیا جائے کہ حکومت ان لوگوں کے سلسلے میں پوری توجہ نہیں دے رہی ہے - یا اس نے کوئی غفلت کی ہے -

اب جناب والا - دوسری بات میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں - اور خاص طور پر حمزہ صاحب کی طرف سے یہ اعتراض بھی ہوا ہے کہ ہمیں کسی شخص کی تعریف اس لئے نہ کرنا چاہئے کہ ہماری فوجوں کے معاملہ میں غلط فہمی پیدا ہونے کا امکان ہے - جناب والا - ہمیں یہ بات کہنے میں کوئی بخل نہ کرنا چاہئے کہ ہمارے گورنر ملک امیر محمد خان اور ان کی کابینہ کے افراد نے یہاں رہ کر قوم کے لوگوں کے حوصلے بلند رکھے ہیں اور اپنے روزمرہ کے کاموں میں حصہ لے کر اپنی قوم کو یہ سبق دیا ہے اور اسے یہ جتایا ہے کہ ہمیں کسی قسم کی پریشانی کا اظہار نہ کرنا چاہئے بلکہ ان کی مصائب اور صورت حال کا پوری جوان مردی سے مقابلہ کرنا چاہئے - ان کا یہاں رہنا قابل فخر ہے - اس لئے ہمیں یہ اعتراض نہ کرنا چاہئے کہ ان لوگوں نے موقع کی نزاکت کو نہ سمجھا اور اس کے مطابق عمل نہ کیا -

مخدوم اختر علی شاہ قریشی (جھنگ - ۲)- جناب والا - ہمیں سب سے پہلے باری تعالی کا شکر بجا لانا چاہئے جس نے ہماری فوج کو طاقت بخشی اور اس نے پکوڑی مل - دھوتی مل اور ہندو کے جارحانہ حملے کا ایسا جواب دیا کہ وہ آج ساری دنیا میں شرمسار ہے - مسلمان کا قول

ہے کہ جس وقت اس کو جہاد کا حکم ملتا ہے تو اس وقت اللہ تعالیٰ اس میں جرات اور تیزی پیدا کر دیتا ہے ۔ وہ بے تیغ بھی لڑ سکتا ہے اور ایسا جواب دے سکتا ہے جیسا کہ ہماری فوجوں نے دیا ۔ تاریخ بتاتی ہے کہ کافر کے ساتھ مسلمان ہمیشہ لڑتا آیا ہے ۔ جس وقت جہاد کا حکم ہوتا ہے تو اللہ تعالی اپنے مسلمان سپاہی کو غیبی مدد سے سرفراز کرتا ہے ۔ میں صدر پاکستان ۔ پاک فوج کے سربراہوں اور پاک فوج کو خراج تحسین اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد میں صوبائی وزرا کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس آڑے وقت میں قوم کا ساتھ دیا ہے ۔ یہ ان پر سراسر بہتان لگایا جا رہا ہے کہ فلاں وزیر صاحب وہاں تشریف لے گئے اور فلاں وزیر صاحب وہاں تشریف نہ لے گئے ۔ شیخ مسعود صادق صاحب گئے اور خان حبیب اللہ خان نہ گئے ۔ شیخ مسعود صادق صاحب اس لئے وہاں نہ گئے کہ انہوں نے لوگوں کو لڑائی کے لئے اکٹھا کیا اور تیار کیا ۔ اور خان حبیب اللہ خان اس لئے وہاں نہ گئے کہ وہ شاید جماعت اور پارٹی سے باہر ہیں ۔ ہم اسی جماعت میں ہیں جس کے لیڈر خان حبیب اللہ خان ہیں ۔ مسلمان کی ہستی بہت بلند اور باعزت ہوتی ہے ۔ میری گزارش یہ ہے کہ یہ سیالکوٹ اور لاہور کی انمول قربانیاں ایسی نہ تھیں جن کو چھ چھ چھٹانک آٹے اور ایک ایک رضائی پر ضائع کیا جائے ۔ ان لوگوں کی بے پناہ قربانیاں ہیں ۔ اس لئے یہ کہنا کہ کسی کو راشن نہیں ملا اور کسی کو جگہ نہیں ملی ۔ غلط ہے ۔ بہر حال اصل بات یہ ہے کہ موجودہ ایمرجنسی کے بعد لوگوں کو اپنے گھروں کو لوٹنا پڑے گا ۔ وہ پھر اپنے گھروں میں بس جائیں گے ۔ بعض حالات ہی ایسے ہوتے ہیں جن میں صرف ایک طرف دیکھی جاتی ہے اور دوسری طرف کو نہیں دیکھا جاتا ۔ اس لئے ہمیں قوم کی

یکسوئی کو سراھنا چاھئے کیونکہ قوم میں دوبارہ خلل ڈالنا اور اس میں تخریبی کارروائی کرنا کوئی اچھی بات نہیں ۔ قوم نے پوری یکسوئی کا ثبوت دیا ھے ۔ یہ بات ساری دنیا پر عیاں ھے ۔ ھم صدر ایوب کے دفاعی منصوبوں پر بالکل مطمئن ھیں اور ھمیں مطمئن ھونا چاھئے ۔ البتہ اتنا ضرور عرض کروں گا کہ دوستوں سے دوستی اور دشمنوں سے دشمنی ضرور روا رکھی جائے ۔

مسٹر سپیکر—اپنی تقریر ختم فرمائیے ۔ اب نماز مغرب کے لئے ۱۵ ۔ منٹ کے لئے اجلاس ملتوی کیا جاتا ھے ۔

(The House then adjourned for 15 minutes for the Maghrib prayers)

The House re-assembled after adjournment. Mr. Speaker in the Chair.

خان عبدالستار خان مہمند (مردان ۔ ۲)—جناب سپیکر ۔ اب اس کے بعد کتنا وقت ھے ۔

مسٹر سپیکر—۵-۴۰ پر Leader of the House نے تقریر کرنی ھے ۔ ۶-۱۵ تک وہ تقریر فرمائیں گے ۔ ۶-۱۵ پر Finance Minister صاحب بولنا چاھتے ھیں ۔

خان عبدالستار خان مہمند—آپ نے آج دوسرا اجلاس بلا کر ھماری صحیح ترجمانی کی ھے ۔ کیونکہ یہاں بعض واقعات بیان کرنا ضروری تھے ۔ اور وہ بے حد اھمیت کے حامل ھیں ۔ ھر ممبر تھوڑے سے وقت کے لئے کچھ نہ کچھ کہنا ۔ اور اپنے جذبات کی ترجمانی کرنا چاھتا ھے ۔ کیا آپ موجودہ اجلاس کا وقت بڑھا نہیں سکتے ؟

Mr. Speaker : I have no objection.

اتالیق جعفر علی شاہ (پشاور ایجنسی ۔ ۶)—جناب والا ۔ میں زیر بحث ضمنی بجٹ کی مکمل حمایت کرتا ھوں ۔ ملک اس وقت جن

ہنگامی حالات سے گزر رہا ہے ۔ ان کا تقاضا یہی ہے ۔ کہ ہم دیگر تمام اخراجات کم کرکے دفاع اور اس سے متعلقہ امور پر جس میں displaced persons کی آبادکاری بھی شامل ہے ۔ زیادہ سے زیادہ خرچ کریں ۔ اس جانب بجٹ میں جو اقدامات کئے گئے ہیں ۔ وہ نہایت مستحسن ہیں ۔ خصوصاً جب ہم یہ دیکھتے ہیں ۔ کہ نہ تو کوئی نیا ٹیکس لگایا گیا ہے ۔ اور نہ کوئی اہم ترقیاتی منصوبہ ختم کیا گیا ہے ۔ موجودہ حالات کے پیش نظر ہم سب کا فرض یہی ہے ۔ کہ ملک کی حفاظت اور استحکام کے لئے زیادہ سے زیادہ جانی اور مالی قربانی دینے کے لئے تیار رہیں ۔ ہماری افواج نے جس بے مثال بہادری اور شجاعت سے اپنا فرض ادا کیا ہے ۔ ہم سب کو اس پر فخر ہے ۔ انہوں نے اپنے سے تعداد میں کئی گنا زیادہ دشمن کو عبرتناک شکست دے کر نہ صرف ملک کی حفاظت کی ہے ۔ بلکہ تمام دنیا میں اپنی دھاک بٹھا دی ہے ۔ اور قوم کے وقار کو بلند کیا ہے ۔ میں اپنے حلقہ چترال کے لوگوں کی طرف سے انہیں پر خلوص خراج تحسین پیش کرتا ہوں ۔ اس ضمن میں ہم پریذیڈنٹ صاحب کو بھی جو اس شاندار فوج کے بانی مبانی ہیں اور جن کی قیادت ملک کی سالمیت کی ضامن ہے اور جناب گورنر صاحب کو بھی جنہوں نے اس جنگ کے دوران محاذ کے بالکل قریب رہ کر ہر قسم کے خطروں کا مقابلہ کرتے ہوئے صوبے کے نظام کو نہایت اعلیٰ طریق سے برقرار رکھا ، ہدیۂ تحسین و عقیدت پیش کرتے ہیں ۔

جناب والا ۔ دفاعی کوششوں کے سلسلے میں میرا حلقہ چترال بھی ملک کے کسی دوسرے حصے سے پیچھے نہیں رہا ۔ وہ لوگ پہلے بھی کشمیر میں نمایاں خدمات انجام دے چکے ہیں ۔ اور اب بھی ہر فرد ملک کی حفاظت اور جہاد کے لیے سربکف تیار کھڑا ہے ۔ علاوہ ازیں ہر

شخص نے حسب مقدور ڈیفنس فنڈ میں چندہ بھی دیا ہے ۔ اور وہ مزید ہر قسم کی قربانی کے لیے تیار ہے ۔

جناب والا ۔ چونکہ وقت کم ہے ۔ اس لیے میں اپنے حلقہ کی تمام ضروریات تو عرض نہیں کرسکتا ۔ صرف دو ایک نہایت ہی اہم ضروریات کی جانب حکومت کی توجہ مبذول کراؤنگا ۔ اول تو میں اپنے حلقہ کی ایک دائمی تکلیف کے متعلق عرض کروں گا ۔ اور وہ ہے ۔ ٹرانسپورٹ کا مسئلہ ۔ جیسا کہ سب حضرات کو علم ہے ۔ اس موسم میں چترال کو جانے والا واحد راستہ بھی برفباری کی وجہ سے مسدود رہتا ہے ۔ موٹر گاڑی کا گزرنا تو درکنار پاپیادہ آدمی بھی بڑا خطرہ مول لے کر ہی وہاں سے گزر سکتا ہے ۔ اس وقت ہوائی سروس بھی معطل ہے ۔ اور ایک شخص کو لاہور سے چترال پہنچنے میں کم از کم چار دن لگ جاتے ہیں ۔ حالانکہ اس جیٹ طیاروں کے زمانے میں چار دن میں پوری دنیا کے گرد چکر لگایا جا سکتا ہے ۔ دفاعی نقطۂ نظر سے بھی یہ لازمی ہے ۔ کہ مختلف مقامات میں رسل و رسائل کے ذرائع بہتر ہوں ۔ اور کوئی بھی علاقہ ایک دوسرے سے منقطع نہ رہے ۔ اس لیے میں ایک مرتبہ پھر درہ لاواری میں سرنگ نکالنے کی طرف حکومت کی توجہ منعطف کراتا ہوں ۔

دوسری اہم ضرورت تعلیم کی ہے ۔ معلوم ہؤا ہے ۔ کہ حکومت چترال کے سکولوں کو اپنی تحویل میں لے رہی ہے ۔ لہذا میری درخواست ہے ۔ کہ ایسا کرتے وقت وہاں کے مقامی اساتذہ کے حقوق کا پورا پورا خیال رکھا جائے ۔ اور نئی تقرریوں کے وقت مقامی اساتذہ کو بیرونی اساتذہ پر ترجیح دی جائے ۔

Mir Yusuf Ali Khan Magsi (Kalat - I): Mr. Speaker, Sir, I congratulate the people of Pakistan for the patriotism and generosity by which they made such a budget possible for the Finance Minister to present in this House.

Recently, our country has been through quite a hard time. There was a war of agression by Goliath against David but thanks to the undefeatable courage of our armed forces, to the unparalleled patriotism of our people and to the outstanding leadership of President Muhammad Ayub Khan that the enemy was put to shame. Sir, very seldom in the history of the world have any people proved themselves so worthy of their independence as the people of Pakistan have done. It is also very seldom that any leadership has proved itself so worthy of the faith of the people as the present leadership of Pakistan for which both the parties deserve great congratulations.

Sir, because of the shortage of time I will go to another important matter and that is the false and scandalous propaganda of the Indian Government during the war that the people of Quetta and Kalat divisions were always against Pakistan. As a responsible member of this responsible democratic institution I, hereby, on the Floor of this House say, with all the emphasis at my command, that this statement of the Indian Government was totally false. This statement was just a typical Indian treachery and there was nothing else in it. Sir, India has always been a sorry case. Recently, I have heard that the Indian Government is trying to cut down the water supply in Pakistan. I don't know how far it is true because I am not an authority on it but the question is, is it because India thinks that we are responsible for the starvation of their people ? Is it because India thinks that we are responsible for the incompetence of their leadership ? If India thinks that they can break the determination of the Pakistani people, I say on the Floor of the House that they are badly mistaken. Nothing will waver the determination of Pakistani people to maintain their freedom and their liberty. Let the Indians know it, let the friends of Yankees know it and let the whole world know it.

بیگم زاهدہ خلیق الزمان (پی - ڈبلیو ۱۵۱ - زون ۱)۔۔جناب والا ۔ پاکستان کے خلاف یہ جنگ چھ ستمبر کو شروع نہیں ہوئی ۔ بلکہ پاکستان کی جنگ اسی روز شروع ہوگئی تھی ۔ جب ہمارے دماغ میں پاکستان بنانے کا تصور آیا تھا ۔ اس وقت بھی جب کہ ہم ان کے دوش بدوش جنگ آزادی لڑ رہے تھے ۔ ہندو ہمارے حقوق کو پامال کر رہے تھے ۔ اور ہم پر طرح طرح کے مظالم ڈھانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھتے تھے ۔ اور یہ اسی کا نتیجہ تھا ۔ کہ ہم نے اپنے لئے الگ مملکت یعنی پاکستان بنایا ۔ لیکن انہوں نے کسی وقت بھی یہ نہ چاہا تھا ۔ کہ پاکستان اقتصادی لحاظ سے یا کسی اور لحاظ سے اتنا مضبوط ہو جائے ۔ کہ وہ قائم رہ سکے ۔ اور اس کا نتیجہ چھ تاریخ کو جنگ کی شکل میں رونما ہؤا ۔ ہم نے اپنی دماغی صلاحیت اور سیاسی

شعور سے پاکستان بنایا تھا ۔ اور اس وقت بنایا تھا ۔ جب کہ ہندوستان نہیں چاہتا تھا ۔ اور جس طرح ہم نے پاکستان بنایا تھا ۔ اسی طرح ہم کشمیر بھی انشاء اللہ لے کر رہیں گے ۔ پاکستان بنانا ہماری دماغی قابلیت کا نتیجہ تھا ۔ اور اب ہم نے جنگ جیت کر ان کو بتا دیا ہے ۔ کہ ہم شجاعت اور جرات میں بھی کسی سے کم نہیں ہیں ۔ ہماری فوج کے ہر نوجوان جیالے مجاہد اور غازی نے اپنی شجاعت کی دھاک نہ صرف پاکستان میں بلکہ اقوام عالم پر بٹھا دی ہے ۔ یہ سب تدبر ، ذکاوت ، شجاعت اور فراست صدر پاکستان کی رہین منت ہے ۔ خواہ کوئی زبان سے کہے یا نہ کہے لیکن دل میں ہر شخص اس بات کا قائل ہے ۔ اور اب تو میں یہ محسوس کرنے لگی ہوں ۔ کہ میں اس ایوان کے قائد حزب اختلاف کو مخالف پارٹی کے نام سے نہ پکاروں ۔ کیونکہ اب ہم سب ایک ہیں ۔ اور دوران جنگ میں جب کبھی بھی ہمیں ان کے مشورے اور تعاون کی ضرورت پڑی ہے ۔ انہوں نے بلا تامل اپنا دست تعاون ہماری طرف بڑھایا ہے ۔ یہ کوئی معجزہ نہیں ۔ بلکہ جب کبھی بھی مسلمان کو جہاد کے نام پر پکارا جاتا ہے ۔ تو وہ خواہ پاکستان کا مسلمان ہو ۔ یا ایران اور ترکی کا ۔ یہ سب یک زبان ہو کر جہاد کے نام پر لبیک کہتے ہیں ۔ آج بھی مسلمان ایک ہیں ۔ جو متحد اور مستعد ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر—ہم اب بھی ایک ہیں ۔

بیگم زاہدہ خلیق الزمان—جناب والا ۔ صدر پاکستان کی دعوت جہاد دینے کے بعد دنیائے عالم کے مسلمانوں کے دل ایک تھے ۔ ان کی دھڑکنیں ایک تھیں ۔ ان کے خون کی گردش ایک تھی اور نبض کی رفتار ایک تھی ۔ خواہ وہ مسلمان پاکستان کے ہوں ۔ خواہ ترکی کے اور خواہ ایران کے ۔ ہماری طاقت اسی اتحاد کی قوت میں مضمر ہے ۔ اور جب تک ہم میں یہ اسلامی اخوت موجود ہے ۔ مسلمانوں کو دنیا کی کوئی

طاقت نہیں مٹا سکتی ۔ جب تک ہم متحد رہیں گے ۔ اور انشاء اللہ ہماری یہ یک جہتی ہمیشہ اسی طرح برقرار رہے گی ۔ دشمن نے جس غلط فہمی کا شکار ہو کر اور اسلام کے مخالفین سے سازش کرکے پاکستان پر حملہ کیا تھا وہ دور ہوگئی اور اب ان کو معلوم ہو گیا ہے ۔ کہ جہاں ہمارے ملک کی سلامتی کا سوال پیدا ہو گا ۔ ہم سب اس کے مقابلے کے لئے یک جان ہوں گے ۔ ہمارے جو تھوڑے بہت اندرونی اختلافات ہوتے ہیں ۔ وہ بعینہ اسی طرح کے ہوتے ہیں جیسے ایک خاندان میں رہ کر ایک بھائی کو دوسرے بھائی سے کوئی چھوٹی موٹی شکایت پیدا ہو ۔ ہندوستان نے سمجھا تھا ۔ کہ پاکستان میں اضطراب ہے ۔ بیچینی ہے ۔ مگر اضطراب اور بیچینی یہاں نہیں ۔ بلکہ ان کے اپنے ملک میں ہے ۔ مدراسی کہتے ہیں ۔ کہ ہم ان کے لئے کیوں لڑیں ۔ بنگالی کہتے ہیں ۔ کہ ہم کشمیریوں کے لئے کیوں لڑیں ؟ لیکن اس کے برعکس ہم مسلمان اسلام کے نام پر ہمیشہ ہی اور حق و انصاف کے حصول کے لئے جہاد کی دعوت پر لبیک کہتے ہیں ۔ کشمیر کی جنگ انشاء اللہ ہم پھر اسی طرح جیتیں گے ۔ جس طرح ہم نے پاکستان کی جنگ جیتی تھی ۔ جب لاہور اور سیالکوٹ میں جنگ ہو رہی تھی ۔ تو کراچی کے عوام بھی اسی طرح پریشان تھے ۔ اور انہیں بھی اپنے بھائیوں کے لئے اتنا ہی دکھ تھا ۔ وہ بھی اس جہاد میں برابر شریک رہے ہمارا ہر گھر ، ہر دل اور ہر ذہن ایک محاذ جنگ بنا ہوا تھا ۔ ہر فرد و بشر اپنے فوجیوں اور جیالوں کے ساتھ تھا ۔ وہ بہادر فوجی جنہوں نے شاعروں کو نئے تخیل بخشے ۔ علامہ اقبال مرحوم کے خواب کی تعبیر وہ شاہین بچے بنے ۔ وہ شاہین بچے عقاب کی مانند دشمن کے جہازوں پر جھپٹتے تھے ۔ اور آن کی آن میں انہیں خاک میں ملا دیتے تھے ۔ ہمارے افسر بھی دن رات بڑی تندھی اور جانفشانی سے اپنے فرائض سرانجام دیتے رہے ۔ وہ بھی اس ملک کے رہنے والے ہیں ۔ انہیں علم تھا کہ اگر خدا نخواستہ

پاکستان نہ رہا ۔ تو پھر وہ کدھر جائیں گے ۔ ممکن ہے کہ بعض افسران نے کچھ غفلت بھی برتی ہو ۔ کیونکہ آخر وہ بھی انسان ہیں ۔ آپ ان سے باز پرس ضرور کریں مگر ان کے اوپر وہ الزام نہ لگائیں جس کو آپ خود بھی صحیح نہ سمجھیں اور اگرچہ آپ کے دل میں کچھ ہو ۔ لیکن زبان سے آپ کچھ اور کہیں ۔ آج صبح قائد حزب اختلاف خواجہ محمد صفدر صاحب نے ہمارے پارٹی لیڈر کے خلاف جو الزامات لگائے اور شکایت کی وہ بہت تکلیف دہ ہیں میں کبھی یقین نہیں کر سکتی کہ انہوں نے جنگی بے گھروں سے بے التفاتی برتی ہو اگر وہ وزیر نہ بھی ہوں ۔ تو بھی ہمارے لیڈر ہیں ۔ وہ جنگ خلافت میں شریک تھے ۔ وہ جنگ آزادی میں شریک تھے ۔ اور اس جنگ میں بھی شامل تھے ۔ بہرصورت جس نے جس جگہ کام کیا وہ جہاد میں شریک تھا اس لئے مہربانی سے . . . .

مسٹر سپیکر۔۔بیگم صاحبہ اب آپ اپنی تقریر ختم کریں ۔

بیگم زاہدہ خلیق الزمان۔۔بہت اچھا جناب ۔ آخر میں میں محمد خواجہ صفدر صاحب کو یقین دلاتی ہوں کہ لاہور اور سیالکوٹ کے جنگی بے گھر ہم کو جان سے زیادہ عزیز ہیں اور ہم کراچی والے ان کا دکھ درد اس لئے زیادہ سمجھ سکتے ہیں کیونکہ ہم سب خود ہندوستان کے ظلم و ستم سے مجبور ہو کر اور اسی حالت میں بے گھر ہو کر پاکستان آئے تھے ۔ ہم کو ان سے پوری ہمدردی ہے ۔ اور ہم ان کی ہر قسم کی خدمت اور اعانت کرنے کو حاضر ہیں ۔ ہماری گورنمنٹ بھی ان کو آرام اور آسائش پہنچانے کی پوری کوشش کر رہی ہے ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر سپیکر نے Leader of the House کو تقریر کرنے کے لئے کہا اور بہت سے ممبر صاحبان تقریر کرنے کے لئے کھڑے ہوئے ۔)

مسٹر سپیکر—سردار صاحب کوشش یہی تھی کہ جہاں تک اس arrangement اور آپ کے مطالبہ کا تعلق ہے اس ہاؤس کو extend کیا جائے۔ میں نے Leader of the House اور Finance Minister صاحب کی خدمت میں عرض کیا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ پہلے Leader of the House تقریر کر لیں اور پھر Finance Minister صاحب اظہار خیالات کر لیں۔ ان کے بعد جو فاضل ممبر صاحبان تقریر کرنا چاہیں کر لیں۔ (قطع کلامیاں) ۔ آرڈر۔ آرڈر۔

ایک معزز ممبر—جناب والا۔ جب وقت کا تعین کیا گیا تھا اس وقت یہ کہا گیا تھا کہ یہ سیشن ۱۰ بجے تک جاری رہے۔ اس وقت کوئی اعتراض نہ کیا گیا تھا۔

مسٹر سپیکر—یہ فیصلہ نہیں ہوا تھا کہ اجلاس ۱۰ بجے تک جاری رہے گا۔ (قطع کلامیاں)

Minister of Finance: Sir, they can sit even upto mid-night. We have to join a function. We will go there and then come back.

مسٹر سپیکر—آرڈر۔ آرڈر۔

خان عبدالستار خان مہمند—جناب سپیکر۔ ہم نے آپ سے درخواست کی تھی کہ آپ اجلاس کا وقت بڑھا دیجئے۔ آپ نے ہاؤس کی رائے لے لی تھی اور ہاؤس نے اپنی رائے دے دی تھی کہ وقت بڑھا دیا جائے۔ اگر جناب Leader of the House اور وزیر خزانہ صاحب کو کسی تقریب میں جانا ہے تو وہ تشریف لے جائیں پھر وہاں سے واپس آ جائیں۔ ممبر صاحبان تقریریں کریں اور وہ ان کا جواب دے دیں۔ اس کے بعد کارروائی ختم کر دی جائے۔ ہمیں کوئی اعتراض نہیں۔ یہ تو ایک سیدھی سی بات ہے۔

وزیر مال—جناب والا ۔ میں ابھی تقریر کئے دیتا ہوں اور وزیر خزانہ صاحب بعد میں تمام تقاریر کا جواب دے دیں ۔

مسٹر سپیکر—میرے خیال میں یہی مناسب رہے گا ۔

وزیر خزانہ—جناب والا ۔ میں جا کر تقریباً ۸ بجے واپس آ سکونگا ۔

وزیر مال—جناب ۔ تو پھر آپ آخر میں تقریر کریں ۔

وزیر خزانہ—جناب والا ۔ اگر quorum ہوا ۔ تو میں ضرور تقریر کروں گا ۔

Mr. Speaker : It is decided that the Leader of the House will address the House now and the Minister of Finance will wind up the debate.

(Voices : Yes, Sir).

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)—جناب صاحب صدر ۔ میں آغاز ہی سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ میں کبھی نکتہ چینی یا تنقید کا برا نہیں مناتا ۔ اگر کوئی اچھی بات کرے ۔ مجھے سمجھائے ۔ میری خامیاں ۔ کمزوریاں ۔ کوتاہیاں اور برائیاں مجھے بتائے ۔ تو میں اس کا ہمیشہ خیر مقدم کرتا ہوں اور خوش ہوتا ہوں ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) آپ باور کیجئے کہ میں جو کچھ کہتا ہوں ۔ اپنے دل کی گہرائیوں سے کہتا ہوں ۔ آخر ہم انسان ہیں ۔ کوئی فرشتے تو ہیں نہیں ۔ کبھی ہم یہاں ہیں اور کبھی وہاں ہیں ۔ ہمیشہ نہ ہم یہاں رہتے ہیں ۔ نہ ہی ہمیشہ ممبر رہتے ہیں ۔ ہم ہمیشہ نہ Opposition میں رہتے ہیں اور نہ ہی ہمیشہ ان سرکاری بنچوں پر بیٹھتے ہیں ۔ کبھی ممبر ہوئے کبھی نہ ہوئے ۔ کبھی وزیر بنے کبھی نہ بنے ۔ میں ان باتوں کا برا نہیں مناتا کہ ہم پر کہیں تنقید یا نکتہ چینی ہوئی ہو یا ہمیں ہماری خرابیاں بتائی گئی ہوں تو اس پر ہم ناراض ہوئے ہوں ۔ بلکہ

میں حلفیہ کہتا ہوں کہ میں اس پر بڑا خوش ہوتا ہوں (ہیئر ۔ ہیئر) لیکن جس چیز نے مجھے واقعی صدمہ پہنچایا ہے اور جس سے مجھے بہت دکھ ہوا ہے ۔ وہ یہ ہے کہ میری نیت پر حملہ کیا گیا ہے ۔ میں مانتا ہوں کہ بحیثیت وزیر مجھ میں کمزوریاں بھی ہیں ۔ میں نے کبھی دعویٰ نہیں کیا اور نہ ہی اب دعوے کرتا ہوں کہ جو کچھ ہم نے کیا ہے ۔ یہ کافی ہے ۔ میں کہتا ہوں یہ ناکافی ہے ۔ میں خود تسلیم کرتا ہوں کہ جو کچھ مصیبت زدگان اور جنگ سے متاثرہ پناہ گزینوں کے آرام و آسائش کے لئے آج تک کیا گیا ہے ۔ یہ ناکافی ہے ۔ میں اس کا اقبال جرم کرتا ہوں ۔ لیکن اگر کسی کو یہ شک ہے کہ میں عمداً سیالکوٹ ۔ لاہور یا راجستھان ۔ اعوان شریف یا کھیم کرن ۔ برکی یا واھگہ یا کسی اور سیکٹر پر نہیں گیا ۔ بلکہ عمداً کسی اور جگہ گیا ہوں ۔ کیونکہ مجھے ان لوگوں سے ہمدردی نہیں ۔ اور بنوں ۔ پشاور ۔ کوہاٹ یا کسی اور ضلع کے لوگوں سے ہمدردی ہے ۔ تو یہ قطعاً غلط ہے ۔ یہ میری نیت پر حملہ ہے اور میں نے اس کو محسوس کیا ہے ۔ مجھے بہت دکھ ہوا ہے ۔ کیونکہ اس بات کی مجھے کبھی توقع نہ تھی کہ اتنا تجربہ کار قائد حزب اختلاف جو کئی سالوں سے اور کافی عرصہ سے قائد حزب اختلاف رہ چکا ہو ۔ اور ایک تجربہ کار parliamentarian مانا گیا ہو ۔ وہ آباد کاری ۔ مصیبت زدہ عوام جن کے جنگ کی وجہ سے گھر بار برباد ہوئے ہیں ۔ ان کی تکالیف اور شکایات بیان کرتے ہوئے ۔ میری توجہ ان پر مبذول کراتے ہوئے یہ ان کے شایان شان نہ تھا کہ وہ کہتے کہ یہ لیڈر ہمارے سیالکوٹ نہیں آیا ۔ بلکہ بنوں چلا گیا ہے ۔ یہ بہت معمولی سی بات تھی ۔

بے فکر بے سبب نہیں صفدر
کچھ تو ہے جسکی پردہ داری ہے

(ہیئر ۔ ہیئر)

(اس مرحلہ پر خواجہ محمد صفدر صاحب تقریر کرنے کے لئے کھڑے ہوئے)

Mr. Speaker : Are you on a point of order ?

خواجہ محمد صفدر۔۔جناب والا ۔ میں کوئی Point of order تو پیش کرنا نہیں چاہتا ۔ صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جس بنا پر جناب وزیر مال تقریر کرنا چاہتے ہیں وہ بنا کم از کم میری نیت سے دور تھی ۔

وزیر مال۔۔جناب ۔ خواجہ صاحب کو چاہیے کہ مجھے تقریر کرنے دیں ۔ اور اس ایوان کے ارکان کو فیصلہ کرنے دیں ۔ میں اور وہ کیا فیصلہ کریں گے ۔ غالب کا شعر ہے کہ

بے خودی بے سبب نہیں غالب
کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

(ہیئر ۔ ہیئر)

یہی میں نے ایک لفظ ادھر اور ایک لفظ ادھر کرکے چسپاں کر دیا ہے ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ بھائی صفدر صاحب میں آپ کو یقین دلاتا ہوں ۔ میں پھر حلفیہ بیان کرتا ہوں کہ آپ کے سیالکوٹ کے مصیبت زدگان ۔ جنگ زدہ پناہ گزینوں اور مہاجروں کو ضرور تکلیف ہوئی ہے ۔ مجھے اس کا اتنا ہی دکھ ہوا ہے جتنا کہ آپ کو ہوا ہے ۔ ان کے لئے میں بھی وہی کوششیں کرنے کے لئے تیار

ہوں جو آپ کہتے ہیں یا آپ کر رہے ہیں ۔ یہ کتنی چھوٹی سی بات ہے ۔ اب مجھے خود برا محسوس ہوتا ہے کہ میں یہ بات کروں ۔ لیکن میں آپ کی اس چھوٹی سی بات کا جواب کیسے دوں ۔ اگر آپ اپنی شان کے شایان یا اس ایوان کے شایان شان بات کرتے تو اس صورت میں زیادہ اہم مسئلہ آبادکاری کا تھا ۔ ان پناہ گزینوں ۔ مصیبت زدہ اور جنگ زدہ لوگوں کا مسئلہ تھا ۔ یہ ایک بہت بڑا مسئلہ تھا ۔ یہ کوئی چھوٹا مسئلہ نہیں ۔ آخر آپ اس ایوان کو خطاب کر رہے ہیں ۔ اور یہ الفاظ حزب اختلاف کے قائد کی زبان سے نکل رہے ہیں ۔ یہ آپ کے شایان شان نہیں ۔ آپ مجھ سے ہزاروں دفعہ مل چکے ہیں ۔ آپ نے کئی باتیں کی ہیں ۔ آپ ازراہ عنائیت میرے دفتر بھی تشریف لائے ۔ آپ نے مجھ سے باتیں بھی کیں ۔ اگر آپ اشارتاً مجھے کہہ دیتے کہ حبیب اللہ ۔ اس کی وجہ کیا ہے ؟ آپ سیالکوٹ کیوں نہ آئے ؟ تو میں وہیں آپ کی تسلی کر دیتا اور بتا دیتا کہ میں کیا کر رہا ہوں ۔ اور اس ساری گفتگو کی ضرورت ہی نہ پڑتی ۔ برسر عام لوگوں کے سامنے یہ کہنا کہ اس میں کوئی بات تو ہے ۔ آپ کیوں سیالکوٹ نہ آئے ۔ تو کیا میں سیالکوٹ جانے سے ڈرتا ہوں ؟ کیا میں گولی ۔ بارود ۔ ٹینکوں اور ہوائی جہازوں سے ڈرتا تھا ؟ کیا لاہور بالکل محفوظ تھا اور میں بنوں جاکر پناہ گزین ہو گیا تھا ۔ صفدر صاحب ! وہ باتیں میں آپ کو کیا بتاؤں کہ میں بنوں کیوں جاتا ہوں ۔ میں کوہاٹ کیوں جاتا ہوں ۔ میں ڈیرہ اسمعیل خان کیوں جاتا ہوں ۔ میں پشاور کیوں جاتا ہوں ۔ میں قبائلی علاقوں میں کیوں جاتا ہوں ۔ یہ باتیں سمجھنے والے سمجھتے ہیں ۔ میں بنوں نہیں گیا ۔ اگر آپ کو کسی نے بتایا ہے کہ میں بنوں گیا ہوں ۔ یا میں پشاور ۔ کوہاٹ ۔ بنوں ۔ ڈیرہ اسمعیل خان یا قبائلی علاقوں میں جاتا رہا اور ان لوگوں سے ملتا

رہا ۔ اب میں آپ کو کیا کیا بتاؤں کہ میں وہاں کیوں جاتا رہا اور کیا کرتا رہا ۔ سمجھنے والے سب کچھ سمجھتے ہیں ۔

ادائے خاص سے غالب ہؤا ہے نکتہ سرا
صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کے لئے

جو جاننے والے ہیں وہ سب کچھ جانتے ہیں (ہیئر ۔ ہیئر) آپ مجھ سے یہ راز کیوں کھلواتے ہیں کہ میں وہاں کیوں گیا ۔ سنئے صفدر صاحب ! اگر آپ کو یہ خیال ہے کہ میں استقبالئے کا شوقین ہوں ۔ میں ڈنروں کا شوقین ہوں یا میں لنچوں کا شوقین ہوں ۔ میرے استقبالیئے ہوں ۔ تو آپ پشاور جا کر پوچھیں ۔ بنوں جا کر پوچھیں ۔ کوہاٹ جا کر پوچھیں ۔ ڈیرہ اسمعیل خان جا کر پوچھیں ۔ میں نے کسی کا کوئی dinner منظور نہیں کیا ۔ میں کسی dinner میں نہیں گیا ۔ میں کسی lunch میں نہیں گیا ۔ میں نے کوئی استقبالیہ نہیں لیا ۔ سوائے اپنے آدمیوں کی میٹنگ کے میں نے کچھ نہیں کیا ۔ آپ کو یہ سوچنا چاہئے تھا کہ جو شخص سیالکوٹ یعنی چالیس ۔ پچاس یا ساٹھ ستر میل تو جا نہیں سکتا ۔ اور اگر وہ چار سو میل جاتا ہے تو اس میں ضرور کچھ ہو گا ۔ اگر مجھے اعتماد میں لے لیتے ۔ چپکے سے پوچھتے ۔ اور آپ کا تو مجھ پر ویسے بھی حق ہے ۔ آپ مجھ سے علیحدہ بھی بات کر سکتے ہیں ۔ مجھے تنخواہ ملتی ہے ۔ میں یہاں خدا واسطے تو نہیں بیٹھا ہؤا ۔ اسی کام کے لئے مجھے تنخواہ ملتی ہے اور اب آباد کاری کا کام بھی میرے ذمہ ہے ۔ وہ سابقہ آباد کاری نہیں ۔ بلکہ اس جنگ زدہ لوگوں کی آباد کاری بھی اب میرے ذمے ہے ۔ اور صرف ۶ ۔ ستمبر سے ہے ۔ آپ کو حق ہے کہ آپ مجھ سے میری جواب طلبی کریں کہ قائد ایوان اور وزیر آباد کاری آپ مجھے یہ بتائیں کہ آپ سیالکوٹ کیوں نہ آئے ۔ اگر میں اس بات پر آپ کو مطمئن کر لیتا تو ٹھیک تھا ۔ اگر مطمئن نہ کرتا تو آپ adjournment motion

لا سکتے تھے ۔ مجھے گالیاں بھی دے سکتے تھے ۔ مجھے برا بھلا بھی کہتے تو میں کچھ نہ کہتا ۔ لیکن افسوس کہ مجھے اعتماد میں نہ لے کر کسی نے چپکے سے آپ کے کان میں یہ کہہ دیا کہ میں بنوں بہت جاتا رہتا ہوں ۔ کیا بنوں میں میرا کوئی کاروبار ہے ۔ کہ میں وہاں اس کی خاطر جاتا ہوں ۔ میں کاروباری نہیں ہوں ۔ اور میں نے آپ کو یہ بھی کہہ دیا ہے کہ میں نے وہاں dinner یا lunch نہیں کھائے سوائے اس کے کہ میں وہاں کے لوگوں اور قبائلیوں کو ملتا رہا ۔ اپنے علاقے کے لوگوں مسلم لیگیوں کو اور دوسرے دوستوں کو ملتا رہا ۔ مجھے آپ کے دماغ پر افسوس ہے کہ آپ یوں سمجھتے ہیں ۔ آپ صحیح بات سمجھنے کی کوشش کریں ۔ چنانچہ اس صورت میں آپ کا یہ گلہ کہ میں سیالکوٹ نہیں آیا ۔ یہ ہماری خامی ۔ کمی اور کمزوری ہے جس کو ہم سب مانتے ہیں ۔ اگر آپ کو تکلیف ہوئی ہے تو مجھے کوئی شرم نہیں ۔ میں آپ سے بھی معافی مانگتا ہوں اور آپ کے تین لاکھ مصیبت زدگان سب سے بھی معافی مانگتا ہوں ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) کہ میں نے یہ کمزوری دکھائی ہے ۔ میں نے برا کیا ہے ۔ میں نے اپنا فرض پورے طور پر ادا نہیں کیا ۔ اور پھر میں سیالکوٹ بھی نہیں گیا ۔ میں اس کے لئے معافی چاہتا ہوں اور بار بار معافی چاہتا ہوں ۔ لیکن اگر آپ کو یہ خیال ہے ۔ اگر کسی کو یہ گمانی اور شک ہے کہ اس کی کوئی اور وجہ ہے ۔ تو یہ بات غلط ہے ۔ میں یہاں ایک چھوٹی سی بات کرتا ہوں آپ اسے محسوس نہ کریں ۔ میرے سامنے ایک فہرست ہے جس کے مطابق بہت سے اصحاب نے اپنا ماہانہ الاؤنس ڈیفنس فنڈ میں دے دیا ہے ۔ آپ مجھے معاف فرمائیں ۔ اس میں آپ کا نام نہیں ہے ۔ کیا میں آپ پر شک کر سکتا ہوں ؟ کہ آپ پاکستان کے دشمن ہیں ؟ اب بتائیں ۔ آپ تو وکیل ہیں ۔ اس واقعہ سے ۶۵ - ۱۹۶۴ء کے منتخب ایوان کے ان ممبران نے ساری تنخواہ ۔ آدھی تنخواہ ۔ ⅓ تنخواہ ۔ ایک ماہ کے لئے

۱۰ ماہ کے لئے ۔ ہنگامی حالات کے اختتام تک کے لئے دفاعی چندے میں دے دی ہے ۔ اس میں آپ کا نام نہیں ہے ۔ کیا میں حق بجانب ہوں گا اگر اس سے یہ نتیجہ نکالوں کہ یہ سب آپ کے دوست تو حب‌الوطن ہیں اور آپ حب‌الوطن نہیں ہیں ۔ اس لئے کہ آپ نے چندہ نہیں دیا ہے ۔ لیکن میں ایسا کبھی نہیں سمجھ سکتا ۔ آپ کی adjournment motion میرے سامنے ہیں ۔ آپ کو یاد ہوگا کہ لاہور پر سیالکوٹ سے ایک دن پہلے حملہ ہؤا تھا ۔ (قطع کلامی) جو ۵ - ۶ ستمبر کی رات کو ہؤا تھا ۔ لیکن سیالکوٹ پر حملہ ۷ - ۸ ستمبر کی رات کو ہؤا تھا ۔ (قطع کلامی) چلئے دو دن کے بعد ہی سہی ۔ آپ adjournment motion میں کیا کہتے ہیں ۔ آپ تو Leader of the Opposition ہیں ۔

"Khawaja Muhammad Safdar to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the inadequate relief measures adopted by the Provincial Government for the amelioration of the distress of war-affected persons of Sialkot District . ..."

adjournment motion پورا ایک صفحہ ہے ۔ لیکن اس میں لاہور کا نام نہیں ہے ۔ (قطع کلامیاں) آپ جو کچھ چاہیں کہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر—آرڈر ۔ آرڈر ۔

وزیر مال—میں آپ سے کہتا ہوں کہ یہ ایک چھوٹی سی بات ہے ۔ میں اس کا جواب چھوٹی سی بات میں ہی کیوں نہ دوں ۔ سیالکوٹ کے متعلق تو میں نے کہا ہے ۔ کہ میں نے غلطی کی ہے ۔ چنانچہ میں نے معافی بھی مانگی ہے ۔ آپ سیالکوٹ کا تو راگ الاپتے ہیں ۔ اور روتے ہیں ۔ لیکن لاہور کو آپ کیوں بھول گئے مجھے آپ یہ بتائیں کہ لاہور پر کیا آپ سے دو دن پہلے حملہ نہ ہوا تھا ۔ کیا وہاں سے دو دن پہلے پناہ گزین آنے شروع نہ ہوئے تھے ۔ کیا ان پر مصیبت آپ سے چند دن پہلے نہ آئی تھی ۔ آپ پہلے پہل یہ adjournment motion لا رہے ہیں جو صرف

سیالکوٹ کے متعلق ہے ۔ لاہور کا اس میں ذکر تک نہیں ۔ پشاور کے متعلق تو میں آپ کو معاف کر دیتا ہوں ۔ آپ کوہاٹ کا بھی ذکر نہ کیجئے بنوں کا بھی ذکر نہ کیجئے ۔ سرگودھا کا بھی ذکر نہ کیجیے ۔ میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ وہ کونسی چیز تھی جو آپ کو مجبور کر رہی تھی کہ آپ سیالکوٹ میں اپنے حلقے کے مصیبت زدگان کے متعلق adjournment motion لائیں جن کے ساتھ مجھے اتنی ہی ہمدردی ہے ۔ جتنی کہ آپ کو ہے ۔ وہ تو آپ کو یاد رہے ۔ لیکن آپ لاہور کو کیوں بھول گئے ۔ آپ تو لاہور آتے جاتے ہیں ۔ اور یہ ۶۰-۷۰ میل کا فاصلہ ہی تو ہے ۔ میرا یہ ہرگز مطلب نہیں کہ میں آپ پر کوئی اعتراض کروں ۔ میں آپ کی طرح کبھی یہ نتیجہ نہیں نکالوں گا ۔ کہ آپ نے صرف سیالکوٹ کے مصیبت زدگان کی بابت adjournment motion پیش کی ہے ۔ اس لئے کہ آپ کو لاہور یا سرگودھا ۔ پشاور یا کوہاٹ ۔ لائل پور یا کسی اور جگہ کے مصیبت زدگان کے ساتھ ہمدردی نہیں ۔ میں اس سے یہ نتیجہ نہیں نکالتا کہ چونکہ آپ نے چندہ نہیں دیا یا حمزہ صاحب نے چندہ دیا ہے ۔ اور آپ نے تو ایک پیسہ بھی چندہ نہیں دیا ۔ اس لئے خدانخواستہ آپ حب الوطن نہیں ہیں ۔ اور آپ کی حب الوطنی میں شک ہے ؟ لہذا آپ اس چھوٹی سی بات سے کہ میں سیالکوٹ کیوں نہیں آیا یہ نتیجہ نہ نکالیں ۔ یاد رکھیں میں آباد کاری کا انچارج ہوں ۔ جتنے گناہ ہم نے کئے ہیں وہ سب میرے کھاتے میں لکھیئے ۔ میں قبول کرتا ہوں ۔ میں اقبال جرم کرتا ہوں ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ آپ شکایت نہ کریں ۔ جس طرح آپ کو شکایات ہیں ۔ ویسے ہونی چاہئیں ۔ میں نے ابتدا میں کہدیا تھا کہ جو کچھ ہمیں کرنا تھا یا کرنا چاہئے تھا وہ ہم اس وقت تک نہیں کر سکے ۔ کیوں ؟ اسلئے کہ جنگ لڑی جا رہی ہے ۔ اچانک ۶ تاریخ کو لاہور پر حملہ ہوتا ہے ۔ آپ کے سیالکوٹ پر ۔ راجستھان پر ۔ کھیم کرن پر ۔ برکی پر ۔ بیدیاں پر ۔ چھمب پر ۔ جوڑیاں پر اور اسی طرح کئی جگہ front کھولے جاتے ہیں ۔ لڑائی آپ کی

بھارت کے ساتھ شروع ہے ۔ کچھ ادھر دوڑے کچھ اُدھر دوڑے ۔ ہر ایک آدمی کام کرتا رہا ۔ صدر ایوب خود کام کر رہے تھے ۔ آپ کو کیا معلوم کہ وہ کیا کر رہے تھے ۔ گورنر صاحب خود کام کر رہے تھے ۔ آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ وہ کیا کر رہے تھے ۔ صبح و شام ۔ چوبیس گھنٹے وہ گورنمنٹ ہاؤس میں ٹھہرے ہوئے تھے ۔ آپ کے بہت سے دوست کہتے تھے کہ گورنر صاحب کو چاہیئے کہ وہ آپ کے لئے اور ہمارے لئے یہاں لاہور میں رہیں ۔ اگرچہ یہاں بھی بمباری ہوسکتی تھی ۔ اور گورنمنٹ ہاؤس پر بھی گولہ پڑ سکتا تھا ۔ لیکن انہوں نے کہا کہ ایسی باتیں مت کرو ۔ میں یہاں سے تب تک نہ جاؤنگا جب تک اس کا فیصلہ نہ ہو جائے ۔ میں یہیں رہونگا ۔ (تحسین و آفرین) ۔ دیکھو حبیب اللہ ۔ لوگ مجھے کہتے ہیں کہ میں یہاں سے چلا جاؤں ۔ لیکن میں یہاں اس وقت تک بیٹھا رہوں گا جب تک جنگ رہے گی ۔ میں یہاں سے ایک قدم بھی باہر کو نہ اٹھاؤں گا ۔ سوائے اس کے کہ مجھے باہر ڈیوٹی پر جانا پڑے ۔ چنانچہ وہ سیالکوٹ ۔ لاہور ۔ سرگودھا اور دوسرے مقامات پر جاتے رہے اور اب بھی جاتے ہیں ۔ جہاں کہیں بمباری ہوئی یا کوئی اور تکلیف ہوئی ۔ وہ فوراً وہاں پہنچے اور فوراً واپس آئے ۔ ورنہ یہیں ڈٹ کر بیٹھے رہے ۔ ہمیں بھی انہوں نے یہی نصیحت کی کہ یہاں بیٹھے رہو ۔ اور کام کرو ۔ چنانچہ ہم حتی الوسع یہیں رہتے تھے ۔ لیکن اگر کبھی کسی ضروری کام سے ہم باہر نکل بھی جاتے تو فوراً واپس آ جایا کرتے ۔ جیسا کہ میں نے ابھی اشارتاً عرض کیا ہے ۔ اور سمجھنے والے سمجھ گئے ہونگے ۔ کہ ہم باہر کیوں نکل جاتے تھے ۔ ان سب چیزوں کو آپ سمجھتے ہیں ۔ چنانچہ ہم یہاں اللہ کے فضل و کرم سے ڈٹے رہے ۔ ان حالات میں جب کہ ادھر بھی لڑائی تھی اور ادھر بھی لڑائی تھی ۔ کوئی کپڑے جمع کر رہا

ہے ۔ کوئی نقدی جمع کر رہا ہے ۔ کوئی چندہ مانگ رہا ہے اور کوئی چندہ دے رہا ہے ۔ کوئی فوجوں کے لئے ۔ کوئی ڈویژن کے لئے ۔ کہیں سے آٹا ۔ کہیں سے گندم ۔ کہیں سے گھی ۔ کہیں سے دال ۔ کہیں tent ۔ کہیں hut ۔ کہیں سنٹر ۔ کہیں ڈپٹی کمشنر اور کہیں کمشنر ۔ سب ادھر ادھر دوڑ رہے تھے ۔ تو ایسے ناگہانی حالات اور اچانک لڑائی میں ہوسکتا ہے کہ ہماری کوششوں میں کوئی کمزوریاں اور خامیاں رہ گئی ہوں ۔ ہم کب کہتے ہیں کہ ہم نے بالکل perfect کام کیا ہے ۔ میں اسے دہراتا ہوں کہ ہم نے perfect کام نہیں کیا ۔ لیکن آپ یقین جانیئے ۔ ہم سے جو کچھ ہوسکا ۔ ہم نے کیا ۔ اب بھی کر رہے ہیں ۔ اور آئندہ بھی کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ آپ باور کریں کہ اس میں کسی قسم کی کمی نہ ہوگی ۔ اس وقت مجھے تفصیل میں جانے کی ضرورت ہی کیا ہے ۔ اور آخر میں آپ کو تفصیل بتاؤں بھی کیوں ؟ تفصیل تو میں آپ کو بتا دیتا ۔ لیکن شاید میں غیروں کو بتانا نہ چاہوں ۔ تاکہ غیروں کو اس کا پتہ نہ چل جائے ۔ اس وقت ہمارے ہاں مہاجرین ہیں ۔ ایک لاکھ ہیں ۔ دو لاکھ ہیں یا تین لاکھ ہیں ۔ وہ تو ہیں ہی ۔ پناہ گزینوں اور مصیبت زدگان کے لئے ہم نے رضائیوں کا انتظام بھی کیا ہے ۔ ان کو کمبل بھی دیئے ہیں ۔ کپڑے بھی دیئے ہیں ۔ غلہ بھی دیا ہے ۔ صابن ۔ دال ۔ چینی وغیرہ ۔ غرض ضروریات زندگی کی سب چیزیں ان کو دی ہیں ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ہم نے ان کو جو کچھ دیا ہے ۔ پورا دیا ہے ۔ آپ کی یہ بات کسی حد تک درست ہوگی ۔ ہوسکتا ہے کہ ہم نے مکمل طور پر ان کی ضروریات کو پورا نہ کیا ہو ۔

پھر جناب یہ کہتے ہیں کہ ان کو راشن ۸ چھٹانک فی کس یومیہ دینا چاہئے ۔ اس وقت ہم ۶ چھٹانک کے حساب سے دے رہے ہیں ۔ تو میں ان کی خدمت میں عرض کر دوں کہ جو کچھ ہمارے

پاس اپنے محدود وسائل اور ذرائع سے جمع ہو سکا ہے - ہم دے رہے ہیں - ہماری اصل بات تو بھارت کے ساتھ ہے - لڑائی جیتنی ہے - اگر میری جیب میں دس روپے ہیں تو میں ۹ روپے کے کارتوس خریدوں گا - اور ایک روپیہ مہاجرین کو دوں گا - پہلے میں اپنے دشمن کا مقابلہ کروں گا - اس کے بعد اگر میرے پاس کچھ بچے گا تو میں اسے مہاجرین پر خرچ کروں گا - اور اس طرح اگر میں دس روپوں میں سے ۹ روپے بچا سکوں تو وہ میں مہاجرین اور پناہ گزینوں کو دوں گا - لیکن جب تک جنگ جاری ہے - ہمیں ایک ایک پیسہ سوچ سمجھ کر خرچ کرنا ہوگا - معزز ممبران کہتے ہیں - آج حمزہ صاحب نے بھی فرمایا اور دیگر ممبران نے بھی - کہ shooting war تو بند ہو چکی ہے - یہ درست ہے - لیکن ابھی اصل جنگ باقی ہے - وہ تو ابھی suspended ہے - یعنی معطل ہے - جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی - اول تو خدا نہ کرے اور اگر خدا کو منظور ہے اور جنگ نے آنا ہے تو ہم اس کے لئے بالکل تیار ہیں - ہم نے اس کے لئے مزید تیاری کرنا ہے - بھارت کے ساتھ ہماری جنگ ہے - international حالات بھی آپ کو بخوبی معلوم ہیں - چین کیا کر رہا ہے ؟ امریکہ کیا کر رہا ہے ؟ برطانیہ کیا کر رہا ہے ؟ روس کیا کر رہا ہے ؟ فرانس کیا کر رہا ہے ؟ اور اسی طرح دیگر ممالک کیا کر رہے ہیں ؟ کون کس کی امداد کر رہا ہے ؟ کون اعلانیہ امداد کر رہا ہے اور کون چھپ کر کر رہا ہے ؟ ملک کی اندرونی حالت کیا ہے اور بیرونی دنیا کے حالات کیا ہیں ؟ جنگ کے حالات میں ہمیں بہت سی چیزوں کے متعلق سوچنا ہے - کہیں آپ نے foreign affairs کے متعلق سوچنا ہے - کہیں آپ نے international situation کا مقابلہ کرنا ہے اور ان کے ساتھ ہی جنگ کے لئے بھی تیاری کرنا ہے - لوگوں کے morale

اور حوصلے کو بھی بلند رکھنا اور دیگر انتظامات بھی مکمل کرنا ہیں ۔ آپ نے ان پناہ گزینوں کے لئے جن کو مصیبت نے گھیر لیا ہے ۔ جن کے گھر بار لٹ گئے ہیں ۔ اور افراد خاندان شہید ہوئے ہیں ۔ جو وہاں سے آ کر مجبوراً میرے ہاں اور آپ کے ہاں ۔ کسی نہ کسی جگہ پہنچ گئے ہیں ۔ انتظام کرنا ہے ۔ اگر صرف ایک پناہ گزینوں کا معاملہ ہوتا اور اس کے علاوہ کوئی بات نہ ہوتی ۔ تو ہمیں کوئی غم اور فکر نہ ہوتا ۔ نہ بھارت کے ساتھ جنگ کا ۔ نہ cease fire کا ۔ نہ فوجوں کے واپس کرنے کا اور نہ ہی دوبارہ جنگ چھڑ جانے کا ۔ نہ ہمیں یہ خطرہ ہوتا کہ کشمیر پر پھر کچھ نہ کچھ ہونے والا ہے ۔ کیونکہ بھارت نے فیصلہ کیا ہے کہ ہم کشمیر کا ایک انچ بھی دینے کے لئے تیار نہیں ۔ اور اس کے مقابلے میں ہم نے بھی فیصلہ کیا ہے کہ کشمیر کا فیصلہ خود کشمیری لوگ کریں گے ۔ (تحسین و آفرین) اب اس کے بعد کیا آپ آرام سے بیٹھیں گے ۔ ان دو باتوں کو آپ کس طرح reconcile کر سکتے ہیں ۔ ادھر شاستری ۔ چون اور چودھری کہتے ہیں کہ ہم کشمیر کا ایک انچ علاقہ بھی نہ دیں گے ۔ ہم اس کے متعلق بات ہی نہیں کر سکتے ۔ لیکن ہم نے بھی یہ فیصلہ کیا ہے اور فیلڈ مارشل صاحب نے بھی بار بار دہرایا ہے کہ ہم نے بھی فیصلہ اور قطعی فیصلہ کیا ہے کہ بھارت اس طرح کشمیر کو ہڑپ نہ کر سکے گا ۔ اور کشمیر کا فیصلہ خود ۵۰ لاکھ کشمیری ہی کرینگے ۔ (تحسین و آفرین) ۔

پھر آپ کہتے ہیں کہ جنگ تو گزر گئی اور ہم ابھی تک بیٹھے ہیں ۔ چلو دوڑیں اور اس کام کی طرف متوجہ ہوں ۔ ان واقعات کو میں نے اس لئے دہرایا ہے کہ آپ ان تمام حالات کا جائزہ لیں ۔ اور جائزہ لینے کے بعد اس نقطۂ نظر سے ہمارے اعمال کو تولیں ۔

اور پھر انصاف کریں ۔ اور جیسا کہ خان محمد یوسف نے کہا ہے کہ قائد حزب اختلاف نے فرمایا ہے کہ ہمارے انتظامات میں یہ کمی ہے اور وہ کمی ہے ۔ ان لوگوں کو آپ یہ کم دیتے ہیں ۔ اور یہ تھوڑا دیتے ہیں ۔ یہ خراب ہے اور یہ تھوڑا ہے ۔ وغیرہ وغیرہ ۔ ان کے نقطۂ نظر سے یہ ٹھیک ہے ۔ انہوں نے یہ کہا ہے کہ چلو ہم دوسرے فریق کو بھی سن لیں ۔ وہ بھی تو وکیل ہیں ۔ آخر دوسرا فریق کیا کہتا ہے ۔ اس نے کچھ کیا ہے یا نہیں ۔ اس لئے مجھے یہ تفصیل پیش کرنے کی ضرورت پیش آئی ۔ تاکہ ایوان کے تمام اراکین خود ہی فیصلہ کریں کہ آیا ہم نے کوئی کوتاہی کی ہے یا نہیں ۔ ہم جو کچھ کر سکتے تھے ۔ ہم نے کیا ہے ۔ ہم بھارت کے ساتھ جنگ لڑنے کے لئے ایک ایک پیسہ بچاتے ہیں ۔ اور اس ضرورت کو ہم سب ضرورتوں پر فوقیت دیتے ہیں ۔ اور میں یہاں اس امر کا صاف طور پر اعلان کرتا ہوں کہ جہاں تک ممکن ہو سکا ہم ایک ایک پیسہ بچائیں گے ۔ اور اس کے بعد مہاجرین اور پناہ گزینوں کا حق ہے ۔ ہم انشاء اللہ تعالیٰ ان کی اپنے بچوں سے بھی زیادہ مدد کریں گے ۔ اور اگر ضروری ہوا تو ہم اپنے بچوں رشتہ داروں اور لواحقین کو بھوکا رکھ کر بھی ان کی مدد کریں گے ۔ لیکن بھارت کے ساتھ جنگ کے بعد ۔ سب سے پہلے ہم پناہ گزینوں اور مصیبت زدگان کی مدد امداد کریں گے ۔ اور ویسے بھی ان کی امداد کرنا ہمارا فرض ہے جسے ہم ہرطرح پورا کریں گے ۔

جناب والا ۔ اس سے زیادہ میں ایوان کا وقت لینا نہیں چاہتا ۔ آخر میں میں پورے وثوق اور ذمہ داری کے ساتھ صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ اور میں شرمندہ ہوں کہ ہم ان پناہ گزینوں کو سو فیصد آرام و آسائش نہ پہنچا سکے ۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ

اس آرام و آسائش میں ہم جتنا بھی اضافہ کر سکیں ۔ کریں ۔ آپ یہ بات یاد رکھیں اور اگر اعتبار کر سکتے ہیں ۔ تو اعتبار کریں کہ جو کچھ ہمارے بس میں ہے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہم اس میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کریں گے ۔ (تحسین و آفرین) ۔

مسٹر نثار محمد خان (پشاور ۔ ۵) (پشتو)۔۔صدر محترم ۔ آج یہ بڑی خوشی کا موقع ہے ۔ کہ پاکستان کے باحوصلہ ، جری اور بہادر جوانوں کی برکت سے ہم ایک مرتبہ پھر یہاں جمع ہیں ۔ ان جوانوں نے اس بہادری سے دشمن کا مقابلہ کیا ہے ۔ کہ انہوں نے اپنے پیشرو بزرگوں محمد بن قاسم اور خالد بن ولید کی یاد تازہ کر دی ہے ۔ ہم سب ان کے مشکور ہیں ۔ کہ انہوں نے اپنی جان پر کھیل کر اس وطن عزیز کی حفاظت کی ۔ ہم سب رب العزت سے التجا کرتے ہیں ۔ کہ وہ انہیں اس کا اجر عطا فرمائے . . .

میر یوسف علی خان مگسی۔۔جناب سپیکر ۔ ہم چاہتے ہیں کہ معزز ممبر جو کچھ کہہ رہے ہیں ۔ اسے ہم بھی سمجھیں ۔ وہ اردو جانتے ہیں اور انگریزی میں بھی تقریر کر سکتے ہیں ۔ بہتر یہ ہے کہ وہ اردو میں تقریر کریں ۔ تاکہ سب حضرات سمجھ سکیں ۔

مسٹر نثار محمد خان۔۔جناب والا ۔ میں پشتو میں بہتر تقریر کر سکتا ہوں ۔ جب اس کا ترجمہ ہو گا ۔ تو سب حضرات پڑھ لیں ۔

مسٹر سپیکر۔۔آپ اردو میں تقریر فرمائیں ۔ کیونکہ تمام ممبران آپ کی باتیں سمجھنا چاہتے ہیں ۔

خان عبدالستار خان مہمند۔۔جناب والا ۔ معزز ممبر اردو میں اچھی طرح اپنے آپ کو express نہیں کر سکتے ۔ آپ ان کو اجازت دے دیں کہ وہ پشتو میں تقریر کریں ۔

مسٹر سپیکر—صرف ان ممبران کو پشتو میں تقریر کی اجازت دی جا سکتی ہے جو اردو میں بالکل express نہ کر سکیں ۔

مسٹر نثار محمد خان—جناب والا ۔ میں کوشش کرتا ہوں کہ اردو میں کچھ عرض کروں ۔ اگر یوسف علی خان صاحب مجھے پشتو میں تقریر کرنے کی اجازت دیتے تو زیادہ بہتر ہوتا ۔ بہر حال جو کچھ میں نے عرض کیا ہے وہ یہ تھا کہ ہمارے جوانوں اور ہماری بہادر فوجوں نے جو کام کیا ہے ۔ آج محمد بن قاسم اور خالد بن ولید کی روحیں ان کے کارناموں پر ناز کر رہی ہیں ۔ اگرچہ جنگ کوئی اچھی چیز تو نہیں تاہم اس موقع پر جنگ پاکستان کے لئے نہایت مفید ثابت ہوئی ہے ۔ خدا کے فضل سے آج ہم ایک ہیں ۔ اور یہ ہندوؤں کے حملے کی برکت تھی کہ آج ہم ایک ہو گئے ہیں ۔ ہمیں یہ جیت اس لئے ہوئی ہے کہ ہمارا لڑنا حق کے لئے تھا ۔ اگر ہمارے بزرگوں کی جیت ہوئی تھی تو وہ بھی اس بات کا نتیجہ تھی کہ وہ حق کے لئے لڑتے تھے ۔ میرا یہ ایمان ہے ۔ کہ اگر ہم اسی طرح حق کے لئے لڑیں گے تو کامیابی ہمیشہ ہمارے ساتھ رہے گی ۔ خدا ہمارے ساتھ وعدہ کرتا ہے کہ جو کچھ ہمارے سامنے آئے ہم اسے اچھا ہی سمجھیں ۔ اسی میں خیر و برکت ہوگی ۔ درحقیقت خیر و شر تو اس خداوند پاک کے ہاتھ میں ہے وہی بہتر جانتا ہے ۔ اس لئے یہ ہمارا کام ہے کہ جو کچھ ہمارے سامنے آئے ہم اسے بخوشی قبول کر لیں ۔ اور اس میں صرف اس بات کا خیال رکھیں کہ ہماری تمام جد و جہد صرف حق کے لئے ہو ۔ میں صدر ایوب ۔ گورنر صاحب اور ان کی کابینہ کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے جنگ کے دوران جو کام کیا ہے ۔ وہ قابل تعریف ہے ۔ اور جو کچھ حبیب اللہ خان صاحب نے فرمایا ہے ۔ وہ بالکل ٹھیک ہے ۔ وہ واقعی مبارکباد کے مستحق ہیں ۔ خدا کرے وہ ہمیشہ

قوم کی بہتری کا خیال رکھیں اور ہمارے دوسرے لیڈر بھی اس کی طرف توجہ دیں ۔ وہ ہمیں اور لیڈر دیں ۔ تاکہ ہم سب مل کر مصیبتوں کا بر وقت مقابلہ کر سکیں ۔ حبیب اللہ خان کی طرف سے ہمارے قائد صاحب پر جو نکتہ چینی ہوئی ہے ۔ اس سے ہمیں رنج ضرور ہؤا ہے ۔ پشتو میں ایک مثال ہے ۔

"کوتک د یار د پارہ حق خبر د خدا د پارہ"

اگر ہمارے قائد کو ڈنڈے کی ضرورت ہو تو ہم اس کے لئے ضرور ڈنڈا چلائیں گے لیکن یہاں خدا کے واسطے حق کی بات کریں گے ۔

حبیب اللہ خان صاحب جہاں پشاور ۔ ڈیرہ ۔ کوہاٹ اور بنوں تشریف لے گئے ۔ وہاں وہ ہم سے بھی ملے ۔ دراصل ان کی خواہش یہ تھی کہ پشاور اور دیگر علاقوں میں جہاں آپوزیشن زیادہ مضبوط ہے ۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ آپوزیشن والوں کو کوئی موقع مل جائے اور وہ اس موقع سے کوئی ناجائز فائدہ اٹھالیں ۔ مگر ان کی کوششوں کی وجہ سے ہم ایک رہے ۔ ویسے یہ ہماری اپنی بھی خواہش تھی اور اس کے ساتھ ہی انہوں نے بھی اس کے لئے کچھ کام کیا ۔ لہذا ہم حبیب اللہ خان صاحب کے مشکور ہیں ۔ کہ وہ وہاں آئے ۔ اور یہ بھی اچھا ہی ہؤا ۔ کہ آپوزیشن پارٹی کے متعلق جو یہ اعتراضات تھے کہ ہم آپوزیشن والے ملک اور قوم کے دشمن ہیں ۔ اب ثابت ہو گیا ہے کہ آپوزیشن ملک اور قوم کی دشمن نہیں ہے ۔ ہم آپوزیشن والے حکومت پر وہاں اعتراض کریں گے جہاں ہمیں یہ معلوم ہو یا جہاں ہمیں یہ نظر آئے کہ جو کچھ حکومت کر رہی ہے یا کرنا چاہتی ہے وہ ملک اور قوم کی بہتری کے لئے نہیں ۔

جناب والا ۔ جہاں تک ہنگامی حالات کا تعلق ہے اس کے دوران یہاں جو کچھ ہؤا ہے ۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ ہمارا حکومت کے ساتھ مکمل طور پر تعاون رہا ہے اور آئندہ بھی رہے گا ۔ اس جنگ کے مسئلہ کے علاوہ جناب والا ۔ ہمارے اپنے علاقے کے اور کئی مسائل اور کئی باتیں ہیں ۔ مثلاً ایک بات تو گنے کے متعلق ہے ۔ چار سدہ شوگر ملز ۔ مردان پریمئر شوگر ملز ۔ تخت بھائی فرنٹیر شوگر ملز ۔ میں گنے کا نرخ پونے دو ۔ دو اور سوا دو روپے من مقرر ہے ۔ دراصل گنے کا نرخ اس کی قسم پر منحصر ہے ۔ ویسے اوسطاً یہ دو روپیہ من ہے ۔ اب بنوں میں بھی ایک Mill بن گئی ہے جس کے لئے گنا چار سدہ ۔ پشاور مردان سے مہیا ہوتا ہے ۔ بنوں کی Mill کے لئے گنا کرائے سمیت ۶ ۔ ۳ روپے فی من کے حساب سے پڑتا ہے ۔ لہذا اگر بنوں کی Sugar Mill کو اس میں نفع ہے تو وہ ۶ ۔ ۳ روپے فی من کے حساب سے گنا لے کر مل چلائیں ۔ ہمارا مطالبہ یہ ہے کہ ہماری جو ملیں ہیں وہ زمینداروں کو مقرر کی ہوئی قیمت کیوں ادا نہ کریں ۔ تاکہ کوئی یہ نہ سمجھے کہ ہم مل والوں کے ساتھ تعاون نہیں کرتے ۔ ہم تو حصہ دار ہیں بلکہ میں خود چارسدہ شوگر ملز کا ڈائرکٹر بھی ہوں ۔ ہمارے ہاں زیادہ تر زمیندار طبقہ ہے ۔ ان کا ہم پر حق ہے کہ ہم ان کی آواز کو یہاں تک پہنچائیں ۔

اس کے علاوہ میں یہ عرض کروں گا کہ گنے سے آپ جو ٹیکس یعنی Sugar-can cess وصول کرتے ہیں اس سے آپ کہتے تھے کہ سڑکیں بنائی جائیں گی ۔ لیکن ابھی تک جو روپیہ جمع ہؤا ہے ۔ وہ اسی طرح پڑا ہے ۔ اس سے نہ تو کوئی سڑک بنی ہے اور نہ ہی وہ روپیہ کسی اور کام پر لگایا گیا ہے ۔ لہذا ہم حکومت سے درخواست کرتے ہیں ۔ کہ وہ اس رقم کو جلد از جلد سڑکوں پر صرف کرے ۔

اسی طرح آپ تمباکو کے لئے ویسا ہی ایکٹ بنائیں جیسا آپ نے گنے کے لئے بنایا ہے ۔ تاکہ growers کے حقوق کا تحفظ کر سکیں ۔

کھاد کی تقسیم کا جو طریقہ حکومت نے اختیار کیا ہؤا ہے وہ نہایت مفید ثابت ہؤا ہے ۔ لیکن کھاد کی مقدار کم ہے ۔ اس کی طرف بھی آپ توجہ کریں تاکہ یہ زیادہ سے زیادہ مہیا کی جا سکے ۔

میاں سیف اللہ خاں (کراچی-۴)—جناب سپیکر ۔ وزیر خزانہ نے جو Supplementary Budget پیش کیا ہے ۔ اس میں نہ تو کوئی نیا ٹیکس لگایا گیا ہے ۔ اور نہ ہی موجودہ کسی ٹیکس میں اضافہ کیا گیا ہے ۔ یہ نہایت قابل تعریف بات ہے ۔ اس وقت قوم کا ہر فرد ہر قسم کی قربانی دینے کے لئے تیار ہے ۔ اگر وزیر خزانہ صاحب کوئی مزید ٹیکس لگاتے یا موجودہ ٹیکسوں میں اضافہ کرتے تو قوم اسے خوشی سے قبول کرتی ۔

۶ ستمبر کا دن پاکستان کی تاریخ میں ایک خاص اہمیت کا حامل ہے ۔ یہ وہ دن ہے جبکہ بھارت نے پاکستان کی پاک سرزمین پر ایک بزدلانہ حملہ کیا ۔ اس نے یہ حملہ بغیر جنگ declare کئے ہوئے کیا ۔ اور اچانک کیا ۔ اس اچانک حملے سے وہ یقیناً فائدہ اٹھا سکتا تھا ۔ لیکن ہماری فوجوں نے جس طرح اس پر جوابی حملہ کرکے اس کے حملہ کو روکا ۔ وہ قابل تعریف ہے ۔ اور نہ صرف قابل تعریف ہے ۔ بلکہ اس کے لئے جتنا بھی کہا جائے کم ہے ۔ اللہ تعالیٰ نے ہماری فوجوں کو جو جذبہ دیا ۔ اس کے لئے ہم اس کے بہت شکرگزار ہیں ۔ اور ہم مزید اللہ تعالیٰ کے شکرگزار ہیں کہ اس نے ہمیں فیلڈ مارشل محمد ایوب خاں اور گورنر ملک امیر محمد خاں ایسے رہنما اور جنرل محمد موسیٰ ایسے فوجی لیڈر دیئے ہیں ۔ ہندوستان کے پاس ہم سے ۵ گنا زیادہ فوج ۔ ٹینک اور اسلحہ جات ہیں ، مگر اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ہمارے پاس کلمہ ۔

ہمارے دلوں میں رسول کریم کی محبت اور نعرہ تکبیر ہے ۔ اگرچہ تاریخ اسلام ہمیں بتاتی ہے کہ ایک مسلمان ۱۰ کافروں کے لئے کافی ہے ۔ تاہم ہمیں پوری تیاریاں کرنی چاہئیں ۔ کیونکہ ہمارا دشمن نہائت مکار ہے چنانچہ ہمیں ہر قسم کی قربانی دینا ہوگی ۔ چونکہ ہندوستان اپنی فوجیں بڑھا رہا ہے، اس لئے میں اپنی حکومت سے درخواست کروں گا کہ وہ مرکزی حکومت سے یہ سفارش کرے اور generally ۴۰ سال تک کی عمر کا ہر شخص کم سے کم ایک سال فوجی ٹریننگ لے اور ہر عورت نرسنگ اور ضروری دفاع کا کام سیکھے ۔ اور یہ اس لئے کہ ہمارا ملک ایک غریب ملک ہے جو یہ برداشت نہیں کرسکتا کہ ہم بڑی فوج رکھ سکیں۔ لیکن اگر ہر شخص فوجی ہو تو اس طرح وقت پر ایک بڑی فوج تیار ہو سکتی ہے ۔

جناب والا ۔ میں اس وقت خاص طور پر ریلوے کے محکمہ کی تعریف کرنا اور اس کو مبارکباد دینا چاہتا ہوں ۔ جنگ کے دوران اس محکمہ نے جو کام کیا ہے ۔ وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ۔ لیکن یہ قابل تعریف بات ہے ۔ کہ جون سے لیکر نومبر تک ریلوے کے محکمہ نے ۳۱۵۰۰ ویگن زیادہ load کئے ۔ کراچی کے لوگ بھی جنگ کے دوران کسی سے پیچھے نہیں رہے ۔ ۔ انہوں نے ہر قسم کی قربانیاں دی ہیں ۔ انہوں نے ڈیفنس فنڈ میں دل کھول کر چندہ دیا ہے۔ لہذا میں کراچی کے باشندوں کی طرف سے آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ وہ آئندہ بھی ہر قسم کی قربانی دینے سے کسی سے پیچھے نہ رہیں گے ۔

جہاں تک مہاجرین کا تعلق ہے یہ بات دیکھنے میں آئی ہے کہ بعض مہاجرین جنکی جان پہچان شہروں میں تھی ۔ وہ وہاں چلے گئے ۔ ان میں سے بہت سے کراچی بھی آئے۔ اور اسی طرح کافی تعداد میں کوئٹہ بھی گئے ہیں ۔ تو بجائے اس کے کہ ان کو کیمپوں میں رکھا جائے کیا یہ اچھا نہ ہوگا۔ کہ ان مہاجرین کے لئے جن کی واقفیت شہروں میں ہے اور وہ اپنے

کاروبار یا مزدوری کے لئے وہاں گئے ہیں ۔ وہاں کی مقامی حکومت کو یہ ہدایت کی جائے کہ ان کو وہیں آباد کر دیا جائے ۔ صرف identity کا سوال پیدا ہوتا ہے تو ان کو identity کارڈ دئے جائیں اور مقامی حکام کو ہر جگہ اور ہر شہر میں یہ حکم کر دیا جائے کہ ان مہاجرین کی جو اپنے کاروبار اور مزدوری کے لئے وہاں گئے ہیں پوری طرح امداد کی جائے میں جناب وزیر صاحب سے درخواست کروں گا کہ وہ اس پر غور فرمائیں ۔

پچھلے سال حکومت نے لیاری کے باشندوں سے ایک وعدہ کیا تھا اور وہ وعدہ یہ تھا کہ لیاری کے باشندے جو وہاں رہتے ہیں انکے کے ۔ ایم ۔ سی اور کے ۔ ڈی ۔ اے کے درمیان ایک leasedeed تیار کی جائے گی ۔ اور وہ جہاں رہتے ہیں ان کو اسی جگہ کے حقوق دیئے جائیں گے ۔ لیکن ابھی تک آگرہ تاج کالونی اور بہار کالونی کے لوگ صرف اس level پر آئے ہیں جن کی ایم ۔ سی نے leasedeed تیار کرکے کے ۔ ڈی ۔ اے کو دے دئے ہیں ۔ لیکن لیاری کے علاقہ میں میوہ شاہ میرا ناکا ۔ کاری ۔ سندھی لین اور چاکی واڑہ کے لئے بھی درخواست کروں گا کہ جلد سے جلد پلان تیار کرکے کے ۔ ڈی ۔ اے کے سپرد کیا جائے تاکہ وہ اس کی approval دیدے ۔

جہاں تک کوئٹہ قلات ڈویژن کا تعلق ہے ۔ میں سمجھتا ہوں اور اس ایوان کو بھی معلوم ہے کہ کوئٹہ قلات ڈویژن ایک پسماندہ علاقہ ہے ۔ وہاں پر پروفیسروں کی بہت کمی ہے وہاں پر جو director of education اس کو پہلے یہ اختیار تھا کہ جب پروفیسر نہ ملیں تو وہ lecturers مقرر کر دئے ۔ لیکن اب معلوم ہوا ہے کہ یہ اختیار حکومت نے واپس لے لیا ہے اور کئی lecturers کو نوٹس دے دیا گیا ہے کہ وہ اپنی نوکری کا بندوبست کر لیں ۔ اس وقت کوئٹہ قلات ڈویژن میں جو کالج ہیں ، وہاں ایسی صورت میں پڑھانے

کے لئے lecturers ملیں گے اور نہ ہی پروفیسر ملیں گے ۔ لہذا میں حکومت سے درخواست کرتا ہوں کہ وہاں کے director of education کو دوبارہ یہ اختیار دیا جائے کہ جب پروفیسر نہ ملیں تو وہ لکچرار مقرر کر لیں ۔

خان محمد انور علی خان بلوچ (لائلپور - ۱)۔جناب سپیکر ۔ میں جناب شیخ صاحب Finance Minister کو ان کے اس ضمنی بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے عوام کی ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر۔مجھے امید ہے کہ جو فاضل ممبران تقریریں کر چکے ہیں وہ باہر تشریف لے جا کر اس ایوان کا کورم نہ توڑیں گے ۔

خان محمد انور علی خان بلوچ۔دھڑکن کو محسوس کیا ہے ۔ انہوں نے سنجیدگی سے اس امر اور اس تکلیف کو محسوس کیا ۔ قوم پر پورا اعتماد کیا اور یہ محسوس کرتے ہوئے کہ جس قدر رقم کی ضرورت ہوگی ، قوم سے مل جائے گی ، نئے ٹیکس عائد نہیں کئے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر نئے ٹیکس لگتے تو یقیناً عوام کی دل شکنی ہوتی

اس کے علاوہ جناب والا ۔ اس ایوان میں ہمارے بہت سے دوستوں نے تقریریں کی ہیں ۔ چنانچہ اب اس موضوع پر بہت بحث ہو چکی ہے کہ ہمارے ہاں آنے والے جو مہاجر بھائی ہیں ان کی آبادکاری کے مسئلہ کو کسی نہ کسی طرح جلد حل کیا جائے ۔ اس کے متعلق میں صرف یہ ضرور عرض کروں گا کہ وہ اس سلسلے میں یہ بات نہ بھولیں کہ جس وقت partition ہوا تھا اور ہمارے ہاں بہت سے لوگ مہاجر ہو کر آئے تھے تو ان کی آبادکاری کے مسئلے کا حل کوئی سہل کام نہ تھا اس میں کافی وقت لگا اور آج بھی اس کے متعلق کچھ مسائل ایسے ہیں اور اس قدر الجھے ہوئے ہیں جو پوری طرح

حل نہیں ہو سکے ۔ ویسے تو جس وقت یہ آبادکاری کا مسئلہ شروع ہوا تھا تو اس وقت ہمارے پاس سکھوں اور ہندوؤں کی وہ املاک تھیں جو وہ ہمارے ہاں چھوڑ گئے تھے ۔ چنانچہ ہم نے آنے والوں کو گھر دئے زمینداروں کو زمینیں دیں ۔ اور ان کے ساتھ ہی ساتھ جن لوگوں کو ہم قطعی طور پر نہ بسا سکتے تھے ان کو کیمپوں میں رکھا ۔ اور وہاں ان کی روٹی اور بستر کا انتظام کیا ۔ آج بھی اسی قسم کے مسائل ہمارے سامنے ہیں ۔ اگر ہم تنگ نظری سے نہ دیکھیں ۔ بلکہ فراخدلی سے دیکھیں تو ہمیں نظر آئے گا کہ ہمارے پاس انہیں فوری طور پر آباد کرنے کے لئے اب وہ زمینیں نہیں ۔ ہمارا پانی ہندو نے بند کر دیا ہے اور ہمارے وسائل کم کرنے کے لئے وہ اپنے تمام تر ذرائع بروئے کار لانے کی کوشش کر رہا ہے ۔ وہ اپنی قوم کو بار بار پکار پکار کر کہہ رہا ہے کہ پاکستان کو نیست و نابود کر دو ۔ اس لئے ایک طرف تو ہم یہ سوچنے پر مجبور ہوتے ہیں کہ ہمیں دفاعی فنڈ کی ضرورت ہے ۔ ہمیں دفاع کی ضرورت ہے ۔ اور دوسری طرف ہم یہ سوچتے ہیں کہ ہم نے اپنے مہاجر بھائیوں کو بسانا ہے ۔ ان حالات میں ہم پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ ان کو فوری طور پر زمین کیوں نہیں دی گئی ۔ ہم یہ نہیں چاہتے کہ ان کی آبادکاری نہ کریں ۔ ہم تو ان کو سکھی دیکھنا چاہتے ہیں ۔ ہم ان کی تکلیف سے اتنے ہی آزردہ ہیں ، اتنے ہی پریشان ہیں جتنا کہ سارا ملک ۔ حقیقت یہ ہے کہ ان کی اس افسردگی کو اور اس پریشانی کو نہ صرف یہ کہ ہمارے افسر محسوس کرتے ہیں بلکہ ہماری ساری قوم کو اس بات کا احساس ہے ۔ بچے اور بوڑھے دونوں کو احساس ہے ۔

اس کے ساتھ ساتھ جناب سپیکر ۔ ان حالات میں جن کا اس وقت ہمارا ملک سامنا کر رہا ہے ، ہمارے ملک کو کچھ دشواریاں

درپیش ہیں ۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہم سب سے پہلے اپنے ملک کا دفاع کریں اور اس کے ساتھ ساتھ ہم اپنے مہاجر بھائیوں کو بھی آباد کرنے کی کوشش کریں ۔ جناب سپیکر ۔ میرے دوست مولانا صاحب نے صبح ایک بات کہی تھی ۔ میں اسے بڑی شدت سے محسوس کر رہا ہوں اور قوم کا ایک فرد ہوتے ہوئے مجھ پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ بات جسے میں شدت سے محسوس کرتا ہوں ۔ آپ کے سامنے پیش کروں ۔ اور وہ یہ ہے کہ اس قوم پر جس نے بہت مدت دوسری قوموں پر حکمرانی کی ۔ زوال اس وقت آیا جب وہ اپنی روایات کو چھوڑ گئی ۔ جس دن ۶ ۔ ستمبر کو ہمارے صدر صاحب نے کلمۂ پاک پڑھ کر مسلمانوں کو کہا کہ وہ جذبہ جہاد لے کر اٹھیں تو وہ اس جذبۂ جہاد کے تحت اس طرح سامنے آئے جس کی مثال دنیا بھر میں کہیں نہیں ملتی ۔ اتنی تھوڑی سی فوج نے ان کا اس طرح سے مقابلہ کیا کہ میرے خیال میں اگر کل کو لکھنے والے یہ لکھنے کی کوشش بھی کریں تو ان کے پاس وہ الفاظ نہ ہوں گے جن سے وہ ان کو سراہیں ۔ اور جن میں وہ ان کی تعریف کریں ۔ لیکن پھر بھی ہمارا ضابطہ حیات اسلام ہے ۔ لہذا ہمارے لئے اس ضابطہ حیات کو پوری طرح اپنانا از بس ضروری ہے ۔

جناب سپیکر ۔ جس وقت partition ہوئی تو اس وقت ہمارے ارباب اختیار کو چاہئیے تھا کہ وہ ہماری زبان کو تبدیل کرتے ۔ انہوں نے اس وقت محسوس نہ کیا ۔ چنانچہ آج ہماری نئی پود یعنی generation اس حالت میں ہے ، جیسا کہ ابھی ہماری ایک محترمہ بیگم صاحبہ نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ ہم یہاں دو طبقے محسوس کرتے ہیں یعنی اس مخلوق کو دو طبقوں میں منقسم محسوس کرتے ہیں ۔ دراصل یہ ایک طرح کی مغربیت تھی جس نے ہمیں اپنے موقف

سے ہٹا دیا اور اپنی ثقافت سے دور کر دیا ۔ اگر ہمیں پہلے دن سے یہ احساس ہوتا کہ ہم نے مغربیت کو دور کرنا ہے تو ہم اپنی زبان کو فروغ دیتے ۔

جناب سپیکر ۔ اس وقت ہمارے اس ہاؤس میں کئی قسم کے نوجوان اور کئی بھائی علیحدہ علیحدہ لباس میں بیٹھے ہیں ۔ ہماری قوم کا ایک لباس نہیں ۔ اگر ہماری قوم اس بات پر زور دے کہ ہم ایک ہی قسم کا لباس پہنیں گے تو کیا ہی اچھا ہو ۔ اگر ہم ایک اچکن یا بند گلے کا کوٹ بنوا لیں اور اس کے نیچے پینٹ ہو جائے تو اس سے انسان کی smartness بھی قائم رہتی ہے اور آدمی کی personality اور grace بھی قائم رہتی ہے ۔ ہمارا لباس ایک ہی قسم کا ہونا چاہئے ۔ ہماری ایک زبان ہو ۔ ہمارے اصول اسلامیات پر مبنی ہوں تاکہ ہمارے ذہن پر اس وقت جو مغربیت چھائی ہوئی ہے وہ تو کم از کم دور ہو اور ہماری آنے والی نسلیں یہ محسوس کریں کہ وہ مسلمان ہیں اور ہمارا نظریہ حیات بھی یہی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ اس کے ساتھ ساتھ اگر جناب مجھے زیادہ وقت دیتے تو میں بہت کچھ عرض کرتا ۔ لیکن چونکہ جناب نے حکم دیا ہے ۔ اس لئے میں چند الفاظ اور کہہ کر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔ کسی وقت پھر اپنے جذبات پیش کروں گا ۔ ویسے میں کہنا تو بہت کچھ چاہتا تھا لیکن چونکہ آپ نے اجازت نہیں دی اس لئے چند الفاظ اور کہہ کر اپنی تقریر ختم کر دیتا ہوں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ۔ جناب سپیکر ۔ اگر آپ ان کو کچھ وقت اور دے دیں تو بہتر ہوگا ۔

مسٹر سپیکر۔حاجی صاحب اس طرح شائد آپ کو وقت نہ مل سکے ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ۔جناب ۔ میں قائد ایوان سے عرض کرتا ہوں کہ وہ ایک دو دن اور بڑھا دیں ۔

خان محمد انور علی خان بلوچ۔جناب سپیکر ۔ میں پہلے ان دوستوں اور ان فوجیوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے اس ملک کی آن پر اپنی جانیں نچھاور کیں اور اس طرح جذبۂ جہاد کو قائم رکھتے ہوئے دنیا کو دکھا دیا کہ قوم مٹ جاتی ہے لیکن اپنے ملک پر آنچ نہیں آنے دیتی ۔

اس کے ساتھ ساتھ میں ان صحافیوں کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے اپنی قوم کے جذبات کو قائم رکھنے کی ہمیشہ تلقین کی اور میں ان افسران کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے رات دن کام کیا ۔ جناب سپیکر ۔ ویسے تو میں بھی رات دن اپنے افسروں کے ساتھ کام کرتا رہا ہوں ۔ چنانچہ ایسا بھی ہوتا رہا کہ ہم سو گئے لیکن ہمارے افسر نہیں سوئے ۔ جہاں جہاں بھی کسی کی ڈیوٹی تھی ۔ سب اپنی اپنی ڈیوٹی دیتے رہے ۔ ہم نے کبھی نہ دیکھا کہ کسی نے اپنے کام میں غفلت کی ہو ۔ اس دوران ہم نے بھی ان سے کوئی ناجائز کام نہیں کہا ۔ لیکن مسلمان حق کی بات کہتے ہوئے کبھی نہیں جھجکتا ۔ جناب سپیکر ۔ ہر قوم میں کچھ نہ کچھ خامیاں ہوتی ہیں ۔ ہر فرد میں کوئی نہ کوئی خامی ہوتی ہے ۔ اگر غور سے دیکھا جائے تو شروع ہی سے حضرت آدم علیہ اسلام نے بھی کچھ غلطی کی تھی ۔ چنانچہ ایک فرد بھی قوم کو بنا دیتا ہے ۔ قومیں فرد کو نہیں بناتا

کرتیں ۔ بلکہ افراد قومیں بنایا کرتے ھیں ۔ جیسے ھماری قوم نے اپنے آپ کو ثابت کیا ھے ۔ اگر ھمارے افسر بھی تھوڑا سا اثر لیتے ، تھوڑی سی قربانی کرتے ۔ اپنے فرض کو محسوس کرتے اور اپنا کام دلدھی سے کرتے ۔ تو بہت سی مشکلات دور ھو جاتیں ۔

جناب والا ۔ ھمارے ھاؤس میں جو ریزولیوشن آرھا ھے ۔ جس کے ذریعے آپ سزائیں بڑھا رھے ھیں ۔ جناب سپیکر ۔ سزائیں بڑھانے کی کوئی ضرورت نہیں ۔ ھماری ایمانی قوت میں مضبوطی ھونی چاھئیے ۔ ھمارا ارادہ مصمم ھونا چاھئیے ۔ اور ھمارا کیریکٹر بلند ھونا چاھئیے ۔ دراصل ھماری تعلیم ھی غلط ھے ۔

Mr. Speaker : Please resume your seat now.

دیوان سید غلام عباس بخاری (ملتان ۔ ۷)۔۔جناب سپیکر ۔ موجودہ ضمنی بجٹ میں ھمارے وزیر خزانہ نے کوئی نیا ٹیکس عائد نہیں کیا اور نہ ھی سابقہ ٹیکسوں میں اضافہ کیا ھے ۔ انہوں نے ۱۰ کروڑ ۲۹ لاکھ روپے کے یہ ھنگامی اخراجات سابقہ اخراجات میں تخفیف کرتے ھوئے پیدا کر لئے ھیں جس کے لئے میں انہیں مبارک باد پیش کرتا ھوں ۔ دوسرے معنوں میں وزیر خزانہ صاحب نے یہ تسلیم کرلیا ھے کہ یہ قوم ان ھنگامی حالات میں وقت کی اھمیت کو سمجھتی ھے اور جو قوم اپنی جانیں قربان کرنے کے لئے تیار ھو اس کے لئے ٹیکس کا سہارا لینا مناسب اور جائز نہیں ۔ ایسی قوم کے لئے ھر قسم کی مالی قربانی ایک ادنیٰ کرشمہ ھے ۔

جناب والا ۔ ایسے موقع پر ذھن میں ایک ھی سوال ابھرتا ھے ۔ اور وہ یہ ھے ۔ کہ ھم نے ملت اسلامیہ ۔ کو اپنی عصمت ۔ اپنی آن اپنی قوم اور اپنے ملک کو ایک مکار ۔ تعداد اور اسلحہ میں

زیادہ دشمن سے کیسے محفوظ رکھنا ہے ۔ ایسے موقع پر جیسا کہ ہم نے سترہ دن اس کا مقابلہ کرکے یہ دیکھا ہے ۔ کہ کون سے ممالک ہمارے دوست ہیں ۔ کون سے ممالک ہمارے دشمن ہیں ۔ کون سے ممالک ہمارے ساتھ کدورت رکھتے ہیں اور کون سے ایسے ممالک ہیں ۔ جنہوں نے بہت سے وعدے وعید کئے مگر وقت آنے پر وہ سرد مہری کا ثبوت دے رہے ہیں ۔ اس وقت میں اسے اپنا فرض اولین سمجھتا ہوں کہ اس معزز ایوان اور اس کے جملہ ممبران کے جذبات ان دوست ممالک تک پہنچائے جائیں جنہوں نے اس آڑے وقت میں ہماری قوم اور ہماری ملت کے ساتھ ہر طرح سے ہمدردی اور تعاون کیا ۔ مثلاً انڈونیشیا ۔ چین ۔ ایران ۔ ترکی ۔ سعودی عرب اردن اور اسی طرح کے دیگر ممالک ۔ ہم سب ممبران آپ کی وساطت سے ان دوست ممالک کا شکریہ بھی ادا کرتے ہیں اور ہماری پوری قوم و ملت ان کی شکرگذار ہے ۔

جناب والا ۔ اس کے بعد ہم نے یہ دیکھا ہے کہ اس ملک کے ہر بچے ہر جوان اور ہر خاتون نے خواہ وہ شہر میں ہے یا دیہات میں ۔ خواہ وہ افسر ہے یا عوام میں سے ہے ۔ غریب ہے یا امیر ۔ ملک کی خدمت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے ۔ ہم سب ممبران عوام کے نمائندے ہونے کی حیثیت سے ان سب لوگوں ۔ انجمنوں ، خواہ وہ طلبا کی ہوں یا خواتین کی ۔ شہر کی ہوں یا دیہات کی ۔ کے شکر گذار ہیں کہ انہوں نے ہنگامی حالات میں ایک فرد کی حیثیت سے کام کیا ہے ۔ اور جان و مال غرض کسی چیز کی قربانی دینے سے بھی گریز نہیں کیا ۔

جناب والا ۔ جس وقت قائد ایوان نے قرار داد تحسین افواج پیش کی تھی ۔ میں اس وقت لاہور میں اور اسی طرح اس ایوان میں موجود نہ تھا ۔ لہذا میں اپنا فرض اولین سمجھتا ہوں کہ میں اپنے جذبات اس قرار داد کے حق میں پیش کروں ۔ حقیقت یہ ہے کہ جس طرح ہمارے

جوانوں نے اپنی زندگی کو اس اہم کارنامہ کے لئے پیش کیا اور جہاد میں شرکت کرتے ہوئے جس طرح وہ اپنی قوم پر نثار ہوئے ہیں ۔ میرے پاس الفاظ نہیں کہ میں ان کے جذبے کو بیان کر سکوں ۔ اس کی مثال صرف قرون اولیٰ سے ہی مل سکتی ہے ۔ موجودہ دور سے نہیں مل سکتی ۔

اس کے بعد جناب والا ۔ معزز ممبران نے پناہ لینے والے دوستوں اور مہاجرین کے لئے جن جذبات کا اظہار کیا ہے ۔ میں پورے طور پر ان کی تائید کرتا ہوں ۔ چنانچہ ان کے لئے میں اب آپ کا مزید وقت لینا مناسب نہیں سمجھتا ۔

جناب والا ۔ ہماری قوم کو ابھی تک خطرے کا سامنا ہے ۔ چنانچہ اس وقت یہ ایک اہم ضرورت ہے کہ ہمارے ہاں ہر فرد میں یہ پانچ چیزیں پیدا ہوں ۔ اگر ہم نے بھارت جیسی بڑی طاقت کا جو ہم سے چھ گنا زیادہ ہے ۔ پورے اور مؤثر طور پر مقابلہ کرنا ہے ۔ اور ہمارے ہر فرد میں یہ پانچ چیزیں پیدا ہو جائیں ۔ تو پھر ایک بھارت چھوڑ ہم دس بھارت کا مقابلہ کر سکتے ہیں ۔

سب سے پہلی چیز یہ ہے کہ ہر مسلمان کا اللہ کے ساتھ قلبی اور روحانی تعلق ہو ۔ اگر ہر شخص کا قلبی اور روحانی تعلق اپنے مالک کے ساتھ قائم ہو جائے تو دنیا کی کوئی قوم بھی ہمیں شکست نہیں دے سکتی ۔

دوسرے ہمارے افسروں اور عدالتوں کو چاہیے کہ وہ اپنے رویے میں تبدیلی کرتے ہوئے انصاف اور دیانت کو قائم رکھیں ۔ وہ قوم اور عوام جنہوں نے اپنے خون کے ہر قطرے کو اپنے ملک پر قربان کرنے سے گریز نہیں کیا ۔ اگر ہم اب بھی ان سے ناانصافی کریں یا انہیں تکلیف پہنچائیں تو ہمارے لئے شرم کا باعث ہے ۔

تیسری چیز میں یہ سمجھتا ہوں کہ محنت اور وقت کی پابندی قوم کے لئے بہت ضروری ہے جو قوم محنت اور وقت کی پابندی کرتی ہے اسے کوئی کچھ نہیں کہہ سکتا ۔

چوتھی چیز سادگی ہے ۔ ہم سب کو چاہئے جیسا کہ ایک معزز دوست نے ابھی فرمایا ہے کہ معاشرتی اور تمدنی لحاظ سے ہم سادگی اختیار کریں ۔ ہمارا لباس سادہ اور ایک جیسا ہو تاکہ ہم اس لباس سے ظاہری طور پر ایک قوم نظر آئیں ۔ ہم میں uniformity ہونی چاہئے اور اس کے ساتھ سادگی بھی ۔ آخر میں پانچویں چیز یہ عرض کروں گا کہ ہمارا ہر فرد خواہ وہ جوان ہو ۔ بوڑھا ہو یا بچہ ہو اسے اسلامی اور روحانی تعلیم کے ساتھ عسکریت کی تربیت دی جائے تاکہ وہ آنے والے واقعات کا مقابلہ کر سکے ۔

جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ یہ جو ۲۹ لاکھ روپے ٹیوب ویل پر خرچ کرنے کی ٦٦ - ١٩٦٥ کے لئے سکیم پیش کی گئی ہے ۔ جس میں ۲۵۳ ٹیوب ویل لگائے جائیں گے ۔ یہ بہت ہی اہم تجویز ہے ۔ اگر اس پر پہلے توجہ دی جاتی تو ہماری غذائی صورت حال کہیں بہتر ہو سکتی تھی ۔ خصوصاً اگر ان ٹیوب ویلوں کو دریائی علاقوں میں نصب کیا جائے ۔ تو میرے نقطۂ نظر سے اس سے بہت فائدہ ہو سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ اس موقع پر جبکہ ہم ہنگامی حالات سے گذر رہے ہیں ۔ علاقائی باتیں کرنا کچھ اچھا معلوم نہیں ہوتا ۔ لیکن میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ میں اپنے فرائض میں کوتاہی کرونگا ۔ اگر میں اپنے علاقے کی جائز تکالیف یہاں بیان نہ کروں ۔ میں لودھراں اور شجاع آباد دونوں تحصیلوں کی نمائندگی کرتا ہوں ۔ جن کے چھ تھانے ہیں ۔ میں جناب کی وساطت سے جناب قائد

ایوان کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ کہ ان مقامات پر جتنی اہم سڑکیں ہیں ۔ وہ سب خام ہیں ۔ اور وہاں پر نہری پانی کا بندوبست بھی خاطر خواہ نہیں ۔ اس لیے ہمیں وہاں پر ٹیوب ویلوں کی اشد ضرورت ہے ۔ کیونکہ اگر وہاں پر بجلی نہ پہنچے ۔ تو اس کا متبادل انتظام نہیں ہو سکتا ۔

اس کے علاوہ وہاں کوئی کالج بھی نہیں ۔ اس لیے ان دونوں تحصیلوں کے لیے اس کا بندوبست کرنے کی طرف توجہ فرمائی جائے ۔

خان عبدالستار خان مہمند (مردان ۔ ۲)۔۔جناب سپیکر ۔ میں آپ کا بہت مشکور ہوں ۔ کہ آپ نے مجھے موقع دیا ہے تاکہ میں اس معزز ایوان کے سامنے اپنے خیالات کا اظہار کر سکوں ۔ اس سلسلے میں میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ وزیر خزانہ نے جو ضمنی بجٹ پیش کیا ہے ۔ سچی بات تو یہ ہے ۔ کہ مجھے یہ دیکھ کر کہ اس میں نہ تو کوئی نیا ٹیکس لگایا گیا ہے ۔ اور نہ ہی کسی پرانے ٹیکس میں اضافہ کیا گیا ہے ۔ اس امر کا احساس ہوا ہے کہ موجودہ ہنگامی حالات کے پیش نظر اس قوم کے ساتھ زیادتی کی گئی ہے ۔ انہیں چاہئے تھا ۔ کہ وہ مزید ٹیکس عائد کرتے ۔ کیونکہ عوام اور قوم اس امر کے لیے بالکل تیار تھے ۔ اور تیار ہیں ۔ لوگ اس بات کا جذبہ رکھتے ہیں ۔ اور چاہتے ہیں ۔ کہ ہماری حکومت اور ہمارا ملک ان دنوں جن سنگین ترین مشکلات سے دو چار ہیں ۔ ان کا مقابلہ کیا جائے ۔ اور اگرچہ فائر بندی ہو چکی ہے ۔ تاہم ابھی لڑائی بند نہیں ہوئی ۔ دشمن ہر وقت ہماری دہلیز پر کھڑا ہے ۔ چنانچہ اس صورت میں لازم تھا ۔ کہ جس طرح مرکزی حکومت نے اپنا ضمنی بجٹ پیش کرتے وقت مختلف اشیاء پر نیا ٹیکس عائد کر دیا تھا ۔ اسی طرح یہاں بھی کیا جاتا ۔ اتفاق کی بات ہے ۔ کہ جس دن مرکزی حکومت نے نئے ٹیکس عائد کئے ۔ اسی دن میں کسی کام سے موٹر میں سفر کر رہا تھا ۔ کہ ایک پٹرول پمپ پر مجھے پٹرول ڈالنے

کا اتفاق ہوا ۔ میرے پاس نہ تو کوئی ٹرانسٹر تھا ۔ کہ کوئی خبر سن سکتا ۔ اور نہ ہی اخبار تھا ۔ کہ خبریں پڑھ لیتا ۔ چنانچہ جب وہ پٹرول ڈال چکا ۔ اور میں اسے پیسے دینے لگا ۔ تو اس نے کہا ۔ چونکہ پٹرول پر ٹیکس لگ گیا ہے ۔ اس لیے اب تین روپے بارہ آنے فی گیلن کے حساب سے پٹرول کے پیسے ادا کریں ۔ یقین کیجئے ۔ کہ میں نے اسی وقت خدا کا شکر ادا کیا ۔ کیونکہ میں فوراً ہی سمجھ گیا ۔ کہ یہ رقم جو اس ٹیکس سے وصول ہوگی ۔ یہ کہاں جائیگی ۔ میں جانتا تھا کہ یہ تو ہمارے ملک کے دفاع پر ہی خرچ ہوگی ۔ پس میں نے سوچا ۔ کہ اگر مرکزی حکومت نے تیس کروڑ روپے کے لئے ٹیکس لگائے ہیں ۔ تو ہماری صوبائی یعنی مشرقی پاکستان اور مغربی پاکستان کی حکومتیں بھی پندرہ پندرہ کروڑ روپے کے لئے ٹیکس لگا کر ملک کی آمدنی میں اضافہ کریں گی ۔ اور اس ساٹھ کروڑ روپے سے ہم کم از کم تین لاکھ افراد پر مشتمل ایک نئی فوج کھڑی کر سکیں گے ۔ بہر حال ہماری حکومت نے ایسا نہیں کیا ۔ کیونکہ وہ سمجھتے ہیں ۔ کہ اس موجودہ رقم سے ہی ہماری ضروریات پوری ہو سکتی ہیں ۔

جناب والا ۔ ساڑھے چھ گھنٹے کے طویل انتظار کے بعد اب میری باری آئی ہے ۔ اور اس عرصہ کے دوران میں نے حزب مخالف اور اپنی پارٹی کے ممبران کی تقریریں بھی سنی ہیں ۔ مجھے ان میں سے بعض ممبران کی تقریروں سے شدید اختلاف ہے ۔ خواجہ صفدر صاحب فرماتے ہیں ۔ کہ بے گھر لوگوں کی آباد کاری ابھی تک نہیں ہو سکی ۔ لیکن وہ یہ کہتے ہوئے اس حقیقت کو بھول جاتے ہیں ۔ کہ اس وقت دو سو مہینے سے زیادہ ہونے کو آئے ہیں ۔ لیکن کیا ابھی تک وہ مہاجرین جو تقسیم ملک کے بعد پاکستان آئے تھے ۔ پوری طرح آباد ہوسکے ہیں ۔ تو پھر ان چند ہفتوں میں تقریباً پانچ لاکھ مہاجرین کو کلی طور پر کس طرح

آباد کیا جا سکتا ہے ۔ اس میں تو وقت لگے گا ۔ یہ ٹھیک ہے ۔ کہ ان کو تکالیف ہیں ۔ لیکن وہ ہمیں بھی تو اپنی جان کی طرح عزیز ہیں ۔ اور حکومت انہیں آباد کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے ۔

یہاں ہر ایک سنیئر سی ۔ ایس ۔ پی ۔ افسر مسٹر آئی ۔ یو ۔ خان کے متعلق بہت کچھ کہا گیا ہے ۔ موصوف ان بے گھر لوگوں کو آباد کرنے کے ذمہ دار ہیں ۔ یعنی ریلیف کمشنر ہیں ۔ ان کے متعلق کہا گیا ہے ۔ کہ انہوں نے ان خانماں برباد لوگوں کو بسانے میں غفلت سے کام لیا ہے ۔ اور ان کی غفلت ہی کی وجہ سے ان لوگوں کو ابھی تک بسایا نہیں جا سکا ۔ میں ان کو بخوبی جانتا ہوں ۔ یہاں میں انکی صلاحیتوں کو کیا گنواؤں ۔ مجھے ذاتی طور پر انکی کارکردگی اور صلاحیت کار کا تجربہ ہے ۔ ۱۹۶۱ء میں ایک مرتبہ گنا اگانے والوں اور مل مالکان کے درمیان کچھ جھگڑا اٹھ کھڑا ہؤا ۔ تو انکی انتھک کوششوں نے ہی نو گھنٹے متواتر فریقین کے ساتھ گفت و شنید کرکے اس جھگڑے کو پر امن طریقے سے نمٹایا تھا ۔ اور اس گفتگو کے دوران نہ انہوں نے کھانا کھایا اور نہ ہی ایک لمحے کے لئے آرام کیا ۔ تو میں سمجھتا ہوں ۔ کہ ایسے انتھک کارکن پر نکتہ چینی کرنا کسی طرح بھی جائز نہیں ۔

یہاں قائد ایوان کے متعلق بھی یہ کہا گیا ہے ۔ کہ وہ فلاں فلاں جگہ تو دوروں پر گئے تھے ۔ لیکن بالخصوص سیالکوٹ نہیں گئے ۔ میں اس mission کو آشکار نہیں کرونگا ۔ کہ اس سلسلے میں ہمیں کیا کیا mission سونپے گئے تھے ۔ اگر وہ اسے سنیں گے ۔ تو دنگ رہ جائیں گے ۔ اگر قائد ایوان کسی جگہ غیر حاضر رہے تھے ۔ تو بھی ان کو اور اضلاع کے متعلق کام کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی تھی ۔ اور وہ ان ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہو رہے تھے ۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں ۔ کہ

معزز اراکین کا ان پر اس طرح کا اعتراض کرنا کسی طرح بھی جائز نہ تھا ۔

اسکے علاوہ ہم گورنر صاحب اور انکی cabinet کے بھی مشکور ہیں ۔ کہ گورنر صاحب نے اپنی پوری تنخواہ اور وزراء نے اپنی تنخواہ میں سے ایک ہزار روپیہ ماہانہ کاٹ کر دفاعی فنڈ میں دے دیا ہے ۔ کیونکہ یہ ایک ایسا موقع ہے ۔ جبکہ ہم سب پر لازم ہے ۔ کہ ہم اس فنڈ میں زیادہ سے زیادہ اور دل کھول کر چندہ دیں ۔ تاکہ ملک کا دفاع اچھی طرح سے ہوسکے ۔ پاکستان قائم رہے ۔ اور شاد و آباد رہے ۔ کیونکہ ہم سب کا مفاد ہی اسی میں ہے ۔ انگریز کی غلامی اس لحاظ سے تو بہتر تھی ۔ کہ انکو حکومت کرنے کے طور طریقے آتے تھے ۔ اور وہ پہلے ہی سے بادشاہ تھے ۔ لیکن ہندؤ کی غلامی سے خدا بچائے ۔ کیونکہ وہ نہ تو بادشاہ رہا ہے ۔ اور نہ ہی اسے بادشاہی کے طریقے معلوم ہیں ۔ اسنے نہ تو پاکستان کو تسلیم کیا ہے ۔ اور نہ ہی پندرہ کروڑ مسلمانوں کی ایک قوم کو تسلیم کرنے کے لیے تیار ہے ۔

جناب والا ۔ بجٹ کی بحث کے دوران ایک اور خاص بات سننے میں آئی ہے ۔ اور بعض ممبران نے اس خیال کا اظہار کیا ہے ۔ کہ ہمارے سی ۔ ایس ۔ پی افسران کے طبقے کو کیا سرخاب کے پر لگے ہوئے ہیں ۔ تو میں انکی خدمت میں یہ گذارش کرتا ہوں ۔ کہ ان کو سرخاب کے پر جب اللہ تعالیٰ نے ہی قابلیت دیکر لگائے ہوں ۔ تو پھر میں اور آپ اس بات سے کیوں ناراض ہوں ۔ یوں تو میرا کوئی بھائی یا بھیتجا سی ۔ ایس ۔ پی نہیں ہے ۔ لیکن بہر حال یہ افسران ہمارے اور آپ کے ہی بھائی ۔ بیٹے اور بھتیجے ہوتے ہیں ۔ ہمارا ان کا چولی دامن کا ساتھ ہے ۔ وہ اور ہم ملکر ہی اس قوم و ملک کا دفاع کریں گے ۔ اور اس غرض سے بڑی سے بڑی قربانی دیں گے ۔

جناب والا ۔ گذشتہ دو سال سے Road Development Cess گنے پر بارہ پیسے فی من کے حساب سے لگایا جا رہا ہے ۔ جسکی وصولی بھی کی گئی ہے ۔ لیکن یہ رقم ابھی تک خرچ نہیں کی گئی ۔ اور جوں کی توں پڑی ہے ۔ اس لیے میں قائد ایوان کی خدمت میں عرض کرونگا ۔ کہ میرے اندازے کے مطابق وہ cess تقریباً پانچ کروڑ روپے ہوگا ۔ اگر ان دو سالوں میں ان سڑکوں کی مرمت وغیرہ کے بغیر ہی کام چل گیا ہے ۔ تو اب ملکی مفاد کے پیش نظر بہتر یہ ہوگا ۔ کہ اس cess کو زیادہ اناج اگاؤ مہم اور ملکی دفاع پر خرچ کیا جائے ۔ کیونکہ ملکی دفاع کے لیے ایسا کرنا ضروری ہے ۔

میر خدا بخش (تھرپارکر ۔ ۳)۔۔جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ میں فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے انہیں پاکستان کا دفاع کرنے میں کامیاب کیا ہے ۔ جب لڑائی کا دور آیا ۔ تو ہمارے صدر صاحب خداوند کریم سے دعا مانگتے رہتے تھے ۔ کہ پاکستان کو فتح و کامرانی نصیب ہو ۔ اور اس فتح کے حصول کے لیے صدر پاکستان نے جو کام کیا ہے ۔ وہ سب مسلمانوں پر عیاں ہے ۔ اسکے ساتھ ہی ساتھ میں افواج پاکستان کو بھی مبارک باد دیتا ہوں ۔ جنہوں نے پاکستان کے نام کو بلند کیا ہے ۔ ہمارے گورنر صاحب نے بھی اپنا خون عطیے کے طور پر دیا ہے ۔ جس کے لیے میں انکو بھی مبارک باد دیتا ہوں ۔ انکے علاوہ حیدرآباد کے ڈپٹی کمشنر اور کمشنر صاحبان ۔ اور تھرپارکر کے ڈپٹی کمشنر صاحب نے بھی خون کا عطیہ دیا ہے ۔ اور اس کے ساتھ ہی انہوں نے ہر وقت دفاعی کاموں میں عوام کو مفید مشورے دئیے ہیں ۔ یہ بات قطعاً غلط ہے ۔ کہ تمام سی ۔ ایس ۔ پی ۔ افسران خراب ہیں ۔ سندھ کے دو اضلاع میں میں نے خود دیکھا ہے ۔ کہ صرف ان افسران

نے ھی سب سے پہلے خون کا عطیہ دیا ھے ۔ اور ان کے بعد دیگر افسران اب تک دے رھے ھیں ۔

اس کے علاوہ یہاں کہا گیا ھے ۔ کہ خان حبیب اللہ خان راجستھان نہیں گئے ۔ عرض یہ ھے ۔ کہ راجستھان ھمارے تھرپارکر اور حیدرآباد کے قریب ھے ۔ اور وھاں تین جگھوں پر بارڈر قریب ھے ۔

علاوہ ازیں چاچرو تحصیل میں جو مہاجرین آئے ھیں ان کے لئے ڈپٹی کمشنر صاحب اور کمشنر صاحب نے لکھا ھے کہ ان لوگوں کو بہت تکلیف ھے ۔ ریلیف فنڈ میں سے ضلع تھرپارکر میں ڈپٹی کمشنر صاحب نے بھی کچھ روپیہ دیا ھے اور کچھ ھم سب نے دیا ھے ۔ کچھ رضائیاں ۔ اور کپڑے بھی دیئے ھیں ۔ خان حبیب اللہ خان صاحب سے ھماری عرض یہ ھے کہ ان لوگوں کی امداد کے لئے مزید کچھ کریں ۔ انہوں نے کوشش کرکے ملک کے لئے اپنا خون دیا ھے ۔ راجستھان کی طرف سے تھرپارکر میں جو رپورٹ آئی ھے اس کے مطابق جو لوگ چاچرو تحصیل سے یا اور جگھوں سے آئے ھیں ۔ ان کو بھی مہاجرین تسلیم کیا جانا چاھئے ۔ ڈپٹی کمشنر صاحب سے جتنی مدد ھو سکی ھے انہوں نے کی ھے ۔ ان لوگوں کو اناج وغیرہ کی ضرورت ھے جو انہیں دیا جانا چاھئے ۔ ھمارے ضلع کی جیل بہت اچھی بنی ھے ۔ اس کے لئے ھم شیخ مسعود صادق صاحب کو مبارکباد دیتے ھیں ۔ ٹیکس کے متعلق جو کچھ ھاؤس میں معزز ممبر صاحبان نے فرمایا ھے اس کے بارے میں عرض یہ ھے کہ ھر مسلمان نے ھر جگہ قوم کی خدمت کی ھے ۔ جس کے پاس پیسہ تھا اس نے پیسہ دیا ۔ جس کے پاس سونا تھا اس نے سونا دیا ۔ جس کے پاس کپڑے تھے اس نے کپڑے دیئے ۔ ساری قوم نے بہت زیادہ قربانی کی ھے ۔ اس لئے افسوس ھے کہ یہاں یہ کہا گیا ھے کہ ٹیکس بڑھانا چاھئے ۔ ھمارے ھاں جو ٹیکس پہلے لگا ھؤا

ہے اس کے متعلق ہم نے خان حبیب اللہ خان صاحب کی خدمت میں یہ عرض کیا ہے کہ سندھ کے عوام کا یہ مطالبہ ہے کہ اسے یکساں ہونا چاہئے ۔ اس سے عوام بڑے خوش ہوں گے ۔ ٹیکس پر انہیں کوئی اعتراض نہیں یہ تو عین قوم کی خدمت ہے ۔ اب تو جنگ کا وقت ہے ۔ ہماری جان اور ہمارا سب کچھ ملک و قوم کے لئے قربان ہیں ۔ ہم سمجھتے ہیں اور ہمیں امید ہے کہ ہمارے لیڈر کے ہاتھ سے ہمارے ساتھ انصاف ہی ہو گا ۔ اور وہ ہمارے ہردلعزیز گورنر صاحب کے سامنے ہمارا سندھیوں کا یہ مطالبہ ضرور پیش کریں گے ۔ اس کے لئے ان کی خدمت میں میری یہ خاص عرض ہے ۔

جناب والا ۔ irrigation کے معاملہ میں ملک خدا بخش صاحب پر ہمارا کافی اعتبار ہے ۔ زراعت کے لئے اگرچہ کمشنر صاحب اور ڈپٹی کمشنر صاحب نے بھی کوشش کی ہے ۔ مگر irrigation کے محکمہ نے بہت غلط تجویز پیش کی ہے ۔ لہذا ہماری عرض اور تجویز یہ ہے کہ سندھ کا جو چیف انجنیئر ہے اسے پنجاب بھیجا جائے ۔ اور اس وقت جو پنجاب میں ہے اسے وہاں بھیجا جائے ۔ اس طرح ہمارا خیال ہے کہ انتظام بہتر اور مکمل ہو جائے گا ۔ ابھی ۲۲ دسمبر کو پانی کی بندی آ رہی ہے ۔ لیکن خطرہ ہے کہ نہر روہڑی والوں اور دوسری برانچوں کا پانی بند نہ ہو جائے ۔ اس کے لئے ملک صاحب کی خدمت میں گذارش ہے کہ آپ ضرور تکلیف کریں ۔ تاکہ ہمارے لئے انتظام بہتر ہو جائے اور آباد کار بھی خوشحال ہو جائے ۔ چونکہ ملک کی زرعی پیداوار بڑھانی ہے ۔ اس لئے پانی کا انتظام خاطر خواہ اور مکمل ہونا چاہئے ۔

مسٹر سپیکر ۔۔آپ کا وقت ختم ہو گیا ہے ۔

خانزادہ تاج محمد خان بنگش (کوہاٹ - ۱):۔جناب سپیکر - موجودہ حالات میں جناب وزیر خزانہ نے جو ضمنی بجٹ پیش کیا ہے وہ قابل ستائش ہے - کیونکہ اس بجٹ میں نہ تو نئے ٹیکس لگائے گئے ہیں اور نہ ہی پرانے ٹیکسوں میں اضافہ کیا گیا ہے - اس طرح وقتی طور پر اسے موزوں بجٹ کہا جا سکتا ہے -

جناب والا - موجودہ حالات میں پاکستانیوں نے جس حب‌الوطنی اور اونچے ارادوں کا ثبوت دیا ہے اس پر جتنا بھی فخر کیا جائے - کم ہے - ہماری مسلح افواج نے وہ مثالی کارہائے نمایاں سرانجام دئیے ہیں جو مستقبل کے فوجی ماہرین کو بھی حیرت میں ڈال دیں گے - ہماری حزب اختلاف نے جس یکجہتی اور جذبۂ اخوت کا مظاہرہ کیا ہے - اس سے دشمن کی امیدوں پر پانی پھر گیا ہے - جس طرح پاکستانی عوام نے گورنمنٹ اور مسلح افواج کی پر جوش اور ولولہ انگیز تعاون اور عزم و استقلال کے ساتھ امداد کی ہے - وہ اپنی مثال آپ ہے - اسے تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا - نیز جس طرح انہوں نے صدر محبوب پاکستان اور جناب گورنر صاحب - مغربی پاکستان کے ہاتھ ہنگامی حالات میں مضبوط کئے ہیں - اسے صدیوں تک یاد رکھا جائے گا اور آنے والی نسلیں اس پر بجا طور پر فخر کر سکیں گی -

جناب والا - ہماری گورنمنٹ نے بڑی اچھی پالیسی کا ثبوت دیتے ہوئے چیئرمینوں اور دیگر الیکشنوں کو غیر معینہ وقت تک کے لئے ملتوی کر دیا ہے - یہ اس امر کا ایک واضح ثبوت ہے کہ جو یک جہتی اور تعاون و استقلال اس وقت ہماری قوم میں پیدا ہو گیا ہے وہ کسی قیمت پر بھی ٹوٹنے نہ پائے - اور پاکستانی قوم ہر وقت متحد اور جذبہ ایثار سے سرشار رہے - کیونکہ دراصل ابھی لڑائی ختم نہیں ہوئی - ہمارے مکار اور چالاک دشمن نے ہماری سرحدوں پر لشکر بندی

کی ہوئی ہے ۔ لہذا ہمیں ہر وقت اپنے مکار و چالاک دشمن سے نبرد آزما ہونے کے لئے چاک و چوبند رہنا چاہئے ۔

جناب والا ۔ میرا مطلب یونین کونسلوں کی حد بندی سے ہے جو اس جنگ سے قبل گورنمنٹ کے زیر غور تھی ۔ اور ان میں یعنی یونین کونسلوں کی حدود میں تغیر و تبدل ہونا تھا ۔ جناب عالی ۔ دراصل پرانی یونین کونسلوں سے عوام اور ممبران بنیادی جمہوریتوں نے اپنے تمام سیاسی و سماجی رشتے قائم کر رکھے تھے ۔ یہی یونین کونسلیں ان سیاسیات کا مرکز بنی ہوئی تھیں ۔ بعض یونین کونسلیں مختلف سکیمیں بنا رہی تھیں اور بعض کو grants بھی ملنے والی تھیں ۔ بعض کا کچھ کام تو ہو گیا تھا اور بعض آئندہ امید لگائے بیٹھی تھیں کہ شاید ان کو grants ملیں ۔ ان ہی سیاسی و سماجی وجوہات کی بنا پر پچھلے الیکشن لڑے گئے تھے ۔ جو کہ خداوند تعالیٰ کے فضل و کرم سے سو فیصد کامیاب ہوئے ۔ اب ان پرانی یونین کونسلوں کو چھیڑنا یا ان کی پرانی پوزیشن یعنی حد بندی کو تبدیل کرنا مناسب معلوم نہیں ہوتا ۔ کیونکہ قوم نے جس یک جہتی کا ثبوت دیا ہے ، اسے قائم رکھنا ضروری ہے ۔ اور اگر حد بندیوں میں تبدیلی کی گئی تو بہت سی سکیمیں پایۂ تکمیل کو نہ پہنچیں گی اور شائد آئندہ پانچ سالوں میں بھی ان کو پایۂ تکمیل تک پہنچنے کا موقع نہ ملے ۔ لہذا میری جناب وزیر متعلقہ سے یہی استدعا ہے کہ موجودہ یک جہتی کو مد نظر رکھتے ہوئے پرانی یونین کونسلوں کی حد بندی ویسے ہی رہنے دی جائے جیسے کہ پہلے تھی ، تاکہ پاکستان صحیح معنوں میں عوام کے جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے ترقی کی راہ پر گامزن ہو اور ہمارا یہ جذبہ تعاون ہمیشہ قائم رہے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک سول حکام کا تعلق ہے میرا خیال ہے کہ ہنگامی حالات میں سول حکام نے بہت زیادہ تعاون ۔ جوش اور جذبے کا ثبوت دیا ہے ۔ میں ضلع کوہاٹ سے تعلق رکھتا ہوں ۔ جہاں پر بزدل ہندوستانی بمباروں نے بم پھینکے تھے ۔ میں سچ کہتا ہوں کو ایک بجکر ۴۵ منٹ پر کوہاٹ شہر پر بم پھینکے گئے ۔ اور ٹھیک دو بجے جائے وقوعہ پر ڈپٹی کمشنر کوہاٹ ، وزیر زادہ عبدالقیوم ۔ سپرنٹنڈنٹ پولیس ، بخاری صاحب اور مسٹر زمان ، سول سرجن کوہاٹ ۱۵ منٹ کے وقفے میں پہنچ گئے ۔ بلکہ سول سرجن کوہاٹ تو نکر پہنے ہوئے پہنچے اور دو گھنٹے کے عرصہ میں سارا ملبہ ہٹا کر شہیدوں کو نکال لیا گیا ۔ لہذا میں سول حکام کے اس جذبۂ ایثار سے بہت متاثر ہؤا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ وہ اس جذبے کو قائم و دائم رکھیں گے ۔

جناب والا ۔ اہل کوہاٹ نے جس جانفشانی اور جذبۂ اخوت سے ہنگامی حالات میں کام کیا ہے ۔ اگر میں ان کی تعریف نہ کروں تو میری تقریر مکمل نہ ہوگی ۔ تمام سیاسی پارٹیوں نے مل جل کر وہ کارہائے نمایاں سرانجام دئیے ہیں جس کی کوہاٹ کی تاریخ میں پہلے مثال نہیں ملتی ۔ انہوں نے انتہائی اخلاص اور مکمل اتحاد کا جذبہ دکھایا اور قومی محاذ جنگ قائم کر کے مختلف قسم کے کام شروع کر دئیے ۔ اور اس طرح اہالیان شہر کی داد رسی کی ۔

جناب والا ۔ کوہاٹ ایک بارانی علاقہ ہے ۔ ویسے تو موجودہ ہنگامی حالات میں مطالبے کرنا بھی مناسب معلوم نہیں ہوتا ۔ مگر چونکہ گورنمنٹ ملک کے اقتصادی حالات کو بھی پش پشت ڈالنا نہیں چاہتی ۔ لہذا میں یہ مطالبہ کرنے میں حق بجانب ہوں گا کہ موضع برکہ ۔ مندور ۔ درشہ خیل ۔ گلمثا خیل ۔ لاچی ۔ گمبٹ ۔ میں ٹیوب ویل سکیمیں چلائی جائیں تاکہ گورنمنٹ نے جو ''زیادہ غلہ اگاؤ'' کی سکیم تیار کی ہے

وهاں زیادہ غلہ پیدا کرنے میں مدد ملے ۔ اور ان ٹیوب ویل سکیموں سے اهل کوهاٹ مستفید هوسکیں ۔

جناب والا ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں جناب سپیکر صاحب کا شکریہ ادا کرتا هوں کہ انہوں نے باوجود قلیل وقت کے مجھے اپنے جذبات کا اظہار کرنے کا موقع دیا ۔ شکریہ

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔ ۱)۔۔جناب سپیکر ۔ میں اس ضمنی بجٹ پر وزیر خزانہ شیخ مسعود صادق صاحب کو مبارکباد پیش کرتا هوں ۔ جنہوں نے نہ تو کوئی نیا ٹیکس لگایا ہے اور نہ هی موجودہ ٹیکسوں کی شرح بڑھائی ہے ۔ لیکن هنگامی اخراجات کے لیے جو رقم ضروری تھی وہ عام اخراجات میں کمی کے ذریعے فراهم کی ہے ۔

جناب والا ۔ همیں اپنے وطن کا دفاع اور اپنا وطن سب چیزوں سے زیادہ عزیز ہے ۔ وطن کے دفاع کے لیے اگر موجودہ ٹیکسوں کی شرح بڑھا بھی دی جاتی یا نئے ٹیکس بھی لگا دیئے جاتے تو میں انہیں یقین دلاتا هوں کہ قوم وطن کے تحفظ و بقا کے لیے هر قربانی کو لبیک کہنے اور هر ٹیکس کو بخوشی قبول کرنے کو تیار تھی اور تیار ہے ۔ کیونکہ وطن کے دفاع کے لیے هم کسی چیز سے دریغ نہیں کرتے۔

جناب والا ۔ اس ضمنی بجٹ میں وزیر خزانہ نے اس بات کا خاص خیال رکھا ہے کہ ترقیاتی پروگراموں میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ هو ۔ اس کے لیے وہ مبارکباد کے مستحق هیں اور میں یہ کہنے سے نہیں رہ سکتا کہ یہ سب کچھ جناب گورنر صاحب مغربی پاکستان ملک امیر محمد خان کی ذاتی نگرانی ۔ سرپرستی اور عمدہ قیادت کی مرهون منت ہے ۔ اس لیے هم انکے بھی ممنون هیں اور انہیں مبارکباد پیش کرتے هیں ۔

سردار محمد اسحاق خان۔۔جناب والا ۔ هاؤس میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : The member is not in his seat. Unless he is in his seat he cannot be recognized.

میجر محمد اسلم جان--آج اس ایوان میں ہم ان غازیوں ، ان شہیدوں اور ان بہادروں کو خراج عقیدت پیش کر رہے ہیں - جنہوں نے اپنے مقدس خون سے اس پاک سرزمین کی تاریخ کا سنہری باب لکھا ہے - جنکی بہادری اور شجاعت نے تمام دنیا کو حیران کر دیا ہے - جنہوں نے اپنے سے چھ گنا طاقتور فوج کو کچل کر رکھ دیا ہے - جنہوں نے دشمن اور اسکی پشت پناہی کرنے والی مغربی سامراجی طاقتوں کے عزائم خاک میں ملا کر رکھ دیئے ہیں -

آج ہم اس شہر میں - اس شہر لاہور میں قوم کے نمائندوں کی حیثیت سے موجود ہیں جس کے قبضہ کا اعلان نہ صرف بھارت نے بلکہ اس سے ساز باز کرنے والی بڑی مغربی سامراجی طاقتوں نے بھی کر دیا تھا - ان کافروں نے اپنے ریڈیو - ٹیلی ویژن اور اخبارات میں بار بار کہا تھا کہ بھارتیوں کے ناپاک وجود اس پاک سرزمین پر چھا گئے ہیں - مگر ہمارے ان بہادروں نے اپنی جانوں پر کھیل کر اس مقدس وطن کو بچا لیا - انہوں نے اپنی جانیں دے کر ہماری عزت و ناموس ، ہماری آزادی و سلامتی - ہمارے گھروں - ہماری عورتوں ، ماؤں - بہنوں اور بچیوں کی عزتیں بھارتی درندوں سے محفوظ رکھیں - ہمارے اسلام کا تحفظ کیا - اور دشمن کی صفیں الٹ کر رکھ دیں -

جناب والا - ۶ ستمبر اور ۷ ستمبر کو بظاہر ہماری آزادی و غلامی کے درمیان بہت تھوڑا سا فاصلہ رہ گیا تھا - تاریخ کے اس اہم ترین مرحلے میں ہمارے خلاف دنیا کی اسلام کش پالیسی کی طرفدار طاقتیں اپنی تمام سازشوں کے باوجود ناکام ہوگئیں - اسکی مثال سوائے تاریخ اسلام کے دنیا کی تاریخ میں کہیں نہیں ملتی - یہ سب کچھ ہمارے بہادروں اور جانبازوں کی وجہ سے ہوا ہے -

جناب سپیکر ۔ جو لوگ بھارتی ذہن سے واقف ہیں اور جنہوں نے بھارتی سیاست کی نبض پر ہاتھ رکھ کر دیکھا ہے وہ مجھ سے اتفاق کریں گے ۔ کہ بھارت کے جنونی حکمرانوں نے آج تک قیام پاکستان کو دل سے قبول نہیں کیا ۔ اس طبقہ کی ساری سیاست کا محور صرف پاکستان کو ختم کرنا ہے اور اکھنڈ بھارت کا حصول ہے ۔ ان خیالات کا اظہار کھلم کھلا بھارت کے ڈاکٹر سمپورن آنند گورنر راجستھان نے اپنے ایک مضمون Indeas Neglected Political Frontiers میں اور شری چون وزیر دفاع نے ۔ مسٹر رام منوہر لوہیا ۔ سوشلسٹ لیڈر نے اور دوسرے بھارتی وزرا نے اور لیڈروں نے بار بار کیا ہے ۔ وہ کہتے ہیں کہ پاکستان تو یوں ہی نقشہ پر ایک لکیر سی ہے ۔ جو اصل میں کوئی ملک نہیں ۔ بلکہ یہ کہ بھارت کی سرحد افغانستان تک ہے اور صرف یہی نہیں بلکہ افغانستان کے بھی درمیان ہے ۔

جناب والا ۔ میں ان لوگوں میں سے ہوں جنکا خیال ہے کہ اول تو بھارت کسی طرح بھی بات چیت سے کشمیر کا مسئلہ حل نہیں ہونے دیگا اور اگر یہ مسئلہ حل ہو بھی گیا تو بھی بھارت اپنی توسیع پسندانہ سرگرمیوں سے باز نہ آئے گا ۔ وہ سال ۔ دو سال یا دس سال بعد کسی نہ کسی بہانے پھر پاکستان پر ضرور حملہ کرے گا ۔ یہ ایک واضح حقیقت ہے ۔ جسے نظر انداز کرنا دانشمندی نہ ہوگا ۔

مسٹر شاستری بار بار کہہ رہا ہے کہ بھارت آئندہ دس سالوں تک سائیکل اور ریڈیو جیسی عیاشی کا خیال بھی نہ کرے گا اور ان چیزوں کی بجائے اپنی فوجوں ۔ ٹینکوں ۔ بمبار طیاروں اور دور مار توپوں کو کئی گنا بڑھائے گا ۔ اس اعلان سے میرے اس خیال کی تائید ہوتی ہے کہ بھارت کبھی اپنے جنونی عزائم سے باز نہ آئے گا ۔ بلکہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ بھارتی جنونی پن اور بڑھتا جائے گا ۔

جناب والا ۔ cease fire کے بعد بھی بھارتی لیڈر اور حکمران آگ اور دھواں اگلنے سے باز نہیں آ رہے ۔ جنگ کا بھوت ان کے سر پر بری طرح سوار ہے ۔ وہ امن کی بات نہیں سمجھ سکتے ۔ لاتوں کے بھوت باتوں سے کبھی نہیں مانتے ۔ اب ہمارے لیے واحد لائحہ عمل یہی ہے ۔ کہ ہم ہر قسم کی دفاعی تیاریاں کریں ۔ مجھے امید ہے کہ یہ تمام تیاریاں حکومت کر رہی ہے ۔ لیکن پھر بھی میں حکومت سے اپیل کروں گا ۔ کہ دفاعی تیاریاں اور تیزی سے شروع کر دی جائیں ۔ مثلاً ہم اس وقت کا انتظار نہ کریں جب بھارت ایٹم بم تیار کرنے کے بعد عیاری اور مکاری سے کہے کہ وہ ایٹم بم تیار کر رہا ہے اور یہ کہتے ہوئے ہم پر استعمال بھی کر دے ۔ ہمارے واسطے ایٹم بم اب ایک قومی ضرورت بن گیا ہے ۔ اگر حکومت ایٹم بم بنانے کا ارادہ ظاہر کرے تو قوم ہزاروں نہیں ۔ لاکھوں نہیں ۔ کروڑوں نہیں اربوں روپیہ ایٹم بم فنڈ میں دے گی ۔ قوم میں جوش ایمان اور حب الوطنی کا یہ عالم ہے کہ ہم بغیر فاقے کاٹے معمول کی زندگی گزارتے ہوئے دیگر ممالک کی طرح انشا اللہ ایٹم بم تیار کر لیں گے ۔

Mr. Speaker : The member may please conclude his speech.

میجر محمد اسلم جان۔۔جناب والا ۔ مہربانی فرما کر مجھے تھوڑا سا وقت اور دیجیے ۔ کم از کم پانچ منٹ تو عطا کیجئے تاکہ میں اپنے غریب علاقے راولپنڈی کی تکالیف کے متعلق بھی کچھ عرض کر سکوں ۔

Mr. Speaker: Only two minutes more.

میجر محمد اسلم جان۔۔جناب والا ۔ راولپنڈی ایک غریب علاقہ ہے ۔ یہ فوجیوں اور سپاہیوں کا علاقہ ہے ۔ یہاں کا ہر پانچواں آدمی سپاہی ہے ۔ اسکے باوجود ہم نے لاکھوں روپے دفاعی فنڈ اور دوسرے

فنڈوں میں دیئے ھیں ۔ کروڑوں گرم کپڑے ۔ جرسیاں کوٹ وغیرہ ۔ ھزارھا گز کپڑا اور ایک لاکھ سے زیادہ لحاف بھارت کے ھاتھوں بے خانماں ھونے والے لوگوں کے واسطے اور کشمیری مہاجر بھائیوں اور بہنوں کے واسطے جمع کیے اور دئیے ھیں ۔ یہاں تک کہ ھمارے ایک کنٹونمنٹ مجسٹریٹ عبدالرؤف خان نے بغیر کسی coercion یا جور و جبر کے ایک لاکھ بیس ھزار روپیہ چند دنوں کے اندر صرف کنٹونمنٹ سے دفاعی فنڈ کے واسطے جمع کر لیا ۔ یہ صرف ایک مثال ھے ۔ یہ ھے ھمارا جذبۂ ایثار اور حب الوطنی ۔

جناب والا ۔ ھمارے نام نہاد دوستوں نے جو ھم سے بد عہدیاں کی ھیں اور جو سلوک کیا ھے وہ کھل کر عوام کے سامنے آ گیا ھے ۔ انکے اور انکی C.I A. کے تمام منصوبے اللہ تعالیٰ کے کرم سے ملیا میٹ ھو چکے ھیں ۔ ورنہ انھوں نے تو ھمیں تباہ کرنے کے لیے کوئی کسر نہ اٹھا رکھی تھی ۔

جناب والا ۔ چونکہ وقت بہت تھوڑا ھے اس لئے میں سرسری طور پر اپنے علاقے کے حالات عرض کروں گا ۔ راولپنڈی اگرچہ عبوری دارالحکومت ھے مگر یہ ایک under developed علاقہ ھے ۔ اس وجہ سے بے انتہا تکالیف میں مبتلا ھے ۔ راولپنڈی کے پاس اسلام آباد پر مرکزی حکومت کروڑوں روپیہ خرچ کر رھی ھے ۔ لیکن راولپنڈی عارضی دارالحکومت ھونے کے باعث مرکزی حکومت کی نظر عنایت سے اس لئے محروم ھے کہ وہ اسے صوبائی ذمہ داری خیال کرتی ھے اور دوسری طرف ھماری صوبائی حکومت بھی اس واسطے کچھ نہیں کر رھی ۔ مثلاً ۔ اول تو راولپنڈی میں پانی کی سخت قلت ھے ۔ شدت کی گرمی میں لوگوں کو پینے تک کا پانی میسر نہیں آتا ۔ اور گزشتہ ۱۸ سال سے یہ قلت روز بروز بڑھ رھی ھے ۔ اکثر لوگ صبح دفتروں

اور کام کاج پر جاتے وقت نلکوں کے نیچے اپنی بالٹیاں ، گھڑے اور خالی ٹین قطار میں رکھ جاتے ہیں مگر جب وہ کام سے واپس آتے ہیں تو بھی ان کی باری نہیں آتی ہوتی ۔ کیونکہ اکثر محلوں اور سڑکوں پر نلکے تو لگا دئیے گئے ہیں مگر ان میں پانی چلانے کا کوئی انتظام نہیں کیا گیا ۔ گزشتہ جولائی ڈویژنل کونسل کی میٹنگ میں کمشنر صاحب راولپنڈی نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ وہ آئندہ پانی کے بندوبست کے واسطے جو کچھ کریں گے اس سے مجھے بحیثیت مقامی ایم ۔ پی ۔ اے ہونے کے مطلع کرتے رہیں گے اور ہر پندرہ روز بعد پانی کی قلت کو دور کرنے کے لئے جو دورے وہ کریں گے ان دوروں پر بھی مجھے اپنے ہمراہ لے جایا کریں گے ۔ مگر شائد emergency کی وجہ سے اور کام کی زیادتی کی وجہ سے انہیں اس کا خیال نہیں رہا ۔ بہر حال اللہ تعالیٰ انہیں ہمت دے کہ وہ ان گرمیوں سے پہلے اپنے وعدے کے مطابق پانی کی قلت کو ختم کریں ۔

جناب والا ۔ دوسرے ۔ راولپنڈی شہر جس کی آبادی تقریباً اڑھائی لاکھ ہے اور راولپنڈی چھاؤنی جس کی آبادی تقریباً ڈیڑھ لاکھ ہے ۔ کے درمیان ایک نالہ لئی ہے ۔ اس پر انگریزوں نے شہر اور چھاؤنی کو ملانے اور ہم لوگوں کی آمدورفت کی سہولت کے واسطے ایک پل بنایا تھا ۔ یہ پل کافی مضبوط تھا اور گزارہ کر رہا تھا ۔ آزادی کے بعد کبھی کبھار شائد اس کی مرمت بھی ہو جاتی تھی ۔ پھر کچھ مدت بعد وہ بھی بند ہو گئی اور ہماری بدقسمتی دیکھئے کہ اب اس کی حالت بھی خراب ہونے لگی ۔ یہ پل شہر اور چھاؤنی کے درمیان ایک نہایت ضروری link تھا ۔ بہر حال ۱۹۶۰ء میں حکم ہوا تھا کہ اس پل پر سے heavy traffic بالکل نہ گزرے گی ۔ پھر ۱۹۶۱ء میں اس پر سے تمام اور ہر قسم کی traffic اور آمدورفت بند کر دی

گئی ۔ ۱۹۶۴ء میں ۔ چار سال بعد ۔ حکومت مغربی پاکستان کے کہنے پر اس پل کو بنوانے کے واسطے survey کیا گیا ۔ اس پر بھی کچھ روپیہ صرف ہوا ۔ اور پھر کسی سے contract بھی ہو گیا ۔ اور جناب والا ۔ پھر اس کی توڑ پھوڑ بھی کی گئی ۔ اور تقریباً ۴ یا ۵ ماہ اسی طرح گزرنے کے بعد ایک دن اس کا کام بند کر دیا گیا ۔ اور اب پل پہلے سے بھی گئی گزری حالت میں ہے ۔ خدا جانے کیوں ۔ بہر حال گزشتہ گرمیوں میں اس پل سے تھوڑی دور نالہ لئی پر ایک (بیلی برج) Baily Bridge ۔ چند پھٹے وغیرہ لگا کر تقریباً ۱۸ ہزار (اٹھارہ ہزار) روپے کی لاگت سے تیار کیا گیا ۔ خدا جانے وہ کس قسم کا بیلی برج تھا کہ برسات کی پہلی ہی بارش میں بہہ گیا ۔ اب نہ وہاں بیلی برج ہے اور نہ سٹی صدر روڈ پر عوام کے واسطے کوئی پل ہے ۔ چنانچہ گذشتہ چھ سال سے لوگ کمر کمر تک گندے پانی میں سے ہو کر گزرتے ہیں ۔ اس طرح جناب والا ۔ نہ میونسپل کمیٹی کو اور نہ ہی حکام بالا کو عوام کی تکالیف کا کوئی خیال اور احساس ہے ۔ اس لئے میں وزیر متعلقہ سے درخواست کروں گا کہ وہ اس کے متعلق enquiry کروائیں اور راولپنڈی شہر اور چھاؤنی کی چار لاکھ آبادی پر کچھ کرم کریں اور ہمیں ان مصائب سے نجات دلوائیں ۔

میاں محمد اسلام (رحیم یار خان ۔ ۲)۔۔۔جناب سپیکر ۔ میں اس ترمیم شدہ بجٹ میں دفاع کے لئے رکھی گئی رقوم کی گنجائش کا خیر مقدم کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ محترم صدر پاکستان فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کی قیادت میں ہماری افواج نے جو غیر معمولی جرات و شجاعت کے کارنامے سرانجام دئیے ہیں ۔ میں اس پر بھی خراج عقیدت پیش کرتا ہوں ۔ نیز ہمارے گورنر صاحب مغربی پاکستان کی سرپرستی میں کابینہ نے جو civil administration اور دفاعی کام سرانجام دیئے ہیں ان کے لئے بھی میں مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔

جناب والا ۔ میں جناب وزیر تعلیم کی خاص توجہ جامعہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کی طرف دلانا چاہتا ہوں ۔ دراصل پاکستان ایک اسلامی ملک ہے ۔ اور اسی اسلام ہی کی برکات سے ہماری افواج نے اتنے بڑے عظیم ملک ہندوستان کو اپنی سرحدات پر شکست فاش دی ہے ۔ میں تو کہوں گا کہ تائید ربانی ہمارے شامل حال تھی ۔ جس کا شکر ادا کرنا اب ہمارا فرض ہے ۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اسلام کا سر بلند کرنے کے لئے اپنی زندگی کے تمام شعبوں میں اسلام ہی کو مشعل راہ بنائیں اسی میں ہمارے ازلی و ابدی اصول پنہاں ہیں جو ہماری دو جہانوں میں سرخروئی کے ضامن ہیں ۔

جناب والا ۔ میں جامعہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کا ذکر کر رہا تھا ۔ یونیورسٹی بننے سے قبل جامعہ عباسیہ ایک کالج تھا ۔ چنانچہ اسی کو ترقی دے کر جامعہ اسلامیہ یونیورسٹی بنا دی گئی ۔ مگر کالج کے ساتھ جو عربی سکول تھے ان کا نصاب جوں کا توں رہنے دیا گیا چنانچہ یونیورسٹی سے جو لڑکے فارغ ہوتے ہیں ۔ ان کو ملازمت تک نہیں ملتی ۔ لہذا میں وزیر تعلیم صاحب کی خدمت میں گذارش کرتا ہوں کہ اول تو اس یونیورسٹی کو پاکستان کی دوسری یونیورسٹیوں کی طرح اسی پیمانے پر منظور فرمایا جاوے ۔ تاکہ جو لڑکا بھی ایم ۔ اے پاس کرے اسے ملازمت مل سکے ۔

دوسرے ہماری بہاولپور ڈویژن میں جو عربی سکول ہیں ان میں عربی ۔ انگریزی اور اردو پڑھائی جاتی ہیں ۔ ان تمام سکولوں کا نصاب بھی یونیورسٹی کے عین مطابق کر دیا جاوے ۔

آخر میں میں صدر محترم اور گورنر مغربی پاکستان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ان سترہ دنوں میں قابل تعریف جرات کا مظاہرہ کیا ہے ۔

جناب والا ۔ میں ایک بات اور عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ میں اگلے دن سڑک پر جا رہا تھا کہ مجھے کچھ فاصلے پر سڑک بنانے والے محکمہ B & R والے ملے ۔ وہ سڑک بنا رہے تھے ۔ اور اس پر تھوڑی سی بجری ڈال کر اس پر تار کول ڈال رہے تھے میں نے ان کی خدمت میں عرض کیا کہ بھائی صاحب ۔ یہ تو قوم کا روپیہ ہے ۔ اسے برباد نہ کرو ۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں تو محکمے سے یہی حکم ملا ہؤا ہے کہ اس پر تھوڑی سی بجری ڈال کر ایسا کر دو ۔ اس کے بعد میں اسی ضمن میں surveyer صاحب سے ملا ۔ اور ان کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرائی ۔ انہوں نے کہا کہ میں کل اسے دیکھنے آؤں گا ۔ چنانچہ میں اگلے دن ان کا انتظار کرتا رہا ۔ مگر وہ نہ آئے ۔ اور سڑک ویسے ہی چالو کر دی گئی ۔ لہذا میں جناب وزیر متعلقہ سے گذارش کروں گا کہ وہ اپنے محکمہ کو تنبیہ کریں ۔ تاکہ وہ پوری ایمانداری اور دیانتداری سے کام کرے ۔

نوابزادہ چودھری اصغر علی (گجرات ۔ ۱)۔۔صاحب سپیکر ۔ میں جناب کا بیحد مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے اپنی گذارشات پیش کرنے کا موقع بہم پہنچایا ہے مگر اس کے ساتھ ہی مجھے اس بات کا اندیشہ ہر دم لا حق ہے کہ میری تقریر کے دوران میری تقریر کے وقت کو کم کرنے کا حکم نہ سنا دیا جائے (قہقہہ)

حضور والا ۔ عرض یہ ہے کہ

نور خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن
پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائیگا

(تحسین و آفرین) یہ بات میں نے اپنی اس اسلامی مملکت پاکستان کے متعلق عرض کی ہے ۔ پاکستان اللہ تعالیٰ کی خاص عنایات کی وجہ سے

معرض وجود میں آیا ۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ اب یہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے قائم و دائم رہے گا ۔

جہاں تک ہمارے اس ضمنی بجٹ کا تعلق ہے ۔ اس کے لئے مجھے جناب شیخ صاحب ۔ وزیر خزانہ کا شکریہ ادا کرنا ہے ۔ دراصل انہوں نے یہ کوئی نیا بجٹ پیش نہیں کیا ۔ اس کے متعلق تو یوں کہنا چاہئے کہ انہوں نے جو پہلے سالانہ بجٹ پیش کیا تھا ۔ یہ اس میں ایک ترمیم پیش کی ہے جو اس ضمنی بجٹ کی شکل میں آج ہمارے سامنے ہے ۔

حضور والا ۔ اس کے بعد گذارش یہ ہے کہ ہم لوگ جو ہندوستان کے بارڈر پر بسنے والے ہیں ۔ ہم نے ہندوستانی افواج کی طرف سے جو کچھ پاکستان کی تباہی و بربادی کے لئے سامان کئے گئے تھے ۔ وہ سب اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں ۔ اور پاکستان کا وہ گاؤں جس کا نام اعوان شریف ہے ۔ اور جس پر ان کا پہلا فائر ہؤا تھا ۔ وہ اس علاقے میں واقع ہے ۔ جہاں کا میں رہنے والا ہوں ۔ اس فوری اور اچانک حملے سے وہاں کے لوگوں میں بہت زیادہ بددلی اور افراتفری پھیل گئی تھی ۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ ان کے ذہن میں یہ بات پہلے کبھی آ ہی نہ سکتی تھی کہ ہندوستان بین الاقوامی حد پار کرکے کسی صورت سے بھی پاکستان پر حملہ کرے گا ۔ لیکن یہ امر قابل تعریف ہے کہ ہندوستان کی ہم باری کے باوجود ہماری اس سرحد کے گاؤں میں آخری حد تک اب بھی لوگ موجود ہیں ۔ اور پہلے فائر کے بعد جب ہماری پاکستانی افواج ان حدود میں داخل ہوئیں تو ان لوگوں نے ان کے ساتھ پورا پورا تعاون کیا ۔ اور جب لوگ آزاد کشمیر کے علاقے کو چھوڑ کر ہمارے پاکستانی علاقے میں داخل ہوئے تو انہوں نے ان کی دیکھ بھال اور ان کو سنبھالنے کا پورا پورا انتظام کیا ۔ چنانچہ میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ ہمارا ضلع جہاں سیالکوٹ کی طرح

ہزاروں کی تعداد میں لوگ آزاد کشمیر سے آ گئے تھے ۔ ہمارے افسروں اور عوام نے ان کا بڑی اچھی طرح سے انتظام کیا ۔ اور انہیں کسی قسم کی تکلیف نہ ہونے دی ۔ لیکن بعد ازاں جب ہماری فوجیں چھمب سے آگے اکھنور کے قریب پہنچیں تو وہ لوگ دوبارہ اپنے اپنے گاؤں میں جا کر پہلے کی طرح آباد ہوگئے ۔ اس لئے میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ جہاں تک ہمارے افسروں کا تعلق ہے وہ اپنی طرف سے پوری کوشش اور تندھی سے کام کرتے رہے ہیں ۔ اس موقع پر یہ کہہ دینا بھی بیجا نہ ہوگا کہ ہمارے ڈپٹی کمشنر صاحب جن کو جیپ کے حادثے کی وجہ سے ایک ٹانگ میں بیحد تکلیف تھی ۔ اور وہ تقریباً دو ماہ تک اپنی چارپائی پر لیٹے رہے وہ لیٹے لیٹے بھی اپنا کام بڑی محنت سے سر انجام دیتے رہے ۔ اور میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اس کے بعد بھی ہمارے جتنے مصیبت زدہ بھائی ہمارے ضلع میں تشریف لائیں گے ۔ ہم ان کے لئے انشاء اللہ پورا پورا انتظام کریں گے ۔ اور یہ نہ ہوگا کہ وہ کسی جگہ بھی بغیر مکان کے رہ جائیں اور ہم اپنے مکانوں میں ڈٹے رہیں ۔ یا ہم کھانا کھائیں اور وہ نہ کھائیں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ (خیر پور ۔ ۲)۔۔

شمع حق نور الہی بجھایا جا نہیں سکتا
خدا جس کا ہو حامی وہ مٹایا جا نہیں سکتا

جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ہم پر احسان ہے ۔ جتنی تعریفیں ہم لوگ انسانوں کی کرتے ہیں صاحب صدر کی کرتے ہیں ۔ گورنر صاحب کی کرتے ہیں ۔ اور فوجوں کی کرتے ہیں ۔ ہمیں چاہئے ۔ کہ ہم اللہ تبارک تعالیٰ کی طرف رجوع کریں ۔ اور سب تعریفیں اسی کی کریں ۔ کیونکہ وہی سب تعریفوں کے

لائق ہے ۔ ہر شخص کا قلب اور اس کا دل قدرت کے اختیار میں ہے ۔ اس لیے اسی قدرت کی تعریف کرنا ہمارا فرض ہے ۔ جس طریقے سے اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہمیں یہ خطۂ زمین دیا ہے ۔ اور یہ آزاد مملکت دی ہے ۔ ایک وقت تھا جب کہ لوگ ستتے تھے اور ہنستے تھے اس حالت میں بھی اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہمیں یہ آزاد ملک دے دیا ۔ وہی اس کی حفاظت کر رہا ہے ۔ اور آئندہ بھی وہی کرے گا ۔ اس کو سب کچھ معلوم ہے ۔ کہ کن لوگوں نے خدمات کی ہیں ۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا ہم پر سب سے بڑا احسان یہ ہے ۔ کہ اس نے ہمارے لئے ایک کام رکھا ہوا ہے ۔ اور وہ یہ ہے ۔

وَلَا تَهِنُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۔

یہ کام ہمارے ذمے ہے ۔ اور حفاظت کا کام اللہ تبارک و تعالیٰ کے ذمے ہے اب اس چیز کی ضرورت نہیں ۔ کہ ہم امریکہ ۔ روس یا دوسرے ممالک کی طرف دیکھیں ۔ ہم کسی مصلحت کے لئے ۔ کسی اصول کے تحت اپنی زندگی بسر کر رہے ہیں ۔ یہ ہماری اپنی state ہے ۔ اور ہمارا بادشاہ خدا ہے ۔ ہم اس کے سپاہی ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے اس بات سے دکھ ہوتا ہے ۔ کہ ہم ممبران اسمبلی دور دور سے یہاں جمع ہوتے ہیں ۔ لیکن مشکل یہ ہے کہ ہم یہاں اپنی ساری باتیں نہیں کر سکتے ۔ خیالات کے اظہار پر وقت کی پابندی لگا دی جاتی ہے ۔ مجھے افسوس ہؤا ۔ جب محترمہ صاحبزادی محمودہ بیگم صاحبہ تقریر کر رہی تھیں ۔ ان کی تقریر بڑی مؤثر تھی ۔ مگر ان کو بٹھا دیا گیا ۔ مجھے اس بات سے بڑا دکھ ہوا ہے ۔ اس لئے میں پھر یہ عرض کروں گا ۔ کہ خدا کے واسطے یہ پابندی جو آپ لگا دیتے ہیں اسے ہٹا دیں ۔ ہر روز ہر ایک ممبر پر تقریباً ایک

سو روپیہ خرچ ہوتا ہے ۔ اس لئے اسے اپنے خیالات کا اظہار کرنے کا موقع ضرور دینا چاہئے ۔ اگر نہ دیں گے ۔ تو بڑا ظلم ہوگا ۔

مسٹر سپیکر۔۔۔وقت تھوڑا ہے ۔ اب آپ Supplementary Budget کے متعلق کچھ فرمائیں ۔

خواجہ محمد صفدر۔۔۔جناب ۔ وہ اسی ''وقت'' کے لئے ہی تو احتجاج کر رہے ہیں ۔

مسٹر سپیکر۔۔۔ایسا نہ ہو کہ احتجاج میں ہی سارا وقت ختم ہو جائے ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ۔۔۔جناب والا ۔ ہم تو انگوٹھہ لگانے والے آدمی ہیں ۔ ہم انگریزی نہیں جانتے ۔ افسوس ہے ۔ کہ ہاؤس میں جو کچھ پیش کیا جاتا ہے ۔ یا ہمیں دیا جاتا ہے ۔ مثلاً ایجنڈا بل یا کوئی ترقیاتی سکیم ۔ وہ سب کچھ انگریزی میں ہوتا ہے ۔ اب ایک دن میں ہم کیا سمجھیں ۔ کیا سوچیں ۔ اور کیا پوچھیں خیر اس بات کی ہمیں پرواہ نہیں ۔

میں اپنے محترم وزراء سے عرض کروں گا ۔ کہ ہم جو بات کرتے ہیں ۔ آپ اسے سنیں ۔ لیکن آپ توجہ نہیں دیتے ۔ اسی بات کا ہمیں افسوس ہے ۔ بجٹ پر میں کیا بحث کروں ۔ پچھلی اسمبلی میں میں نے یہ دیکھا ہے ۔ کہ ہم سوال پوچھتے ہیں ۔ تو چھ چھ ماہ تک اسکا جواب موصول نہیں ہوتا ۔ اگر جواب ملتا ہے ۔ تو وہ صحیح نہیں ہوتا ۔ جب کوئی ضمنی سوال پوچھا جاتا ہے ۔ تو آپ خفا ہو جاتے ہیں ۔ تو پھر ہم سوال کیا پوچھیں ۔ آپ ہم سے ہیں ۔ اور ہم آپ سے ہیں ۔ آپ خفا کیوں ہوتے ہیں ۔ ہم ملک کے گوشے گوشے سے آتے ہیں ۔ کوئی پشتو بولنے والا ہے ۔ کوئی سندھی بولنے والا ہے ۔ اور کوئی

پنجابی بولنے والا ہے ۔ وزراء کے سیکرٹری جو یہاں بیٹھے ہیں ۔ پولیس والے ہیں ۔ گیلری میں اور بھی کئی لوگ ہیں ۔ سب کو چاہئے کہ ہماری باتیں غور سے سنیں انہیں سمجھنے کی کوشش کریں ۔ اور ہمارے ساتھ تعاون کریں ۔ گورنمنٹ کا کام ہے ۔ کہ جو کام صحیح نہ ہو ۔ اس کی اصلاح کرے ۔ پریس کا کام ہے کہ وہ ہماری باتیں لوگوں تک پہنچائے ۔ اگر ہم لوگوں کی صحیح نمائندگی نہیں کرتے ۔ تو ہمارے کان پکڑیں ۔ گورنمنٹ کو بھی حق ہے ۔ کہ اگر ہم غلط نمائندگی کریں ۔ تو ہمارے کان پکڑے ۔ لیکن آپ سے ہماری اپیل یہ ہے ۔ کہ آپ ہم پس ماندہ علاقہ کے لوگوں کی باتیں سنیں اور ہماری امداد کریں ۔

اس کے بعد میں اس بات کی طرف اپنے دوستوں کی توجہ دلاتا ہوں کہ ہمارے صدر صاحب ۔ گورنر صاحب اور وزراء کی خوشامد کرنے کی بجائے اگر اراکین اسمبلی ان کو صحیح صحیح باتیں بتائیں ۔ تو زیادہ اچھا ہے ۔ لیکن افسوس کہ ایک طرف تو ان کی بہت زیادہ خوشامد کی جاتی ہے ۔ اور دوسری طرف شکایات کی ایک لمبی چوڑی فہرست پیش کر دی جاتی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ مغربی پاکستان میں جس قدر ظلم ہو رہا ہے ۔ گورنر صاحب کو چاہئے کہ خود اس کا انتظام کریں ۔ کیونکہ اس کیلئے وہی جواب دہ ہیں ۔ (ایک معزز ممبر حاجی صاحب ۔ آپ یہاں گورنر صاحب کو discuss نہیں کر سکتے ۔) یہاں جتنے کمشنر اور جتنے سیکرٹری ہیں ۔ سب ان کے ماتحت ہیں ۔ وزراء تو ماشاء اللہ جو کچھ ہیں ۔ اسے میں بھی سمجھتا ہوں ۔ اور وہ بھی سمجھتے ہیں ۔ میرے نزدیک گورنر صاحب ہی سب باتوں کے لئے جواب دہ ہیں ۔ صوبہ مغربی پاکستان کے کونے کونے اور گوشے گوشے کی ذمہ داری ان پر ہے ۔ ان کو معلوم ہونا چاہئے ۔ کہ اس صوبہ میں ایسے لوگ بھی ہیں ۔ جو

بے حد پریشان ہیں ۔ اور انہیں رات کو نیند نہیں آتی ۔ لیکن میں دیکھتا ہوں کہ معزز ممبران بلاوجہ ان کی تعریف کرتے ہیں ۔ اگر آپ صحیح بات کہیں ۔ تو ہمیں نکتہ چینی کرنے کی ضرورت ہی پیش نہ آئے ۔ آپ کو چاہئے ۔ کہ آپ صحیح بات صدر صاحب اور گورنر صاحب تک پہنچائیں ۔ تاکہ جہاں کہیں بھی کوئی خامی ہو وہ اس کی اصلاح کریں ۔ اسی طرح ہمارا بھی یہی کام ہے ۔ کہ ہم اپنے اپنے علاقہ کے صحیح حالات بتائیں ۔ مجھے معلوم ہے کہ اس وقت یہاں کئی ایسے دیہاتی ہیں ۔ جن کو بے شمار مشکلات در پیش ہیں ۔ جن کی وجہ سے انہیں رات کو نیند نہیں آتی ۔ گورنمنٹ کی مشینری ان کو لوٹتی ہے ۔ اور ان کا جو اثاثہ بھی ہوتا ہے ۔ لے جاتی ہے ۔ یہاں تک کہ بعض اوقات ان کو اپنی لڑکیاں یا زمین تک بیچنا پڑتی ہیں ۔ یہ سب حالات ایسے ہیں ۔ جن کی طرف حکومت کو فوری توجہ دینا چاہیئے ۔ اور ان کے متعلق تفصیلات دریافت کرنے کی کوشش کرنی چاہئے ۔ ہم یہاں حکومت کی تعریف کرتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ــ حاجی صاحب ۔ اب آپ تشریف رکھئے ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ــ بس جناب ۔ اچھا ۔ تو ایک آیت سن لیجئے ۔

خواجہ محمد صفدر ــ ہاں جناب ۔ آیت سن لیجئے ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ ــ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِھِمْ ط وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰہُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَہٗ ج وَمَا لَھُمْ مِّنْ دُوْنِہٖ مِنْ وَّالٍ ٥

(ترجمہ) بیشک اللہ کسی قوم کی حالت نہیں بدلتا جب تک وہ قوم خود اپنی حالت کو نہیں بدلتی اور جب اللہ کسی قوم کے ساتھ اس کے پاداش عمل کے طور پر برائی کا ارادہ کر لے تو اس کو کوئی رد نہیں کر سکتا اور اللہ کے سوا آن کا کوئی مددگار نہیں ہو سکتا ۔

اب اللہ نے مدد کی ہے تو ہمیں خود اپنے آپ کو درست کرنا چاہئے ورنہ اللہ تعالیٰ ہمیں ختم کر دیگا اور ہماری حکومت کو بھی ختم کر دے گا ۔

قاضی محمد اعظم عباسی۔۔۔On a point of order Sir. جناب کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ قاضی صاحب اس طرح قرآن ہاتھ میں لئے تقریر کرتے ہیں اور لوگ اوپر بیٹھے ہوئے ہیں ۔ کیا یہ قرآن کی بے ادبی نہیں ؟

مسٹر سپیکر۔۔قاضی صاحب ۔ یہ Point of Order نہیں ہے ۔ آپ اس کے لئے خود حاجی صاحب سے سوال کیجئے کہ یہ بے ادبی ہے یا نہیں ؟

وزیر مال (خان حبیب اللہ خاں)۔۔جناب والا ۔ ایک صورت یہ ہو سکتی ہے کہ حاجی صاحب اوپر کھڑے ہو کر تقریر کریں ۔ اس طرح بے ادبی بھی نہ ہوگی اور تقریر بھی ہو جائے گی یعنی بیک وقت دونوں کام ہو جائیں گے ۔ (قہقہہ)

Mr. Mazhar Hussain (Dadu - I) : Mr. Speaker, Sir, I take this opportunity for paying tributes, from the deepest feeling of my heart, to the armed forces of Pakistan who have tried their best to defend this country. I offer my deepest tributes to every one here, from the Head of the State to the common man, who have made great contributions to the cause of the country during the war between Pakistan and Bharat. I pay tributes from the deepest feeling of my heart to even the officers of the Government who had also done tremendous jobs during that time of crisis. It is really

unfair, rather unjust that some worthy members of this august House have made allegations against some officers who have failed in doing their duty. I pay tribute in this respect too, but there may be exceptions in all spheres of life, in politicians, common men, public men and among officers, who might not have proved upto the mark and have not done their duty as much as was expected of them. I feel that every one has done his best during those days and has made his best contribution towards this sacred cause which was the question of life and death for our nation. Even, Sir, the untrained Hurs from Rajistan, who are not experts in the modern warfare, fought such a battle that has set an example in history. They drove the enemy far into Indian territory and captured vast territory in Rajistan which belonged to Bharat. I must pay tributes, even, to their spiritual leader, Pir Pagharo, who has also done tremendous jobs to meet the situation and made great contributions in this war.

Sir, my respectful submission before the House is that this question should be considered in all seriousness—and there should, absolutely, be no doubt about it - as this war has proved that a person with a gun in his hand is different from a person without a gun. It is really a difficult situation that even in an independent country like Pakistan people have to apply for getting arms licences. It was probably during those 17 days that the public, the people living in villages, in towns and in so many places, wanted licences for getting arms of self protection. So, this question may be considered in this perspective. Being an independent nation now there should be no ban on securing arms licences, because every member of an independent nation is considered to be a soldier and, therefore, we must have complete training in military art. Even the most powerful countries like America, have compulsory military training. Therefore, every able-bodied person in Pakistan should be trained in the art of modern warfare as such, and the ban on securing arms licences should be removed forthwith, so that by virtue of these facilities every one should try to become a soldier and there may be no difficulty for anyone to defend this sacred soil of our own.

Now, Sir, coming to the supplementary budget, I would submit that it reveals the wisdom of the Finance Minister. It is a budget which is really an uncommon budget. It is a budget which is unparallel because during these crucial times no tax has been imposed. Taxes which are imposed on the nation are not discouraging. Everybody welcomes them. In spite of this thing, the Finance Minister has not touched the nation. It is really a great success and it is really a great wisdom on the part of the Finance Minister.

Sir, going through the supplementary budget I would only like to point out one thing for the consideration of the Minister of Irrigation and the Finance Minister. 29 lakh rupees have been allocated for the provision of construction of irrigation works. I do not disagree with the allocation made by the Finance Minister for the purpose of irrigation works. But the question is that I would, in the interest of my own region, respectfully submit that in my region there is vast fertile land lying unirrigated and uncultivated due to the lack of irrigation facilities. So in our own districts of Dadu, Jaccobabad and Tharparkar people are faced with such

difficulties. I would, therefore, request the Irrigation Minister to go and visit the site and see the plight of the people there as to how they are passing their lives. They are hardly getting 2 meals a day. Therefore, it is imperative that irrigation facilities of tubewells, dams and of pumping machines be extened to that part of Sind so that people may be in a position to lead a comfortable life.

پارلیمینٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین)۔۔جناب صدر - ۵ - تاریخ کی رات کو پاکستانی قوم دن بھر کا کام کاج کر کے سو رہی تھی اور ۶ - تاریخ کی صبح کو ہمارے بزدل - کمینے اور مکار دشمن نے بغیر اعلان جنگ کئے ہم پر حملہ کر دیا جس پر ہماری قوم نے ایک سیسہ پلائی دیوار کی طرح متحد اور مضبوط ہو کر اس کے حملہ کا دندان شکن جواب دیا - اس پر میں اسے خراج تحسین پیش کرتا ہوں - در اصل پاکستانی قوم کا بچہ بچہ خراج تحسین کا حقدار ہے - بلکہ میں تو کہونگا کہ پاکستانی قوم نے اس آزمائش کی گھڑی میں جس عزم و استقلال کا ثبوت دیا ہے اس جس قدر زور دار الفاظ میں اسے خراج تحسین پیش کیا جائے - کم ہے - میں ان شہدا کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے اپنا گراں بہا خون بہا کر ہماری سرحدوں کی حفاظت کی - ہمیں ان شہدا کو بھی خراج تحسین پیش کرنا چاہئے - الفاظ کی صورت میں نہیں بلکہ عمل کی صورت میں - ہمیں یہ خراج تحسین وہ مقصد اور منزل حاصل کرکے پیش کرنا چاہئے جس کے لئے انہوں نے اپنی قیمتی جانیں دیں - ہمیں انکو خراج تحسین کشمیر حاصل کر کے ادا کرنا چاہئے - ہمیں ان شہیدوں کو ہندوستان سے بدلہ لے کر خراج تحسین پیش کرنا چاہئے -

جناب صدر - ہماری پاکستانی بری - بحری افواج اور فضائیہ نے جس جرأت اور دلیری سے نہ صرف ہندوستان کے حملے کو پسپا کیا بلکہ ان کا بہت سا علاقہ فتح کرکے اپنے قبضہ میں کیا ہے - اس پر ہمیں ان کو خراج تحسین پیش کرنا چاہئے - یہ حقیقت ہے کہ ہماری افواج نے

محمد بن قاسم اور محمود غزنوی کی پرانی یادیں تازہ کر دیں ۔ اگر قائداعظم رحمتہ اللہ علیہ نے پاکستان بنایا تھا تو ہمارے ہردلعزیز صدر فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور قوم کے تعاون اور اس کی دعاؤں سے اس کو بچایا ہے ۔ قائداعظم نے جو پودہ لگایا تھا ۔ ہماری پاکستانی افواج نے اپنے قیمتی خون سے اس کی آبیاری کی ہے (آوازیں ۔ ہیر ۔ ہیر) ۔

جناب صدر ۔ اب میں آپکی وساطت سے یہ بات کہے بغیر بھی نہیں رہ سکتا اگرچہ میں جانتا ہوں کہ حمزہ صاحب کو اس سے allergy ہوتی ہے وہ یہ کہ میں جناب گورنر صاحب کو خراج تحسین پیش کئے بغیر نہیں رہ سکتا جو ٦ ۔ ستمبر کو نتھیا گلی میں دورہ پر تھے ۔ چنانچہ جس وقت ہندوستان نے ہماری سرحدوں پر حملہ کیا تو وہ اسی روز بذریعہ موٹر کار چھ بجے شام گورنمنٹ ہاؤس لاہور پہنچ گئے ۔ ان کے لاہور پہنچنے پر میں یہ بات وثوق سے کہہ سکتا ہوں ، لاہور کے عوام میں ایک نیا جذبہ پیدا ہوگیا ۔ کیونکہ ان کے آنے سے وہ علاقے جو سرحدوں کے بالکل قریب تھے ۔ وہاں کے لوگوں کے دلوں میں اس بات کا حوصلہ پیدا ہوگیا کہ انشاء اللہ تعالیٰ جیت ہماری ہوگی ۔ کیونکہ انہوں نے سوچا کہ اگر صوبے کا گورنر لاہور میں بیٹھ سکتا ہے تو لاہور کے عوام کو بھی یہاں لاہور میں ہی جم کر بیٹھنا اور دشمن کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا چاہئے ۔

جناب صدر ۔ باغبانپورہ اور اس کے ارد گرد کے لوگ جنہوں نے جنگ کے دوران اپنے حلقوں کو بالکل نہ چھوڑا اور خاص کر Railway Workshops کی جو labour تھی ۔ میں اس کو بھی خراج تحسین پیش کئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ کیونکہ انہوں نے قطعاً اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضری

نہ کی ۔ بلکہ وہ رات دن کام کرتے رہے ۔ اس بات پر محکمہ ریلوے بھی خراج تحسین کا مستحق ہے ۔ اس دوران جو truck operators تھے ۔ میں ان کو بھی خراج تحسین پیش کئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ کیونکہ انہوں نے بھی ان دنوں اپنی جو ڈیوٹی دی ہے ۔ وہ نہایت ہی قابل تعریف ہے ۔ وجہ یہ تھی کہ ہمارے جو ملٹری ٹرک تھے وہ اس دوران اتنا کام نہ کر سکتے تھے ۔ جتنا کہ انہوں نے کیا ۔ پاکستان کی بنیاد لا الہ الا اللہ کے نام پر رکھی گئی تھی ۔ چنانچہ پاکستان کی حفاظت کی جنگ بھی اسی کلمہ پاک کے نام پر لڑی گئی ۔

جناب صدر ۔ یہ ضمنی بجٹ جو جناب وزیر خزانہ صاحب نے پیش کیا ہے ۔ اس میں لئے ٹیکس نہ لگا کر یہ بات ثابت کی گئی ہے کہ ہماری حکومت ایک عوامی حکومت ہے ۔ اس میں جو ۱۰ کروڑ روپیہ کی وہ رقم جو ہنگامی ضروریات کے لئے پچھلے بجٹ میں رکھی گئی تھی ۔ صرف اسی رقم کو اس بجٹ میں تبدیل کیا گیا ہے ۔ مرکزی حکومت نے جو دفاعی سر چارج لگایا ہے اس کو بھی عوام نے خوش آمدید کہا ہے ۔ اگر ہماری صوبائی حکومت بھی ملک کی بقاء اور ملکی دفاع کے لیے ہم پر کوئی نیا ٹیکس لگائے تو ہماری جان و مال ہر وقت حاضر ہیں ۔ اس سلسلے میں جناب صدر ۔ میں اپنی طرف سے ایک تجویز پیش کرتا ہوں ۔ یہ سینما گھر جہاں اکثر لوگ تفریح کے لئے جاتے ہیں ۔ باوجود اس کے کہ میں بھی ایک چھوٹے سے سنیما سے تعلق رکھتا ہوں ۔ جو لوگ وہاں تفریح کے لئے جاتے ہیں ۔ سنیما گھر ہوں ۔ Race Clubs ہوں یا اسی قسم کی دوسری جگہیں یا کلبیں ہوں جہاں اکثر لوگ تفریح کے لیے جاتے ہوں ۔ وہاں ٹکٹوں پر فی ٹکٹ چھ نئے پیسے بطور دفاعی فنڈ وصول کئے جائیں ۔ اس طرح اتنی رقم اور اتنے پیسے اکھٹے ہو جائیں گے کہ

میرے خیال میں ہمیں دفاعی فنڈ کے لئے خاصی سہولت ہو جائے گی ۔ اس رقم سے مہاجرین کا مسئلہ بھی حل کیا جا سکتا ہے ۔

جناب والا ۔ جہاں تک مہاجرین کے مسئلے کا تعلق ہے ۔ اس سلسلے میں مجھے بھی اتفاق ہؤا ہے ۔ اور میں نے بھی تین چار کیمپوں میں جا کر دیکھا ہے ۔ جیسا کہ خواجہ صاحب نے ارشاد فرمایا ہے ۔ میں اسے کسی حد تک تسلیم کرتا ہوں ۔ لیکن انہوں نے یہ جو فرمایا ہے کہ اس مسئلہ پر بالکل ہی غور نہیں کیا گیا یا ان کی آبادکاری میں ابھی کچھ دیر ہے ۔ اس سے میں اتفاق نہیں کرتا ۔ کیونکہ ۱۹۴۷ء کے مہاجرین میں اور ان میں بڑا فرق ہے ۔

Mr. Speaker : Please conclude your speech.

پارلیمنٹری سیکرٹری (میاں معراج الدین)۔۔صرف دو منٹ لوں گا جناب ۔

جناب والا ۔ یہ لوگ جو ہجرت کرکے آئے ہیں ۔ ان کے حالات مختلف ہیں ۔ یہ صرف اپنے دشمن کے حملہ کیوجہ سے اپنی جگہیں چھوڑ کر آئے ہیں ۔ ان بیچاروں کو کوئی چیز اٹھانی نصیب ہی نہ ہوئی ۔ لیکن جب ہمارے بہت سے دوست ان کیمپوں میں گئے تو انہوں نے اپنے خلوص اور صبر کا ثبوت دیا اور کہا کہ ہمیں کسی چیز کی ضرورت نہیں ۔ ہمیں پاکستان چاہئے ۔ ہم پاکستان کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے کے لئے تیار ہیں ۔ تو ہم میں سے بہت سے دوستوں نے جو عطیات اور چیزیں اکٹھی کی تھیں وہ ان کو لے جا کر دیں جو انہوں نے بڑی خوشی سے قبول کیں ۔ میں امید کرتا ہوں کہ ہماری ریلیف کمیٹی کے صدر ملک خدا بخش صاحب بچا اور ہمارے قائد ایوان جنہوں نے ابھی ابھی یقین دلایا ہے ۔ اس بارے میں یقینی طور پر کوشش کرکے اس مسئلے کو جلدی حل کرنیکی کوشش کریں گے ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق)۔جناب والا ۔ میں نے اس معزز ایوان میں اپنی ۴ ۔ دسمبر کی تقریر میں کہا تھا کہ ہماری بہادر افواج نے زیر قیادت فیلڈ مارشل محمد ایوب خان اپنے سے کئی گنا زیادہ طاقتور افواج کو کئی گنا زیادہ نقصان پہنچایا ہے ۔ میں نے اعداد و شمار سے ثابت کیا تھا کہ ہمارا ایک بری سپاہی بھارت کے ۳۵ سپاہیوں کے برابر ہے ۔ اور ہمارا ایک پائلٹ بھارت کے ۷۰ پائلٹوں کے برابر ہے ۔ cease fire جو اس وقت ہوئی ہے ۔ اس کے متعلق اس معزز ایوان کو علم ہے کہ ہمارے پاکستان کا پلہ بھاری تھا ۔ ہمارے فوجی جوان اپنی خندقوں میں بڑی مستعدی سے بیٹھے ہوئے تھے اور ہماری افواج دشمن کا تعاقب کر رہی تھیں کہ ہمیں عارضی طور پر جنگ بند کرنی پڑی ۔ کیونکہ ہم ایک صلح کن قوم کی حیثیت سے اس بین الاقوامی ادارے کے رکن بھی تھے ۔ جس کو یو ۔ این ۔ او کہتے ہیں اس کے حکم کی تعمیل میں ہم نے سر تسلیم خم کر دیا ۔ اور اللہ بھی فرماتے ہیں کہ اگر دشمن کافر بھی ہو ۔ تو اسے ایک موقع ضرور بخشنا چاہئے ۔ اس نظریے سے ہم نے cease fire کو تسلیم کیا ہے ۔ آپ نے اخبارات میں پڑھا ہوگا ۔ کہ ہمارے پاس بھارت کا ۱۶۱۴ مربع میل رقبہ ہے ۔ اس کے مقابلے میں بھارت کا ہمارے صرف ۴۴۶ مربع میل پر قبضہ ہے ۔ لیکن بھارت کی ڈھٹائی کی بھی حد نہیں وہاں کے ہندو کہتے ہیں ۔ کہ جیت بھارت کی ہوئی ہے ۔ حالانکہ جیت ہماری ہوئی ہے ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں ۔ ہمارے فیلڈ مارشل محمد ایوب خان ، صدر پاکستان بھی ہیں ۔ Prime Minister بھی ہیں ۔ اور Defence Minister بھی ہیں ۔ ان کے مقابلے میں بھارت میں تین آدمی ہیں ۔ پریذیڈنٹ رادھا کرشنن ۔ Prime Minister شاستری ، اور Defence Minister مسٹر چون ۔ ان تینوں کی آپ کشتی کرا کے دیکھ لیں ۔ ہمارا صدر ایوب خان ان تینوں سے جیت جائے گا ۔ (تحسین و آفرین) ۔

دراصل بات یہ تھی جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا ۔ کہ بھارت نے پاکستان کے قیام کو آج تک ذھنی طور پر قبول ھی نہیں کیا ۔ اور میرا ایمان ھے کہ وہ اسے قبول کرنے کے لئے تیار بھی نہیں ۔

دوسرا دکھ ان کو یہ ھے کہ پاکستان نے ان کی نسبت بہت زیادہ اقتصادی ترقی کی ھے ۔ چنانچہ وہ ھمیں ایک اچھا اور ترقی یافتہ ملک دیکھنا نہ چاھتے تھے ۔ تیسرے ان کے الیکشن نزدیک تھے ۔ مگر ان کی حکومت بہت زیادہ بدنام اور رسوا ھو چکی تھی ۔ وہ چاھتی تھی ۔ کہ کسی نہ کسی حیلے بہانے سے کوئی نہ issue کوئی کھڑا کرے ۔ چنانچہ اس نے کشمیر کے بہانے پاکستان سے جنگ شروع کر دی ۔ مجھے یہ کہنے میں کوئی باک نہیں ۔ کہ ھم پاکستانی امن پسند لوگ ھیں ۔ ھم دنیا کے ھر ملک بشمول بھارت کے ساتھ امن چاھتے ھیں ۔ لیکن اگر بھارت ھم سے لڑنا چاھتا ھے ۔ تو ھم لڑنے کے لئے بھی تیار ھیں ۔ اور اب کے ھم پہلے سے بھی زیادہ زور سے لڑیں گے ۔ بھارت کی جنگ دراصل پاکستان سے نہیں ۔ یہ تو موجودہ بھارتی حکومت کی جنگ پاکستانی عوام کے ساتھ ھے ۔ آپ دیکھیں گے کہ بھارت کے بڑے بڑے سیاسی قائدین ۔ ۔ ۔ ۔ راجگوپال آچاریہ ونو بھاوے ، جے پرکاش نارائن ، اور مس مردولا سارا بائی ۔ ۔ ۔ ۔ یہ سب چاھتے ھیں کہ کشمیر کے معاملہ میں بھارت کا پاکستان کے ساتھ کوئی پرامن فیصلہ ھو جائے ۔ لیکن شاستری صاحب کی بھارتی حکومت امن نہیں چاھتی ۔ کیونکہ وہ جانتے ھیں ۔ کہ امن ھو جائے ۔ تو کانگرسی حکومت آنے والے الیکشن ھار جائے گی ۔ لہذا میرا اپنا ایمان ھے ۔ کہ جنگ بندی بالکل عارضی ھے ۔ یہ جنگ دوبارہ ضرور ھوگی ۔ چنانچہ ھم ھر روز دیکھتے ھیں ۔ کہ کوئی دن

ایسا نہیں جاتا جب بھارتی فوجیں cease fire کی دس بارہ خلاف ورزیاں نہ کرتے ہوں وہ اپنی جنگی تیاری میں مصروف ہیں ۔ لیکن ان کے لوگ بھیک مانگ رہے ہیں ۔ ان کو کپڑے اور جوتے تک میسر نہیں ۔ اس کے باوجود وہ جنگی سامان کے لئے مکمل تیاری کر رہے ہیں ۔ وہاں جو کال ہے ۔ وہ ان کا اپنا پیدا کردہ ہے ۔ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہے ۔ یہ تو ان کا خود ساختہ ہے ۔ جتنا روپیہ ان کے پاس ہے ۔ وہ سب defence پر خرچ کر رہے ہیں ۔ اور اس کے ساتھ ساتھ در در کی بھیک مانگتے پھرتے ہیں ۔ کہ یہاں کال پڑ گیا ہے ۔ ہمیں آٹا بھیجو ۔ چاول بھیجو ۔ اور ضروریات کی دوسری چیزیں بھیجو ۔

شکر الحمد اللہ ۔ مجھے تو پہلے بھی پتہ تھا ۔ لیکن اب صدر پاکستان نے خود ہی اپنی زبان سے فرما دیا ہے ۔ کہ ہمارا دفاع مضبوط ہے ۔ ۶ ستمبر کو ہماری جو تیاری تھی ۔ اب اللہ کے فضل سے اس سے کہیں زیادہ تیاری ہے ۔ اگر اب بھارت نے ہم سے ٹکر لی ۔ تو انشاء اللہ ، اور اللہ کے حکم سے دوبارہ cease fire نہ ہو گا ۔ ایک بار ہم نے انہیں chance دیا ہے ۔ پھر ایسا ہرگز نہ ہو گا ۔ (قطع کلامی) حاجی صاحب پہلے آپ تقریر کر لیں ۔ مجھے تو پہلے ہی سات گھنٹے کے بعد وقت ملا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر—جناب والا ۔ وہ آپ کی تائید کر رہے ہیں ۔

وزیر خزانہ ۔ لیکن مجھے تو لائن سے اتار دیا ہے ۔ (قہقہہ)

جناب ۔ ہمارے صدر محترم نے یہ فرمایا ہے ۔ کہ ہم اپنے عوام کو جنگی تربیت دیں گے ۔ اور جب ہماری مرکزی حکومت نے ضعفی

بجٹ برائے دفاع پاس کیا تھا ۔ تو یہی شاستری صاحب پہلے واشنگٹن اور پھر تاشقند میں بھی صلح کی گفت و شنید پر آمادہ ہو گئے ہیں ۔ اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر ہم نے اور تیاری کی تو یہی شاستری صاحب لاہور میں بھی بات چیت کرنے کے لئے آ جائیں گے ۔ شاستری صاحب اگرچہ وہ قد میں چھوٹے ہیں ۔ مگر وہ صرف طاقت کی زبان سمجھتے ہیں ۔ شرافت کی زبان نہیں سمجھتے ۔ ہم مسلمان ہیں اور حمزہ صاحب نے اسلام کا مجھ سے زیادہ مطالعہ کیا ہے ۔ اللہ بھی کہتا ہے کہ مشرک سے منکر اچھا ہے ۔ مشرک وہ ہے ، جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرے ۔ منکر وہ ہے ، جو اللہ کی ہستی سے انکار کرے ۔ یہ بھارتی باشندے مشرک ہیں ۔ اور جو ہمارے لئے دوست ہیں وہ منکر ہیں ۔ ہم منکر سے زیادہ دوستانہ کریں گے ۔ لیکن مشرک سے ہرگز نہ کریں گے ۔

جناب والا ۔ جس دن بھارت نے پاکستان پر وحشیانہ اور بزدلانہ حملہ کیا ۔ میں اس صوبے کے ناظم اعلیٰ کے ساتھ نتھیا گلی میں تھا ۔ چنانچہ جس وقت گورنر صاحب کو لاہور پر حملے کی خبر پہنچی ۔ تو وہ اسی وقت ہی راولپنڈی کی طرف چل کھڑے ہوئے ۔ راولپنڈی میں بہت سے اصحاب نے ان سے کہا کہ ان کا لاہور آنا مناسب نہیں ۔ لیکن ملک امیر محمد خان نے کہا ۔ کہ نہیں ۔ ان کا لاہور جانا اشد ضروری ہے ۔ اگرچہ بھارت کا ریڈیو یہ ڈینگیں مار رہا تھا ۔ کہ انہوں نے لاہور کو فتح کر لیا ہے ۔ اس کے باوجود بھی وہ لاہور تشریف لائے ۔ اس وقت میں بھی ان کے ساتھ تھا ۔ اور جیسا کہ قائد ایوان نے فرمایا ہے ۔ یہاں بھی لوگوں نے گورنر صاحب سے کہا ۔ کہ گورنمنٹ ہاؤس کی عمارت تو بھارتیوں کے لئے ایک بڑا اچھا target ہے ۔ آپ کو علم ہے ۔ کہ گورنمنٹ ہاؤس ماشاء اللہ سو برس پرانی عمارت ہے ۔ اور

آپ صوبے کے ناظم اعلیٰ ہیں ۔ لہذا آپ کم از کم اتنا ہی کریں ۔ کہ چونکہ یہ عمارت نمایاں ہونے کی وجہ سے غیر محفوظ ہے ۔ اس لئے آپ کسی محفوظ جگہ پر تشریف لے جائیں ۔ اور وہاں آرام کریں ۔ لیکن انہوں نے مجھے کہا ۔ کہ اگر خدانخواستہ بمباری ہوئی ۔ اور میری لاش کسی اور جگہ سے برآمد ہوئی ۔ تو لوگ کیا کہیں گے ۔ میں یہ بدنامی مول لینے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ اگر مرنا ہی ہے ۔ تو میں یہیں مروں گا ۔ اور یہاں سے کہیں نہ جاؤں گا ۔ چنانچہ گورنر صاحب سے inspiration لے کر میں بھی جگہ جگہ پہنچتا رہا ۔

اس کے علاوہ اسی دن سے گورنر کی کیبنٹ نے بھی یہ فیصلہ کر لیا ۔ کہ ملکی دفاع کی غرض سے اخراجات کرنے کے سلسلے میں مرکزی حکومت اور صوبائی حکومت میں کوئی فرق نہیں ۔ ملک کا تحفظ ہمارے لئے بھی اتنا ہی ضروری ہے جتنا کہ مرکزی حکومت کے لئے ہے ۔ ہم نے اس سلسلے میں اخراجات برداشت کرنے میں کوئی حیلہ بہانہ نہ تراشا ۔ اور اس طرح ہم نے اپنی جانب سے کوئی بھی فرو گزاشت نہ کی ۔ ہم نے مرکزی حکومت سے نہ پوچھا ۔ بلکہ جتنا خرچ بھی کرنا پڑا ۔ ہم نے از خود ہی اس خرچ کو اپنے ذمے لے لیا ۔ اور انشاء اللہ آئندہ بھی ملکی دفاعی پر اسی طرح خرچ کرتے رہیں گے ۔ ہم نے مرکزی حکومت سے پوچھنا اس لئے مناسب نہ سمجھا ۔ کہ اگر خرچ کی ضرورت آج ہے ۔ اور ہم اس سلسلے میں مرکزی حکومت سے دریافت کرتے پھریں ۔ تو ہو سکتا ہے ۔ کہ وقت ہاتھ سے نکل جائے ۔ اور بعد میں ہمیں لعن طعن کی جائے ۔ کہ ہم نے کوئی کوتاہی کی ہے ۔

جناب والا ۔ پیشتر اس کے کہ میں ان تفصیلات میں جاؤں ۔ جن کا تعلق ان اقدامات سے ہے جو آپ کی حکومت نے ان ہنگامی حالات

میں کئے ھیں ۔ میں اس معزز ایوان کے سامنے ایک عرض کرنا چاھتا ھوں ۔ اور خاص طور پر خواجہ صفدر صاحب کی توجہ کے لئے کرنا چاھتا ھوں ۔ آپ کو معلوم ھے ۔ کہ کوئی جنگ بھی بغیر قربانی دیئے نہیں لڑی جا سکتی ۔ چنانچہ جو لوگ یہ سمجھتے ھیں ۔ کہ دکھ درد ۔ آھوں ۔ آنسوؤں اور خون پسینہ بہائے بغیر ھی جنگ لڑی جا سکتی ھے ۔ تو ان کے لئے میں صرف یہ کہوں گا ۔ کہ وہ ناسمجھ ھیں ۔ جو قوم بھی جنگ میں مبتلا ھو گی ۔ اسے بڑی قربانیاں دینی پڑتی ھیں ۔ میں ایوان کا زیادہ وقت لینا نہیں چاھتا ۔ بہرحال میں آپ کی خدمت میں وہ تفصیلات عرض کروں گا ۔ جن کا تعلق ان اقدامات سے ھے جو ھم نے اس دوران کئے ھیں ۔

جناب والا ۔ جب جنگ شروع ھوئی ۔ تو سب سے پہلے ھم نے امدادی کیمپ اور مراکز کھولے ۔ جن کا انتظام ضلعی کمیٹیوں کے سپرد کیا گیا ۔ جن کی صوبائی سطح پر مغربی پاکستان کے ریلیف کمشنر نگرانی کرتے ھیں ۔ دو اور کمیٹیاں یعنی ایک پالیسی کمیٹی اور دوسری co-ordination کمیٹی کام کر رھی ھیں ۔ جن میں متعلقہ محکمے ۔ جملہ سیاسی جماعتوں اور رفاعی اداروں کے نمائندے شامل ھیں ۔ چنانچہ جانی نقصان ، مویشیوں اور گھر بار کے نقصانات کا جائزہ لے کر اور تعین کرکے معاوضہ دیا جا رھا ھے پھر گھروں کا census اور ان کے نقصانات کا جائزہ لینے کے لئے عملہ مقرر کیا گیا ھے ۔ اور یہ کام مکمل بھی کر لیا گیا ھے ۔ اب ان ھی اعداد و شمار کی روشنی میں آبادکاری کے مسئلے کو حل کرنے کے متعلق اقدامات کئے جائیں گے ۔ اور جنگ میں شہید ھونے والے سرکاری ملازمین کے پسماندگان کی امداد کے لئے ان کی تنخواہ اور گرانٹ دینے کے لئے بھی اقدامات کئے گئے ھیں ۔ اور ۶۵ - ۱۱ - ۱۹ - ۶۵ - ۱۱ - ۲۰ کو ھی قانون مالیہ کے ذریعے متاثرہ

لوگوں کو معاوضہ اور امداد دینے کے لئے احکامات جاری کئے جا چکے ہیں ۔

اس کے علاوہ ۳۳ ریلیف کیمپ اور ۱۰۳ ریلیف سینٹر کھولے گئے ہیں ۔ جو کہ تاحال کام کر رہے ہیں ۔ ایک ہزار مکان تھل کے علاقہ میں زیر تعمیر ہیں ۔ یہ پہلی قسط ان لوگوں کو وہاں بسانے کے لئے ہے جو ہمارے ہاں بے گھر ہو کر آئے ہیں ۔ یا مفتوحہ علاقوں سے متعلق ہیں ۔ یہ ایک ہزار مکان جو ہم تھل کے علاقے میں تعمیر کر رہے ہیں ۔ بے گھر لوگوں کو دئے جائیں گے ۔ اور ان کے ساتھ ساتھ ان کو چھ ماہ کا خرچ بھی دیا جائے گا ۔ ہم نے عطیات کا جو اندازہ لگایا تھا ۔ وہ اندازہ پورا ہو چکا ہے ۔ اس طرح اگر ان لوگوں کو چھ ماہ کا خرچ مزید درکار ہوگا ۔ تو وہ بھی انہیں دیدیا جائے گا ۔ ہمارا اندازہ تھا ۔ کہ ہمیں اٹھارہ ہزار ٹن گندم کی ضرورت ہوگی ۔ اور عطیات سے جو گندم موصول ہوئی ہے ۔ وہ دس ہزار ٹن ہے ۔ اسی طرح چاول کا اندازہ چھ سو ٹن تھا ۔ شکر (جس میں کھانڈ بھی شامل ہے) کا اندازہ ۲۵۸ ٹن تھا ۔ بناسپتی گھی کا اندازہ چھ سو ٹن تھا ۔ بارہ لاکھ گز کپڑے کا اندازہ تھا ۔ تین ہزار من صابن کا اندازہ تھا ۔ ہمیں یہ سب اشیاء عطیات کے ذریعے پوری مقدار میں وصول ہو چکی ہیں ۔ ڈبے کے دودھ (جو دیسی دودھ کے برابر ہے) کا اندازہ ایک ہزار ٹن تھا اس کی بھی پوری مقدار عطیات کے ذریعے مل چکی ہے ۔ اس کے علاوہ آپ کی حکومت نے اس وقت تک ۶۲ لاکھ روپیہ خرچ کیا ہے ۔ یا gifts لئے ۔ اور اگر اس سے بھی زیادہ خرچ کرنے کی ضرورت پڑی ۔ تو جیسا کہ قائد ایوان نے فرمایا ہے ۔ ہم انشاء اللہ اپنی حیثیت سے زیادہ ہی دیں گے ۔ کم نہیں دیں گے ۔

اس کے علاوہ آپ کی حکومت نے کئی کروڑ روپے کے اخراجات کئے ہیں ۔ شہری دفاع ، سڑکیں ، پل ، ٹرانسپورٹ ، بلڈ بنک ، ہسپتالوں میں مزید بستر ، دوائیاں ، کوئلہ اور اسی قسم کی دیگر معدنیات ۔ غرضیکہ اگر میں پوری فہرست پڑھوں ۔ کہ ہم نے کہاں کہاں روپیہ خرچ کیا ہے ۔ تو اس پر پورا ایک گھنٹہ لگے گا ۔ ہو سکتا ہے ۔ کہ جو اقدامات ہم نے کئے ہیں ۔ ان میں کچھ خامیاں ہوں ۔ ہو سکتا ہے ۔ کہ انتظامیہ نے بھی کوتاہی کی ہو ۔ لیکن آپ کو معلوم ہونا چاہئے ۔ کہ یہ کام کوئی معمولی کام نہ تھا ۔ یہ ایک بہت ہی بڑا کام تھا ۔ میں کہتا ہوں ۔ کہ ہمارے افسران نے جس تندھی سے کام کیا ہے ۔ بجائے اس کے کہ انہیں خراج تحسین پیش کیا جاتا ۔ ان کے متعلق ذلت آمیز الفاظ استعمال نہ کرنا چاہئیں تھے ۔ انہوں نے دن رات کام کیا ہے ۔ میں ریلیف کمشنر کو جانتا ہوں ۔ انہوں نے سولہ سولہ گھنٹے متواتر کام کیا ہے ۔ اور جن وزراء پر آپ نے نکتہ چینی کی ہے ۔ کیا آپ کا خیال ہے ۔ کہ وہ لاہور میں بیٹھے رہیں ۔ اور باہر نہ جائیں ۔ یہ تو اپنا اپنا دائرہ کار ہے ۔ اگر انہوں نے مجھے کہا ۔ کہ میری طرف سے آپ چلے جائیں ۔ تو آپ یوں سمجھ لیں ۔ کہ وہ مسعود صادق نہیں گیا ۔ بلکہ وہ تو ساری کابینہ کا ایک نمائندہ گیا تھا ۔ اگر میری جگہ ملک محمد حیات صاحب کو آرڈر ہوتا تو محمد حیات چلے جاتے ۔ حبیب اللہ صاحب کو کہتے تو حبیب اللہ صاحب چلے جاتے ۔ گویا یہ تو بتقسیم کار کا ایک طریقہ تھا ۔ ویسے ہمارا خیال یہ تھا کہ سب وزراء یہاں ہونے چاہئیں ۔ کیونکہ اگر سب وزرا یہاں سے چلے جاتے تو ممکن تھا لوگ یہ سمجھتے کہ حکومت بھاگ گئی ہے ۔ اس لئے ایک وزیر کو کھلا چھوڑ دیا ۔ باقی کو یہاں باندھ کر رکھ دیا ۔ (قہقہہ) ۔

جناب والا ۔ مطالبۂ زر نمبر ۲ کے بارے میں چودھری محمد نواز صاحب نے دو باتیں پیش کی ہیں ۔ ایک یہ کہ tube wells کے لئے ۲۹ لاکھ روپیہ

کم ہے ۔ اور یہ رقم زیادہ ہونی چاہئے ۔ میں انہیں بتانا چاہتا ہوں کہ ترمیم شدہ ترقیاتی پروگرام میں ۱۱ کروڑ ۴۶ لاکھ روپے کی رقم tube wells لگانے کے لئے مخصوص کی گئی ہے ۔ یہ ۲۹ لاکھ روپیہ بھی اس میں شامل ہے ۔

دوسرا نکتہ انہوں نے یہ بتایا ہے کہ ۲۵۳ tube wells مطالبہ نمبر ۲ کی رو سے پانچ نہروں کے Heads پر لگائے جا رہے ہیں ۔ دراصل ۲۵۳ tube wells ان پانچ نہروں کے Heads پر لگائے جا رہے ہیں بلکہ وہ سی ۔ سی ۔ اے یعنی آب پاشی کے رقبے پر لگائے جا رہے ہیں ۔ یہ اطلاع ان کے شکوک رفع کرنے کے لئے ہے ۔

جناب منگھی صاحب کا مشورہ یہ ہے کہ سابقہ سندھ کے علاقے میں Small Dams بنائے جانے چاہئیں ۔ چنانچہ ان کی یہ تجویز متعلقہ محکمے کو پہنچا دی گئی ہے ۔ ۱۰ لاکھ روپے کا کام نگر پارکر میں کیا جا رہا ہے ، جس کیلئے سوا دو لاکھ روپے رکھے گئے ہیں حالانکہ انہوں نے کہا تھا کہ وہاں کچھ نہیں ہو رہا ۔

خان اجون خان جدون نے کہا ہے کہ اس ہاؤس کے نمائندگان کو بے خانماں لوگوں کی آباد کاری کے سلسلے میں اپنے ساتھ شامل کریں ۔ ہمارے ہاں اس وقت دو سب کمیٹیاں ہیں ایک policy matters کے متعلق ہے اور دوسری co-ordination کمیٹی ہے ان دونوں کمیٹیوں میں اب بھی عوامی نمائندے موجود ہیں ۔ ان میں صوبائی اور مرکزی اسمبلیوں کے ممبران بھی شامل ہیں ۔

احمد میاں سمرو صاحب نے کہا ہے کہ نیشنل ڈیفنس فنڈ میں جو چیزیں آ رہی ہیں ان کے متعلق رسیدیں ان کے علاقے میں نہیں دی جا رہیں ۔ یہ فنڈ مرکزی حکومت جمع کر رہی ہے ۔ اور صوبائی حکومت

صرف ہدایات جاری کر رہی ہے کہ کوئی چندہ بغیر رسید کے نہ دیا جائے۔ اور جو چندہ بھی دیا جائے۔ وہ براہ راست بنک میں جمع کرایا جائے۔ اگر لوگ بخوشی افسران کی معرفت چندہ جمع کرائیں تو ان کی باقاعدہ رسید دی جائے۔ ان ہدایات پر آئندہ سختی سے عمل کیا جائے گا۔

خان محمد اسلم صاحب خٹک نے فرمایا ہے کہ بچت کی سکیمیں افسران کے عدم تعاون کی وجہ سے ناکام ہو جاتی ہیں۔ اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ اس آزمائش کی گھڑی میں مختلف محکمے اور ان کا عملہ ہر سطح پر پوری طرح تعاون کر رہے ہیں۔ اور محکمہ مالیات ایسے اقدامات کر رہا ہے جن سے بچت کی سکیمیں پوری طرح کامیاب ہوں۔ خٹک صاحب نے مزید کہا کہ مہنگی عمارتیں سرکاری ملازمین کے لئے نہ بنائی جائیں۔ حکومت اس سلسلے میں بھی کچھ ہدایت جاری کر رہی ہے۔

جناب والا۔ بجٹ کے بارے میں بہت سی تقریریں ہوئی ہیں۔ میرے کئی بھائیوں نے کہا کہ ٹیکس نہیں لگایا گیا۔ میں نے اپنی بجٹ کی تقریر میں عرض کیا ہے کہ رضاکارانہ طور پر ۳۵ کروڑ روپیہ عطیات اور نیشنل ڈیفنس فنڈ میں جمع ہؤا ہے جس میں مغربی پاکستان کا حصہ ۲۷ کروڑ روپے کے قریب ہے۔ جب ہماری قوم خود ہی ہمارے ساتھ تعاون کر رہی تھی تو کیا ضرورت تھی کہ ہم ان پر ٹیکس لگاتے۔ جناب والا۔ میں سمجھتا ہوں کہ میں تھک گیا ہوں۔ (قہقہے اور تالیاں) اس لئے اب اجازت چاہتا ہوں۔

Mr. Speaker : The House stands adjourned to meet again at 9 a.m. to-morrow.

The Assembly then adjourned till 9. a.m. on Wednesday, the 8th December, 1965.

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

SECOND SESSION OF THE SECOND PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN.

WEDNESDAY, THE 8TH DECEMBER, 1965.

The Assembly met at the Assembly Chamber, Lahore, at 9-00 a.m. of the clock. Mr. Speaker, Chaudhri Muhammad Anwar, in the Chair.

Recitation from the Holy Qur'an by Qari Ali Hussain Siddiqi (Qari of the Assembly) and its translation.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ
وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۪ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۙ لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ
عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا
اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا
وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۝ اِذْ جَآءُوْكُمْ
مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ
الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ۝ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ
وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ۝

(پ ۲۱ - س ۳۳ - رکوع ۱۷ و ۱۸ - آیات ۷ تا ۱۱)

اور ہم نے پیغمبروں سے عہد لیا اور تم سے اور نوحؑ سے اور ابراہیمؑ سے اور موسیٰؑ سے اور مریمؑ کے بیٹے عیسیٰؑ سے اور عہد بھی ان سے پکا لیا تاکہ سچ کہنے والوں سے اُن کی سچائی کے بارے میں دریافت کرے اور اس نے کافروں کے لئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

اے مسلمانو! اللہ کی اس مہربانی کو یاد کرو جو اس نے تم پر اس وقت کی جب فوجیں تم پر حملہ کرنے کو آئیں تو ہم نے اُن پر تند ہوا بھیجی اور ایسے لشکر نازل کئے جن کو تم دیکھ نہیں سکتے تھے اور جو کام تم کرتے ہو اللہ اُن کو دیکھ رہا ہے۔ جب وہ تمہارے اوپر اور نیچے کی طرف سے یورش کر دوڑے اور جب آنکھیں پھر گئیں اور دل دہشت سے گلوں تک پہونچ گئے اور تم اللہ کی نسبت طرح طرح کے گمان کرنے لگے اس موقع پر مسلمان خوب آزمائے گئے اور سخت طور پر ہلائے اور جھنجوڑے گئے۔

وما علینا الا البلاغ

STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Speaker. The Question Hour. Kazi Muhammad Azam Abbasi.

SEMINAR ON VOCATIONAL GUIDANCE FOR YOUTH HELD AT HYDERABAD

***165. Kazi Muhammad Azam Abbasi** : Will the Minister of Labour be pleased to state :—

(*a*) whether it is a fact that a three-day seminar on "Vocational Guidance for Youth" was held at Hyderabad from April 22, jointly by the Education Department and the Labour Welfare Department ;

(*b*) whether it is a fact that the said seminar was attended by Head-masters and Senior Teachers ;

(*c*) if answers to (*a*) and (*b*) above be in the affirmative, the problems discussed and studied in the said seminar and the steps Government intend to take to solve these problems ?

Parliamentary Secretary (Malik Muhammad Muzaffar Khan) : (*a*) Yes.

(*b*) Yes.

(*c*) The choice of profession or career is a complex problem for young persons which is dependent upon factors like availability of a job and suitability of the person to perform the duties pertaining to the job. It is one of the obligations of the State to provide guidance to young persons in making a choice of the career, and the Seminar at Hyderabad was concerned with problems connected therewith.

In consultation with the Provincial Governments, the Government of Pakistan have set up one Vocational Guidance Unit in each Province as an experimental measure. The West Pakistan Unit has been functioning at Karachi for the last one year, and is to be transferred to the Provincial Government during the current financial year. When the Project has passed the experimental stage, it is planned to establish similar units at other important centres, which will provide guidance to young

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - ان پر کبھی اثر نہیں ہو سکتا - یہ چکنے گھڑے ہیں - تو جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ۱ء۴ کروڑ کی رقم کی کمی کی دو وجوہات ہیں - ایک تو یہ ہے کہ بیرونی ممالک سے قرضہ جات حاصل کئے جائیں گے لیکن یقینی طور پر نہیں کہا جا سکتا - کہ بیرونی ممالک سے قرضہ جات پورے کے پورے مل جائیں گے یا نہیں - اس کمی کی دوسری وجہ یہ ہے کہ وہ بجٹ میں لچک پیدا کرنا چاہتے ہیں جب میں revised programme کو دیکھتا ہوں تو مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بیرونی قرضہ جات اور امداد کی مد میں صرف ۸ کروڑ روپیہ کی کمی کی گئی ہے - باقی قرضہ جات اور امداد کو جوں کا توں رکھا گیا ہے - اس لئے بہتر یہ ہے کہ اس کا اعداد و شمار سے مقابلہ کریں - Foreign Exchange Component میں پہلے Development Programme کے لئے Foreign Aid یا Loan کی رقم ۵۲۶۳۰۶۹ لاکھ روپیہ درکار تھی اور اس دفعہ ۴۴۴۷۰۵ لاکھ روپیہ کی رقم درکار ہے - اگر یہ رقم اس میں سے نکال دیں تو باقی تقریباً ۸ کروڑ کی رقم رہ جاتی ہے - تو اس سے ۸ کروڑ کی حد تک کمی پوری ہو گی - اور باقی ۳۳ کروڑ کی کمی اگر محض اس بجٹ میں لچک پیدا کرنے کے لئے کی گئی ہے تو میں اس لچک کی نوعیت کو سمجھنے

سے قاصر ہوں ۔ میں اقتصادیات کا ماہر تو نہیں ہوں ۔ مجھے قطعاً یہ دعویٰ نہیں ۔ میں تو اس کا ابجد بھی نہیں جانتا ۔ لیکن میں اتنا جانتا ہوں کہ ۱۴۰ کروڑ کے بجٹ میں ۳۵ یا ۳۶ کروڑ کی رقم محض لچک پیدا کرنے کے لئے رکھی جائے یہ کسی طرح درست نہیں ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میں نہیں سمجھ سکا کہ خواجہ صاحب کس Demand پر بحث کر رہے ہیں۔ اس Demand No. 1 میں تو کوئی ایسی چیز نہیں ۔ پتہ نہیں وہ کس کتاب سے پڑھ رہے ہیں ۔ اگر وہ کچھ کہنا چاہتے ہیں تو وہ Demand No. 2 پر بول سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker : He will explain the position.

خواجہ محمد صفدر ۔ مجھے خوشی ہے کہ وزیر خزانہ تشریف لے آئے ہیں اور انہوں نے یہ اعتراض کیا ہے کہ میں اس Demand پر کیوں بحث کر رہا ہوں ۔ میں اس Demand پر اس لئے بحث کر رہا ہوں کہ انہوں نے ۱۰ کروڑ کی رقم اس بجٹ سے نکال کر Emergency کے کاموں یا ہنگامی کاموں کے لئے تجویز فرمائی ہے ۔ انہوں نے ایسا کیوں کیا ہے ، میری تقریر کا اصل موضوع ہی یہی ہے ۔ کہ انہوں نے ۳۳ کروڑ کی رقم کی بچت ناجائز طور پر کی ہے ۔ اور اس میں سے دس کروڑ کی رقم اس مد میں ڈال کر انہوں نے اس صوبہ پر کوئی احسان نہیں کیا ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ کہ وہ اس ۳۳ کروڑ کی رقم کو علیٰ حالہ رہنے دیتے ۔ اس میں سے ۱۰ کروڑ روپیہ

نکال لیتے ۔ اور ۲۳ کروڑ روپیہ اپنی اپنی جگہ پر قائم رہتا یا اس کا کوئی دوسرا صرف ہوتا تو یہ درست تھا ۔ یا وہ یہ کہتے کہ میں دس کروڑ روپیہ ایک علیحدہ taxation سے حاصل کر رہا ہوں ۔ پھر شاید میں اس دس کروڑ کے اندر اندر رہتا لیکن جس source سے اور جس منبع سے یہ ۱۰ کروڑ روپیہ حاصل کیا گیا ہے ۔ میں اس منبع کا ذکر اپنی تقریر میں کر سکتا ہوں کہ آیا وہ درست پر حاصل کیا گیا ہے یا نہیں ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ یہ Emergency reserve رکھا گیا ہے ۔

خواجہ صاحب آپ جو چاہیں فرمائیں لیکن میری تقریر میں ان دس کروڑ روپوں کا بھی حوالہ تھا کہ کہاں سے آ جائیں گے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ لیکن جناب اس حکومت کے جتنے کام ہیں سب گورکھ دھندوں پر چلتے ہیں جنکے متعلق کہا گیا ہے ۔

کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی

وزیر خزانہ ۔ خواجہ صاحب لڑائی ہے لڑائی اور emergency ہے ۔

You are in emergency.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب میں کیا عرض کروں ؟ خدا جانے یہ emergency کو کیا سمجھتے ہیں گویا emergency ایک ہؤا ہے کہ کوئی

کچھ بات نہ کرے اور یہ ہمیں اس سے ڈرا رہے ہیں جسے پنجابی میں کہتے ہیں ۔ X X X X *

وزیر خزانہ ۔ X X X X *

Mr. Speaker : The remarks made by the Finance Minister are expunged from the proceedings.

Minister for Finance : Sir, I only repeated him. That compliment stands in my name.

Mr. Speaker : That is also expunged.

خواجہ محمد صفدر ۔ میں جناب صرف emergency کے متعلق عرض کر رہا تھا ۔ میری کیا جسارت کہ میں کسی وزیر با تدبیر کے متعلق کچھ عرض کر سکوں ۔ بہر حال میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس ۳۳ کروڑ روپے کی کمی میری رائے میں جناب وزیر خزانہ نے ہمارے ترقی یافتہ بجٹ میں درست طور پر نہیں کی ۔ اس سلسلے میں ایک یا دو مثالیں میں عرض کرتا ہوں ۔ سب سے پہلی بات میرے نقطہ نظر میں یہ ہے کہ وزیر خزانہ نے اس صوبہ پر ظلم عظیم کیا ہے کہ انہوں نے Agricultural sector سے پونے پانچ کروڑ روپے کی رقم کل خرچ سے جو تقریباً ۳۳ فیصدی بنتا ہے گھٹا دی ہے ۔ اور ظلم اسلئے کہ یہ صوبہ جسکی معیشت کا انحصار زراعت پر ہے ۔ اور جسکے لئے باربار حکومت کی جانب سے بھی اعلان ہوتا ہے اور ہماری جانب سے بھی اعلان ہوتا ہے کہ ہم زرعی پیداوار کے لحاظ سے اس صوبہ کو خود کفیل بنانا چاہتے ہیں اور بجائے اسکے کہ ہم اپنی خوراک کیلئے اپنا قیمتی زرمبادلہ صرف کریں یا کسی ملک کے سامنے

* Expunged as ordered by the Speaker.

بھیک کا کچکول لیکر جائیں ۔ یہ کہیں زیادہ بہتر ہے کہ ہم خود اس صوبے کیلئے خوراک پیدا کریں ۔ لیکن ہمارے دوست نے تقریباً ۵ کروڑ روپے کی کمی کرکے صرف اس مد میں اس صوبہ پر ظلم عظیم کیا ہے ۔ اور ہماری زرعی ترقی کو روکنے میں سب سے بڑا کارنامہ دکھایا ہے ۔ مجھے کچھ زیادہ مخالفت نہ ہوتی اگر یہ اسقدر رقم Rural Works Programme میں سے نکال لیتے اور اسمیں کمی ہو جاتی لیکن زراعت کے سیکٹر سے اسقدر کثیر رقم نکالنا میرے خیال میں عقلمندی سے بعید تھا اسکے بعد جناب والا۔ محترم وزیر خزانہ نے فزیکل پلاننگ اور ہاؤسنگ کے سیکٹر سے بھی ۱۶ء۷ کروڑ روپیہ سے زیادہ حذف کر دئے ہیں دوسری مدات کے متعلق شاید میں ان کی تائید کرتا ہوں لیکن Govern- اور General Housing ment Servants Housing سے پونے کروڑ روپیہ ضبط کر لئے ہیں ۔ اس سے مراد یہ ہے کہ مختلف شہروں میں چھوٹے چھوٹے جو مکان بنائے جاتے ہیں ان میں بھی کمی کر دی جائے۔ یہ کام کر کے انہوں نے صوبے کی کوئی خدمت نہیں کی ۔ سب ہی لوگ جانتے ہیں کہ ہمارے یہاں صنعتی ترقی کے ساتھ ساتھ یہ رجحان ہے کہ ہماری آبادی شہروں کیطرف آرہی ہے ۔ کسی شہر میں چھوٹا یا بڑا مکان رہنے کیلئے کرایہ پر نہیں ملتا لیکن یہ جو Revised Programme آیا ہے اسمیں ''سی'' اور ''ڈی'' ٹائپ کو کالونیز ماسوائے حیدرآباد اور لائل پور کے تمام شہروں سے کاٹ دی گئی ہیں اور جنہیں کاٹنا چاہئے تھا مثلاً سٹیلائٹ ٹاؤن امراء اور انڈسٹریلسٹ اور بڑے بڑے کارخانہ داروں کے بنگلے ان میں کوئی کمی نہیں کی گئی ہے ۔ لہذا مجھے اس پر اعتراض ہے ۔ اور میں عرض کرونگا کہ اگر ان میں تخفیف کرنا ہی تھا تو انہوں نے سی ٹائپ کالونیز میں کیوں تخفیف کی

جو سیٹلائٹ ٹاؤن بنیں گے یا جو بنگلے بنیں گے ان میں تخفیف کیوں نہ کی ۔

جناب والا ۔ میں حیران ہوں کہ جس ملک کی آبادی میں پڑھے لکھے لوگوں کا تناسب صرف ۱۹۔ فیصد ہو اس ملک کے ایک وسیع و عریض صوبے کے فائننس منسٹر بجٹ میں دی گئی رقم میں سے تعلیم کے خرچ پر سے ساڑھے چارکروڑ روپیہ کم کر دیں یعنی تقریباً تقریباً ۳۵ ۔ فیصدی رقم گھٹا دیں تو میں بجٹ کو ان تجاویز پر کس طرح وزیر خزانہ یا اس وزارت کو قابل مبارکباد سمجھوں ۔ کل میرے دوست جو بغیر پڑھے لکھے وزیر خزانہ کو مبارکباد دے رہے تھے انکو چاہئے تھا کہ وہ بجٹ کو پڑھکر مبارکباد دیتے اصل بات یہ ہے کہ یہ ہماری جہالت میں اضافہ کرنے کے موجب بنے ہوئے ہیں ۔ جناب وزیر خزانہ نے ساڑھے چار کروڑ روپے کی کمی کر دی اور ۱۲ کروڑ روپے کا کل بجٹ پیش کر دیا ۔ ذرا اندزاہ فرمائیے کہ یہ بھی کوئی تناسب ہے ۔

جناب والا ۔ اب میں آخر میں ٹرانسپورٹ اور communications کا ذکر کروں گا اس میں ۳۳ء۷ کروڑ روپے کی کمی کردی گئی ہے ۔ مجھے افسوس ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر خزانہ ۔ خواجہ صاحب ان سب کا total کیجئے ۱۰ کروڑ بنتا ہے یا ۴۰ کروڑ بنتا ہے

It has nothing to do with the annual development.

کمی تو ہم کر رہے ہیں لیکن اپنے non-development expenditure میں ۔ یہ بات آپکی جہالت ثابت کرتی ہے یا میری؟ در اصل آپ کو حساب کتاب کچھ نہیں آتا میں سمجھا دونگا جس وقت جواب دونگا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جس وقت آپ جواب دیں گے میں نہایت غور سے سنوں گا کل بھی میں نے ایک وزیر با تدبیر کا جواب سنا تھا اور آج بھی سن لونگا ۔

وزیر خزانہ ۔ خواجہ صاحب آپ سننے سے کانپتے ہیں ۔ تھر تھراتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میرے دوست نے ریلوے اور communication کے محکمہ میں اس قسم کی خرچ کی مدات کو جو گھٹانے والی تھیں ان کو بحالہ قائم کر رکھا ہے اور جن کو قائم رکھنا چاہئے تھا ان کو گھٹا دیا ہے ۔ مثال کے طور پر گدو بیراج اور غلام محمد بیراج میں ایک کروڑ ۱۰ لاکھ روپے کی لاگت سے ترمیم شدہ ترقی یافتہ پروگرام میں سڑکیں بنانا ضروری خیال کیا گیا ہے ۔ اور وہ شاید اس لئے کہ بڑے بڑے افسر صاحبان جنہیں وہاں زمینیں ملی ہوئی ہیں کہیں ایسا نہ ہو کہ جب وہ اپنی زمینوں پر جائیں تو ان کو کسی چھکڑے یا بیل گاڑی میں جانا پڑے اس لئے وہاں سڑکیں بنانا ضروری ہے دفاع کی غرض سے جب وہ اپنی سڑکوں اپنے کھیتوں میں جائیں دفاع کی غرض سے جب وہ اپنے مربعوں میں جائیں دفاع کی غرض سے emergency کے ہوتے ہوئے بھی ان کو موٹر پر سے نہیں اترنا چاہئیے ۔ جناب والا ۔ میں عرض کروں گا

اور ابھی اس طرف آتا ہوں اور اپنی ان تجاویز کو جب میں پیش کروں گا کہ کہاں سڑکیں ہونی چاہئیں ریلوں میں کون سی تبدیلی ہونی چاہئیے تو جناب ذرا توجہ سے میری گذارشات کو سماعت فرمائیں ۔ میں پھر عرض کرتا ہوں کہ ابھی یہ رقوم درست طور پر خارج نہیں ہوئیں ۔ جناب والا ۔ میرے دوست جناب وزیر خزانہ نے مجھ سے وعدہ کیا کہ وہ ابھی میری غلط فہمی کا ازالہ فرمائیں گے ۔ مجھے خوشی ہوگی لیکن جب میں دیکھتا ہوں کہ ان کے قول و فعل میں بلکہ اس گورنمنٹ کے قول و فعل میں ہر جگہ تضاد ہے تو مجھے رنج پہنچتا ہے ۔ مثال کے طور پر ہماری گورنمنٹ کے سر براہوں نے بار بار یہ اعلان فرمایا ہے کہ ماتحت ملازمین میں کسی قسم کی تخفیف نہیں ہوگی لیکن سیکریٹریٹ کے ماتحت ملازمین میں بھی تخفیف ہو رہی ہے ۔ پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی الیکٹریکل مکینیکل ڈویژن لاہور میں ۲۴۵ آدمیوں کو نکل جانے کا حکم دیدیا گیا ہے ۔ ان کے لئے ۱۰ دن کا نوٹس تھا وہ کل ختم ہو جائے گا ۔ میرپور خاص کی پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی ڈویژن میں بھی ایسا ہی ہے ۔ میں نے اس کے متعلق تحریک التوأ بھی دی تھی۔ ہر جگہ پر چھوٹے ملازمین کو نکالا جا رہا ہے اور اس طرح سے اپنے اخراجات میں کمی پیدا کرنے کی گنجائش پیدا کی جا رہی ہے ۔ اگرچہ جناب وزیر خزانہ نے اپنی تقریر میں با التفصیل ترقیاتی بجٹ میں کمی کا ذکر فرمایا تھا اور جنرل بجٹ میں کہیں بھی یعنی ان اخراجات میں جو گورنمنٹ کے ریوینیو بجٹ سے پورے ہوتے ہیں کہیں بھی تخفیف کرنے کا اعلان نہیں فرمایا ۔ انہوں نے اپنی تقریر میں صرف یہ ذکر فرمایا ہے کہ ایک اکانومی کمیٹی بنا دی گئی ہے جو کہ گورنمنٹ کے عام اخراجات کا جائزہ لے گی کہ کہاں تخفیف ہوگی اور کہاں تخفیف

نہیں ہوگی ۔ تو جناب والا ۔ میں ان سے درخواست کروں گا کہ وہ صوبائی گورنمنٹ کے چھوٹے ملازمین خواہ وہ میر پور خاص کے ہوں۔ خواہ لاہور کے ہوں ۔ خواہ پشاور کے یا بلوچستان کے ہوں ان پر تخفیف کا کلہاڑا نہ چلائیں اور اپنے اخراجات کو اس طرح کم کریں کہ جس سے ضروری کام بھی نہ رکے اور غیر ضروری کام پر بھی کوئی خرچہ نہ ہو ۔ مثال کے طور پر میں جناب والا ۔ یہ عرض کروں گا کہ پچھلے تین سالوں میں ہماری صوبائی گورنمنٹ کا کاروبار آٹھ وزرأ چلاتے تھے اور اس emergency میں گیارہ منسٹر رکھنے کی کیا ضرورت ہے ۔ نہایت آسانی سے ان میں سے تین کو جواب دیا جا سکتا ہے ۔

وزیر خزانہ (شیخ مسعود صادق) ۔ ایک حبیب‌اللہ اور ایک میں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں جناب والا ۔ صرف تجویز پیش کرتا ہوں کہ اگر اس حکومت کا کاروبار جناب قائد ایوان تین سال تک آٹھ وزرأ سے چلا سکتے ہیں تو اب گیارہ کی کیا ضرورت ہے ۔ اب تو emergency ہے ۔ میرا خیال ہے کہ آٹھ سے بھی کم ہونے چاہئیں تھے ۔ آٹھ کی بجائے سات کر لیتے تو اچھا تھا ۔ آٹھ کا بھی کوئی جواز نہیں ہے ۔ تو جناب والا ۔ محکمہ جات میں کمی ہو رہی ہے میں اوپر سے شروع کرتا ہوں میں وزرا صاحبان کی خدمت میں درخواست کروں گا کہ اگر جناب گورنر صاحب کسی وجہ سے ان کو خود نہ نکالنا چاہیں تو یہ خود اپنے آپ کو پیش کریں کہ emergency کی وجہ سے قوم کو روپیہ کی ضرورت ہے اور چونکہ ہم پر یہ روپیہ ناجائز طور پر صرف ہو رہا

ہے لہذا ہم استعفیٰ دیتے ہیں ۔ کم از کم چار کم کر دئیے جائیں ۔ جناب والا ۔ دوسری تجویز یہ ہے کہ ہمارے ایوان میں ۱۷ پارلیمنٹری سیکریٹری ہیں ۔

Mr. Speaker : They are only nine.

وزیر خزانہ ۔ نو ہیں ۔ یہ آپکی انفارمیشن ہے ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ میں معاف چاہتا ہوں ۔ پارلیمنٹری سیکریٹریوں کا کام بڑا کٹھن ہوتا ہے ۔ جب ایوان کا اجلاس ہو تو وہ سوالات کا جواب دیتے ہیں لیکن پھر بھی اگر غور فرمایا جائے تو ان پارلیمنٹری سیکریٹریوں کی کوئی افادیت نہیں ہے خصوصاً اس موجودہ emergency کے پیش نظر ۔ عام حالات میں چاہے بیس رکھیں تیس رکھیں لیکن اس emergency میں اور اس کے پیش نظر ان نو پارلیمنٹری سیکریٹریوں کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ تو ہنگامی حالات کے تحت میں یہ چاہتا ہوں کہ قوم جب اپنے دفاع پر اپنا سب کچھ خرچ کر رہی ہے اور بقول قائد ایوان اگر ان کے پاس ۱۰ روپے ہوں تو ان میں سے ۹ وہ کارتوس خریدنے پر صرف کریں گے اور ایک ان جنگی بےگھروں پر کریں گے ۔ پارلیمنٹری سیکریٹری کتنا ہی روپیہ لیجاتے ہیں اس کا حساب قائد ایوان خود لگا لیں ایک تو میری تجویز یہ ہے اور اسی طرح میری رائے میں اس stage پر یہ غیر مناسب نہ ہوگا اگر میں جناب وزیر خزانہ کی توجہ اس امر کیطرف دلاؤں کہ ۰۰۰ (قطع کلامی) (نوٹ) (اس مرحلہ پر مسٹر حمزہ کچھ کہنے کے لئے کھڑے ہوئے) ۔

Mr. Speaker : Is the Member on a point of order ?

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر جناب - اگر قائد ایوان پارلیمنٹری سیکریٹریوں سے کارتوس کا کام لیتے ہیں تو پھر آپکی کیا رائے ہے -

Mr. Speaker : This is not a point of order.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں ان کی اکانومی کمیٹی کے استفادے کے لئے بھی اور جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں بھی یہ عرض کروں گا کہ اس صوبے کے عام نظم و نسق پر ۵۸-۱۹۵۷ء میں جب ہمارے یہ بزرگ برسراقتدار آئے تھے تین کروڑ چالیس لاکھ روپے صرف ہوتا تھا اور آج اس محکمہ پر ۶ کروڑ ۸۵ لاکھ اور ۹۴ ہزار روپیہ صرف ہوتا ہے - کیا اس میں تخفیف کی کوئی گنجائیش ہے ؟ اور جناب والا پولیس پر ۵۸-۱۹۵۷ء میں ۷ کروڑ ۲۲ لاکھ روپے صرف ہوتے تھے اور آج ۱۵ کروڑ ۵۷ لاکھ ۳۶ ہزار روپے صرف ہوتے ہیں - میں نے نمونے کے طور پر ان کو چند ایک مدات بتا دی ہیں ویسے تو ایسی مثالوں کا ایک لامتناہی سلسلہ ہے - اگر مجھے وقت ملتا تو میں ان کو بتاتا - تو جناب والا - آج اس ۱۴۰ کروڑ اور ریوینیو بجٹ کو ملا کر تقریباً تین ارب روپیہ میں سے کم از کم ایک ارب روپیہ ضائع کر رہے ہیں - اور نہ تو کارتوس خرید رہے ہیں اور نہ ان کو مہاجرین پر صرف کر رہے ہیں -

جناب والا - اب میں ان اخراجات کیطرف آپکی توجہ دلانی چاہتا ہوں اور آپکی وساطت سے اس معزز ایوان کی کہ جو میرے نقطہ نگاہ

سے اس ۱۰ کروڑ روپے میں سے لازم ہیں بلکہ اگر اس رقم کو بڑھا بھی دیا جائے اور ان اخراجات کو پورا کیا جائے تو بھی درست ہوگا ۔ ان اخراجات کو پورا کرنے کے لئے جناب والا میری رائے میں ہماری تمام تر کوششوں کا مرکز صرف ہمارا دفاع ہونا چاہئیے ۔ ہمارا تمام سرمایہ اس غرض کے لئے صرف ہونا چاہئیے کہ ہم ہندوستان جیسے عیار مکار اور طاقتور دشمن سے کس طرح اپنی سالمیت کو اور اپنی آزادی کو محفوظ رکھ سکیں ۔ ہمارے تمام بجٹ کی جو under lying پالیسی ہے وہ اسی نکتہ پر مرکوز ہونی چاہئیے ۔ لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس بجٹ میں اس قسم کی کوئی نشان دہی نہیں ہے ۔ جناب والا۔ آپ Communication اور ریلوے ہی کو لے لیجئے۔ میرے محترم دوست جناب چودھری محمد حیات صاحب اس وقت تشریف نہیں رکھتے ۔ لیکن یہ لاہور اور خانیوال کے درمیان الیکٹرک ٹرین چلانے کی عیاشی آج بھی اس Revised Budget میں موجود ہے ۔ میں دیکھتا ہوں کہ اس عیاشی کے لئے اس میں رقم مختص ہے ۔ حالانکہ چاہئیے یہ تھا کہ ہم کراچی اور پشاور کے درمیان کوئی متبادل ریلوے کا راستہ تیار کرتے ۔ میں جناب وزیر خزانہ کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ اگر کشمور کو ڈیرہ غازی‌خان کے ساتھ ملا دیا جائے تو صرف ایک سو میل کا ریلوے ٹریک بنانے سے یہ مقصد حاصل ہو سکتا ہے ۔ میں نے وہ علاقہ صرف نقشہ پر دیکھا ہے ۔ اس طرح دو ریلوے سٹیشنوں کو ملانے سے کراچی اور پشاور کے درمیان ایک اچھا یا برا ریلوے کا متبادل راستہ بن سکتا ہے ۔ جناب والا ۔ اس صوبہ میں بسنے والا بلکہ اس دنیا میں

بسنے والا کون ایسا شخص ہے جو اس بات سے ناواقف ہو کہ ہندوستان کے حالیہ حملہ کا مقصد یہ تھا کہ سیالکوٹ سے آگے بڑھ کر وزیرآباد یا گوجرانوالہ سے پاکستان کا جو ایک ہی ریلوے کا راستہ ہے اسے کاٹ دیا جائے۔ (اور جو ایک ہی جی ٹی روڈ ہے اسے کاٹ دیا جائے)۔ اور اس طرح پاکستان کو دو حصوں مین کاٹنے کے بعد مجبور کیا جائے کہ وہ ہندوستان کی بتائی ہوئی شرائط پر صلح کرے۔ خدا نخواستہ خدا نخواستہ خدا نخواستہ خاکم بدھن اگر کل دوبارہ حملہ ہوتا ہے تو ہمارا صوبہ پورے کا پورا دو حصوں میں تقسیم ہو جائیگا ۔ لڑائی میں پانچ یا دس میل آگے یا پیچھے ہو جانا کوئی بڑی بات نہیں ۔ اس پر فتح یا شکست کا دارومدار نہیں ہوتا ۔ لیکن اگر ذرائع آمدورفت نہ رہیں تو یہ چیز شکست پر منتج ہو سکتی ہے ۔ اس لئے میں یہ درخواست کروں گا جناب وزیر خزانہ اور جناب ملک محمد حیات کی خدمت میں کہ وہ بجلی کے ذریعہ ریل چلانے کی اس عیاشی سے باز آئیں ۔ اور اس کی بجائے کشمور اور ڈیرہ غازی خان کو ریلوے سے ملائیں ۔ اگرچہ میں یہ بھی چاہتا ہوں کہ کراچی کو قلات کے راستہ کوئٹہ سے ملا دیا جائے ۔ تاکہ ہمارے پاس متبادل ریلوے لائن بھی ہو جائے اور ہماری ریلوے لائن سرحدوں سے دور بھی ہو جائے۔

Minister of Revenue (Khan Habib Ullah Khan) : Sir, on a point of indulgence. The Leader of the Opposition has again raised certain points in connection with the subject which I thought was closed yesterday. I did not want to speak on this Demand, but as he has been pleased to say something by way of explanation—I do not want to enter into any controversy—I would like simply to reply to what he has said, but not just now, because the Governer is holding a conference and I have been directed to join that conference in the Government House. I may

not be able to come back before this Demand is disposed of. So with your indulgence and with his permission I should be given only 10 or 15 minutes at the fag end of today's sitting.

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ریلوے کا پروگرام اسطرح سے تبدیل کیا جائے کہ اس دس کروڑ سے ہمیں ریلوے کے متبادل راستے میسر آ جائیں - علاوہ ازیں ترمیم شدہ ترقیاتی بجٹ میں عام سڑکوں کی جو تجاویز پیش کی گئی ہیں وہ دفاعی نقطہ نگاہ سے قطعاً بیکار ہیں - آپ نقشہ دیکھیں - ہماری سڑکیں ہماری سرحدوں کے متوازی چلتی ہیں - میں military strategy کی سائنس سے نا بلد ہوں لیکن ایک عام پاکستانی کی حیثیت سے میری رائے میں یہ متوازی سڑکیں ہماری دفاعی ضروریات کو پورا نہیں کرتیں - اس مقصد کے لئے ہمیں اپنی سرحدوں کی طرف عمودی سڑکیں بنانی چاہئیں - اور جو متوازی سڑکیں ہیں انکو ملا دینا چاہئے - ہمارے پاس Link Roads نہیں ہیں - اسلئے میں جناب وزیر خزانہ اور جناب جنجوعہ صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرونگا کہ وہ بیکار سڑکیں جو زمینداری کی دیکھ بھال کے لئے بنائی گئی ہیں انہیں چھوڑ دیں اور صرف ملکی دفاع کو مد نظر رکھتے ہوئے سڑکوں کے پروگرام میں تبدیلی کریں - ملک ہو گا تو زمینداری بھی ہو گی - سڑکیں ایسی ہونی چاہئیں کہ مستقبل قریب یا بعید میں اگر کبھی ہماری فوجوں کو نقل و حرکت کی ضرورت ہو تو وہ آسانی سے اور تھوڑے سے وقت میں ہماری سرحدوں کی حفاظت کے لئے پہنچ سکیں - ہو سکتا ہے کہ وزیر خزانہ کہیں کہ دس کروڑ روپے میں میں کیا کروں اور کیا نہ کروں - مگر میں انکی خدمت میں عرض کرونگا

کہ اس ایوان کا شاید کوئی بھی فرد ایسا نہ ہو جو اس کام کیلئے دس کروڑ تو کیا دس ارب روپیہ اس حکومت کے سپرد کرنے کو تیار نہ ہو ۔ لیکن شرط صرف یہ ہے کہ غیر ضروری اخراجات کو چھوڑ دیجئے ۔

جناب والا ۔ بار بار ذہن میں آتا ہے کہ یہ سامنے جو بلڈنگ کھڑی ہے اس پر ۸۵ لاکھ یا ۸۳ لاکھ روپیہ خرچ آئیگا ۔ کیا یہ ہمارے دفاع کیلئے ضروری ہے ؟ اسکے بعد جناب والا ۔ یہ جو دو کروڑ اور پانچ لاکھ روپے Family Planning پر خرچ ہو رہے ہیں ۔ کیا یہ دفاعی ضرورت کے لئے ضروری ہے ؟ تعلیم میں ۳۳ فیصد کی کمی کی جا رہی ہے ۔ مگر یہ خطیر رقم Family Planning کیلئےصرف کی جائیگی ۔ میں جناب قائد ایوان کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں (مجھے انکا وہ فقرہ پھر یاد آ گیا) کہ اس سے کار توس نہیں خریدے جائینگے ۔ مانع حمل چیزیں خریدی جائینگی ۔

Contraceptives خریدے جائیں گے ۔ جو ہماری دفاعی اور جنگی تیاریوں میں کسقدر ممد و معاون ہیں اسکا اندازہ یہ معزز ایوان ہی کر سکتا ہے ۔ میں نہیں پسند کرتا ۔ کہ خواہ ساڑھے پانچ لاکھ روپیہ راولپنڈی میں لیاقت میموریل پر اسوقت صرف کرنا ہے ۔ میں نہیں پسند کرتا ۔ کہ اس روپے سے اسوقت یہ میموریل تعمیر کیا جائے ۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ لیاقت علی خان مرحوم کے لئے ایک بہت بڑی یادگار تعمیر کریں ۔ لیکن اسوقت ہماری جنگی کوششوں پر جو روپیہ صرف ہونا ہے ۔

اس روپے میں سے ساڑھے پانچ لاکھ روپیہ کیوں اس پر صرف ہو ۔ لیکن یہاں تو اسکے علاوہ بھی اخراجات ہیں ۔ رابرٹس مکب ہے ۔ اور ہمچو قسم دیگر چیزیں بھی ہیں کہ جن پر صرف ہونا دکھایا گیا ہے ۔ آپ ذرا اپنے اس ضمنی میزانیہ پر غور فرما لیں ۔ اسکو آپ ملکی اہم ضروریات پر صرف کریں ۔ تو دس کروڑ کیا ہم دس ارب روپیہ بھی آپ پر نچھاور کر سکتے ہیں۔ لیکن آپ ایسی چیزوں پر صرف کرتے ہیں جنکے لئے ہم دس کروڑ روپیہ تو بہت بڑی خطیر رقم ہے دس پیسے بھی آپکو دینے کیلئے تیار نہیں ہیں ۔ اور اسی وجہ سے ہم آپکی مخالفت کرتے ہیں ۔ اور تنقید کرتے ہیں ۔ تاکہ ہم آپکو یہ گذارش کر سکیں کہ آپ جس جگہ پر خرچ کر رہے ہیں ۔ وہاں پر خرچ کرنا جائز نہیں ہے ۔ اور جہاں پر خرچ کرنے کی ضرورت ہے وہاں پر آپ خرچ نہیں کر رہے ہیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی اس تحریک کی حمایت کرتا ہوں ۔

Mr. Speaker : The next notice is from Mr. Hamza.

Minister of Finance : Sir, as I have to go because the Governor has called me, therefore, I will feel obliged if you give me five minutes so that I may reply to Khawaja Muhammad Safdar.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ کیا یہ مناسب نہ ہو گا ۔ کہ حمزہ صاحب کی تحریک پیش ہونے کے بعد ہی وزیر متعلقہ جب wind up کریں ۔ تو دونوں کا جواب ایک ساتھ ہی دیدیں ۔

مسٹر سپیکر - پوزیشن یہ ہے - کہ یہ مطالبہ نمبر ۱ جو ہے - اس پر خواجہ صاحب کی بھی کٹ موشن ہے - اور اسی طرح کی حمزہ صاحب کی تحریک تخفیف بھی موجود ہے - تو چونکہ شیخ صاحب نے باہر ضروری کام سے جانا ہے - اس لئے وہ چاہتے ہیں کہ پہلے خواجہ صاحب کی تقریر کا جواب دیں - اور پھر بعد میں جب وہ واپس تشریف لے آئیں گے - اور question put ہو گا - تو دوسرے حضرات کی تقریروں کا جواب بھی دے دیں گے -

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر - میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر خزانہ کی خدمت میں یہ عرض کرتا ہوں - کہ ان کے فرائض اس وقت جو کہ اس ایوان میں ہیں - ان کے مقابلے میں اس ایوان سے باہر ان کی مصروفیات ہیچ ہیں - ان کا اس ایوان میں بیٹھنا زیادہ ضروری ہے -

Minister of Finance : It is a Presidential form of Government and I owe my allegiance to the President and not to the House.

Mr. Hamza : Not to the people of this country ?

Minister of Finance : The President is elected. He is the Head of the State. He is the representative of the people.

Mr. Speaker : No discussion about that. The Minister may please now make him speech.

Minister of Finance : If he objects I will come again and make the speech.

Mr. Hamza : Being a representative of the people . . . . .

Mr. Speaker : No discussion about that.

Mr. Hamza : . . . . . I protest against the remarks made by the Finance Minister. He should be asked to withdraw those remarks.

Minister of Finance : What do you want me to withdraw, may I know ?

مسٹر سپیکر - آپ واپس آ کر تقریر کریں گے ؟

وزیر خزانہ - اگر معزز اراکین اس طرح چاہتے ہیں - تو بعد میں تقریر کرلوں گا -

مسٹر سپیکر - یعنی جب تمام کٹ موشن ختم ہو جائیں -

Minister of Finance : Yes, Sir.

Mr. Speaker : I don't mind.

Next cut motion is from Mr. Hamza and it is the same as has already been moved by Khawaja Sahib. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) - جناب سپیکر - عجیب اتفاق ہے - کہ جب میں اپنی معروضات پیش کرنے کے لئے کھڑا ہوتا ہوں - تو بہت سی ایسی چیزیں یا حقائق بیان کرتا ہوں - جن سے کہ بہت سے لوگوں کو ان پر کچھ نہ کچھ کہنے اور کارروائی ٹالنے کا موقع مل جاتا ہے - اس لئے وہ لوگ میرے ممنون تو ضرور ہوتے ہوں گے -

جناب سپیکر - کل میرے بعد بعض مقررین نے اپنی تقریروں میں میرا نام لے کر کچھ ارشادات فرمائے - اس لئے میرا یہ فرض ہے -

کہ میں ان کی غلط فہمی کو دور کروں ۔

جہاں تک جناب گورنر صاحب کے ایام جنگ میں لاہور میں ٹھہرے رہنے کا تعلق ہے ۔ میں ان کے اس فعل کو انتہائی پسند کرتا ہوں ۔ اور یہ ایک قابل داد اقدام ہے ۔ لیکن اختلاف تو محض اتنا تھا ۔ کہ جب ایک ممبر صاحب نے یہ فرمایا ۔ کہ اگر گورنر صاحب لاہور میں موجود نہ ہوتے ۔ تو لاہور ہندوستانیوں کے قبضہ میں ہوتا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں ۔ ۔ ۔ ۔

ایک ممبر ۔ یہ کسی نے بھی نہیں کہا ۔

مسٹر حمزہ ۔ میں نام لے کر کہوں گا ۔ حاجی گل حسن منگھی نے ایسا ہی کہا تھا ۔ اور میں نے انہیں اسی وقت ٹوکا بھی تھا ۔ ۔ ۔ ۔ آپ کو علم ہو گا ۔ کہ جب ہندوستانیوں نے حملہ کیا ۔ یہ ۵ ستمبر کی رات کی بات ہے ۔ شہید میجر عزیز بھٹی نے ایک کمپنی کے ساتھ ایک ہندوستانی بریگیڈ کا مقابلہ کیا تھا ۔ اور جام شہادت نوش فرمایا ۔ میں یہ مانتا ہوں ۔ اگر گورنر صاحب کی مثال ـــ ایک زندہ مثال ـــ موجود نہ ہوتی ۔ تو ہو سکتا تھا ۔ کہ آدھ وزیر یا چند وزراء لاہور سے باہر چلے جاتے ۔ لیکن مجھے یقین ہے ۔ اگر گورنر صاحب یہاں رہے ۔ تو انہوں نے ہم پر بڑا احسان کیا ۔ لیکن اگر وہ یہاں نہ بھی ہوتے ۔ تب بھی اہل لاہور ہندوستانیوں کا اسی جوانمردی سے مقابلہ کرتے ۔ کہ جس جوانمردی سے انہوں نے اب کیا ہے ۔ اور انشاءاللہ آئندہ بھی وہ اسی جوانمردی کا ثبوت دیں گے ۔

جناب سپیکر ۔ مجھے اس ہنگامی ضمنی بجٹ پر ایک اعتراض ہے ۔ بار بار یہ کہا گیا ہے ۔ کہ قوم پیٹ پر پتھر باندھنے کے لئے اور ہر قسم کی قربانی بخوشی دینے کے لئے تیار ہے ۔ لیکن افسوس یہ ہے ۔ کہ جب قربانی دینے کی باری آتی ہے ۔ تو عملی زندگی میں یہی دیکھا گیا ہے ۔ کہ عام طور پر غریبوں ہی کی باری آتی ہے ۔ اور غریب ہی بخوشی قربانی دیتے ہیں ۔ اور انشاءاللہ دیتے رہیں گے ۔ لیکن دیکھا گیا ہے ۔ کہ سرمایہ دار کے بڑے پیٹ پر پتھر نہیں باندھا جا سکتا ۔ اور اگر اس پر پتھر باندھا بھی جائے ۔ تو بھی وہ اس بڑے پیٹ پر سے کھسک جاتا ہے ۔ اور چونکہ غریب کا پیٹ پہلے ہی سے اندر کی طرف دھنسا ہوتا ہے ۔ اس لئے اس پر آسانی سے پتھر باندھا جا سکتا ہے ۔ غریبوں نے تو سب کچھ کیا ہے ۔ اور انشاءاللہ کرتے رہیں گے ۔ لیکن جن کو کچھ کرنا چاہئیے ۔ انہوں نے نہ پہلے کبھی کیا ہے ۔ اور نہ ہی اب کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ اور نہ ہی ان ہنگامی حالات میں ہی انہوں نے کچھ کیا ہے ۔ اور میں اسکی مثالیں بھی دیتا ہوں ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کو یہ علم ہو گا ۔ کہ جنگ کے دوران اور اب جب کہ ہنگامی حالات سے ہم دو چار ہیں اکثر جگہ مزدوروں کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ ملکی مفادات کے اور ملکی سالمیت کے پیش نظر ہڑتال نہ کریں ۔ میرے خیال میں ان حالات میں مزدور قطعاً ہڑتال نہیں کریں گے لیکن میں عالی دماغ حکمرانوں سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ نے ان کی شکایات اور جائز شکایات کو رفع کرنے کے لئے

کوئی ادارہ مقرر کیا ہوا تھا تو اس ادارے کو آپ نے کیوں توڑا ۔ آج اگر ان ہنگامی حالات کے دوران کوئی سرمایہ دار مزدوروں کو پریشان کرے ۔ ان کی حق تلفی کرے تو آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ وہ کون سا راستہ ہے جو وہ اختیار کریں ۔

جناب سپیکر۔ میں ایک زندہ مثال دیتا ہوں ۔ حال ہی میں ایک ٹیکسٹائل مل جو لائل پور میں واقع ہے اور جس کو زینت ٹیکسٹائل مل کہتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Speaker : Is the Member discussing the policy underlying the Demand ?

Mr. Hamza : Yes, Sir.

حقیقت یہ ہے کہ ہنگامی حالات کے دوران جو کچھ بھی اس ملک کے اندر ہو رہا ہے اس مطالبہ زر کو زیر بحث لاتے ہوئے اس کے بارے میں مجھے عرض کرنے کا پورا حق ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ اس ضمنی بجٹ میں جو ڈیمانڈ ہے وہ ہنگامی حالات کے متعلق ہے ۔ جو ڈیمانڈ پیش ہے آپ اس پر بحث کر سکتے ہیں ۔ گورنمنٹ جو ۱۰ کروڑ روپیہ مانگ رہی ہے اس پر کٹ موشن یہ کہتی ہے ۔ "to discuss the policy underlying the Demand" جو پالیسی گورنمنٹ کی اس ڈیمانڈ سے متعلقہ ہے ۔ یعنی اس ۱۰ کروڑ کی ڈیمانڈ سے متعلقہ ہے آپ اس کے اوپر بحث کریں ۔

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - کل ہی وزیر مالیات نے اس ایوان میں فرمایا تھا کہ یہ ۱۰ کروڑ روپیہ جو کہ گورنمنٹ نے حاصل کیا ہے اور اس مطالبہ زر کے ذریعہ اس ایوان سے گورنمنٹ اسکی منظوری لینا چاہتی ہے وہ یہ بتانے کے لئے تیار نہیں کہ یہ روپیہ کہاں کہاں خرچ کریں گے - جہاں کہیں ضرورت ہو گی ان کو یہ روپیہ خرچ کرنا ہوگا لہذا اس کے پیش نظر اگر آپ مجھے اجازت دیں گے تو میں گورنمنٹ کی تمام پالیسیوں کو زیر بحث لاؤں گا -

Mr. Speaker : I am afraid that is not the position. The Member is discussing the labour policy of the Government which was already approved by the members during the General Discussion of the Budget in the month of June.

اس لئے اگر آپ اس چیز کو ۱۰ کروڑ روپیہ کے ساتھ relevant بنانا چاہتے ہیں تو یہ بات relevant ہو جائے گی کوئی اور دوسری بات نہیں ہو گی -

مسٹر حمزہ - جناب والا - ہنگامی حالات میں ہمارا یہ فرض ہے کہ مزدوروں کے جائز مطالبات کو پورا کریں - انہیں ہر طرح سے مطمئن رکھیں - ہنگامی حالات میں ہمارا فرض ہے کہ ان کا پورا پورا ساتھ دیں - اور ان کی حوصلہ افزائی کریں - - - -

Mr. Speaker : That is general discussion.

Mr. Hamza : I am afraid I am not able to make you understand what I mean to say. The facts are that whatever is being done by the Government during the emergency period can be discussed.

جناب سپیکر ۔ اگر آپ فرماتے ھیں تو میں اس موضوع کو چھوڑتا ھوں اور کوئی دوسرا موضوع لے لیتا ھوں ۔

Mr. Speaker : Yes, next point.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ مجھ سے پہلے جناب قائد حزب اختلاف خواجہ محمد صفدر صاحب نے یہ فرمایا کہ ضرورت تو اس امر کی تھی کہ ھم جنگ کے ایام میں لوگوں کو بے روز گاری کا شکار نہ ھونے دیتے ۔ حالانکہ گورنمنٹ کے ذمہ دار وزراء وقتاً فوقتاً یہ دعویٰ کرتے رھے ھیں کہ کسی محکمہ میں بھی عملہ کی کٹوتی نہیں کی جائے گی لیکن یہ کٹوتی ان اعلانات کے باوجود کی جا رھی ھے ۔ اور افسوس صد افسوس اس بات کا ھے کہ اس کٹوتی کا چھرا اور کلہاڑا صرف چھوٹے عملہ پر چلایا جا رھا ھے ۔ مجھے جنگ کے ایام میں بحیثیت ایک پاکستانی کے اگر کوئی بڑا خدشہ تھا تو وہ یہ تھا کہ کہیں جنگ کے ایام میں ھماری آبادی بے روزگاری کا شکار نہ ھو جائے ۔ حقیقتاً جنگ کے ایام گزر جانے کے بعد ھمیں اپنی اقتصادی پالیسیوں کو اس طرح ترتیب دینا چاھئے کہ وہ تمام صنعتی ادارے جو اس وقت ھمارے پاس موجود ھیں ان سے زیادہ سے زیادہ دفاعی کام لیا جائے ۔ ھمارے سامنے انگلستان کی زندہ مثال موجود ھے ۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران جب جرمنی نے انگلستان پر حملہ کیا تو انگلستان دفاعی اور اسلحہ سازی کے سلسلہ میں پورے طور پر تیار نہ تھا لیکن اس قوم نے جنگ کے دوران ھی صنعتی اداروں سے اور پرائیویٹ صنعتی اداروں سے جنگی مشینری بنانے کا کام لیا اور جنگ کے دوران ھی

تیاری کر لی ۔ مجھے یہ علم ہے اور مجھے اس چیز کا پورا احساس ہے کہ اس ملک میں ابھی تک فولاد سازی کی صنعت موجود نہیں ہے ۔ لیکن اس کے باوجود ہمارے افسران کو اور حکومت کے عمال کو جو پرانی عادات پڑی ہوئی ہیں کہ ہر چھوٹے سے چھوٹا پرزہ باہر سے درآمد کرتے ہیں ۔ ہمارا یہ فرض ہے بلکہ ہماری دفاعی ضروریات کا تقاضا ہے بلکہ ہمارے دوستوں نے جنگ کے دوران اور جنگ کے بعد جو دشمنی کی ہے اور ظاہر ایسا ہوتا ہے کہ وہ ہمیشہ دشمنی کرتے رہیں گے اس کے پیش نظر وہ تمام چیزیں جو ہم اپنے ملک کے اندر تیار کر سکتے ہیں۔ ان کو ہم یہاں تیار کریں ۔ اس سے ایک تو زر مبادلہ بچے گا ۔ ملک سے بے روزگاری دور ہوگی۔ اور ہمیں اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کا فخر حاصل ہوگا ۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ ہمارے ملک کے اندر جنگ تو آئی اور جنگ سے بہت سی خوبیاں ابھر کر اوپر آئیں لیکن ہماری حکومت نے ابھی تک اپنا ذہن نہیں بدلا اور اپنے مقامی وسائل کو پورے طور پر استعمال کرنے کا ارادہ آج تک نہیں کیا ۔

جناب سپیکر ۔ جناب خواجہ صفدر صاحب نے ضمناً یہ بھی ذکر کیا تھا کہ آج تک ہم کروڑوں روپیہ بڑی بڑی عمارتیں تعمیر کرنے پر صرف کرتے رہے ہیں لیکن میں آپ کی وساطت سے حکومت عالیہ کی خدمت میں مودبانہ عرض کرتا ہوں کہ حالات کا تقاضا یہ ہے کہ ہم وقتی طور پر اسلام آباد کی تعمیرات کے کام کو بالکل بند کر دیں ۔

اور جو روپیہ اس کام پر صرف ہو رہا ہے ۔ اس کو ہنگامی حالات میں ڈیفنس کی ضروریات پر صرف کریں ۔

چودھری محمد سرور خان ۔ اور جو گراں قدر رقوم خرچ ہو چکی ہیں ۔ وہ سب ضائع چلی جائیں ۔

مسٹر حمزہ — میں مودبانہ گذارش کروں گا کہ بعض دفاتر کراچی سے راولپنڈی منتقل ہو چکے ہیں ۔ وہ وہاں کام کر سکتے ہیں ۔ اسلام آباد کی تعمیر کی مزید عیاشی کے ہم متحمل نہیں ہو سکتے نہ ہمیں اس کی مالی توفیق اور طاقت و استطاعت ہے ۔ جناب سپیکر ۔ ہمارے ملکی حالات کا تقاضا ہے ۔ کہ پبلک سیکٹر کو مضبوط بنائیں ۔ ان کی اخلاقی اصلاح کریں محلات اور کوٹھیوں کی تعمیر ترک کر دیں ۔ بلکہ میں تو یہ کہنے کی جسارت بھی کروں گا ۔ گلبرگ کالونی سے گزرنے کا اتفاق ہو تو صاف معلوم ہوتا ہے اور یہ عمارتیں اعلانیہ پکار رہی ہیں کہ ان پر لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں روپے صرف کئے گئے ہیں جو ان لوگوں کے خون پسینے کی کمائی نہیں تھی بلکہ ناجائز ذرائع اور ناجائز وسائل سے حاصل شدہ تھے ۔ گورنمنٹ کو چاہئے کہ یہ عمارتیں جبری طور پر قبضہ میں لے (**ایک آواز** ۔ annexes بھی ؟) اس کے ساتھ ساتھ ہمیں خدا کے اس احسان عظیم کا شکریہ ادا کرنا چاہئے کہ اس کے فضل و کرم سے بلکہ خاص معجزہ سے ہماری افواج نے دشمن کو پسپا کر کے ہمیں بچا لیا ۔ ورنہ ہماری کرتوتیں تو اس کی مستحق نہیں تھیں ۔ بہر حال

میری استدعا ہے ۔ آئندہ خدا کی رحمت کے مستحق بننے کے لئے ہم کو ضرور کوشش کرنی چاہئے ۔

مسٹر سپیکر ۔ مسٹر حمزہ سوال اصل میں یہ ہے ۔ کہ آیا یہ دس کروڑ روپے کی رقم گورنمنٹ کو دی جائے یا نہ دی جائے ۔ آپ اس پر تقریر کریں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میری مودبانہ گذارش ہے کہ اگر یہ صحیح طور پر اخلاقی اور اسلامی ذہنیت سے کام نہیں لیں گے تو یہ دس کروڑ روپیہ بیکار جائے گا اس لئے میری بحث متعلقہ امور پر ہی ہے ۔ میں غیر متعلقہ باتیں نہیں کر رہا ہوں ۔

مسٹر سپیکر ۔ مسٹر حمزہ آپ اس قسم کی باتیں اس وقت کر سکتے تھے جبکہ جنرل ڈسکشن ہو رہی تھی ۔ مگر اب تو عام بحث کی سٹیج گزر چکی ہے ۔ اور ہم مطالبات زر کی دوسری سٹیج پر پہنچ چکے ہیں جس میں آپ ترمیم وغیرہ پیش کر سکتے ہیں ۔ مگر general attack نہیں کر سکتے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں مودبانہ طور پر عرض کروں گا کہ اس بجٹ کی نرالی بات یہ ہے کہ اس میں انہوں نے یہ بتایا ہی نہیں ۔ کہ یہ رقم کس کس مد پر خرچ ہوگی اس لئے میں ترمیم پیش نہیں کر سکتا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) - نرالی بات تو یہ ہے کہ آپ غیر مودبانہ باتیں نہایت مودبانہ طور پر کر رہے ہیں - (قہقہہ)

بیگم زاہدہ خلیق الزمان - بڑی کوٹھیاں میاں ممتاز دولتانہ کے پاس ہیں - اُن کے خلاف ایکشن لیجئے - یہ گلبرگ کی کوٹھیاں تو بعد میں لوگوں نے اپنی کمائی سے بنائی ہیں - اپنی پارٹی کے میاں ممتاز دولتانہ کے محلات کی طرف آپ کی نگاہ کیوں نہیں جاتی ؟

مسٹر حمزہ - جناب والا - میں پھر مودبانہ طور پر عرض کروں گا - کہ لیڈی ممبر پر نامعلوم کس پارٹی کا بھوت سوار ہے - (قہقہہ)

میں تو دولتانہ پارٹی میں نہیں ہوں - میں آج تک کسی پارٹی کا ممبر نہیں بنا -

بیگم زاہدہ خلیق الزمان - آپ اپنے آپ کو کسی پارٹی کے قابل بنا ہی نہیں سکتے - (قہقہہ) -

مسٹر حمزہ - جناب والا - میں عرض کر رہا تھا کہ ہمیں خدا تعالیٰ کی نعمتوں کا شکرانہ ادا کرنا چاہئے - مجھے ۱۹ نومبر کو جھنگ جانے کا اتفاق ہوا تو میں یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ وہاں پر عصمت فروشی کے اڈے باقاعدہ انہی جگہوں پر جاری تھے - جہاں وہ پہلے تھے یقین کیجئے کہ یہ دیکھ کر مجھے بڑا دکھ ہوا -

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ کیا خوب بہانہ ہے ۔ وہاں جانے کا ۔ (قہقہہ) ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ چھپ کر جانے میں اور اعلانیہ جانے میں فرق ہوتا ہے ۔ (قہقہہ) ۔

مسٹر حمزہ ۔ بلکہ پرانے مقامات پر وہی عورتیں کام کر رہی تھیں جو اس سے پہلے کیا کرتی تھیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ تو کیا آپ نے پولیس کو اطلاع دی تھی ؟

مسٹر حمزہ ۔ تو جناب والا ۔ یہ ہیں ان کی کرتوتیں ہنگامی حالات کے اندر ۔ پھر جناب والا ۔ جنگ میں حال ہی میں ایک محبوب ادارے کو Bed Ford ٹرک assemble کرنے کی ایجنسی دی گئی ہے ۔ یہ درست ہے کہ یہ فرم ایک سال میں کل سرمایہ سے دوگنا منافع کمائے گی ۔ لیکن ملکی حالات کا تقاضا ہے کہ ہماری حکومت صنعت کاروں کو ٹرک ملک میں بنانے پر آمادہ کرے ۔ اس طرح ملک کی خدمت ہو سکتی ہے ۔ اور زر مبادلہ کی بھی بچت ہو گی ۔

میں آخر میں جناب والا ۔ یہ ارشاد کر دوں کہ آج میں نے بہت سے لوگوں کو کارروائی ڈالنے کے لئے پھر موقع بہم پہنچا دیا ہے ۔

Mr. Speaker : The question is —

That the total of Rs. 10,00,00,000 on account of 93 — Emergency— Total New Expenditure be reduced by Rs. 100.

(The motion was lost.)

Mr. Speaker : Next cut motion from Malik Muhammad Akhtar is out of order because the Member says that the amount should be reduced by Re. 1 ; whereas in his remark what he wants to discuss is that the amount demanded should have been greater and more.

Malik Muhammad Akhtar : The object is to discuss the Demand, because under the Rules I cannot enhance the amount in the cut motion.

Mr. Speaker : But the Member wants that it should be enhanced.

Malik Muhammad Akhtar : I want to discuss that it should have been greater and more. I do not say that it should be enhanced.

Mr. Speaker : But the cut motion is for reduction of the amount and the Member wants that it should be enhanced.

Malik Muhammad Akhtar : This is the way to discuss it.

Mr. Speaker . But the remarks have made it out of order.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I want to speak on the Demand.

Mr. Speaker : After Mr. Farooqi. So far as the cut motion is concerned it is out of order. Yes, Mr. Farooqi.

Mr. Mahmood Azam Farooqi (Karachi—VIII) : Sir, I beg to move —

That the total of Rs. 10,00,00,000 on account of 93 — Emergency — Total New Expenditure be reduced by Re. 1.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is —

That the total of Rs. 10,00,00,000 on account of 93 — Emergency — Total New Expenditure be reduced by Re. 1.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - اس وقت ہمارے سامنے حکومت کی طرف سے پیش کئے ہوئے دس کروڑ روپے کے نئے خرچ کا مطالبہ زر ہے - اور اس میں میں نے ایک روپے کی تحریک تخفیف زر کے لئے پیش کی ہے - اس تحریک کے ساتھ میرے جو remarks ہیں - وہ اس بات کی وضاحت کرنے کے لئے کافی ہیں کہ در اصل مقصد اس خرچ کو کم کرنا نہیں ہے بلکہ یہ خرچ جس طرح ہو رہا ہے اسے زیر گفتگو لانا ہے - در اصل اس ایوان میں بجٹ پر گفتگو کے دوران کل جو تقریریں ہوتی رہی ہیں - بلکہ اس سے پہلے بھی اجلاس کے پہلے دن موجودہ حالات پر گفتگو اور جو تقریریں ہوئی ہیں ان میں یہ بات واضح طور پر سامنے آ گئی تھی اور اس کا اظہار حزب اختلاف کی طرف سے اور خود حکومت کی صفوں سے بھی کیا گیا تھا کہ یہ ملک کی وہ ضرورت ہے جس کے لئے دس کروڑ روپیہ تو کیا حکومت اگر اس سے دس گنا رقم بھی طلب کرتی - بلکہ میں تو یہاں تک کہنے کے لیے تیار ہوں کہ ہنگامی حالات میں ملک کی دفاعی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے اگر ملک کے تمام خزانے حکومت کی تحویل میں دینا پڑتے تو مجھے کوئی اعتراض نہ ہوتا - لیکن ہماری مشکل یہ ہے کہ آپ کے ہاتھ میں ملک کے تمام ذرائع اور وسائل ہونے کے باوجود جس طرح آپ پچھلے تین ماہ سے ہنگامی حالات کے تقاضوں سے عہدہ برآ ہوتے رہے ہیں - وہ نہایت ہی حوصلہ شکن ہیں - آپ سے جس بالغ نظری کی توقع تھی - وہ توقعات بالکل غلط ثابت

ہوئیں اور آپ کا طرز عمل کوتاہ نظری ہی نہیں بلکہ بے بصری کی حد تک ناقابل اطمینان رہا ہے ۔ آپ نے کسی عاقبت اندیشی ، کسی تدبر اور کسی فہم و فراست کا ثبوت نہیں دیا ۔ ان حالات اور ان تقاضوں کو سمجھنے اور ان سے عہدہ برآ ہونے کے لئے میں سب سے پہلے جناب والا کی وساطت سے حزب اقتدار پر یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ہندوستان کی وہ قوم جس کے حملے کی وجہ سے آج ہم ہنگامی حالات سے دو چار ہیں ہمارے لئے کوئی نئی قوم نہیں ہے ۔ ہم صدیوں سے اس ملک میں ایک ساتھ رہے ہیں ۔ ایک ہی مدرسوں میں تعلیم پائی ہے ۔ ایک ہی کھیت میں کام کرتے رہے ہیں اور کارخانوں میں ایک ساتھ دوش بدوش مزدوری کرتے رہے ہیں ۔ اس قوم کی ذہنیت ۔ اس کا طرز فکر اور اس کے عزائم ہمارے لئے کوئی نئی چیز نہ تھے ۔ ہمیں معلوم ہے کہ پاکستان کے معرض وجود میں آنے کے بعد ہی ہندو قوم کے بچے بچے کے دل میں پاکستان کے وجود کو ختم کرنے کے عزائم پرورش پا رہے تھے ۔ اُن کے ان عزائم کے پیش نظر ہمارا فرض تھا کہ ہم اپنی سرحدی آبادیوں کو مسلح کرتے ، ان کو فوجی تربیت دیتے تاکہ جب ہندوستان اچانک یا اعلان جنگ کے بعد ہم پر حملہ آور ہوتا تو سرحدی آبادیاں خود اپنے اندر مقابلہ کی قوت رکھتیں اور اپنا دفاع کر سکتیں اور آج یہ صورت پیش نہ آتی کہ ہماری ہزاروں مائیں ، بہنیں اور بیٹیاں ہماری عزت و ناموس دشمن کے قبضے میں ہے اور اس کے ساتھ ہی ساتھ اس حملے کی وجہ سے ہمارے ہزاروں شہریوں کو مجبوری کے عالم میں اپنے بھرپور گھر چھوڑنے پڑے اور اس طرح وہ بے گھر ہو گئے ۔ ہمارے سینکڑوں گاؤں اور ہزاروں ایکڑ آباد زمین دشمن کے قبضے میں چلے گئے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ آپ کے

تدبر اور فہم و فراست کا یہ پہلا امتحان تھا جس میں آپ بری طرح ناکام ہوئے ہیں ۔ آپ کو چاہئے تھا کہ آپ اپنی سرحدی آبادی کی حفاظت کا خاطر خواہ انتظام کرتے اور ان کو تربیت دے کر مسلح کرتے ۔

جناب والا ۔ دنیا کا یہ معروف طریقہ ہے کہ جو لوگ سرحدوں پر رہتے ہیں ۔ دفاعی ضروریات کے پیش نظر ان کے اندر اپنے دفاع کی صلاحیت پیدا کی جاتی ہے اور بالخصوص پاکستان کے مخصوص حالات میں جب کہ آپ کا ہمسایہ ایک ایسا کینہ پرور دشمن تھا ۔ تو اس کے خلاف حفاظت کے لئے یہ ناگزیر تھا کہ آپ کی سرحدی آبادی مسلح اور تربیت یافتہ ہوتی ۔ یہ آپ کی پہلی بے تدبیری تھی جس کے نتیجے میں ہمیں شدید نقصان برداشت کرنا پڑا ۔

آپ کی دوسری بے تدبیری یہ تھی کہ ہندوستان کی فوجوں کا اجتماع ہماری سرحدوں پر ہو رہا تھا اور رن کچھ کے معاہدے کے بعد ہم نے تو تمام معاہدات کی پابندی کرتے ہوئے اپنی فوجوں کو اپنی سرحدوں سے ہٹا لیا ۔ لیکن ہمیں یا تو معلوم نہ تھا کہ ہندوستان نے اس معاہدے کی پابندی نہیں کی یا معلوم تھا لیکن ہم بے پرواہ تھے ۔ چنانچہ اس کی فوجیں سرحدوں پر موجود رہیں ۔ اس کے ساتھ ہی ہندوستان اپنی سرحدی آبادی کا انخلا کراتا رہا اور آپ کو اس کا پتہ نہ چل سکا ۔ اور اگر آپ کو معلوم تھا تو یہ آپ کی مجرمانہ غفلت ہے ۔ کیونکہ یہ جاننے کے باوجود کہ دشمن کی فوجیں سرحد پر موجود ہیں ۔ یہ جاننے کے باوجود کہ دشمن سرحدی علاقے سے اپنی سول آبادی کا انخلا کرا رہا ہے آپ نے اپنی سول

آبادی کو محفوظ مقامات پر نہ پہنچایا ۔ جس کے نتیجے میں آج آپ کے لاکھوں شہری بے گھر ہو کر در بدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں ۔ یہ لاکھوں افراد جو بے گھر ہوئے یہ سب آپ کی بے تدبیروں اور آپ کی انتہائی بے توجہی کی وجہ سے ہوئے ۔

اس کے بعد آپ کا تیسرا فرض یہ تھا کہ یہ آبادیاں جو آپ کی اس غلطی کی وجہ سے بے گھر ہو کر ملک کے دوسرے حصے میں پناہ لینے کے لئے آئیں ۔ ان کے لئے آپ رہائش اور آبادکاری کا معقول انتظام کرتے مگر افسوس کہ آپ یہ بھی نہ کر سکے ۔ اس موضوع پر کل بھی تفصیل سے گفتگو ہو چکی ہے ۔ اور محترم خواجہ صاحب کئی مثالیں دے کر آپ کو بتا چکے ہیں اور آپ کی اپنی صفوں سے بھی دکھی آوازیں بلند ہوتی رہتی ہیں ۔ اس لئے میں اس کا اعادہ کرکے اب ایوان کا وقت ضائع کرنا نہیں چاہتا ۔ تاہم میں آپ کو یہ ضرور بتانا چاہتا ہوں کہ آپ کی یہ شدید تدبیریاں تھیں جنہوں نے لاکھوں آدمیوں اور ہزاروں خاندانوں کو متاثر کیا ہے ۔ اور اب آپ پھر ہم سے دس کروڑ روپیہ مانگ رہے ہیں تو ایسی صورت حال میں ہمارا دل شک سے بھر جاتا ہے کہ اس کو آپ کس طرح سے اور کہاں خرچ کریں گے ۔

جناب والا ۔ آبادکاری کے کیمپوں کے متعلق اگر حکومت کے طرز عمل کا بھی ذکر کروں تو سکھوں کی ایک پرانی یاد تازہ ہو جائے گی ۔ آپ کو غالباً یاد ہوگا کہ ایک دفعہ سکھوں نے طے کیا کہ ایک کالج کھولا جائے چنانچہ جب یہ تجویز زیر بحث آئی اور دو علاقوں میں ترجیح کا سوال پیدا

ہوا تو انہوں نے فیصلہ کیا کہ کالج تو امرتسر میں کھولا جائے اور اس کا ہوسٹل لاہور میں ۔ ٹھیک یہی حال ہماری انتظامیہ کا ہے کہ بے گھر لوگوں کے کیمپ کہیں کھولے گئے ہیں اور ان کے مویشیوں کے لئے جگہ پچاسوں میل دور مقرر کی گئی ۔ ہماری انتظامیہ کی بے تدبیری کا یہ بین نمونہ ہے اور یہ ایسا بدنما داغ ہے کہ اگر وہ اسے دھونے کی کوشش کریں گے تو دھو نہ سکیں گے ۔

جناب والا ۔ موجودہ حالات میں کیا یہ ضروری نہیں کہ ہمارے ملک کو ہندوستان کے کسی نئے حملہ کے مقابلہ کے لئے تیار کیا جائے ۔ جہاں تک ملک کی دفاع کے انتظام اور ہماری فوجوں کے بڑھانے یا گھٹانے کا تعلق ہے وہ مرکزی حکومت کا کام ہے اور آپ اس میں بے بس ہیں لیکن آپ کا دائرہ کار یہ ہے کہ آپ سول آبادی کو بیرونی حملہ کے دفاع کے لئے تیار کریں ۔ ۔ یہ آپ کا فریضہ تھا لیکن آپ نے اس سلسلہ میں ایک قدم بھی نہیں اٹھایا ۔ کیا آپ کو یہ معلوم نہیں کہ موجودہ warfare میں آبادی کا ہر فرد ملک کی حفاظت کرتا ہے ۔ صرف فوجیں نہیں لڑا کرتیں ۔ پچھلی جنگ عظیم میں لینن گراڈ کا ایک ایک گھر مورچہ تھا اور ایک ایک گلی میدان جنگ تھی ۔ ان تجربات سے اور ہندوستان کے عزائم سے آپ کو سبق لینا چاہئے تھا ۔ ملک میں فوجی ٹریننگ کا اور عوام کو مسلح کرنے کا بندوبست کرنا چاہئے تھا ۔ میں اس میں مبالغہ نہیں کروں گا ۔ اگر یہ کہوں کہ اس وقت ایک ہزار میں سے ایک آدمی کے پاس اسلحہ تو درکنار اسلحہ استعمال کرنے کی صلاحیت بھی نہیں ہے ۔ آپ نے اتنے رضاکار ادارے اور ملی تنظیمیں اور خدا جانے کس کس نام سے

ادارے قائم کئے ہیں اور کتنا ہی روپیہ خرچ کیا ہے ۔ لیکن مجھے آپ بتائیں کہ ان اداروں کے ذریعہ آپ نے کتنے افراد کو فوجی ٹریننگ دی ہے ۔ میں پورے ملک کی حالت سے تو واقف نہیں ہوں البتہ کراچی کے بارے میں جو کچھ جانتا ہوں اور جس کی نمائندگی یہاں کر رہا ہوں وہ یہ ہے کہ وہاں آپ نے دو چار سو آدمیوں کو بھی ملٹری ٹریننگ نہیں دی ہے ۔ وہاں لاکھوں کی آبادی ہے اور وہ لوگ فوجی تربیت سے بالکل بے بہرہ ہیں ۔ میں نے اس سلسلہ میں وہاں کی ڈسٹرکٹ کونسل میں سوال اٹھایا ۔ ڈپٹی کمشنر سے کہا ۔ کمشنر صاحب کے پاس تجویز پیش کی کہ جناب والا ملک کے دفاع کے لئے صرف فوج کافی نہیں ہے ۔ سول آبادی کو اسلحہ رکھنے کی سہولتیں مہیا کیجئے اور فوجی تربیت کا انتظام کیجئے تو مجھے یہ جواب ملا کہ اس راستے میں کئی مشکلات حائل ہیں ۔ آرمز اور چاند ماری کے لئے جو کچھ درکار ہے وہ ہمارے پاس نہیں ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہنگامی حالات کا یہ تقاضا تھا کہ آپ سول آبادی کو فوجی تربیت دینے کا انتظام کرتے لیکن ہم نے دیکھا ہے آپ اس میں ناکام رہے ہیں ۔ فوجی تربیت کے ساتھ ساتھ آپ شہری دفاع کو بھی دیکھ لیجئے ۔ لوگوں کو یہ تربیت ملنی چاہئے تھی کہ وہ جنگ کے دوران میں بم باری وغیرہ سے کس طرح اپنی حفاظت کریں ۔ اس کے لئے جو کام آپ نے کیا وہ تو میں بعد میں بتاؤں گا ۔ آپ نے اس کا انتظام ان بی ڈیز کے حوالے کیا جو کہ موجودہ انتخاب سے پہلے کے بی ڈیز تھے ۔ نئے انتخاب کے بعد ان کی حیثیت ختم ہو چکی تھی ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ہر علاقہ میں انتخابی ادارہ کے نئے منتخب شدہ ارکان کو جو کام ملنا تھا وہ

ان کو نہ دیا گیا ۔ اس وجہ سے عوام میں بے اطمینانی پیدا ہوئی جو پچھلے لوگ تھے وہ اپنی بی ڈی کی زندگی کے آخری لمحات گزار رہے تھے اس لئے انہیں وہ دلچسپی نہیں تھی جو دلچسپی آن لوگوں کو ہوتی جنہوں نے ۵ سال تک ابھی ان اداروں میں کام کرنا تھا ۔ دوسری طرف وہ عوام جنہوں نے نئے لوگوں کو منتخب کیا تھا ۔ جب انہوں نے دیکھا کہ اختیارات اور ذمہ داریاں ان لوگوں کے سپرد کی جا رہی ہیں جن کی ضمانتیں اپنے ووٹوں سے وہ ضبط کرا چکے ہیں اور جن کو اپنی نمائندگی کے حق سے انہوں نے discard کر دیا ہے ان کو یہ ذمہ داریاں سونپی جا رہی ہیں ۔ اور ان کے نئے منتخب شدہ بی ڈیز صف دوم میں کھڑے کر دئے گئے ہیں تو اس سے عوام میں بے اطمینانی اور بد دلی پیدا ہو گئی ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ کوئی کام نہ ہو سکا ۔ میں آپ کو کراچی کے بی ڈیز یعنی نئے منتخب ارکان انتخابی ادارہ کے پاس شدہ ریزولیوشن کی نقول جو میرے پاس ہیں ۔ دکھا سکتا ہوں ۔ اس میں انہوں نے حکومت سے یہ مطالبہ کیا ہے کہ آپ جلد از جلد انتخابات کرا کے ہمیں ہمارے منصب پر فائز کیجئے اور شہری دفاع کا وہ کام جو غیر منتخب شدہ اور غیر ذمہ دار لوگوں کے پاس ہے ہم کو دیجئے تاکہ ہم اس کام کو بخوبی انجام دے سکیں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت جناب وٹو صاحب ابھی میری طرف دیکھ کر مسکرا رہے ہیں اور مجھے یاد آ گیا ہے کہ جب آپ کراچی تشریف لے گئے تھے تو میں نے آپ سے مل کر یہ مسئلہ آپ کے سامنے رکھا تھا کہ کیا وجہ ہے اور کیا موانعات ہیں کہ صدر کا انتخاب ہو گیا ۔ مرکزی

اسمبلی کا انتخاب ہو گیا لیکن اگر انتخاب نہیں ہو سکتا ہے تو یونین کمیٹی کے چئیرمین کا ۔ آخر یہ کونسا اتنا بڑا مسئلہ ہے کہ آپ سے حل نہیں ہو سکتا جب کہ اس مسئلہ کی وجہ سے آپ کے ملک کے ہنگامی حالات اور شہری دفاع کے انتظامات متاثر ہو رہے ہیں ۔ تو کیا اس کی ضرورت نہیں کہ آپ اس طرف توجہ دے سکیں ۔ جناب ۔ یہ تو تھی آپ کی کارکردگی اور ہنگامی حالات سے عہدہ برآ ہونے کے بارے میں آپ کا رویہ ۔ پھر جب میں آپ کے بجٹ پر نظر ڈالتا ہوں اور ان ہنگامی حالات کے لئے مطالبۂ زر کو اس زاویہ نگاہ سے دیکھتا ہوں کہ آپ نے کن اخراجات کو کم کرکے یہ رقم مہیا کرنے کی کوشش کی ہے اور کن اخراجات کو بجٹ میں ترمیم شدہ ڈولپمنٹ پروگرام کے لئے بحال رکھا ہے تو اور بھی مایوسی ہوتی ہے ۔

خواجہ صاحب نے دو تین چیزوں کی طرف اشارہ کیا تھا ۔ میں صرف ان کی وضاحت کروں گا ۔ آپ نے ایک طرف تو پورے ڈولپمنٹ پروگرام یعنی ترقیاتی منصوبوں کی ۱۸۱ کروڑ روپیہ کی رقم کو کم کرکے ۱۴۰ کر دیا ہے یعنی اس میں ۲۳ فیصدی کمی کی ہے ۔ اگر تمام اخراجات میں یکساں طور پر ۲۳ فیصدی کمی کی جاتی تو زیادہ موزوں تھا ۔ اور مجھے اس سے اتفاق ہوتا ۔ اور شاید یہ کمی اتنی غیر اطمینان بخش نہ ہوتی اور ہم سمجھتے کہ آپ نے بجٹ میں دوسرے منصوبوں کے ساتھ یکساں انصاف کیا ہے ۔ لیکن جب میں دیکھتا ہوں کہ کراچی کے ترقیاتی منصوبوں کے لئے جو پہلے ۹۵ لاکھ روپیہ رکھے گئے تھے اسے کم کرکے آپ نے ۶۳ لاکھ کر دیا ہے یعنی ۳۲ لاکھ روپیہ کم کر دیا ہے ۔ اور اس میں آپ نے

۳۲ فیصدی کی کمی کر دی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ کراچی کے ساتھ شدید زیادتی ہے اور اگر یہ کہوں کہ آپ نے ہمارے ساتھ سوتیلی ماں کا سا سلوک کیا ہے تو غلط نہ ہوگا ۔

جناب والا ۔ کراچی کے اخراجات میں آپ نے جو ۳۲ لاکھ کی کمی کی ہے کبھی آپ نے یہ بھی سوچا ہے کہ آپ کونسے اخراجات کاٹ رہے ہیں ۔ آپ نے شمالی کراچی کی آب رسانی کی سکیم میں ۷ لاکھ کم کئے ہیں ۔ لیاقت آباد کی آب رسانی کی سکیم میں ۵ لاکھ روپیہ کم کئے ہیں ۔ اور دوسرے آب رسانی کی ترقیاتی سکیموں میں سے ۱۱ لاکھ روپیہ کم کئے ہیں ۔ اس طرح کراچی کی آب رسانی کی ان ساری سکیموں سے ۲۲ لاکھ روپیہ کم کئے گئے ہیں ۔

جناب والا ۔ میں سامنے بیٹھے ہوئے وزیروں اور جو نہیں بیٹھے ہیں ان کی سیٹوں سے کہوں گا کہ دنیا میں انسان کو زندہ رہنے کے لئے ہوا کے بعد جس دوسری چیز کی ضرورت ناگزیر ہے وہ پانی ہے ۔

ایک حکومت جو اپنے کو رفاہی ویلفیر سٹیٹ کہنے کی دعویدار ہو اس کا فرض یہ تھا کہ وہ لوگوں کی ساری بنیادی ضرورتوں کی ذمہ دار ہوتی نہ کہ پانی مہیا کرنے کی ذمہ داری بھی وہ قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ آپ اپنے ترقیاتی منصوبوں کا دوبارہ جائزہ لیں ۔ اور جو غیر ضروری اخراجات ہیں صرف ان میں کمی کریں ۔ پانی پہونچانے میں تو آپ نے ۲۲ لاکھ روپے کی کمی کر دی ہے لیکن دو کروڑ روپیہ خاندانی منصوبہ بندی پر صرف کیا جا رہا ہے ۔ خاندانی منصوبہ بندی کا ذکر آ گیا ہے تو

میں آپ کو یہ بتاتا چلوں کہ قطع نظر اس کے کہ اسلام اس کے لئے کیا کہتا ہے قطع نظر اس کے قرآن اس کے لئے کیا کہتا ہے [illegible] لئے ہمارے علماً فقہا کیا کہتے ہیں اور اس کے لئے [illegible] کیا کہتے ہیں ۔ میں ہنگامی حالات کی ضرورت کے نکتہ نظر سے عرض کروں گا کہ دنیا میں آج یہ مسلمہ اور ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ جہاں لوگوں نے ۔ ۔ ۔ ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب ۔ خاندانی منصوبہ بندی کا تعلق مرکز سے ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب یہ آپ کے بجٹ میں ہے ۔ تو میں عرض کر رہا تھا کہ دنیا میں جنگی ضرورت کے بارے میں ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ سائنسی اور ترقی کے دوسرے وسائل کے باوجود افراد کو اب بھی وہی حیثیت اور اہمیت حاصل ہے جو آج سے صدیوں پہلے حاصل تھی ۔ آپ کو معلوم ہے کہ آپ کے پڑوسی ملک چین کی صرف آبادی کی قوت سے امریکہ اور روس جیسی طاقتیں گھبرا رہی ہیں اور وہ افرادی قوت کی بدولت ہی امریکہ اور روس کو چیلنج کر سکتا ہے ۔ آپ کے چین سے تعلقات ہیں ۔ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ وہ کسقدر گنجان آبادی کا ملک ہے ۔ کیا وہاں بھی فیملی پلاننگ اور آبادی کو کم کرنے کا کوئی منصوبہ پیش نظر ہے ۔ خاندانی منصوبہ بندی یورپی اقوام اپنی عیاشی کے لئے اور ایشیائی ممالک کی آبادی کو کم کرنے کی ایک چال ہے ۔ جس کے آپ شکار ہیں پھر میں یہ بھی عرض کروں گا کہ آپ کا یہ سارا

خرچ ضائع جا رہا ہے ۔ اور بیکار ہو رہا ہے ۔ میں یہ بات آپ کو آپ کی زبان سے سناتا ہوں ۔ میرے ہاتھ میں "جنگ" اخبار ہے ۔ ایک بیان میں جناب انور عادل صاحب فرماتے ہیں یاد رکھئے کہ جناب عادل صاحب ایک سینیر سی ۔ ایس ۔ پی افسر ہیں اور وہ اس ملک میں خاندانی منصوبہ بندی کے افسر اعلیٰ ہیں ۔ ان کا بیان ہے ۔

"انور عادل نے توقع ظاہر کی ہے کہ آئندہ ۵ سال میں بچوں کی پیدائش ۵۰ - ۶۰ لاکھ کم ہو جائیگی انہوں نے بتایا کہ خاندانی منصوبہ بندی پر ۲۸ کروڑ روپے خرچ کئے جائیں گے ۔ مسٹر انور عادل نے کہا کہ عالم اسلام میں پاکستان میں سب سے زیادہ بچے پیدا ہوتے ہیں اور اس کی وجوہات فلاں فلاں ہیں ۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ گذشتہ ۵ سالوں سے حکومت خاندانی منصوبہ بندی پر عمل پیرا ہے لیکن ابھی تک اس کو کوئی کامیابی حاصل نہیں ہوئی ہے"۔

غور فرمائیے کہ حکومت اس پر ۲۸ کروڑ روپیہ صرف کرے گی جس میں سے ۲ کروڑ روپے اس سال کے ترقیاتی منصوبے کے بجٹ میں رکھے گئے ہیں اور اس کے بارے میں جو اس کا انچارج ہے وہ کیا کہتا ہے کہ گذشتہ ۵ سالوں سے اس پر خرچ ہو رہا ہے لیکن یہ خرچ بار آور نہیں ہوا ۔ اس سے کوئی نتیجہ نہیں نکل سکا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ

ہماری کمائی اور گاڑھے پسینہ کی کمائی اس کام پر بیکار ضائع جا رہی ہے اور اس دو کروڑ روپے میں ۱۰ لاکھ زر مبادلہ ہے جو ہم بڑی مشکلوں سے پیدا کرتے ہیں یہی زر مبادلہ اسلحہ کی خریداری میں اور ہماری دوسری ضروریات پر صرف کیا جا سکتا ہے ۔ تو اس خرچ کو آپ بے ضرورت سمجھتے ہیں اور اس رقم کو ایک بے حیائی پیدا کرنے والے منصوبے پر صرف کر رہے ہیں جس سے سارے ملک میں بدکرداری اور بے حیائی پھیل رہی ہے ۔ آپ کے اس منصوبے سے کوئی مفید چیز برآمد نہیں ہو سکتی ۔

جناب والا ۔ اب میں صرف دو باتیں اور عرض کروں گا ۔ جن غیر ضروری اخراجات کی طرف خواجہ صفدر صاحب نے اشارہ کیا ہے ان میں واپڈا ہاؤس بھی ہے ۔ واپڈا ہاؤس کا دو کروڑ روپیہ کا منصوبہ ہے جس میں اس سال ۸۴ لاکھ روپے کا خرچ آپ کے پیش‌نظر ہے میں پوچھتا ہوں کہ جو قوم جنگ کی حالت سے دو چار ہے اور ہنگامی دور سے گزر رہی ہو اس کے لئے ایسے منصوبوں پر روپیہ خرچ کرنا کیوں ضروری ہے ۔ ہم جھونپڑیوں میں رہ سکتے ہیں ہم ٹاٹ پر اور زمین پر بیٹھکر کام کر سکتے ہیں ۔ کیا ان ہنگامی حالات میں ہماری قوم ایسے اخراجات کی متحمل ہو سکتی ہے ۔ ایسے اسراف بے جا کو ہم کبھی نہیں برداشت کر سکتے اس لئے میں جناب سپیکر آپ کی وساطت سے وزیر متعلقہ سے درخواست کروں گا کہ وہ اس ترقیاتی منصوبہ پر نظر ثانی کر کے ان اخراجات کو جو انسانی ضرورت کے لئے ناگزیر ہیں بالخصوص پانی کی

کی فراھمی سے متعلق اخراجات کو بحال کیا جائے اور غیر ضروری اخراجات میں تخفیف کی جائے۔

Mr. Speaker : Yes, Mr. Akhtar.

ملک محمد اختر (لاھور - ۲) - جناب سپیکر - کل سے بجٹ پر بولنے کیلئے ممبران کو قلیل وقت ملا اور اسوجہ سے بجٹ کے مختلف پہلوؤں پر کافی گفتگو نہ ھو سکی - درست ھے سیالکوٹ کے حالات اور ھمارے بے خانماں لوگوں کے حالات کا تقاضا بھی یہی تھا کہ زیادہ سے زیادہ انکے حالات پر گفتگو کیجائے لیکن میرا نقطہ نظر یہ ھے کہ بجٹ کو بھی اجتماعی طور پر اس ھاؤس میں throughout کر دیا جاتا تو زیادہ بہتر تھا - بہر حال کافی قابل قدر تقاریر ھوئیں اور میری معلومات میں بہت اضافہ ھوا -

اب میں صرف اس ڈیمانڈ کے متعلق کچھ گزارشات کرونگا - در اصل اس ملک میں ۱۹۴۷ء کے بعد ۱۹۶۵ء میں جو انقلاب ھمارے بجٹ میں آیا ھے وہ یہ ھے کہ ھمارا صوبائی بجٹ اتفاق سے تاریخ کے ایک حادثہ اور تاریخ کے ایک واقعہ کا شکار ھو گیا اور ا کی وجوھات بھارت کیساتھ ھماری جنگ اور foreign aid اور بعض دوسری چیزیں بتائی جا سکتی ھیں - اسوقت اس بر صغیر میں ھمارے پولیٹیکل اور دوسرے ڈولپمنٹ کے کام foreign aid اور lo ns کا حصہ بن چکے ھیں - یہی وجہ تھی کہ ھم نے ۱۹۶۵ء - اور ۱۹۶۶ء کا بجٹ پیش کیا - اور تیسرا منصوبہ جو ھم نے منظور کیا اسکے پہلے سال ھی میں یہ جنگ

ہو گئی جس سے ہمارے تیسرے منصوبہ کا پہلا سال ہی متاثر ہو کر رہ گیا ۔

جناب والا ۔ پہلے مجھے آپ کی وساطت سے اور اجازت سے ذرا سا ایک بات کی طرف reference کرنا ہوگا ۔ اس جنگ سے قبل consortum countries جو ہمیں aid دے رہے ہیں انکی میٹنگ ہونیوالی تھی ۔ اور وہ میٹنگ ۲۷ ۔ جولائی کو ہونیوالی تھی ۔ اسوقت میں امریکہ کے متعلق کچھ نہیں کہنا چاہتا ۔ ہمارے صدر پاکستان بڑے خلوص سے ایک کوشش کیلئے وہاں روانہ ہو چکے ہیں کہ وہاں کشمیر کا مسئلہ طے ہو جائیگا کوئی سامان فراہم ہو جائے ۔ لیکن پھر بھی میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اس ملک نے یعنی امریکہ نے ۲۷ ۔ جولائی ۶۵ء کو ہماری aid کے متعلق تمام ممالک کی جو میٹنگ ہونیوالی تھی اس میٹنگ کو التوأ میں ڈالدیا ۔ اسکی تاریخ ۲۳ ۔ ستمبر پھر مقرر کیگئی تھی لیکن وہ تاحال نہیں ہوئی ۔ یہی وہ بات ہے جس سے ہمارے تیسرے منصوبہ کا پہلا سال کافی طور پر effect ہوا بلکہ میں اب یہ کہوں گا کہ اس بر صغیر میں جو ڈولپمنٹ کے منصوبے ہیں اور وہ انقلاب جسکو میں نے refer کیا تھا انکے باعث ہمارے جو بجٹ ہونگے انکا تعلق ان تمام باتوں اور ہنگامی حالات سے ہوگا اور اسکے لئے ہمیں صرف اسی سپلیمنٹری بجٹ کو نہیں بلکہ اپنے تمام آئندہ بجٹوں کو بھی جبتک کہ ہمارے کشمیر کا تصفیہ نہیں ہو جاتا جبتک کہ ہمارا بھارت سے تصفیہ نہیں ہو جاتا اسی سانچہ میں ڈھالنا ہو گا ۔ اور ہمارا جو بجٹ ہوگا اس کی محض بنیاد اور اس کی ریڑھ کی ہڈی وہ خدشات ہونگے جس

سے ہماری خارجہ پالیسی منسلک ہے اور وہ قرضہ جات جو ہمیں ملتے رہے ہیں ان میں کمی کا خدشہ ہماری تمام آئندہ بچتوں کو shadow کرتا رہے گا ۔ جناب سپیکر ۔ میں آپکا انتہائی ممنون و مشکور ہوں ۔ کہ آپ مجھے تقاریر کے ذریعہ اظہار خیال کا موقع مہیا کرتے ہیں مگر پیشتر اس کے کہ میں اس موضوع کو چھیڑوں میں اس ہاؤس کی ترجمانی کرتے ہوئے اس ایوان کے سامنے یہ اعلان کرنا چاہتا ہوں کہ اگر کوئی بڑی طاقت یا اگر کوئی مغربی ملک اس غلط فہمی میں مبتلا ہے کہ پاکستان کسی صورت میں ان سے مدد یا قرضہ حاصل کرنے کے لئے اپنے بنیادی نظریات سے انحراف کریگا تو یہ اس کی غلط فہمی ہے ۔ لیکن ابھی یہاں مثالیں دی گئیں کہ فلاں منصوبے کو کیوں ترک کیا گیا ۔ فلاں میں کمی تھی فلاں میں بیشی تھی ۔ لیکن دونوں نقطہ نظر سے تمام منصوبہ بندی ختم ہو چکی ہے ۔ جب تک ہم جنگ نہ جیتیں میں سمجھوں گا کہ ہم اپنے فرائض بطور پاکستانی پوری طرح سر انجام نہیں دے رہے ۔ اگر میں یہ کہوں کہ ہمیں منصوبہ بندی ترک کر دینی چاہئے تو بے جا نہ ہو گا ۔ ہم نے جنگ جیتنی ہے ۔ ہمارا زاویہ نگاہ جو ہے نظریہ جو ہے وہ صرف اور صرف یہ ہے کہ جتنی زیادہ سے زیادہ رقم یا فنڈ ہنگامی ضروریات کے لئے یا گولہ بارود کے لئے ہم اپنے بجٹ میں سے بچا سکیں بچا لیں ۔ اور ہمارا یہی مطمع نظر ہونا چاہئیے ۔ جناب والا ۔ اس کے بعد مجھے ایک اور نکتہ بیان کرنا ہے ۔ در اصل وہ کل ہونا چاہئیے تھا اور اس کے لئے مناسب موقع کل تھا ۔ چونکہ وہ بات کل نہ ہو سکی اس لئے وہ میں آج کہنا چاہتا ہوں اور وہ بھی آپکی اجازت اور معافی سے ۔ دیکھئیے

بھولیئے نہیں کہ ۱۹۴۷ء میں ۴۰ آرڈیننس فیکٹریاں تھیں اور انگریز کے award کے مطابق ہمیں ۱۷ فیصدی حصہ ملنا تھا لیکن ہمیں کوئی آرڈیننس فیکٹری نہ ملی ۔ اس کے بعد روس اور امریکہ نے MGs and Supersonics ہندوستان کو دیئے اور اب ہندوستان اپنے جنگی ہوائی جہازوں کے بنانے کی کوشش میں مصروف ہے ۔ اس وقت ہندوستان کا دفاعی بجٹ ۱۳۰۰ کروڑ ہے تو یہ بتائیے ان حالات میں ڈیویلپمنٹ کی یا پانی کی جو سکیمیں ہیں ان سے ہمیں کوئی سروکار نہیں ہونا چاہئے ۔ میں گذارش کروں گا کہ آپ ٹینک بنائیے ۔ سٹیل ملز بنائیے ۔ آپ ایٹم بم بنانے کی تیاری کیجئیے ۔ ہمیں زندہ رہنا ہے ہماری قوم جنگجو ہے ۔ ۱۳۰۰ برس پہلے جو لوگ گزرے ہیں ان میں سے کسی کے پاس تلوار نہ تھی اور وہ کونسا ساز و سامان تھا جس کی ہمیں ضرورت تھی ۔ ہمیں تو جذبہ اور ایمان چاہیئے اور ہتھیار چاہئیں اور ماڈرن ہتھیار ۔ جناب والا ۔ مجھ پر اعتراض کیا جائے گا ۔ لیکن میں پھر حکومت پاکستان کا یہ قدم باعث تحسین سمجھتا ہوں کہ اس نے ایک ایسی organisation کے set-up کرنے کا اعلان کیا ہے کہ جو جنگی سامان ہمیں مہیا کرے گی ۔ اس کے بعد مجھے مرکزی حکومت کی اس کوشش پر بھی تحسین کہنا ہے کہ ہماری جنگ کے فوراً بعد روسی ایکسپرٹ آئے اور انہوں نے کچھ جنگی نہیں تو دوسری قسم کی مشینری لگانے کے agreements کئے ۔ جناب والا ۔ اب اس موقع پر مجھے کہنا ہوگا کہ ہندوستان کے وسائل اور ہمارے وسائل کیا ہیں اور میں کہتا ہوں کہ ہماری اقتصادیات ہماری economics ہندوستان کی اقتصادیات سے بہت زیادہ مضبوط ہے ۔ اس کی میں یہ مثال دونگا کہ آپ کے ملک میں development ہو رہی ہے ۔ اعداد و شمار یہ

کہتے ہیں تو اس چیز سے میں کیسے انحراف کروں ۔ اگر کوئی بات کسی کے credit میں جاتی ہے تو جائے لیکن میں مجبور ہوں ان چیزوں کو دہرانے کے لئے ۔ جناب والا ۔ آپ کا wheat crop جو ہوا ہے وہ ۴۵ لاکھ ٹن ہے اور میں یہ اعداد و شمار چھپا نہیں سکتا ۔ اسی طرح پر آپ کے cotton bales ۲۷ لاکھ ہیں اور گزشتہ سال ۲۱ لاکھ bales تھے ۔ اب ہمیں سوچنا یہ ہے کہ mainly ہماری جو export ہے وہ agricultural goods کی ہے اور اس طرح ہم اپنے فارن ایکسچینج کو earn کر رہے ہیں اور ہندوستان سے زیادہ کر رہے ہیں ۔ تو میں حکومت کا فرض اولین سمجھتا ہوں کہ حکومت اچھے بڑے اور جنگی نوعیت کے کارخانے اور آرڈیننس فیکٹریاں لگانے کے لیے ضروری اقدامات کرے ۔ جناب والا ۔ اب مجھے اگلے قدم پر آنا ہے اور وہ قدم یہ ہے کہ ہمیں یقیناً developments میں cuts کرنی ہونگی ۔ لیکن میں ایک نہایت محتاط بات اس ہاؤس میں کہنی چاہتا ہوں اور وہ بات یہ ہے کہ جہاں ایمرجنسی کے لئے ۔ جنگ کے لئے آپ کو ساز و سامان بنانا ہے وہاں آپ کو developments کے لئے بھی اقدامات کرنے ہونگے ۔ اگرچہ میرے نقطہ نظر سے وہ اقدامات غیر ضروری ہیں اور کسی حد تک چھوڑے جا سکتے ہیں لیکن پھر بھی ارباب اختیار سے مجھے ایک گزارش کرنی ہے جو کہ نہایت ہی باریک اور delicate ہے میں کہتا ہوں کہ آپ کو balance مقرر کرنا ہوگا جس سے ہماری تمام دفاعی ضروریات پوری ہوں اور اس کے ساتھ ہی ساتھ ہماری development بھی ہو ۔ جناب والا ۔ اب مجھے چند figures ہاؤس میں پیش کرنی ہیں وہ یہ ہیں کہ cost of projects جو provision ۴۹ کروڑ ۶۲ لاکھ اور ۸۴ ہزار کی ہے اس میں فارن ایکسچینج کے components ہیں ۔ ۱۶ کروڑ

۴۵ لاکھ اور ۸۱ ہزار aid and loan ہے - ۱۶ کروڑ ۳۰ لاکھ اور ۲۶ ہزار کی جو رقم ہے یہ آپ نے کہیں نہیں بتائی کہ اس میں aid کتنی ہے اور loan کتنا ہے - loans and aid دو بڑی اہم باتیں ہیں جو میں concluding speech میں عرض کروں گا -

جناب والا - ایگریکلچر کے پراجیکٹ اخراجات کے بعد فزیکل ٹریننگ کے ۴ کروڑ ۹۸ لاکھ ۹۶ ہزار کے اخراجات ہیں - اور اس میں ایک کروڑ ۵۱ لاکھ ۶۱ ہزار کا فارن ایکسچینج ہے - ۷۲ لاکھ ۴۰ ہزار aid and loans ہے - اسی طرح انڈسٹری اینڈ ایجوکیشن پر پراجیکٹ اخراجات ۲۴ کروڑ ۴۷ لاکھ اور ۴۷ ہزار ہیں - اور یہاں فارن ایکسچینج ۷ کروڑ ۷۲ لاکھ ۶۹ ہزار ہے - پھر aid and loans کی رقم ہے - اس میں آپ نے وہ اعداد و شمار دوبارہ نہیں دئے - علیٰ ہذالقیاس -

۱۹۶۵-۶۶ کے نظر ثانی شدہ تخمینہ میں آپ نے ایک ارب ۸۱ کروڑ ۵ لاکھ ۹۳ ہزار کی رقم مہیا کی ہے - آپ کا کل تخمینہ ایک ارب ۸۱ کروڑ ۵ لاکھ ۷۰ ہزار ہے - اس میں آپ نے ۴۱ کروڑ کی بچت کی ہے - یہ ۴۱ کروڑ کی جو کمی ہے اس میں سے آپ نے دس کروڑ ایمرجنسی کے لئے رکھا ہے - ظاہر ہے کہ آپ کو یہ زیادہ کرنے چاہئیں اگر رقم فاضل ہے - میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہیں یہ آپ کی آمدن میں تو کمی نہیں ہوگی - آپ نے غور کیا ۳۳ کروڑ کی کٹ نہیں ہے ۴۱ کروڑ کی کٹ کی گئی ہے - اس کے مقابلہ میں ایمرجنسی کے لئے دس کروڑ رکھا گیا ہے - میرا اندیشہ یہ ہے خدا نخواستہ آپ کی آمدن میں کمی تو نہیں ہو گئی - یا آپ نے کوئی fund بطور reserve رکھا ہے - اگر وزیر خزانہ وضاحت کر دیتے تو زیادہ بہتر ہوتا -

Mr. Speaker : The member may please conclude his speech. Next demand is there and there is a cut motion in his name and he can make a speech then.

Malik Muhammad Akhtar : Some Members have been given 50 minutes. I should be given 30 minutes at least.

Mr. Speaker : We have to conclude at 1-30. The Member may have five minutes more.

ملک محمد اختر - تو جناب جیسا کہ میں نے کل بھی گزارش کی تھی ۶۵-۱۹۶۴ میں ۷ کروڑ ۸۷ لاکھ ۱۳ ہزار روپے کی رقم ہے میرے اندازے کے مطابق - جو ظاہر کرتی ہے کہ earned foreign exchange آپ کا ۶۵-۱۹۶۴ کا یہ ہے - میں یہ عرض کروں گا کہ اس رقم کو گولہ بارود اور اسلحہ کی خرید کے لئے رکھیں - اس سے اور کسی قسم کی کسی بھی ڈیولپمنٹ کے لیے خرید و فروخت نہ فرمائیں -

جناب والا - باتیں تو بہت سی ہیں مگر چونکہ مجھے وقت بہت کم دیا گیا ہے اس لئے میں صرف ایک دو گزارشات پر اکتفا کرتا ہوں - ان کی طرف ارباب اختیار کی توجہ دلاتا ہوں - باٹا پور میں ۳۵ سو افراد کو ۱۸ اکتوبر سے چھانٹی کا نوٹس مل چکا ہے - ان کو شاید ایک ماہ کی تنخواہ بھی دے دی گئی ہے مگر ان کو provident fund اور gratuity نہیں دی جا رہی ہے - باٹا والے اپنی فیکٹری شیخوپورہ لے جا رہے ہیں - میں نہیں سمجھتا وہ ان کو نکالنے میں کس حد تک حق بجانب ہیں - ان میں سو کے قریب مشرقی پاکستان کے آدمی ہیں - جتنے خاندانوں کو وہ واپسی کے اخراجات دینے کے بعد ذمہ دار تھے - لیکن صرف ملازموں کو واپسی کے اخراجات دئے گئے ہیں ان کے کنبوں کو نہیں دئے گئے -

جس سے بہت بے اطمینانی پھیل گئی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں وہاں ساڑھے تین ہزار خاندانوں کے تیس پنتیس ہزار بے خانمان افراد مستقل طور پر ختم ہو جائیں گے ۔ میرا ارادہ تھا کہ اس بارہ میں تحریک التوا پیش کروں لیکن میں چونکہ ذرا طریقہ سے چلتا ہوں اس لئے میں نے خیال کیا کسی وقت بحث میں عرض کر دوں گا ۔ دوسری بات یہ ہے جناب والا کہ بعض ٹیکسٹائل ملز بھی ایسی ہیں جہاں چھانٹی ہو رہی ہے ۔ میرے پاس وقت نہیں ورنہ میں اس کے متعلق تفصیل سے عرض کرتا ۔

تیسری بات جو میں کہنا چاہتا تھا یہ ہے کہ اس ایوان کا ممبر ہونے کے بعد سب سے زیادہ تنقید میں نے ریلوے کے محکمہ پر کی ہے ۔ لیکن جس طرح جنگ کے دوران ہماری ٹرینیں چلائی گئی ہیں بلیک آؤٹ میں جب کہ سگنلوں میں بھی روشنی نہیں ہوتی تھی یہ نہایت قابل تعریف ہے ۔ کوئی حادثہ نہیں ہوا ۔ ریلوے والوں نے نہایت عمدگی سے کام کیا ہے ۔ یہ بات ان کے credit میں جاتی ہے ۔ یہ بھی ہوا کہ جب بھی ملٹری والوں نے ان کے ذمہ کوئی کام لگایا انہوں نے اسے پورا کیا ۔ جب ہم پہلے ان کے لئے لاشوں کی چادر تیار کرتے رہے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اب ان کی قدر بھی ہونی چاہئے ۔ انہیں اس عمدگی کار کی تحسین بھی ملنی چاہئے ۔

Mr. Speaker : Mr. Soomro.

Mr. Ahmad Mian Soomro : (Jaccobabad—II): Mr. Speaker, Sir, we have heard the Opposition criticising the measures or actions of this Government. But it does not behove them, Sir, not to realise and give credit to all the Departments of the Government, particularly, the Secretariat in Lahore and all the regional Heads that worked here day and night, from early hours of the morning, attending to the emergency without not only charging but without claiming even a single pie as remuneration for the time they spent. We will be failing in our duty if we do not express a word of gratitude to all those officers who at the sacrifice of their life and monetary gains felt it like every one else their duty to do their utmost for the preservation of the sanctity of the soil of this nation. There is no doubt that there might have been shortcomings from which we can take lessons for future. But at the same time we must gird our loins and do each and everything which we feel is now essential from the defence point of view at the sacrifice of those things which are not equally important at the present time.

Sir, my very learned friend, the Leader of the Opposition, talked about the increase in the number of Ministers. Let me remind him that it would be unfair for us not to mention that each and every Minister in the present Government is a well-to-do person and in fact it is a sacrifice for him to serve on the present salary. In spite of this each and every one of them has given one thousand rupees towards the National Defence Fund. With the meagre amount that is left after making this contribution it is not even sufficient to maintain himself.

As far as this amount that has been asked for is concerned, no doubt I agree with some of my friends that this amount, in fact, is not enough for the purpose for which this demand is made. The nation has come forward voluntarily to donate several times more for the very purpose for which this Demand has been made. But this Demand (I would request the Government and fully support Khawaja Safdar, Leader of the Opposition) should be utilised for those works which are to be given top priority from the Defence point of view. For example, Sir, my learned friend had mentioned the railway from Kashmor to Dera Ghazi Khan. To be more appropriate the railway line for which all the preliminary survey was completed is from Kashmor to Kot Addu via Taunsa Barrage. Not only preliminary work was completed but tenders were invited some

ten to twelve years back and work was started in 1952 or 1953. But then for reasons best known to the railway administration that work was stopped. Sir, we do realise that God came to our rescue and prevented this Province from being divided into two. This line is of very great importance in view of the fact that we have only one railway line from Rohri right up to Kot Addu junction with no other alternative to connect the two. Let us realise this shortcoming of ours and with top speed incur such expenditure that is immediately required and see that work on this Kashmor-Kot Addu line is done with top speed.

Similarly on the right bank of the Indus we have what is known as the Indus Highway. Government had, long ago, a scheme to get through with the Indus Highway. A good portion of this has already been constructed and hardly a portion of about thirty miles between Kashmor and D. G. Khan, (to be more correct Rajanpur) remains to be pucca constructed. If it is done it would give us a highway on the right of the Indus which could become, at any time, a very important defence barrier if God forbid the enemy attempted for a short while to intrude into our line of defence on the left bank of the Indus. Therefore, Sir, the Indus Highway must be given top priority and all other communications and roads which are not so important from the defence point of view should be stopped and this Indus Highway should be constructed with top speed. And in constructing that (may be when this portion was constructed, they did take this point into consideration) they should consider whether the Bridges and culverts are capable of passing seventy tons. This was perhaps not considered before because originally these roads were not utilised for heavy tanks. From the experience of this war we have learnt that these culverts and bridges on our roads, which are otherwise big were not able to stand the movement of the tanks and they had to be diverted from the pucca to the kacha road. I am sure the Communications Department would, wherever necessary replace those bridges with suitable seventy-ton bridges to be able to pass our tanks the movement of which in the present warfare is most essential.

Therefore, Sir, as I have pointed out these two schemes must be given top priority and top speed with any amount of expenditure which we may have to incur on them. This House, I am sure, would not hesitate to cut down all expenditure and give what is required for the defence of this country.

Sir, as far as the Railway is concerned I fully agree with my friend, Malik Akhtar and do not want to repeat the performances and miracles done by them. They deserve praise for all the things that they did.

With these few words I would once again appeal to the Government to please give top priority to this railway line and to the Indus Highway in the interest of the nation and defence of the country.

Mr. Speaker : Mr. Khattak.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak (Kohat—II) : Sir, to begin with I would like to support strongly whatever Mr. Soomro had said. I think this is the most urgent national demand that faces the country and I believe that he would be representing in this Demand the opinion of the entire House. Sir, I thank the Finance Minister must have been very pleased because this is the first time that the entire House instead of saying that there should be less provision for this or economy there on the essential requirements of the Government, the feeling of all the sections represented in this House is that we are prepared, short of mortgaging our souls, to mortgage everything that we possess for the defence of the country.

Khawaja Muhammad Safdar : Hear, hear.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : There is no sacrifice that we would not be prepared to accept individually and nationally to enable the Government to take all those measures to safeguard the integrity of our country.

Sir, there is only on aspect about which I would like to draw the attention of the Ministers. I think this is the first time probably, I do not want to cast any aspersion on the previous regime, but I think it is the first time that in West Pakistan the Head of the Province and his Cabinet are honest and clean people. I don't think we have ever heard any allegation against the integrity of the present Government made even by their worst opponents. Now, when we have a Government of that type may I draw their attention to the corrupt practices that are creeping and are becoming a common feature in the Civil Service of this country. There are very noble examples. I know civil servants who are extremely

honest and who are conscientious. But then none of you would deny that this aspect, this social evil needs the urgent attention of the Government. We would like to place at the disposal of the Government all our resources but we would only request them to husband them as conscientiously and as diligently as they would husband their own private resources.

Sir, we are a new country. If you would go back into history go and read "The Rise and Fall of the Roman Empire", the Ottoman Empire and other Empires of history. What were the causes of their downfall?

You would only find one word and that is corruption in their administration. Sir, the body-politic is a hole and if one limb of it is affected, the contagion spreads to the other limbs. There are many branches of our administration that are clean but there are others to which the hon'ble Ministers must devote their most urgent attention. I believe that we have introduced stringent measures, and I think this Government has even gone to the extent of referring such cases of corruption to Jirga, but the measures have not yet succeeded, and they have failed. So I would request the hon'ble Minister, to constitute a committee of their own and find ways and means whereby they could safeguard the national income and see that it is properly utilized, particularly in a situation where we have very very little to spare.

Sir, I would like to support Mr. Hamza in one aspect, and earnestly request the Government to pay serious attention to the development of the internal combustion engine. You see, Sir, we have a number of factories in this country that are called 'assembly plants', and there are a number of them, so much so that probably they would not be constituting an economic unit if you look into the share market and see that the market price of some of those companies shares is going down. Why does the Government not take immediate steps by itself to see that our country atleast immediately begins to produce internal combustion engines? This is a must, Sir, and the urgency of that, I can't overemphasise.

Sir one of the measures that I would like to suggest is that enormous amount of money is being spent in the private sector on the building of houses. Is it not the time when we should introduce some measure by which we can control the total expenditure to be incurred by an individual on the construction of his house? There are a few other things, Sir, for instance, the Indian Prime Minister has asked his people to go hungry and fast one day. May I request the hon'ble Minister to appeal to the Nation that they should give only one type of food at their table till such time as this emergency lasts. I believe there is a community-I think it is the Ahmedia community—that has issued instructions to its followers that at their table nothing more than one meal, one type of meal should be served.

Sir there is another thing. In Afghanistan, you cannot invite anybody for entertainment at your marriage. You cannot entertain, and it is just pure shariat. You have the Nikah and you go back home. You cannot entertain people on the tables. All these are evils that are eating into the economic well-being of our country, and the example for this can be set. I think our President set an example as far as marriage is concerned; at the marriage of his daughter, he only invited a few people, and I think the Governor of the province also followed this.

Sir, why I say about the houses is because I have seen civil servants trying to ape one another and out-bid one another So if there is a control by Government that houses should not cost more than a certain amount, they would not spend so much as they are doing now. If in England and in the United States, a man can get a house for three thousand pounds, I see no reason why some ways and means should not be found by which people of the middle classes should be able to build houses within that limit.

Mr. Speaker : The member may please try to conclude his speech.

Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak : Sir one minute. In the end I would like to draw the attention of the hon'ble Minister to those areas of the country from where almost 90 percent of the population volunteered their services. Just like you award medals for individual gallantry, I

would request you Sir to award special recognition to these, areas which have given you their maximum number for the defence of your country, by providing them with schools for technical education, and by providing them with drinking water, which the people of those areas lack and for which they experience very, very great hardship.

Mr. Speaker : I will now put the question. The question is—

> That the total of Rs. 10,00,00,000 on account of 93—Emergency—Total New Expenditure be reduced by Rupee one.

(*The motion was lost*)

Mr. Speaker : I will now put the Demand to the vote of the House.

The question is—

> That a supplementary sum not exceeding Rs. 10,00,00,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1966, in respect of Emergency.

(*The motion was carried.*)

Mr. Speaker : Next Demand No. 2.

Minister for Irrigation, Power and Education (Malik Khuda Bakhsh): Sir I beg to move—

> That a supplementary sum not exceeding Rs. 29,00,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1966, in respect of Construction of Irrigation Works.

Mr. Speaker : Demand moved is—

> That a supplementary sum not exceeding Rs. 29,00,000 be granted to the Governor to defray the charges that will come in course of payment for the financial year ending on the 30th June, 1966, in respect of Construction of Irrigation Works.

First cut motion is from Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to move—

> That the total of Rs. 29,00,000 on account of 68—Construction of Irrigation Works—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,00,000.

Mr. Speaker : Demend under consideration, motion moved is—

> That the total of Rs. 29,00,000 on account of 68—Construction of Irrigation Works—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,00,000.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - مجھے اس بات کا احساس ہے کہ وقت کم ہے - اس لئے میں اس ڈیمانڈ کے متعلق کوئی لمبی چوڑی تقریر نہیں کرنا چاہتا - ابھی تھوڑا ہی وقت ہوا ہے کہ میں نے اس ایوان میں یہ عرض کیا تھا کہ اس صوبہ کو اور اس ملک کو خوراک کے اعتبار سے خود کفیل بنائیں - یہ میرے نقطہ نظر سے اشد ضروری ہے - جناب والا - آپ جانتے ہیں کہ ہمارے ملک کی کیفیت کچھ اس قسم کی ہے کہ ہمارے ایک صوبہ میں پانی زیادہ ہے اور زمین کم ہے اور دوسرے صوبہ میں زمین زیادہ ہے اور پانی کم ہے - میری مراد یہ ہے کہ ہمارے صوبہ پاکستان میں زمین تو ہے لیکن خشک زمین میں کچھ پیدا نہیں ہو سکتا - لیکن جب تک پانی اس خشک اور مردہ زمین کو حیات نہ بخشے اس وقت تک اس سے کوئی روئیدگی حاصل کرنا ناممکن ہے - یہ قدرت کا اصول ہے - ہمارے ہاں صرف دو ڈویژن قلات اور کوئٹہ کا رقبہ باقی سارے صوبہ کے مقابلہ میں ۴۰ فیصد ہے لیکن وہاں کچھ پیدا نہیں ہوتا -

پانی زمین کو نہیں مل سکا اور نہ کوئی پیداوار بڑھ سکی ۔ پانی کا ہونا خوراک کی پیدائش کے لئے سخت ضروری ہے اور پھر زیادہ اناج اور فصلیں اگانے سے برآمد کے ذریعے زر مبادلہ بھی بڑھایا جا سکتا ہے لہذا پانی کی بہم رسانی کا مسئلہ کئی لحاظ سے اہم ہو جاتا ہے ۔ جس قدر پانی کی بہم رسانی کا انتظام بہتر ہو گا اتنی ہی فصلیں بہتر ہونگی ۔ اور ملک کی آمدنی میں اضافہ ہو گا مگر پھر بھی ایک اعتراض یہ پیدا ہوتا ہے کہ ٹیوب ویل کا خرچ جتنا اصل میں ہونا چاہئے یا جتنا خرچ فی‌الواقع ہوتا ہے واپڈا اس سے کئی گنا زیادہ خرچ فی ٹیوب ویل وصول کرتا ہے ۔ مثلاً اگر اصل میں پانچ چھ ہزار میں ٹیوب ویل لگ سکتا ہے ۔ تو واپڈا پندرہ بیس ہزار روپیہ فی ٹیوب ویل خرچ کرتا ہے ۔ اور ناجائز طور پر ہمارے خرچ میں اضافہ ہو جاتا ہے ۔ یعنی اگرچہ ٹیوب ویل لگانا ضروری اور مفید ہے مگر اس کی لاگت کئی گنا زیادہ ہونے کے باعث یہ خرچ ناجائز طور پر بڑھ جاتا ہے ۔ اور مفید ہونے کی بجائے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے ۔ مثلاً آپ دیکھیں کہ گورنمنٹ نے ۶۴ لاکھ روپے کی لاگت سے جو ٹیوب ویل لگانے کا منصوبہ اس مد میں پیش کیا ہے ۔ اس میں فی ٹیوب ویل تئیس چوبیس ہزار روپیہ خرچ تجویز کیا ہے ۔ جو کہ اصل لاگت سے کہیں زیادہ ہے ۔ اگر اس زائد خرچ کر بچا کر اس کے ذریعے مزید ٹیوب ویلز لگا دیئے جائیں تو کس قدر مفید ہو گا ۔ اور یہ سکیم سوا سولہ آنے مفید ہو جائیگی ۔

Mr. Speaker : Next cut motion is from Mr. Hamza and it is the same as that of Khawaja Safdar. Yes, Mr. Hamza.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) - جناب والا - مجھے امید کہ آپ کو اس کا علم ہوگا کہ موجودہ سال پاکستان کا بارشوں کے لحاظ سے خشک ترین سال ہے - آٹھ دس سال میں کبھی اتنی خشک سالی نہیں ہوئی تھی اس لئے کاشتکاروں کو فصلوں کو کاشت کرنے کے لئے پانی کی اشد قلت محسوس ہو رہی ہے - پانی کی اشد ترین ضرورت ہے - حکومت کو چاہئے کہ زیادہ ٹیوب ویلز لگا کر قلت آب کو دور کرے - اور لوگوں کی تکلیف و درد کا مداوا کرے - ٹیوب ویل ہمارا بہترین اسلحہ ہے خطرہ تھا کہ سیم اور تھور ہماری زمینوں کو برباد کر دے اور ہماری زرعی معشیت تباہ ہو جائے مگر شکر ہے کہ گورنمنٹ نے ٹیوب ویلز کا زرین نسخہ ایجاد کیا جو کہ تیرلہ بدف علاج ثابت ہوا ہے اب سیم تھور کا کس حد تک تدارک و انسداد ہو گیا ہے -

جناب والا- گورنمنٹ کی شوگر ملز لگانے کی پالیسی پر ذرا نگاہ ڈالئے تو یہ عیاں ہو گا کہ شوگر ملز ایسی جگہ لگائی جاتی ہیں جہاں گنا پیدا نہیں ہوتا بلکہ دوسرے علاقوں سے گنا منگوانا پڑتا ہے - یعنی شوگر مل ایک علاقے میں اور گنا دوسرے علاقے میں پیدا ہوتا ہے - چاہئے تو یہ کہ جہاں گنا زیادہ پیدا ہو- وہاں شوگر ملز لگائیں مگر حکومت سیاسی مقاصد سے شوگر ملز کے لئے علاقے کا انتخاب کرتی ہے - بد قسمتی سے میں ایک ایسے علاقے کی نمائندگی کرتا ہوں جہاں گنا بہت پیدا ہوتا ہے مگر حکومت میری آزادیٔ افکار اور بے باکی اظہار کی وجہ سے میرے ووٹروں اور منتخب کنندگان کو سزا دینا چاہتی ہے - حکومت لوگوں کے اس گناہ کو معاف نہیں کرنا چاہتی کہ انہوں نے مجھے کیوں منتخب کیا اس لئے شوگر

ملز ہمارے علاقے سے دور لگا رہی ہے ورنہ میری تحصیل ضلع لائل پور سب تحصیلوں سے زیادہ سرسبز اور آباد ہے اور زیادہ مالیہ حکومت کو ادا کرتی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہمارے علاقے میں ٹیوب ویل لگانے کی اشد ضرورت ہے ۔ لہذا علاقے کی اس ضرورت کی طرف توجہ دی جائے ۔ خوش قسمتی کی بات یہ ہے کہ قدرت کی طرف سے ایسی مصیبتیں آتی ہیں جن میں عافیت کا پہلو مضمر ہوتا ہے ۔ ہمارے علاقے میں خشک سالی کے متعلق جناب وزیر آبپاشی بخوبی جانتے ہیں ۔ وہ بہت ہی تجربہ کار ہیں ۔ اور ان کا تجربہ تو شاید میری عمر سے بھی زیادہ طویل ہے ۔ ہمارے علاقے میں زمین کے نیچے پانی نمکین ہے ۔ جو آبپاشی کے لئے مفید نہیں ۔ (ایک آواز ۔ خیال رکھیئے ۔ نئے وزیر صاحب کا نام ملک خدا بخش ہے ۔ ملک قادر بخش نہیں ۔) بیشک ان کے قد ۔ عمل ۔ کردار اور خیالات میں بڑا فرق ہے ۔

Mr. Speaker : Order please.

مسٹر حمزہ ۔ لیکن اس کے باوجود ہم نے پچھلے چار پانچ سال کے عملی تجربہ سے دیکھا ہے کہ بڑی نہر کے ساتھ ساتھ جہاں کہیں بھی کوئی ٹیوب ویل لگایا جاتا ہے ۔ اگر اسکے پانی کو نہر کے پانی سے ملا کر استعمال کیا جائے تو وہ فصل ۔ حکومت اور ملک کے لئے یکساں طور پر مفید ثابت ہوتا ہے ۔

اس کے ساتھ ساتھ ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہے جیسا کہ وزیر آبپاشی صاحب کو یقیناً معلوم ہو گا ۔ Seepage کا مسئلہ یعنی زمین میں پانی جذب ہونے کا مسئلہ ۔ دراصل زیر زمین پانی کی سطح اونچی ہو جانے کا مسئلہ ہے ۔ جو محض اس لئے پیدا ہوا ہے کہ نہروں میں پانی کا دباؤ بہت زیادہ ہوتا ہے ۔ لہذا اگر نہر کے ساتھ ساتھ ٹیوب ویل لگائے جائیں ۔ تو وہ اس مرض کا مقابلہ کرنے کے لئے بہت زیادہ موثر ثابت ہو سکتے ہیں ۔ چنانچہ حال ہی میں ہماری حکومت نے جو ٹیوب ویل لگائے ہیں ۔ وہ بہت زیادہ کامیاب ثابت ہوئے ہیں ۔ اسلئے میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر طاقت کی خدمت میں مودبانہ عرض کروں گا کہ اگر آپ وقتی طور پر ہم لوگوں یا ہمارے بدنام علاقے کے ان بدنام مگر اب نیک نام کاشتکاروں کو آپ بجلی فوری طور پر مہیا کر دیں تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جہاں ہم دفاعی محاذ پر آپ کی مدد کرتے ہیں ۔ وہاں انشاءاللہ تعالیٰ ہم زرعی محاذ پر بھی آپ کی مدد کرنے کے نیک کام میں سبقت لے جانے کی کوشش کریں گے ۔ (تحسین و آفرین) ۔

جناب سپیکر ۔ ابھی پچھلے دنوں کا واقعہ میں آپ کی خدمت میں عرض کر دوں ۔ اگلے دن ڈائریکٹر بنیادی جمہوریت سرگودھا ڈویژن جو اتفاق سے ہمارے ہاں ADC رہ چکے تھے ۔

Mr. Speaker : Is it about irrigation works ?

Mr. Hamza : Yes Sir.

وزیر بنیادی جمہوریت - جناب والا - اس کی وجہ یہ ہے کہ چونکہ نہرین بنیادی جمہوریت کے علاقے سے گزرتی ہیں - اس لئے یہ ان کا نام لے رہے ہیں -

مسٹر حمزہ - جناب میں یہ عرض کر رہا تھا کہ پہلے وہ ہمارے ہاں ADC رہ چکے ہیں - اور آج کل ڈائریکٹر بنیادی جمہوریت ہیں - وہ ہمیں زیادہ اناج اگاؤ مہم کے سلسلے میں تبلیغ کرنے کے لئے آئے تھے - چنانچہ وہ گوجرہ بھی تشریف لائے - یہ ۲۷ نومبر کی بات ہے - ان کو بعض لوگوں نے کہا کہ ہمیں کھاد نہیں ملتی - بعض نے کہا کہ جب ہم درخواست دیتے ہیں تو ہمیں بجلی نہیں ملتی - یہاں میں یہ بھی واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ جہاں تک حکومت کی مجبوریاں ہیں - مجھے معلوم ہے کہ اس کے لئے زر مبادلہ کی ضرورت ہوتی ہے - اور اس سال بالخصوص لوگ پانی کی کمی کی وجہ سے زیادہ درخواستیں دے رہے ہیں کہ انہیں ٹیوب ویلوں کے لئے بجلی دی جائے - مجھے اس امر کا بھی احساس ہے کہ حکومت اتنے تھوڑے عرصہ میں ان کی تمام ضروریات پورا نہیں کر سکتی - کیونکہ یہ تقریباً ناممکن ہے - اور یہ معجزہ ہو گا اگر آپ اتنے تھوڑے عرصے میں انہیں بجلی مہیا کریں - کم از کم اس انتظامیہ سے تو ہم کسی معجزے کی توقع نہیں رکھتے -

جناب سپیکر - عرض یہ ہے کہ اگر ہمارے علاقہ کے لوگ درخواستیں دیں - اور آپ منظوری دیدیں - آپ کی انتہائی مہربانی اور

عنایت ہوگی ۔ اگر آپ ان کو بجلی بغیر رشوت وصول کئے ان کے استحقاق کے مطابق مہیا کر دیں ۔ اگر آپ فی الحال ایسے علاقوں میں اپنے پلے سے ٹیوب ویل لگا سکتے ہیں ۔ بلکہ ان کے ساتھ ساتھ ان کے recurring expenses بھی برداشت کر سکتے ہیں ۔ تو یہ بھی ضرور کریں ۔ لیکن اگر آپ ہمارے علاقہ میں محض بجلی مہیا کر دیں تو لوگ ٹیوب ویل اپنے پلے سے لگائینگے ۔ بجلی استعمال کریں گے اور اس کا خرچ بھی خود ہی برداشت کرینگے ۔

جناب سپیکر ۔ میں آپ کی خدمت میں ADC صاحب کا ذکر اس لئے کر رہا ہوں کہ وہ زیادہ اناج مہم کے سلسلے میں وہاں تشریف لائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ بہتر ہوتا ۔ اگر وہ زیادہ روپیہ بناؤ مہم کے سلسلے میں تشریف لاتے ۔ کیونکہ میرا ضلع پہلے ہی ان سے تعارف رکھتا ہے ۔ اگر ایسا ہوتا تو میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ سکیم بہت ہی زیادہ کامیاب ہوتی ۔

ان سے ایک ممبر بنیادی جمہوریت نے کہا کہ بجلی نہیں ملتی اور رشوت دینے سے ملتی ہے ۔ میں نے خود 400 روپیہ رشوت دیکر ٹیوب ویل کے لئے بجلی حاصل کی افسوس کا مقام ہے کہ جب ایک شخص نے جرأت کر کے یہ کہا کہ میں نے خود ٹیوب ویل لگایا ہے ۔ اور اس کے لئے میں نے اتنی رشوت دی ہے تو بجائے اس کے کہ اس کی حوصلہ افزائی کی جاتی ۔ بہت سے نام نہاد معززین جو وہاں موجود تھے انہوں نے کہا کہ نہیں ۔ یہ بات نہیں ۔ رشوت کوئی وصول نہیں کرتا ۔ بہر صورت میرا

مقصد یہ ہے کہ اس آدمی کی حوصلہ افزائی نہ کی گئی ۔ لہذا میں اس موقع کو نہایت موزوں سمجھتے ہوئے جناب وزیر طاقت اور وزیر آبپاشی کی خدمت میں مؤدبانہ طور پر عرض کرونگا کہ اگر میرے ضلع کے لوگوں نے کوئی گناہ کیا ہے تو آپ انہیں معاف کر دیں ۔ اور ان لوگوں کے جو جائز حقوق ہیں ۔ وہ انہیں ضرور دیجئے ۔ اگر آپ ٹیوب ویل نہیں لگا سکتے ۔ تو از راہ کرم ہمیں بجلی مہیا کیجئے ۔ اور اگر آپ جلد بجلی مہیا نہیں کر سکتے تو از راہ کرم جلد دینے کی کوشش کیجئے ۔ اس طرح میں بھی اور وہ لوگ بھی آپ کے انتہائی ممنون ہونگے ۔

Mr. Speaker : The question is —

That the total of Rs. 29,00,000 on account of 68—Construction of Irrigation Works—Total New Expenditure be reduced by Rs. 9,00,000.

(*The motion was lost.*)

Mr. Speaker : Next motion, Mr. Farooqi.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Sir, I beg to move —

That the total of Rs. 29,00,000 on account of 68—Construction of Irrigation Works — Total New Expenditure be reduced by Rs. 8,00,000.

Mr. Speaker : Demand under consideratton, motion moved is —

That the total of Rs. 29,00,000 on account of 68—Construction of Irrigation Works—Total New Expenditure be reduced by Rs. 8,00,000,

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی- ۸) - جناب والا - ہمارا ملک بنیادی حیثیت سے ایک زراعتی ملک ہے- چنانچہ زرعی اور غذائی حیثیت سے ہمیں خود کفیل ہونا چاہئے - وہ تو ایک ایسی بات ہے جس میں کسی کو بھی کوئی اختلاف نہیں ہو سکتا - وٹو صاحب کو بھی مجھ سے اتفاق ہوگا - اور کسی انسان یا کسی وزیر کو بھی اس سے اختلاف کی گنجائش نہیں ہو سکتی - بالخصوص موجودہ ہنگامی حالات میں جس صورت حال سے ہم دو چار ہوئے ہیں - اس میں اگر کسی کو پہلے سے کوئی غلط فہمی تھی کہ اگر ہم غذائی طور پر خود کفیل نہ ہو سکے - تو ہم بیرونی مدد سے اسے پورا کر سکیں گے - تو اب وہ غلط فہمی رفع ہو جانی چاہئے - ہم نے بیرونی دنیا کے نام نہاد تعاون اور طرز عمل کو اچھی طرح سے دیکھ لیا ہے - اب ہم یہ ضرورت پہلے سے زیادہ شدید طور پر محسوس کر رہے ہیں کہ ہمیں غذائی حیثیت سے خود کفیل ہونا چاہئے - تو کسی ملک کو غذائی حیثیت سے خود کفیل ہونے کیلئے دو اہم چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے - اور دو اہم سمتعون میں اُسے پیش قدمی کرنا پڑتی ہے -

سب سے پہلے ملک میں جو غذائی پیداوار موجود ہو اس کی حفاظت اور اسے لوگوں تک پہنچانے کا صحیح اور معقول انتظام ہو - اور دوسرے غذائی پیداوار بڑھانے کے لئے مزید ذرائع اور وسائل کی تلاش اور اُن کا استعمال -

جہاں تک پہلی چیز کا تعلق ہے ۔ یعنی ملک کے موجودہ غذائی ذرائع اور وسائل کی حفاظت اور اُن کا انتظام ہے ۔ اس سلسہ میں اپنی طرف سے کوئی بات کہنے کی بجائے اگر میں آپ کی خدمت میں اخبار نوائے وقت کا ایک تراشہ پیش کروں ۔ تو شاید مجھے مزید تبصرہ کی ضرورت نہ رہے گی ۔ یہ خبر کسی سیاسی کارکن کی سیاسی تقریر پر مبنی نہیں ۔ بلکہ حکومت کے مقرر کردہ ایک ماہر فن کی معلومات کا نتیجہ ہے ۔ اخبار نوائے وقت کے ۱۹ ۔ اگست ۱۹۶۵ء کے شمارے میں درج ہے ۔

"مغربی پاکستان زرعی یونیورسٹی میں غذائی پیداوار اور اس کی کھپت پر منعقدہ سیمنار ختم ہو گیا ۔ آخری نشست کی صدارت ڈاکٹر عبدالغفور اصغر وائس چانسلر مغربی پاکستان انجینرنگ اینڈ ٹیکنالوجی یونیورسٹی نے کی ۔ ڈاکٹر اسرارالحق صدر شعبہ پرورش حیوانات زرعی یونیورسٹی نے اپنے مقالے میں بتایا ۔ کہ پاکستان میں سالانہ ۸۹ لاکھ من دودھ ۔ دو لاکھ من گوشت اور دو کروڑ ۹۹ لاکھ انڈوں کا نقصان ہوتا ہے ۔ اور اس طرح جو غذا ضائع ہو جاتی ہے ۔ اُس کی مجموعی قیمت بیس کروڑ چار لاکھ روپیہ ہوتی ہے ۔ اگر یہ نقصان نہ ہو ۔ تو ملک میں ان ضروری غذاؤں کی فی کس کھپت بڑھ جائے ۔ اور لوگوں کو اچھی غذا کافی مقدار میں میسر آنے لگے ۔ مزید برآں

قومی معشیت کو بھی استحکام ملے ۔ انہوں نے کہا ۔
کہ ہمیں ہر قیمت پر اس نقصان کو روکنا چاہیے" ۔

تو جناب والا ۔ اس سے ہمیں یہ معلوم ہوا ۔ کہ ملک میں جو غذائی ذرائع اور وسائل موجود ہیں ۔ ہماری انتظامیہ اور ہماری حکومت کے افراد انہیں کس طرح استعمال کر رہے ہیں اور بغیر کسی تبصرہ کے یہ تراشہ پیش کر دینا کافی ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ فاروقی صاحب ۔ اپنی تقریر مختصر کریں ۔ اس لئے کہ ڈیڑھ بجے تک فنانس منسٹر صاحب اور لیڈر آف دی ہاؤس نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کرنا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ غذائی صورت حال کو بہتر بنانے کے لئے نئی ایجادات سے اور سائنسی طریقوں پر زراعت کو ترقی دینی چاہئے ۔ محکمہ زراعت کو اس کام کے لئے کوئی ٹھوس منصوبہ پیش کرنا چاہئے تھا ۔ لیکن جب ہم دیکھتے ہیں ۔ کہ اس سلسلہ میں کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا ۔ تو ہمیں شدید مایوسی ہوتی ہے ۔ شاید آپ کے علم میں یہ بات ہو ۔ کہ اس سلسلہ میں ۸ کروڑ روپیہ مصنوعی کھاد درآمد کرنے کے لئے خرچ کیا جا رہا ہے ۔ اور 1½ کروڑ روپیہ Plant Protection کی ادویہ کی درآمد پر خرچ ہو گا ۔ یہ 9½ کروڑ روپیہ زر مبادلہ کی صورت میں خرچ ہو گا ۔ دوسری طرف ملک میں جو کھاد کے کارخانے موجود ہیں ۔ اُن کی پیداوار میں توسیع کے خرچ کی کل لاگت

3½ کروڑ روپیہ ہوتی ہے ۔ اور اس کے لئے صرف 50 لاکھ روپیہ صرف کیا جا رہا ہے ۔ تو ایک طرف 9½ کروڑ روپیہ سالانہ کھاد اور دوسری ادویات کی درآمد پر صرف کیا جا رہا ہے ۔ دوسری طرف ملکی ذرائع اور وسائل کو بڑھانے کے لئے بجٹ میں صرف 50 لاکھ کی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ ملکی کارخانہ جات میں توسیع کی 3½ کروڑ کی لاگت میں کھاد کے درآمد کی رقم کا ایک تہائی حصہ ہے ۔ اگر یہی صورت حال رہے ۔ تو ہم پیداوار میں نہ خود کفیل ہو سکتے ہیں ۔ اور نہ آئندہ اپنی درآمد کو کم کر سکتے ہیں ۔

جہاں تک ٹیوب ویل لگانے کا تعلق ہے ۔ مجھے خواجہ صاحب سے پورا اتفاق ہے ۔ محکمہ زراعت جو ٹیوب ویل لگا رہا ہے ۔ اس میں ایک ٹیوب ویل پر 25 ہزار روپیہ خرچ آتا ہے ۔ جب کہ مسٹر غلام محمد (Planning Chief Economist) کا جو مقالہ چند ماہ پہلے شائع ہوا تھا اس میں انہوں نے بتایا تھا ۔ کہ اگر زمینداروں کو قرضہ کی سہولتیں مہیا کی جائیں ۔ اور وہ خود ٹیوب ویل لگائیں ۔ تو اس کی لاگت حکومت کے لگائے ہوئے ٹیوب ویل سے نصف ہو گی ۔ غلام محمد صاحب کوئی سیاسی کارکن نہیں ہیں ۔ بلکہ ماہر فن ہیں ۔ اس لئے جب وہ یہ کہتے ہیں ۔ کہ کاشت کار نصف قیمت پر ٹیوب ویل لگا سکتے ہیں ۔ تو ان کو قرضہ کی سہولتیں مہیا کرنی چاہئیں ۔ اور حکومت کو بلا وجہ اس کثیر خرچ کا بار بجٹ پر نہ ڈالنا چاہئے تھا ۔

Mr. Speaker : The question is :

That the total of Rs. 29,00,000 on account of 68—Construction of Irrigation Works—Total New Expenditure be reduced by Rupees 8,00,000.

(*The motion was lost.*)

Mr. Speaker : Next motion is from Malik Akhtar. He may please move it.

Malik Muhammad Akhtar : I move :

That the total of Rs. 29,00,000 on account of 68—Construction of Irrigation Works—Total New Expenditure be reduced by Rupee one.

Mr. Speaker : Demand under consideration, motion moved is :

That the total of Rs. 29,00,000 on account of 68—Construction of Irrigation Works—Total New Expenditure be reduced by Rupee one.

ملک محمد اختر - جناب سپیکر .....

Mr. Speaker : If the Government has objection, Government should say that we object to this cut motion. I think the Minister of Irrigation has objection.

Minister of Irrigation & Power (Malik Khuda Bakhsh) : I have objection.

ملک محمد اختر (لاهور - ۲) - میں یہ گذارش کروں گا - کہ ہندوستان سے معاہدہ کے مطابق جو توقعات تھیں - انہیں نظرانداز کر کے ہندوستان نے پانی کی سپلائی بند کر دی ہے - جو ملک اعلان جنگ

کئے بغیر حملہ آور ہوتا ہے ۔ اُس سے اور کسی مراعات اور کسی معاہدہ کی پابندی کی کیا توقع ہو سکتی ہے ۔ grow more food کی پالیسی پر عمل کرتے ہوئے self sufficient ہونے کی کوشش کرنا چاہئے ۔ اس ضمن میں میرے پاس کافی اعداد و شمار ہیں ۔ لیکن اس وقت میں صرف اُن کی summary عرض کروں گا ۔ پہلے دس سال میں جب آبادی بڑھی تو تناسب 21.3 فیصدی تھا ۔ لیکن دس سال کے بعد جب اور increase ہوئی ۔ تو per cafita production خوراک کے سلسلہ میں جو 16 اونس فی کس تھی ۔ وہ 13 اونس فی کس ہوگئی ۔ land reforms کے بعد 1961-62 میں پھر 16 اونس ہو گئی ۔ اور 64—1963 میں 16·5 اونس ہوئی ۔ اصل بات یہ ہے ۔ کہ ہم غلہ کی باقاعدگی کے ساتھ کاشت نہیں کرتے ۔ میں سمجھتا ہوں ۔ کہ بھارت کے ان عزائم کے پیش نظر ہمارے ملک کا خوراک میں self sufficient ہونا نہایت ضروری ہے ۔ دفاعی نقطۂ نظر سے بھی ضروری ہے ۔ ہمارے ملک کی ¾ آبادی کاشت کار ہے ۔ 80 فیصدی آبادی دیہات میں ہے ۔ اور باقی جو 20 فیصدی شہروں میں ہے ۔ اُس کا بھی اس چیز پر انحصار ہے ۔ نیز اس سے ہمیں foreign exchange بھی حاصل ہوتا ہے ۔ اس ضمن میں میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ محکمہ زراعت کی طرف سے جو ٹیوب ویل لگائے جاتے ہیں وہ کافی مہنگے ہوتے ہیں ۔ اس کے لئے میں یہ عرض کروں گا ۔ کہ پہلے اپنے ملک کی صنعت سے فائدہ اُٹھائیں یہاں بڑی اچھی اچھی فرمیں ہیں ۔ جو اس کام کو بڑے اچھے طریقہ سے کر سکتی ہیں ۔ میں اُن کی advocacy نہیں کر رہا ۔ بلکہ معلومات بہم پہنچا رہا ہوں ۔ تاکہ آپ کاشتکاروں کی توجہ اس طرف دلائیں ۔ جناب وزیر صاحب اگرچہ

لئے ہیں - پھر بھی آن کے متعلق کوئی بات کہنا ایسے ہی ہے - جیسے سورج کو چراغ دکھانا - لیکن جناب میں صرف instances عرض کرتا ہوں -

مسٹر حمزہ ــ تقریر ایسی ہی کرنی چاہئے جیسی کہ آپ کرتے ہیں -

ملک محمد اختر - تقریر چاہے جیسی کرے لیکن حق سے انحراف نہ کرنا بھی دیانت ہے - حق حق ہے - جناب والا - وہاں پر غیر ملکی بہت ہیں اور انکو چالیس چالیس ہزار روپے ماہانہ تنخواہیں دیجا رہی ہیں - مجھے اس لفظ کا تلفظ نہیں آتا - "kalmbach" یہ کمپنی ٹیوب ویل بناتی ہے اور اسمیں power کے جو انجینیرز ہیں ان میں ہر ایک انجینیر کو ۱۵ ہزار - روپیہ ماہوار تنخواہ دیجا رہی ہے - allowances اور تنخواہ ملا کر آپ کے پریذیڈنٹ اور گورنر سے بھی یہ زیادہ تنخواہ لیتے ہیں لہذا میں عرض کروں گا کہ آپ eccnomy cuts لگائیے اور اسے جناب آپ کے محکمہ میں ہونا چاہئے اگرچہ ہم نے provision کر دیا ہے لیکن از راہ نوازش اسے cut کرنیکی کوشش کیجائے -

اسکے بعد میں عرض کرونگا کہ آپ کے محکمہ میں ایک fraud چل رہا ہے اور وہ یہ کہ آپ سے فرمیں longer period کا agreement کر لیتی ہیں اس سے آپ انکو بونس دیتے ہیں - اسکے لئے میں کہہ سکتا ہوں کہ آپ نے ہمیشہ بونس دیا ہے مگر ان سے وقت پر کام مکمل نہ ہونیکی

وجہ سے کبھی penalty نہیں لی ہے ۔ لہذا میری درخواست ہے کہ آپ ان تمام چیزوں کو دیکھیں ۔ پھر یہ بھی ہے کہ آپ foreign consultants کو جو pay کرتے ہیں وہ foreign exchange میں pay کرتے ہیں میں پھر ہاؤس میں دھراؤں گا کہ میں اس قسم کے کاموں پر foreign exchange کو ان حالات میں خرچ کرنے کو گناہ کبیرہ تصور کرتا ہوں ۔ آپ اسی foreign exchange سے ہمارے لئے رائفلیں منگائیے ۔ گولیاں منگائیے اور ہمیں equipt کیجئے ۔ آپ کسی طرح سے سامان منگائیں اور ہمیں اس قابل کریں کہ ہم کروڑوں کی تعداد میں اپنے صدر مملکت کی کمان میں رضاکارانہ طور پر ہندوستان کے سامنے کھڑے ہوکر اپنی جان بازی کے جوہر دکھائیں ۔

وزیر آبپاشی و برقیات (ملک خدا بخش) ۔ جناب والا ۔ میں خواجہ صاحب جناب حمزہ مولانا فاروقی اور اختر صاحب کا ممنون ہوں کہ انہوں نے اپنی تحاریک تخفیف کے ذریعہ سے مجھے موقع بہم پہنچایا کہ میں چند غلط فہمیاں دور کر سکوں ۔ خواجہ صاحب نے فرمایا تھا کہ ۲۵ ہزار روپے میں ٹیوب ویل لگے گا ۔ یہ حساب ٹھیک ہے کیونکہ ہمیں بجلی بھی لگوانا پڑتی ہے اور آپریٹر کا کوارٹر بنوانے پر بھی خرچ کرنا پڑتا ہے لیکن حکومت نے کوشش کی ہے کہ جس طرح پرائیویٹ طور پر لوگ ایک ٹیوب ویل ساڑھے سولہ ہزار یا سترہ ہزار میں لگوا لیتے ہیں ۔ اسی طرح ان کی توقعات کے مطابق ہم ساڑھے سولہ یا سترہ ہزار میں ٹیوب ویل لگوا لیں یا اسکے لگ بھگ لگوا لیں ۔

جناب حمزہ صاحب نے ٹوبہ ٹیک سنگھ کے متعلق جو کچھ کہا ہے اس سلسلے میں عرض کروں گا کہ جیسا کہ وہ جانتے ہیں میں بھی اسی تحصیل کا زمیندار رہا ہوں ۔ میرے رشتہ داروں کی تھوڑی بہت زمین ہے وہاں کا پانی کھارا ہے وہاں ٹیوب ویل کی سکیم چلانے سے پہلے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ کیا پانی قابل استعمال ہے ۔ میں انکو یقین دلاتا ہوں کہ زراعت کے مسئلہ میں کسی قسم کی سیاست کو داخل نہیں ہونے دیا جائیگا ۔ وہ ایک وسیع علاقہ ہے اور اسمیں کافی علاقہ غیر آباد ہے ۔ لائل پور سارا آباد ہو چکا ہے لیکن ٹوبہ ٹیک سنگھ پورا آباد نہیں ہوا ۔ جتنی زمین ہے اگر کوشش کیجائے تو اس سے فاضل پیداوار ہو سکتی ہے ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہم وہاں پر بجلی اور ٹیوب ویل کی سکیم بنانے کی کوشش کریں گے بشرطیکہ پانی اچھا ہوا اور لاگت قابل برداشت ہوئی اور زمیندار اس کے خرچ کو برداشت کر سکے ۔

فاروقی صاحب نے فرمایا ہے کہ پانی مہیا کرنے میں خرچ کم ہونا چاہئے سب سے پہلے مین یہ عرض کر دوں کہ مجھے بہت خوشی ہوئی کہ اس سکیم کو معزز ایوان کی تائید حاصل ہوئی اور اس سے میری بڑی حوصلہ افزائی ہوئی اور جیسا کہ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے اگر ہم اس علاقہ میں پانی مہیا کرنے کے قابل ہو جائیں تو ایک نہایت ہی خوشگوار زرعی انقلاب پیدا ہو جائے گا ۔ جس کی اللہ کے فضل سے ابتدا ہو چکی ہے ۔ کاشتکار صاحبان نے گزشتہ ۵ سالوں میں ۳۰ ہزار ٹیوب ویل لگا کر ہمیں ششدر کر دیا ہے ۔

اختر صاحب نے فرمایا ہے کہ ہم غیر ملک مشیروں کے کیوں رہین منت رہیں اسکے لئے میں انکی خدمت میں عرض کروں گا کہ اس سکیم کے لئے نہ ہم غیر ملکی مشیروں کے رہین منت ہیں اور نہ ہم سامان باہر سے منگوا رہے ہیں - ہم اپنے ہی ملک کے مشیروں کی خدمات حاصل کر رہے ہیں اور ان ہی سے کام چلایا جائیگا- اور یہ ٹیوب ویل اسی طرح چلیں گے جیسا کہ پرائیویٹ لوگوں کے لگوائے ہوئے ٹیوب ویل چل رہے ہیں اور اسی طرح ہماری زرعی معیشت میں وہی خوشگوار انقلاب آ جائے گا جسکے ہم متمنی ہیں - اسمیں غیر ملکی مشیروں اور بونس کا بھی سوال نہیں ہے اسے خود ہمارا محکمہ لگوا رہا ہے - میں اس وضاحت سے انکی غلط فہمیاں دور کرنا چاہتا تھا امید ہے اب یہ غلط فہمیاں دور ہو گئی ہوں گی -

اس کے علاوہ دوران بحث میں کل کسی ممبر صاحب نے فرمایا تھا کہ فلاں علاقہ میں چھوٹے بند کیوں نہیں بنوائے جاتے ؟ میں ہاؤس کو یقین دلاتا ہوں کہ جہاں چھوٹے بندوں کی ضرورت ہے وہاں بنوائے جائیں گے اور میری خاص کوشش یہ ہوگی کہ جہاں جہاں علاقہ میں پانی کے ذخیرہ ہیں انہیں پنجسالہ منصوبہ میں استعمال میں لا کر زرعی معیشت میں ایک انقلاب کا ذریعہ بنایا جائے - (نعرۂ تحسین)

مولانا صاحب نے فرمایا تھا کہ ۹ کروڑ روپے کھاد پر خرچ کئے جاتے ہیں کیوں نہ اس کے کارخانہ لگائے جائیں - یہ مسئلہ وزیر زراعت کے متعلق ہے چونکہ انہیں وقت نہیں ملیگا اسلئے میں انکی طرف سے مولانا کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ ہم نے پہلے ہی Esso کی مدد سے

ایک کارخانہ کی ابتدا کر دی ہے اور دو نئے کارخانوں کی بھی ابتدا کر رہے ہیں ۔ اور اس کے علاوہ ملتان کے کارخانہ کی بھی دگنی capacity کر دی ہے اور داؤد خیل میں بھی output کو دگنا کیا جا رہا ہے ۔ حتی‌المقدور ہم اسبات کے خواہشمند ہیں کہ کسی نہ کسی طرح سے ہم جلد سے جلد اتنی کھاد پیدا کرنے لگیں کہ آپ کی اور ہماری جانی پہچانی مشکلات ختم ہو جائیں ۔

وزیر مال (خان حبیب‌اللہ خان) ۔ جناب سپیکر صاحب ۔ میں نے جیسا کہ پہلے عرض کیا تھا کہ کل جو کچھ ہوا میں نے سمجھا تھا کہ وہ وہیں ختم ہوگیا اور مجھے یہ توقع نہ تھی کہ اس بحث کو یہاں پھر چھیڑا جائیگا ۔ کیوں ؟ ۔ یہ خواجہ صاحب کو معلوم ہوگا ۔ انہوں نے پھر یہ کوشش کی کہ اس بحث کو چھیڑا جائے اور اسکی وضاحت بھی کر دیں اور جواب بھی دیدیں ۔ کل انہوں نے جو اعتراضات کئے تھے میں نے ان کا جواب عرض کیا تھا میں نے معافی بھی مانگ لی تھی ۔ میں نے کہا تھا کہ ہم نے جو کچھ کیا ہے وہ مکمل نہیں ہے تھوڑا ہے اور ہم مزید کرنے کے لئے تیار ہیں ۔ آپ ہمیں بتائیں ۔ مشورہ دیں لیکن کسی کی نیت پر حملہ نہ کیا جائے ۔

جناب ۔ یہ کہا گیا ہے کہ میں سیالکوٹ دیدہ و دانستہ نہیں گیا اور بنوں چلا گیا اور وہاں چلا گیا اور یہاں چلا گیا ۔ اور انہوں نے یہ بھی ثابت کیا کہ جو کچھ انہوں نے میرے متعلق کہا تھا وہ کسی کے اشارہ یا ایماء پر نہیں کہا ۔ تو انکے کہنے پر میں اپنا وہ لفظ کہ

کسی کے ایما پر شاید یہ کہا ہے withdraw کرتا ہوں معافی مانگتا ہوں ۔ لیکن یہ ذمہداری انہوں نے اپنے اوپر لے لی ۔ میں تو یہ ذمہداری کسی اور پر ڈالنا چاہتا تھا لیکن انہوں نے کہا کہ میں نے از خود اپنے ضمیر کی آواز پر یا خیال پر یا گمان پر یا بدگمانی پر کہا ہے ۔

اخبار میں یعنی آج کے پاکستان ٹائمز میں جو کچھ لکھا ہوا ہے اس کے یہ الفاظ ہیں ۔

> "Khwaja Safdar, Leader of the Opposition accused the Revenue Minister Habib Ullah Khan who is also incharge of relief work of criminal negligence in his duty. He said that the latter had absolutely no sympathy for the displaced persons"

میرا اعتراض یہ تھا ۔ چاہے آپ کہیں چاہے کسی اور نے آپ کو کہا ہو کہ مجھے ہمدردی نہیں ہے ۔ یہ بات غلط ہے اور میں پھر دہرانا چاہتا ہوں کہ میرے وہاں نہ جانے سے یہ نتیجہ اخذ کرنا کہ مجھے ہمدردی نہیں ہے ۔ اس کے جواب میں کل میں نے آپ کو کہہ دیا تھا کہ آپکی اپنی ہمدردی کیا ہے ۔ ۴۰۰ روپے کی رقم اراکین کا نہ دینا اس سے میں یہ نہیں اخذ کر سکتا کہ آپ حب‌الوطن نہیں ہیں ۔ یا دوست نہیں ہیں ۔ آپ نے اس چیز کا بھی جواب دینا چاہا کہ میں نے ۴۰۰ روپے نہیں دئیے براکین اسمبلی نے اپنی ماہواری تنخواہ میں سے ۳۰ - ۴۰ - ۵۰ - ۶۰ - ۶۵ یا ۷۰ روپے چندے کے لئے وقف کر دئے ۔ بعضوں نے ہنگامی حالات کے اختتام تک اپنی تنخواہیں وقف کر دی ہیں ۔ مگر آپ نے ایک پیسہ بھی نہیں دیا اور آپ نے کہا کہ مجھے ضرورت نہیں کہ میں کسی منسٹر

سے سرٹیفیکیٹ لوں ۔ میں جو کام کرتا ہوں وہ لوگوں کو معلوم ہے اور وہ جو کام کرتے ہیں وہ بھی لوگوں کو معلوم ہے ۔ میں اپنے اور آپ کے کام کا موازنہ نہیں کرتا ہوں ۔ میں جناب من ان دنوں میں لوگوں کی خدمت کرتا تھا جب آپ اکی دکی جماعت میں پڑھتے تھے ۔ میں جیل‌خانوں میں رہا ہوں ۔ میں تو پاکستان بننے کے بعد گورنمنٹ کی طرف آیا ہوں اور آج منسٹر بھی ہوں ۔ میں آپوزیشن میں رہا ہوں اور عوام کا ساتھ دیتا رہا ہوں ۔ میں تو اب بھی تیار ہوں ۔ آپ نے صبح کہا کہ اتنے منسٹروں کو اڑایا جائے ۔ سات کو رکھا جائے ۔ میں کہتا ہوں کہ سات کو اڑایا جائے صرف چار کو رکھا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں ۔

وزیر مال ۔ لیکن میں کروں کیا ۔ اگر میں چار رکھوں تو آپ ہیں پانچ ۔ تو مجھے ایک کہانی یاد آ گئی اگر سپیکر صاحب اجازت دیں تو میں کہانی سنا دوں ۔

Minister of Finance : Sir, I request that the time may be extended by 15 minutes.

مسٹر سپیکر ۔ شیخ صاحب عام طور پر صورت یہ ہوتی ہے کہ جب voting on demands ہو تو ووٹنگ ڈیڑھ بجے ختم ہونی چاہئے ۔

وزیر مال ۔ بہت اچھا میں ختم کئے دیتا ہوں ۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا میں اس وقت کہانی نہیں سناؤں گا کسی اور وقت سناؤں گا ۔

آپ کو مجھے یہ کہنا ہے کہ میں کسی سے سرٹیفیکیٹ نہیں مانگتا اس لئے کہ مجھے ضرورت نہیں ۔ لیکن میں نے پیسے دیئے ہیں ۔ آپ مجھے یہ بتائیں کہ آپ سرٹیفیکیٹ نہیں مانگتے تو وہ کونسی چیز تھی جس نے آپ کو مجبور کیا یعنی پچھلے سیشن میں آپ کو مجبور کیا کہ ایک قرارداد move کی جائے کہ Cairo میں جو حادثہ ہوا ہے اس کے لئے چندہ جمع کیا جائے ۔ اب بتائیے کس چیز نے آپ کو مجبور کیا ۔ آپ کیوں ہم سے سرٹیفیکیٹ مانگتے تھے ۔ آپ پبلسٹی کی خاطر کرتے تھے کہ لیڈر آف دی آپوزیشن نے ایک ریزولیوشن move کیا ۔ کیا آپ کا یہ مطلب ہے کہ دیگر ممبران ایوان نے جو ہم کو چندے دیئے ہیں وہ ہم سے سرٹیفیکیٹ مانگتے ہیں ۔ میں نے صرف یہ کہا کہ آپ اپنی تکلیف کی کہانیاں سناتے ہیں ۔ میں اس کی پوری حمایت کرتا ہوں ۔ میں پوری تائید کرتا ہوں اور بار بار کہتا ہوں کہ آپ سچ کہتے ہیں ۔ وہ لوگ مصیبت زدگان ہیں ان پر بہت کچھ گزری ہے اور جو کچھ گزری ہے اور جو کچھ آپ نے کہا یہ اس سے بھی زیادہ مصیبت زدہ ہیں ۔ تو آپ نے ان کے لئے کیا کیا ۔ جب آپ نے کہا حلال نہیں کیا ۔ آپ نے اس کا جھٹکا کیا ۔ میں حلال کرتا ہوں ۔ غالب کا ایک شعر کہہ کر حلال کرتا ہوں ۔

نہ نکلا جیب سے میری اک پیسہ اس جراحت پر
کیا سینے میں جس نے خون چکاں مژگاں سوزن کو

در اصل غالب کا شعر اس طرح ہے -

نہ نکلا آنکھ سے تیری اک آنسو اس جراحت پر
کیا سینے میں جس نے خون چکاں مژگان سوزن کو

تو ایک پیسہ آپ نے نہیں دیا -

خواجہ محمد صفدر - میں نے آپ سے زیادہ دیا ہے -

وزیر مال - دیا ہوگا - میں نے تو اپنے پہننے کے کپڑے بھی دئیے ہیں -

مسٹر سپیکر- ڈیڑھ بجے جو Demands زیر بحث ہوں ان کو put کرنا ہوتا ہے ورنہ guillotine apply ہو جاتا ہے -

وزیر مال - تو مجھے ایک منٹ دے دیجئے پھر میں ختم کر دوں گا - دوسری بات جو میں نے کل کہی تھی اور آپ نے intervene کیا اور مجھے طعنہ دے رہے ہیں کوہاٹ کا، بنوں کا، پشاور کا - اگر آپ کو سیالکوٹ کا غم ہے تو لاہور کا کیوں نہیں تھا - دو دن پہلے اس پر حملہ ہوا تھا تو آپ نے intervene کرکے کہا کہ میں specific بنانا چاہتا تھا کیوں کہ ایک چیز کے بارہ میں ایک تحریک التوا ہو سکتی ہے - تو کس چیز نے آپ کو روکا - بتائیے آپ نے لاہور کے بارے میں کیوں تحریک التوا پیش نہیں کی جس طرح آپ سیالکوٹ کے بارے میں تحریک التوا پیش کر سکتے تھے - اسی طرح آپ specific بنانے کے لئے لاہور کے بارہ میں بھی

تحریک التوا پیش کر سکتے تھے لیکن آپ نے پیش نہیں کی اور جہاں تک کپڑوں کا تعلق ہے میں آپ کو بتادوں ---- (قطع کلامیاں)

مسٹر حمزہ - Point of order Sir - جناب سپیکر - پنجابی میں جسے لوگ کہا کرتے ہیں کہ X X X X X*

Mr. Speaker: That is a remark which is uncalled for and is expunged from the proceedings of the Assembly. The Member may please take his seat.

وزیر مال - میں اس چیز کو نہیں سمجھا - کل انہوں نے شکایت کی تو انہوں نے کہا کہ ۹ لاکھ گز کپڑا ہم نے سیالکوٹ کے لئے مختص کر دیا ہے اور جو ۱۲ لاکھ گز کپڑا ہے اب یہ لاہور جانے دو تو اس پر ان کی لڑائی ہوئی - کراچی میں یہ صاحب ایک ایم - این - اے کے پاس گئے تھے - ان کو انہوں نے کہا کہ پہلے ۹ لاکھ گیا ہے اب ۱۲ لاکھ وہاں بھیجیں - آئی - یو - خان نے کہا کہ میں نے ۹ لاکھ پہلے بھیجا ہے آپکو اور یہ سیالکوٹ کے لئے ہے -

خواجہ محمد صفدر - آج تک نہیں گیا -

وزیر مال - یہ غلط کہتے ہیں - گیا ہے - اس سے رضائیاں بنی ہیں اور بن رہی ہیں - آپ غلط کہتے ہیں ان کی رضائیاں بنائی گئی ہیں - جو کچھ ہم سے ہوا ہم نے کیا ہے -

*Expunged as ordered by the Speaker.

خواجہ محمد صفدر - چلئے میں آپ کے ساتھ جا کر ثابت کرتا ہوں - اگر ۹ لاکھ گیا ہو میں سیٹ چھوڑ دونگا - (شور و قطع کلامیاں)

Mr. Speaker : The member may please take his seat.

وزیر مال - یہ بالکل غلط کہتے ہیں - جو کچھ ہم سے ہوا ہم نے کیا ہے لیکن ان کی خواہش یہ تھی کہ لاہور کی طرف یا دوسرے مصیبت زدگان کی طرف توجہ نہ دی جائے - جتنی توجہ دی جائے وہ تمام سیالکوٹ کی طرف دی جائے - اس بنا پر ان کا جھگڑا ہوا تھا اور یہی وجہ ہے جس کی وجہ سے ہم مورد الزام بن گئے ہیں -

Mr. Speaker : The Minister of Finance.

> "If a motion for leave to introduce a Bill is opposed, the Speaker after permitting, if he thinks fit, a brief explanatory statement by the Member who is seeking leave and from the Member who has opposed the motion, may without further debate put the question."

میں نے جناب والا - اس کا حوالہ اس لئے دیا ہے - کہ حقیقت میں ہمارے قواعد و ضوابط ہمیں اس بات کی اجازت نہیں دیتے کہ ہم اس stage پر کہ جس stage پر اس وقت یہ ترمیمی بل ہے اس پر بحث کریں - ہمیں قواعد و ضوابط اسقدر اجازت دیتے ہیں کہ اگر بل کی کسی صاحب نے introduction stage پر مخالفت کرنی ہے تو بل کے پیش کرنے والے یا تجویز کرنے والے دوست یا اس کی مخالفت کرنے والے دوست چھوٹے چھوٹے بیانات دیں اس کے بعد ایوان کو فیصلہ کرنا چاہئے - جناب والا - اس کے پیچھے فلسفہ یہ ہے کہ اگر اس بل کی اجازت مل گئی تو یہ بل Standing Committee کے پاس چلا جائے گا -

Standing Committee میں تمام معاملات کی جن کا ذکر جناب وزیر قانون صاحب اور جناب قائد ایوان نے فرمایا ہے چھان بین کر لی جائے گی - لیکن یہ کوئی stage نہیں ہے کہ ہم اس کی تفاصیل میں جائیں - اور نہ ہی ہماری روایات ہیں - اور نہ ایسا کبھی اس معزز ایوان نے سابقہ سالوں میں کیا ہے کہ introduction stage پر لمبی چوڑی بحث کریں -

جناب والا - دوسری بات جو میں قائد ایوان اور وزیر قانون صاحب کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ نہ صرف اس ایوان کی روایت یہ ہے بلکہ دنیا بھر کے ایوانوں کی روایات ہیں کہ introduction stage پر leave کی مخالفت نہیں کی جاتی کیونکہ اس stage سے گذرنے کے بعد اور پاس ہونے کی stage تک ابھی کئی مراحل آئیں گے اور اس ایوان نے اپنی رائے کا اظہار اس بل کے متعلق کرنا ہے - سابقہ روایت تو یہ ہے - اگر آپ کوئی نئی روایت پیدا کرنا چاہتے ہیں کہ اس ایوان کی جانب سے ہر بل کو پیش کرنے کی اجازت نہ ملے تو یہ اور بات ہے - لیکن میں ان کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ ہمارے rules اس بات کی اجازت نہیں دیتے کہ ہم ہر مرحلہ پر اتنی لمبی چوڑی بحث کریں - کہ بل introduce کرنے کی اجازت ہمیشہ دے دی جاتی ہے - کیونکہ ایوان کو پتہ ہوتا ہے کہ یہ بل کئی بار ہمارے سامنے آئے گا اور اس وقت ہم اس پر اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں گے -

Minister for Law: Sir, there is one point, which requires explanation. I entirely agree with the Leader of the Opposition that at this stage, an elaborate discussion is really not customary, but he would kindly recall that after the bill had come back from the Standing Committee and objections had been raised in this House, the Leader of the Opposition has been vociferously saying that that stage has gone, and that it cannot be raised now. I am only respectfully reminding him. It is entirely for the House to accept it, pass this motion and pass on to the Standing Committee, and he would remember that if any objection is raised after the bill is returned by the Standing Committee, then he will not kindly say that that stage has passed, as he has been doing before.

Mr. Senior Deputy Speaker : Now I will put the question. The question is :

> **That leave be granted to introduce the Punjab Pre-emption (West Pakistan Amendment) Bill, 1965.**

(The motion was carried.)

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir, I beg to introduce the Punjab Pre-emption (West Pakistan Amendment) Bill, 1965.

مسٹر حمزہ۔Point of order جناب والا ۔ آپ نے جب یہ دریافت کیا تھا کہ کون کون سے اصحاب اور کون کون سے معزز ممبر صاحبان اس کے حق میں ہیں تو آپ نے یہ دریافت نہیں کیا کہ کون سے ممبر صاحبان اس کی مخالفت کرتے ہیں ۔ ویسے میں اس کی مخالفت نہیں کرتا کہیں ایسا نہ ہو کہ اس میں کوئی نقص رہ جائے اور وزیر مال صاحب یہ اعتراض لے آئیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I will again put it to the House.

Minister for Law : The Speaker announced that there is no opposition, so it is unanimously passed.

Khawaja Muhammad Safdar : There was no opposition Sir. It is perfectly alright.

Mr. Senior Deputy Speaker : As I found there was no opposition, I said the leave is granted.

وزیر مال۔کیا جناب کی وساطت سے ایک بات حمزہ صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ انہوں نے کہا ہے کہ ممکن ہے کہ کل وزیر مال ہی اعتراض کریں ۔ ان کو کیا یہ شک ہے کہ اعتراض وزیر مال ہی کریں گے اور کوئی نہیں کرے گا ۔ (قہقہہ ۔ قطع کلامیاں)

مسٹر حمزہ۔کیونکہ آپ نے بہت سی روایات قائم کر دی ہیں ۔

وزیر مال۔ہم تو آپ سے سیکھ رہے ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Order please The Punjab Pre-emption (West Pakistan Amendment) Bill, 1965, stands introduced.

THE WEST PAKISTAN DOWERY (RESTRICTION) BILL, 1965.

Next motion by Babu Muhammad Rafiq.

Babu Muhammad Rafiq : Sir, I beg to move—

> **That leave be granted to introduce the West Pakistan Dowery (Restriction) Bill, 1965.**

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is—

> **That leave be granted to introduce the West Pakistan Dowery (Restriction) Bill, 1965.**

Minister for Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad V. Memon): I am not opposing it, Sir, but I would like to mention that the same member had given notice of a similar bill during the last Assembly, but unfortunately when it went over to the Standing Committee and it came back, on account of his absence it could not be taken up. I hope the member is now serious about it and, I therefore don't oppose it and let it go to the Standing Committee. But he would kindly show due courtesy to the House and I hope, will be able to pursue his bill. There are so many ladies sitting in the gallery and they probably will be very much interested in the passage of this bill.

Mr. Ahmed Mian Soomro : What about the ladies in the House ?

Minister for Law : In any case, I am sorry I am not in a position to offer resistance to the bill in the House, and we will have ample opportunities to discuss this bill afterwards.

Khan Abdul Sattar Khan Mohmand : I oppose it Sir.

بابو محمد رفیق (لورالائی - سبی)--جناب والا ـ جیسا کہ ابھی ہمارے معزز وزیر قانون نے بتلایا یہ بل پچھلی اسمبلی کے دوران میں نے پیش کیا تھا جو مختلف مراحل سے گذر کر Standing Committee میں زیر غور آنے کے بعد دوبارہ ایوان کے سامنے آیا ـ لیکن جیسا کہ انہوں نے فرمایا ہے ـ چند ناگزیر وجوہات کی بنا پر جو میری بیماری کی وجہ سے تھیں میں اس بل کو persue نہ کر سکا تھا ـ

میں نے پچھلے سیشن میں ولور پر پابندی کا بل قانون سازی کے لئے اس ایوان میں پیش کیا تھا ۔ جو کوئٹہ قلات ڈویژن کے لئے ہاؤس نے پاس کر دیا تھا ۔ میں خان عبدالصمد خان اچکزئی کا انتہائی مشکور ہوں کہ اگرچہ وہ لائل پور جیل میں تھے جب یہ بل پیش ہوا لیکن انہوں نے اس معاملہ میں میری راہنمائی فرمائی اور انہوں نے مجھے وہاں سے خط لکھا کہ جب آپ ولور بل پاس کر سکتے ہیں تو جہیز جیسی بری رسم جو پنجاب اور دوسرے علاقوں میں اور ہمارے علاقے میں بھی عام ہے اس کے متعلق کیوں بل پیش نہیں کرتے جب میں نے ان کے خط پر غور کیا اور مختلف اخبارات کو پڑھا تو پتہ چلا کہ یہ چیز ایک اسلامی معاشرے کے بالکل خلاف ہے ۔ اور دستور کا ڈھونگ رچا کر اس کو پیش کیا جا رہا ہے ۔ اور اس کی وجہ سے ہماری ہزاروں بہنیں اور بیٹیاں صرف جہیز نہ ہونے کی وجہ سے بیٹھی رہتی ہیں اور شادی نہیں کر سکتیں ۔ میرا اس بل کو پیش کرنے سے یہی مقصد ہے ۔ اب جب کہ ہم ہنگامی دور سے گزر رہے ہیں اور ہمیں اس وقت ہر چیز کی بچت کرنی ہے ۔ میرا یہ مقصد تھا کہ اس بل کو اس معزز ایوان میں پیش کر کے ایک ایسا قانون بنائیں جس سے ہم اپنے معاشرے کو ایک صحیح ڈھنگ پر لانے کی کوشش کریں ۔

جناب والا ۔ مجھے امید ہے کہ اس دفعہ میرا بل اس معزز ایوان کو قابل قبول ہوگا ۔ کیونکہ میرے پہلے بل پر Standing Committee میں جو اعتراضات کئے گئے ان میں ایک یہ تعمیری تجویز اور اشارہ بھی تھا کہ اگر 'ولور' کے ساتھ ہی جہیز کی قباحت کو بھی دور کرنے کی کوشش کی جائے تو بہتر ہوگا کیونکہ اگرچہ میرے علاقے میں 'ولور' کی لعنت کا زیادہ رواج تھا مگر دوسرے علاقوں میں بیٹی والے

کو جو جہیز دینا پڑتا ہے - وہ بھی بعض شادی کے قابل لڑکیوں کی راہ میں رکاوٹ بنا رہتا ہے کیونکہ لڑکے والے اتنا زیادہ جہیز طلب کرتے ہیں جو لڑکی والے ادا نہیں کر سکتے - تو مجھے مشورہ دیا گیا تھا کہ ترمیم شدہ بل ایسا پیش کروں جس میں جہیز پر بھی پابندیاں لگائی جائیں لہذا میں نے جو بل پیش کرنے کی اجازت طلب کی ہے اس میں میں نے جہیز کی پابندیوں کو بھی شامل کر لیا ہے - امید ہے کہ اب یہ ایوان کے لیے قابل قبول ہوگا اور یہ واقعی صوبے کے لئے مفید ثابت ہوگا -

Sahibzadi Mahmooda Begum : Sir, I would like to say something.

Mr. Senior Deputy Speaker : I would like to know if the member is supporting the Bill or opposing it ?

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, you can allow the person who moved the Bill and the person who is opposing it.

Mr. Senior Deputy Speaker : That is exactly what I want to know because if she is also opposing it then I am sorry.

خان عبدالستار خان مہمند--مگر آپ نے جو ایک ہزار کی پابندی لگا دی ہے وہ سخت ناواجب و ناروا ہے -

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر--لیکن پہلے لیڈی ممبر صاحبزادی محمودہ بیگم کو تقریر کرنے کا موقع دیا جائے گا جنہوں نے اس بل کی مخالفت کرنی ہے -

صاحبزادی محمودہ بیگم---یہ تو میں پہلے نہیں بتا سکتی کہ میں مخالفت کرتی ہوں یا حمایت - بہر حال یہ تو میری تقریر سے ہی واضح ہوگا -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر--اچھا تو خان عبدالستار خان پہلے تقریر کر لیں -

خان عبدالستار خان مہمند (مردان - ۲)۔جناب سپیکر۔ مجھے اپنے معزز دوست بابو محمد رفیق کی نیت پر شبہ نہیں مگر انہوں نے جس جہیز کی مخالفت کی ہے وہ شرعاً اور عقلاً ناجائز ہے - بیٹی کا حق باپ کی جائداد اور آمدنی میں اسلام نے قائم کیا ہے اور عورتوں کو جو بلند مقام اسلام نے دیا ہے اس کی دنیا بھر میں مثال نہیں ملتی نہ یورپ میں اور نہ مشرق میں - اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے اس کا نور دنیا کے گوشے گوشے میں پہنچ چکا ہے اور اس نے انسانی ضرورت کا کوئی گوشہ ایسا نہیں چھوڑا جس کے لئے ہمیں اسلامی قانون کی ترمیم کرنی پڑے - ملک عرب میں تو لوگ بیٹیوں کو زندہ در گور کر دیتے تھے مگر اسلام نے عورت کو ایک بلند مقام دیا ہے - وہ باپ کی وراثت میں بیٹیوں کے ساتھ شریک ہے پھر خاوند کی جائداد میں بھی حصہ لیتی ہے - اور بیٹوں کی جائداد میں بھی حصہ دار یعنی ماں کی حیثیت سے بھی اور بیٹی کی حیثیت سے بھی اور بیوی کی حیثیت سے بھی جائداد میں حصہ کی مستحق ہے - لہذا اگر ایک مالدار باپ اپنی بیٹی کو جہیز دیتے وقت اپنی استطاعت کے لحاظ سے لاکھوں روپے بھی دے سکے اور دیدے تو جائز ہے - مثال کے طور پر اگر دس لاکھ روپے کے مالک باپ کے چار بیٹے اور دو بیٹیاں ہوں تو بیٹیوں کو پانچواں حصہ یعنی دو لاکھ روپیہ ملے گا اور ایک ایک لاکھ ہر بیٹی کو ملے گا -

مسٹر حمزہ۔جناب والا - بات وراثت کی نہیں جہیز کی ہے - معزز رکن کسی مغالطہ میں مبتلا ہو کر غلط بحث کر رہے ہیں -

Mr. Senior Deputy Speaker : The Member should be relevant.

خان عبدالستار خان مہمند۔میں جانتا ہوں - شریعت میں جہیز جائز ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی کو جہیز دیا - مگر اس میں یہ ترمیم پیش کی گئی ہے -

"Whoever gives or receives dowry, the amount or value of which exceeds rupees one thousand at the time of marriage or at any time before or after the marriage, shall be punished with rigorous imprisonment for a term which may extend to two years or with fine which may extend to ten thousand rupees or with both."

اب جناب والا ۔ باپ کو اس بات کا حق حاصل نہیں ہے کہ وہ اپنی بیٹی کو اس کا حصہ دے اور اگر اسے اس کا حصہ دیتا ہے تو اسے دو سال قید با مشقت بھگتنی پڑتی ہے ۔ جناب والا ۔ شادی سے پہلے کوئی والدین بچوں کو جائداد یا نقد روپیہ حوالے نہیں کرتے ۔ کیونکہ ان کی عمریں کم ہوتی ہیں ۔ وہ نابالغ ہوتے ہیں اگر وہ چاہیں تو شادی کے وقت یا شادی سے پہلے یا شادی کے بعد جس وقت بھی وہ مناسب سمجھیں وہ اپنی زندگی ہی میں نقد ۔ دولت یا جائداد میں انہیں ان کا حصہ دے دیں اور انہیں ان کے بھائیوں کے رحم و کرم پر نہ چھوڑیں ۔ یہ کہاں کی زیادتی ہے ؟ ایک طرف تو آپ فرماتے ہیں کہ ان کو دو سال قید با مشقت کی سزا دی جائے گی لیکن اگر وہ میری ترمیم قبول کرنے کے لئے تیار ہوں تو شاید میں اس کی مخالفت یوں نہ کروں ۔ اس کی وجہ یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: No amendment can be moved at this stage.

خان عبدالستار خان مہمند۔جناب والا ۔ اگر آپ فرماتے ہیں کہ اس مرحلے پر اس میں ترمیم پیش نہیں کی جا سکتی تو نہ سہی ۔ لیکن جب تک بیٹی کو اپنے باپ کی جائداد میں سے نقد حصہ نہیں دیا جا سکتا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Senior Deputy Speaker: We are not discussing the Sucession Bill. It is the Dowry Bill.

خان عبدالستار خان مہمند۔جناب والا ۔ میں وراثت بل کو زیر بحث نہیں لا رہا ۔ میں آپ کو اپنے ضلع مردان کی سینکڑوں مثالیں پیش کر سکتا ہوں جہاں بھائیوں نے اپنی بچاری بہنوں کی جائیدادیں

دبا رکھی ہیں ۔ اور اس بات پر مقدمہ بازی ہو رہی ہے ۔ اور وہ بھائی اپنے آپ کو رئیس کہلواتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ رائج الوقت قاعدہ یہ ہے ۔ کہ اکثر لوگ اپنی بیٹیوں کو جائداد میں حصہ دینے کی بجائے نقد پیسہ دیتے ہیں ۔ سونا دیتے ہیں ۔ shares دیتے ہیں ۔ ان تمام چیزوں پر پابندی لگا کر آپ دوسروں کی بیٹیوں کو ان کے حقوق سے کیوں محروم کرتے ہیں ۔ اور ان کے والدین کو کیوں اس بات کے لئے قابل سزا گردانتے ہیں ۔

جناب والا ۔ جو استطاعت نہیں رکھتے ۔ جن کے پاس مالی وسائل نہیں ہیں ۔ جن کے والدین غریب ہیں ۔ آپ بیشک ان کے لئے یہ حد مقرر کر لیجئے بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ ان کے لئے ایک ہزار روپیہ کی حد بھی زیادہ ہے ان کے لئے ۱۰۰ روپیہ کی حد بھی کافی ہے ۔ مگر جو صاحب استطاعت ہوں اور جو اپنی بیٹیوں کو حصہ دینا چاہیں یعنی اگر والد اپنی زندگی ہی میں انہیں ان کا حصہ دینا چاہے تو اس میں کیا قباحت ہو سکتی ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی پر زور مخالفت کرتا ہوں ۔

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir, I may also kindly be allowed.

Mr. Senior Deputy Speaker : No. You have seen the rules.

Khan Ajoon Khan Jadoon : It is your discretion.

Mr. Senior Deputy Speaker : The rule says—

"...a brief explanatory statement by the member who is seeking leave....."

That is the mover.

".....and from the member who is opposing the motion."

Suppose one member opposes the Bill and another says that he is also opposing it, should I hear both the members who want to oppose the motion ?

خواجہ محمد صفدر۔جناب والا ۔ جہاں تک اس قاعدے کی interpretation کا تعلق ہے ۔ میرے ذہن میں یہ بات ہے ۔ کہ اس میں آپ کے لئے گنجائش چھوڑ دی گئی ہے ۔ کہ اگر آپ ضروری سمجھیں تو دو ایک دوسرے ممبروں کو بھی سن لیں ۔ لیکن اس بارے میں آپ پر کوئی پابندی نہیں ہے ۔ اسی لئے لفظ "May" استعمال کیا گیا ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Then I will hear Sahibzadi Mahmooda Begum.

Mr. Ahmed Mian Soomro : She is opposing it.

Mr. Senior Deputy Speaker : She has not said whether she is opposing or supporting it.

Mr. Ahmed Mian Soomro : If she says that she supports the Bill then she cannot speak.

Chaudhri Anwar Aziz : I do not think you should enquire at this stage whether a member is going to oppose or support the Bill.

Mr. Senior Deputy Speaker : We have to go by Rules.

Chaudhri Anwar Aziz : I am also going by Rules.

Mr. Senior Deputy Speaker : If she has not said that she will oppose the Bill, then I am very sorry, I cannot allow her.

اگر آپ oppose کرتی ہیں تو آپ کو اجازت ہے otherwise I am sorry.

خان اجون خان جدون۔On a Point of Order, Sir ۔ جناب والا ۔ وہ قواعد جو آپ نے پڑھے ہیں اور جو خواجہ صاحب نے quote کئے ہیں ۔ ان کے متعلق میری گذارش یہ ہے کہ leave تو ہاؤس نے دینا ہے ۔ ان کے مطابق یہ نہیں ہے کہ صرف جو oppose کرے اسے ہی تقریر کی اجازت مل سکتی ہے ۔ اس سلسلے میں تو ہاؤس کے ہر ممبر کو حق پہنچتا ہے ۔ مثلاً جیسا کہ خان عبدالستار خان مہمند نے

اس سلسلے میں کچھ points raise کئے ہیں - جن میں ہاؤس کو include کیا ہے - تو ہمیں یہ حق پہنچتا ہے کہ ہم اس بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کریں -

صاحبزادی محمودہ بیگم (بی ڈبلیو ۱۰۳ - زون سوم)— جناب والا - اس وقت دلچسپ بحث تو یہ شروع ہو گئی ہے کہ میں اس بل کی مخالفت کروں یا اس کی حمایت کروں - پیشتر اس کے میں اس کو oppose کروں - میں بابو محمد رفیق صاحب کو مبارکباد دینا ضروری سمجھتی ہوں - کیونکہ انہوں نے مجھ سے پہلے ایک ایسا بل اس ایوان میں پیش کر دیا ہے جو عین میرے بل کے مطابق ہے - میرے بل کا نوٹس بھی گیا ہوا ہے - لیکن وہ اتفاق سے اس اجلاس میں آ نہیں سکا - بہر صورت مجھے خوشی ہے کہ ان کا بل تو اس اجلاس میں آ گیا -

جناب والا - سماجی برائیوں کو دور کرنے کے لئے یہ نہایت ضروری ہے کہ حکومت ایسے اقدامات کرے جن سے پبلک کو فائدہ ہو - اور عام لوگوں کو اطمینان ہو - ہم اس ہاؤس میں کس لئے آئے ہوئے ہیں - صرف اس لئے کہ ہم اپنے عوام کے فائدے کے لئے کوئی کام کر سکیں - بابو محمد رفیق صاحب کے بل میں بہت سی خامیاں ہیں - اگرچہ اس میں مطلقاً شک و شبے کی گنجائش نہیں کہ انہوں نے اس میں اتنی کڑی سزائیں اتنی کم تعداد میں رکھ دی ہیں کہ وہ شاید اس ہاؤس کے ممبران اور بالآخر عوام کو قابل قبول نہ ہوں - میں نے جو بل پیش کیا ہے - اب پیشتر اس کے کہ وہ بل اس معزز ایوان کے سامنے آئے - میں یہاں اس کی تھوڑی سی وضاحت اسلئے کرنا چاہتی ہوں کہ وہ بل بھی ایک ایسا ہی بل ہے - لیکن میں نے اس میں یہ لکھ دیا ہے کہ جہیز کو دکھانا اور اسے مشتہر کرنا ممنوع قرار

دیا جائے ۔ خان عبدالستار خان صاحب میرے خیال میں اس بل کا مطلب غلط سمجھے ہیں ۔

جہاں تک قانون شریعت کا تعلق ہے ۔ اسکے ساتھ اس بل کا کوئی ٹکراؤ نہیں ۔ کیونکہ قانون شریعت کے مطابق لڑکیوں کو جو جائداد ملتی ہے ۔ وہ اس بل کے پاس ہونے کے بعد بھی ملے گی ۔ اس بل کے منظور ہونے کے بعد لڑکیاں اپنی جائداد سے محروم نہیں ہو سکتیں ۔

خان عبدالستار خان مہمند۔۔جناب والا ۔ میں نے عرض کیا تھا کہ ماں باپ کی وفات کے بعد ملے گی نہ کہ ان کی زندگی میں ۔ کیونکہ اگر ماں باپ اپنی زندگی میں دینا چاہیں تو وہ اور بات ہے ۔

صاحبزادی محمودہ بیگم۔۔جناب والا ۔ آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے ہاں کتنے فیصد آبادی ایسی ہے جس کے پاس جائداد ہوتی ہے ۔ اور جس کی لڑکیاں اپنے والدین کی وفات کے بعد اپنا حصہ لے سکتیں ہیں ۔ یہ بل خالص مفاد عامہ کا بل ہے ۔ اور ہمارے عوام کا بل ہے ۔ مجھے معلوم ہے کیونکہ میں بھی تھوڑی بہت آپ کی خادم کارکن ہوں ۔ کہ جہیز دینے کی وجہ سے ملک میں کس حد تک تباہی ہے ۔ ہمارے ہاں ایسی کئی مثالیں موجود ہیں جہاں والدین اپنی رہائش کے گھر فروخت کر کے اپنی لڑکیوں کو جہیز دے کر رخصت کرتے ہیں ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ سمجھے ہیں کہ ہم اپنی برادری میں اپنا نام اور ناک رکھنے کے لئے ایسا کرتے ہیں ۔ جو بل بابو محمد رفیق صاحب نے پیش کیا ہے ۔ اسے فی‌الحال Standing Committee یا Select Committee کے پاس جانے دیجئے ۔ میرا بل بھی آ رہا ہے اس کے آنے پر ہم باہمی طور پر فیصلہ کر لیں گے کہ اس میں کیا ترمیم

ہونی چاہئے - یہ رقم جو انہوں نے مخصوص کی ہے - بلا شبہ بہت کم ہے - پابندی صرف یہ ہونی چاہئے کہ جہیز کی نمائش کی ممانعت ہو جائے کیونکہ جہیز دکھانا اور اس کیلئے لوگوں کو ایک جگہ اکٹھا کرنا ایک بہت بڑی لعنت ہے - میں سمجھتی ہوں کہ لوگ زیادہ جہیز دیتے ہی اس لئے ہیں کہ وہ لوگوں کو دکھایا جائے - یہ بل ایک بہت ہی اچھا بل ہے - اور پھر قانون شریعت کے تحت خواتین کو جو حصہ ملتا ہے اس پر بھی تو اس کا کوئی اثر نہیں پڑتا - نیز بہت کم والدین ایسے ہوتے ہیں جو اپنی زندگی میں جائداد فروخت کر کے اپنی لڑکیوں کو حصہ دیتے ہیں - اگر والدین اپنی لڑکی کو حصہ دینا چاہیں - تو وہ اسے ان کے مرنے کے بعد بھی مل سکتا ہے - میرے نزدیک تو شائد ہی کوئی والدین ایسے ہوں جو اپنے لڑکوں کے ڈر کی وجہ سے اپنی زندگی میں جائداد فروخت کر دیں - اور اس میں سے اپنی زندگی میں ہی اپنی لڑکی کو حصہ دے دیں - جہیز اور قانون شریعت کے مطابق لڑکیوں کو جائداد میں سے جو حصہ ملتا ہے - یہ دو مختلف چیزیں ہیں - اس لئے میں سمجھتی ہوں کہ اس بل کو ضرور پیش ہونا چاہئے - اسکے علاوہ میرے بل کی بہت سی ترامیم آ رہی ہیں - لہذا میں ہاؤس سے درخواست کروں گی کہ اسکی مخالفت نہ کی جائے - یہ مفاد عامہ کا ایک بل ہے اسے ضرور پاس ہونا چاہئے کیونکہ میں محسوس کرتی ہوں کہ جہیز وغیرہ ایسی لعنت ہے جس کی وجہ سے ہماری خواتین بے حد پریشان ہیں اور ہمارے عوام بیحد تکلیف میں ہیں -

Nawabzada Rahim Dil Khan (Bannu - II) : Sir, I do not oppose the spirit of this Bill but I oppose it on another ground.

Chaudhri Anwar Aziz : Sir, at this stage he cannot oppose the Bill as such, but he can oppose the motion for introduction. Is he opposing the motion ?

Nawabzada Rahim Dil Khan : Sir, I am opposing the motion. Please do give me a chance, My submission is that in this House even uptil

yesterday we had been complaining against corruption that is rampant in the province in almost all the Departments. If this subject is legislated upon and is brought on the Statute Book, then my submission would be that it would open a new avenue for corruption. Brides and brides-grooms will always find themselves in courts, and unless and until they pay something to the authorities who are to enforce this law, they would find it difficult to get away. I would, therefore, submit that, no doubt it is an evil, it should be corrected by some social work and not through legislation and that is why I oppose it.

سید یوسف علی شاہ (پشاور - ۱)۔جناب والا - میں اس بل کی introduction کی حمایت کرتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ مجھے معلوم نہیں کہ جناب عبدالستار خان صاحب نے اس بل کی introduction کی تحریک کا مطلب کیوں غلط سمجھا ہے - میں اس وقت صرف یہ عرض کروں گا کہ اس کے پیش ہونے یا منظور ہو جانے سے یہ نہیں ہوگا کہ عورتوں کے حقوق غصب کئے جائیں گے - جس طرح محترمہ صاحبزادی محمودہ بیگم صاحبہ نے فرمایا ہے - یہ بل ایک عوامی بل ہے - اسے ہر صورت میں منظور ہونا چاہئے -

جناب والا - ہمارے معاشرے میں social disparity اس قدر زیادہ ہے کہ ہمارے ہاں اس قسم کے بہت کم لوگ ہیں جو اپنی بیٹیوں کو بہت زیادہ جہیز دے سکتے ہیں - برعکس اس کے ہمارے ہاں اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جو جہیز نہیں دے سکتے - چونکہ یہ ایک رسم بن چکی ہے اور جہیز دینا معاشرے میں ضروری سمجھا جاتا ہے - اس لئے غریب لوگ خواہ ان کی استطاعت ہو یا نہ ہو - اپنی جائدادیں بیچ کر اپنی بیٹیوں کو جہیز دیتے ہیں - اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ یہ جہیز وغیرہ کی رسم ہمارے معاشرے کے لئے ایک لعنت ثابت ہو رہی ہے -

صاحبزادی صاحبہ نے یہ فرمایا ہے کہ جو رقم معین کی گئی ہے وہ کم ہے اگر اس رقم کو کم سمجھا گیا ہے تو میرا خیال ہے کہ

اسے زیادہ کیا جا سکتا ہے ۔ بہر حال اصولی طور پر میں یہ عرض کروں گا کہ ہم سب کا اس بل کے ساتھ اتفاق ہونا چاہئے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Dowery (Restriction) Bill, 1965.

The motion was carried.

Babu Muhammad Rafiq : Sir I introduce the West Pakistan Dowery (Restriction) Bill, 1965.

Mr. Senior Deputy Speaker : The West Pakistan Dowery (Restriction) Bill, 1965, stands introduced.

THE WEST PAKISTAN ARMS (AMENDMENT) BILL, 1965.

Khan Ajoon Khan Jadoon : I beg to move—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1965.

Mr. Senior Deputy Speaker : Motion moved is—

That leave be granted to introduce the West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1965.

Minister of Law : Sir, I oppose it.

خان اجون خان جدون (مردان - ۳)—وزیر قانون صاحب نے بڑے زور سے اس Arms (Amendment) Bill 1965 کو oppose کیا ہے ۔

جناب والا ۔ یہ بل حال ہی میں نافذ ہوا ہے ۔ اس سے قبل جو Arms Act اس ملک میں نافذ تھا ۔ وہ Central Act تھا اور تمام مغربی پاکستان میں نافذ تھا علاوہ قبائلی علاقوں کے اور علاوہ ان علاقوں کے جن کا ذکر Arms Act کے schedule میں کیا گیا ہے ۔ وہ علاقے یہ ہیں ۔

1. Added areas of Hazara District specified in the first Schedule to G.G.O, No. 1 of 1952,

2. Added areas of Mardan District specified in the first Schedule 'A' to G.G.O. No. VIII of 1958.

3. The added area of Hazara District specified in the first Schedule to G G.O. No. XIII of 1955."

جناب سپیکر ۔ جیسا کہ میں نے اس بل کی Statement of Objects and Reasons میں وضاحت کی ہے جب پاکستان بن رہا تھا تو اس وقت یہ علاقے قبائلی علاقے تھے ۔ اس کے بعد جتنے قوانین نافذ ہوتے رہے وہ وہاں نافذ نہ ہوئے اس لئے کہ وہ قبائلی علاقے تھے ۔

جناب والا ۔ سب سے پہلے جب ہم نے قبائلی علاقوں کو پاکستان میں مدغم کرنے کی offer کی تھی ۔ اس وقت ہمارا یہ مقصد تھا کہ رفتہ رفتہ ہم ترقی کرکے ملک کے دوسرے ترقی یافتہ علاقوں کے برابر ہو جائیں گے ۔

جناب والا ۔ ہم حکومت کے مشکور ہیں ۔ کہ ہمیں کافی مراعات دی گئی ہیں ۔ میں چاہتا ہوں ۔ کہ تمام قبائلی علاقے بھی ترقی کرنے کے لئے ان مراعات سے فائدہ اٹھائیں ۔ اور دوسرے ترقی یافتہ علاقوں کے برابر ہو جائیں ۔ اس وقت صورت حال یہ ہے ۔ کہ جو بھی نیا قانون ہوتا ہے ۔ ہمارے علاقوں میں نافذ کر دیا جاتا ہے ۔ اگر آپ مغربی پاکستان کے لئے ایک قانون بناتے ہیں ۔ تو یہ جائزہ لینا چاہئے ۔ کہ کیا واقعی آپ کو قبائلی علاقوں میں وہ قانون نافذ کرنا چاہئے کیونکہ وہاں کے حالات مختلف ہیں ۔ ساتھ ہی اس بات کا بھی جائزہ لیں کہ جو added areas ہیں اور جہاں وہ قانون نافذ نہ ہو ۔ اگر وہاں بہ یک جنبش قلم وہ قانون نافذ کر دیں گے ۔ تو کیا حالات پیدا ہوں گے ۔ اس علاقہ میں Arms Act نافذ نہ تھا ۔ وزیر قانون اس بات سے انکار نہیں کر سکتے کہ ہر شخص کے پاس آبا و اجداد سے بندوق اور رائفل وغیرہ ہوتی ہے ۔ یہاں تک کہ اب ان کے پاس مشین گن بھی

ہے ۔ اور وہ ان چیزوں پر فخر محسوس کرتے ہیں ۔ جس وقت لاہور پر حملہ ہوا تھا اس وقت ہم نے ایک جرگہ مقرر کیا ۔ ہزارہا قبائلی اپنا اسلحہ لے کر جمع ہوئے ۔ اور وہ جہاد پر جانے کے لئے بے تاب ہو رہے تھے ۔ ان کو اس چیز پر فخر ہے ۔

Arms Act میں آپ نے جو بلا لائسنس اسلحہ رکھنے کی سزا مقرر کی ہے ۔ وہ سخت ہے ۔ یعنی میجسٹریٹ کے لئے ضروری ہے کہ وہ سزا دے ۔ پہلے تو یہ تھا کہ جرمانہ کرے یا سزا دے ۔ اب یہ ہے کہ جرمانہ ہو یا نہ ہو سزا ضرور ملے گی ۔

جناب والا ۔ اگر آپ اس قسم کے قوانین ہمارے علاقہ میں نافذ کر دیں جہاں ہر شخص کے پاس اسلحہ ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ قانونی طور پر پہلے سارے علاقہ کے لوگوں کو قید کریں ۔ کیونکہ وہاں تو ہر ایک کے پاس لائسنس کے بغیر اسلحہ ہے ۔ یہ ترمیم اس لئے کی گئی ہے کہ جب آپ کوئی قانون مغربی پاکستان کے لئے بنائیں ۔ تو پہلے اس بات کو سوچ لیں کہ قبائلی علاقوں اور added areas کے حالات کیا ہیں ۔

اس کے بعد ایک اور چیز کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ جب Criminal Procedure Code کو اور Pakistan Police Code کو Central Government نے extend کیا تو وہاں پولیس کی چوکیاں قائم کی گئیں ۔ پولیس کے ضابطے کے تحت وہاں ایک رجسٹر رکھا گیا جس میں نمبر ۸ ۔ یا نو یا دس کی فہرستیں ہوتی تھیں ۔ اب جس طرح لنڈی کوتل میں ہے کہ باہر سے چیزیں آ کر بکتی ہیں ۔ چونکہ قبائلی علاقہ میں Criminal Act نافذ نہیں اس لئے وہاں اس قسم کی چیزیں عام ہیں ۔ لیکن پولیس کے رجسٹر میں کئی شریف لوگوں کے

نام درج ہو جاتے ہیں ۔ وہاں ہر دوکاندار کے پاس لاکھوں روپیہ کے کپڑے ۔ ریڈیو ۔ ٹرانسسٹر وغیرہ ہوتے ہیں ۔ پولیس ان کو نمبر ۸ ۔ ۹ یا ۱۰ کی فہرست میں رکھتی ہے ۔ اور یہ غلط ہے ۔ جب تک آپ ان کے لئے اس قسم کا قانون نافذ نہ کریں گے جو ان کے حالات کے مطابق ہو اس وقت تک انہیں تکالیف رہیں گی ۔ جب ان لوگوں کے نام پولیس کی فہرست میں آ جاتے ہیں ۔ تو بعض اوقات ان کا چالان ہو جاتا ہے ۔ پھر ہمیں جا کر بتانا پڑتا ہے ۔ کہ وہ تو شریف لوگ ہیں ۔ اس لئے میری گذارش ہے ۔ کہ آپ نہ صرف Arms Act کے نفاذ کے متعلق سوچیں ۔ بلکہ وہاں کے دوسرے مسائل کا بھی جائزہ لیں ۔ وہاں کے حالات مختلف ہیں ۔

جناب وزیر قانون کی خدمت میں گذارش کروں گا ۔ کہ وہ اسے oppose نہ کریں ۔ اور ان علاقوں میں Arms Act نافذ نہ کیا جائے اس بات کو میں نے اس بل کے Statement of Objects میں واضح کر دیا ہے ۔ اس کے پہلے حصے میں لکھا ہے ۔

"It was not the intention of the Government to extend the repealed Arms Act to Areas where it was not extended at the time the Ordinance was promulgated."

Here there is definitely some error, some over-looking on this point and that was when the Ordinance was promulgated.

اس بات سے وزیر قانون انکار نہیں کر سکتے ۔ اور یہ بات بھی قرین قیاس نہیں ۔ کہ ایک جگہ جہاں ایک قانون نافذ نہ ہو ۔ وہاں کے حالات مختلف ہونے کی وجہ سے ۔ تو وہاں بھی وہ قانون نافذ کر دیا جائے ۔

The wording that "it shall extend to the whole of Pakistan" were mentioned and they had forgotten that there are some added areas to which this Act was not applicable.

ان الفاظ کے بعد میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

بابو محمد رفیق (لورالائی - سبی)۔ جناب والا - میں اجون خان جدون صاحب کا شکر گذار ہوں کہ انہوں نے یہ بل اس ایوان میں پیش کرکے مجھے موقع دیا ہے کہ میں اپنے علاقہ کے عوام کی آواز کو اس ہاؤس اور وزیر قانون تک پہنچا سکوں - میں اس بل کو اس حد تک oppose کروں گا کہ اس بل میں کوئٹہ اور قلات کو شامل نہیں کیا گیا - جیسا کہ انہوں نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے مختلف علاقوں کے حالات مختلف ہوتے ہیں - قانون سازی کرتے وقت یہ دیکھنا چاہئے کہ جب ہم کوئی قانون کسی علاقہ میں نافذ کریں تو یہ خیال رکھیں کہ وہاں کے عوام کے حالات کیسے ہیں - ان لوگوں کا مزاج کیسا ہے - پھر اس کے مطابق قانون وضع کریں مثلاً یہاں فرنٹیر یا قبائلی علاقوں کا ذکر کیا گیا ہے - ان کے ہاں اسلحہ کو بڑی اہم جائداد سمجھا جاتا ہے اور لوگ اسے اپنی جان سے زیادہ عزیز رکھتے ہیں -

اجون خان صاحب نے جو ترمیم پیش کی ہے میں اس کی حمایت کرتے ہوئے اس میں اتنی تبدیلی کرانا چاہتا ہوں - کہ اس میں کوئٹہ اور قلات کو بھی شامل کیا جائے - اور یہ قانون جس کی ترمیم کی گئی ہے اسے منسوخ کیا جائے - ان علاقوں کے عوام کو اسلحہ جان سے زیادہ عزیز ہے - امید ہے - جناب وزیر قانون ان کی مشکلات کو ضرور محسوس کریں گے - اسلحہ کے لائسنس دینے کے لئے جب تھانیدار وغیرہ رپورٹ کرتے ہیں - تو اس سے عوام کو کافی تکالیف اور مشکلات پیش آتی ہیں - اس لئے میں گذارش کروں گا - کہ اس بل میں کوئٹہ اور قلات کو شامل کرکے پاس کیا جائے -

حاجی سعد اللہ خان (ڈیرہ اسماعیل خان ایجنسی - ۱)۔(پشتو) جناب سپیکر - میری عرض یہ ہے یہ بل جو اسلحہ کے متعلق

پیش ہوا ہے ۔ اس بارے میں میری آپ کی خدمت میں یہ گزارش ہے کہ اسلحہ قبائلی علاقہ میں مرد کا زیور ہے اور اسے ہم اپنی زندگی کا ایک جزو سمجھتے ہیں اور یہ چیز ہمارے آبا و اجداد سے چلی آتی ہے ۔ اس میں نہ عوام کو کوئی تکلیف ہونی چاہئے اور نہ حکومت کو کیونکہ اسلحہ ہم اپنی جیب سے خریدتے ہیں حکومت یا عوام پر اس کا کوئی بوجھ نہیں ہے ۔ اور اسی اسلحہ سے بوقت ضرورت حکومت کی امداد بھی ہوتی ہے ۔ اور اب یہ ہماری روز مرہ زندگی کا ایک جزو بن چکی ہے ۔ اسلحہ کو ہمارے لئے نہ انگریزوں نے بند کیا اور نہ اب تک حکومت پاکستان نے کیونکہ یہ ایک فائدہ مند بات ہے نہ کہ نقصان دہ اور اس کے ساتھ ساتھ یہ قوم اور ملک کی سالمیت کے لئے از حد ضروری ہے ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

سید یوسف علی شاہ (پشاور ۔ ۱)۔۔جناب سپیکر ۔ خان اجون خان جدون نے جو بل یہاں پیش کیا ہے میں اسکے introduction کی پرزور حمایت کرتا ہوں جیسا کہ انہوں نے اپنی تقریر میں فرمایا جس علاقہ میں اس کا نفاذ کیا جا رہا ہے اس علاقہ کے حالات مغربی پاکستان کے دوسرے علاقوں سے بالکل مختلف ہیں ۔ ان لوگوں کے لئے اسلحہ حاصل کرنا زندگی کا ایک حصہ ہے اور وہ اس طریقہ پر ایسا کرتے ہیں کہ جیسے آپ روز مرہ کی زندگی کا کام کرتے ہیں ۔ ان لوگوں پر اس کا نفاذ کرنا ایک زیادتی ہے اور اس کے ساتھ ہی اس علاقہ کی اقتصادی زندگی بھی اس کی اجازت نہیں دیتی کہ ان پر یہ بوجھ ڈالا جائے ۔ کیونکہ وہاں کے ہر شخص کے پاس کوئی ایک طرح کے اسلحہ نہیں ہوتے بلکہ وہ کئی کئی طرح کا اسلحہ رکھتے ہیں اور یہ چیز صدیوں سے قائم ہے ۔ اگر ہم اس میں مداخلت کریں گے تو ان لوگوں کے ساتھ زیادتی ہوگی ۔ لہذا میں اس کی پرزور حمایت کروں گا ۔

Minister for Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad V.Memon) : I have, Sir, opposed the introduction of this bill not on the ground of expediency but on the ground of redundancy. A little elaboration of this issue is necessary for the information of the members of this House. The House is aware that the central enactment, the Arms Act, applied to the whole of Pakistan. After the Constitution of 1962, the subjects administered by the Central Arms Act were bifurcated. The export, import and manufacture of arms remained the central subjects, included in Schedule Three to the Constitution, and the possession, use, carrying of arms in the life-time, and the residuary clause, therefore, came within the purview of the Provincial Legislature's competence.

This new Ordinance of 1965 was enacted, and as it will be seen, it applies exclusively to those subjects, which are within the provincial legislative field, and that subject is the one to which the present bill relates. From that angle, it is perfectly constitutional and within the competence of this House to enact. I have heard the mover of this bill ; I have heard other members who supported him except the one member from probably the tribal areas, who spoke in Pushto, and I expect the leader of the House will give him a reply.

Mr. Senior Deputy Speaker : He opposed it.

Minister for Law : Then I hope the leader of the House will give a suitable answer to the argument raised by him.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir, he supported the introduction.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, he supported it.

Mr. Senior Deputy Speaker : I know Pushto ; he said that this should not be applied to their area.

حاجی سعد اللہ خان—جناب میں نے اس کی حمایت کی ہے ۔ اسلحہ ہمارے لئے بہت ضروری ہے ۔ حکومت پر اس کا بوجھ نہیں ہے یہ ہمارا اپنا اسلحہ ہے ۔ یہ اسلحہ ہم آپ کے لئے مانگتے ہیں اور آپ ہی کے لئے استعمال کریں گے جب آپ کو اس کی ضرورت ہوگی ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I am sorry, he supports the bill.

Minister for Law : Therefore, Sir, the question is whether this law should be enacted or not enacted. I have great respect for the views of the mover of this bill, and other members. They know the conditions better. They are the judges as to what really should be their law and which law should not be applied. In fact this has always been the stand of the Government that it is always prepared to give those laws to the people

which they want. Consistently with that, I do not oppose this bill, because section 27 of the Arms Ordinance gives ample powers to the Government to apply this Ordinance to any area, which is not covered by it, and to exclude from its purview any area-whole or part of the province-any class of persons, from the operation of this ordinance.

Therefore, instead of enacting this law, which I very respectfully submit is not at all necessary, the bill of the member will be treated as a very valuable suggestion and recommendation to the Government to consider the advisability of withdrawing this Arms Ordinance from the areas where this bill seeks that it be withdrawn. The member is right in saying that the Central Arms Act did not apply to those areas. True, the Ordinance 21 of 1960, enacted by the President, applied and extended this Arms Act to all those excluded areas, but section 3, clause (*a*) and sub-clause (*iii*) of this Ordinance provides that the Arms Act shall not be applicable to those areas unless it is so specifically applied. To my knowledge and according to my information as supplied by the department, no such notification was issued, and, therefore, the member is right in saying that the Arms Act vis-a-vis the possession of arms, control by licence did not apply to those areas. It is a question of policy and the Provincial Government will definitely consider the suggestion of the member particularly when it is revised. The members, who hail from these areas, are the best judges, and the Government will surely give a very sympathetic consideration to their suggestion and take a decision. It is therefore that I very respectfully appeal to the member not to insist on his motion that it be referred to the Standing Committee. I would request the leader of the House that he might say a few words with regard to the suggestion made by the member because he himself hails from those areas, if not directly, at least he knows the conditions operating there.

Mr. Senior Deputy Speaker : I think I should put the question now to the House. The question is—

That leave be granted....

Minister for Law : Mr. Jadoon, are you not withdrawing it ?

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir, as the Law Minister said that he has requested the leader of the House to say something about this bill, that is why I kept quiet.

Mr. Senior Deputy Speaker : So you withdraw it.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Let me hear the leader of House.

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)۔۔جناب سپیکر ۔ میں اتنی گزارش کروں گا کہ اس وقت جناب وزیر قانون نے اس قانون کی وضاحت کر دی ہے کہ وہ ordinance تمام settled districts کو apply کرتا ہے اور یہ جو

merged area ہے یا added area ہے اور mover of this bill کا علاقہ اور ہزارے کا علاقہ وہ بھی اب مردان میں شامل ہو چکا ہے ۔ اس لئے یہ Arms Ordinance کا قانون وہاں حاوی ہوتا ہے ۔ یہ ضرور ہے لیکن سوال یہ ہے کہ کوئی وقت آئے گا کہ ہم نے صوبائی قوانین اور اسکے علاوہ اور بھی بہت سے قوانین ہیں جو ہم ۔ ان علاقہ جات میں حاوی کرنے ہیں جہاں پر کہ یہ حاوی نہیں ہیں لیکن یہ تو وقت کا تقاضا ہے اور لوگوں کی ضرورت کو ہم دیکھتے ہیں اور ایسی بہت سی باتیں ہوتی ہیں اور اسکے بعد یہ فیصلہ کرنا پڑتا ہے کہ یہ حاوی ہو یا نہ ہو ۔ تو اگر یہ بل اس صورت میں پاس کیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ گو ان کا علاقہ جدون اب مردان میں شامل ہو چکا ہے اور وہ اس علاقے کے نمائندہ کی حیثیت سے یہاں اس ایوان میں بیٹھے ہوئے ہیں ان کا اپنا جدون کا علاقہ اور مردان کا پرانا settled علاقہ یہ دونوں کے حصے کو ملا کر ان کی constituency بھی ہے یہ وہاں کے نمائندے ہو کر آئے ہیں ۔ اب پوزیشن یہ ہے کہ انکے اپنے علاقے میں دو قسم کا قانون ہو گا ۔ وہ صوابی کا علاقہ جو مردان کی ایک تحصیل ہے اب سے نہیں بلکہ سینکڑوں سال سے ۱۰۰ سال سے زیادہ عرصہ ہؤا ہے میرا خیال ہے سن ۱۸۴۲ سے لے کر اس وقت تک صوابی مردان کی ایک تحصیل ہے اور یہ تحصیل صوابی مردان میں ہے جو ایک ضلع ہے جیسے شیخوپورہ سیالکوٹ منٹگمری اور لائلپور وغیرہ ۔ تو صوابی جو ہے یہ آنکی constituency کا آدھا یا نصف حصہ ہے اور اس کے ساتھ وہ merged area جدون جہاں کے یہ اصلی باشندے ہیں وہ ملا کر انکی constituency بنائی گئی ہے اب انکی اپنی constituency میں دو قسم کے قانون ہونگے ۔ ایک میں تو آپکا یہ Arms Ordinance لاگو ہوگا یا حاوی ہوگا اور دوسرے میں نہیں ہوگا ۔ اب یہ وہاں کے لوگ صوابی میں آئیں تو انکو لائیسنس لینا پڑے گا اور بہت سے لوگ ہمارے اپنے settled districts میں ہیں جن میں سے ہر ایک کو ضرورت ہوتی

ہے کہ وہ لائیسنس لے اور پیشتر اسکے کہ وہ ہتھیار لے اگر وہ وہاں جائے تو وہ بغیر لائیسنس کے پھر سکتا ہے ۔ وہ کہتا ہے میں ایسے علاقے میں پھر رہا ہوں جہاں پر کہ آپکا Arms Ordinance بھی حاوی نہیں ہے ۔ آپ مجھے کیسے روک سکتے ہیں وہ یہ کہتا ہے ۔ تو رہنے والا ہو گا وہ صوابی کا لیکن وہ ہتھیار یعنی ۳۰۳ رائفل ۔ شاٹ گن یا اور کسی قسم کا ہتھیار یا fire arm وہاں پر لے جائے گا تو پیچیدگیاں پیدا ہونگی ۔ میں تو اپنے آپ کو commit نہیں کروں گا کہ میں کہوں کہ آپ خاموش رہیئے میں ابھی اس کو اڑا دیتا ہوں اور یہ وہاں حاوی نہیں ہو گا اور نہ میں یہ ان کو کہہ سکتا ہوں کہ اس کو ضرور حاوی کرنا چاہیے ۔ میں ان کو صرف یہی کہوں گا کہ بعض مشکلات ہیں جنکو وہ خود بھی سمجھتے ہیں ۔ میں نے تمام مشکلات آپ کے سامنے اس لئے نہیں رکھیں کہ ممکن ہے کہ یہ کہہ دیں کہ یہ ہمارا وقت ضائع کر رہے ہیں بات کو لمبا کر رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ــــ اس وقت بھی مجھے یہی شکایت ہے اور یہی اعتراض ہے ۔

وزیر مال ــ شکایت تو آپ کو رہے گی ہمیشہ جب تک آپ یہاں پر ہیں ۔ جب تک آپ رہیں گے آپ کو شکایت رہے گی ۔ تو عرض یہ ہے کہ ان مشکلات کے پیش نظر میں محرک بل کو اس قدر کہہ سکتا ہوں کہ یہ تمام تکالیف ۔ مشکلات پیچیدگیاں قانونی پہلو اور پوزیشن اور لوگوں کی ضروریات یہ تمام میں حکام کے سامنے رکھوں گا جو یہ فیصلہ شائد کر سکیں کہ آیا یہ ordinance یعنی Arms Ordinance وہاں حاوی ہونا چاہئے یا نہیں ہونا چاہیے یا اگر وہاں یہ ordinance حاوی ہو تو کس ترمیم شدہ شکل میں حاوی ہو ۔ یہ ضروری تو نہیں ہے کہ آپ تمام Arms Ordinance وہاں حاوی کریں یا یہ کہ وہ وہاں حاوی رہیں ۔ آپ اسکو

ترمیم بھی کر سکتے ہیں ۔ اس کو withdraw بھی کر سکتے ہیں تو ہمارے پاس ابھی اختیار ہے کہ بغیر کسی بل کے پاس کئے ان کا جو مقصد ہے وہ حاصل ہو سکتا ہے ۔ میں ان کو یہ بات بتانی چاہتا ہوں اور معافی چاہتا ہوں کیونکہ میں اس وقت متوجہ نہیں تھا اور کوئی دوسرا کام کر رہا تھا ۔ مجھے پتہ نہیں کہ جناب وزیر قانون نے فرمایا یا نہیں فرمایا لیکن میں ان کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ ان کا مقصد جو ہے وہ بغیر اس بل کے بھی حاصل ہو سکتا ہے ۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ آپ یہاں پر بل لائیں اور اب یہ بل پاس کر دیں تو آپ Arms Act یا Arms Ordinance کی زد سے بچ جاتے ہیں ۔ اگر آپ بچنا چاہتے ہیں اور یہ بچنا ضروری ہؤا اور آپکی یہ تکالیف واقعی ٹھیک ہیں تو میں نے تو آپ سے پہلے ہی کہا ہے کہ حکام متعلقہ کے سامنے آپکی تمام تکالیف رکھ دوں گا اور اگر انہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ ان کے ساتھ کوئی رعایت ہونی چاہیے اور مکمل یا جزوی طور پر یہ حاوی نہ ہو یا یہ کہ ترمیم شدہ شکل میں حاوی ہو تو وہ بغیر اس بل کے بھی ہو سکتا ہے ۔ بغیر notification کے بھی ہو سکتا ہے کیونکہ گورنمنٹ کو ہر وقت اختیار ہے کہ وہ مکمل طور پر یا جزوی طور پر وہاں پر حاوی کرے ۔ میں انکو اتنا کہوں گا کہ بہتر ان کے لیے یہی ہے کہ وہ یہ اپنا بل واپس لے لیں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں قائد ایوان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ ہاؤس جو ہے جس میں یہ قوانین پاس کئے جاتے ہیں کیا اس کے علاوہ اور بھی کوئی اتھارٹی ہے جو قانون بنائے ۔ میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کیونکہ مجھے یہ معلوم نہیں ۔

وزیر قانون ۔ کیا معلوم کرنا چاہتے ہیں ؟

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ وہ فرماتے ہیں کہ اس اسمبلی سے اونچا کوئی دوسرا ادارہ بھی ہے جو قانون پاس کرتا ہو ۔

وزیر قانون (مسٹر غلام نبی چد وریال میمن)۔۔نہیں کوئی نہیں ہے ۔ حاجی صاحب اور کوئی نہیں ہے ۔ اسمبلی اور گورنر صاحب ہی ہیں ۔ افسوس ہے کہ آپ کو چھ ماہ ممبر بنے ہوئے ہیں اور ابھی تک آپ کو یہ بھی پتہ نہیں ہے ۔

ایک ممبر۔۔میں ان کو بتا دونگا ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ۔۔پھر بھی ہمارے اوپر ملامت کی جاتی ہے ۔

وزیر مال۔۔میں نے کبھی یہ نہیں کہا کہ اس کے اوپر کوئی اتھارٹی ہے یا نہیں ہے ۔ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ کوئی اتھارٹی اس اسمبلی سے اونچی ہے جو اس مقصد کے حصول میں ان کی امداد کر سکتی ہے تو یہ صحیح نہیں ہے ۔ اس سے ان کا مقصد تو یہ ہے کہ یہ ordinance وہاں حاوی نہ ہو ۔ میں آپ کو پھر بتاتا ہوں کہ آپ کا یہ مقصد notification کے ذریعے سے حاصل ہو سکتا ہے ۔ یہ ضروری نہیں کہ اس ایوان میں بل لایا جائے اور یہ ایوان بل پاس کر دے ۔ صرف notification کے ذریعے سے بھی وہ مقصد حاصل ہو سکتا ہے ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ۔۔اتھارٹی نہیں ہے تو اسمبلی کس چیز کی ہے ۔

وزیر مال۔۔آپ کہا کرتے ہیں آپ کے سرکاری نوکر جو ہیں وہ آپ کے نوکر ہیں ۔ وہ اس ایوان کے بغیر بھی اس ایوان کا کام چلا سکتے ہیں اور کیا یہ ضروری ہے کہ جو کام بھی ہو وہ یہ ایوان ہی کرے ۔ اگر میں یہ کہوں کہ وہ سرکاری نوکر جو کہ آپ کے نوکر ہیں اگر آپ کو کوئی مشکل کام درپیش ہو تو . . . . .

(قطع کلامی)

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر—حاجی صاحب آپ قانونی نکتوں کو سمجھیں - پہلے ایک ordinance پاس ہو چکا ہے اس میں ایک دفعہ ہے کہ حکومت کسی وقت بھی یہ قانون لاگو کر سکتی ہے یا واپس کر سکتی ہے - تو ایسا کرنے والا ایک افسر ہوتا ہے شائد گورنر یا پراونشل گورنمنٹ کا - کیا آپ سمجھ گئے ہیں ؟ اس سے مطلب یہ نہیں کہ اس اسمبلی کے علاوہ دوسرا ادارہ ہے جو قانون مرتب کرتا ہے -

سردار حاجی عطا محمد لنڈ—عرض یہ ہے کہ قائد ایوان یہ فرما رہے ہیں یعنی ملازم طبقہ جو ہے وہ بھی یہ کام چلا سکتا ہے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ چلائیں اور ہم بنائیں ؟

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر—وہ تو یہ فرما رہے ہیں کہ جو قانون آپ نے بنائے ہیں وہ ان کو اس طریقہ پر لاگو کر لیں گے کہ ان کا علاقہ مستثنیٰ ہو جائے گا -

سردار حاجی عطا محمد لنڈ—تو ہمیں قانون بنانے دیں -

وزیر مال—حاجی صاحب آپ نے خود ایک قانون کی منظوری دی ہے - آپ نے خود اس ایوان میں جس کے آپ بھی رکن ہیں ایک قانون کی منظوری دی اس قانون کی رو سے آپ نے گورنر کو یہ اختیار دیا یا صوبائی حکومت کو اختیار دیا ہے کہ یہ Arms Ordinance جس جگہ آپ حاوی کرنا چاہیں آپ حاوی کریں اور جس جگہ پر آپ حاوی نہیں کرنا چاہتے وہاں آپ حاوی نہ کریں - جس شکل میں بھی آپ حاوی کرنا چاہیں کریں - جہاں ترمیمی صورت میں حاوی کرنا چاہیں وہاں ترمیمی صورت میں کریں - تو جس شخص کو جس اتھارٹی کو آپ نے اختیار دیا ہے تو کیا آپ اس کو اپنے اختیار کے استعمال سے بھی منع کرتے ہیں اور اگر میں یہ کہوں کہ وہ اپنے اختیارات

کے استعمال سے کام چلا سکتے ہیں اور ان کا یہ مقصد حاصل ہو سکتا ہے تو آپ کو اس پر اعتراض کیا ہے ۔ اگر آپ یونہی وقت ضائع کرنا چاہتے ہیں تو مجھے کیا میں بیٹھ جاتا ہوں آپ کہتے جائیں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ۔۔میں گزارش کروں گا کہ آپ فرما رہے ہیں کہ ہم نے ایک قانون بنا دیا پھر ہمیں حق ہے کہ ہم اس میں ترمیم کریں ۔

وزیر قانون (سندھی)۔۔حاجی صاحب میں آپ کو سندھی میں بتاؤں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ (سندھی)۔۔آپ کی بڑی مہربانی ۔

خان اجون خان جدون۔۔جناب ایک معزز ممبر پشتو میں بول رہے تھے تو انہیں مجبور کیا گیا ۔ کہ وہ اردو میں بولیں ۔ تاکہ ایوان کے سب ممبران سمجھ سکیں ۔

Chaudhri Anwar Aziz : I hope you will realise the importance of the point of order.

Mr. Senior Deputy Speaker : I realise it but when the other member was also on a point of order you also rose on a point of order. Should I hear you or him ?

Chaudhri Anwar Aziz : The point that I want to put before you is that according to the Rules everybody is allowed to speak in English or Urdu or in any other regional language. This is allowed according to the Rules. When a member here was speaking in Pushto, we requested the Chair to have it translated in Urdu. We just wanted to understand what was the sum and substance of his speech and my dear and learned friend, Mr. Ajoon Khan Jadoon very kindly explained it in Urdu. Some members are very anxious to hear our Law Minister in Sindi. I think it will be a hardship for Sindi members if you do not allow Sindi language to be used, specially in the case of Haji Ata Muhammad who is sitting in the Opposition benches. It is the duty of members sitting on the Government benches to accede to his request and let the Minister of Law speak in Sindi.

Mr. Senior Deputy Speaker : I have already allowed the Law Minister to reply in Sindi.

وزیر قانون (سندھی)۔۔میں نے یہ عرض کیا تھا ۔ کہ گورنر صاحب نے ordinance جاری کیا تھا ۔ اور وہ ordinance آپ کی خدمت میں اور ہاؤس کی خدمت میں پیش کیا گیا تھا ۔ جو آپ نے پاس کیا ۔ اس میں آپ نے گورنمنٹ کو اختیار دئے تھے کہ یہ قانون کسی بھی وقت اور کسی علاقہ میں لاگو کیا جائے یا ہٹایا جائے ۔ جدون صاحب کا بل یہ ہے ۔ کہ کچھ علاقے سے یہ قانون ہٹایا جائے ۔ جدون صاحب کو میں نے یہ عرض کیا کہ موجودہ قانون کے مطابق گورنمنٹ کو اختیار حاصل ہے ۔ اس لئے اس ترمیم کی ضرورت نہیں ہے ۔ حاجی صاحب میں سمجھتا ہوں آپ سمجھ گئے ہوں گے ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ۔اب میں آپ کے جواب سے مطمئن ہوں۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔ ۱) (پنجابی)۔۔جناب والا ۔ معزز ممبران کو ایسی زبان میں اس معزز ایوان میں تقاریر کرنی چاہئیں جو آسانی سے باقی سب سمجھ سکیں ۔ اس کے لئے سب سے موزوں ہماری قومی زبان اردو ہے ۔ ورنہ پھر معزز ممبران کو اجازت ہونی چاہئے کہ چاہے وہ پنجابی میں تقاریر کریں ۔ چاہے پشتو میں ۔ چاہے سندھی میں اور چاہے بلوچی میں ۔ کیونکہ کئی ایسے اصحاب ہیں جو صرف اپنی مادری زبان میں ہی اپنے خیالات کا اظہار آسانی سے اور بہتر اور صحیح طریقے سے کر سکتے ہیں ۔ مثلاً میں پنجابی میں بہتر بول سکتا ہوں ۔ (تالیاں) ۔

Nawabzada Rahim Dil Khan : On a point of order. Let the Law Minister take the trouble of explaining the questions and answers of Haji Ata Muhammad so that we may also be benefitted by it.

Mr. Senior Deputy Speaker : It is no point of order. Does the member press his motion.

چودھری محمد سرور خان—پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - اگر حاجی عطا محمد صاحب کو اردو زبان بولنے میں تکلیف پیش آتی ہے تو انہیں محترمہ خلیق‌الزمان کے سپرد کر دینا چاہئیے - تاکہ ان کی قومی زبان درست ہو جائے - (قہقہہ)

نواب محمد مراد شاہ—پوائنٹ آف آرڈر جناب - جیسے اب تک کام چلاتے رہے ہیں - جیسے اب تک کام چلتا رہا ہے - ویسے چلنا چاہئیے -

Mr. Senior Deputy Speaker : This is no point of order. Mr. Ajoon Khan, do you press your motion ?

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir, the Minister of Law is drawing attention to Section 27 of the Arms Ordinance wherein it is said that the Government may from time to time by notification.....

Mr. Senior Deputy Speaker : Do you want to press your motion or not ?

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir, I want to ask the Law Minister whether he is prepared to give an assurance right now that the notification will be issued to withdraw this Ordinance or the operation of this Ordinance from these areas. If he does not give that assurance that it will be sympathetically considered - and I still have faith in him - I would request him to allow this Bill to be moved and let it go to the Standing Committee. In the meanwhile if he makes that notification it will be withdrawn in the final stage.

Mr. Senior Deputy Speaker : Let the Bill go to the Standing Committee and by that time the Law Minister may make the notification.

Minister of Law : Sir, I am not in a position to give that assurance, but I will do my best. So far as the passage of the motion is concerned, it is entirely within the competence of this House.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question—

> **That leave be granted to introduce the West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1965.**

The motion was carried.

Khan Ajoon Khan Jadoon : Sir, I beg to introduce the West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1965.

Mr. Senior Deputy Speaker : The West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1965, stands introduced.

THE MUSLIM PERSONAL LAW (SHARIAT) APPLICATION (AMENDMENT) BILL

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir, I beg to move—

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 196

Mr. Senior Deputy Speaker : The motion moved is—

> That leave be granted to introduce the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1965.

Mr. Ahmed Mian Soomro : Sir, I oppose it.

چودھری محمد نواز (منٹگمری - ۲)۔۔۔جناب سپیکر ۔ West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application Act, 1962 سارے صوبہ پر حاوی ہے ۔ سارے صوبہ میں وسعت پذیر ہے ۔ اور اسکا اطلاق ہر مسلمان پر ہوتا ہے ۔ بغیر کسی تخصیص کے ، خواہ وہ مقامی ہو یا مہاجر ۔ لیکن اُن جائدادوں کی وراثت کے بارہ میں جو مغربی پاکستان میں اُن بیوگان کو الاٹ کی گئی ہیں ۔ جن کو ہندوستان میں محدود ملکیتی حقوق حاصل تھے ۔ کچھ confusion سا پایا جاتا ہے ۔ کچھ افسران کا یہ خیال ہے کہ مہاجر بیوگان کے سلسلہ میں قانون شریعت کا اطلاق نہیں ہوتا ۔ اور اس کی دلیل وہ یہ پیش کرتے ہیں ۔ کہ مہاجرین کے سلسلہ میں وراثت کے قوانین اور قواعد معطل ہو چکے ہیں ۔ ختم ہو چکے ہیں ۔ اور وہ کہتے ہیں کہ جو جائداد ان کے نام الاٹ ہوتی ہے وہ انکے وارثان کو جانی چاہیئے ۔ اس کے برعکس شریعت ایکٹ کے مطابق جسکا اطلاق مغربی پاکستان میں ہے ۔ اس کی دفعہ ۵ کے مطابق مقامی بیوگان ۱/۸ حصہ کی مستحق ہیں باقی جائداد اس کے خاوند کے وارثان کو ملنی چاہیے ۔ لیکن مہاجر بیوگان کے متعلق انہوں نے عام غلط فہمی سے کام لیا ہے ۔ اور انہوں نے اپنے خیالات کو تقویت دینے کے لئے اس کی مختلف تاویلیں کی ہیں ۔ مہاجر بیوگان کو اس سلسلے میں جو دشواریاں درپیش ہیں ۔

انہیں دور کرنے کے لئے اور شریعت کے قانون کو ہر طبقہ کے افراد کے لئے ایک ہی سطح پر لانے کی غرض سے میں نے یہ بل پیش کیا ہے ۔ اس لئے میں ایوان سے یہ درخواست کرتا ہوں ۔ کہ وہ اس بل کو پیش کرنے کی اجازت دے ۔

سید یوسف علی شاہ (پشاور - ۱)۔۔جناب سپیکر ۔ چودھری صاحب نے جو بل پیش کیا ہے ۔ میں ایوان میں اس کی introduction کی حمایت کرتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ وہ بیوہ خواتین جو کہ پاکستان آ چکی ہیں ۔ اور اس کے بعد جنہیں اپنے خاوندوں کی جائیداد میں سے محدود حصہ ملا تھا ان کے حقوق کو بھی اسی طرح سے treat کیا جائے جس طرح سے قانون وراثت کے مطابق مسلم شخصی قانون (شریعت) ۱۹۶۲ء کے تحت کیا جاتا ہے ۔ اس سلسلے میں اس قانون کی دفعہ نمبر ۵ بالکل واضح ہے ۔ اور یہ کسی صورت میں بھی ان کے ساتھ انصاف نہیں ہے ۔ کہ ان کے انتقال کے بعد بھی ان کی جائیداد ان کے خاوند کے عزیزوں کو دی جائے ۔ کیونکہ قانون شریعت اس کے متعلق بالکل واضح ہے ۔ کہ اس کے مر جانے کے بعد اس کی بیوہ ۱/۸ حصہ کی وارث ہے ۔ تو اس واضح قانون کی موجودگی میں ایک ہی ملک میں دو مختلف قوانین کا ہونا ایک خاص طبقے کے ساتھ زیادتی ہے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں زیر غور بل کی حمایت کرتا ہوں ۔

خان محمد یوسف خان (راولپنڈی ۔ ۲)۔۔جناب والا ۔ جہاں تک میں اس بل کے مفہوم کو سمجھا ہوں ۔ وہ ان تمام قوانین کے اندر ایک طرح کی یکسانیت پیدا کرنا ہے جو اس وقت ہمارے ملک میں رائج ہیں ۔ ہم سب جانتے ہیں کہ اسلامی شریعت کے قانون کے نفاذ سے پہلے تمام ہندوستان میں (جس میں کہ موجودہ پاکستان کا علاقہ بھی شامل تھا) ہندو لاء جو رواج عام کے ماتحت تھا نافذ تھا ۔ الا

یہ کہ بعض بعض شہروں میں شریعت کا قانون جو کہ ۱۹۳۷ء کے قانون کے تابع تھا ۔ نافذ کیا گیا تھا ۔ رواج کے تحت یہ ایک مسلمہ امر تھا ۔ کہ بیوگان اکثر محروم الورثہ ہوتی تھیں ۔ اور اگر ان کو کہیں وراثت ملتی تھی تو وہ محدود مالکہ قرار دی جاتی تھی ۔ بلکہ بعض اوقات بہت سے قبائل اور بہت سے علاقوں میں تو قانون یہ تھا کہ وہ صرف خرچے کی حقدار تھیں ۔ اور جائیداد میں ان کو کوئی بھی حصہ نہیں مل سکتا تھا ۔ اس قانون کی موجودگی میں جب اس صوبے کے اندر قانون شریعت کا نفاذ کیا گیا تھا تو وہاں یہ تعین کر دیا گیا کہ ہر محدود مالکہ کو یہ حق نہیں کہ وہ اپنی اراضیات کو اس طرح بیع یا ہبہ کر سکیں ۔ بلکہ یہ رواج عام کے ماتحت تھا ۔ صرف ان کو ورثہ کے وقت قانون شریعت کے مطابق حسب حالات یعنی اگر اس کے خاوند کی کوئی اولاد نہیں ہے ۔ تو اس صورت میں وہ ایک چوتھائی حصہ کی مالکہ تھی بصورت دیگر وہ ۱/۸ حصہ کی حقدار تھی ۔ اور جہاں تک اس کے ورثے کی جائیداد کا تعلق ہے ۔ اسے ایک محدود مالکہ سمجھا گیا تھا ۔ اور اسی بناء پر یہ تصور کر لیا گیا کہ اس بیوہ کے انتقال کے بعد یہ سمجھا جائے گا کہ دراصل وہ بیوہ نہیں مری بلکہ وہ مرد مالک جو کہ اس بیوہ کا خاوند تھا مرا ہے ۔ اور اس کی موت کے ایک نقطے اور مقام کا تعین کرکے اس کے بعد اس کی جائیداد کو تقسیم کرنے کا حکم دے دیا جائے گا ۔ اس قانون کی روشنی میں ہماری وراثت تقسیم ہوتی چلی گئی ۔ تاآنکہ ۱۹۶۱ء میں اس قانون میں یہ ترمیم کر دی گئی ۔ اور تمام محدود مالکان کو جو حق محدودیت حاصل تھا ۔ یعنی ورثے میں محدود مالک کو جو حیثیت حاصل تھی اس کو ختم کر دیا گیا لیکن اس میں بھی ایک ابہام چھوڑ دیا گیا ۔ میں اس کے متعلق مزید کچھ عرض کرنے سے پہلے مناسب خیال کرتا ہوں

کہ اس کو قدرے واضح کر دوں - پہلے محدود مالکہ کا یہ فرق تھا کہ وہ رواج عام کے ماتحت اپنی جائیداد کو کسی طریقے سے بھی منتقل نہ کر سکتی تھی - نہ ہبہ کر سکتی تھی اور نہ اس کو کسی اور طریقے سے دے سکتی تھی - بعض اوقات تو تبادلے کی صورت میں بھی اعتراضات پیدا ہو جایا کرتے تھے - اور دوسری مثال یہ عرض کروں گا - کہ جو شخص اس جائیداد کو فروخت کرتا تھا - تو اس کا لڑکا اس کے خلاف تنسیخ کا دعویٰ اس بناء پر کر سکتا تھا - کہ وہ جائیداد جدی ہے - اور موروثی جائیداد ہونے کی وجہ سے اسے یہ حق حاصل ہے کہ وہ باپ کے خلاف تنسیخ کا دعویٰ دائر کرئے - اس کے برعکس ایک محددر مالکہ یا بیوی یا لڑکی اپنے باپ کی جائیداد حاصل کرتی ہے - یا بیوہ اپنے خاوند سے ورثہ پاتی ہے تو چونکہ وہ محدود مالکہ ہے - اس لئے اس کو حق انتقال جائیداد نہیں دیا گیا تھا اور اگر دیا گیا تھا تو وہ محدود تھا اور اگر وہ انتقال ہو بھی جائے - تو دعویٰ کی رو سے چونکہ وہ کامل وارثہ نہیں تھی - اس بیع کے خلاف دعویٰ دائر کرکے اسے تنسیخ کر سکتے تھے - یا ہبہ کو منسوخ کر سکتے تھے - اب ۱۹۶۲ء کے قانون میں یہ وضاحت نہیں کی گئی - کہ ہر وہ شخص اور وہ مسلمان جو اس خطۂ زمین میں بس رہا ہے - اگر اسے شریعت کے مطابق وراثت نہیں ملی - بلکہ رواج عام کے ماتحت اسے وراثت ملی ہے - تو اگر وہ اپنی اراضی یا مکان وغیرہ کو بیع کرتا ہے - تو کیا اس کے وارثان اس کے خلاف دعویٰ دائر کر سکنے کا حق رکھتے ہیں - اور کیا وہ جائیداد انہیں مل سکتی ہے جو اس شخص نے رواج عام کے تحت حاصل کی تھی - نہ کہ شریعت کے تحت اسے ملی تھی - اب اس قانون میں یہ ابہام باقی ہے - اور اس کی وضاحت نہیں کی گئی - کہ ان کے حق کو بھی ضائع کیا گیا ہے یا نہیں - صرف اتنا کہہ دیا گیا تھا کہ محدود

مالکہ یا مالکان کو جو حق حاصل تھا ۔ اس کو ختم کیا جاتا ہے ۔ تو اب میں یہ سمجھتا ہوں ۔ کہ محرک بل کی اس بل کے پیش کرنے سے غرض یہ ہے ۔ کہ محدود مالکہ کو جو اراضیات ملتی ہیں ۔ یا الاٹ ہوتی ہیں ۔ تو چونکہ بحیثیت ایک شخص کے . . . . مثلاً ایک بیوی اپنے خاوند سے کسی قدر ورثہ لینے کی قانون رواج کے تابع حقدار تھی ۔ اور جب وہ یہاں پہنچی ۔ اور اس بیوہ کو جو اراضی یہاں پر ملی ہے ۔ اور وہ اسے فلاں شخص کے خاوند ہونے کی بناء پر ملی ہے تو اسے دوسرے لوگوں کی طرح کیوں نہ ۱/۳ یا ۱/۸ کی مالکہ قرار دیا جائے ۔ جیسا کہ مقامی لوگوں کے لئے قانون شریعت میں موجود ہے یعنی اسے بھی دوسرے مقامی لوگوں کی طرح تصور کرکے تمام تر اراضی اور دیگر چیزیں جو مقامی لوگوں کو حاصل ہو سکتی ہیں ۔ اسے بھی حاصل ہو جائیں ۔ اور وہ تمام کی تمام اراضی اور دیگر سو فیصد مفادات حاصل کرے ۔ تو غالباً اس محدود مالکہ کی حیثیت کو ہی مد نظر رکھ کر یہ ترمیم شریعت ایکٹ میں پیش کی ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ جہاں تک شریعت ایکٹ میں پہلی legislature نے اصول کو تسلیم کیا کہ ان کو وہی حق ملنا چاہئے جس کی وہ از روئے شریعت مستحق ہے ۔ صاحب تحریک نے یہ ترمیم پیش کی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ عین ان قانون سے مقتضاء اور اس کے منشا کے عین مطابق ہے اور اس سارے قانون کو یکساں کرنے کے لئے نہایت ہی موزوں ترمیم کی گئی ہے اس لئے میں اس کی حمایت کرتا ہوں ۔

بیگم زاہدہ خلیق الزمان (پی ۔ ڈبلیو ۱۵۱ ۔ زون ۱)۔۔جناب والا ۔ میں اس بل کی پرزور مخالفت کرتی ہوں ۔ (ہیئر ۔ ہیئر) یعنی مہاجر عورت کو یا مقامی عورت کو یا کوئی بیوہ ہو اس کو برابر کے حقوق ہونے چاہئیں ۔ شریعت نے جو ایک حق ان کو دے دیا ہے

چاہے وہ جائیداد بیچے یا اس کو اپنے کسی مقصد میں لائے یا کسی اور مصرف میں لائے اس کو مقامی عورتوں کی طرح حق ملنا چاہئے ۔

Mr. Ahmed Mian Soomro : On a point of order, Sir. Can a member eat 'pan' while speaking in the Assembly ?

Mr. Senior Deputy Speaker : She is not eating 'pan'.

Minister for Law : That is always available in her mouth.

بیگم زاہدہ خلیق الزمان۔۔اگر آپ مخالفت کرنا چاہتے ہیں تو اور بات ہے لیکن آپ اس طریقے سے مخالفت نہ کریں ۔

Major Muhammad Aslam Jan : Sir, where is it written that a lady cannot chew a 'pan' while in the House ?

بیگم زاہدہ خلیق الزمان۔۔کیا کوئی قانون ہے ؟ آپ قانون کی کتاب پڑھیں ۔ آپ تو قانون دان ہیں ۔ (قہقہہ) ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Begum Sahiba, please address the Chair.

بیگم زاہدہ خلیق الزمان۔۔۔میں آپ سے استدعا کرتی ہوں کہ ان سے کہیں کہ یہ قانون دکھائیں جس کی بنا پر یہ اعتراض کرتے ہیں ۔ (قہقہہ)

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر۔۔۔وہ پوائنٹ آف آرڈر rule out ہو چکا ہے آپ تقریر جاری رکھیں ۔

مسٹر احمد میاں سمرو۔۔۔میں اپنا اعتراض واپس لیتا ہوں ۔

خان محمد یوسف خان۔۔۔کیا ڈپٹی سپیکر صاحب ہاؤس میں بیٹھ کر کھانا کھا سکتے ہیں ۔ (قطع کلامیاں)

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر۔۔۔آپ تشریف رکھیں ۔

میجر محمد اسلم خان۔۔پان کھانے اور کھانا کھانے میں بہت فرق ہے ۔ کھانا کھانا ایک ضرورت ہے اور پان چبانا ایک علت ہے اور یہ ایک بری عادت ہے ۔ (قطع کلامیاں)

Mr. Senior Deputy Speaker : Please take your seat.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Point of order, Sir....

Mr. Senior Deputy Speaker : These are unnecessary points of order. It amounts to wastage of time.

وزیر قانون۔۔جناب والا ۔ اس ہاؤس میں اگر ہم گالیاں کھا سکتے ہیں تو پان کھانے پر میں سمجھتا ہوں کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہئے ۔ (قہقہہ) ۔ (قطع کلامیاں) ۔

سید عنایت علی شاہ۔۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ کیا اس معزز ایوان کی بے عزتی نہیں ہوتی کہ Chair کو خطاب کرتے وقت پان کھایا جائے ؟

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر۔۔آپ تشریف رکھیں ۔ اس کے متعلق میں نے پہلے کہہ دیا ہے ۔ بیگم صاحبہ آپ تقریر جاری رکھیں ۔

نوابزادہ رحمدل خان۔۔جناب والا ۔ کیا یہ طریقہ کار نہیں ہے کہ جب پوائنٹ آف آرڈر کیا جاتا ہے تو تقریر کرنے والا بیٹھ جاتا ہے ۔ لیکن بیگم صاحبہ بدستور کھڑی رہی ہیں ۔ (قطع کلامیاں)

خان محمد یوسف خان۔۔جناب والا ۔ میری یہ گذارش ہے کہ عدالت میں اگر کوئی شخص سگریٹ پیئے یا پان کھائے یا اخبار پڑھے تو یہ توہین عدالت میں آتا ہے ۔ یہ ایوان جو مقدس ہے اور یہ عدالت سے بہت زیادہ مرتبہ رکھتا ہے کیونکہ یہ قانون بناتا ہے ۔ اور عدالتیں اسے نافذ کرتی ہیں اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ پان کھانا میرے نزدیک

اسی طرح توہین ہے جس طرح سگریٹ وغیرہ پینا توہین عدالت ہے ۔ جناب سے اس امر پر ہم رولنگ مانگتے ہیں کہ پان کھانا درست ہے ؟

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر---میرے خیال میں پان کھانا بند نہیں ہے لیکن تقریر کرتے وقت اگر پان کھایا جائے تو موزوں بھی نہیں ہے ۔

(قطع کلامیاں)

No more points of order please. Yes, Begum Sahiba.

چودھری محمد نواز---جناب والا ۔ یہ پتہ کر لیا جائے کہ وہ پان کھا رہی ہیں یا نہیں کھا رہی ہیں ۔

Mr. Ahmed Mian Soomro : Can the Chair disallow a member from raising a point of order ?

Malik Muhammad Akhtar : How can you restrict the members from raising points of order ?

صاحبزادی محمودہ بیگم---جناب والا ۔ یہ بہت غلط بات ہے کہ اس قسم کے ذاتی حملے کئے جائیں ۔ میں سمجھتی ہوں کہ بیگم صاحبہ نے پان نہیں کھایا ہے ۔ وہ لابی میں جا کر پان کھاتی ہیں ۔ تمام مرد لابی میں جاتے ہیں اور سگریٹ پیتے ہیں ۔ میں بیگم صاحبہ کے ساتھ کی نشست پر بیٹھتی ہوں اور میں نے ان کو کبھی پان کھاتے ہوئے نہیں دیکھا ہے ۔ میں یہ سمجھتی ہوں کہ یہ بالکل غیر ذمہ دارانہ روش ہے ۔ ہم پانچ خواتین ہیں اور آپ ۱۵۰ مرد ہیں ۔ یہ مناسب نہیں ہے کہ آپ اس طرح سے خواتین پر حملے کریں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Yes, Begum Sahiba.

بیگم زاہدہ خلیق الزمان---مجھے صرف مخالفت کرنی تھی ۔

(قطع کلامیاں)

Mr. Senior Deputy Speaker : Yes, Mr. Soomro.

Mr. Ahmed Mian Soomro : At this stage, I would not like to oppose the bill, Sir.

Minister for Law : May I say a few words Sir ?

Khawaja Muhammad Safdar : Are you opposing it Sir ?

Minister for Law : Yes.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱)۔مسٹر سپیکر - میں آپ کی توجہ اس امر کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ ہم نے دن کا اکثر حصہ ایسی باتوں پر صرف کیا ہے جس کے متعلق ہمارے قواعد میں صاف طور پر اور واضح الفاظ میں یہ لکھا ہے کہ ان پر یہ وقت صرف نہیں کرنا چاہئے - میں نے آپ کو نہ صرف زبانی بلکہ دو بار لکھ کر بھی درخواست کی ہے کہ ابھی ہمارے ایجنڈے پر نہایت ہی اہم مسائل باقی ہیں ان کے لئے وقت نہیں رہے گا تو آپ مہربانی کر کے اس کو مختصر کیجئے - مخالفت کرنے والے ممبر نے اپنا اعتراض واپس لے لیا ہے اب قواعد کی رو سے جناب وزیر قانون صاحب کو کوئی حق حاصل نہیں ہے کہ وہ تقریر کے لئے کھڑے ہو جائیں کہ میں کچھ کہنا چاہتا ہوں - (قطع کلامیاں) جناب والا - میں اس مرحلہ پر آپ سے درخواست کروں گا اور اس معزز ایوان کے معزز اراکین سے بھی درخواست کروں گا اور ایوان کے معزز قائد سے بھی درخواست کروں گا کہ غیر سرکاری دن میں وہ کام جو سب سے ضروری ہے باقی ہے اور پھر resolutions بھی باقی ہیں - اس میں ابھی ہمارے دو بل باقی ہیں - اب introduction stage ہے - اس کے بعد یہ بل مجلس قائمہ کے مرحلہ سے گذر کر دوبارہ اس ایوان میں آئے گا - اس کو یہاں پیش ہونا ہے اس لئے میں درخواست کروں گا کہ اس ایوان کا وقت ایک گھنٹہ بڑھا دیا جائے -

Mr. Senior Deputy Speaker : There is no opposition to this motion.

خواجہ محمد صفدر—جب oppose کرنے والے دوست نے اپنی مخالفت واپس لے لی ہے اور اس ایوان میں اب کوئی صاحب نہیں ہے جس نے اس مرحلہ پر اس کی مخالفت کی ہو تو یہ وقت ضائع کرنے کی باتیں ہیں - یہ سیدھی سی بات ہے - گورنمنٹ اس بات سے بچنا چاہتی ہے کہ National Language Bill ہمارے سامنے آئے - اس لئے یہ تمام delaying tactics اختیار کئے جا رہے ہیں - مجھے آپ معاف رکھیں گے میں یہ جسارت کرنے پر مجبور ہوں اور یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ آپ ان کی امداد فرما رہے ہیں - باوجود اسکے کہ میں نے آپ کو تین بار درخواست کی ہے دو بار تحریری طور پر اور ایک بار زبانی اور میں نے rule کا بھی حوالہ دیا ہے لیکن آپ نے میری درخواست کو در خور اعتناء نہیں سمجھا - میں یہاں بیٹھا ہوا ہوں - - - -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر—خواجہ صاحب آپ کی درخواست میرے سامنے پڑی ہے -

خواجہ محمد صفدر—جب تک اس پر عمل نہیں ہوگا اسکے پڑے رہنے سے کیا فائدہ ؟

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر—آپ یہ چاہتے ہیں کہ سپیکر ممبران کے حقوق چھین لے ؟

خواجہ محمد صفدر—میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ان قواعد و ضوابط میں کہیں نہیں لکھا کہ اس مرحلہ پر اتنی بحث ہو -

Mr. Senior Deputy Speaker : You are attacking me. You can talk in a very low and very moderate tone. It amounts to a threat. You are so loud in your threat. I agree with you that some of the members are not keeping the decorum of the House and they are wasting the time of the House. You say I am also helping the Government benches, which is not true. If they have got any intention of using delaying tactics, I think you will not use such words for me again. So long as I am here, I will look after your interests.

Khawaja Muhammad Safdar : I bow respectfully before you, Sir.

Mr. Senior Deputy Speaker : And I hope....

خواجہ محمد صفدر۔۔میں آپ کے خلاف کوئی بات نہیں کرنا چاہتا (قطع کلامیاں) میں Chair کے خلاف کوئی بات نہیں کرنا چاہتا ۔ لیکن میں بار بار درخواست کر رہا ہوں کہ آپ قواعد و ضوابط کا خیال رکھیں ۔ میری تو اتنی سی درخواست ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل۔۔پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ پہلے تو خواجہ صاحب کا اعتراض بالکل غلط ہے کہ آپ کسی ممبر کو یہ حق نہیں دے سکتے کہ وہ اپنے خیالات کا اظہار کرے ۔ دوسری بات جناب والا یہ ہے کہ ہم اس قانون کے بارے میں جناب وزیر قانون کے خیالات سننا چاہتے ہیں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : This is no point of order.

میجر محمد اسلم جان۔۔جناب والا ۔ قومی زبان کا بل وقت کے اندر پیش نہ ہو سکے تو میری عرض ہے ۔ کہ ہاؤس کا وقت ضرور بڑھا دیا جائے تاکہ اس اہم بل پر بحث ہو سکے ۔ جناب والا ۔ ہم عوام کے نمائندے ہیں اور عوام کا مطالبہ ہے کہ اردو کو جلد از جلد انگریزی کی جگہ دے دی جائے ۔ اس لئے وقت کو بڑھانے پر غور کیا جاوے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Later on, I will have the sense of the House, and if the House is in a mood to extend the time, I will do so, otherwise I am very sorry.

There is no opposition, I think.

Minister for Law (Mr. Ghulam Nabi Muhammad V. Memon) : Sir, I again very respectfully rise. I had opposed this motion right with the member. Sure enough, one member cannot control the rights of the entire House. As your honour very rightly pointed out there are more than one member, who opposed this motion, and if one member, for reasons

best known to him, opposed on the surface and ultimately withdraws, then I submit that he does not take away my right to oppose. I am, however, subject to the ruling of the Chair. If I am permitted, I will speak and if I am not permitted, then I will sit down.

Mr. Senior Deputy Speaker : I will put the question—

The question is—

> **That leave be granted to introduce the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1965.**

The motion was carried.

Chaudhri Muhammad Nawaz : I beg to introduce the West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill 1965.

Mr. Senior Deputy Speaker : The West Pakistan Muslim Personal Law (Shariat) Application (Amendment) Bill, 1965, stands introduced.

THE COLONIZATION OF GOVERNMENT LANDS (PUNJAB) (WEST PAKISTAN AMENDMENT) BILL, 1965.

Mr. Senior Deputy Speaker : Mr. Hamza to ask for leave to introduce his Bill.

Mr. Hamza : Sir, I move :

> **That leave be granted to introduce the Colonization of Government Lands (Punjab) (West Pakistan Amendment) Bill, 1965.**

Mr. Senior Deputy Speaker : The motion moved is :

> **That leave be granted to introduce the Colonization of Government Lands (Punjab) (West Pakistan Amendment) Bill, 1965.**

Minister of Law : Opposed.

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦)—جناب سپیکر- مجھے یہ توقع تھی - کہ حکومت ترمیمی مسودۂ قانون کو اپنا کر غریب کاشتکاروں پر احسان عظیم کرے گی - وہ حکومت جو زرعی اصلاحات نافذ کرکے ملکی زرعی معیشت میں ایک انقلاب برپا کرنے کا دعویٰ کرتی ہے - افسوس ہے کہ وہ سامراجیوں کی طرح ایک طبقے کو نوازنے کے لئے میرے

مسودۂ قانون کی مخالفت کر رہی ہے ۔ اور ملک کو مختلف طبقات میں تقسیم کرکے حکومت کے کاروبار کو چلانا چاہتی ہے ۔ جو لوگ ان اراضیات کے مستحق ہیں ۔ اُن کو آراضی ملنی چاہیے ۔ اور ملکی مفاد کے تقاضوں کے مطابق زمین کی تقسیم ہونی چاہیے مگر حکومت پرانی سامراجی حکومتوں کے ہتھکنڈے استعمال کرکے غیر مستحق لوگوں کو زمین تقسیم کرتی رہتی ہے ۔ اور آئندہ بھی اس غلط پالیسی پر مصر ہے وہ اپنی سابقہ روش میں اور ذہن میں قطعاً کوئی تبدیلی پیدا نہیں کرنا چاہتی میری تجویز صرف اس قدر تھی ۔ کہ جو سرکاری اراضیات غیر آباد شدہ پڑی ہیں ۔ وہ مستحق مزارعوں کو جن کے پاس زمینیں نہیں ۔ مگر صلاحیت موجود ہے ۔ کو زمین تقسیم کرکے زیر کاشت لائے ۔ تاکہ نئی نئی اراضیات زیر کاشت آئیں ۔ اور اناج اور دیگر فصلیں زیادہ پیدا ہوں ۔ میری دوسری تجویز یہ تھی ۔ کہ مقامی مزارعوں کو ترجیح دی جائے مگر گورنمنٹ مقامی مستحق مزارعوں کو زمین کاشت کرنے کے لئے نہیں دیتی ۔ مگر بیرونی لوگوں کو وہاں آباد کر دیتی ہے ۔ مجھے یہ دیکھ کر بڑا دکھ ہوا ہے ۔ کہ ہماری حکومت بے زمین مزارعوں کے خلاف اپنی پرانی ضد پر قائم ہے ۔ کیا یہ اُن کو پاکستانی باشندے تصور نہیں کرتی ؟ کیا محنت کش طبقے سے اس کو چڑ ہے ؟ یہ کیوں مزارعوں میں خودداری کے جذبات کو ابھرنے نہیں دیتی ۔ وہ کیوں ان کو بے روزگاری کا شکار رکھنا چاہتی ہے ۔ وہ ایک محنت کش طبقہ ہے ۔ اُن کی حمیت کو ٹھیس نہیں پہنچانی چاہیے ۔ وہ قوم اور ملک کو استحکام بخش سکتے ہیں ۔ وہ ملکی پیداوار میں اضافہ کا باعث بن سکتے ہیں ۔ گورنمنٹ ان لوگوں کی اعلیٰ صلاحیت کے باوجود ان کو زمین نہیں دینا چاہتی ۔ میرا

خیال تھا کہ حالیہ مصائب کی وجہ سے حکومت اپنی ذہنیت کو بدل لے گی ۔ مگر وہ اپنی ذہنیت کو بدلنے کے لئے تیار نہیں ہے کیا حکومت کو علم ہے ۔ کہ حالیہ صنعتی انقلاب کے باوجود (اگر اسے انقلاب کہنا مناسب ہو) لاکھوں لوگ بے روزگار ہیں ۔ اور وہ نیم فاقہ کشی سے دوچار ہیں مگر آج تک ان غریب عوام کو کام مہیا کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی ۔ ہمارے وزراء ان کی طرف سے لاپرواہ ہیں حالانکہ یہ لوگ وسائل روزگار سے محروم ہیں ۔ ہمارے ملک میں لاکھوں ایکڑ سرکاری اراضی بے کاشت پڑی ہے ۔ یہ کیوں غریب مزارعین کو دے کر آباد نہیں کروائی جاتی ؟ صاحب سپیکر ۔ میرے خیال میں یہ حکومت کی مجرمانہ غفلت ہے ۔ اور محنت کش طبقے کے خلاف دولت مندوں کی ایک سازش کا نتیجہ ہے ۔ حکومت اپنی طاقت کو اندھا دھند استعمال کر رہی ہے ۔ اور اس نے اپنی آنکھیں اور کان بند کر رکھے ہیں ۔ لہذا غریبوں کی فریاد کو سن نہیں پائی ۔

Nawabzada Rahim Dil Khan : Point of order. My submission is, as submitted by Khawaja Muhammad Safdar, according to the rules there should be a brief speech by the mover.

Mr. Senior Deputy Speaker : Let the member express himself.

مسٹر حمزہ۔جناب وزیر مال جو کہ اتفاقاً قائد ایوان بھی ہیں (قہقہہ) آن کو یہ علم ہو گا ۔ کہ جن علاقوں میں بھی نئی زمینیں زیرکاشت لائی گئی ہیں ۔ مثلاً گدو بیراج ۔ غلام محمد بیراج ۔ تونسہ بیراج ۔ اور تھل کالونی وغیرہ آن علاقوں میں حکومت نے مقامی غریب مزارعوں کو نظر انداز کیا ہے ۔ اور آن کے ساتھ ترجیحی سلوک نہیں کیا ۔

لیکن جناب سپیکر ۔ ہماری حکومت پر کسی عوامی مطالبے کا کوئی اثر نہیں ہوتا ۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ اس اسمبلی کو کوئی اختیارات حاصل نہیں ہیں ۔ لیکن تقریر کا تھوڑا بہت موقع جو ہمیں نصیب ہوتا ہے ۔ ہم اپنی حکومت کو جو شائد ہمیں اس ملک کے صحیح معنوں میں باشندے بھی سمجھتی ہے یا نہیں ۔ ہنگامی حالات میں عوام کے احساسات مطالبات اور مفادات سے آگاہ کرتے رہتے ہیں ۔ مجھے معلوم ہے کہ محض تقریروں سے اس حکومت پر قطعاً کوئی اثر نہیں ہو گا ۔ اس پر اثر کرنے کیلئے تو کسی اور نسخے کے استعمال کرنے کی اشد ضرورت ہے ۔ ہمارا جو فرض ہے ۔ ہم تو ادا کرتے رہتے ہیں ۔ اب ہمارے مشوروں پر حکومت عمل کرے یا نہ کرے ۔ یہ اسکی مرضی ۔ یہ طاقتور ہیں ۔ اور طاقتور کو سنانے کے لئے اور سنانے سے زیادہ منانے کے لئے اور طریقوں کی ضرورت ہے ۔ جب سے یہ حکومت معرض وجود میں آئی ہے ۔ اس نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ زور سے آئی ہے اور زور سے ہی جائے گی ۔ عوام کے مفادات سے اسے دور کا بھی واسطہ نہیں ۔

ان معروضات کے پیش نظر میں جناب وزیر مال سے جنہوں نے ہمارے اس ترمیمی مسودۂ قانون کے پیش کئے جانے پر اعتراض کیا ہے ۔ انتہائی سختی سے احتجاج کرتا ہوں اور ان سے درخواست کرتا ہوں کہ اب آپ بوڑھے ہو گئے ہیں ۔ اب موقع ہے کہ آپ آئندہ کیلئے کچھ کرلیں ۔ موجودہ زندگی کے لئے تو آپ نے بہت کچھ کیا ہے ۔ (قہقہہ)

سردار حاجی عطا محمد لنڈ (خیر پور ۔ ۲)۔جناب سپیکر ۔ پیشتر اس کے کہ میں زیر بحث موضوع کے متعلق کچھ عرض کروں ۔ میں اپنے دوستوں پر یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ حزب اختلاف جس طرح حکومت کو اچھے مشورے نیک نیتی سے دے رہی ہے ۔ وہ ان کے لئے یقیناً آخرت کی نجات کا باعث ہیں ۔ مگر افسوس کہ حکومت کے وزرا

نہ ہماری باتیں سنتے ہیں ۔ نہ سننا چاہتے ہیں ۔ اور نہ ہی اس کے صحیح مفہوم کو سمجھ سکتے ہیں ۔

Nawabzada Rahim Dil Khan : On a point of order. Is he going to oppose the Bill or support the Bill ?

Mr. Senior Deputy Speaker : Let him develop his point and let us see.

سردار حاجی عطا محمد لنڈ۔۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس ایوان میں ہمارے اصحاب اقتدار کی حالت اس طرح ہے ۔

صم بکم عمی فہم لا یرجعون

خدا جانے یہ ہماری بات کو سمجھنے کی کوشش کیوں نہیں کرتے ۔ اور ٹال مٹول کیوں کرتے ہیں ۔ جب دیکھو اسمبلی کا اجلاس ہوتے ہوئے بھی وزرا صاحبان اپنی نشستوں سے غائب رہتے ہیں ۔ کبھی ان میں سے ایک ہوتا ہے ۔ کبھی دو ۔ اور کبھی تین ہوتے ہیں ۔ غرض ان کو اس ہاؤس کی کارروائی سے کوئی دلچسپی معلوم نہیں ہوتی ۔ اور وہ عوام کے کسی مسئلے کو سمجھنے کی کوشش ہی نہیں کرتے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر۔۔حاجی صاحب ۔ آپ حمزہ صاحب کے بل پر تقریر کر رہے ہیں یا ان کو نصیحت کر رہے ہیں ؟

سردار حاجی عطا محمد لنڈ۔۔جناب ۔ میں اس سلسلے میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میں حکومت اور حکمران پارٹی کی توجہ اس بات کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ یہ جتنی مصیبت ہم پر بھارتی حملے کی وجہ سے نازل ہوئی ہے اور جس طرح ہم غریب لوگ اس کی زد میں آئے ہیں ۔ یہ سب کچھ ان کے اعمال کی وجہ سے ہوا ہے ۔ جب تک یہ حکومت اپنے اعمال کو درست نہ کرے گی ۔ ہم اسی طرح

مصیبت میں مبتلا رہیں گے ۔ اور یہ لوگ خواہ کتنے ہی حیلوں بہانوں سے کام کیوں نہ لیں ۔ ہمارا خدا ہی حافظ و نگہبان ہے ۔ اس لئے میں قرآن شریف کی ایک آیت بطور دلیل پیش کرتا ہوں ۔

ان اللہ یأمرکم ان تودوا الامنت الی اھلھا

(ممبران کی طرف اشارہ کرکے) جناب والا ۔ آپ ملاحظہ فرمائیں ۔ میں قرآن شریف کی آیت تلاوت کر رہا ہوں اور یہ ممبر صاحبان باتیں کر رہے ہیں ۔ لہذا پہلے میں قائد ایوان اور معزز اراکین کی توجہ اس امر کی طرف دلاتا ہوں ۔ قرآن میں ہے ۔

واذ اقرء القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون ۔

یعنی جب قرآن پڑھا جائے ۔ تو اسے چپ کر کے سنا جائے ۔ ہم اکثر دیکھتے ہیں کہ جب قاری صاحب قرآن شریف کی تلاوت کرتے ہیں ۔ تو وزرا صاحبان ادھر ادھر آتے جاتے نظر آتے ہیں ۔ لیکن میرا فرض ہے کہ میں آپ کو خدا کا حکم بتا دوں ۔

ان اللہ یأمرکم ان تودوا الامنت الی اھلھا ۔ واذا حکمتم بین الناس ان تحکموا بالعدل ۔ ان اللہ نعما یعظکم بہ ۔ ان اللہ کان سمیعاً بصیراً ۔

امانت کی تعریف کے سلسلے میں اللہ تعالے فرماتے ہیں کہ جب آپ کو کوئی اختیار دیا جائے یا آپ کے حوالے کوئی امانت کی جائے ۔ جیسے کہ اب ہماری گورنمنٹ کے ہاتھ میں سارے پاکستان کی ۱۰ کروڑ آبادی ہے یا مغربی پاکستان کی حکومت کے ہاتھ میں ۵ کروڑ آبادی ہے ۔

یہ امانت آپ کے ہاتھ میں اللہ تعالے نے دی ہے ۔ اور آپ یقین جانیں کہ آپ اس وقت آزمائش میں ہیں ۔ اگر آپ خدا کے کلام کو نہ سنیں گے ۔ تو اوپر اللہ تعالے آپ کی ہر ایک حرکت دیکھ رہا ہے ۔ آپ کے اعمال کے ہم ذمہ دار نہیں ۔

فاذا اراد شیا ان یقول لہ کن فیکون

ہم میں اور آپ میں کوئی فاصلہ اور دوری نہیں ۔ آپ ہم میں سے ہیں اور ہم آپ میں سے ہیں امانت کے یہ معنی نہیں کہ اگر کسی کے پاس کوئی چیز رکھی جائے تو وہ اسے کھو دے ۔ اللہ تعالے نے ہمیں انسان بنایا ہے ۔ اور امانتدار بننے کی طاقت بھی اس کی دی ہوئی ہے ۔ تاکہ حضرت انسان مخالفت کے باوجود مساوات اور انصاف کے اصولوں پر چلے ۔ مگر ہماری حکومت کی حالت یہ ہے کہ جو بات صحیح طور پر کہی جائے ۔ اسے گول کرنے اور اس کے متعلق ٹال مٹول کرنے کی کوشش کی جاتی ہے ۔ حالانکہ ایسا ہرگز نہ ہونا چاہیئے ۔ لہذا میں اس ہاؤس کے بزرگوں کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ جو چیزیں ہمیں ملی ہیں ۔ ان کا صحیح اور منصفانہ استعمال کرنا چاہیئے ۔

جناب والا ۔ ہمیں عوام نے منتخب کر کے اس معزز ایوان میں بھیجا ہے ۔ اس لئے ہماری اس نمائندگی سے حکومت کو فائدہ اٹھانا چاہیئے ۔ ہم ایک غیرت مند قوم کے افراد ہیں مگر افسوس کہ ہمارے حکمران نہ اپنی قوم کی تعریف کرنا جانتے ہیں اور نہ ہی اسکے مسائل اور تکالیف کے متعلق کچھ سننا چاہتے ہیں ۔ اکثریت کی جماعت کے بیشتر اراکین اپنی جماعت اور حکومت کی تعریف کرنے کی غرض سے ادھر بیٹھتے ہیں جن کی ضروریات حکومت کی تعریف کئے بغیر پوری نہیں ہو سکتیں ۔ یہ لوگ مجبور ہو کر حکومت کی تعریف کرتے ہیں ۔

آج کل حکومت اور اسکے اراکین کا یہی کام رہ گیا ہے ۔ مزہ تو جب ہے کہ اسکا کوئی فائدہ بھی ہو ۔

جناب والا ۔ آپ کو معلوم ہے کہ قائد حزب اختلاف نے قائد ایوان کو اچھے اچھے مشورے دئے ہیں ۔ اب ان کا کام ہے کہ وہ ان کے مشوروں پر غور کریں ۔ اور اپنے ہر کام میں ان کے تعاون سے مدد لیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر۔۔حاجی صاحب ۔ آپ بل کے متعلق بھی تو کچھ فرمائیں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ۔۔بہت اچھا جناب ۔ تو مزارعین کے متعلق عرض یہ ہے کہ وہ لوگ بطور امانت ان لوگوں کے ہاتھ میں ہیں ۔

نوابزادہ رحمدل خان۔۔On a Point of Order ۔ جناب ۔ حاجی صاحب نے قرآن پاک اپنی کمر کے پیچھے رکھا ہوا ہے ۔ جو سراسر گناہ ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر۔۔یہ کوئی Point of order نہیں ۔

سردار حاجی عطا محمد لنڈ۔۔جناب یہ قرآن پاک تو نہیں ۔ یہ تو ڈائری ہے ۔ (قہقہہ)

بہر حال جناب میں اب مزارعین کے متعلق آپ کی خدمت میں کچھ عرض کروں گا ۔ ہمارے سابق سندھ کے حلقے میں کئی ایک مزارعین ایسے ہیں جن کے پاس آباد کرنے کے لئے صرف دو دو ایکڑ زمین ہے ۔ افسوس تو اس امر کا ہے کہ لاہور والوں کو زمینیں الاٹ ہو جاتی ہیں ۔

اور وہ ان لوگوں سے اپنی زمینیں آباد کروا کر یہاں بیٹھے بٹھائے فائدہ اٹھا لیتے ہیں ۔

جہاں تک زرعی اصلاحات کا تعلق ہے جو ہماری حکومت نے نافذ کی ہیں ۔ یہ کس چیز کے لئے ہیں ۔ اور ان کا مقصد کیا ہے ؟ میرے نزدیک ان کا مقصد ان غریبوں کو تنگ کرنے کے سوا کچھ نہیں ۔ اسلئے میں اس بل کی تائید کرتا ہوں ۔ میں یہ اسلئے عرض کر رہا ہوں کیونکہ ہم پر فرض عائد ہوتا ہے کہ ہم ان مزارعین کا ضرور خیال رکھیں ۔ جن کی ہم یہاں نمائندگی کرتے ہیں ۔ ہم ان کے سامنے جواب دہ ہیں ۔ لہذا میری گذارش ہے کہ اس بل کو پیش کرنے کی اجازت دی جائے ۔

وزیر مال (خان حبیب اللہ خان)---جناب سپیکر ۔ حمزہ صاحب نے ایک معصومانہ انداز میں مزارعین کی تائید میں ایک تقریر کی ہے ۔ جس سے یہ impression اور یہ تاثر پیدا ہوا ہے کہ دنیا کے اور خاص طور پر مغربی پاکستان کے عوام ۔ غریب ۔ مفلس اور مصیبت زدہ مزارعین کا اگر کوئی غمخوار ہے تو یہ ہیں اور دوسرے سب دشمن ہیں ۔ لیکن ان کو شاید یہ معلوم ہی نہیں کہ اس بل سے غریب مزارعین کو فائدہ پہنچے گا یا نقصان ۔ اب میں آپ کو بتاؤں گا کہ اس سے ان کو فائدہ کی بجائے کیا کیا نقصان پہنچا ہے if you are open to correction آپ اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر ایمانداری سے کہیں کہ یہ بل جو آپ ایوان میں پیش کرنا چاہتے ہیں اس سے آپ غریب مزارعین کی خدمت کر رہے ہیں یا ان کا گلا گھونٹ رہے ہیں ۔ اگر یہ بل انہوں نے خود بنایا ہوتا یعنی کسی دوسرے نے بنا کر نہ دیا ہوتا تو پھر وہ اس بات کا اندازہ کر سکتے تھے ۔ اب ان کو پتہ ہی نہیں کہ اس میں کیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں آپ کی توجہ اس طرف دلانا چاہتا ہوں کہ اس بل میں دو تین نہایت اہم باتیں ہیں جو زیادہ توجہ کے قابل ہیں ۔ وہ میں حزب مخالف کے تمام ممبران سے اور خاص کر محمود اعظم فاروقی صاحب سے عرض کروں گا کیونکہ قائد حزب اختلاف یہاں موجود نہیں ۔ ان پر حاجی عطا محمد صاحب بھی غور کریں اور وہی انصاف سے فیصلہ کریں کہ یہ بل غریب مزارعین کے حق میں ہے یا ان کے خلاف ہے ۔ ان کا غالباً یہ خیال ہے کہ جتنی زمین یہاں ہے حکومت اسے کھا رہی ہے ۔ اور غریب مزارعین کو نہیں دے رہی ہے ۔ یہ قطعی غلط ہے سابقہ صوبہ پنجاب میں کتنے Colony Districts تھے ۔ مثلاً لائل پور ۔ میانوالی ۔ سرگودھا ۔ یہ سب Colony Districts تھے ۔ اس کے لئے حکومت نے ۱۹۱۲ میں یعنی ۵۳ سال پہلے یہ ایکٹ پاس کیا تھا کہ جس قدر زمین حکومت کی ہے ان غریب مزارعین کو دے دی جائے جن کے پاس اپنی کوئی زمین نہیں ہے یا بہت تھوڑی ہے ۔ ایسی ایک دو یا چار سکیمیں نہیں تھیں بلکہ کئی سکیمیں تھیں ۔ ایک سکیم یہ تھی کہ فوج کے رسالہ کے لئے گھوڑوں کی ضرورت ہوتی تھی ۔ اس لئے Horse Breeding کے لئے زمین دی جاتی تھی ۔ جنگ عظیم سے پہلے گھوڑے کی ضرورت تھی ۔ لیکن اس کے بعد رسالہ کی ضرورت نہ رہی ۔ آرمرڈ کاروں اور ٹینکوں اور ہوائی جہازوں کا زمانہ آ گیا ۔ اور Horse Breeding کے لئے جو زمینیں دی گئی تھیں وہ زمینداروں کے پاس ہی رہیں ۔ اب دیکھ لیجئے کہ یہ کوئی نئی سکیم نہیں بلکہ ۵۳ سال پہلے کی سکیم موجود ہے ۔ پھر ایک سکیم یہ تھی جسے Peasant Grant Scheme کہتے ہیں ۔ اس سکیم کے تحت چھوٹے مزارعین کو زمین دی جاتی تھی ۔ ساڑھے بارہ ایکڑ یعنی ۱۰۰ کنال یا نصف مربع زمین بحساب -/۱۰۰ روپیہ فی ایکڑ جس کے کل -/۱۲۵۰ روپیہ بنتے ہیں چھوٹے مزارعین کو دی جاتی تھی اور ان کو آباد کیا جاتا

تھا - اور پھر وہ -/۱۲۵۰ روپیہ بنتے ھیں چھوٹے مزارعین کو دی جاتی تھی اور انکو آباد کیا جاتا تھا ان سے پانچ سال تک کچھ نہیں لیا جاتا تھا اور پھر وہ ۱۲۵۰ روپے بیس اقساط میں فصلانہ کے طور پر ادا کرتے تھے - پوری رقم ادا کر دینے کے بعد وہ مالک بن جاتے تھے - اب میں پوچھتا ھوں کہ کیا یہ سکیم غریبوں کے لئے نہیں تھی - نصف مربع زمین بحساب -/۱۰۰ روپیہ فی ایکڑ - پانچ سال تک مفت - پانچ سال کے بعد ۲۰ اقساط میں گورنمنٹ کو فصلانہ ادا کرکے مزارعین مالک زمین بن جاتے تھے - پوری رقم جن لوگوں نے ابھی تک ادا نہیں کی وہ گورنمنٹ کے مزارعین ھیں - جس وقت بھی -/۱۲۵۰ روپیہ ادا کر دیں گے نصف مربع کے مالک بن جائیں گے - اگر نہ دے سکیں گے تو بھی مزارعین کی حیثیت سے رھیں گے ان کو کوئی نکال نہیں سکتا - پھر ایک سکیم یہ تھی کہ جسے grow more food scheme کہا جاتا ھے - اس کے تحت وہ نصف مربع زمین دی جاتی تھی - جس کا produce index unit -/۲۰ روپیہ تھا - یہ agriculturists کو ملتی تھی - یہ صرف مزارعین کے لئے تھی - شروع میں ۲۵ فیصدی ادا کرنا ھوتا تھا - بقایا رقم بعد میں فصلانہ کے طور پر دے دیتے تھے - اور مالک بن جاتے تھے - پھر ایک Ejected Tenants کی سکیم تھی - مثلاً اسحاق خاں صاحب نے یا میں نے یا سمرو صاحب نے جب اپنے مزارعین کو اپنی زمینوں سے نکال دیا ھو اور وہ بے گھر ھو جائیں تو حکومت landlords کے نکالے ھوئے مزارعین کو چند شرائط پر زمینیں دیتی تھی - یعنی -/۲۰ روپیہ فی یونٹ اور بڑی شرط یہ تھی کہ وہ اپنے ھاتھ سے کاشت کریں - اس طرح بے شمار Self Cultivating and Deserving غریب زمینداروں کو اس سکیم کے تحت زمین دی گئی -

چوتھی سکیم یہ تھی - جس کی قدر اب معلوم ھو رھی ھے - اب حمزہ صاحب نہ سمجھیں - یا سمجھنے کی کوشش ھی نہ کریں تو اور بات ھے - یا وہ آنکھیں بند کر لیں - اور توجہ نہ دیں

تو پھر مشکل ہے ۔ وہ سکیم ہے Gallanty Award Scheme ۔ مسلح افواج کے جانبازوں کے لئے ۔ ان لوگوں کے لئے جو آپ کو محفوظ رکھتے ہیں ۔ پاکستان کی سالمیت کے لئے اپنی جانیں قربان کرتے ہیں ۔ جن کو'' نشان حیدر ،، کا تمغہ ملتا ہے ۔ اُن کو بہادری اور شجاعت کے صلہ میں حکومت تین مربع زمین دیتی ہے ۔ مجھے اختیار ہوتا اور میرے پاس زمین ہوتی تو میں نشان حیدر تمغہ یافتہ عزیز بھٹی شہید کو ۱۰ مربع زمین دے دیتا ۔ حالانکہ یہ بھی بہت تھوڑی ہے ۔

مسٹر حمزہ ــ غداری کرنے والوں کو کتنے مربع زمین دی ہے ۔

وزیر مال ــ آپ کے لبوں سے یہ جملہ بے اختیار نکلا ہے ۔ آتش زیر پا ہونے سے کوئی فائدہ نہیں ۔ اس کے بعد open auction کی سکیم ہے ۔ کوئی ایسے آدمی یا مزارعین جن کے پاس پیسہ ہے اور وہ زمین خریدنا چاہتے ہیں تو ہم کہتے ہیں لے لو ۔ اس کی حد مقرر نہیں تھی لیکن Martial Law Reforms کے بعد اس کی حد مقرر کر دی گئی ۔ open auction میں ہر ایک کو اجازت تھی کہ زمین خرید لے ۔ حبیب اللہ خان -/۵۰ روپیہ فی کنال دیتا ہے تو صفدر صاحب -/۱۰۰ روپیہ دے سکتے ہیں یا سردار صاحب اس سے زیادہ رقم دے کر زمین لے سکتے ہیں ۔ اب آپ اندازہ کر لیجئے کہ حکومت نے غریب لوگوں کی امداد کے لئے کیا کیا ہے اور کیا کیا سکیمیں بنائی ہیں ۔ ۵۳ سال کے عرصہ میں ہزارہا مزارعین آباد کئے جا چکے ہیں اور کئے جا رہے ہیں ۔ ان میں سے اکثر مالک بن چکے ہیں ۔ جو ابھی تک مزارعین کی حیثیت سے ہیں ۔ وہ بھی پوری رقم ادا کرکے مالک بن سکتے ہیں ۔

حاجی صاحب ۔ دیکھ لیجئے ۔ حکومت نے آپ کے لئے کیا کیا ہے ۔ میں قرآن شریف کا واسطہ دیتا ہوں جو آپ کے ہاتھ میں ہے کہ آپ خود انصاف سے کہئے کہ آپ نے کیا کہا ۔ آپ نے سوچا نہیں ۔ آپ نے کہا ہے کہ کسی صورت میں ساڑھے بارہ ایکڑ نہیں بلکہ ۵۰ ایکڑ

سے کم کسی کو نہ دو ۔ بالفاظ دیگر چار سو کنال ۔ بالفاظ دیگر دو مربع سے کم کسی کو نہ دو ۔ حمزہ صاحب کیا یہ آپ غریب زمینداروں کے لئے بل لائے ہیں ؟ کیا یہ دو مربع یا چار سو کنال زمین دینے کے لئے آپ غریب لائیں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے اپنے بل کو نہیں سمجھا انہوں نے اپنے بل میں کہا ہے ۔

"Provided that the land so granted shall not be less than an economic holding."

یعنی آپ economic holding کے سلسلے میں کہتے ہیں کہ دو مربع چار سو کنال یا ۵۰ ۔ ایکڑ دے دو ۔

ایک ممبر ــــ ۵۰ ۔ ایکڑ نہیں ۲۴ ۔ ایکڑ ۔

وزیر مال ــــ ہمارے پرانے پنجاب میں اور سرحد میں ۵۰ ایکڑ دو مربعوں کو کہتے ہیں تو جناب حمزہ صاحب کہتے ہیں کہ اگر گورنمنٹ کسی زمیندار کو اپنی زمین پٹہ پر دے تو کسی صورت سے دو مربع سے کم نہ ہو ۔ حمزہ صاحب آپ بتائیے کہ اگر کوئی غریب ہے وہ ۲ ۔ مربع نہیں خرید سکتا ۔ تو پھر کیا کرے اگر وہ اپنے بیوی بچوں کا پیٹ کاٹ کر اپنی بیوی کے زیور فروخت کرکے آپ سے مجھ سے قرضہ لے کر زمین خریدنا چاہے تب بھی وہ ۲ ۔ مربعوں کی قیمت ادا نہیں کر سکتا اور اس کو اتنی توفیق نہیں ہے کہ وہ ۱۰۰ کنال یا ڈیڑھ سو کنال یا ایک مربع زمین خرید سکے اور صرف ساڑھے بارہ ایکڑ زمین خریدنے کی توفیق رکھے تو جس غریب کو یہ توفیق ہو کہ وہ ساڑھے بارہ ایکڑ سے زیادہ زمین نہیں خرید سکتا تو آپ اس کے لئے کہتے ہیں کہ کسی صورت میں ۵۰ ۔ ایکڑ سے کم نہ دو ۔ تو مجھے یہ بتائیے کہ آپ اس غریب کو کیسے زمین دیں گے ۔ اس کے معنی یہ ہوئے کہ آپ نے غریبوں کے لئے دروازے بند کر دیئے ۔ مجھے آپ اس کا جواب دیں آپ نے اپنے بل میں یہی کہا ہے کہ کسی صورت میں ۵۰ ۔ ایکڑ سے کم

نہ دی جائے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ ہزاروں اور لاکھوں غریب زمیندار ہیں اور چھوٹے چھوٹے زمیندار ہیں اور مزارعین ہیں جن کی اپنی زمینیں نہیں ہیں ان کو اتنی توفیق نہیں ہے ان کی اتنی استطاعت نہیں ہے وہ غریب ہیں مفلس ہیں نادار ہیں وہ قرض لے کر بھی صرف ساڑھے بارہ ایکڑ زمینیں خریدتے ہیں یا ۲۰ ایکڑ خرید سکتے ہیں۔ لیکن آپ نے ان پر شرط لگا دی ہے کہ ۵۰۔ ایکڑ سے کم نہ خرید سکے اور ۵۰۔ ایکڑ سے کم نہ دو تو کیا آپ نے ان غریب مزارعین کے ساتھ ہمدردی کی ہے یا آپ نے اپنے زمینداروں کے ساتھ ہمدردی کی ہے؟ خیر یہ بھی چھوڑئیے۔ آپ نے یہ خیال نہیں کیا کہ آپ نے یہ بل پیش کرکے ان پر کتنا ظلم کیا ہے۔ بھارت کے ساتھ جنگ میں جو لوگ برباد ہو گئے ہیں ہم انہیں consider کر رہے ہیں ہم چاہتے ہیں کہ جہاں بھی ہو سکے خواہ ڈسٹرکٹ میں یا ٹاؤن میں کہیں ان کے لئے کچھ انتظام کیا جائے۔ اس کے لئے ایک کمیٹی بنا دی گئی ہے اس کے چیئرمین ملک خدا بخش بچہ ہیں اور اس کے اور بھی ممبر ہیں۔ گورنر صاحب نے وہ کمیٹی بنائی ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ جائیں Colony Districts میں پھریں اور تلاش کریں جہاں جہاں زمین ملے ان کے واسطے کچھ انتظام کیا جائے۔ ہمیں کیا معلوم تھا کہ بھارت ہم پر حملہ کر دے گا اور اس سے یہ صورت پیدا ہو جائے گی۔ لیکن خیر جس طرح ہو سکا لوگوں کو اس موقع پر سنبھالا اور پھر cease fire ہوا۔ لیکن یہ بتائیے کہ جو پہلے سے لوگ اور مزارعین بیٹھے ہوئے ہیں جو اجارہ‌دار ہیں جن کو پٹہ پر زمینیں دی گئی ہیں اور ان لوگوں نے تردد کیا ہے کوششیں کی ہیں بیل خریدے ہیں تخم خریدے ہیں زمینوں کو کاشت کیا ہے تو آپ ہی بتلائیے کہ ان کو شہر بدر کر دیں؟ کیسے بے دخل کر دیں جن کے پاس نہ بیل ہے نہ تخم ہے ان کو کیسے زمینیں دے دیں ہم نے کہدیا ہے کہ اگلے موسم تک ہم اس انتظام

کی پوری پوری کوشش کریں گے - لیکن آپ کہتے ہیں کہ صرف کالونی میں رہنے والوں کو زمینیں دیں اور کسی بیرونی آدمی کو نہ دیں - اگر ہم بھکر - لیہ یا کسی اور جگہ کے مصیبت زدگان کو زمینیں دینا چاہتے ہیں تو حمزہ صاحب کہتے ہیں کہ نہیں ان کو نہ دو بلکہ کالونی کے اندر جو لوگ ہیں ان ہی کو دو - کیونکہ ان کے الفاظ یہ ہیں - سنئے سپیکر صاحب آپ بھی سنئے -

Khawaja Muhammad Safdar : Point of order Sir. At this stage no reference can be made to the details of this bill.

Minister for Revenue : I must have my say.

Khawaja Muhammad Safdar : This is the rule, Sir.

وزیر مال—میرے پاس قرآن شریف نہیں ہے نہیں تو میں بھی آپ کو واسطہ دیتا -

I must have my say. This is a very important subject. This is the subject, which you opened, and I give you full marks in this House. I am helping you in this matter.

میں سیالکوٹ - لاہور - واہگہ - برکی سیکٹر راجستھان اور کشمیر کے جتنے مہاجرین اور مصیبت زدگان ہیں ان کی ہمدردی میں کہہ رہا ہوں - اور آپ ان کی کوئی ہمدردی نہیں کر رہے ہیں- حمزہ صاحب کہتے ہیں - حاجی صاحب آپ کسی سے اس کا ترجمہ کرا لیجئے گا وہ کہتے ہیں -

"Provided that the land so granted shall not be less than an economic holding as defined in the West Pakistan Land Reforms, Regulation, (M.L.R. No. 64)"

یعنی ۵۰ - ایکڑ سے کم نہ دو یا جس کی توفیق ۵۰ - ایکڑ سے کم ہو اس کو نہ دو -

"...and while granting the land, preference shall be given to the tenants of colony, who did not own any land."

اور صرف کالونی کے رہنے والوں کو دو اور کسی مصیبت زدہ کو نہ دو ۔ اب آپ ہی بتائیے کہ ہم سیالکوٹ والوں راجستھان والوں لاہور اور دوسرے سیکٹروں کے لوگوں کو کس کالونی میں زمینیں دیں اور کہاں سے کالونیاں لائیں اگر آپ ہندوستان کو فتح کرلیں تو میں پورے ہندوستان کو کالونی بنا دوں گا لیکن اس وقت میرے پاس کالونیاں نہیں ہیں ۔ آپ صرف کالونی میں رہنے والوں کے لئے مخصوص کرانا چاہتے ہیں اور ایسے لوگوں کو جو وہاں کے رہنے والے نہیں ہیں اور بیرونی ہیں ان کو نہیں دینا چاہتے تو کیا آپ یہ غریب مزارعین کی ہمدردی میں بل لائے ہیں یا آپ غریب مزارعین اور غریب زمینداروں پر ظلم کر رہے ہیں ؟

جناب سپیکر ۔ چونکہ وقت ختم ہو گیا ہے اس لئے ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I will now put the question to the House.

مسٹر حمزہ ــ جناب سپیکر ۔ اگر مجھے دو منٹ دیدیں تو میں شکر گزار ہوں گا ۔

خواجہ محمد صفدر ــ جناب میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ اس ایوان کا وقت ایک گھنٹہ بڑھا دیا جائے ۔

آوازیں ــ نہیں ۔ نہیں ۔

مسٹر سنیئر ڈپٹی سپیکر ــ میرے خیال میں آپ نے ہاؤس کا sense تو معلوم کر لیا ہو گا ۔

وزیر مال ــ اگر ایسا ہوتا تو میں ختم نہ کرتا ۔

خواجہ محمد صفدر۔۔آپ یہ پوچھیں -

آوازیں۔۔نہیں - نہیں -

Mr. Senior Deputy Speaker : It is a sufficient indication of their un-willingness to extend the time.

میجر محمد اسلم جان۔۔جناب والا - یہ بہت important چیز ہے ہم لوگ کہتے ہیں کہ ہماری زبان اردو ہونا چاہئے - اگلا بل قومی زبان کے متعلق ہے لہذا وقت بڑھا دیا جائے -

Mr. Senior Deputy Speaker : Should I put it to the House ?

Khawaja Muhammad Safdar : Put it to the House, Sir.

Mr. Senior Deputy Speaker : The question is—

That the time be extended by one hour.

The motion was lost.

Mr. Hamza : I demand division Sir.

Minister for Law : There can be no division on a motion like this. The Speaker has to satisfy himself. Rules do not permit it. It is for the Speaker to decide.

Mr. Senior Deputy Speaker : I think the Noes have it

مسٹر حمزہ۔۔جناب سپیکر - میرا ایک point of personal explanation ہے اور وہ یہ ہے کہ یہ جو میرا بل ہے یہ economic holdings کے لئے ہے لیکن آپ substantive holdings کے لئے کیا کہتے ہیں ؟

Mr. Senior Deputy Speaker : I have to finish exactly at 1-30 p. m.

Minister for Law : Mr. Hamza, you stand defeated.

Minister for Revenue : What about your economic holding ?

پہلے آپ توبہ کریں معافی مانگیں -

مسٹر حمزہ—جو بڑے بڑے سرمایہ دار ہیں اور وہ لوگ جو قوم سے غداری کر رہے ہیں میں ان کا مخالف ہوں اور اسی وجہ سے یہ بل لایا گیا ہے۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Please take your seat Mr. Hamza.

PROROGATION OF THE ASSEMBLY

Mr Senior Deputy Speaker : I have received the following order of the Governor-

> **"In exercise of the powers vested in me under Article 73 (1) of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I, Malik Amir Muhammad Khan, Governor of West Pakistan, hereby prorogue the Provincial Assembly of West Pakistan with effect on and from the afternoon of Thursday, the 9th December, 1965."**

The Assembly then stood prorogued.

APPENDIX I

(Ref : Starred Question No. 931)

ANNEXURE

Particulars of the Ministerial Staff belonging to Quetta and Kalat Region.

1.	Ch. Muhammad Hussain Khan (BSU)	...	Superintendent.
2.	Mr. Tufail Ahmad (BSU)	...	Do.
3.	Mr. Feroze-ud-Din (B)	...	Do.
4.	Raja Dost Muhammad (B)	...	Do.
5.	Mr. Abdul Qadir (B)	...	Do.
6.	Mr. Nazir Ahmad (B)	...	Do.
7.	Mr. Abdul Latif (II) (B)	...	Do.
8.	Mr. Sadar Abdur Rauf (B)	...	Do.
1.	Mr. Faiz Muhammad (BSU)	...	Assistant.
2.	Mr. Abdur Rehman (BSU)	...	Do.
3.	Mr. Feroze-ud-Din (B)	...	Do.
4.	Mr. Muhammad Hussain Shah (B)	...	Do.
5.	Mr. Abdul Hamid Malik (B)	...	Do.
6.	Mr. Sharif-ul-Hassan (BSU)	...	Do.
7.	Mr. Abdul Jabbar (B)	...	Do.
8.	Mr. Azizullah (B)	...	Do.
9.	Mr. Saghir Ahmad (B)	...	Do.
10.	Mr. Ghulam Murtaza (B)	...	Do.
11.	Mr. Anis Ahmad Siddiqi	...	Do.
12.	Mr. Inayat Ullah (B)	...	Do.

13.	Mr. Ghulam Nabi (B)	...	Do.
14.	Mr. Muhammad Azam (B)	...	Do.
15.	Mr. Munawar Ahmad (B)	...	Do.
16.	Mr. Abdur Rehman (II) (BSU)	...	Do.
17.	Mr. Hameed Hussain (B)	...	Do.
18.	Mr. Ghulam Haider (BSU)	...	Do.
19.	Mr. Niaz Ali Shah (BSU)	...	Assistant.
20.	Mr. Masud Ahmad Mirza (B)	...	Do.
21.	Mr. S. E. Nathanial (B)	...	Do.
22.	Mr. Abdul Hamid Paul (B)	...	Do.
23.	Mr. Dilawar Hussain Shah (B)	...	Do.
24.	Mr. Shaukat Hussain Rizvi (BSU)	...	Do.
25.	Mr. Muhammad Jameel (BSU)	...	Do.
26.	Mr. Muhammad Siddiq (BSU)	...	Do.
27.	Mr. Ghulam Nabi (II) (BSU)	...	Do.
28.	Mr. Nasir Ahmad (B)	...	Do.
29.	Mr. Muhammad Shafi (BSU)	...	Do.
1.	Mr. Maqbul Ahmad Qazi (B)	...	Clerk.
2.	Mr. Saeed Beg (B)	...	Do.
3.	Mr. Muhammad Munir (BSU)	...	Do.
4.	Mr. Bashir Ahmad Raja (B)	...	Do.
5.	Nr. Muhammad Bakhsh (BSU)	...	Do.
6.	Mr. Rasul Bakhsh (BSU)	...	Do.
7.	Mr. Muhammad Bashir (B)	...	Do.
8.	Mr. Anwar Hussain (B)	...	Do.

9.	Mr. Mehraj-ud-Din (B)	...	Do.
10.	Mr. Zulfiqar Ahmad (BSU)	...	Do.
11.	Mr. Abdur Rashid (B)	...	Do.
12.	Mr. Iqbal Muhammad (B)	...	Do.
13.	Mr. Ghulam Qadir (B)	...	Do.
14.	Mr. Faqir Muhammad (B)	...	Do.
15.	Mr. Rauf-ur-Rahim (B)	...	Do.
16.	Mr. Khurshid Anwar (B)	...	Do.
17.	Ma. Fazal Elahi (B)	...	Do.
18.	Mr. Muhammad Ilyas (B)	...	Do.
19.	Mr. Muhammad Yusaf (BSU)	...	Do.
20.	Mr. Mian Muhammad	...	Do.
21.	Mr. Muhammad Islam	...	Do.
22.	Mr. Muhammad Yaqub	...	Do.
1.	Mr. Nawazish Ali Shah (B) P. 53	...	Stenographer.
2.	Mr. Abdur Rehman	...	Do.

APPENDIX II

(Ref : Starred Question No. 1097)

THE FOLLOWING DEVELOPMENT SCHEMES ARE INCLUDED IN THE GROSS A. D. P. 1965-66 FOR RAWALPINDI DISTRICT

Serial No.	Name of the scheme	Total cost	Budget allocation 1965-66
	RAWALPINDI DISTRICT		
	AGRICULTURE SECTOR		
1	Sugarcane Research Scheme, West Pakistan, Rawalpindi.	5·35	1·26
2	Establishment of a Vegetable Unit at Rawalpindi Agriculture Station.	5·56	0·26
3	Establishment of Arid Zone Research Substation at Rawalpindi.	0·87	0·23
4	Demonstration Project for rehabilitation in Bhurban area.	30·88	12·96
5	Improvement of Communication for fire protection and extension of forest produce in Murree Hills.	47·56	5·00
6	Rehabiliation of Land around Ghoragali on Bhurban pattern.	40·00	5·00
7	Rural Works Programme ...	36·15	36·15
	Total ...	166·37	60·86
	WATER AND POWER		
1	Rawal Dam ...	212·00	3·00
2	Construction of Dungi Dam ...	6·75	3·38
	Total ...	218·75	6·38

Serial No.	Name of scheme	Total cost	Budget allocation 1965-66
	TRANSPORT AND COMMUNICATION		
1	Provision of Backshop for Diesel Electric Locos at Rawalpindi Phase I.	121·40	9·35
2	Provision of Backshop for D. E. Locomotives at Rawalpindi Phase III.	100·00	1·00
3	Kanial Mandra Road (11.08 miles) ...	5·40	2·00
4	Construction of Gujar Khan Pir Pallai Road (16·5 miles).	11·80	4·50
5	Construction of Lower Topa—Gulehragali Ban Road (16 miles).	22·66	4·00
6	Construction of Ghirah—Karror Road (10·17 miles).	19·02	4·24
7	Rewat—Kallar Road (16 miles) ...	11·37	1·51
8	Construction of Taxila bypass Road (2·5 miles).	2·91	1·50
9	Reconstruction of Kohala Bridge ...	11·27	3·00
10	Construction of road from Bhagpur Dehri to Saidpur village in Rawalpindi Division (9 miles).	36·06	6.00
	TRANSPORT AND COMMUNICATION—*concld.*		
11	Deval Sharif Bridal Road improvements ...	11·27	3.00
12	Construction of road from Lehtrar to Kotli	25.00	6.00
13	Widening of Rawalpindi—Murree road from Leh Bridge to Committee Chowk.	3.33	2.00
14	Construction of metalled and tarred link road connecting Chuntra with Rawalpindi *via* Lodian.	3.75	1.20
	Total ...	385·24	49·30

Serial No.	Name of scheme	Total cost	Budget allocation 1965-66
	PHYSICAL PLANNING AND HOUSING		
1	Master Plan Rawalpindi ...	5·00	2·50
2	Construction of additional accommodation (Annexure) at West Pakistan House, Rawalpindi.	5·55	3·50
3	Rest House at Rawalpindi ...	4·85	0·54
4	Additional accommodation (VIP) annexure at West Pakistan House, Murree.	2·45	0 49
5	Construction of Residential accommodation for Government Servants at Rawalpindi (Gazetted and Non-Gazetted).	20 00	2 00
6	Minor Works (Government House, Murree)	0·50	0·50
7	Police Training School, Sihala ...	71·69	5·90
8	Construction of new police station and two police posts at Wah, District Rawalpindi.	5·22	0·48
9	Construction of a Police Station at Islamabad.	10·48	6.48
10	Construction of Liaquat Memorial at Rawalpindi.	15·00	5·50
11	Water Supply Scheme at Qazian ...	4·27	1·00
12	Water Supply Scheme at Phagwari, District Rawalpindi.	1·63	0·14
13	Water Supply Scheme at Daulatala ...	4·38	1·88
14	Community Water Supply Scheme at Maira Mattore Wala, Brahmen, Kahuta District Rawalpindi.	5·50	2·50
15	Water Supply Scheme at Sanio, District Rawalpind.	0·77	0·68

Serial No.	Name of scheme	Total cost	Budget allocation 1965-66
16	Kahuta Water Supply Scheme, Distric-Rawalpindi.	2·83	0·75
17	Rawalpindi Water Supply Scheme ...	138·80	40·00
	Total ...	294·83	74·94
	EDUCATION		
1	Establishment of 10 Primary Schools at Islamabad.	22·40	4 64
2	Construcrion of Higher Secondary School at Rawalpindi.	4·00	0·42
3	Establishment of Secondary Schools at Islamabad.	42·00	3·50
4	Construction of Polytechinc Institute, Rawalpindi.	74·05	5·66
5	Establishment of 2 Inter Colleges at Islambad.	24·00	12·40
6	Establishment of Technical Teachers, Training Wing at Rawalpindi Polytechnic.	8·59	1·13
7	Construction of Science Block and other building in Government College for boys at Rawalpindi.	2·58	1·58
8	Construction of Degree College for boys at Islamabad Phase II.	25·00	8·00
9	Supply of equipment to the Government College, Islamabad.	1·60	0·85
10	Construction of building Government College for Women, Rawalpindi.	20·60	8·00
11	Improvement of Lawrence College, Ghoragali	2·00	1·00
12	Establishment of 4 Secondary, Schools in Islamabad (one school).	32·00	4·50

Serial No.	Name of scheme	Total cost	Budget allocation 1965-66
13	Establishment of Centre for in service training of Primary and Middle Schools.	...	3 50
	Total ...	259·72	55·18
	HEALTH		
1	Construction of double storeyed Ward and Servant Quarters at the District Headquarters Hospital, Rawalpindi.	3·98	0·30
2	Field Training Rural Health Centre at Daulatala.	4·89	0·40
3	Up grading of existing Tehsil Headquarters Hospital, Murree.	10·00	3·00
4	Rural Health Centre. ...	...	0·50
5	Opening new Tehsil Headquarter Hospital at Kahuta—Purchase of equipment.	...	3·05
6	Improvement of Rural Health Centre ...	...	1·03
	Total ...	18·87	8·28
	SOCIAL WELFARE AND MANPOWER		
1	Continuation of Medical Social Work Project.	...	0·68
2	Continuation of Homes for Destitutes and under privileged Women.	...	0·62

Serial No.	Name of scheme	Total cost	Budget allocation 1965-66
3	Continuation of Urban Community Development Projects.	...	1·50
	Total ...	...	2·80
	Total District Schemes ...	...	257·74

In addition to the district basis scheme, the Rawalpindi District will also benefit from the following categories of schemes :—

			Allocation (in lacs)
1	Divisional Schemes	...	164·46
2	Regional Schemes	...	1024·99
3	Provincial Schemes	...	9929·25